انما ولیکم اللہ و رسولہ والذین امنوا

گلشنِ توحید و رسالت

امام العصر علامہ محمد اشرف سیالوی



جامعہ غوثیہ مہریہ منیر الاسلام سرگودھا

گلشنِ توحید و رسالت ﷺ

بجواب

جلد دوم

گلدستۂ توحید

— از —

امام المناظرین اشرف العلماء علامہ ابو الحسنات

محمد اشرف سیالوی زید مجدھم

باہتمام: عزت مآب الحاج ملک محمد عبد المجید صاحب

ناشر

جامعہ غوثیہ مہریہ منیر الاسلام

بنگلہ نمبر ۹ متصل جامع مسجد بلال کالج روڈ ◎ سرگودھا

Marfat.com

جملہ حقوق بحق مصنف محفوظ ہیں۔

نام کتاب۔۔۔۔۔۔۔گلشن توحید و رسالت (جلد دوم)

مصنف۔۔۔۔۔۔۔۔امام العصر علامہ محمد اشرف سیالوی

ناشر۔۔۔۔۔۔۔۔۔جامعہ غوثیہ مہریہ منیر الاسلام (سرگودھا)

تاریخ اشاعت۔۔۔۔۔ربیع الاول ۱۴۲۱ھ

قیمت۔۔۔۔۔۔۔۔۔175 روپے

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

ہم نے پچھلی جلد میں ضرورت کتاب کے تحت عرض کیا تھا کہ کچھ لوگوں نے عقائد اہلسنت کو غلط ثابت کرنے کیلئے لایعنی کوشش کی اور آئے دن اس موضوع پر کچھ نہ کچھ لکھا اور کہا جاتا رہا ہے۔اس بات کی ضرورت تھی کہ کوئی محقق شخصیت اس موضوع پر لکھے تا کہ اس کا حق ادا ہو۔جب بھی نگاہ اٹھتی تو امام العصر علامہ محمد اشرف سیالوی کو دامت برکاتہم العالیہ کا اسم گرامی سامنے آیا اور یہ بندہ ہی کی رائے نہیں بلکہ ہم یہاں ایک ایسی شخصیت کی رائے نقل کر رہے ہیں جو ہم سب کی مسلمہ ہیں اور وہ ہے مفسر قرآن حضرت ضیاء الامت پیر محمد کرم شاہ الازہری قدس سرہ العزیز' انہوں نے ہمارے ممدوح کی خدمت میں ایک اور در دبھرا خط تحریر فرمایا جو من وعن ہم قارئین کی نظر کر رہے ہیں۔

ذوالمجد الاثیل والفضل بالعزیز حضرت علامہ شیخ الحدیث صاحب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ!

آپ نے بڑا کرم فرمایا' بھیرہ میں قدم رنجہ فرما کر اپنے حکیمانہ مواعظ سے ہماری کشت ایمان کو سیراب کیا۔ مصروفیت کی وجہ سے میں خدمت میں حاضر نہ ہو سکا۔ورنہ بہت سی باتیں کرنا تھیں اور بہت سے مشورے کرنے تھے۔

آج ایک ضروری کام کے لئے یہ چند سطور رقم کر رہا ہوں۔

ہمارے اہل سنت کی محرومیوں کا دائرہ بڑا وسیع اور فہرست بڑی طویل ہے۔لیکن سب سے زیادہ تکلیف دہ امر یہ ہے کہ عوام اہل سنت بلکہ خواص اہل سنت کو بھی اپنے عقائد کا صحیح علم نہیں۔ہم میں سے اکثر کو یہ بھی خبر نہیں کہ کون سے ایسے عقائد ہیں' جن پر ایمان وکفر کا دارومدار ہے۔کون سے ایسے عقائد ہیں' جن کا شمار مندوبات یا مباحات میں ہوتا ہے' اس سے طرح طرح کی غلط فہمیاں پیدا ہوتی ہیں۔بڑے بڑے علماء جب تقریر کرتے ہیں' تو وہ بھی اس امتیاز کو ملحوظ خاطر نہیں رکھتے۔

ہماری ہمعصر پود نے بزرگوں کے ساتھ حسن عقیدت کی بناء پر جوں توں کر کے وقت گزار لیا' لیکن آنے والی نسل کا معاملہ بڑا مختلف ہے۔جب تک ہم بچوں' بچیوں کو اپنے عقائد کے بارے میں واضح طور پر اور مدلل طور پر نہیں بتائیں گے' اور اپنے صحیح نظریات کو ان کے لوح قلب پر نقش نہیں کریں گے' وہ الحاد و بے دینی کے سیلاب کا مقابلہ کرنا تو بڑی دور کی بات ہے' مختلف فرقوں کے اٹھائے ہوئے شکوک وشبہات کا شکار ہو کر رہ جائیں گے۔

میں نے اس بارے میں بہت سوچا ہے' لیکن سچ عرض کر رہا ہوں' آپ کی ذات کے بغیر کہیں دل

Marfat.com

مطمئن نہیں ہوتا کہ افراط و تفریط سے دامن بچاتے ہوئے اہل سنت کے معتقدات کو آسان اور دل نشین اسلوب اور مدلل طور پر بیان کر سکے، جس پر ہم اور ہماری آنے والی نسلیں یقین کے ساتھ قائم رہ سکیں۔

مجھے جناب کے معروفیات کا بخوبی علم ہے لیکن یہ موضوع بھی ہر کسی کے بس کی بات نہیں اگر جناب اپنی نادر صلاحیتوں اور اپنے قیمتی وقت کے کچھ لمحات کو اس کام کے لئے وقف کر دیں تو اہل سنت ایک بہت محرومی سے بچ جائیں گے۔ کم از کم اپنے عقیدے کے بارے میں تو وہ کسی شک و شبہ میں مبتلا نہ رہیں گے۔

دین کے قصر رفیع کی بنیاد اگر مضبوطی سے قائم ہوگئی تو عمارت بنانے والے کئی آ گے آ ئیں گے۔ امید ہے میری ان گزارشات کو توجہ کے لائق سمجھیں گے۔ اس کے بارے میں رائے منتظم اور مربوط لائحہ عمل مرتب کر کے اس پر عمل پیرا ہوں گے۔ اللہ تعالیٰ جناب کو صحت کاملہ عاجلہ اور عمر دراز عطا فرمائے اور آپ کے فیوضات و برکات سے ملک و ملت فیض یاب ہوتی رہے۔

والسلام!

مخلص خادم: محمد کرم شاہ

آپ کے بارے میں پیر صاحب قبلہ نے جو لکھا ہے یہی ہر اہل علم کے دل کی آواز ہے یہاں اس طرف بھی متوجہ ہونے کی ضرورت ہے کہ جب اللہ تعالیٰ نے ہمیں اس قدر اعلیٰ استعداد کی شخصیات عطا کی ہیں تو ہمارے فرائض کیا ہیں؟ کیا ہمارے صاحب ثروت لوگوں کا یہ فرض نہیں بنتا کہ ایسے لوگوں کو معاشی حوالے سے فارغ کر کے دین کی خدمت کے لئے وقف کر دیں تاکہ وہ پہلے سے بھی بڑھ کر اسلام کی خدمت کر سکیں۔

اللہ تعالیٰ ہمارے صاحب منصب اور صاحب ثروت لوگوں کو اس مسئلہ پر متوجہ ہونے کی توفیق عطا فرمائے۔

دعاؤں کا طالب

محمد خان قادری

خادم کاروان اسلام

۷ ربیع الاول ۱۴۲۱ھ بروز جمعرات

Marfat.com

فہرست

گلدستۂ توحید (باب یازدہم) :
کیا مشرکین غیر اللہ کو مستقل اور کُل مختار سمجھ کر پکارتے تھے؟ ۲۱
گلشن توحید و رسالت :
علماء دیوبند کی طرف سے سطحیت کا مظاہرہ یا فریب کاری کی ناپاک کوشش۔ ۲۲
مشرکین کی بیجا وکالت اور آیاتِ کلام مجید کا انکار۔ ۲۳
کیا اپنے طور پر کسی کو شفیع اور سفارشی بنا لینا درست ہے؟ ۲۶
علامہ سرفراز صاحب کا اعترافِ حقیقت اور اپنی تردید آپ کرنا۔ ۳۰
علماء اعلام کے نزدیک مشرکین کے اصنام کو شفیع ماننے کے وجوہات اور پس منظر کا بیان۔ ۳۱
مشرکین کا عقیدۂ شفاعت اور علامہ سرفراز کی غلط ترجمانی ۳۹
نبی کرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے شفیع ہونے کا عقیدہ برحق اور انبیاء و اولیاء کی شفاعت حقّہ۔ ۴۷
فائدۂ عظیمہ : مشرکین کا اعتقادِ شفاعت ہر حال میں شرک ہے نہ کہ غائبانہ اور فوق الاسباب امور میں۔
گلدستۂ توحید : ۵۶

Marfat.com

فائدہ دُعا اور پکارنا خود عبادت ہے۔ ۵۸
گلشنِ توحید ورسالت :
علامہ سرفراز صاحب کی اپنے باطل دعویٰ پر استدلال میں اپنی تردید۔
ازروئے کلام مجید و احادیثِ رسُول علیہ السلام غائبانہ ندار اور
فوق الاسباب پکار کی تخصیص کی لغویت۔ ۶۲
صفات واجب تعالیٰ اور صفاتِ ممکنات میں فرق۔ ۶۱
لفظ دُعا کے اطلاقات اور معانی مستعلہ کا بیان اور علامہ سرفراز
کی استدلال میں غلطی۔ ۶۴
کیا غیر اللہ سے کوئی چیز طلب کرنا جائز ہے؟ اور کس صُورت
میں جائز ہے؟ ۶۸
طلب وسوال میں فوق الاسباب اور تحت الاسباب امُور کا
فرق کرنے کی لغویت ۷۵
استقلال اور عدمِ استقلال ـ اللہ تعالیٰ اور غیر اللہ پر نظر۔ ۸۳
فائدہ : میت کے من دون اللہ تصرف کے عقیدہ کی حقیقت۔ ۸۵
نذر ونیاز کی اباحت وجواز والی صُورتوں کا بیان ۸۶
ایصالِ ثواب کو نذر سے تعبیر کرنے کا سبب ۹۲
گلدستۂ توحید :
مشرکینِ عرب کا تلبیہ میں شریکِ باری کو مملوک باری تعالیٰ ماننا۔ ۹۲
گلشنِ توحید ورسالت :

Marfat.com

شریک باری تعالیٰ ہونے اور مملوک ہونے میں کیا اجماع عقلاً جائز ہے؟ ۹۴
اگر کافروں کا نا اہل اشیاء میں عطائی کمالات ماننا کفر ہے تو اہلِ اسلام کا انبیاء و رسل میں عطائی کمالات ماننا کیونکر کفر ہو سکتا ہے؟
گلدستۂ توحید:
کفار و مشرکین کا عقیدہ تھا کہ بعض بندوں کو جزوی طور پر الوہیت کی خلعت پہنائی جاتی ہے۔ ۹۷
گلشنِ توحید و رسالت:
مقبولانِ بارگاہ کی خلافت و نیابتِ الٰہیہ اور حق اللہ اور حق رسول علیہ السلام کا تلازم۔ ۹۹
اہلِ اسلام اور مشرکین کے درمیان فرق کیا ہے؟ ۱۰۲
مدارِ توحید اور شرک کیا ہے؟ توحید کے مراتبِ اربعہ کا بیان حضرت شاہ ولی اللہ کی زبانی۔ ۱۰۶
حضرت شاہ ولی اللہ رحمہ اللہ کی عبارات کے فوائد و ثمرات۔ ۱۱۴
استقلال و عدمِ استقلال اور خلق و کسب کا فرق۔ ۱۱۵
اشاعرہ اور ماتریدیہ کا باہمی فرق اور ماتریدی نظریہ کی حقانیت۔ ۱۱۹
اشاعرہ کے مشہور قول کا رد اور شیخ اشعری رحمہ اللہ کا حقیقی نظریہ ۱۲۴

Marfat.com

علاّمہ سرفراز صاحب اور ان کے اکابرین کی اس مسئلہ میں
دھاندلی اور سینہ زوری ۔ ۱۲۵
گلدستۂ توحید (باب دوازدہم) :
کیا دُون کا معنیٰ نیچے ، ورے اور سامنے کے بھی
آتا ہے یا نہیں ؟ ۱۴۳
گلشنِ توحید و رسالت :
کیا واقعی مشرکین بندگانِ خداوند تعالیٰ کو سفارشی اور تقرب
الی اللہ کا وسیلہ سمجھتے تھے ؟ ۱۴۳
من دُون اللہ کا حقیقی مفہوم کیا ہے ؟ ۱۴۶
دُون کے معنیٰ کی تحقیق متداول کتب درسیہ وغیرہ سے ۔
علاّمہ سرفراز صاحب کی اُلٹی منطق اور بیجا ضد و عناد ۔ ۱۵۴
کیا رسل و انبیاء علیہم السلام اور اولیاء کرام من دُون اللہ کا
مصداق ہیں ؟ ۱۵۸
گلدستۂ توحید :
مشرکین اللہ تعالیٰ کے نیچے اور ورے دُوسروں کو ما فوق الاسباب
طور پر پکارا کرتے تھے ۔ ۱۶۳
گلشن توحید و رسالت :
کیا ایصالِ ثواب جائز ہے ؟ اور اولیاء کرام کی دُعائیں اس
سے حاصل ہو سکتی ہیں ؟ ۱۶۴

Marfat.com

کیا مقبولانِ بارگاہِ خداوند تعالیٰ کے حق میں اللہ تعالیٰ سے کوئی کام کرا دینے کا عقیدہ رکھنا بھی شرک ہے؟ ۱۷۱

خاتمہ — کیا دُور سے سُننا یا دُوسرے جہان سے سُننا محال اور ناممکن ہے؟ ۱۷۴

علماءِ دیوبند کی مضحکہ خیز چال اور دوہرا معیار۔ ۱۸۰

ندار و پکار اور استمداد و استعانت کا جواز و امکان اور اس کے دار و مدار کا بیان بادہ دلائل کے ساتھ۔ ۱۸۰

فائدہ جلیلہ: قولِ باری تعالیٰ:
یکون الرسول علیکم شھیدًا میں شہید سے مُراد مطلع اور نگہبان ہے۔
قولہ باری تعالیٰ:
کذٰلك جعلناكم امة وسطا (الآیۃ) سے ساری اُمّت مراد ہے۔ ۱۸۶

لہٰذا آپ ساری اُمّت کے لیے حاضر و ناظر ہیں۔
شہدار کرام اور اولیاء کرام کا اپنے دوستوں کی امداد کرنا اور ان کے دشمنوں کو برباد کرنا تواتر سے ثابت ہے۔ شاہ ولی اللہ صاحب اور قاضی ثناء اللہ صاحب کی تحقیق۔
علماءِ دیوبند کا دوہرا اسلام اور توحید و شرک کا دوہرا معیار۔ ۱۹۵
عابدین و زاہدین بعد از وفات ملاءِ اعلیٰ کے ساتھ شامل ہو کر

Marfat.com

مسلمانوں کی امداد و اعانت فرماتے ہیں:
(حضرت شاہ ولی اللہ۔ حضرت امام فخرالدین رازی۔ علامہ اسمٰعیل حقی اور علامہ سید محمود آلوسی کے ارشادات)۔
قطبِ دوران کے بقاءِ عالم کا دار و مدار ہونے کا حقیقی مفہوم از علامہ سید محمود آلوسی رحمہ اللہ۔ ۲۱۰
سورج کے روز مرہ غوثِ اعظم رضی اللہ عنہ سے اذن طلب کرنے کا مطلب اور دیوبندی توہم کا ازالہ ۔ (الف)
قیامِ قیامت تک ولایت اور غوثیت و قطبیت کی عطاء میں مولائے مرتضیٰ رضی اللہ عنہ کا واسطہ و وسیلہ ہونا (شاہ اسمٰعیل کی شہادت) (ب) ۲۱۸
تا قیامِ قیامت جملہ فیوضاتِ الٰہیہ میں رسولِ معظم صلی اللہ علیہ وسلم مولائے مرتضیٰ رضی اللہ عنہ اور غوثِ اعظم رضی اللہ عنہ واسطہ و وسیلہ ہیں۔ (ج)
(حضرت شاہ ولی اللہ کی شہادت) (گواہی)۔
دسویں دلیل: مقامِ محبوبیت پر فائز حضرات کا انوارِ الٰہیہ سے منور ہونے کی بدولت علم اور سمع و بصر وغیرہ میں امتیاز (الف) ۲۲۰
(امام رازی، علامہ سید محمود آلوسی، علامہ علی قاری، حضرت غوثِ اعظم، شاہ عبدالحق محدث دہلوی اور علامہ ابن القیم اور اور حضرت حاجی امداد اللہ مہاجر کی رحمہم اللہ تعالیٰ ——

Marfat.com

مولوی اسمٰعیل دہلوی اور سید احمد بریلوی کی شہادات)
حدیث قدسی کنت سمعہ الذی یسمع بہ کی تاویل اور اس کا
رد علامہ سرفراز کے اکابر کی زبانی۔ ۲۴۲
علامہ سرفراز دیوبندی کی تاویل کا عقلی و نقلی وجوہ سے بطلان۔
کیا حدیث قدسی کی توضیح میں لوہے اور آگ کی تمثیل فریق مخالف
کی طرف سے ہے؟
کیا حدیث قدسی کے بیان کردہ معنیٰ سے بندۂ محبوب میں
اللہ تعالیٰ کا حلول لازم آتا ہے؟ ۲۴۷
دُوسرے علماء تو در کنار صرف سرفراز ہی کفر کا فتوےٰ لگا
کر دکھائیں۔
فناء فی اللہ اور بقا باللہ کی تحقیق حضرت شاہ ولی اللہ اور حضرت
شاہ عبدالعزیز رحمہما اللہ تعالیٰ کی زبانی۔ (ب۔ج)
معجزاتِ انبیاء اور کراماتِ اولیاء کے اختیاری ہونے پر
حدیث قدسی اور اقوال اکابر کی شہادات۔ (الف) ۲۵۷
گیارہویں دلیل: معجزہ کی تعریف ہی اس کے اختیاری ہونے
کی دلیل ہے۔ ۲۵۸
حضرت موسیٰ علیہ السلام کا جادوگروں سے مقابلہ اور چیلنج سے
معجزہ کے اختیاری ہونے پر استدلال۔

Marfat.com

حضرت موسیٰ علیہ السلام کے پتھر پر عصا مار کر چشمے جاری کرنے
سیدِ عالم علیہ السلام کے انگلیوں سے چشمے جاری کرنے، اور
حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے روزانہ مریضوں اور اندھوں کو
شفایاب اور بینا کرنے سے استدلال۔ (ب)

عجیبہ : علماءِ دیوبند عوام کے حق میں معتزلہ اور انبیاء و اولیاء
کے حق میں جبریہ کے عقیدہ پر ہیں۔

امام غزالی رحمہ اللہ تعالیٰ کے نزدیک معجزات کا انبیاء علیہم السلام
کے کسب و اختیار میں ہونا۔ (ب)

شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی کے نزدیک ہندو جوگیوں کا خوارق
عادات میں مختار ہونا اور دوسروں کے لیے افاضہ پر قادر ہونا

حضرت شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی رحمہ اللہ کے نزدیک اولیاء
کاملین کی تاثیر اور افادہ و افاضہ کے اقسام۔

حضرت خواجہ باقی باللہ رحمہ اللہ تعالیٰ کی نانبائی کو توجہ اتحادی
سے اپنی مثل بنا دینا۔

علماءِ دیوبند کا انتشار غلط اور تمام معجزات و کرامات کو غیر اختیاری
قرار دینے کی جسارت۔

علامہ سرفراز صاحب کا چند جزئیات سے حکم کلی لگا دینا
وجوہِ استدلال میں سے کوئی وجہ بھی نہیں۔

Marfat.com

معجزہ وکرامت کا نبی وولی کے قصد وارادہ سے صادر ہونا دلالت النص کے طور پر ثابت ہے۔
یہ سراسر ابلیسی توحید ہے کہ شیاطین اور جوگی تو با اختیار ہوں، مگر انبیاء واولیاء بے اختیار ہوں۔ ۲۷۳
جمہور علماءِ اسلام کا مذہب مختار یہی ہے کہ معجزہ وکرامت قصد اور اختیار سے بھی صادر ہوتے ہیں۔
(امام رازی، علامہ تفتازانی، علامہ آمدی اور علامہ پرہاروی اور میر سید شریف اور دیگر اکابرینِ ملت کی شہادت علماءِ دیوبند انبیاء واولیاء کے اختیار اور قصد وارادہ کی نفی کرکے کس کی شان بڑھا رہے ہیں؟ ۲۸۰
حضرت شاہ ولی اللہ رحمہ اللہ کا فیصلہ کہ خوارق عادات اختیاری بھی ہوتے ہیں اور حدیث قدسی کی توضیح۔ ۲۸۳
بارہویں دلیل: نورِ فراست اور نورِ خداوند تعالیٰ سے منور حضرات کا علم وادراک میں امتیاز واختصاص۔ (الف۔ب۔ج۔د) ۳۰۲
(علامہ ابن قیم، علامہ شہاب خفاجی، علامہ علی قاری، امام ابن حجر عسقلانی، شیخ عبدالاول، شیخ محقق عبدالحق کی شہادات) ھ
ارواح کے لیے قرب اور بُعد یکساں ہوتے ہیں۔ شاہ عبدالعزیز، علامہ محمود آلوسی، علامہ ابن القیم، رشید احمد گنگوہی، اور حسین احمد مدنی کی شہادات۔ ۳۲۰

Marfat.com

ارواح کے دور دراز سے سُن سکنے اور معلوم کر سکنے پر دیگر زائد
اور لطیف مخلوق کے احوال سے دس استدلالات علماءِ دیوبند
کے نزدیک شیطان لعین کی وسعتِ علم۔ ۳۳۱
علماءِ دیوبندی کی غلطی کا ازالہ یعنی دلالۃ النص کو قیاس سمجھ لینا
سراسر غلط ہے۔ نیز جوہری فضیلت اور کثرت ثواب والی
فضیلت کو ایک سمجھنا بھی غلط ہے۔ ۳۳۳
علماءِ دیوبند کا اپنی تکفیر آپ کر ڈالنا۔ ۳۳۷
علماءِ دیوبند کے نزدیک ندائے یارسول اللہ کی جائز صورتیں،
اور اُمتیوں کو نبی الانبیاء پر فضیلت دینا۔ ۳۳۸
ہمارا نظریہ واضح ہوگیا کہ مقام محبوبیت پر فائز حضرات کیلئے
قرب وبُعد کا امتیاز ختم ہوجاتا ہے۔ ۳۴۲
مقامِ مصطفوی جب سب سے ارفع واعلیٰ تو آپ کے لیے
قُرب وبُعد کا فرق بطریقِ اولیٰ ختم ہو جائے گا۔ ۳۴۳
حُسین احمد مدنی صاحب کا اعلان کہ ہمارے نزدیک تمام
کمالاتِ خلائق میں نبیِ مکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم واسطہ فیض ہیں۔
جناب مدنی صاحب کی عبارات کے فوائد وثمرات۔ اور ہمارے
عقیدہ کی حقانیت کا بیان۔ ۳۴۶
علماءِ دیوبند کی تضاد بیانی اور دوہری چال۔
فیصلہ خود کریں کہ سچا کون ہے؟ ۳۴۸

Marfat.com

نجدی لوگ یا رسول اللہ کہنا کیوں ناجائز ٹھہراتے تھے؟ ۳۴۹
فائدہ: مطلق استعانت مدنی صاحب کے نزدیک بھی ممنوع نہیں ہے۔
گلدستہ توحید:
فریق مخالف قرآن مجید کی کوئی آیت بطور دلیل پیش نہیں کر سکتا۔ ۳۶۶
گلشن توحید و رسالت:
محل نزاع متعین کرنے میں سرفراز صاحب کی ہیرا پھیریاں۔ ۳۶۷
آٹھ عدد جعلی تقییدات اور من گھڑت تخصیصات کا رد بلیغ اور حقیقت حال کی توضیح۔
علامہ سرفراز کا بے بنیاد دعویٰ۔ قول باری تعالیٰ فالمدبرات امراً سے استدلال۔ اور گکھڑوی شبہات کا ازالہ۔ ۳۸۵
تحت الاسباب اور فوق الاسباب والے تفرقہ کا رد۔ ۳۸۷
حالت مخمصہ اور اضطرار میں مافوق الاسباب استعانت کا جواز اور اہل قبور سے استمداد۔ ۳۹۳
مخزن احمدی کی عبارت کے فوائد و ثمرات۔
دوسری آیت قولہ تعالیٰ:
وتعاونوا على البر والتقوى (الآیۃ) اور وجہ استدلال۔ ۳۹۸
تیسری آیت قولہ تعالیٰ:
فان الله هو مولاه وجبريل وصالح المؤمنين الآیۃ ۴۰۰

Marfat.com

چوتھی آیت قولہ تعالیٰ :
هوالذی ایدك بنصره وبالمومنین اور وجہِ استدلال۔ ۴۰۲
پانچویں آیت قولہ تعالیٰ :
یٰاَیُّهَا النبی حسبك اللّٰه ومن اتبعك من المومنین ۴۰۳
محبوبانِ خداوند تعالیٰ کی امداد و اعانت سے محرومی کن لوگوں کا مقدر ہے؟ ۴۰۴
انبیاء کرام اور اہلِ ایمان کا اللّٰہ تعالیٰ سے انصار اور معاونین مہیا کرنے کا مطالبہ۔ ۴۰۷
گلدستۂ توحید : ۴۱۲
فریقِ مخالف اور احادیث۔
گلشنِ توحید و رسالت : ”
علامہ سرفراز صاحب کی اصولی غلطیاں۔
ثبوتِ دُعا و ندا ، از روئے قرآن مجید۔ ۴۱۹
دُعا و ندا کا ثبوت از روئے احادیث۔ ۴۲۳
پہلی حدیث :
اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ اَيُّهَا النَّبِيُّ وَرَحْمَةُ اللهِ وَبَرَكَاتُهٗ ، ۴۲۳
اکابرینِ ملت کے اقوال اور خصوصیتِ نبویہ کی تصریح اور خطاب کی حکمت۔
ازالۂ توہم کہ صحابہ کرام علیہم الرضوان نے وصال شریف کے بعد صیغۂ خطاب کر بدل دیا تھا۔

Marfat.com

ازالۂ توہم کہ اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ اَیُّھَا النَّبِی میں خطاب بطور حکایت معراج ہے۔

دُوسری حدیث :

حضرت عمرو بن سالم خزاعی رضی اللہ عنہ کا نبی کریم علیہ الصلوٰۃ و السلام سے استغاثہ۔ ۴۴۶

ازالۂ توہم کہ عمرو بن سالم صرف حلیف تھا صحابی نہیں تھا۔

تیسری حدیث اور اثر :

حضرت عبداللہ بن عُمر رضی اللہ عنہما کا استغاثہ یا مُحمّداہ[1]۔

مولوی سرفراز صاحب کی جوابی کارروائی اور اس کا رد بلیغ۔ ۴۵۵

چوتھی حدیث و اثر :

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما کا استغاثہ یا مُحمّداہ[1]۔

علامہ سرفراز صاحب کی تاویلات اور ان کا رد بلیغ۔

پانچویں حدیث :

حضرت خالد بن ولید رضی اللہ عنہ اور مجاہدینِ حرب یمامہ کا استغاثہ یا مُحمّداہ[2] ۔ دیگر مجاہدین کا استغاثہ۔ ۴۷۴

چھٹی اور ساتویں حدیث اور آثار کا بیان : ۴۷۶

اعینونی یا عباد اللہ ۔ احبسوا یا عباد اللہ۔

علامہ سرفراز کی تاویلات اور ان کا شافی و وافی جواب اور تحقیق مقام ۴۸۳

[1] صلی اللہ علیک یا حبیب اللہ۔ [2] علیہ السلام

Marfat.com

آٹھویں حدیث واثر : ۴۸۷
ارشادِ فاروقی ، یا ساریۃ الجبل اور وجہ استدلال ۔
دیوبندی تاویل اور اس کا ردِ بلیغ ــــ نفیس ترین بحث ۔
ندار وپکار اور استعانت کا جواز از رُوئے اقوالِ فقہار ۔ ۵۲۰
یا سیدی احمد یا ابن علوان ان لم ترد علی ضالتی (ردالمحتار) ۵۲۳
علاّمہ سرفراز کی جوابی کوشش اور اس کا رد ۔ ۵۲۵
حضرت شاہ ولی اللہ محدّث دہلوی رحمہ اللہ کا بارگاہِ رسالت ﷺ میں استغاثہ ۔
حضرت شاہ ولی اللہ رحمہ اللہ کا حل المشکلات اور قضائے حاجات کے لیے یہ وظیفہ بتلانا : ؎ ۵۴۲
نَادِ عَلِیًّا مَظْهَرَ الْعَجَائِب
تَجِدْهُ عَوْنًا لَّكَ فِي النَّوَائِب
حضرت شاہ عبدالعزیز محدّث دہلوی رحمہ اللہ سے منقول حضرت شیخ زروق رحمہ اللہ کا ارشاد فناد یا زروق آت بسرعۃ
حضرت علاّمہ خیرالدین رملی اور حضرت علاّمہ شامی رحمہما اللہ کا قول "یا شیخ عبدالقادر جیلانی شیئاً للہ" جائز ہے ۔
علاّمہ سرفراز صاحب کا شاہ ولی اللہ کی طرف منسوب عبارت سے استدلال اور اس کا رد ۔

Marfat.com

علامہ سرفراز صاحب کا جھوٹی اور من گھڑت کتاب کا حوالہ دیکر اہل السنت کو دھوکہ دینا۔
قدیم ایام سے اہلِ طریقت اور صوفیاءِ کرام کے نزدیک، یا شیخ عبدالقادر جیلانیؒ وغیرہ کا معمول ہونا۔
علامہ سرفراز صاحب کا قاضی ثناء اللہ صاحب کی طرف منسوب عبارت سے استدلال اور اس کا رد بلیغ۔ ۵۵۵
کیا اللہ تعالیٰ اور رسولِ مقبول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو نکاح میں گواہ بنانا کفر ہے؟ ۵۶۰
تحقیقی جائزہ اور نفیس بحث۔
نداء و پکار اور استمداد و استغاثہ کا جواز از روئے اقوالِ مشائخ اور بزرگانِ دین۔ ۵۶۸
حضور سیدنا غوثِ اعظم رضی اللہ عنہ کے ارشادات متعلق بہ عموم علم و ادراک۔ ۵۷۰
حضور خواجہ خواجگان حضرت خواجہ معین الدین اجمیری رضی اللہ عنہ کے ارشادات۔ ۵۷۲
حضرت خواجہ محمد عثمان صاحب کا ارشاد۔ ۵۷۳
نداء و توسل کے متعلق سیدنا غوثِ اعظم رضی اللہ عنہ کا ارشاد۔ ۵۷۴
(از اخبار الاخیار)

Marfat.com

ندا، و توسل کے متعلق سیدنا غوث اعظم رضی اللہ عنہ کا ارشاد۔ ،،
(از نزہۃ الخواطر)
ارشادات حضرت شاہ کلیم اللہ چشتی جہان آبادی متعلق بیا
شیخ عبد القادر جیلانی رضی اللہ عنہ۔ ۵۷۷
ارشادات حضرت شاہ کلیم اللہ چشتی جہان آبادی:
اعینونی یا عباد اللہ المسلمین۔
علامہ سرفراز صاحب کا ۱؎ ۵۸۴
لی خمسۃ اطفی بہا حر الوباء الحاطمۃ
المصطفیٰ والمرتضیٰ وابناھما والفاطمۃ
پر اعتراض اور اس کا رد بلیغ۔
تتمہ مبحث و جواب آلغزل۔

۱؎ رضی اللہ عنہ۔

کتابت: خطاط العصر احمد علی بھٹہ تلمیذ جناب حافظ محمد یوسف سدیدی رحمہ اللہ - لاہور
۲۱ / ۱۴۰۳ھ

Marfat.com

بابِ یازدھم

گلدستۂ توحید

کیا مشرکین غیر اللہ کو مستقل اور کُلی مختار سمجھ کر پکارتے تھے؟

آپ کو یہ معلوم ہو چکا کہ مشرکین عرب غیر اللہ کو پکارتے تھے اوران سے نفع وضرر کی اُمیدیں وابستہ کرتے تھے تو ممکن ہے کسی کو یہ شبہ ہو کہ خدا تعالیٰ سے بالکل نظریں ہٹالیا کرتے تھے یا ان کو ہی مستقل بالذات سمجھ کر پکارتے تھے یا ہمیشہ غیر اللہ کو پکارا کرتے تھے اور کبھی بھولے سے بھی خدا تعالیٰ کو یاد نہ کرتے تھے لہٰذا وہ مشرک تھے۔

لیکن کلمہ پڑھنے والوں کے دل میں تو خدا تعالیٰ کی ذات ہی ہوتی ہے وہ کسی کو مستقل بالذات بااختیار نہیں سمجھتے اور وہ **اللہ** تعالیٰ کو بھی پکارتے ہیں تو اس کا جواب قرآن وحدیث سے سن لیجیے۔

۱- قال اللہ تعالیٰ :

وَيَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ مَا لَا يَضُرُّهُمْ وَلَا يَنْفَعُهُمْ وَيَقُوْلُوْنَ هٰٓؤُلَآءِ شُفَعَآؤُنَا عِنْدَ اللّٰهِ ؕ قُلْ اَتُنَبِّئُوْنَ اللّٰهَ بِمَا لَا يَعْلَمُ فِی السَّمٰوٰتِ وَلَا فِی الْاَرْضِ ؕ سُبْحٰنَهٗ وَتَعٰلٰى عَمَّا يُشْرِكُوْنَ ○ (سورہ یونس آیت ۱۸)

اور وہ عبادت کرتے ہیں **اللہ** تعالیٰ کے ورے اس چیز کی جو نہ نقصان

Marfat.com

پہنچا سکے اور نہ نفع پہنچا سکے اور کہتے ہیں کہ یہ ہمارے سفارشی ہیں اللہ تعالیٰ کے پاس تو کہہ کیا بتلاتے ہو اللہ تعالیٰ کو وہ چیز جو اس کو معلوم نہیں آسمانوں میں اور نہ زمین میں وہ پاک ہے اور برتر ہے اس سے جسکو وہ شریک ٹھہراتے ہیں

۲۔ قال تعالیٰ :

وَالَّذِيْنَ اتَّخَذُوْا مِنْ دُوْنِهٖٓ اَوْلِيَآءَ ۘ مَا نَعْبُدُهُمْ اِلَّا لِيُقَرِّبُوْنَآ اِلَى اللّٰهِ زُلْفٰى ؕ (سورہ زمر آیت ۳)

اور جنہوں نے پکڑے ہیں اس سے ورے حمایتی کہتے ہیں ہم تو انکو پکارتے ہیں اس واسطے کہ وہ ہم کو اللہ تعالیٰ کے قریب پہنچا دیں درجہ میں۔

ان آیات سے معلوم ہوا کہ مشرکین جو غیر اللہ کی عبادت کرتے تھے یا ان کو پکارتے تھے تو نہ ان کو مستقل سمجھتے تھے اور نہ خدا بلکہ ان کو خدا تعالیٰ کے تقرب کا ذریعہ سمجھتے تھے کہ یہ ہمارے کام اور ہماری حاجتیں خدا تعالیٰ کے پاس پیش کرتے ہیں اور ہماری سفارشیں کرتے ہیں لیکن اللہ تعالیٰ نے اس ما فوق الاسباب سفارش (غائبانہ) کو بھی شرک کہا ہے۔ پہلی آیت میں عَمَّا يُشْرِكُوْنَ میں اس کو صاف شرک سے تعبیر کیا ہے۔

گلشنِ توحید و رسالت

علامہ سرفراز صاحب کا سطحیت کا مظاہرہ یا فریب کاری کی ناپاک کوشش

علامہ سرفراز صاحب نے اس باب میں انبیاء و رسل علیہم السلام اور اولیاء و اصفیاء کو اللہ تعالیٰ کے ہاں اپنا شفیع اور سفارشی ماننے اور اس کے حضور

Marfat.com

تقرب اور حصول درجات کا ذریعہ ماننے کو شرک ثابت کرنے کی سعی فرمائی ہے لیکن اس میں بھی سطحی ذہنیت کا مظاہرہ کیا ہے یا پھر دیدہ و دانستہ فریب ہی سے کام لیا ہے کیونکہ مشرکین صُور و تماثیل اور بے جان مجسموں کی عبادت کرتے تھے خواہ نام ان کو جس قسم کا بھی دیتے تھے اور انہیں بے جان مُورتیوں کو اپنے آلہہ اور خُدا کہتے تھے اور انہیں کے خلاف حضرت ابراہیم علیہ السلام اور حضرت ہود علیہ السلام نے بلکہ حضرت نوح علیہ السلام نے ان کو فہمائش کی مگر وہ اسی ضد پر قائم رہے اور اپنے آباؤ اجداد کی تقلید کو ترک کرنا گوارا نہ کیا اور یہی صُورتِ حال اہلِ مکہ کی تھی اس لیے انہوں نے

اَجَعَلَ الْاٰلِهَةَ اِلٰهًا وَّاحِدًا ۚ اِنَّ هٰذَا لَشَیْءٌ عُجَابٌ ۝

(سورہ صٓ آیت ۵)

کہہ کر لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ ماننے سے انکار کیا۔

مشرکین کی بے جا وکالت

۱۔ علامہ صاحب فرماتے ہیں کہ مشرکین غیر اللہ کو خُدا نہیں مانتے تھے:
تو آخر آلہہ کا ترجمہ اور ہے کیا وُہ تو از اوّل تا آخر ان صُور و تماثیل اور اصنام واوثان کو آلہہ کہیں اور ان کا صدیوں نہیں ہزاروں سال سے اس پر اجماع واتفاق ہو مگر ان کے وکیل کہیں کہ وُہ ان کو خُدا نہیں مانتے تھے تو یہ وکیل موکلین کو جُھٹلا کر اپنے آپ کو منصبِ وکالت کے لیے نااہل ثابت کر چکا لٰہذا اسے وکالت کا کیا حق رہے گا!

Marfat.com

۲- نیز اللہ تعالیٰ کو جھٹلایا اور رسولِ معظم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور حضرت نوح اور حضرت ابراہیم اور حضرت ہود علیہم السلام کو بھی جھٹلایا کیونکہ یہ سبھی مقدس لوگ ان کو لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہ کی دعوت دیتے رہے اور اللہ تعالیٰ نے ان کو اس دعوت کے لیے مبعوث فرمایا تو گویا اللہ تعالیٰ نے بھی مشرکین کے نظریہ وعقیدہ کو نہ سمجھا اور نہ انبیاء علیہم السلام نے تو جو شخص اللہ تعالیٰ اور انبیاء علیہم السلام کو جھٹلائے وہ ان کا ترجمان بھی نہیں ہوسکتا تو ہم نہیں سمجھ سکے کہ علامہ صاحب کن لوگوں کی ترجمانی کر رہے ہیں۔

۳- کیا آلہہ کا ترجمہ خدا کرنا علامہ صاحب کی لغت میں غلط ہے تو پھر اللہ تعالیٰ کو خدا کہنا کیونکر صحیح ہوا کیونکہ غیر سے الٰہ ہونے کی نفی کی گئی اور اللہ تعالیٰ میں اس کا حصر کیا گیا اور صرف ایک الٰہ ثابت کیا گیا تو کیا یہ کہنا غلط ہوگا، کہ صرف ایک خدا ثابت کیا گیا؟

۴- نیز مشرکین عرب آپ کہیں گے کہ ہم ان اوثان واصنام کو اللہ تعالیٰ کے برابر سمجھتے تھے اور اللہ عالم الغیب ان کے اس اقرار و اعتراف کو بیان فرما رہا ہے:

تَاللّٰهِ اِنْ كُنَّا لَفِیْ ضَلٰلٍ مُّبِیْنٍۙ اِذْ نُسَوِّیْكُمْ بِرَبِّ الْعٰلَمِیْنَ○

(سورہ شعراء آیت ۹۷)

بخدا ہم کھلی گمراہی میں تھے جبکہ ہم تمہیں اللہ تعالیٰ کے برابر ٹھہراتے تھے

اور قول باری تعالیٰ:

هٰذَا لِلّٰهِ بِزَعْمِهِمْ وَ هٰذَا لِشُرَكَآئِنَا ج (سورہ انعام آیت ۱۳۶)

Marfat.com

میں عبادت مالی میں مساوات اور برابری تو خود علامہ صاحب بھی تسلیم کر چکے لیکن اس میں اللہ تعالیٰ نے ان کی طرف سے اپنے خداؤں اور شریکوں کی ترجیح بھی بیان فرمادی کہ جو ان کے خداؤں کا حصہ ہے وہ تو اللہ تعالیٰ کی طرف نہیں جاسکتا لیکن جو اللہ تعالیٰ کا حصہ ہے وہ ان کے شرکاء کی طرف جا سکتا ہے۔
کما قال تعالیٰ :

فَمَا كَانَ لِشُرَكَآئِهِمْ فَلَا يَصِلُ اِلَى اللّٰهِ ۚ وَمَا كَانَ لِلّٰهِ فَهُوَ يَصِلُ اِلٰى شُرَكَآئِهِمْ ؕ (سورہ انعام آیت ۱۳۶)

اگر وہ غیر اللہ کو صرف سفارش سمجھتے تھے اور اللہ تعالیٰ کی طرف صرف قربت اور نزدیکی کا ذریعہ تو پھر تسویہ اور برابری کیسے پائی گئی اور مالی عبادت میں یہ تقسیم کیوں پائی گئی ؟ بلکہ اس میں بھی ان معبودات کو ترجیح کیوں دی گئی ؟ پھر ان کو شرکاء سے تعبیر کرنے کا کیا مطلب ہوا ؟ حالانکہ اللہ تعالیٰ نے ان کا ہی قول نقل فرمایا ، ھٰذَا لِشُرَكَآئِنَا۔

۵۔ علاوہ ازیں اللہ تعالیٰ نے اہل اسلام کو ان کے معبودات کو سب وشتم سے منع فرمایا تاکہ وہ اللہ تعالیٰ کو سب وشتم نہ کرنے لگ جائیں۔

لَا تَسُبُّوا الَّذِيْنَ يَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ فَيَسُبُّوا اللّٰهَ عَدْوًا بِغَيْرِ عِلْمٍ ؕ (سورہ انعام آیت ۱۰۸)

تو کیا سفارشی لوگوں کی عزت وتکریم اتنی زیادہ ہوتی ہے اور قرب و وصل کے ذرائع اور اسباب کو مقصود اصلی سے زیادہ محبوب سمجھنا درست ہوتا ہے؟ بلکہ ذرائع اور وسائل سے چڑھ کر مقصود اصلی کو گالیاں دینا کونسا دانشمند گوارا

Marfat.com

کرسکتا ہے ؟

۶۔ نیز اگر ان کو اللہ تعالیٰ سے اتنا ہی لگاؤ تھا تو اللہ تعالیٰ کی عبادت سے نبیِ مکرم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم اور صحابہ کرام کو منع کیوں کرتے تھے۔

قال تعالیٰ:

أَرَءَيْتَ الَّذِي يَنْهَىٰ ۝ عَبْدًا إِذَا صَلَّىٰ ۝ (سورہ علق آیت ۹-۱۰)

اور دورانِ سجود آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم پر اونٹ کا شکنبہ کس لیے رکھوایا گیا تھا ؟

۷۔ نیز مشرک اگر مستقل مؤثر اور مدبر و متصرف صرف اللہ تعالیٰ کو ہی سمجھتے تھے تو انہوں نے کیوں کہا ؟

وَمَا يُهْلِكُنَا إِلَّا الدَّهْرُ ۚ (سورہ جاثیہ آیت ۲۴)

ہمیں صرف اور صرف گردشِ زمانہ اور اختلافِ لیل و نہار ہلاکت میں ڈالتا ہے ؟

کیا اپنے طور پر شفیع اور وسائل بنا لینا درست ہے؟

علامہ سرفراز صاحب نے ان کا شفعاءنا عند اللہ اور لیقربونا الی اللہ کا قول دیکھ لیا اور اہلِ اسلام اور اہلِ السنّت پر شرک کا فتوے لگانے کے لیے باہم برابری سمجھ لی اور ماضی و حال کے مشرک اور قدیم وجدید مشرک میں ذرہ بھر فرق نہیں کی رٹ لگانی شروع کر دی۔ مگر یہ نہ سوچا کہ اللہ تعالیٰ کے ہاں اپنے طور پر کسی کو سفارشی اور شفیع فرض کر لینا جائز

Marfat.com

اور صحیح نہیں ہے اور خود بخود ذرائع قربت اور وسائلِ وصل بنا لینا جائز نہیں ہے؟ نبی و رسُول علیہم السّلام ہدایت کا وسیلہ اور ذریعہ ہوتے ہیں تو کیا اپنے طور پر کسی کو نبی و رسُول مان لینا اور اسکی اطاعت شروع کر لینا جائز ہے؟ اگر کسی درخت اور دریا یا پتّھر کو قُربت کا ذریعہ سمجھ لیا جائے اور اس کو پُوجنا شروع کر دیا جائے تو کیا یہ صُورت جائز ہے؟ جب یہ جائز نہیں اور بالکل جائز نہیں اور بالخصوص ایسی چیزوں کے متعلق جن کا اللہ تعالیٰ سے کوئی دوستی و محبّت اور ولایت و تقرّب والا علاقہ وتعلق ہی نہ ہو تو اس پر نبی کریم علیہ السّلام کے غلاموں کا اور مسلّم اولیاء کرام کے محبوں کا قیاس کرنا سراسر ظلم اور زیادتی ہے۔

علّامہ علی قاری رحمہ اللہ تعالیٰ نے اہلِ شرک اور اہلِ اسلام کے درمیان اس تعظیم و تکریم اور توسل و تقرّب میں فرق بیان کرتے ہوئے فرمایا :

(مرقات ص ۳۲۵ ج ۵)

لا یظن بارباب العقول ولو کانوا کفاراً ان یعتقدوا ان الحجر ینفع ویضر بالذات وانما کانوا یعظمون الاحجار او یعبدونها معللین بان هٰؤلاء شفعاء نا عندالله ومقربونا الی الله زلفٰی فهم کانوا یمسحونها ویقبلونها تسببا للنفع وانما الفرق بیننا وبینهم انهم کانوا یفعلون الاشیاء من تلقاء انفسهم ما انزل الله بها من سلطان بخلاف المسلمین فانهم یصلون الی الکعبة

Marfat.com

بنا علیٰ ما امر اللّٰہ ویقبلون الحجر بناء علیٰ
متابعۃ رَسُول اللّٰہ والا فلا فرق فی حد الذات
ولا فی نظر العارف بالموجودات بین بیت وبیت
ولا بین حجر وحجر فسبحن من عظم ماشاء
من مخلوقاتہ من الافراد الانسانیۃ کرسُول اللّٰہ
والحیوانیۃ کناقۃ اللّٰہ والجمادیۃ کبیت اللّٰہ
والمکانیۃ کحرم اللّٰہ والزمانیۃ کلیۃ القدر و
ساعۃ الجمعۃ وخلق خواص الاشیاء فی
مکتوباتہ وجعل التفاوت والتمایز بین اجزاء ارضہ
وسماواتہ ۔

ارباب عقول اور اصحاب دانش اگرچہ کفار ہی کیوں نہ ہوں ان کے متعلق یہ ظن و گمان نہیں کیا جا سکتا کہ وہ یہ عقیدہ رکھیں کہ پتھر بذاتِ خود نفع اور نقصان دیتا ہے اور مشرکین ان احجار و اصنام کی تعظیم کرتے تھے اور ان کی عبادت کرتے تھے تو صرف اس علت کے پیش نظر کہ یہ اللّٰہ تعالیٰ کے ہاں ہمارے شفیع ہیں اور ہمیں اللّٰہ تعالیٰ کے قریب تر کرنے والے ہیں۔ پس وہ ان کو ہاتھ لگاتے تھے اور بوسے دیتے تھے تو نفع حاصل کرنے کے اسباب و ذرائع سمجھتے ہوئے۔

اور ہمارے اور ان کے درمیان صرف یہ فرق ہے کہ وہ لوگ ان اشیاء کو اپنی طرف سے کرتے تھے ان کے لیے اللّٰہ تعالیٰ نے کوئی دلیل و حجت

Marfat.com

نازل نہیں فرمائی بخلاف اہلِ اسلام کے (کہ وُہ اپنے طور پر کسی شئے کو معبود و مسجود بناتے ہیں اور نہ مستحقِ تعظیم و تکریم سمجھتے ہیں بلکہ) وُہ کعبہ کی طرف نماز میں مُنہ کرتے ہیں تو اللہ تعالیٰ کے امر و حکم کی بنا پر اور حجرِ اسود کو بوسہ دیتے ہیں تو متابعتِ رسُول صلّی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم کی بنار پر ورنہ فی حدِ ذاتہ بھی اور موجودات کے ساتھ صحیح عرفان رکھنے والے کی نظر میں بھی ایک مکان کا دُوسرے مکان کے ساتھ اور ایک پتھر کا دُوسرے پتھر کے ساتھ کوئی تفاوت اور تمایز نہیں ہے۔

پس پاک ہے وُہ ذات جس نے اپنی مخلوقات میں سے جس کو چاہا عزّت وعظمت عطا فرمادی، افرادِ انسانیہ میں سے جیسے رسُول اللہ صلّی اللہ علیہ وسلّم کو اور افرادِ حیوانیہ میں سے جیسے ناقۃ اللہ (صالح علیہ السّلام کی اُونٹنی) کو اور افرادِ جمادات میں سے جیسے بیت اللہ کو اور مکانات کے افراد میں سے جیسے حرم اللہ کو اور زمانہ کے افراد واجزاء میں جیسے لیلۃ القدر، ساعۃ جُمعہ اور اپنے مکتوبات میں خواص اشیار کو تخلیق فرمایا اور زمینوں اور آسمانوں کے اجزا میں باہم تفاوت اور امتیاز پیدا فرمایا۔

لہٰذا کفّار قریش اور مشرکینِ عرب اپنے طور پر اصنام و احجار کو قرب و وصل کا ذریعہ سمجھتے تھے اور اپنے طور پر ہی ان کو شفیع اعتقاد کرتے تھے اور پھر ان کی عبادت بھی کرتے تھے جبکہ اہل اسلام غیر اللہ کی عبادت کو نہ صرف حرام بلکہ شرک سمجھتے ہیں اور اپنے طور پر بھی کسی کو شفیع اور وسیلہ نہیں قرار دیتے جبتک اللہ تعالیٰ کی طرف سے اور رسُولِ مقبول صلّی اللہ علیہ وسلّم

Marfat.com

کی طرف سے کوئی سند اور وثیقہ اور دلیل وحجت موجود نہ ہو۔ اس لیے علامہ صاحب کا اہل السنّت کو اور مشرکین عرب کو ایک فتوے سے نوازنا اور دونوں کو ایک جیسا مشرک قرار دینا سراسر ظلم وستم اور تعدی وطغیان ہے اور آیات و احادیث کی بھی کھلی خلاف ورزی اور مخالفت ہے بلکہ حق یہ ہے کہ جنہیں اللّٰہ تعالیٰ نے منصبِ شفاعت عطا فرمایا ہے انہیں شفیع نہ ماننا کفر ہے اور جنہیں نہیں بنایا انہیں اپنے طور پر بلا دلیل محض شفیع فرض کر لینا حرام اور کفر اور پھر ان کی عبادت کرنا کفر بالائے کفر ہے۔

علامہ سرفراز صاحب کا اعتراف

اپنے حسینی المشرب پیر بھائیوں کی زبانی یہی دلیلیں ذکر کر کے علامہ صاحب نے جو جواب دیا ہے۔

اس سے علامہ صاحب نے اپنی تردید آپ کر دی ہے اور اپنے نظریات میں ناپختہ ہونے اور تضاد وتناقض کا شکار ہونے کا اظہار کر دیا ہے۔
(منکرین سماع) کہتے ہیں اس آیت کریمہ سے عند القبور استشفاع اور علی الخصوص آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے روضۂ اقدس پر حاضر ہو کر مغفرت کی سفارش کرنا ممنوع ثابت ہو رہا ہے کیونکہ یہی صورت اس منہی عنہ حکم میں داخل ہے

الجواب : اس آیتِ کریمہ کی تفسیر میں ایک تو یہ کہا گیا ہے کہ اس سے بُت (اصنام و اوثان) مُراد ہیں جیسے کہ تفسیر خازن جلد ثالث صفحہ نمبر ۱۸۰ معالم التنزیل جلد ثالث صفحہ ۲۸۰۔ تفسیر مظہری جلد ۵ صفحہ ۱۶ اور رُوح المعانی جلد ۱۱ صفحہ

Marfat.com

وغیرہ تفاسیر میں مذکور ہے۔ اس تفسیر پر تو قطعاً کوئی اعتراض اور اشکال وارد نہیں ہوتا۔ (سماع موتی ص۲۴۹)

مگر جب آپ کا دعویٰ ہی یہ ہے کہ اصنام واوثان صرف ان انبیاء و رسل اور ملائکہ علیہم السلام اور اولیاء کرام کے لیے قبلۂ توجّہ تھے حقیقی معبود و مسجود وہ تھے ہی نہیں اور کوئی باہوش انسان اینٹ پتھر وغیرہ کی پُوجا کر کیسے سکتا ہے؟ تو جب یہ پتّھر اور بے جان مجسّمے ان کے معبود ہی نہیں تھے تو وہ شفیع کیسے ہوگئے کیونکہ وہ تو شفاعت کے لیے ہی عبادت کرتے تھے تو جو معبود ہوں گے انہیں کو شفیع بھی سمجھیں گے اور وہی تقرّب الی اللہ اور وصول کا ذریعہ و وسیلہ بھی ہوں گے لہٰذا معبود اگر انبیاء و رسل اور ملائکہ و اولیاء تھے تو شفیع بھی وہی ہوئے اور ذریعۂ تقرب بھی وہی ہوئے تو یہ جواب لغو اور باطل اور یہ تفاسیر بھی لغو اور باطل اور اگر تفاسیر صحیح ہیں تو پھر ان اصنام و اوثان کو صرف قبلۂ توجہ قرار دینا لغو اور باطل بلکہ یہ تسلیم کرنا لازم اور ضروری ٹھہرا کہ یہی اصنام و اوثان اور صور و تماثیل ہی ان کے آلہہ اور معبودات تھے۔

نوٹ: ہم قرآن مجید کی قطعی آیات سے اصنام و اوثان کا معبود ہونا قبل ازیں ثابت کر چکے ہیں لہٰذا یہ تفسیر فی الواقع برحق ہے اور اس آیتِ کریمہ سے انبیاء کرام اور اولیاء کرام مُراد لینا قطعاً درست نہیں ہے۔

اصنام کو شفیع ماننے کے وجوہات اور پس منظر

علامہ سید محمود آلوسی فرماتے ہیں:

Marfat.com

والظاهر ان المراد ههنا الاصنام لان العرب انما
كانوا يعبدونها وكان اهل الطائف يعبدون
اللات و اهل مكة العزىٰ ومناة واساف و
نائلة و هبل ۔ (روح المعانی جلد ۱۱ صفحہ ۹۰)

اور یقینی بات یہ ہے کہ اس آیت کریمہ میں یعبدون من دون اللہ
الآیۃ سے مراد اصنام و اوثان ہیں کیونکہ عرب انہیں کی عبادت کرتے تھے
اور اہل الطائف "لات" کی عبادت کرتے تھے اور اہل مکہ عزیٰ، منات، اساف
و نائلہ اور ھبل کی عبادت کیا کرتے تھے۔

اخرج بن ابی حاتم عن عکرمة قال لکان النضر
بن الحارث یقول اذا کان یوم القیٰمه شفعت
لی اللات والعزیٰ وفیه نزلت الاٰیة والظاهر ان
سائر المشرکین کانوا یقولون هذا القول۔

(روح المعانی صفحہ ۹۰ ج ۱۱ وکذا فی الدر منثور)

ابن ابی حاتم نے حضرت عکرمہ رضی اللہ عنہ سے نقل کیا ہے کہ نضر بن الحارث
کہتا تھا کہ جب قیامت کا دن ہوگا تو لات وعزیٰ میری شفاعت کریں گے
اور اسی کے حق میں یہ آیت کریمہ نازل ہوئی اور جزمی اور حتمی امر یہ ہے کہ
تمام کافر یہی قول کرتے تھے اور اسی عقیدہ کا اظہار کرتے تھے۔

نسبة الشفاعة الی الاصنام قیل باعتبار السببیة
وذلك لانهم کما هوالمشهور وضعوها علی صور

Marfat.com

رجال صٰلحین ذوی خطر عندھم و زعموا انھم متی اشتغلوا بعبادتھا فان اولٰئك الرجال یشفعون لھم و قیل انھم کانوا یعتقدون ان المتولی لکل اقلیم رُوح معین من ارواح الافلاك فعینوا لذٰلك الروح صنما من الاصنام واشتغلوا بعبادتھا قصداً الی عبادة الکواکب وقیل غیر ذٰلك والحق ان من الاصنام ما وضع علی الوجه الاول و منھا ما وضع لکونھا کالھیاکل للروحانیات رمٰی

بتوں کی طرف شفاعت کی نسبت کی وجہ بیان کرتے ہوئے فرمایا:

کہ یہ بسبیت کی بنا پر ہے کیونکہ مشہور امر یہی ہے کہ انہوں نے اصنام و اوثان کو نیک اور اہلِ مرتبت لوگوں کی صورت پر بنایا تھا اور یہ باطل گمان کیا کہ جب ہم ان اصنام کی عبادت کریں گے اور اس میں مشغول رہیں گے تو وہ لوگ ہمارے لیے شفاعت کریں گے اور کہا گیا ہے کہ ان کا عقیدہ یہ تھا کہ ہر اقلیم کی تدبیر ارواح فلکیہ میں سے ایک معین رُوح کے ساتھ متعلق ہے لہٰذا انہوں نے ہر رُوح کے لیے صنم اور مخصوص ہیکل متعین کیا اور اس کی عبادت میں مصروف و مشغول ہوگئے ان ارواح اور کواکب کی عبادت کے قصد و ارادہ پر اور اس کے علاوہ بھی قول کیے گئے ہیں اور حق یہ ہے کہ بعض اصنام صالحین و متقین کے صور و اشکال پر تھے اور بعض کواکب اور رُوحانیات کے ہیاکل اور مظاہر کے طور پر بنائے گئے تھے۔

Marfat.com

الغرض چونکہ ان اصنام کی عبادت کو وہ رجال صالحین اور کواکب و
رُوحانیات کی شفاعت کا سبب سمجھتے تھے تو اس سببیت کے لحاظ سے ان
اصنام و اوثان کو شفعا کہہ دیا گیا ہے لیکن حضرت ابراہیم علیہ السلام کا مشرکین
کے ساتھ مناظرہ و مکالمہ اور بُتوں کے ساتھ مکالمہ :

اَلَا تَاْكُلُوْنَ ۝ مَا لَكُمْ لَا تَنْطِقُوْنَ ۝

(سورہ صٰفٰت آیت ۹۱ - ۹۲)

اور مشرکین کا قول :

مَنْ فَعَلَ هٰذَا بِاٰلِهَتِنَآ (سورہ انبیاء آیت ۵۹) اور قول باری تعالیٰ

اِنَّكُمْ وَمَا تَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ حَصَبُ جَهَنَّمَ ط

(سورہ انبیاء آیت ۹۸)

اور پھر رجال صالحین کی بجائے ان اصنام و اوثان کا جہنم میں پھینکا جانا
اس امر کی بیّن برہان اور واضح دلیل ہے کہ بالآخر ان کی نظر و فکر اور ایمان و
عقیدہ اسی میں منحصر ہوگیا کہ یہی اصنام و اوثان ہی شفیع ہیں اور یہی معاون و
مددگار ہیں لہٰذا صرف سببیت کے لحاظ سے یہ نسبت نہیں بلکہ حقیقت کے لحاظ
سے ہے اسی لیے حضرت شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی رحمہ اللہ فرماتے ہیں :

نام نام اولیاء بود و حقیقت حقیقت شیطان۔

حافظ عماد الدین ابن کثیر رحمہ اللہ فرماتے ہیں :

قال بن عباس رضی اللہ عنہ کان بین اٰدم و نوح عشرۃ
قرون کلهم علی الاسلام ثم وقع الاختلاف بین

Marfat.com

الناس وعبدت الاصنام والانداد والاوثان فبعث
الله الرسل بآیاتہ وبینتہ وبحجہ البالغۃ وبراھینہ الدافعہ

(تفسیر ابن کثیر ص۲۳ ج ۲)

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضرت آدم اور حضرت نوح علیہما السلام کے درمیان دس قرون تھے جو سبھی اسلام پر تھے پھر ان میں اختلاف پیدا ہو گیا اور اصنام و انداد اور اوثان کی عبادت شروع کر لی گئی تب **اللہ** تعالیٰ نے رسل کرام علیہم السلام کو آیات اور معجزات کے ساتھ اور کامل دلائل اور فیصلہ کن براہین کے ساتھ مبعوث فرمایا۔

اقول: جب معبود یہی اصنام اور اوثان ہیں تو شفیع بھی وہی ٹھہرے اور ذریعۂ تقرب بھی وہی تو ان کا اس امر میں رد کرتے ہوئے فرمایا:

ینکر تعالیٰ علی المشرکین الذین عبدوا مع اللہ غیرہ
ظانین ان تلک الالھۃ تنفعھم شفاعتھا عند اللہ
فاخبر تعالیٰ انھا لا تضر ولا تنفع ولا تملک شیئاً

(سورہ آیت)

یعنی **اللہ** تعالیٰ انکار فرماتا ہے ان مشرکین پر جنہوں نے **اللہ** تعالیٰ کے ساتھ دوسروں کی عبادت کی یہ گمان کرتے ہوئے کہ وہ آلہہ ان کی شفاعت کر کے نفع پہنچائیں گے **اللہ** تعالیٰ کے ہاں تو **اللہ** تعالیٰ نے خبر دی کہ وہ نہ ضرر دیں گے اور نہ ہی نفع اور نہ وہ کسی چیز کے مالک ہیں۔

امام ابن جریر فرماتے ہیں:

Marfat.com

بقول تعالیٰ :

ذکرہ ویعبد ھٰؤُلاء المشرکون الذین وصفت لك یا محمّد صفتھم من دون اللہ الذی لا یضرھم شیئًا ولا ینفعھم فی الدنیا ولا فی الاٰخرۃ وذٰلك ھی الاٰلھۃ والاصنام التی کانوا یعبدونھا ویقولون ھٰؤُلاء شفعاءنا عند اللہ یعنی انھم کانوا یعبدونھا رجاء شفاعتھا عند اللہ ۔ (ﷺ ع")

اللہ تبارک وتعالیٰ فرماتا ہے کہ اے محمّد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم یہ مشرکین جن کی حالت وکیفیت میں نے تمہارے سامنے بیان کردی ہے یہ اللہ تعالےٰ کے علاوہ ایسی چیزوں کی عبادت کرتے ہیں جو انہیں ذرہ بھر نقصان نہیں پہنچا سکتیں اور نہ دُنیا وآخرت میں کسی قسم کا نفع ان کو دے سکتی ہیں اور وُہ ہیں آلہہ واصنام جن کی پُوجا کیا کرتے تھے اور کہتے تھے کہ یہ اللہ تعالیٰ کے ہاں ہمارے شفیع ہیں یعنی وُہ ان کی عبادت ان کی شفاعت کی اُمید پر کیا کرتے تھے۔

علامہ نظام الدین نیشاپوری فرماتے ہیں :

یعبدون من دون اللہ ما لا یضرھم ان لم یعبدوہ ولا ینفعھم ان عبدوہ ومن حق المعبود ان یکون مثیبا معاقبًا وفیہ اشعار بانھا جماد والمعبود لا بد ان یکون اکمل من العابد واذا کان المضار والمنافع کلھا من اللہ فلا تلیق العبادۃ الا لہ ویقولون

Marfat.com

هٰؤُلاء شفعاءنا عند الله (الی) ثم بین ان عبادة الاصنام بدعة وان الناس یعنی العرب او البشر کلهم کانوا علی الدین الحق فاختلفوا (الیٰ) و المقصود ههنا تقبیح صورة الشرك و عبادة الاصنام من دون الله فی اعینهم و تنفیر طباعهم عن مثل هٰذا الامر المستحدث الفظیع۔

یعنی وُہ اللہ تعالیٰ کے علاوہ ایسی چیزوں کی عبادت کرتے ہیں کہ اگر عبادت نہ کریں تو ان کو ضرر نہیں دے سکتیں اور نہ نفع دے سکتی ہیں اگر عبادت کریں تو جبکہ معبُود کا حق یہ ہے کہ وُہ ثواب عطا کرنے والا اور عتاب فرمانے والا ہو اور اسمیں اس امر پر دلالت ہے کہ وُہ معبُودات جماد اور بے جان مجسّمے ہیں جبکہ معبُود کے لیے ضروری ہے کہ وُہ اپنے عبادت گزاروں سے کامل تر ہو اور جب نقصانات اور منافع سبھی صرف اللہ تعالیٰ کے ہاتھ میں ہیں تو عبادت بھی فقط اسی کے لیے زیبا ہے اور وُہ کہتے ہیں کہ یہ (جمادات اور اصنام) اللہ تعالیٰ کے ہاں ہمارے شفیع ہیں (تا) پھر اللہ تعالیٰ نے بیان فرمایا، کہ بُت پرستی بدعت ہے اور پہلے لوگ یعنی عرب فقط یا تمام بنی نوع انسان صرف دینِ حق پر تھے پس باہم مختلف ہوگئے (تا) اور یہاں پر مقصود شرک اور عبادت اصنام کی بُرائی اور قباحت بیان کرنا ہے ان کی نظروں میں اور ان کی طبیعتوں کو نفرت دلانا مقصود ہے اس نئے حادث و بدعت اور رُسوا کن امر سے

(صفحہ ۹۶ جلد ۱۱)

Marfat.com

قاضی ثناء اللہ صاحب پانی پتی تفسیر مظہری میں فرماتے ہیں :

یعنی الاصنام فانها جمادات لا تقدر علیٰ نفع ولا ضرر والمعبود ینبغی ان یکون مثیبا ومعاقبا حتّٰی یعود عبادته بجلب نفع او دفع ضرر و یقولون هٰؤلاء الاصنام شفعاءنا عند الله یشفع لنا فیما یهمنا من امور الدنیا وفی الاٰخرہ ان یکن بعث ۔ (ص ۵۳)

قولِ باری تعالیٰ یعبدون من دون اللہ سے مراد اصنام ہیں کیونکہ وُہ جمادات ہیں نفع رسانی یا ضرر رسانی پر قادر نہیں ہیں حالانکہ معبُود کے لیے زیبا اور شایانِ شان یہ ہے کہ ثواب دینے والا اور عتاب کرنے والا ہوتا کہ اس کی عبادت کا ثمر نفع کا حصُول یا ضرر کی دُوری بن جائے اور وُہ کہتے ہیں کہ یہ بُت ہمارے شفیع ہیں اللہ تعالیٰ کے ہاں ہمارے اہم دنیوی امور میں ہماری شفاعت کریں گے اور آخرت میں بھی اگر قیامت قائم ہُوئی تو ۔

الغرض مفسّرین کرام اور علماء اعلام نے اس آیتِ کریمہ کا مصداق اصنام و اوثان کو بنایا ہے اور وُہ مصروف بھی انہیں کی پُوجا میں تھے اگرچہ انبیاء و اولیاء کا نام ان پر اطلاق کر رکھا تھا یا کواکب و رُوحانیات کیلئے ان کو ہیاکل اور مظاہر قرار دے رکھا تھا اور بقول علامہ سرفراز صاحب کے اس تفسیر پر کوئی اشکال و اعتراض بھی لازم نہیں آتا تو پھر اس سے عدول کی ضرورت کیا ہے ۔ اگر ہماری مخالفت مقصُود ہُوئی تو اس مضمون کی آیات کا مصداق فقط انبیاء و اولیاء اور ملائکہ کو بنالیا اور کہہ دیا کہ کوئی باہوش ان کفار و مشرکین

Marfat.com

کے متعلق یہ باور ہی نہیں کر سکتا کہ وُہ پتھر وغیرہ کو پُوجیں اور جب سماعِ موتیٰ کے منکرین سے بحث و نزاع ہو تو کہہ دیا اس کا مصداق اصنام و اوثان ہیں۔ آخر اس دوعملی اور دوغلی پالیسی کا فائدہ کیا؟ اور اپنے آپکو نشانۂ تضحیک واستہزاء بنانے کی ضرورت ہی کیا ہے۔

مشرکین کا عقیدۂ شفاعت

علامہ صاحب نے مشرکین کے بارے میں یہ تاثر دیا کہ وُہ بھی اپنے معبُودات کو نہ مستقل سمجھتے تھے اور نہ ہی ان کو خُدا سمجھتے تھے بلکہ ان کو خُدا تعالیٰ کے تقرب کا ذریعہ اور وسیلہ سمجھتے تھے کہ یہ ہمارے کام اور ہماری حاجتیں خُدا تعالیٰ کے پاس پیش کرتے ہیں اور ہماری سفارشیں کرتے ہیں لیکن اللہ تعالےٰ نے اس مافوق الاسباب سفارش (غائبانہ) کو بھی شرک کہا۔ لیکن علامہ صاحب نے یہاں بھی دھوکہ دہی سے کام لیا ہے۔

ا۔ کیونکہ اللہ تعالیٰ کے بارے میں کُفار کا نظریہ ہی یہ تھا کہ وُہ اکیلا اِتنی بڑی کائنات کا نظام نہیں چلا سکتا تو پھر اس کے ساتھ معاون و مددگار اور ہاتھ بٹانے والوں کا اعتبار کرنا لازم اور ضروری ٹھہرا اسی لیے انہوں نے لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہ کا انکار کر دیا تھا اور کہا:

اَجَعَلَ الْاٰلِهَةَ اِلٰهًا وَّاحِدًا ۚ اِنَّ هٰذَا لَشَیْءٌ عُجَابٌ ۝

(سُورہ ص آیت ۵)

شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی فرماتے ہیں:

Marfat.com

ابن جریر و ابن المنذر و ابن ابی حاتم و ابُو الشیخ روایت کردہ اند کہ چوں آیتِ کریمہ والٰھکم الٰہ واحد در مدینہ نازل شد کافرانِ مکہ ایں راشنیدہ خیلے تعجب کردند گفتند :

کیف یسع النّاس الٰہ واحد وان محمّدًا یقول الٰھکم الٰہ واحد فلیاتنا بآیۃ ان کان من الصّٰدقین

(مشکوٰۃ ع ۱)

ابن جریر، ابن المنذر، ابن ابی حاتم اور ابُو الشیخ نے روایت کیا ہے کہ آیتِ کریمہ الٰھکم الٰہ واحد مدینہ منورہ میں نازل ہوئی تو کفارِ مکہ نے سُن کر بہت تعجّب کیا اور کہا تمام لوگوں کو ایک الٰہ کیونکر کفایت کرسکتا ہے اور محمّد (صلی اللّٰہ علیہ وآلہٖ وسلّم) کہتے ہیں کہ تمہارا الٰہ صرف ایک ہے تو ہمارے سامنے اس پر کوئی دلیل پیش کریں۔

الغرض جب کفارِ مکہ نے اپنے معبُودات کو اللّٰہ تعالیٰ کے معاون و مددگار سمجھ رکھا تھا اور اللّٰہ تعالیٰ کو ان کا محتاج سمجھا ہُوا تھا تو اندریں صُورت یہ شفاعت بطورِ دُعا اور سفارش کیونکر متصوّر ہوسکتی ہے تو لامحالہ یہ شفاعت بالجبر اور شفاعت بالقہر ہوگی جس کو کوئی اہلِ اسلام بالعموم اور اہل السنّت بالخصوص تسلیم نہ کرتے ہیں اور نہ کرسکتے ہیں تو اس آیتِ کریمہ کو ہمارے خلاف پیش کرنے کا قطعاً کوئی جواز نہ رہا۔

۲- علاوہ ازیں اللّٰہ تعالیٰ نے مشرکین کے اس دعوے کا رد فرمایا ہے تو اس میں شفاعت بالاذن کا ذکر تو فرمایا ہے قریب اور بعید، غائبانہ اور

Marfat.com

شاہانہ کا تفرقہ نہیں فرمایا، قال تعالیٰ:

۱- مَنْ ذَا الَّذِیْ یَشْفَعُ عِنْدَہٗٓ اِلَّا بِاِذْنِہٖ ط

(سورہ بقرہ آیت ۲۵۵)

کون ہے جو اس کے ہاں شفاعت کرے مگر اس کی اجازت سے۔

قال تعالیٰ:

۲- مَا مِنْ شَفِیْعٍ اِلَّا مِنْۢ بَعْدِ اِذْنِہٖ ط (سورہ یونس آیت ۳)

۳- یَوْمَئِذٍ لَّا تَنْفَعُ الشَّفَاعَۃُ اِلَّا مَنْ اَذِنَ لَہُ الرَّحْمٰنُ

(سورہ طٰہٰ آیت ۱۰۹)

وغیر ذٰلک من الآیات۔

اس سے صاف ظاہر ہے کہ اللہ تعالیٰ نے انبیاء و رسل علیہم السّلام کی شفاعت بالدعاء والالتجاء کی نفی نہیں فرمائی بلکہ جبر و قہر اور دھونس دھاندلی والی شفاعت کی نفی فرمائی اور اپنی شان جبر و قہر اور جلال و کمال بیان کرتے ہوئے فرمایا:

۴- یَوْمَ یَقُوْمُ الرُّوْحُ وَالْمَلٰٓئِکَۃُ صَفًّا ۙ لَّا یَتَکَلَّمُوْنَ اِلَّا مَنْ اَذِنَ لَہُ الرَّحْمٰنُ وَقَالَ صَوَابًا ۝ (سورہ نبا آیت ۳۸)

یعنی اس دن رُوح الامین اور تمام ملائکہ صف بستہ کھڑے ہوں گے کلام ہی نہ کر سکیں گے مگر جس کو رحمٰن اجازت دے گا اور اس کی بات کو پسند کریگا۔

لہٰذا ان آیاتِ کریمہ سے صاف ظاہر ہے کہ صرف شفاعت بالاذن پائی جائے گی دُوسری کوئی شفاعت نہیں پائی جائے گی تو دُوسری شفاعت وہی جبری

Marfat.com

اور قہری ہے کہ وُہ معبُوداتِ باطلہ تعاون اور امداد ترک کرنے کی دھمکی دے کر اپنی من مانی کارروائی کرالیں اور اللہ تعالیٰ ان کے سامنے مجبور ہو کر انکی بات مان لے جس کی نفی ولا ھم ینصرون فرما کر بھی کی ہے کہ ان کا کوئی ناصر و مددگار نہیں ہوگا۔

۳۔ کُفار و مشرکین قیامِ قیامت کے قائل ہی نہیں تھے بلکہ ان کا دعویٰ ہی یہی تھا

اِنْ هِيَ اِلَّا حَيَاتُنَا الدُّنْيَا نَمُوْتُ وَنَحْيَا (سورہ المؤمنون آیت ۳۷)

بس یہ دنیوی زندگی ہے اور اسی میں زندہ رہیں گے پھر مریں گے۔

وُہ قیامت کے قیام اور حشر و نشر کے انکار پر مُصر تھے اور :

مَنْ يُّحْيِ الْعِظَامَ وَهِيَ رَمِيْمٌ ○ (سورہ یٰس آیت ۷۸)

کی رٹ لگاتے رکھتے تھے کہ کون ان گلی سڑی ہڈیوں کو زندہ کرے گا تو اندریں صورت روزِ قیامت کی شفاعت تو صرف بطورِ احتمال مُراد ہوگی یعنی بالفرض اگر قیامت قائم ہوئی جیسے تمہارا دعویٰ ہے تو ہمارے یہ معبود وہاں بھی ہماری سفارش کریں گے لیکن دراصل شفاعت دنیوی امور کی مُراد تھی اور اس میں انکا اللہ تعالیٰ کو مجبور و مضطر ماننا پہلے بیان کیا جاچکا ہے تو یہاں پر شفاعت اسی معنیٰ میں ہوگی جس کے تحت انہوں نے ان کی عبادت شروع کی تھی۔ یعنی قبل ازیں ذکر کیا جاچکا ہے کہ عمر بن لحی جب شام کی طرف گیا اور انہیں بُت پُوجتے دیکھ تو دریافت کیا یہ کیسی مُورتیاں ہیں اور ان کی پُوجا پاٹ کس لیے کرتے ہو انہوں نے مختلف کام ان کے گنوائے تو اس نے ایک بُت (ہبل) ان سے مستعار لیا اور یہاں آکر اس کی پُوجا شروع کرائی اور اس سے بارشیں ا

Marfat.com

نصرت و فتح وغیرہ حاصل کرنے کے لیے اس کی پُوجا کرتے تھے نہ اس لیے کہ وُہ اللہ تعالیٰ سے دُعا کریں بلکہ اس لیے کہ عبادت سے خوش ہو کر خود بارش دیں، جس طرح کہ حضرت شاہ عبدالعزیز قدس سرّہٗ العزیز کے حوالے سے عرض کیا جاچکا ہے کہ برہمن نے جو کہا ہے کہ جس طرح اہلِ قبور دُعا کے ذریعے تمہاری حاجت کرتے ہیں اسی طرح ہمارے بُت بھی ہماری شفاعت کرکے حاجت برلاتے ہیں۔ تو آپ نے فرمایا :

"دریں کلام ہم دغل و تلبیس ہست زیرا کہ بُت پرستاں ہرگز شفاعت نمی خواہند بلکہ معنیٰ شفاعت را نمی دانند و نہ دردل خود تصوّر کنند"۔

یعنی برہمن کے اس کلام میں مکر و فریب کاری ہے کیونکہ بُت پرست ہرگز اپنے بُتوں سے شفاعت نہیں چاہتے، بلکہ شفاعت کا معنیٰ بھی نہیں جانتے اور نہ اپنے دل میں اس کا تصوّر ہی کرتے ہیں کیونکہ شفاعت کا معنیٰ ہے سفارش اور سفارش کا مطلب یہ ہے کہ ایک شخص کسی کا مدّعا و مقصود دُوسرے شخص سے عرض کرکے پُورا کرا دے جبکہ بُت پرست اپنے معبُودات سے اپنے مطالب و مقاصد کی درخواست کرتے وقت نہ اس امر کا تصوّر کرتے ہیں اور نہ کہتے ہیں کہ ہمارے لیے اللہ تعالیٰ کی جناب میں سفارش کرو اور ہمارے مطالب اللہ تعالیٰ سے پُورے کرادو۔ (فتاویٰ عزیزیہ جلد دوم ص۱۰)

حضرت شاہ عبدالعزیز صاحب کے اس کلام سے واضح ہوگیا کہ مشرک اس شفاعت کا تصوّر ہی نہیں رکھتے تھے جو اہلِ اسلام کا عقیدہ ہے اور اس کو انبیاء و اولیاء کے حق میں تسلیم کرتے ہیں بلکہ وُہ جبری اور قہری شفاعت کے

Marfat.com

قائل تھے اندریں صورت محل نزاع سے اس کا تعلق ہی نہیں ہے۔ ورنہ لازم آئیگا کہ حضرت شاہ صاحب کو اس آیتِ کریمہ کا ہی علم نہیں تھا اوریا انہوں نے قرآن میں تحریف کی ہے۔ العیاذ باللہ۔

۳۔ شفاعت بالاذن کا وقوع قیامت میں تو علماءِ دیوبند بھی تسلیم کرتے ہیں اور ہم بھی تسلیم کرتے ہیں اور اگر مشرکین کی مُراد بھی یہی روزِ قیامت والی شفاعت تھی تو پھر تینوں فریق یکساں ہوگئے پھر صرف اہل السنّت کو الزام دینے کا کیا مطلب؟

۴۔ شفاعت فوق الاسباب غائبانہ کی پھر تب صحیح ہوگی جب وُہ غائب اور دُور دراز مکان میں موجود شفعاء کو پکارتے اور ان سے التجا کرتے وُہ تو غائب خُدا کی پُوجا کرنا گوارا نہیں کرتے تھے غائب شفعاء کی عبادت کیوں کر سکتے تھے اور خود آیتِ کریمہ میں اسم اشارہ قریب هٰؤُلاءِ شفعاء منا عنداللہ اس پر دلیلِ ناطق اور شاہد صادق ہے تو اسکو غائبانہ اور فوق الاسباب کیسے فرض کرلیا گیا وُہ تو ان کے پاس جاکر ان کے سامنے سربسجود ہو کر ان سے اپنے مطالب کو پُورا کرنے کی استدعا کرتے تھے تو پھر نیلوی صاحب کی بات مان لو کہ قریب سے بھی کوئی نہیں سُنتا اور نہ ہی کوئی شفاعت کر سکتا ہے، اور قریب سے ہی شفاعت کے لیے عرض کرنا غیر اللہ کی عبادت شمار ہوتا ہے اور شرک بن جاتا ہے کیونکہ بُت پرست تو بہر حال غائبانہ وغیرہ کو نہ جانتے تھے اور نہ اس کا قصد کرتے تھے اور نہ اس پر کوئی قرینہ موجود بلکہ اسم اشارہ قریب اس توہم کا ازالہ کر رہا ہے اور اسے بیخ و بُن سے اُکھیڑ رہا ہے۔

Marfat.com

۵۔ بالفرض والتقدیر اگر اصنام واوثان کے شفیع ماننے سے قطع نظر کرلیں اور انبیاء واولیاء کے حق میں ان کا یہ اعلان تسلیم کرلیں تو پھر بھی ہمارے مذہب پر اس سے اعتراض کرنا ہرگز درست نہیں ہوگا کیونکہ یہاں شفاعت کے حصول کا ذریعہ عبادت کو قرار دیا گیا ہے جبکہ مقبولانِ بارگاہِ قدس لامحالہ اس پر الٹا ناراض اور غضبناک ہوں گے تو اگر یہ لوگ اس غلط روش کی وجہ سے شفاعت سے محروم رہیں اور ان کے لیے کوئی نبی اور ولی اور فرشتہ شفاعت نہ کرے تو اس سے جائز طریقے پر شفاعت طلب کرنے والوں اور جائز شفاعت کا عقیدہ رکھنے والوں پر رد و قدح اور تنقید و انکار کا کیا جواز ہے؟

۶۔ اصنام واوثان کو نہ سلام کرنا جائز نہ کسی طرح ان کا ادب احترام جائز اور نہ ان کی اتباع واطاعت چہ جائیکہ عبادت کی جائے۔ جبکہ انبیاء ورسل اور مقبولانِ بارگاہِ خداوندی کا ادب واحترام اور تعظیم و توقیر لازم اور انکی اتباع اور اطاعت لازم اور تعظیم وتکریم اور اتباع واطاعت اللہ تعالیٰ کے ہاں قربت ووصل کا ذریعہ ہے اور ایمان وایقانِ کامل کی ضمانت ہے۔

کما قال تعالیٰ:

وَمَنْ يُّعَظِّمْ شَعَآئِرَ اللّٰهِ فَاِنَّهَا مِنْ تَقْوَى الْقُلُوْبِ ○

(سورۃ الحج آیت ۳۲)

جو اللہ تعالیٰ کے شعائر اور نشاناتِ عظمت کی تعظیم کرے تو یہ دلوں کے اخلاص اور تقویٰ سے ہے۔ اور فرمانِ باری ہے کہ مجھ سے ان کی راہ پر گامزن ہونے کی توفیق طلب کرو۔

Marfat.com

ہونے کی توفیق طلب کرو۔

اِھْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِیْمَ ۝ صِرَاطَ الَّذِیْنَ اَنْعَمْتَ عَلَیْھِمْ

(سورہ فاتحہ آیت ۴)

ارشادِ باری تعالیٰ ہے :

وَمَآ اَرْسَلْنَا مِنْ رَّسُوْلٍ اِلَّا لِیُطَاعَ بِاِذْنِ اللّٰہِ

(سورہ نساء آیت ۶۴)

ہم نے ہر رسُول صرف اس لیے بھیجا کہ اللہ تعالیٰ کے اذن وامر سے اس کی اطاعت کی جائے۔

اور فرمایا :

وَمَنْ یُّطِعِ الرَّسُوْلَ فَقَدْ اَطَاعَ اللّٰہَ (سورہ نساء آیت ۸۰)

اور جس نے رسُولِ معظم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی اطاعت کی تو اس نے فقط اللہ تعالیٰ کی اطاعت کی۔

اور ارشادِ ایزدی ہے :

قُلْ اِنْ کُنْتُمْ تُحِبُّوْنَ اللّٰہَ فَاتَّبِعُوْنِیْ یُحْبِبْکُمُ اللّٰہُ وَ یَغْفِرْلَکُمْ ذُنُوْبَکُمْ وَاللّٰہُ غَفُوْرٌ رَّحِیْمٌ ۝

(سورہ آلِ عمران آیت ۳۱)

فرما دیجیے اگر تم اللہ تعالیٰ سے محبت رکھتے ہو تو میری اتباع کرو اللہ تعالیٰ تمہیں اپنا محبوب بنا لے گا اور تمہارے سارے گناہ بخش دے گا اور اللہ تعالیٰ بہت بخشنے والا دائمی رحمت والا ہے۔

Marfat.com

لہٰذا اصنام و اوثان کی عبادت کرکے اور اللہ تعالیٰ کا حق ان کو دے کر اللہ تعالیٰ کے قہر و غضب کے حقدار اگر شفاعت کے عقیدہ میں غلطی پر ہیں تو انبیاء و رسل علیہم السلام پر ایمان لانے والے اور ان کی اطاعت و اتباع کرنے والے اس عقیدہ و نظریہ میں غلطی پر کیونکر ہو سکتے ہیں ؟

نبیِ مکرم علیہ السّلام کی شفاعت کا برحق عقیدہ

حقیقت یہ ہے کہ رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم سے اللہ تعالیٰ نے شفاعت کا وعدہ کر رکھا ہے اور ان کو راضی کرنیکا بھی اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم ہماری دنیوی زندگی میں سرزد ہو جانے والی کوتاہیوں کے لیے خود بخود سفارش فرماتے رہتے ہیں اور اللہ تعالیٰ کی طرف سے بھی ان کو یہی حکم ہے ۔

۱ - اللہ تعالیٰ نے فرمایا :

فَتَهَجَّدْ بِهٖ نَافِلَةً لَّكَ عَسٰٓى اَنْ يَّبْعَثَكَ رَبُّكَ مَقَامًا مَّحْمُوْدًا ○ (سورہ اسراء آیت ۷۹)

آپ تہجد کی نماز پڑھیں جو آپ کے لیے زائد ہے (پانچ نمازوں سے) قریب ہے کہ اللہ تعالیٰ آپ کو مقامِ محمود تک پہنچائے اور مقامِ محمود شفاعتِ عظمیٰ کا مقام ہے اور عرش کی دائیں جانب رکھی جانے والی کرسی جس پر آپ کو بٹھا کر محشر والوں کی شفاعت کا اعزاز بخشا جائے گا اور سب کو آپ کا محتاجِ کرم اور طالبِ نگاہِ لطف بنا دیا جائے گا ۔ نبیِ اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم فرماتے ہیں :

ثم اقوم عن یمین العرش مقاما یغبطنی فیہ

Marfat.com

الاوّلون والاٰخرون ۔

اللہ تعالیٰ کے حضور اذنِ شفاعت لینے کے لیے سجدہ ریز ہونے کے بعد میں عرش کی جانب اس مقام پر کھڑا ہونگا کہ سب اوّلین وآخرین اس مقام میں مجھے رشک کی نظروں سے دیکھیں گے ۔ اور سجدہ سے اٹھنے کا حکم دیتے وقت اللہ تعالیٰ یوں فرمائے گا :

یا محمّد ارفع راسك قل تسمع ، سل تعط واشفع تشفع (مشکوٰۃ باب شفاعہ)

اے قابلِ ستائش ذات سجدہ سے سر اٹھائیے جو کہو سنا جائے گا ، جو مانگو دیا جائے گا ، اور جس کی شفاعت کروگے قبول کی جائے گی ۔

اور سیدِ عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم فرماتے ہیں :

انا اوّل شافع واوّل مشفع ۔

میں ہی سب سے پہلا شفیع ہوں گا اور میری ہی شفاعت سب سے پہلے قبول ہوگی ۔

۲ - اللہ تعالیٰ کا ارشادِ گرامی ہے :

وَلَسَوْفَ يُعْطِيكَ رَبُّكَ فَتَرْضٰى ۝ (سورہ ضحیٰ آیت ۵)

اور البتہ ضرور عطا کرے گا تمہیں تمہارا رب پس تم راضی ہوجاؤگے ۔

حافظ عماد الدین ابنِ کثیر رحمہ اللہ فرماتے ہیں :

ای فی الدار الاٰخرة يعطيه حتّٰى يرضيه فی امته وفيما اعده له من الكرامة ۔ (ص۵۲۲ ج۴)

Marfat.com

یعنی دارِ آخرت میں عطا فرمائے گا یہانتک کہ آپ کو اُمّت کے بارے میں بھی راضی کرے گا اور جو انعام و اکرام اور فوقیت و فضیلت کے اسباب آپ کے لیے تیار کر رکھے ہیں ان میں بھی راضی کرے گا۔ حضرت عبداللہ بن عبّاس رضی اللہ عنہما سے اس رضا کے متعلق یوں منقول ہے:

لا یرضیٰ محمّدٌ واحدٌ من امته فی النّار ۔

اور دُوسری روایت میں یوں ہے:

من رضا محمّد ان لا یدخل احد من اهل بیته النّار

اور تیسری روایت میں یوں ہے:

رضاه ان تدخل امته الجنّة کلهم ۔

(در منثور صـ۳۶۱ ج ۶)

اور حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت ابراہیم علیہ السلام کے اس فرمان کی تلاوت کی۔

من تبعنی فانه منی

اور حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے اس قول کی تلاوت فرمائی:

اِنْ تُعَذِّبْهُمْ فَاِنَّهُمْ عِبَادُكَ ۚ (سورہ مائدہ آیت ۱۱۸)

پھر ہاتھ اُٹھائے اور عرض کیا اے اللہ میری اُمّت کی مغفرت فرما، میری اُمّت کی مغفرت فرما، اور رونے لگے تو اللہ تعالیٰ نے فرمایا:

یا جبرئیل اذهب الی محمّد فقل انا سنرضیك فی امتك ولا نسوك ۔

(صـ۳۶۱ ج ۶)

Marfat.com

اے جبرئیل محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس جاؤ اور کہو ہم تمہیں ضرور بالضرور اُمت کے بارے میں راضی کریں گے اور پریشان اور بے چین نہیں کریں گے اور حضرت علی مرتضےٰ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسولِ معظم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

اشفع لامتی حتّٰی ینا دینی ربّی ارضیت یا محمد
فاقول نعم یا ربّ۔

میں اپنی اُمت کے لیے شفاعت کروں گا حتّٰی کہ مجھے ربِ کریم پکار کر فرمائے گا اے محمد (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کیا تم راضی ہو گئے ہو تو میں عرض کروں گا ہاں اے میرے رب۔ (ص ۳۶۱ ج ۲)

۳- اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:

وَاسْتَغْفِرْ لِذَنْبِكَ وَلِلْمُؤْمِنِينَ وَالْمُؤْمِنٰتِ ط

(سورہ محمد آیت ۱۹)

اے محبوب اپنے اور مومنین مردوں اور عورتوں کے ذنوب و آثام کیلئے استغفار کریں۔

اور کسی کے لیے مغفرت طلب کرنا بھی شفاعت ہی ہے۔ تو اس کا حکم اللہ تعالیٰ نے دیا اور اگر آپ کی یہ شفاعت قبول نہیں کرنی تھی تو حکم ہی کیوں دیا۔ اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس فرمانِ خداوند تعالےٰ پر صرف دُنیا میں ہی عمل نہیں کیا بلکہ قبرِ انور میں بھی اس پر عمل پیرا ہیں چنانچہ ارشادِ نبوی ہے:

Marfat.com

حیاتی خیر لکم و مماتی خیر لکم تعرض علی اعمالکم فما کان من حسن حمدت اللّٰہ علیہ وما کان من سیئ استغفرت اللّٰہ لکم۔

(اخرج الحارث فی مسندہ وابن سعد والقاضی عن بکر بن عبداللّٰہ المزنی واخرج البزار بسند صحیح عن ابن مسعود مثلہ، خصائص کبری ص۲۸۱ ج ۲ الوفا ص۸۰۹ ص۸۱۰ ۔

میری زندگی بھی تمہارے لیے بہتر ہے اور میری وفات بھی تمہارے لیے خیر اور بھلائی پر مشتمل ہے۔ تمہارے اعمال مجھ پر پیش ہوتے رہیں گے جو اچھا عمل دیکھوں گا تو اس پر اللّٰہ تعالیٰ کی حمد بجا لاؤں گا اور برا عمل دیکھوں گا تو تمہارے لیے استغفار کروں گا۔ (مواہب مع زرقانی ص۳۳۷ ج ۵)

اور قیامت کے دن بھی اس فرمان پر عمل کرتے ہوئے اُمت کے لیے شفاعت فرماویں گے اور آپنے ہر ہر اُمتی کو اپنی شفاعت کے ذریعے نجات دلائیں گے اور جنّت کے ابدی راحت والے مقام میں پہنچائیں گے۔ تو اندریں صورت ہم کیوں یہ عقیدہ نہ رکھیں کہ سرورِ عالم صلی اللّٰہ علیہ وآلہ وسلّم ہمارے شفیع ہیں۔

اور احادیثِ رسول صلی اللّٰہ علیہ وآلہ وسلّم کے مطابق اولیاء کرام علماءِ کرام شہداءِ کرام، حفاظ کرام حتّٰی کہ کچے گر جانے والے بچّوں کے لیے بھی شفاعت ثابت ہے تو اس کا عقیدہ کیوں نہ رکھیں؟ نابالغ بچّوں اور بچیوں کے جنازے میں ان کے حق یہ دعائیں کرتے ہیں کہ انہیں ہمارا شفیع بنا، اگر یہ عقیدہ ہی شرک ہے تو پھر شرک کی طلب اور خواہش رکھنے والے اور اس کی دعا والتجا کرنے والے

Marfat.com

تو پکے مشرک ہونے چاہئیں اور جنازے کی دعاؤں میں تو دیوبندی اور بریلوی میں کوئی فرق نہیں تو سبھی علماء دیوبند اور عوام بھی مشرک ٹھہرے اور اگر اپنے نطفے سے پیدا ہو کر مرجانے والے نادان بچوں کی شفاعت کا اعتقاد شرک وکفر نہیں اور یقیناً نہیں تو باعثِ ایجادِ کائنات اور افضل الخلائق صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی شفاعت کا عقیدہ کیونکر شرک ہوسکتا ہے؟

حضرت شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی فرماتے ہیں:

"اہل ملت اجماع دارند برآنکہ فی الجملہ شفاعت واقع شدنی ست معتزلہ درحق غیر صاحب کبیرہ شفاعت جائز وارند واہل السنت درحق صاحب کبیرہ نیز آرے کافر راہیچکس قابل شفاعت نمی دارد"۔ (صـ ۲۳۲ ج ۱)

ملتِ اسلامیہ کا اس پر اجماع و اتفاق ہے کہ شفاعت فی الجملہ پائی جانی ضروری ہے البتہ معتزلہ کبائر کے مرتکب لوگوں کے ماسوا کے لیے شفاعت ثابت کرتے ہیں (صاحب کبیرہ کے لیے ثابت نہیں کرتے) جبکہ اہل السنت اہلِ صغائر اور اہلِ کبائر سبھی کے حق میں شفاعت کے قائل ہیں۔ ہاں کافر کے قابلِ شفاعت ہونے کا کوئی شخص قائل نہیں ہے۔

۴۔ الغرض اس بحث کو کتبِ عقائد میں آیات و احادیث کے ساتھ مدلل اور مبرہن انداز میں بیان کیا جاچکا ہے اور کتبِ تفاسیر اور احادیث و شروح احادیث اس کی تفصیلات سے بھرپور ہیں تو ہم اس کا عقیدہ کیوں نہ رکھیں؟ بلکہ بحیثیت مسلمان ہونے کے سب پر یہ اعتقاد لازم ہے بلکہ اللہ تعالےٰ نے خود اس کی ترغیب دیتے ہوئے فرمایا:

Marfat.com

وَلَوْ اَنَّهُمْ اِذْ ظَّلَمُوْٓا اَنْفُسَهُمْ جَآءُوْكَ فَاسْتَغْفَرُوا اللّٰهَ وَاسْتَغْفَرَ لَهُمُ الرَّسُوْلُ لَوَجَدُوا اللّٰهَ تَوَّابًا رَّحِيْمًا۝

(سورۃ النساء آیت ۶۴)

اور اگر وہ اپنی جانوں پر ظلم و تعدی کریں پس تمہاری بارگاہ میں حاضر ہوں پھر اللہ تعالیٰ سے استغفار کریں اور رسولِ محتشم (صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم) بھی ان کے لیے مغفرت طلب کریں تو ضرور اللہ تعالیٰ کو توبہ قبول کرنے والا انعام عطا کرنے والا پائیں گے۔

گناہوں کی معافی بندوں نے مانگنی ہے اور گناہ معاف اللہ تعالےٰ نے کرنے ہیں لیکن یقینی بخشش اور فوری طور پر اس کے حصول بلکہ مزید انعام و اکرام کے حصول کے لیے ان کو درِ مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم دکھلایا اور وہ بھی خود اللہ تبارک وتعالیٰ نے اندریں صورت آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی شفاعت سے سرتابی کی مسلمانوں کے لیے کیا مجال ہو سکتی ہے؟

نیز اس آیتِ کریمہ میں ظاہری حیاتِ طیبہ کی کوئی قید نہیں ہے اور حدیثِ رسول صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم ذکر کی جا چکی ہے کہ ہمارے برے اعمال پیش ہونے پر سیدِ عالم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم خود بخود بخشش کی دعا فرماتے ہیں تو آپ کی بارگاہ میں عرض کرنے پر وہ کریم مزید کرم نوازی اور رحمتِ عامہ کا ملہ کا اظہار فرمادیں گے اور اس پر اُمت کا اجماع بھی ہے اسی لیے روضۂ اقدس پر حاضری کے وقت مغفرت و بخشش اور سفارش و شفاعت کے لیے عرض کرنے کا حکم ہے اور اعرابی نے خیر القرون میں بارگاہِ رسالتماب صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم

Marfat.com

میں حاضر ہو کر بھی توسّل اور شفاعت کی درخواست کی تو اس کو کسی صحابی اور تابعی نے منع نہیں کیا بلکہ خود رسُولِ معظم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے عتبی کو اسے یہ بشارت دینے کے لیے حکم دیا کہ مطمئن ہو جا تیری مغفرت وبخشش کا سامان ہو گیا ہے۔

حافظ عماد الدین ابن کثیر فرماتے ہیں :

وقد ذکر جماعة منهم الشیخ أبو منصور الصباع فی کتابه الشامل الحکایة المشهورة عن العتبی (الیٰ) فغلبتنی عینی فرءیت النبی صلی اللہ علیه وسلم فی النوم فقال الحق الاعرابی فبشره ان الله قد غفر له ۔

(صفحہ نمبر ۵۱۹ ج ۱)

لہٰذا اہل السُنّت کو کافروں والی آیات کا مصداق بنانا اور انبیاء اور اولیاء کو اصنام واوثان والی آیات کا مصداق بنانا سراسر ظلم و تعدی ہے اور اپنے بد ترین مخلوق ہونے کا اعلیٰ ترین ثبوت مہیا کرنا ہے کیونکہ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما خارجیوں کو اسی لیے بد ترین مخلوق سمجھتے تھے کہ ،

انهم انطلقوا الی اٰیٰت نزلت فی الکفار فجعلوها علی المؤمنین ۔ (بخاری شریف باب الخوارج)

انہوں نے کفار کے حق میں نازل آیات کو مومنین پر چسپاں کر دیا ہے۔

رہا دُور دراز سے پکارنے کا معاملہ تو اس کی بحث آخر میں ذکر ہو گی اور فوق الاسباب اور تحت الاسباب کے فرق کی لغویت پہلے بیان ہو چکی ہے۔

Marfat.com

فائدہ : کفار نے اللہ تعالیٰ کے ہاں ایسے اوثان و اصنام کو شفیع مانا جو اللہ تعالیٰ کے ہاں اس منصب کے مالک نہیں ہیں تو ان کا یہ دعویٰ گویا اللہ تعالیٰ کو غیر معلوم چیز کی اطلاع دینے اور باخبر کرنے کے مترادف تھا اس لیے فرمایا:

قُلْ اَتُنَبِّئُوْنَ اللّٰهَ بِمَا لَا یَعْلَمُ فِی السَّمٰوٰتِ وَلَا فِی الْاَرْضِ ؕ

(سورہ یونس آیت ۱۸)

فرما دیجیے کیا تم اللہ تعالیٰ کو خبر دیتے ہو آسمانوں اور زمین میں موجود شے کی جو وُہ نہیں جانتا ؟

کیونکہ اس کا علم واقع اور حقیقت کے مطابق ہے تو جو شفیع ہیں وُہ بھی اسے معلوم اور جو شفیع نہیں ہیں وُہ بھی اس کو معلوم تو ان کے بارے میں شفیع ہونے کا اثبات گویا نامعلوم چیز کا بتلانا ٹھہرا اور یہ باطل ہے اس عالم الغیب والشّہادۃ اور علیم بکلِّ شَیٔ کے حق میں تو ان کو شفیع ماننا بھی باطل ہوا۔

نیز اللہ تعالیٰ نے آخر میں سُبحانہٗ وتعالیٰ عما یشرکون فرمایا تو اپنا عبادت کے استحقاق میں تفرد بیان کرنے کے لیے اور کسی کی طرف تدبیرِ کائنات میں افتقار و احتیاج سے بالاتر ہونے کے لحاظ سے فرمایا ہے نہ اس وجہ سے جو علامہ سرفراز صاحب نے اختراع کی ہے یعنی غائبانہ شفاعت کے لیے ندا و پکار اور استغاثہ و فریاد کیونکہ ان کا اعتقادِ شفاعت ہر حال میں شرک ہے نہ کہ صرف غائبانہ ہونے کی وجہ سے۔ کیا کوئی بتوں کو قریب سے پکارے تو جائز ہے؟ کیا ان سے دُعا کرائے تو شریعتِ مطہرہ اس کو مومن کہے گی ؟ کیا وُہ قریب سے

Marfat.com

اوثان و اصنام کو اللہ تعالیٰ کے معاون و مددگار مانیں اور اس طرح دنیوی امور میں ان سے یہ پُجاری لوگ استمداد کریں تو ایسے عقیدہ والوں کو کوئی شرک سے بَری سمجھ سکتا ہے! لہٰذا دُور دراز اور غائبانہ کی پچہ یہاں پر سراسر لغو اور بے جواز ہے۔

گلدستۂ توحید

فائدہ: کہیں آپ کو یہ غلط فہمی نہ واقع ہو جائے کہ ان دونوں آیتوں میں تو عبادت کا لفظ موجود ہے پُکارنے کا تو نہیں لیکن یہ وہم بالکل بیجا ہوگا کیونکہ دُعا اور پُکارنا خود عبادت ہے جیسے کہ اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتا ہے:

وَقَالَ رَبُّكُمُ ادْعُونِيٓ أَسْتَجِبْ لَكُمْ ۚ إِنَّ الَّذِينَ يَسْتَكْبِرُونَ عَنْ عِبَادَتِي سَيَدْخُلُونَ جَهَنَّمَ دَاخِرِينَ ۝

(سورہ مومن آیت ۶۰)

اور کہتا ہے تمہارا رب مجھ کو پُکارو کہ میں سنوں تمہاری پُکار کو بیشک جو لوگ تکبّر کرتے ہیں میری پکار سے وُہ عنقریب داخل ہوں گے دوزخ میں ذلیل ہو کر اس آیت کریمہ میں اللہ تعالیٰ نے دُعا اور پُکارنے کو عبادت قرار دیا ہے اور جناب رسُولِ خُدا صلی اللہ علیہ وسلّم نے فرمایا:

الدعاء هو العبادة ثم قرء قال ربكم ادعوني استجب لكم

الآیۃ ترمذی ص۱۷۳ و ابوداؤد ص۲۰۸ و ابن ماجہ ص۲۸۱ وغیرہ۔

Marfat.com

پکارنا عبادت ہے پھر آپ نے قرآنِ کریم کی یہی آیت مبارکہ اس پر بطور استشہاد پڑھی کہ پکارنا عبادت ہے۔

بلکہ ایک حدیث میں آتا ہے :

لیس شیئ علی اللّٰہ اکرم من الدّعاء ۔

اللّٰہ تعالیٰ کے نزدیک پکارنے سے بڑھ کر پیاری اور عزیز چیز نہیں ہے۔

اور ایک روایت میں ہے :

اشرف العبادۃ الدّعاء ۔

تمام عبادتوں سے اشرف اور اعلیٰ عبادت دُعا ہے ۔

اور ایک روایت میں یوں ہے :

الدعاء سلاح المؤمن وعماد الدین ۔

دُعا مومن کا ہتھیار ہے اور دین کا ستون اور اس کی جڑ ۔

حضرت عبداللّٰہ بن عباس رضی اللّٰہ عنہما فرماتے ہیں :

افضل العبادۃ ھو الدّعاء ۔

ایک اور جگہ ارشادِ نبوی ہے :

من لا یدعوا اللّٰہ یغضب علیہ

جو شخص اللّٰہ تعالیٰ کو نہیں پکارتا اللّٰہ تعالیٰ اس پر ناراض ہوتا ہے ۔

آپ پڑھ چکے کہ دُعا (پکارنا) عبادت ہے اور مخ العبادت بھی ہے اور اشرف و افضل عبادت بھی اور اللّٰہ تعالیٰ کے نزدیک دُعا اور پکارنے سے بڑھ کر کوئی اور مقبول اور عزیز عبادت نہیں ہے مگر کہنے والے کہتے ہیں کہ

Marfat.com

خواندن اور ندار نمودن شرک نہیں ہے تعجب اور حیرت ہے ان کی دیانت پر۔

(صفحہ نمبر ۱۲۲ تا صفحہ ۱۲۴)

گلشنِ توحید و رسالت

باطل دعویٰ پر استدلال میں خود اپنی تردید

۱۔ دُعا عبادت اور مغزِ عبادت اور افضل و اشرف عبادت کس وقت ہے اس کے متعلق علامہ صاحب نے فوق الاسباب اور غائبانہ کی پخ لگا رکھی ہے، حالانکہ ان کی پیش کردہ آیت اور اس کی نبوی تفسیر اور جملہ احادیث و روایات مطلق ہیں اور قرآنِ مجید کے عموم و اطلاق کی تخصیص و تقیید اس کو منسوخ ٹھہرانے کے مترادف ہے تو علامہ صاحب کو اس تخصیص و تقیید کا اختیار کہاں سے مل گیا؟

۲۔ نیز غیر اللہ کی غائبانہ دُعا و ندا کو شرک کیوں قرار دیا اس لیے کہ اس میں عالم الغیب اور حاضر و ناظر کا عقیدہ غیر اللہ کے حق میں پایا جاتا ہے تو اس طرح شرک بقول ان کے دُعا و ندار نہ ٹھہری بلکہ عالم الغیب اور حاضر و ناظر ہونے کا اعتقاد کسی غیر اللہ کے حق میں شرک ٹھہرا۔ تو کتنے تعجب کی بات ہے کہ ثابت تو کرنا تھا کہ غیر اللہ کی دُعا و پکار اس کی عبادت ہے اور عبادت غیر اللہ کی شرک ہے لیکن نتیجہ یہ نکالا گیا کہ غیر اللہ کو عالم الغیب اور حاضر و ناظر ماننا شرک ہے

۳۔ مولانا صاحب اگر اپنی دیانت و امانت پر قائم ہیں تو انہیں آیت کریمہ اور احادیث و آثار کو اپنے اطلاق پر رکھ کر مطلق دُعا کے شرک ہونے کا فتویٰ صادر

Marfat.com

کرنا چاہیے تاکہ سارے جہاں کے موجودہ اور اگلے پچھلے تمام مسلمانوں کو مشرک بنا کر ابلیس سے کال دادِ تحسین وصول کر سکیں۔ حضرت ابراہیم علیہ السلام نے اللہ تعالیٰ کے ارشاد

اَذِّنْ فِی النَّاسِ بِالْحَجِّ (سورہ حج آیت ۲۷)

کی تعمیل کرتے ہوئے سب انسانوں کو ندا دی اور پکار کر کہا

ایها الناس حجوا بیت ربکم

اے لوگو اللہ تعالیٰ کے گھر کی حج کرو

خواہ سینکڑوں ہزاروں میل دُور تھے یا آباؤ اجداد اور امہات وجدات کے اصلاب وارحام میں تھے۔

اسی طرح اللہ تعالیٰ کے حکم

ثُمَّ ادْعُهُنَّ يَأْتِينَكَ سَعْيًا (سورہ بقرہ آیت ۲۶۰)

کے تحت مذبوحہ اور ٹکڑے کیے ہوئے پرندوں کے اجزاء ادھر ادھر پہاڑوں پر پھینکنے کے بعد ان کو پکارا اور کہا تعالین باذن اللہ یعنی اللہ تعالیٰ کے امر سے میرے پاس آجاؤ۔ پہلی ندا بھی غائبانہ اور فوق الاسباب اور دُوسری بھی فوق الاسباب اور غائبانہ لیکن حکم اس کا اللہ تعالیٰ نے دیا جو کفر و شرک کا حکم دینے سے پاک اور عمل اس پر حضرت ابراہیم خلیل علیہ السلام نے کیا جو معصوم اور کفر و شرک اور کبائر وغیرہ سے بھی معصوم اور اوّلین بُت شکن اور شرک دشمن نبی ہیں جنہوں نے شرک کی مخالفت میں آگ میں ڈالا جانا بھی گوارا کر لیا۔

۴۔ نیز اہلِ قبور کو خطاب و ندا کی صورت میں سلام دینے کا حکم ہے خواہ

Marfat.com

ان کے اجسام گل سڑ چکے ہوں اور اجزاء بدن مٹی سے مل چکے ہوں۔ نماز میں سرورِ عالم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کو بطور انشاء سلام پیش کرنے کا حکم ہے اور اس میں نداء و پکار ہے :

اَلسَّلَامُ عَلَیْكَ اَیُّهَا النَّبِیُّ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهٗ

تو اس طرح اہلِ قبور کو سلام دینے والوں پر اور ارواح کے اعلیٰ علیین میں ہونے کے باوجود نداء و پکار سُن لینے کا عقیدہ بھی غائبانہ نداء و پکار ہونے کی وجہ سے شرک ہونا چاہیے اور اس قدر طویل مسافت کے باوجود رسولِ معظم نورِ مجسّم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے لیے نداء و پکار بھی شرک ہونی چاہیے[1] نعوذ باللہ تعالیٰ

۵۔ اگر یہ استدلال صحیح ہے تو قریب وبعید، تحت الاسباب اور فوق الاسباب اور علمِ غیب اور حاضر و ناظر کا عقیدہ رکھ کر یا رکھے بغیر ہر حال میں یہ دعاء نداء شرک ہونی چاہیے ، اور سرے سے غیر اللہ کی نداء و پکار کا باب ہی بند ہو جانا چاہیے۔ اور اگر یہ اطلاق اور عموم قابلِ قبول نہیں تو پھر آیتِ کریمہ بھی مؤول ٹھہری اور احادیثِ نبویہ بھی مؤول ٹھہریں تو پھر قطعیت ختم ہو گئی لہٰذا اس کو بُنیاد بنا کر شرک کے فتوٰی لگانے کا جواز ختم ہو گیا۔

۶۔ نیز جو لوگ اہلِ قبور کے پاس قبرستان میں جا کر سلام دینے کا اور سُننے کا عقیدہ رکھنے والوں کو مشرک قرار دیتے ہیں ان کی بُنیاد بھی یہی ہے کہ یہ نداء فوق الاسباب ہے اور غائبانہ ہے لہٰذا اس میں بھی شرک لازم آ جاتا ہے کیونکہ بدن تو مٹی کے ساتھ مل کر مٹی ہو چکا اور حواس اپنے عمل کے قابل ہی نہ رہے اور رُوح لاکھوں میل دُور علیین یا سجین میں ہے تو اس کے متعلق اتنی دُور سے

[1] اور اب اس نداء و پکار کو شریعت میں داخل کرنے والی ہستی کے متعلق کس قسم کے عقیدہ کا مسئلہ جز کریں گے؟

سُن لینے کا اعتقاد عالم الغیب اور حاضر و ناظر ہونے کا اعتقاد ہے لہٰذا اس میں بھی شرک ثابت ہو گیا تو جو بُنیاد مسلمانوں کو مشرک قرار دینے کی علامہ سرفراز صاحب نے مہیا کی ہے وہی نیلوی وغیرہ نے بیان کی ہے پھر باہمی جنگ و جدال کیسی اور ایک دُوسرے کی تضلیل و تذلیل کا کیا مطلب؟ اور اصلی دیوبندی اور نقلی دیوبندی کے فرق کا کیا مطلب؟

۷۔ اور اگر رُوح کا بدن سے تعلق اللہ تعالیٰ قائم کرتا ہے اور اس قدر مسافت پر ہونے کے باوجود اللہ تعالیٰ سُنوا دیتا ہے اور ظاہری حواس کے تعطل کے باوجود ان کا سُننا قدرتِ باری تعالیٰ سے ممکن ہے لہٰذا شرک نہیں تو اپنے بدن کے علاوہ ان رُوحوں کا دُوسروں سے بھی تعلق ممکن ہے اور نبوّت و ولایت کی نورانیت اور ان کے ارواح کے تجرّد و لطافت کی انتہا پر فائز ہونے کی وجہ سے دُور دراز سے سُن لینا ان کا بھی ممکن اور چونکہ دونوں جگہ یہ قوت و طاقت اللہ تعالیٰ کی عطا کردہ مانی گئی ہے لہٰذا کسی جگہ بھی شرک و کفر لازم نہیں آنا چاہیے

آخر اس کی وجہ کیا ہے کہ جس کو ندائے غائبانہ علامہ نیلوی سمجھے وُہ تو غائبانہ ہونے کے باوجود مدارِ شرک نہ بنے مگر جس کو علامہ سرفراز صاحب غائبانہ ندا سمجھیں وُہ ضرور ہی شرک کی بُنیاد ہو۔ تف ہے ایسی دیانت و امانت پر۔

صفاتِ واجب اور صفاتِ ممکن کا فرق

حقیقتِ حال یہی ہے کہ صفات الوہیت کے ساتھ موصُوف و متصف

Marfat.com

مان کر ندا و پکار عبادت ہے اور کسی چیز کے حصول کے لیے ہے تو استعانت ہے مگر صفات الوہیت ماننے بغیر قریب سے ہو یا بعید سے بالکل شرک نہیں ہے اور صفات الوہیت نہ عطائی ہیں نہ محدود و متناہی ہیں اور نہ ان میں زوال و عدم کا امکان ہے نہ ان کے متعلقات ان سے متخلف ہو سکتے ہیں اور نہ سہو و نسیان اور ذہول و بے التفاتی کا وہاں امکان ہے جبکہ مخلوق خواہ جس بلند ترین مرتبہ کی مخلوق ہی کیوں نہ ہو اس کی صفات ممکن عطائی محدود و متناہی اور ان کے متعلقات کا ان سے تخلف اللہ تعالیٰ کی حکمتوں اور مصلحتوں کے تحت ممکن لہٰذا اس عقیدہ پر ندائے بعید بھی شرک اور کفر نہیں ہو سکتی۔

تحت الاسباب اور فوق الاسباب کے فرق کی لغویت

عادی اسباب کے متعلق اگر کوئی یہ عقیدہ رکھ لے کہ یہ ناممکن ہے کہ مبصرات کے قبیل سے کوئی شے میری نظر میں نہ آئے اور سننے کے لائق اشیاء سے کوئی شے میرے کان نہ سن سکیں اور معلوم ہو سکنے کے قابل چیز میرے عقل و علم میں نہ آسکے تو یہ عقیدہ بھی کفر و شرک ہے کیونکہ حواس علم کے اسباب عادیہ ہیں علل تامہ اور حقیقی موثر نہیں ہیں، اس لیے علماء کلام فرماتے ہیں کہ ہو سکتا ہے ہمارے سامنے آسمان سے باتیں کرتی بلند و بالا چوٹیوں والے پہاڑ ہوں اور ہم انہیں نہ دیکھ سکیں اور اندلس کے اندھے کو اللہ تعالیٰ چین سے مچھر کا پر بھی دکھلا دے۔

بدر کے میدان میں اہل ایمان اور کفار آمنے سامنے موجود ہیں لیکن

Marfat.com

کافروں کو مومنین اپنی تعداد سے دوگنا یعنی دو ہزار نظر آتے تھے :

واخری کافرۃ یرونہم مثلیھم رای العین

(سورہ آل عمران آیت)

اور اہل ایمان کو کفار اپنے سے کم تعداد میں نظر آتے تھے یعنی تین سو تیرہ ۳۱۳ سے بھی کم ۔

چنانچہ ارشاد باری تعالیٰ ہے :

اِذْ یُرِیْکُمُوْھُمْ اِذِ الْتَقَیْتُمْ فِیْٓ اَعْیُنِکُمْ قَلِیْلًا وَّ یُقَلِّلُکُمْ فِیْٓ اَعْیُنِھِمْ لِیَقْضِیَ اللّٰہُ اَمْرًا کَانَ مَفْعُوْلًاؕ وَاِلَی اللّٰہِ تُرْجَعُ الْاُمُوْرُ ۝ (سورہ انفال آیت ۴۴)

اس وقت کو یاد کرو جبکہ میدانِ حرب وقتال میں باہم مڈبھیڑ کے وقت اللہ تعالیٰ تمہارے لیے کافر تھوڑے دکھلاتا تھا اور تمہیں ان کی آنکھوں میں قلیل کر کے دکھلاتا تھا تاکہ اللہ تعالیٰ کر ڈالے وہ کام جس کا فیصلہ ہو چکا اور اللہ تعالیٰ کی طرف ہی تمام امور لوٹائے جاتے ہیں۔

یعنی ابتدا میں کفار کو اہلِ ایمان تین سو تیرہ سے بھی کم نظر آتے تھے اور اہلِ ایمان کو کافر اپنے سے کم نظر آتے تھے تاکہ دونو فریق جنگ پر دلیر اور جری ہو جائیں اور جب جنگ شروع ہو گئی تو کافروں کو اہلِ ایمان اپنے سے دوچند نظر آنے لگے تاکہ ان کے حوصلے پست ہوں اور وہ میدانِ جنگ چھوڑ کر بھاگ جائیں۔ حالانکہ دونو فریق کے حواس درست تھے اور موجود بھی قریب قریب تھے لیکن رویت میں اللہ تعالیٰ نے جس وقت جو تصرف

Marfat.com

مناسب سمجھا وہ کر دیا کبھی تھوڑے کو زیادہ کر کے دکھلا دیا اور کبھی زیادہ تعداد کو کمتر گنتی و شمار میں ظاہر فرما دیا لہٰذا ان حواس ظاہرہ کو اپنے اپنے دائرہ کار میں مستقل سمجھنا بھی خلافِ اسلام ہے لیکن اللہ تعالیٰ کے انوار سے منوّر ہونے کے بعد اور بدنی کثافتوں اور جسمانی ظلمتوں سے منزّہ ومبرّا ہونے کے بعد دُور و دراز سے سُننے دیکھنے کا اعتقاد بھی خلافِ اسلام نہیں اور ان کو صرف نبی و رسُول سمجھ کر اور ولی و محبُوب سمجھ کر پُکارنا اور اس لیے پکارنا کہ اللہ تعالیٰ سے دُعا کر کے اور قلبی توجہات مبذول کر کے مشکلات حل کرا دیں یہ عقیدہ بھی خلافِ اسلام نہیں ہے۔

مزید تفصیل بعد میں عرض کی جائے گی۔

دُعا کے معانی اور اطلاقات اور استدلال میں غلطی

علامہ سرفراز صاحب کو جہاں دُعا کا لفظ نظر آیا اس کو ندا و پکار والے معنیٰ پر محمول کرتے ہوئے یہاں پر ذکر کر کے گویا دلائل کا انبار لگا دیا لیکن حقیقت میں

اِنَّ الَّذِیْنَ یَسْتَکْبِرُوْنَ عَنْ عِبَادَتِیْ سَیَدْخُلُوْنَ جَهَنَّمَ دٰخِرِیْنَ ۝ (سورۃ المؤمن آیت ۶۰)

اور احادیث رسُول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں وارد لفظ دُعا سوال اور طلب والے معنیٰ پر محمول ہے۔ حدیث شریف میں ہے:

کان اذا دعا رفع یدیہ۔

Marfat.com

رسولِ معظم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم جب اللہ تعالیٰ سے دُعا اور سوال کرتے تو اپنے ہاتھ مُبارک اُٹھا کر دُعا مانگتے۔

اور اسی مضمون کو ادا کرتے ہوئے فرمایا:

اذا سألتموا اللّٰہ فاسئلوہ ببطون اکفکم۔

(مشکوٰۃ کتاب الدعوات)

جب اللہ تعالیٰ سے کسی چیز کا سوال کرو تو ہتھیلیوں کے اندرونی حصوں کے ساتھ سوال کرو۔

اور اس طرح سائل بن کر اور دستِ سوال دراز کر کے بیٹھنے میں کمالِ احتیاج اور غایتِ افتقار اور انتہائی مسکنت وفقر کا اظہار ہے جو کہ رُوحِ عبدیت ہے اس لیے اس کو عین عبادت اور افضل عبادت وغیرہ کے الفاظ سے تعبیر فرمایا گیا اور جو شخص از رہِ تکبّر وبڑائی اس کریم کے جُود ونوال پر دستِ سوال دراز کرنے سے گریز کرتے ہیں تو ان کے حق میں سیدخلون جھنّم داخرین کی وعید سُنائی گئی۔

اس آیتِ کریمہ کے تحت علاّمہ شبیر احمد صاحب عثمانی فرماتے ہیں:

بندگی کی شرط ہے اپنے رب سے مانگنا اور نہ مانگنا غرور ہے (تا) بہرحال بندہ کا کام ہے مانگنا اور یہ مانگنا خود ایک عبادت بلکہ مغزِ عبادت ہے۔

حافظ ابنِ کثیر نے کہا کہ حضرت سفیان ثوری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں:

یا من احب عبادہ الیہ من سألہ فاکثر سوالہ

ویا من ابغض عبادہ الیہ من یسألہ۔ (ص۸۵ ج۴)

Marfat.com

اے وُہ ذاتِ پاک کہ سب سے زیادہ محبوب بندہ اس کے ہاں وہی ہے جو اس سے مانگے اور بہت مانگے اور مبغوض ترین بندہ اس کے نزدیک وُہ ہے جو اس سے نہ مانگے اور رسُولِ معظم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا :

من لم یسئل اللہ یغضب علیه -

اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا :

من لم یدع اللہ یغضب علیه - (مشٰ ج ۴)

جو اللہ تعالیٰ سے نہ مانگے اور مطالبہ و سوال نہ کرے اللہ تعالیٰ اس پر ناراض ہوتا ہے۔

بنی اسرائیل حضرت موسٰی علیہ السلام سے عرض کرتے تھے :

یا مُوسٰی ادع لنا رَبّك -

یعنی ہمارے لیے اپنے رَب سے سوال اور مطالبہ کرو۔

جہنّم میں داخل ہونے کے بعد اور عذاب کی شدّت سے تنگ آنے کے بعد جہنمی لوگ جہنّم کے نگران فرشتوں سے کہیں گے ،

ادعوا ربکم یخفف عنا یومًا من العذاب -

اپنے رَب سے ہمارے لیے دُعا اور مطالبہ کرو کہ وہ ہم سے عذابِ دوزخ میں تخفیف کر دے اگرچہ ایک دن ہی سہی۔

فرشتے کہیں گے کیا تمہارے پاس رسل کرام آیات و معجزات لے کر نہیں آئے تھے وُہ کہیں گے ہاں آتے تھے تو ملائکہ کہیں گے :

فادعوا و ما دعاء الکٰفرین الا فی ضلٰل

Marfat.com

ہم تمہارے لیے دُعا نہیں کرتے تم خود ہی دُعا کرلو اور کافروں کی دُعا نہیں مگر بیکار جانے والی وُہ مقبول و مستجاب نہیں ہے۔ نبیِ اکرم صلّی اللہ علیہ وسلّم نے فرمایا:

لا یرد القضاء الا الدعاء
قضاء و تقدیر کو نہیں ٹالتی
مگر دُعا اور ارشادِ مصطفوی ہے:

الدعاء ینفع مما نزل و مما لم ینزل۔

جو مصیبت نازل ہو چکی ہو دُعا اس میں بھی نفع دیتی ہے اور جو ابھی نازل نہیں ہوئی اس میں بھی۔ (مشکوٰۃ کتاب الدعوات)

لیکن اس اہم ترین عبادت کے لیے بھی علماءِ دیوبند نے پابندی لگا رکھی ہے کہ نمازِ جنازہ کے بعد نہ مانگو، تیجے ساتویں اور چالیسویں میں نہ مانگو، کہیں حکم ہوتا ہے ہاتھ اُٹھا کر نہ مانگو، کہیں ارشاد ہوتا ہے اجتماعی طور پر نہ مانگو، وغیر ذٰلک من الخرافات گویا اللہ تعالیٰ سے مانگنے کے لیے بھی دیوبند کی اجازت ضروری ہے۔

الغرض جب دُعا بمعنی سوال اور طلب حاجات ہے اور دستِ سوال دراز کرکے فقر و مسکنت اور افتقار و احتیاج کا اظہار سراسر عبادت ہے بلکہ مغزِ عبادت اور افضل العبادات ہے تو قولِ باری تعالیٰ

يَعْبُدُونَ مِنْ دُونِ اللّٰهِ مَا لَا يَضُرُّهُمْ وَلَا يَنْفَعُهُمْ وَيَقُولُونَ هٰؤُلَاءِ شُفَعَاؤُنَا عِنْدَ اللّٰهِ (سورہ یونس)

Marfat.com

— میں عبادت کو اس دُعا کے معنیٰ میں لینے پر ان معبوداتِ باطلہ کی شفاعت کا کوئی مطلب نہیں رہ جائے گا کیونکہ مطلوب و مقصود اور حاجت وغرض کا مطالبہ شفیع سے نہیں ہوتا بلکہ اس سے ہوتا ہے جس کے ہاں کسی کو سفارش کے لیے عرض کیا جائے۔ اسی طرح دُوسری آیتِ کریمہ میں بھی ان معبوداتِ باطلہ کی عبادت بھی اگر سوال و مطالبہ اور حاجات ومطالب کو ان سے طلب کرنے کے معنیٰ میں ہو تو اللّٰہ تعالیٰ کے ہاں اس عبادت کے ذریعہ قربت ہونے کا کوئی مطلب نہیں ہو سکتا۔ لہٰذا ان دونو آیاتِ مبارکہ میں عبادت اپنے معروف معنیٰ یعنی جبینِ نیاز جھکانے اور سربسجود ہونے کے معنیٰ میں ہے اس سے نہ فقط ندا و پکار مُراد ہے اور نہ سوال اور حل مطالب کے مطالبہ کے معنیٰ میں ہے لہٰذا علامہ صاحب کی یہ ساری طوالت بے مقصد اور عبث ہے۔

کیا غیر اللّٰہ سے کوئی شے طلب کرنا جائز ہے؟

رہا یہ امر کہ سوال اور مطالبہ جب عبادت ہے تو غیر سے سوال اور طلب بھی غیر کی عبادت ٹھہری اور شرک جبکہ تم غیر اللّٰہ سے مطالبات کرتے ہو تو شرک پھر بھی لازم آگیا تو اس کا جواب یہ ہے کہ اگر حقیقی مالک اور حقیقی معطی غیر اللّٰہ کو سمجھ کر اس سے سوال کیا جائے تو بیشک شرک ہے اور اگر عطاءِ الٰہی کا مظہر اور خزائنِ الٰہیہ کا قاسم اور اللّٰہ تعالیٰ کی طرف سے عطا میں ماذون سمجھ کر مطالبہ کیا جائے تو بالکل جائز ہے صحابہ کرام علیہم الرضوان

Marfat.com

رسُولِ معظم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم سے ضروریات طلب کرتے تھے اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم ان سے چندے وغیرہ طلب فرماتے تھے۔ حضرت ربیعہ بن کعب اسلمی رضی اللہ عنہ کو فرمایا :

سل قال اسئلك مرافقتك فی الجنة قال او غیر ذٰلك قال هو ذاك یا رسول اللّٰه قال فاعنی علٰی نفسك بكثرة السجود ۔ (مسلم شریف، مشکوٰۃ شریف باب السجود و فضلہ)

مجھ سے مانگ انہوں نے عرض کیا میں آپ سے مانگتا ہُوں آپ کی رفاقت جنّت میں، آپ نے فرمایا اس سے بہتر کوئی چیز مانگ لے، اس نے عرض کیا میرا مدعا وہی ہے تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم نے فرمایا تُو اپنے نفس کے خلاف میری اعانت کرنا۔

اس حدیث پاک سے خود نبیِ اکرم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم کا اپنے غلام کو آپ سے مانگنے کا حکم ثابت ہے اسی لیے انہوں نے آپ صلی اللہ علیہ وسلّم سے جنّت کی رفاقت کا سوال اور مطالبہ کیا اور پھر ان کے اس مطالبہ پر جمے رہنے کی صُورت میں نفس کی مخالفت کر کے آپ کی امداد و اعانت کرنے کا حکم دیا۔ اگر اللہ تعالیٰ سے مانگنے کا حکم دیتے تو وُہ یوں عرض نہ کرتے، اسئلك میں آپ سے سوال کرتا ہُوں اور آپ صلی اللہ علیہ وسلّم اگر اللہ تعالیٰ سے سوال کرنے کا حکم دیتے اور وُہ اللہ تعالیٰ سے آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم کی رفاقت کا مطالبہ کرتے یا کراتے تو پھر آپ کا اس سے بکثرت نفل عبادات کر کے آپ کی امداد و اعانت کرنے کا کوئی مطلب نہیں ہو سکتا ؟ کیونکہ جنّت

Marfat.com

میں رفیق بنانے کا مطالبہ وسوال جب اللہ تعالیٰ سے ہی ہو تو اس پر سائل اور داعی کی امداد بذریعہ عبادات کرنے کا مطالبہ بالکل بے جوڑ اور بے ربط مطالبہ ہوگا اور اسی معنیٰ کی تصریح علماءِ اعلام اور اکابرینِ ملت نے کی ہے۔ علامہ علی قاری علیہ الرّحمہ نے سل کا ترجمہ یہی کیا ہے،

اطلب منی حاجة -

مجھ سے اپنی حاجت طلب کرو۔

پوری عبارت ملاحظہ فرمادیں اور نبیِ اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی شانِ جُود و نوال کا مشاہدہ کریں:

ای اطلب منی حاجة وقال ابن حجر اتحفك بها فی مقابلة خدمتك لی لان هٰذا هوشان الکرام ولا اکرم منه صلّی اللہ علیه وسلّم ویوخذ من اطلاقه صلّی اللہ علیه وسلّم الامر بالسوال ان اللہ مکنه من اعطاء کل ما اراد من خزائن الحق و من ثم عد ائمتنا من خصائصه صلّی اللہ علیه وسلّم انه یخص من شاء بماشاء کجعله شهادة خزیمه بن ثابت بشهادتین رواه البخاری و کترخیصه فی النیاحة لام عطیة فی ال فلان خاصة رواه مسلم۔ قال النووی للشارع علیه السلام ان یخص من العموم من یشاء و بالتضحیة بالعناق لابی بردة بن نیار وغیره وذکر ابن سبع فی خصائصه وغیره۔

Marfat.com

ان اللہ اقطعہ ارض الجنۃ یعطی منہا ماشآء لمن شآء

(مرقاۃ شرح مشکوٰۃ ج ۲ ص ۳۲۳)

اے ربیعہ مجھ سے اپنی حاجت طلب کر اور ابن حجر نے فرمایا کہ میں تجھے تیری خدمت کے مقابل حاجت پوری کر کے بدلہ اور تحفہ دوں کیونکہ کریم لوگوں کی شان یہی ہے اور نبی مکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے زیادہ کوئی کرم گستر نہیں ہے اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ان کو سوال اور مطالبہ میں مطلق امر فرمانے اور رخصت دینے سے یہ مطلب اخذ ہوتا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو اپنے خزائن سے ہر ذہ چیز دینے پر قدرت و طاقت دے دی ہے جس کا آپ ارادہ فرمادیں۔ اور یہیں سے ہمارے آئمہ نے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے خصائص اور امتیازی اختیارات میں سے اس امر کو بھی شمار کیا ہے کہ آپ جس شخص کو چاہیں جس چیز کے ساتھ چاہیں مخصوص ٹھہرا سکتے ہیں جیسے کہ حضرت خزیمہ بن ثابت کی شہادت کو دو شہادتوں کے برابر قرار دے دیا جس کو امام بخاری رحمہ اللہ نے روایت کیا اور حضرت ام عطیہ رضی اللہ عنہا کو آلِ فلاں کے لیے بالخصوص نوحہ کی رخصت دیدی جس کو مسلم نے روایت کیا ہے اور امام نووی رحمہ اللہ فرماتے ہیں شارع علیہ السلام کو حق حاصل ہے کہ عمومات شرع میں سے جس کو چاہیں مستثنیٰ اور مخصوص ٹھہرا دیں۔ اور حضرت ابو بردہ ابن نیار رضی اللہ عنہ کیلئے چھ ماہ کے قریب عمر کا بکرا قربانی میں جائز قرار دے دیا (حالانکہ بالاتفاق اس کی عمر سال بھر ہونی ضروری ہے) وغیر ذٰلک، اور ابن سبع نے آپ

Marfat.com

کے خصائص میں ذکر کیا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کو جنت کی زمین بطورِ جاگیر عطا فرمادی ہے اس میں سے جس کو چاہیں جتنا قدر چاہیں عطا فرمائیں۔

شیخ محقق شاہ عبدالحق محدث قدس سرہٗ العزیز فرماتے ہیں:

"از اطلاق سوال کہ فرمود سل بخواہ وتخصیص نکرد بمطلوب خاص معلوم میشود کہ کار ہمہ بدست ہمت وکرامت اوست ہرچہ خواہد وہرکرا خواہد باذن پروردگار خود بدہد۔" ؎

اگر خیریت دُنیا وعقبیٰ آرزو داری

بدرگاہش بیا وہرچہ میخواہی تمنا کن

(اشعۃ اللمعات جلد اوّل ص)

اور بالکل یہی عبارت اور یہی مضمون ومفہوم اس حدیث شریف کا نواب صدیق حسن خان بھوپالی نے مسک الختام میں ذکر کیا ہے ملاحظہ ہو:

تنبیہ: شارحین کرام کے اقوال محض بطور تائید ذکر کیے ہیں ورنہ حدیث شریف سے ہی یہ مفہوم ومعنی بالکل واضح ہے اور علماء دیوبند میں سے اہم ترین مصنف علامہ شبیر احمد نے علی القاری علیہ الرحمہ کے حوالہ سے اس معنیٰ ومفہوم کو ذکر کیا ہے جس سے علماء دیوبند اور غیر مقلدین علماء کے ہاں بھی اس مضمون ومفہوم اور معنیٰ ومقصود کی صحت مسلّم ہوگئی کہ رسالتمآب صلی اللہ علیہ وسلم کو قاسم ارزاقِ الٰہیہ سمجھ کر اور مظہرِ عطاءِ الٰہی سمجھ کر آپ سے مانگنا جائز ہے اور صرف دنیوی ضروریات نہیں بلکہ اخروی حاجات ومطالب بھی طلب کرنا

Marfat.com

جائز اور صحیح ہے۔ اور کیوں نہ ہو جبکہ اللہ تعالیٰ نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف عطا کرنے کی نسبت کرتے ہوئے فرمایا :

وَلَوْ اَنَّهُمْ رَضُوْا مَآ اٰتٰىهُمُ اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ ۙ وَقَالُوْا حَسْبُنَا اللّٰهُ سَيُؤْتِيْنَا اللّٰهُ مِنْ فَضْلِهٖ وَرَسُوْلُهٗٓ ۙ

(سورۃ التوبہ آیت ۵۹)

اور غنی کرنے کی نسبت ان کی طرف فرمائی :

وَمَا نَقَمُوْٓا اِلَّآ اَنْ اَغْنٰىهُمُ اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ مِنْ فَضْلِهٖ ۚ

(سورۃ التوبہ آیت ۷۴)

جب ان کے لیے دینا اور غنی کرنا ثابت تو ان سے لینا اور غنی کرنے کی درخواست والتجا بھی برحق۔

نیز اللہ تعالیٰ کا ارشادِ گرامی ہے :

وَمَآ اٰتٰىكُمُ الرَّسُوْلُ فَخُذُوْهُ ۚ وَمَا نَهٰىكُمْ عَنْهُ فَانْتَهُوْا ۚ

(سورۃ الحشر آیت ۷)

جو تمہیں میرا رسول دے اس کو مضبوطی سے پکڑو اور جس سے منع کریں یا جو تم سے دور رکھیں اس سے دور رہو۔

اس آیتِ کریمہ میں دین و دنیا دونو لحاظ سے عطا و منع اور امر و نہی کی نسبت نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی طرف کی گئی ہے۔

حضرت جبرئیل علیہ السلام حضرت مریم علیہا السلام کے لیے عطاء الٰہی میں واسطہ و وسیلہ تھے تو انہوں نے ہبہ کی نسبت اپنی طرف کرتے ہوئے کہا :

Marfat.com

اِنَّمَآ اَنَا رَسُوْلُ رَبِّكِ ۖ لِاَهَبَ لَكِ غُلٰمًا زَكِيًّا ○

(سورہ مریم آیت ۱۹)

اگر ان کا مظہر عطاءِ الٰہی کے طور پر اس ہبہ کی نسبت اپنی طرف کرنا جائز ہے تو ہمارا بھی کو نین کی نعمتوں کے واسطۂ خلق و ایجاد اور سببِ حصول وصول یعنی رسولِ معظم علیہ السلام کی طرف برزخیت اور توسط اور مظہریت کے لحاظ سے نسبت کرنا جائز ہے۔

نبیِ مکرّم صلّی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم نے خیبر فتح کر لینے کے بعد یہودیوں کو فرمایا

اعلموا انما الارض للّٰہ ولرسولہ وانی اریدان اجلیکم منہا۔ (بخاری شریف)

یقین جانو کہ یہ زمین اللہ تعالیٰ کے لیے اور اللہ تعالیٰ کے رسُول کیلئے ہے اور مَیں تمہیں اس سے جلاوطن کرنے کا ارادہ رکھتا ہوں۔

جب انہوں نے منت سماجت کر کے بطورِ اُجرت زمینوں میں کام کرنے کی اجازت طلب کی تو آپ صلّی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم نے فرمایا :

نقرکم ماشئنا۔

جب تک ہم چاہیں گے تمہیں برقرار رکھیں گے پھر نکال دیں گے۔

بہرکیف اگر بطورِ نیابت زمین پر آپ کی ملکیت ثابت ہے تو بطورِ نیابت آپ سے سوال بھی جائز ہے اور اگر آپ صلّی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم کا لے لینا صحیح ہے اور کسی کا قبضہ ختم کرنا صحیح ہے تو آپ کا عطا کرنا اور قبضہ دینا بھی صحیح ہے،

وغیر ذٰلک من الدلائل والبراھین۔

Marfat.com

طلب میں فوق الاسباب اور تحت الاسباب کے فرق کی لغویت

اہلِ اسلام کو مشرک قرار دینے کے شائقین یہاں بھی تحت الاسباب اور فوق الاسباب کی من گھڑت اصطلاح سے دھوکہ دہی کی کوشش کرتے ہیں، حالانکہ علم و تحقیق کی دُنیا میں اسکی کوئی حیثیت نہیں ہے۔ معمولی سے معمولی دُنیوی چیز کی طلب میں بھی اگر نظر اللہ کی عطا اور منع سے ہٹ جائے اور صرف بندے پر نظر رہے تو یہ شرک ہے اور بڑی سے بڑی نعمت کی عطا میں اگر نظر اللہ تعالیٰ کی ذات پر رہے اور غیر کو صرف عطاءِ باری میں واسطہ سمجھ لیا جائے تو یہ کفر و شرک نہیں ہے۔

ا۔ اللہ تعالیٰ نے اور اس کے رسُولِ مقبول صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم نے کہیں نہیں فرمایا کہ بڑی بڑی چیزیں تو صرف اللہ تعالیٰ سے مانگو اور چھوٹی چھوٹی چیزیں غیروں سے مانگا کرو، اس نے بڑی نعمتوں کی عطا کے لحاظ سے اپنا نام رحمٰن رکھا اور چھوٹی نعمتوں کی عطا کے لحاظ سے رحیم یا دُنیا کی تمام چھوٹی اور بڑی اہلِ اسلام اور کفّار سبھی کو عطا کرنے کے لحاظ سے اپنا نام رحمٰن رکھا اور آخرت کی عظیم نعمتیں اہلِ ایمان کو عطا کرنے کے لحاظ سے رحیم کہلایا کمافسرهما المفسرون تاکہ کوئی یہ نہ سمجھے کہ وُہ شہنشاہوں کا شہنشاہ ہے کہیں چھوٹی سی چیز مانگنے پر ناراض نہ ہو جائے۔ اور نبیِ کریم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم فرماتے ہیں:

لیسٔال احدکم ربہ حاجتہ کلھا حتی شسع نعلہ۔

چاہیے کہ تم میں سے ہر ایک اپنے رب تعالیٰ سے اپنی ہر ہر حاجت طلب

Marfat.com

طلب میں فوق الاسباب اور تحت الاسباب کے فرق کی لغویت

اہلِ اسلام کو مشرک قرار دینے کے شائقین یہاں بھی تحت الاسباب اور فوق الاسباب کی من گھڑت اصطلاح سے دھوکہ دہی کی کوشش کرتے ہیں، حالانکہ علم و تحقیق کی دُنیا میں اس کی کوئی حیثیت نہیں ہے۔ معمولی سے معمولی دُنیوی چیز کی طلب میں بھی اگر نظر اللہ کی عطا اور منع سے ہٹ جائے اور صرف بندے پر نظر رہے تو یہ شرک ہے اور بڑی سے بڑی نعمت کی عطا میں اگر نظر اللہ تعالیٰ کی ذات پر رہے اور غیر کو صرف عطاءِ باری میں واسطہ سمجھ لیا جائے تو یہ کفر و شرک نہیں ہے۔

۱۔ اللہ تعالیٰ نے اور اس کے رسُولِ مقبول صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے کہیں نہیں فرمایا کہ بڑی بڑی چیزیں تو صرف اللہ تعالیٰ سے مانگو اور چھوٹی چھوٹی چیزیں غیروں سے مانگا کرو، اس نے بڑی نعمتوں کی عطا کے لحاظ سے اپنا نام رحمٰن رکھا اور چھوٹی نعمتوں کی عطا کے لحاظ سے رحیم یا دُنیا کی تمام چھوٹی اور بڑی اہلِ اسلام اور کفار سبھی کو عطا کرنے کے لحاظ سے اپنا نام رحمٰن رکھا اور آخرت کی عظیم نعمتیں اہلِ ایمان کو عطا کرنے کے لحاظ سے رحیم کہلایا کما فسرھا المفسرون تاکہ کوئی یہ نہ سمجھے کہ وُہ شہنشاہوں کا شہنشاہ ہے کہیں چھوٹی سی چیز مانگنے پر ناراض نہ ہو جائے۔ اور نبی کرّم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم فرماتے ہیں:

لیسأل احدکم ربہ حاجتہ کلھا حتیٰ شسع نعلہ۔

چاہیے کہ تم میں سے ہر ایک اپنے رَب تعالیٰ سے اپنی ہر ہر حاجت طلب

Marfat.com

کرے حتیٰ کہ جُوتی کا تسمہ بھی۔

اور مروی ہے کہ اللہ تعالیٰ نے حضرت موسیٰ علیہ السلام پر وحی نازل فرمائی:

یا موسٰی سلنی حتّٰی ملح قدرك وشراك نعلك

(رُوح المعانی ص ۶۳ ج ۱)

اے موسیٰ مجھ سے مانگ حتیٰ کہ اپنی ہنڈیا کا نمک اور اپنے جُوتے کا تسمہ بھی۔

۲- علامہ سیّد محمُود آلوسی فرماتے ہیں کہ نبیِ اکرم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کا ارشادِ گرامی ہے:

کل امر ذی بال لا یبدؤ فیہ بِسْمِ اللہ فھو ابتر وعندی ان الاظھر جعل الوصف للتعمیم کما فی قولہ تعالیٰ ولا طائر یطیر بجناحیہ ای کل امر یخطر بالبال جلیلا کان او حقیراً او یبدء بہ الخ و فی ھٰذا غایۃ الاظھار لعظمۃ اللہ تعالیٰ وحث علیٰ التبری عن الحول والقوۃ الا باللہ واشارۃ الیٰ ان قدر العباد غیر مستقلۃ فی الافعال فحمل تبنۃ کحمل جبل ان لم یعن اللہ الملک المتعال۔ (ص ۶۳ ج ۱)

اور میرے نزدیک زیادہ ظاہر اور حتمی معنیٰ یہ ہے کہ امر کے بعد ذی بال کی صفت تعمیم کے لیے ہے جیسے کہ طائر کی صفت یطیر بجناحیہ کے ساتھ کرنا بیان تعمیم کے لیے ہے کہ مُراد ہر اُڑنے والا جانور ہے نہ کہ مخصوص پرندہ اسی طرح

Marfat.com

یہاں بھی مُراد یہ ہے کہ ہر کام اور فعل جو دل میں کھٹکے جلیل وعظیم ہو یا حقیر و صغیر اس میں بسم اللہ کے بغیر آغاز کیا گیا تو وُہ خیر و برکت سے خالی ہوگا اور اس میں **اللہ** تعالیٰ کی عظمت کا انتہائی درجہ پر اظہار ہے اور بندہ کا اپنی قوّت و طاقت سے کامل برأت کا اظہار ہے کہ ہر کام جلیل وحقیر اسکی اعانت اور توفیق سے ہی ہے ورنہ نہیں اور اس میں اس طرف اشارہ ہے کہ بندوں کی قدرتیں اور قوّتیں افعال و اعمال اور امور کی انجام دہی میں مستقل نہیں ہیں بلکہ گھاس کا تنکا اُٹھانا پہاڑ اُٹھانے کے برابر ہے اگر **اللہ** تعالیٰ کی اعانت اور توفیق شاملِ حال نہ ہو۔

اور اوپر ذکر کردہ دُو حدیثیں نقل کرکے فرمایا ؛

فی قوله عَلَيْهِ السَّلام مایدفع عنك توهم عدم رعاية التعظيم فى ذكره عند محقرات الامور وا؛، فرق عند المنصف بين ذكره تعالىٰ عندها وطلبها منه علیٰ ان العارف الجليل لايقع بصره علیٰ بشئ حقير الخ۔ (ص ۶۳)

ان حدیثوں سے وہی مندفع ہو جائے گا کہ حقیر اور قلیل اشیا کا آغاز **اللہ** تعالیٰ کے ذکر اور اس کے نام کی برکت سے کرنے میں اس کی عظمت کی رعایت نہیں پائی جائے گی کسی بھی انصاف پسند کے نزدیک ایسے امورِ حقیرہ کے آغاز میں **اللہ** تعالیٰ کے ذکر اور ان اشیاء کے **اللہ** تعالیٰ سے طلب کرنے میں کوئی فرق نہیں ہوسکتا علاوہ ازیں عارف جلیل کی نظر کسی حقیر شئے

Marfat.com

پر نہیں پڑتی یعنی وُہ اس کو ذاتی حیثیت میں نہیں دیکھتا بلکہ اسکو تخلیق باری کی حیثیت سے دیکھتا ہے اور اس کے شاہکارِ قدرت کے لحاظ سے اور اس جہت سے کوئی شئے بھی حقیر نہیں رہتی۔

الغرض یہ تفرقہ سراسر غلط ہے کہ چھوٹی چھوٹی اور حقیر اور غیر اہم چیزیں تو غیر اللہ دے سکتے ہیں اور بڑی بڑی اور عظیم وجلیل اشیار صرف اللہ تعالیٰ دیتا ہے گویا اللہ تعالیٰ کے ساتھ اغیار کو اس عالم کے انتظام و انصرام اور تدبیر و تصرف میں حصہ دار صرف کفار و مشرکین ہی نہیں تسلیم کرتے تھے بلکہ علمار دیوبند نے بھی ان کی شراکت اور حصہ داری تسلیم کر رکھی ہے۔

۴۔ حضرت شاہ عبدالعزیز صاحب محدث دہلوی فرماتے ہیں :

"شیخ سفیان ثوری روزے در نماز شام امامت می کرد چوں ایاک نعبد و ایاک نستعین گفت بیہوش افتاد چو بخود آمد گفتند اے شیخ ترا چہ شدہ بود گفت چوں ایاک نستعین گفتم ترسیدم کہ مرا گویند کہ اے دروغ گو چرا از طبیب دارو میخواہی واز امیر روزی واز پادشاہ یاری میجوئی ولہذا بعضے از علمار گفتہ اند کہ مرد را باید کہ شرم کند از آنکہ ہر روز و شب پنج نوبت در مواجہۂ پروردگار خود ایستادہ دروغ گفتہ باشد لیکن دریجا باید فہمید کہ استعانت از غیر بوجہیکہ اعتماد بر آں غیر باشد و او را مظہر عون الٰہی نداند حرام است و اگر التفات محض بجانبِ حق است و او را یکے از مظاہر عون دانستہ و نظر بکارخانۂ اسباب وحکمت او تعالیٰ دراں نمودہ بغیر استعانت ظاہر نماید دُور از عرفان نخواہد بود و در شرع نیز جائز و درست و انبیار و اولیار ایں

نوع استعانت بغیر کرده اند و در حقیقت ایں نوع استعانت بغیر نیست بلکہ استعانت بحضرت حق است لا غیر"۔ (مش ج اول)

حضرت سفیان ثوری رحمۃ اللہ علیہ ایک نماز شام میں امامت فرما رہے تھے جب ایاک نعبدُ و ایاک نستعین کہا تو بیہوش ہو کر گر پڑے جب ہوش بحال ہُوا تو لوگوں نے دریافت کیا اے شیخ آپ کو کیا ہو گیا تھا تو انہوں نے کہا جب میں نے ایاک نستعین کہا تو مجھے یہ ڈر اور خوف لاحق ہُوا کہ مجھے کہیں اے جھوٹے تُو کیوں طبیب سے دارو طلب کرتا ہے اور امیر سے روزی طلب کرتا ہے اور بادشاہ سے امداد و اعانت طلب کرتا ہے اور اسی لیے بعض علماء نے کہا ہے کہ آدمی کو شرم کرنی چاہیے اس سے کہ وُہ روز و شب میں پانچ مرتبہ اپنے پروردگار کے روبرو کھڑے ہو کر جھُوٹ بولے۔

لیکن اس جگہ یہ چیز ذہن نشین کر لینی چاہیے کہ غیر اللہ سے استعانت ایسے انداز میں ہو کہ اعتماد اور بھروسہ اسی غیر پر ہو اور اس کو اللہ تعالیٰ کی امداد و اعانت کا مظہر نہ جانے تو بالکل حرام ہے اور اگر التفات و توجّہ محض اللہ تعالیٰ کی جانب ہو اور اس غیر اللہ کو اللہ تعالیٰ کی امداد و اعانت کے مظاہر میں سے ایک مظہر سمجھتے ہُوئے اور اللہ تعالیٰ کے کارخانۂ اسباب اور اس کی حکمت پر نظر رکھتے ہُوئے غیر اللہ سے ظاہری استعانت کرے تو یہ عرفان سے دُوری نہیں ہوگی اور شریعت میں بھی جائز اور درست ہے اور انبیاء و اولیاء نے اس طرح کی استعانت غیر اللہ سے کی ہے اور حقیقت میں اس نوع کی استعانت غیر اللہ سے استعانت نہیں بلکہ اللہ تعالےٰ کی

Marfat.com

بارگاہ سے ہی استعانت ہے۔

۴۔ حضرت سلیمان علیٰ نبینا و علیہ السلام نے بلقیس کا تخت منگوانے کے لیے اپنے درباریوں سے مدد طلب کی اور فرمایا:

ایھا الملاء ایکم یاتینی بعرشھا قبل ان یاتونی مسلمین

اے درباریو تم میں سے کون ہے جو اس کا تخت لے آئے قبل اس کے وہ تابعدار بن کر میرے پاس آئیں۔

علاّمہ شبیّر احمد صاحب عثمانی فرماتے ہیں کہ:

حضرت سلیمان علیہ السّلام کا مقصد یہ تھا کہ بلقیس پر اپنی خُداداد عظمت وقدرت وقوّت کا اظہار فرمادیں تاکہ وُہ سمجھ لے کہ یہ نرے بادشاہ نہیں، بلکہ کوئی اور مافوق العادت باطنی طاقت بھی اپنے ساتھ رکھتے ہیں۔

اور تخت اس مقام سے ایک مہینہ کی راہ پر پڑا تھا اور تخت بھی بہت بڑا تھا اور اس پر سونے چاندی اور ہیرے جواہرات کا جڑاؤ مزید برآں تھا لیکن آپ فوق العادت طاقت اور اسباب عادیہ سے ماورا قوت وقدرت کے ذریعے اس کو منگوانا چاہتے تھے اور درباریوں سے فرماتے ہیں تم میں سے کون لاتا ہے؟ اور سرکش دیو کہتا ہے میں تمہاری کچہری برخواست ہونے سے پہلے لاتا ہوں اور میں یقیناً اس پر قادر ہوں اور لائق اعتماد:

قَالَ عِفْرِيْتٌ مِّنَ الْجِنِّ اَنَا اٰتِيْكَ بِهٖ قَبْلَ اَنْ تَقُوْمَ مِنْ مَّقَامِكَ ۚ وَاِنِّىْ عَلَيْهِ لَقَوِىٌّ اَمِيْنٌ ○

(سورۃ النمل آیت ۳۹)

Marfat.com

مگر آپ نے اس سے جلد لانے کا مطالبہ کیا تو جن اور دیو خاموش رہے اب قول مختار کے مطابق حضرت آصف بن برخیار رضی اللہ عنہ بولے میں آنکھ جھپکنے سے پہلے لا دیتا ہوں :

قَالَ الَّذِیْ عِنْدَهٗ عِلْمٌ مِّنَ الْكِتٰبِ اَنَا اٰتِیْكَ بِهٖ قَبْلَ اَنْ یَّرْتَدَّ اِلَیْكَ طَرْفُكَ ؕ (سورۃ النمل آیت ۴۰)

اور اپنے دعوے کو عملی طور پر پورا کر کے دکھلا بھی دیا اور یہ حضرت آصف کی کرامت تھی اور ان کے قصد و ارادہ سے اس کا ظہور ہوا کیونکہ اپنے پیغمبر اور بادشاہ کے فرمان کی تعمیل کرتے ہوئے عرض کیا میں لا دیتا ہوں اور آنکھ جھپکنے سے بھی پہلے لا دیتا ہوں اور حضرت سلیمان علیہ السلام کا مطالبہ بھی درباریوں سے یہی تھا کہ تم میں سے کون لاتا ہے؟ جب پیغمبر علیہ السلام اس کو اپنے درباریوں کا فعل قرار دیں اور سرکش دیو بھی اپنا دائرۂ قدرت و عمل بیان کرے اور حضرت آصف بھی اپنی خدا داد قدرت کا کرشمہ بتلائیں کہ مجھے اس کے لانے میں پلک جھپکنے کے وقت کی بھی ضرورت نہیں ہے بلکہ پلک جھپکنے سے بھی پہلے لا دیتا ہوں۔

الغرض کرامت کا ولی کے قصد و ارادہ سے سرزد ہونا ثابت ہوگیا۔ نیز اولیاء اللہ کی قدرت و طاقت کا جنات اور شیاطین سے زائد ہونا بھی ثابت ہوگیا اور اسبابِ عادیہ سے مافوق اور ماوراء امور میں پیغمبر علیہ السلام کی طرف سے استمداد و استعانت بھی ثابت ہوگئی اور حضرت آصف کی طرف سے امداد و اعانت بھی۔

Marfat.com

۵ - اسی طرح حضرت یُوسف علیہ السّلام نے اپنے والدِ گرامی حضرت یعقوب علیہ السّلام کی بینائی بحال کرنے کے لیے مافوق الاسباب العادیہ امداد واعانت مہیا فرمائی :

اِذۡهَبُوۡا بِقَمِيۡصِىۡ هٰذَا فَاَلۡقُوۡهُ عَلٰى وَجۡهِ اَبِىۡ يَاۡتِ بَصِيۡرًا ۚ (سُورہ یُوسف آیت ۹۳)

میرا یہ قمیص لے جاؤ پس اسے میرے ابّا جان کے چہرہ پر ڈالو تو وہ بینا ہو جائیں گے ،

اور حضرت یعقوب علیہ السّلام نے اس امداد و اعانت کو قبول فرمالیا اور اس استمداد و استعانت کو شرک و کفر نہ سمجھا بلکہ بالکل مباح اور جائز سمجھ کر حضرت یُوسف علیہ السّلام کا کُرتہ اپنے چہرہ پر ملا اور فوری طور پر بینائی بحال ہوگئی :

فَلَمَّاۤ اَنۡ جَآءَ الۡبَشِيۡرُ اَلۡقٰٮهُ عَلٰى وَجۡهِهٖ فَارۡتَدَّ بَصِيۡرًا‌ ۚ

(سُورہ یُوسف آیت ۹۶)

اس سے بھی واضح ہوگیا کہ غیر عادی اسباب سے تمسک جائز ہے اور مقبولانِ خداوند تعالیٰ نے اس طرح مدد لی بھی ہے اور مدد دی بھی ہے ۔

۶ - حضرت عیسٰی علیہ السّلام کے پاس روزانہ مختلف امراض میں مبتلا لوگ شفا حاصل کرنے کے لیے حاضر ہوتے تھے اور بسا اوقات پچاس پچاس ہزار مریض بھی جمع ہو جاتے تھے اور وُہ سبھی مافوق الاسباب العادیہ آپ سے شفا کے طالب ہوتے تھے نہ کہ عادی اسباب کے تحت جیسے عام اطبّاء کے

Marfat.com

پاس آنے والے مریض اور آپ دعویٰ بھی یہی کرتے ہیں۔

وَاُبْرِئُ الْاَكْمَهَ وَالْاَبْرَصَ وَاُحْيِ الْمَوْتٰى بِاِذْنِ اللّٰهِ

(سورہ آل عمران آیت ۴۹)

میں مادر زاد اندھے کو، برص کے داغوں والے کو، ان عوارض اور بیماریوں سے بری اور شفایاب کرتا ہوں اور مُردوں کو زندہ کرتا ہوں اللہ تعالےٰ کے اذن اور توفیق سے۔

اگر اس غیر معتاد طریقہ پر شفا دینے اور زندہ کرنے میں آپ کا عمل دخل نہیں تھا اور آپ کا قصد و ارادہ اس میں اثر انداز نہیں ہوتا تھا تو اپنی طرف ان افعال کی نسبت کرنا ہی غلط ہوتا اور اگر عمل و دخل ہوتا تھا اور قصد و ارادہ سے ہاتھ پھیرتے تھے تو ان مریضوں کا آپ سے غیر عادی اور فوق العادۃ طریقہ پر استمداد و استعانت کرنا ثابت ہوگیا اور آپ کا انہیں امداد و اعانت مہیا کرنا ثابت ہوگیا۔

لہٰذا نظر حقیقۃً اللہ تعالیٰ کی ذات پر ہو تو صرف نمک اور جوتے کے تسمہ میں ہی نہیں بڑے بڑے عظیم مطالب و مقاصد میں غیر اللہ سے سوال اور طلب اور استمداد و استعانت جائز ہے اور نظر اللہ تعالیٰ سے ہٹ کر صرف اور صرف اسباب پر اور غیر اللہ پر مرکوز ہو جائے، خواہ اسباب عادیہ ہی ہوں تو ناجائز اور حرام بلکہ شرک ہے۔

استقلال اور عدم استقلال اور اللہ تعالیٰ اور غیر اللہ پر نظر و اعتماد کا فرق

۱۔ حضرت شاہ عبدالعزیز قدس سرہٗ العزیز کے حوالے سے پہلے عرض کیا جاچکا

Marfat.com

ہے کہ مشرکین کی استعانت اور اہلِ اسلام کی استعانت میں کیا فرق ہے :
"دوم آنکہ بالاستقلال چیزیکہ خصوصیت بجناب الٰہی دارد مثل فرزند یا بارش باراں یا دفع امراض یا طُول عمر و مانند آں چیزہا بے آنکہ دُعا و سوال از جناب الٰہی در نیت منظور باشد از مخلوقے درخواست نمایند ایں نوع حرام مطلق بلکہ کفر است اگر از مسلماناں کسے از اولیار مذہب خود زندہ یا مُردہ ایں نوع مدد خواہد از دائرہَ مسلماناں خارج میشود بخلافِ بُت پرستاں کہ ہمیں نوع مدد از معبودان باطل خود میخواہند و آنرا جائز می شمارند" (فتاویٰ عزیزیہ ص۸۲ ج ۲)
دُوسری صُورت مدد و اعانت طلب کرنے کی یہ ہے کہ مستقل طور پر ہر وُہ چیز جس کا عطا کرنا اللّٰہ تعالیٰ کے ساتھ مختص ہے مثلاً بیٹا دینا، بارش عطا کرنا، مرض دُور کرنا یا درازیَ عمر اور اس قسم کی دیگر اشیار کا عطا کرنا بغیر اس کے کہ اللّٰہ تعالیٰ کی بارگاہ سے دُعا اور سوال نیت میں ایسی استعانت حرام مطلق بلکہ کفر ہے اور اگر کوئی مسلمان اولیار کرام سے خواہ زندہ ہوں یا فوت شدہ ایسی مدد طلب کرتا ہے تو دائرہ مسلمانی سے خارج ہو جائے گا، بخلاف بُت پرستوں کے کہ وُہ یہی استعانت اپنے معبوداتِ باطلہ سے کرتے ہیں اور اس کو جائز سمجھتے ہیں۔
۲۔ اور فرماتے ہیں :
بُت پرستان ہرگز شفاعت نمی خواہند بلکہ معنیٰ شفاعت را نمی دانند نہ در دل خود تصور می کنند (تا) بلکہ از بتانِ خود درخواست مطلب خود می کنند
بُت پرست ہرگز بُتوں سے شفاعت اور سفارش طلب نہیں کرتے بلکہ شفاعت

Marfat.com

کا معنیٰ بھی نہیں جانتے اور نہ دل میں اس کا تصور ہی رکھتے ہیں (تا) بلکہ اپنے بتوں سے ہی اپنے مطالب اور حاجات پورے کرنے کی درخواست کرتے ہیں۔

الغرض کوئی اولاد کا حصول اور بارش اور درازیٔ عمر اور امراض کے ازالہ اور صحت کے حصول کا سبب عادی یا سبب غیر عادی اطبار و حکما اور ڈاکٹروں وغیرہ کو سمجھ کر یا انبیار و رسل علیہم السلام اور مقبولانِ بارگاہِ خداوندی کو سمجھ کر استعانت و استمداد کرے تو نہ ایمان و عرفان سے دور نہ شرعًا ناجائز اور حرام اور اگر ان کو مؤثر حقیقی اور مستقل معطی سمجھ کرے تو ایمان و عرفان سے دور اور شرعًا ناجائز اور حرام اور اس میں زندہ و مردہ کا فرق بھی لغو و باطل اور اسبابِ عادیہ اور غیر عادیہ کا فرق بھی لغو اور باطل۔

فائدہ: بندہ کی ان گزارشات سے واضح ہو گیا کہ

"ظن ان المیّت یتصرف فی الامور دون اللّٰہ واعتقاده بذٰلك کفر"

(یعنی یہ گمان کہ میّت بغیر اللّٰہ تعالیٰ کے امور میں تصرف کرتا ہے اور ایسا اعتقاد کفر ہے)

کا قول جو علامہ سرفراز صاحب نے بحر الرائق اور رد المحتار کے حوالے سے ذکر کیا ہے اس کا ہمارے مذہب و مسلک کے ساتھ کوئی تعلق نہیں ہے کیونکہ نبی و ولی کا تصرف اللّٰہ تعالیٰ کے سوا تسلیم کرنا دعوائے استقلال ہے اور یہ ہمارا مذہب نہیں ہے اور مذہب وہ ہے جو اوپر بیان ہو چکا اس میں د... حقیقی

Marfat.com

متصرف نہیں صرف اللہ تعالیٰ ہی حقیقی متصرف ہے لہٰذا اس عقیدہ کا کفر ہونا اس عبارت سے ثابت نہیں ہوتا۔ معلوم ہوتا ہے کہ ان علما حضرات کو اہل السنت کا عقیدہ معلوم کرنے سے غرض نہیں صرف فتویٰ بازی اور فتنہ پردازی کا ذوق وشوق پورا کرنا مقصود ہے اور ؎

دینِ مُلّا فی سبیل اللہ فساد

کو سچّا ثابت کرنے کی سعیٔ بلیغ ہی ملحوظِ خاطر ہے۔

نذر و نیاز کی اباحت

صاحبِ ردالمحتار علامہ شامی رحمہ اللہ نے اس عبارت کے بعد یہ بھی فرمایا تھا:

اللّٰهم الا ان قال يا الله انى نذرت لك ان شفيت مريضى اورددت غائبى اوقضيت حاجتى ان اطعم الفقراء الذين بباب السيدة النفيسه اوالامام الشافعى او الامام الليث اواشترى حصرًا لمساجدهم او زيتا لوقودها اودراهم لمن يقوم بشعائرها الى غير ذلك مما يكون النفع فيه للفقراء والنذر لله تعالىٰ وذكرالشيخ انما هو محل لصرف النذر لمستحقيه القاطنين برباطه اومسجده فيجوز بهٰذا الاعتبار۔

(صفحہ ۱۲۹ ج ۲)

Marfat.com

مگر اس طرح کہے کہ اے اللہ میں نے تیرے لیے نذر مانی اگر تو میرے مریض کو شفا دے یا میرے غائب کو لوٹائے یا میری حاجت پوری کرے تو میں ان فقراء کو کھانا کھلاؤں گا جو سیدہ نفیسہ رضی اللہ عنہا یا امام شافعی رحمہ اللہ یا امام لیث رحمۃ اللہ علیہ کے دربار اور درگاہ پر موجود ہیں یا ان کی مساجد کیلئے بوریے اور چٹائیاں خریدوں گا یا ان کی مساجد میں جلانے کے لیے تیل خرید کر دوں گا اور دراہم دوں گا ان تمام شخصوں کو جو ان کے شعائر کی نگہداشت کرتے ہیں وغیرہ ذٰلک جس میں نفع و فائدہ فقراء کے لیے ہو اور نذر اللہ تعالیٰ کے لیے، اور شیخ کا (یا دیگر اکابر کا) ذکر صرف اس نذر کے مستحقین کا مصرف متعین کرنے کے لیے کیا جائے جو ان کی خانقاہ یا مسجد میں قیام پذیر ہوں تو اس اعتبار سے یہ نذر جائز ہے۔

درِ مختار میں فرمایا :

واعلم ان النذر الذی یقع للاموات من اکثر العوام
ومایؤخذ من الدراھم والشمع والزیت ونحوھا
الی ضرائح الاولیاء الکرام تقربا الیھم فھو بالاجماع
باطل وحرام مالم یقصد واصرفھا لفقراء الانام

(صفحہ ۱۳۹)

جان لیجیے کہ وہ نذر جو فوت شدہ بزرگوں کے لیے اکثر عوام کی طرف سے وقوع پذیر ہوتی ہے اور جو دراہم اور شمعیں اور تیل وغیرہ اولیاء کرام کے مزارات پر لیجائے جاتے ہیں ان کا تقرب حاصل کرنے کے لیے تو وہ

Marfat.com

بالاجماع باطل اور حرام ہے جبتک ان اشیاء کو فقراء و مساکین پر صرف کرنے کا قصد و ارادہ نہ کریں۔

حضرت علامہ سیدی عبدالغنی نابلسیؒ "حدیقہ ندیہ" میں اولیاء اللہ کی نذروں کے بارے میں فرماتے ہیں :

والنذر لهم بتعليق ذٰلك على حصول شفاء اولقدوم غائب فانه مجاز عن الصدقة على الخادمين بقبورهم

(حدیقہ ندیہ)

اولیاء کرام کے لیے جو نذر مانی جاتی ہے اور اس کو مریض کی شفا یا غائب کی آمد کے ساتھ معلق اور مشروط کیا جاتا ہے تو وہ ان کی قبور کے خادمین پر صدقہ و خیرات سے عبارت ہے بطورِ مجاز (متعارف) کے یعنی اس کا حقیقی معنیٰ جو کہ مالی عبادت ہے وہ مراد نہیں ہوتا۔

حضرت شاہ رفیع الدین صاحب اپنے رسالہ نذر میں فرماتے ہیں :

نذرے کہ ایں جا مستعمل میشود نہ بر معنیٰ شرعی است چہ عرف آنست کہ آنچہ پیش بزرگاں میبرند، نذر و نیاز می گویند۔

جو لفظ نذر کا اس جگہ استعمال کیا جاتا ہے وہ اپنے شرعی معنیٰ پر محمول نہیں بلکہ معنیٰ عرفی پر محمول ہے اس لیے کہ جو کچھ بزرگوں کی بارگاہ میں لے جاتے ہیں اس کو (عرفِ عام والے) نذر و نیاز کہتے ہیں۔

فقیہ ابواللیث رحمہ اللہ نے اپنے فتاویٰ میں ذکر فرمایا ہے :

الناذر لغير الله ان قصد بالنذر التقرب الى غير الله

Marfat.com

وظن انه یتصرف فی الامور کلھا دون اللہ تعالیٰ
فنذرہ حرام باطل وارتدادہ ثابت وان قصد بذلک
النذر التقرب الی اللہ تعالیٰ وایصال الثواب للاولیاء
ویعلم انہ لا تتحرک ذرۃ الا باذن اللہ ویجعل الاولیاء
وسائل بینہ وبین اللہ تعالیٰ فی حصول مقاصدہ
فلاحرج فیہ وذبیحتہ حلال۔

غیر اللہ کے لیے نذر ماننے والے نے اگر نذر کے ساتھ غیر اللہ کے تقرب اور اس کی عبادت کا قصد کیا ہے اور یہ گمان کیا کہ وہی تمام امور میں متصرف ہے نا کہ اللہ تعالیٰ تو اس کی نذر حرام اور باطل اور اس کا مرتد ہونا ثابت ہے۔ اور اس نذر کے ساتھ صرف اللہ تعالیٰ کے تقرب اور عبادت کا قصد کرے اور ثواب اولیاء کرام کو پہنچانے کا ارادہ کرے اور اس امر کا یقین رکھے کہ کوئی ذرہ بھی اللہ تعالیٰ کے امر کے بغیر حرکت نہیں کر سکتا اور اولیاء کرام کو اپنے اور اللہ تعالیٰ کے درمیان وسائل سمجھے اپنے مقاصد و مطالب کے حصول میں تو اس میں کوئی حرج نہیں ہے اور اسکا ذبیحہ حلال ہے
حضرت علامہ احمد المعروف ملا جیون صاحب تفسیرات احمدیہ میں فرماتے ہیں :

ومن ھھنا علم ان البقرۃ المنذرۃ للاولیاء کما
ھو الرسم فی زماننا حلال طیب۔

اور یہیں سے معلوم ہو گیا کہ اولیاء کرام کے لیے نذر کی جانے والی گائے

Marfat.com

جیسے کہ ہمارے زمانے میں اس کی رسم و رواج ہے حلال طیب ہے۔

اوّل : زکوٰۃ اللہ تعالیٰ کی مالی عبادت ہے لیکن اس کے مصارف فقراء مساکین ہیں تو یہ کہنا جس طرح صحیح ہے کہ زکوٰۃ اللہ تعالیٰ کیلئے ہے، اسی طرح بیانِ مصارف کے طور پر یہ کہنا بھی صحیح ہے :

اِنَّمَا الصَّدَقٰتُ لِلْفُقَرَآءِ وَالْمَسٰكِيْنِ

(سورۃ التوبہ آیت ۶۰)

کہ زکوٰۃ و صدقات فقراء و مساکین وغیرہ کے لیے ہیں اسی طرح نذر بھی وہ مالی عبادت ہے جس کو کوئی اپنے ذمے لے لیتا ہے تو بحیثیت عبادتِ خداوند تعالیٰ ہونے کے اس کی نسبت اللہ تعالیٰ کی طرف ہوگی اور کھلانے اور صرف کرنے کے لیے کسی ولی اور مقبولِ بارگاہِ خداوند تعالیٰ کے آستانہ پر رہائش پذیر فقراء و مساکین کی طرف نسبت صحیح ہوگی اور ایصالِ ثواب کے لحاظ سے اس بزرگ کی طرف نسبت درست اور مباح ہوگی۔ اللہ تعالیٰ کا حق علیحدہ ہے اور مخلوق سے اس کا تعلق دوسرا ہے جسطرح قربانی اللہ تعالیٰ کی عبادت ہے اور اس کا کھانا اور کھلانا مخلوقِ خدا کو جائز ہے۔ اس طرح اس کا ثواب کسی کو دے دینا بھی جائز جس طرح نبیِ اکرم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے اپنی قربانی کے اجر و ثواب میں اُمت کے فقراء و مساکین کو شریک کرتے ہوئے فرمایا :

اَللّٰھُمَّ ھٰذا عنی وعمن لم یضح من امتی۔

(مشکوٰۃ باب الاضحیہ)

Marfat.com

اور حضرت علی مرتضیٰ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے :

ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اوصانی ان اضحی عنہ ۔

مجھے میرے رسول صلی اللہ علیہ وسلم نے حکم دیا کہ میں ان کی طرف سے قربانی کروں ۔ (ابن ماجہ وغیرہ)

لہٰذا محض نذر کے عبادت ہونے کی آڑ میں اولیاء اللہ کی طرف اسکی نسبت کرنے والوں کو مشرک قرار دے ڈالنا سراسر ظلم و تعدی ہے اور عدوان وطغیان ہے علی الخصوص جبکہ فقہاء کرام نے جواز کی صورت بھی ساتھ ہی واضح کر دی ہو مگر اس کو ذکر کرنا بھی گوارا نہ کیا جائے اور اپنے قارئین کو اس کی خبر بھی نہ ہونے دی جائے تو یہ دیانت و امانت کے بھی خلاف ہے اور علماء دین اور مقتدایانِ قوم کی شان کے بھی سراسر خلاف ہے کسی مسلمان کو بلا وجہ کافر و مشرک قرار دینا اپنے دین و ایمان کو برباد کرنے کے مترادف ہے اور شیطان لعین کے دام فریب اور دجل و تلبیس میں گرفتار ہونے کی دلیل و برہان ہے۔ مشرکین کہ جو نذر و نیاز دیتے تھے وہ اپنے اصنام و اوثان کے لیے ایصالِ ثواب کے طور پر نہیں دیتے تھے بلکہ اللہ تعالیٰ میں اور ان میں تقسیم اور تقابل کے طور پر یہ مالی عبادت سرانجام دیتے تھے۔

هٰذَا لِلّٰهِ بِزَعْمِهِمْ وَهٰذَا لِشُرَكَآئِنَا ؕ

(سورۃ الانعام ۱۳۶)

اور یہاں سب کچھ ہی اللہ تعالیٰ کی عبادت ہے جو ثواب اپنے فضل و کرم

Marfat.com

سے وُہ عطا فرمائے گا وُہ اولیاء کرام کو پیش کرنا مطلوب و مقصود ہوتا اور ان دونوں صورتوں میں کتنا واضح فرق ہے کیا حضرت سعد رضی اللہ عنہ نے بحکم رسالت کنواں کھود کر اور ڈول رسّا اور چرخی لگا کر جو کہا تھا "ھٰذا لام سعد" تو ان کا وُہ فعل بھی ان کی والدہ کی عبادت متصوّر ہوگا اور ان کو مشرک قرار دے دو گے؟ اور پھر یہ سبق سکھلانے والی ذاتِ مقدسہ بھی اس فتوے کی لپیٹ میں لائی جائے گی جس نے یہ مالی عبادت غیر اللہ کے لیے جاری کی؟ نعوذ باللہ من ذٰلک۔ علامہ سرفراز جیسے محققین اسی تاثر کو عام کر رہے ہیں کہ علماء دیوبند میں کوئی عقلِ سلیم اور فہمِ سقیم کا مالک موجود ہی نہیں بلکہ وُہ بھی ضدی اور ہٹ دھرم اور جہلِ مرکب میں مبتلا لوگ ہیں اے کاش ان کو اس نقصان وخسران کا جلد از جلد احساس ہو سکے اور اُمتِ مسلمان دھاندلیوں اور سینہ زوریوں سے محفوظ ہو سکے۔

الغرض نذر کا عبادت ہونا اور عبادت کا غیر اللہ کے لیے جائز نہ ہونا اس امر کا موجب اور باعث ہرگز نہیں ہے کہ اس کا ثواب بھی دوسروں کو نذر نہ کر سکیں۔

ایصالِ ثواب کو نذر سے تعبیر کرنے کا سبب

زندہ آدمی اگر محترم و مکرم اور عزیز و کریم ہو تو اس کو پیش کی جانے والی چیز ہدیہ اور تحفہ کہلاتی ہے اور محتاج و فقیر کو دی جانے والی صدقہ کہلاتی ہے اسی طرح فوت شدگان کو دنیوی اشیاء تو نہ پہنچائی جا سکتی ہیں اور نہ یہ ان کو مفید اور نہ ہی اس کا کوئی قصد و ارادہ ہی کرتا ہے تو لامحالہ ان کو ثواب

Marfat.com

کی صورت میں ہی یہ تحائف بھیجے جا سکتے ہیں تو جہاں عوام مومنین کے لیے ایصالِ ثواب اور فاتحہ و درود کے عام سے لفظ استعمال کر دیئے گئے تو خواص اور مقبولانِ بارگاہ کے امتیاز اور اختصاص کو اجاگر کرنے کے لیے اس کو نذر سے تعبیر کر دیا گیا کیونکہ ثواب شئے کا شئے کی شل ہوتا ہے اور اصل عمل اللّٰہ کے لیے نذر ہے تو اس کے ثواب کو بھی مجاز بالشکلت کے تحت نذر سے تعبیر کر دیا گیا جیسے کہ بزرگ شخصیت کے لیے پیش کیے گئے ہدیہ کو نذرانہ سے تعبیر کر دیا جاتا ہے اور یہی وجہ ہے کہ مولوی اسمٰعیل دہلوی صاحب نے کہا:

اس امر (بزرگوں کی نذر و نیاز) کی اصل بہت عمدہ ہے اور شرع شریف کے مطابق ہے۔ (صراط مستقیم ص۹۱)

پس امور مروّجہ یعنی فاتحہ اور عرس اور نذر و نیاز میں آتنی بات کی خوبی میں کچھ شک و شبہ نہیں۔ (صراط مستقیم ص۹۳)

اگر نذر و نیاز کا یہ عرفی معنیٰ ملحوظ نہ رکھا جائے تو پھر اس کی خوبی اور عمدگی اور شرع شریف کی موافقت کیونکر متصوّر ہو سکتی ہے اور جب ہندوستان میں سب سے پہلے مشرک ساز اور کافر گر شخص نے یہ فرق تسلیم کر لیا تو اس کے روحانی فرزندوں کو اس سے نظریں چرانے کی کوئی گنجائش نہیں تھی۔

گلدستۂ توحید

مشرکین عرب مسجدِ حرام کا طواف کرتے وقت یہ تلبیہ پڑھا کرتے تھے:

لَبَّیْکَ لَاشَرِیْکَ لَکَ اِلَّا شَرِیْکًا تَمْلِکُہٗ وَمَا مَلَکَ

(ادکاقال مسلم ص۳۷۶ ، مشکوٰۃ ص۲۲۳)

Marfat.com

اس صحیح حدیث سے معلوم ہوا کہ مشرکین لا شریک لک کہہ کر ذاتی اور مستقل طور پر خدا تعالیٰ کے شریک کی نفی کرتے تھے اور الا شریکا سے جو شریک ثابت کرتے تھے تو ساتھ ہی اس کی تصریح کرتے تھے کہ وہ تیرا ہی ہے اور خود ذاتی طور پر کسی چیز کا مالک نہیں بلکہ تو ہی اس کا مالک ہے یعنی اس صحیح حدیث سے ثابت ہوگیا کہ مشرکین اس کو خدا تعالیٰ کا مملوک تابع فرمان اور خدا تعالیٰ کے مقابلہ میں بے بس سمجھتے تھے اور یہ تلبیہ سب سے پہلے عمرو بن لحی نے پڑھا تھا۔ (ص ۱۲۵)

گلشنِ توحید و رسالت

علامہ سرفراز صاحب بچارے اہل السنت کو اللہ تعالیٰ کی طرف سے رسل کرام علیہم السلام اور اولیاء عظام میں عطائی کمالات اور اختیارات تسلیم کرنے کی وجہ سے مشرک بنانے کے شوق میں دور دور کی کوڑیاں لاتے ہیں، اور اپنے عقل و شعور اور فہم و دانش کو بھی ایک طرف رکھ دیتے ہیں اہل اسلام کا مسلّم عقیدہ ہے شریک الباری ممتنع اور ہر کتاب میں محال و ناممکن کی تمثیل کے طور پر اس کو ذکر کیا جاتا ہے اور محض فرض کے طور پر نہیں بلکہ تسلیم و اعتراف کے طور پر۔

اور قولِ باری تعالیٰ :

اِنَّ اللّٰہَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ کے عموم سے بھی اس کو اس لیے خارج کر دیا گیا ہے کہ شیٔ سے مراد ممکن الوجود ہے لہٰذا جس طرح واجب الوجود

Marfat.com

اس عموم سے عقلاً مخصوص ہے ایسے ہی ممتنع الوجود یعنی شریک الباری بھی اور اس میں اللہ تعالیٰ کی قدرت قاہرہ غالبہ میں کوئی نقص اور ضعف لازم نہیں آتا بلکہ خود اس ممتنع امر میں نقص ہے کہ وُہ قدرت باری تعالیٰ کے تعلّق کے قابل نہیں ہے مگر علاّمہ صاحب مشرکین کی حماقت اور جہل و نادانی کو نظر انداز کر کے صرف اہلِ اسلام کے خلاف اس کو بطور بُرہان استعمال فرماتے ہیں۔ اگر شرکت کا معنیٰ وُہ نہیں سمجھ سکے تھے تو تمہاری عقل کہاں غائب ہوگئی ہے۔ مملوکیت میں اور شرکت میں کیا باہمی ربط و تعلق ہوسکتا ہے؟ اگر مملوک ہے تو شریک نہیں اور شریک ہے تو مملوک نہیں ہوسکتا کیونکہ اللہ تعالیٰ واجب الوجود لذاتہ ہے تو اس کا شریک بھی وہی ہوگا جو واجب الوجود لذاتہ ہو اور جب دُوسرے واجب الوجود لذاتہ کا تحقّق محال ہے تو ان کا یہ استثناء سراسر جہالت پر مبنی تھا۔

نیز اگر وُہ کافر اور جاہل لوگ شریک باری ثابت کریں اور اس کو مملوک بھی مانیں اور اس کے اختیارات عطائی بھی مانیں تو کیا اس پر یہ تفریع مترتّب کرلینا صحیح ہوگا کہ ان کا یہ عقیدہ چونکہ غلط تھا بلکہ مشرکانہ تھا لہٰذا انبیاء و ملائکہ کے لیے عطائی کمالات اور وہبی اختیارات تسلیم کرنا بھی غلط ہے؟ حضرت سلیمان علیہ السّلام کے لیے بے نظیر سلطنت کا ثبوت قرآنِ مجید میں منصوص اور شیاطین و جنّات کا ان کے لیے مسخّر ہونا اور ہَوا کا ان کے لیے مسخّر ہونا اور ان کے امر و حکم سے چلنا قرآنِ مجید میں بصراحت مذکور ہے۔

قال تعالیٰ :

Marfat.com

مصنف گلشنِ توحید و رسالت

علامہ محمد اشرف سیالوی کی دیگر تصانیف

- کوثر الخیرات لسید السادات ﷺ
- تنویر الابصار بنور النبی المختار ﷺ
- جلاء الصدور
- انبیاء سابقین اور بشارت سید المرسلین ﷺ
- دی ہولی بائبل اور شان انبیاء میں گستاخیاں
- تحفۂ حسینیہ

جامعہ غوثیہ مہریہ منیر الاسلام سرگودھا

Marfat.com

فَسَخَّرْنَا لَهُ الرِّيحَ تَجْرِي بِأَمْرِهِ رُخَاءً حَيْثُ أَصَابَ ۝ وَالشَّيٰطِينَ كُلَّ بَنَّاءٍ وَّغَوَّاصٍ ۝ وَّاٰخَرِيْنَ مُقَرَّنِيْنَ فِي الْاَصْفَادِ ۝ هٰذَا عَطَآؤُنَا (سورہ ص آیت ۳۶ تا ۳۹)

حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے لیے احیاء اموات اور ابراء اکمہ و ابرص وغیرہ کمالات قرآن مجید میں وضاحت کے ساتھ بیان فرمائے گئے ہیں تو کیا ان کا اعتقاد و اعتراف بھی شرک قرار پائے گا؟ اللہ تعالیٰ نے اپنی عادت کریمہ ہی یہی بیان فرمائی ہے، تؤتی الملك من تشآء تو کیا ملوکِ دنیوی میں ملک وسلطنت کا اعتراف و اعتقاد بھی شرک قرار پائے گا؟ لہٰذا بطورِ نیابت وخلافت ملک وسلطنت اور اختیارات وتصرفات کا حصول موجب شراکت نہیں اور اہلِ اسلام کے عقیدہ کا مشرکین کے اس لغو قول پر قیاس سراسر باطل ہے۔

عجیبہ کُفار ومشرکین ان بیجان مجسموں میں بھی کمالات وتصرفات مانتے تھے جنکو اللہ تعالیٰ نے کوئی کمال اور خوبی کوئی قدرت وطاقت نہیں دی تھی اور علماء دیوبند ان میں بھی ماننے کو تیار نہیں جن کے لیے اللہ تعالیٰ اعلان فرما رہا ہے اور ان کمالات کو اپنی عطا و بخشش بلکہ اپنی قدرت وطاقت کا شاہکار قرار دے رہا ہے جیسے کہ ملائکہ مقربین کے لیے قبض ارواح اور روزی رسانی، عذاب وقہر نازل کرنا اور رحم میں نطفہ سے لے کر تکمیل مراحل تک تصرفات وتدبیرات آیاتِ کلامِ مجید اور احادیث رسول کریم علیہ السلام میں بصراحت مذکور ہیں تو کیا ان کا بھی انکار کردیں۔

Marfat.com

قُلْ يَتَوَفّٰكُمْ مَّلَكُ الْمَوْتِ الَّذِيْ وُكِّلَ بِكُمْ

(سورۃ السجدہ آیت ۱۱)

تَوَفَّتْهُ رُسُلُنَا (سورۃ الانعام آیت ۶۱)

فَالْمُدَبِّرٰتِ اَمْرًا ۝ (سورۃ النزعٰت آیت ۵) الیٰ غیر ذٰلک

ہم یہ سمجھنے سے قاصر ہیں کہ کوئی شخص بقائمی ہوش وحواس اس قسم کی حرکت بھی کر سکتا ہے؟ اور اہلِ اسلام اور مشرکین کو ایک سطح پر رکھ سکتا ہے؟

گلدستۂ توحید

حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلوی فرماتے ہیں کہ مشرکین کا عقیدہ یہ تھا کہ (آقا تو خدا تعالیٰ ہی ہے) اور وہی مدبر ہے لیکن وہ کبھی اپنے بندوں کو بزرگی اور الوہیت کا لباس پہنا دیتا ہے اور ان کو بعض کاموں میں تصرّف کا حق دے دیتا ہے اور ان کی اپنے بندوں کے حق میں شفاعت قبول کرلیتا ہے جیسے شہنشاہ بڑے کاموں کے علاوہ خاص خاص صوبوں میں اپنے نائب مقرر کرتا ہے اور ان صوبوں کے کچھ اختیارات ان کے سپرد کرتا ہے۔

(حجۃ اللہ البالغہ)

اور حضرت شاہ صاحب ہی لکھتے ہیں کہ اہلِ جاہلیت کا زندقہ اور الحاد یہ بھی تھا کہ وہ کہا کرتے تھے کہ یہاں فرشتوں اور ارواحِ پاکاں کے کچھ ایسے نفوس ہیں جو زمین والوں کی بڑے کاموں کے علاوہ چھوٹے چھوٹے کاموں میں تدبیر کرتے ہیں مثلاً عابد کے نفس کی اصلاح، اس کی اولاد اور مال کی حفاظت

Marfat.com

(تا) اور اس کی وجہ یہ ہے کہ چونکہ اللہ تعالیٰ نے بعض امور عالم اسباب میں فرشتوں کے سپرد کیے ہیں اور اللہ تعالیٰ اپنے مقبول بندوں کی دعائیں قبول کر لیتا ہے تو اس سے ان لوگوں نے یہ غلط نظریہ قائم کر لیا کہ شاید فرشتوں کو اور نیک لوگوں کو اللہ تعالیٰ نے ایسے ہی اختیارات سونپ دیئے ہیں جیسے کوئی بادشاہ اپنے گورنروں اور ماتحت حکام کو سونپ دیا کرتا ہے اور یہی ان کے فساد عقیدہ کی جڑ تھی کہ انہوں نے بن دیکھی چیز کو دیکھی ہوئی چیز پر قیاس کر لیا اور کھلی غلطی کا شکار ہوئے۔ (ص ۱۳۵ ج ۱)

مشرکوں کا مسلمانوں کے ساتھ اس بات پر مکمل اتفاق تھا کہ بڑے بڑے اور اٹل اور محکم کاموں میں اللہ تعالیٰ نے کسی کو اختیار نہیں دیا لیکن وہ کہتے تھے کہ اللہ تعالیٰ کے وہ نیک بندے جوان سے پہلے اللہ تعالیٰ کی عبادت اور تقرب الی اللہ کی وجہ سے بارگاہِ الٰہی میں مقبول اور مقرب ہو چکے اللہ تعالیٰ نے ان کو جزوی طور پر الوہیت کا منصب عطا فرمایا ہے سو وہ اللہ تعالیٰ کی مخلوق کی طرف سے عبادت کے مستحق ہیں جیسا کہ کوئی خادم بادشاہ کی خدمت کرتا ہے تو وہ اس خدمت کا صلہ یوں دیتا ہے کہ کسی اقلیم اور خطۂ ارض کا اس کو حاکم مقرر کر دیتا ہے تاکہ وہ من وجہ مخدوم ہو جائے اور لوگ اس کی اطاعت اور فرمانبرداری کریں۔

اور وہ لوگ یہ بھی کہا کرتے تھے کہ اللہ تعالیٰ کی ذات بہت بلند ہے اور ہمارے جیسے ضعیف اور کمزور لوگوں کی عبادت براہِ راست اللہ تعالیٰ تک کب پہنچ سکتی ہے؟ اس لیے ہمیں پہلے ان درمیانی واسطوں کا دروازہ کھٹکھٹانا

Marfat.com

چاہیے اور ان کا تقرب حاصل کرنا چاہیے تاکہ یہ ہم سے راضی ہو جائیں اور اللہ تعالیٰ کے ساتھ ہمارا رابطہ اور تعلق جوڑ دیں تاکہ ہم بھی خدا تعالیٰ تک پہنچ سکیں۔ (ص۵۹ ج ۱)

اور ایک جگہ تحریر فرماتے ہیں کہ انہوں نے اپنے نام بھی عبدالمسیح اور عبدالعزیٰ وغیرہ رکھ لیے تھے۔ (ص۶۱)

حضرات آجکل بعض کلمہ گو مدعیانِ اسلام کا بھی یہی شرک ہے ایک رتی فرق نہیں۔ کیا مافوق الاسباب سفارشوں کا نظریہ ان میں آج موجود نہیں ہے؟ یا عبدالرسول عبدالنبی اور پیراندتہ وغیرہ نام آج سننے میں نہیں آتے؟ شراب شرک تو وہی پرانی ہے البتہ بوتلوں کی رنگت بدل دی گئی ہے اور لیبل بھی اسلامی لگا دیا گیا ہے۔ (ص۱۲۵ تا ص۱۲۶)

گلشنِ توحید و رسالت

مقبولانِ بارگاہ کی خلافت و نیابت اور حق اللہ اور حق رسول کا تلازم

اس امر کی بارہا وضاحت کی جا چکی ہے کہ اللہ تعالیٰ نے مختلف ذمہ داریاں ملائکہ کو سونپی ہوئی ہیں اور وہ اللہ تعالیٰ کے اذن سے تدبیر و تصرف فرماتے ہیں اور انبیاء علیہم السلام بھی امتوں کی ہدایت و ارشاد اور ان کے لیے امر و نہی کے منصب پر فائز ہوتے ہیں اور بعض کو نبوت و رسالت کے ساتھ ساتھ ظاہری حکومت و سلطنت بھی عطا کی گئی جس طرح حضرت داؤد اور حضرت سلیمان علیہما السلام اور نبی الانبیاء صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور ان کی

Marfat.com

اطاعت کو اللہ تعالیٰ نے لازم اور ضروری قرار دیا:

وَمَآ اَرْسَلْنَا مِنْ رَّسُوْلٍ اِلَّا لِيُطَاعَ بِاِذْنِ اللّٰهِ ؕ

(سورۃ النساء آیت ۶۴)

مَنْ يُّطِعِ الرَّسُوْلَ فَقَدْ اَطَاعَ اللّٰهَ ۚ (سورۃ النساء آیت ۸۰)

اَطِيْعُوا اللّٰهَ وَاَطِيْعُوا الرَّسُوْلَ (سورۃ النساء آیت ۵۹)

اور عصیان و نافرمانبرداری اور مخالفت کو حرام اور ممنوع قرار دیا:

مَنْ يَّعْصِ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ فَقَدْ ضَلَّ ضَلٰلًا مُّبِيْنًا ۝ (احزاب)

مَنْ يُّشَاقِقِ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ فَاِنَّ اللّٰهَ شَدِيْدُ الْعِقَابِ ۝

(سورۃ الانفال آیت ۱۳)

وَمَنْ يُّشَاقِقِ الرَّسُوْلَ مِنْۢ بَعْدِ مَا تَبَيَّنَ لَهُ الْهُدٰى وَيَتَّبِعْ غَيْرَ سَبِيْلِ الْمُؤْمِنِيْنَ نُوَلِّهٖ مَا تَوَلّٰى وَنُصْلِهٖ جَهَنَّمَ ؕ وَسَآءَتْ مَصِيْرًا ۝ؑ (سورۃ النساء آیت ۱۱۵)

رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی رضامندی اور اپنی رضامندی کو ایک شے قرار دیا:

وَاللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗۤ اَحَقُّ اَنْ يُّرْضُوْهُ (سورۃ التوبہ آیت ۶۲)

الیٰ غیر ذٰلک من الآیات۔

انہیں کو ملحوظ رکھتے ہوئے علامہ ابن تیمیہ فرماتے ہیں:

فی هذا وغیره بیان لتلازم الحقین و ان جهة حرمة الله تعالیٰ ورسوله جهة واحدة فمن اٰذی الرسول

Marfat.com

فقد اذی اللہ ومن اطاعہ فقد اطاع اللہ لان الامۃ لا یصلون ما بینھم وبین ربھم الا بواسطۃ الرسول۔ لیس لاحد منھم طریق غیرہ ولا سبب سواہ وقد اقامہ اللہ مقام نفسہ فی امرہ ونھیہ واخبارہ وبیانہ فلا یجوز ان یفرق بین اللہ ورسولہ فی شئ من ھذہ الامور۔ (الصارم المسلول ص۴۱)

اس ارشادِ باری تعالیٰ اور دیگر ارشادات میں دونو حقوق یعنی حق اللہ اور حق رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں تلازم ثابت ہے اور اس امر کا بیان ہے کہ اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی حرمت وعزت کی جہت اور سبب ایک ہے پس جس نے رسولِ معظم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو ایذار دی اس نے اللہ تعالیٰ کو ایذاء دی اور جس نے رسولِ محتشم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی اطاعت کی تو اس نے اللہ تعالیٰ کی اطاعت کی کیونکہ اُمت اپنے اور اللہ تعالیٰ کے درمیان ربط وتعلق اور وصل وقُرب نہیں حاصل کر سکتی مگر رسولِ معظم نبی محترم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ذریعے۔ ان میں سے کسی کے لیے سوائے آپ کے نہ کوئی ذریعہ اور راستہ ہے اور نہ کوئی سبب اور وسیلہ اور تحقیق اللہ تعالیٰ نے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو اپنا قائم مقام بنا دیا ہے امر ونہی میں اور اخبار وبیان میں لہٰذا یہ جائز ہی نہیں کہ اللہ تعالیٰ اور اسکے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے درمیان ان امور میں سے کسی امر میں تفریق کی جائے بلکہ اللہ تعالیٰ نے مسلمان امراء اور حکام کی بھی اطاعت لازم فرمائی۔

Marfat.com

اَطِیۡعُوا اللّٰهَ وَاَطِیۡعُوا الرَّسُوۡلَ وَاُولِی الۡاَمۡرِ مِنۡكُمۡ ۚ

(سورۃ النساء آیت ۵۹)

اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

من یطع الامیر فقد اطاعنی ومن یعص الامیر فقد عصانی۔ (مشکوٰۃ کتاب الامارۃ والقضاء)

جس نے میرے مقرر کردہ امیر اور حاکم اسلام کی اطاعت کی اس نے میری اطاعت کی اور جس نے امیر کی نافرمانبرداری کی اس نے میری نافرمانبرداری کی لہٰذا یہ دیکھتے ہوئے کہ چونکہ کفار و مشرکین اپنے معبودات میں عطائی تصرفات تسلیم کرتے تھے اور ان کا یہ عقیدہ بھی غلط اور باطل تھا لہٰذا ہمیں اپنے رسل و انبیاء میں اور ملائکہ مقربین میں عطائی قدرت و طاقت اور تدبیر و تصرف کو بھی تسلیم نہیں کرنا چاہیے اور جو یہ تسلیم کرے اس کو بھی قدیم مشرکین جیسا مشرک قرار دے دینا چاہیے اور ان دونوں میں رتی برابر فرق روا نہ رکھنا چاہیے سراسر لغو و باطل ہے اور قرآن مجید اور احادیث رسول صلی اللہ علیہ وسلم کا انکار ہے اور دنیا و آخرت میں موجب حرمان و خسران ہے۔

باہمی فرق کیا ہے؟

علامہ سرفراز صاحب نے چونکہ آیاتِ کلام مجید کو بھی نظر انداز کیا اور اپنے نقل کردہ ان اقوال میں بھی حتی المقدور کتمانِ حقیقت سے کام لیا جن میں بت پرستی کی حقیقت بیان کی اور اگر کوئی لفظ اس حقیقت پر دلالت کرنے والا

Marfat.com

غیر ارادی طور پر ان کی زبانِ قلم پر آبھی گیا تو انہوں نے اس پر غور و فکر اپنے آپ پر حرام کر لیا ورنہ ایسی الجھن میں مبتلا نہ ہوتے اور اُمتِ مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم پر شرک اور کفر کے فتوے لگا کر ظلمِ عظیم اور عدوان و طغیان کے مرتکب نہ ہوتے مگر، ع خود کردہ را علاجے نیست۔

آیئے دیکھیں اہلِ اسلام اور مشرکین میں کیا فرق ہے؟

۱۔ مشرکین نے ان اصنام و اوثان اور صور و تماثیل میں ایسے اختیارات و تصرفات تسلیم کیے جو نہ ان کو اللہ تعالیٰ نے دیئے اور نہ ہی وُہ ان کے اہل تھے۔

۲۔ مشرکین نے اپنے معبوداتِ باطلہ میں الوہیت تسلیم کی حالانکہ الوہیت عطائی ہو ہی نہیں سکتی اور نہ ہی وُہ قدرتِ باری کے عطا و ایجاد کے تعلق کے لائق اور سزاوار ہے۔ غیر اللہ کو شریک اور الٰہ بنانا ممتنعات میں سے ہے، جبکہ وُہ متعلقاتِ قدرت میں سے نہیں ہیں۔

۳۔ مشرکین نے ان کو دنیوی نوابوں اور گورنروں وغیرہ پر قیاس کیا جو اپنے دائرہ کار میں خود بخود متصرف و مدبر ہوتے ہیں اور حاکمِ اعلیٰ ان کے تدبیرات اور تصرفات میں رکاوٹ نہیں بنتا یا ان میں موجود صلاحیتوں اور استعدادوں کو بروئے کار لانے کی اجازت دے دیتا ہے جبکہ اللہ تعالیٰ ہر ہر امر میں خود مؤثرِ حقیقی اور مدبرِ حقیقی ہے مثلاً ملک الموت قبضِ ارواح میں سبب اور کاسب ہے خالقِ موت اللہ تعالیٰ ہے۔ ہدایت خلائق میں انبیاء علیہم السلام سبب اور کاسب ہیں مؤثرِ حقیقی اللہ تعالیٰ ہے، وسیاتی تحقیقہ ان شاء اللہ تعالیٰ۔

۴۔ مشرکین نے اللہ تعالیٰ کو تدبیر کائنات میں ان کا محتاج سمجھا اور اکیلے

Marfat.com

تمام تر مخلوق میں تدبیر و تصرّف سے قاصر سمجھا۔ کما قال تعالیٰ:

اَجَعَلَ الْاٰلِهَةَ اِلٰهًا وَّاحِدًا ۚ اِنَّ هٰذَا لَشَیْءٌ عُجَابٌ ۝

(سورہ ص آیت ۵)

۵۔ مشرکین نے اس مفروض و مظنون تدبیر و تصرّف کی وجہ سے اپنے معبودات کو لائقِ عبادت سمجھا اور ان کی عبادت کا التزام کیا حالانکہ عبادت کمالاتِ ذاتیہ کی متقاضی ہے عطائی کمالات اور قدرت و اختیارات اطاعت کا دارومدار ہوسکتے ہیں، (بشرطیکہ عطا بھی ہوں) نہ کہ عبادت کا۔

۶۔ مشرکین نے اپنے فرضی مدبرین اور متصرفین کو تو الوہیت اور خداوندی کا درجہ دے دیا اور اللہ تعالیٰ کے بھیجے ہوئے مصلحین اور مرشدین اور ہادیوں، رہبروں کو رسول و نبی بھی ماننے کو تیار نہ ہوئے بلکہ ان کی ایذا رسانی اور توہین و تحقیر بلکہ قتل کی سازشوں میں کوئی کسر نہ چھوڑی۔

۷۔ رسولوں اور نبیوں کے ذریعے اللہ تعالیٰ کے بیان فرمودہ راستہ پر چلنے اور نظریہ و عقیدہ اور عمل و کردار اپنانے اور تحریم و تحلیل میں ان کی اتباع و اطاعت کی بجائے اپنے رؤسا اور اکابر کی اطاعت و اتباع اور اقتدار و پیروی کو ترجیح دی، وغیر ذٰلک من الضلالات۔

لیکن اہلِ اسلام بحمداللہ تعالیٰ ان تمام ضلالات اور کفریات اور شرکیہ حرکات سے محفوظ و مصئون اور منزّہ و مبرّا ہیں اور بالخصوص اہل السنت وجماعت اور اگر کوئی عامی ان ضلالات میں مبتلا ہو تو اس کی وجہ سے علماءِ اعلام اور خواص کو مورد الزام ٹھہرانے اور مجرم گرداننے کی کوئی وجہ نہیں ہوسکتی۔

Marfat.com

شیخ محقق شاہ عبدالحق محدّث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں :
نعم اگر زائراں اعتقاد کنند کہ اہلِ قبور متصرف و مستبد و قادر اند بے توجہ بحضرت حق والتجاء بجناب وے چنانکہ عوام جاہلاں غافلاں اعتقاد دارند چنانکہ می کنند آنچہ حرام ومنہی عنہ است از تقبیل قبر و سجدۂ آن و نماز بسوئے وے وجز آں آنچہ نہی تحذیر واقع شدہ است ایں اعتقاد و ایں افعال ممنوع و حرام خواہد بود و فعل عوام اعتبارے ندارد و خارج مبحث است و حاشا کہ عالم بشریعت و عارف باحکام دین کہ اعتقاد بکند ایں اعتقاد را و ایں فعل را بکند۔

(اشعۃ اللمعات صد ۴۰۱ جلد سوم)

ہاں اگر قبورِ اولیاء کی زیارت کرنے والے یہ عقیدہ رکھیں کہ اہلِ قبور خود تصرّف کرنے والے ہیں اور مستقل طور پر تصرّف کرتے ہیں اور صاحبِ قدرت ہیں بارگاہِ خداوندتعالیٰ کی طرف توجّہ اور التجا کیے بغیر جیسے کہ عوام جاہل اور غافل عقیدہ رکھتے ہیں چنانچہ ایسے افعال کرتے ہیں جو حرام اور ممنوع ہیں یعنی قبور کو بوسہ دینا اور سجدہ کرنا اور ان کی طرف مُنہ کر کے نماز ادا کرنا وغیرہ جو کہ ممنوعہ اور قابلِ احتراز امور ہیں تو ان کا یہ اعتقاد اور یہ افعال ممنوع اور حرام ہوں گے اور عوام کے افعال کا اعتبار نہیں ہے اور وُہ موضوعِ بحث سے خارج ہیں۔ شریعت کا علم رکھنے والے اور احکامِ دین کے عارف اس سے بہت دُور اور محفوظ ہیں کہ وُہ ایسا عقیدہ رکھیں اور ایسے فعل کریں۔

شاہ عبدالعزیز محدّث دہلوی قدّس سرّہٗ کا ارشاد بھی گزر چکا، کہ وُہ اُمور جن کا عطا فرمانا اللہ تعالیٰ کے ساتھ مختص ہے مثلاً فرزند عطا کرنا، بارش برسانا

Marfat.com

امراض کا دُور کرنا اور عُمر میں طوالت و درازی عطا کرنا وغیرہ کسی غیراللہ سے طلب کرنا اس طرح پر کہ اس کو عطا میں مستقل سمجھا جائے بغیر اس کے کہ اللہ تعالیٰ سے دُعا و سوال نیت میں ہو ایسی استعانت و استمداد حرام مطلق بلکہ کُفر ہے اور اگر کوئی مسلمان اولیاء کرام سے خواہ بقیدِ حیاتِ ظاہرہ ہوں یا دارِ بقاء میں ہوں ایسی استمداد کرے تو دائرہ مسلمانی سے خارج ہو جائے گا، بخلاف بُت پرستوں کے کہ وُہ یہی استعانت اپنے معبوداتِ باطلہ سے کرتے ہیں اور اس کو جائز سمجھتے ہیں۔

مدارِ توحید اور شرک کیا ہے؟

حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلوی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ فرماتے ہیں:

اعلم ان للتوحید اربع مراتب ، یعنی واضح ہو کہ توحید کے چار مرتبے ہیں' پہلا یہ ہے کہ وجوب الوجود کی صفت کو باری تعالیٰ کے ساتھ خاص کر دے پس اس کے ہاں اس کے سوا کوئی واجب الوجود نہ ہو۔ اور دُوسرا مرتبہ یہ ہے کہ عرش آسمان اور زمین اور تمام جواہر کا خالق خُدا تعالیٰ ہی کو سمجھے۔ یہ دونوں مرتبے ایسے ہیں جن سے کتبِ الٰہیہ میں بحث نہیں کی گئی۔ اور نہ ہی مشرکینِ عرب یہود و نصاریٰ نے ان میں مخالفت کی ہے بلکہ قرآن یہ کہتا ہے کہ یہ دونوں مرتبے سب کے نزدیک مُسلّم ہیں۔ تیسرا مرتبہ یہ ہے کہ زمین و آسمان اور ان کے درمیان کی ہر چیز کا مدبر خُدا تعالیٰ کو سمجھے۔ چوتھا مرتبہ یہ ہے کہ اس کے سوا دُوسرا کوئی مستحقِ عبادت نہیں ہے ان دونوں مرتبوں میں قدرتی ربط و تعلق ہے اور یہ دونوں لازم

Marfat.com

و ملزوم ہیں۔

ان دونو مرتبوں میں لوگوں نے اختلاف کیا ہے ان میں تین بڑے فرقے ہیں۔ پہلا فرقہ مجاسوں (صابئین) کا ہے جو کہتے ہیں کہ ستارے عبادت کے لائق ہیں، اور ان کی پرستش سے دنیوی منفعت حاصل ہوتی ہے اور اپنی حاجات انکے سامنے پیش کرنا بجا اور درست ہے۔ وُہ کہتے ہیں کہ ہم نے اس امر کی خوب تحقیق کرلی ہے کہ روزمرہ کے حوادث میں انسان کی سعادت اور بدبختی میں، تندرستی اور بیماری میں ستاروں کا بڑا اثر اور دخل ہے اور ان کیلئے نفوس مجردہ ہیں جو ان کو حرکت میں لاتے ہیں اور وُہ اپنے عبادت گزاروں سے بےخبر نہیں۔

پس ان لوگوں نے ان کے نام پر مُورتیاں بنا کر پرستش کی۔

دُوسرا فرقہ مشرکین کا ہے جو اہلِ اسلام کے ساتھ اس بات میں تو متفق ہیں کہ تمام بڑے کاموں کی تدبیر خُدا وند تعالیٰ کرتا ہے اور جو کچھ کرتا ہے وہی کرتا ہے اس میں کسی کو کچھ اختیار نہیں۔ لیکن باقی امور میں مسلمانوں کے مخالف ہیں چنانچہ وُہ کہتے ہیں کہ اچھے لوگوں نے اللہ تعالیٰ کی خوب عبادت کی اور وُہ اللہ تعالیٰ کے مقرّب ہوگئے پس اللہ تعالیٰ نے ان کو الوہیت عطا فرمادی جس کی وجہ سے وُہ پرستش کے مستحق ہوگئے جیسے کوئی شخص بادشاہ کی حد درجہ خدمت کرے تو اس کے صلہ میں بادشاہ اس کو کسی ملک کی حکومت وسلطنت عطا کردے اور اپنے کسی شہر کی حکومت سپرد کردے تو وُہ اس کا مستحق ہے کہ اس شہر کے لوگ اس کی خدمت اور اطاعت کریں اور اس کی بات سنیں۔

اور وُہ یہ بھی کہتے ہیں کہ خُدا کی عبادت ان کی عبادت ساتھ شامل کیے بغیر

Marfat.com

مقبول نہیں ہوتی بلکہ اللہ تعالیٰ کا رتبہ نہایت بلند ہے پس اس کی عبادت سے تقربِ الٰہی حاصل نہیں ہوسکتا بلکہ ان کی پرستش ضروری ہے تاکہ یہ قربِ الٰہی کا ذریعہ بن جائیں اور وُہ یہ بھی کہتے ہیں کہ وُہ سُنتے، دیکھتے ہیں اور اپنے پجاریوں کی سفارش کریں گے اور ان کے امور کی تدبیر کرتے ہیں اور ان کی نصرت و امداد کرتے ہیں۔

پس ان کے ناموں کے پتھر تراش لیے جب وُہ ان لوگوں کی طرف متوجہ ہوتے تھے تو ان پتھروں کو اپنی توجہ کا قبلہ بناتے تھے پھر ان مشرکین کے بعد اور لوگ پیدا ہوئے انہوں نے ان پتھروں میں اور ان لوگوں میں کوئی فرق نہ کیا جن کے لیے یہ پتھر تراشے گئے تھے اور خود انہی پتھروں کو معبود قرار دے لیا اسی لیے خُدا تعالیٰ نے ان کے رد میں کبھی تو اس طرح متنبہ کیا کہ حکم اور ملک صرف اللہ تعالیٰ ہی کے لیے ہے اور کبھی بیان فرمایا کہ یہ جمادات ہیں کیا ان کے پاؤں ہیں جن سے وُہ چلتے ہیں اور کیا ان کے ہاتھ ہیں جن سے پکڑتے ہیں یا ان کی آنکھیں ہیں جن سے دیکھ سکتے ہیں یا ان کے کان ہیں جن سے سُن سکتے ہیں؟

تیسرا فرقہ نصارٰی کا ہے جنہوں نے کہا کہ مسیح علیہ السلام کو خُدا تعالےٰ سے خاص تقرب ہے اور تمام مخلوق سے ان کا مرتبہ بلند ہے اس لیے ان کو بندہ کہنا مناسب نہیں ورنہ وُہ دُوسروں کے برابر ہوجائیں گے اور یہ ان کی بے ادبی ہے اور ان کے قربِ خُداوندی کو نظر انداز کرنے کے مترادف ہے پھر بعض نصارٰی نے اس خصُوصیت کے اظہار کے لیے ان کو ابن اللہ سے

Marfat.com

تعبیر کیا کیونکہ باپ بیٹے پر رحم کرتا ہے اور اسکی اپنی نگرانی میں تربیت کرتا ہے اور چونکہ وُہ عام بندوں سے بلند مرتبت ہیں لہٰذا ان کے لیے یہی اسم اور لقب موزوں ترین ہے اور بعض نے ان کا نام اللہ رکھ دیا یہ اعتقاد رکھتے ہوئے کہ اللہ تعالیٰ نے ان میں حلول کیا ہوا ہے اور ان کا باطن وہی ہے اور اسی لیے ان سے ایسے آثار اور عجائبات صادر ہوئے جو آج تک کسی بشر سے نہیں ہوئے مثلاً مُردوں کا زندہ کر دینا، پرندوں کو پیدا کرنا، پس عیسٰی علیہ السلام کا کلام بعینہٖ اللہ تعالیٰ کا کلام ہے اور ان کی عبادت بالکل خدا تعالیٰ کی عبادت ہے۔

ان کے بعد اور لوگ پیدا ہوئے جنہوں نے اس نام کی وجہ تسمیہ کو نہ سمجھا اور وُہ بیٹے کے لفظ کو حقیقی معنیٰ میں استعمال کرنے لگ گئے یا ان کو من جمیع الوجوہ واجب الوجود سمجھنے لگ گئے۔ اسی لیے اللہ تعالیٰ نے ان کے اقوال کو کبھی اس طرح رد کیا ہے کہ خدا تعالیٰ کی بیوی ہی نہیں بیٹا کہاں سے ہوگیا اور کبھی اس طرح تردید فرمائی کہ وُہ آسمان و زمین کا پیدا کرنے والا ہے اس کے امر کن سے ہی ہر چیز پیدا ہو جاتی ہے پھر اس کو بیٹا بنانے کی کیا ضرورت ہے۔

(حجۃ اللہ البالغہ باب التوحید ص۱۱۹ تا ص۱۲۱)

نیز فرماتے ہیں:

واضح ہو کہ عبادت نہایت درجہ عاجزی اور تواضع کا نام ہے اور کسی سے غایت تواضع اور عجز کے اظہار کی دو صورتیں ہیں مثلاً ایک شخص کا کھڑا ہونا دوسرے کا سجدہ کرنا یا قصد و ارادہ اور نیت سے ہوتی ہے مثلاً سجدہ کے ذریعے بندے اپنے مولیٰ کی تعظیم کا قصد کریں اور قیام کے ذریعے رعیت

Marfat.com

اپنے بادشاہ کی تعظیم کا اور شاگرد اپنے استاد کی تعظیم کا اور کوئی تیسری صورت تعظیم کی نہیں ہے لیکن جب یہ ثابت ہو چکا کہ ملائکہ نے حضرت آدم علیہ السلام کو سجدہ کیا اور حضرت یوسف علیہ السلام کے بھائیوں نے ان کو سجدہ کیا اور اس طرح ان کی تعظیم کی حالانکہ سجود سے بڑھ کر اور کوئی تعظیم نہیں ہے تو ضروری ہوا کہ تعظیم عبادت اور غیر عبادت تعظیم میں نیت کے ذریعے ہی فرق کیا جائے

پس اس کی یوں تنقیح کی جائے گی کہ تذلل یہ چاہتا ہے کہ متواضع اور عاجز میں ضعف ہو اور قوی اور عزیز میں قوت ہو۔ ذلیل اور عاجز میں ذلت اور پستی کو ملحوظ رکھا جائے اور دوسرے میں شرف اور رفعت کو ملحوظ رکھا جائے ذلیل اور عاجز میں اطاعت و فرمانبرداری اور دوسرے میں تسخیر اور نفاذِ حکم کا لحاظ رکھا جائے اور جب انسان کو اپنے حال پر چھوڑیں تو وہ ضرور بالضرور یہ بات معلوم کر لیتا ہے کہ قوت، شرف اور تسخیر وغیرہ جن کو کمالات سمجھا جاتا ہے ان کے دو درجے ہیں ایک درجہ اور مرتبہ تو وہ ہے جسکو اپنی ذات اور اپنے مشابہ اشیاء میں پاتا ہے اور دوسرا درجہ وہ ہے جو حدوث و امکان کے داغ سے منزہ و مبرّا ذات میں پایا جاتا ہے یا ان میں جنکی طرف اس بلند بالا ذات کے خصوصیات میں سے کوئی شے منتقل ہو تو علم غیب کے بھی دو مرتبے ہیں ایک وہ مرتبہ ہے جو غور و خوض اور مقدمات کے ترتیب دینے سے یا ذہن کے حدس یا خواب اور الہام وغیرہ ایسے اسباب سے معلوم کیا جائے جو اس سے جدا نہ ہوں۔ دوسرا مرتبہ علم ذاتی کا ہے جو کہ خاص ذات عالم کا مقتضیٰ ہے جس کو وہ کسی دوسرے سے نہ حاصل کر سکتا ہے اور نہ اس

Marfat.com

کو استدلال سے حاصل کرتا ہے۔ اور ایسے ہی تدبیر، تاثیر اور تسخیر وغیرہ کے الفاظ سے جس معنیٰ کو تعبیر کیا جاتا ہے انسان اپنے طور پر اس میں بھی دو درجے سمجھتا ہے ایک یہ ہے کہ ہاتھ پاؤں اور دیگر اعضاء و قویٰ کو بروئے کار لایا جائے اور مزاجی کیفیات حرارت و برودت وغیرہ سے امداد لی جائے یا اس کی مانند دیگر امور سے امداد لی جائے جن کی استعداد قریب یا بعید اس میں موجود ہے دُوسرا درجہ یہ ہے کہ بغیر کیفیتِ جسمانیہ وغیرہ کو استعمال کیے کسی چیز کو پیدا کر دیا جائے اور اللہ تعالیٰ کے اس قول سے یہی مُراد ہے کہ اللہ تعالیٰ جس چیز کو پیدا کرنا چاہتا ہے تو کن کہتے ہی کر دیتا ہے۔

اور ایسے ہی انسان عظمت و شرف اور قوت کے بھی دو درجے اور مرتبے سمجھتا ہے ایک وُہ مرتبہ ہے جو کہ بادشاہ کو رعیت پر باعتبار کثرتِ اعوان اور مالی فراوانی کے حاصل ہوتا ہے یا طاقتور کو کمزور پر اور استاد کو شاگرد پر الغرض ان میں باہم ایک قسم کی مشارکت نفسِ عظمت میں پائی جاتی ہے لیکن دوسرا درجہ عظمت کا وُہ ہے کہ جو صرف اس ذات میں پایا جاتا ہے جس کی رفعت و شان نہایت اعلیٰ درجہ کی ہے۔

اور آپ اس راز اور سر کی تحقیق و تفتیش میں بس نہ کریں جب تک اس بات کا یقین نہ کر لیں کہ جو شخص سلسلۂ ممکنات کو ایسے واجب کی طرف انجام پذیر سمجھتا ہے کہ وُہ کسی دُوسرے کا محتاج نہیں تو وُہ ان تمام صفات کو جو مقامِ مدح میں ذکر کی جاتی ہیں دُو درجوں میں تقسیم کرتا ہے ایک وُہ جو شانِ خداوندی کے لائق ہو اور دُوسرا وُہ جو اس کی اپنی حالت اور شان کے لائق ہو اور چونکہ وُہ الفاظ

Marfat.com

جو دونو درجوں اور مرتبوں کی تعبیر میں استعمال کیے جاتے ہیں باہم معنیٰ کے لحاظ سے قریب قریب تھے پس بسا اوقات نصوصِ الٰہیہ کو ان سے مُراد و مقصُود معانی کی بجائے دُوسرے معانی پر محمول کیا جانے لگا اور بسا اوقات انسان جب اپنے بعض بنی نوع افراد سے یا ملائکہ وغیرہ سے کوئی کام اور فعل واثر صادر ہوتا دیکھے جو ابنائے جنس سے بعید معلوم ہوتا ہے تو اس کی نظر میں اصلی حالت مشتبہ ہو جاتی ہے تب اس کے لیے وُہ قدسی مرتبہ اور تسخیرِ الٰہی ثابت کرتا ہے حالانکہ لوگ اس مرتبہ کی شناخت اور عدم شناخت میں برابر نہیں ہیں۔ بعض وُہ ہیں جو ان انوار کی قوتوں کا احاطہ کر لیتے ہیں جو سوالید پر غلبہ پانے والے ہوتے ہیں اور ان کو اپنے ہم جنس سے ممتاز کر لیتے ہیں اور بعض میں ان انوار کی قوتوں کے احاطہ کی تاب و تواں نہیں ہوتی اور ہر انسان اپنی استعداد اور استطاعت کے مطابق مکلف ہوتا ہے۔ (تا)

تشبیہ اور نجُوم کے ساتھ شرک اور ان عباد صالحین کے ساتھ شرک جن سے خوارق عادات کا ظہور ہُوا مثلاً کشف اور قبولیت دُعا وغیرہ مشرکین میں موروثی تھا اس لیے اللّٰہ تعالیٰ نے جس قوم میں بھی کوئی نبی مبعوث فرمایا تو اس کیلئے لازم ٹھہرایا کہ وُہ انہیں شرک کی حقیقت سمجھائے اور دونو درجوں کا باہمی امتیاز بیان کرے اور مقدس ترین اور بلند و بالا درجہ کو واجب تعالیٰ میں منحصر کرے اگرچہ الفاظ باہم قریب قریب ہی کیوں نہ ہوں جیسے کہ رسُول کریم صلی اللّٰہ علیہ وسلم نے ایک طبیب کو فرمایا کہ تو صرف رفیق ہے طبیب تو صرف اللّٰہ تعالیٰ ہی ہے اور جیسے فرمایا کہ سید تو صرف اللّٰہ تعالیٰ ہے ان حدیثوں میں طبیب اور

Marfat.com

سید کے خاص معانی مُراد لیے گئے ہیں (اگرچہ عام معنیٰ کے اعتبار سے دُوسروں کو طبیب اور سید کے الفاظ سے تعبیر کیا جاتا ہے)۔

جب رسُولِ معظم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم کے صحابہ کرام اور حاملین دین کا زمانہ گزر گیا اور ناخلف لوگ پیدا ہو گئے جنہوں نے نمازوں کو ضائع کیا اور خواہشات کی پیروی کی اور ان مستعملہ الفاظ اور باہم مشتبہ اطلاقات سے غیر مقصودی معانی مُراد لینے لگے جیسے کہ محبوبیت اور شفاعت کو اللہ تعالیٰ نے تمام شریعتوں میں خاص بندگانِ خداوند تعالیٰ کے لیے ثابت کیا ہے لیکن لوگ اس کے مناسب اور موزوں معانی مُراد نہیں لیتے۔ ایسے ہی خوارق عادات اور مکاشفات سے وُہ لوگ یہ مُراد لیتے ہیں کہ علمِ الٰہی اور اس کی قدرت وتسخیر اعلیٰ اس بندے میں منتقل ہو گئے ہیں جو ایسے کام کرتا ہے۔ حالانکہ یہ امور حقیقت میں ناسوتی اور روحانی قوتوں کا فیض ہیں جو بندے میں تدبیرِ الٰہی کے خاص انداز میں نزول کی اہلیت وصلاحیت پیدا کرتے ہیں۔ اور یہ اس ایجادِ خاص اور خاص امور سے نہیں جو واجب تعالیٰ کے ساتھ مختص ہیں۔ (تا)

اوّل اوّل مجھ پر توحیدِ خاص کا یہ علم اس طرح منکشف ہوا کہ میرے سامنے ایسی قوم پیش کی گئی جو ایک چھوٹی سی زہریلی مکھی کے لیے سجدہ کرتی تھی جو ہمیشہ اپنی دُم اور ہاتھ پاؤں ہلاتی رہتی تھی تو میرے دل میں القا ہُوا کہ کیا تو ان میں بھی شرک کی تاریکی پاتا ہے اور ان کو ان کے گناہوں نے بھی اس طرح گھیر رکھا ہے جس طرح بُت پرستوں کو؟ میں نے کہا نہیں کیونکہ انہوں نے مکھی کو اپنا قبلہ قرار دیا ہے اور انہوں نے تذلّل کے ایک درجہ کو دُوسرے کے ساتھ خلط ملط نہیں

Marfat.com

کیا (جو واجب تعالیٰ کے ساتھ مختص تھا) تو مجھے کہا گیا تجھے اس راز کی ہدایت اور رہنمائی ہوگئی تو اس دن سے میرا دل اس علم سے بھرپور ہوگیا اور مجھے کامل بصیرت حاصل ہوگئی اور میں نے توحید و شرک کی حقیقت معلوم کرلی۔

(حجۃ اللہ البالغہ مع ترجمہ باب فی بیان حقیقۃ الشرک ص۱۲۱ تا ۱۲۵)

اور جن امور کو شریعت مطہرہ نے اس اشتراک کا محل و موقعہ قرار دیا ہے اور میں نے عبادت کا تدبیر و تصرف کے ساتھ ارتباط معلوم کرلیا۔

فوائد و ثمرات

حضرت شاہ صاحب قدس سرہٗ کی ان عبارات سے واضح ہوگیا کہ اللہ تعالیٰ وجوب الوجود میں عرش و کرسی اور سمٰوٰت والارض و دیگر جواہر کی تخلیق میں اور آسمانوں اور زمینوں میں موجود ہر چیز کی تدبیر و تصرف میں منفرد و یکتا ہے اور عبادت بھی اسی کا حق ہے کیونکہ تدبیر اور عبادت باہم لازم و ملزوم ہیں نیز مخلوقات اور خالق جلّ و علیٰ میں صفات کمالیہ پر دلالت کرنے والے الفاظ گو ایک جیسے ہیں لیکن ان کے معانی مقصودہ بالکل مختلف اور متباین ہیں۔ اور جو معانی اللہ تعالیٰ کے ساتھ مختص ہیں ان کے ارادے سے غیر اللہ پر ان کا اطلاق شرک ہے اگر مخلوق کے شایان شان معنی مُراد لیے جائیں خواہ وُہ ان کے ناسوتی اور رُوحانی امتیازات و اختصاصات پر دلالت کرنے والے ہی کیوں نہ ہوں شرک لازم نہیں آئے گا مثلاً علم جتنا بھی عام اور محیط ہو لیکن بتقاضائے ذات نہ ہو قدرت وطاقت اور تسخیر و تدبیر درجۂ غایت کو نہ پہنچی ہو جس کو کُن فیکون سے تعبیر کیا

Marfat.com

جاتا ہے خواہ جس قدر بھی اس کا دائرۂ اثر وسیع کیوں نہ ہو، وغیر ذٰلک۔

اور اسی فرق کو صفاتِ ذاتیہ اور عطائیہ سے تعبیر کر دیا جاتا ہے جیسے کہ نبیِ اکرم صلّی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم کا فرمان ہے:

ان اللّٰہ خلق اٰدم علیٰ صورتہ۔ (بخاری شریف)

یعنی اللہ تعالیٰ نے حضرت آدم علیہ السلام کو اپنی صفات پر پیدا فرمایا، اور مظہرِ کمالاتِ خاصہ بنایا اور جوں جوں بندہ اللہ تعالیٰ کے قریب ہوتا ہے تو اس کے حواس و مشاعر اور صفات و کمالات ناسوتیہ اور روحانیہ میں اللہ تعالیٰ کی تدبیر و تصرّف کی کیفیت بھی مختلف ہوتی چلی جاتی ہے۔ دیکھنا آنکھوں سے ہے اور سُننا کانوں سے ہے مگر یہ آنکھیں اور کان اپنے متعلقات کے ساتھ تعلق اور ان کے ادراک میں ان سے ممتاز ہو جاتے ہیں جن کو یہ قرب حاصل نہیں ہوتا

کما قال کنت سمعہ الذی یسمع بہ وبصرہ الذی یبصر بہ الحدیث۔

نہ یہ کہ بعینہٖ صفاتِ باری تعالیٰ یا اس کی ذات اس بندہ مقرب میں منتقل ہو جاتی ہے جس کو خلعتِ الوہیت عطا کرنے اور حلول و اتحاد سے تعبیر کیا جاتا ہے جو کہ سراسر شرک ہے

اِستقلال و عدمِ استقلال اور خلق و کسب کا فرق،

یہ حقیقت تو محتاجِ وضاحت نہیں کہ تمام تر مخلوقات ملائکہ اور جنات، انسان اور حیوانات کے ساتھ مختلف اقسام کے افعال و اعمال قائم ہیں مگر وُہ ان سے

Marfat.com

بالاختیار صادر ہیں یا نہیں ؟ اس میں مذاہب مختلف ہیں۔ جبریہ اس کے قائل ہیں کہ عباد اپنے افعال و اعمال میں مجبور محض ہیں اور مُردہ بدست زندہ یا قلم بدست کاتب کی مانند ہیں جبکہ قدریہ عباد کو ان میں قادرِ مطلق اور خالق تسلیم کرتے ہیں۔ لیکن اہل السنّت وجماعت عباد کو نہ مجبور محض مانتے ہیں اور نہ مختارِ مطلق بلکہ دونوں درجوں کے درمیان کیونکہ رعشہ والے آدمی اور تندرست آدمی کی حرکات میں فرق واضح اور بیّن ہے پہلے کو حرکات میں مجبور محض سمجھا جائے گا لیکن دُوسرے کو فی الجملہ با اختیار سمجھا جائے گا۔ علماء کلام نے کتبِ کلامیہ میں اس پر مفصل بحث کی ہے اور قرآنِ مجید میں بھی اس پر واضح الدلالت آیات موجود ہیں۔

۱۔ حضرت شاہ عبدالعزیز صاحب فرماتے ہیں :

"در عالم سہ طائفہ اند جبریاں میگویند کہ ہیچ اختیار نداریم و مانند سنگ چوب بے اختیار از ما حرکات سر بر می زند و قدریاں می گویند کہ اختیار تمام داریم و حرکات و افعال ما بہ ایجاد ما از ما صادر میگردد و ایں ہر دو طائفہ مردود و بر طریقہَ نامحمود اند چہ طائفہَ اوّل ابطال شرائع و تکلیفات می کنند و طائفہَ دوم دعوئ شرکت در کار خانہَ خالقیت می نمایند پس ایں دو لفظ (ایاک نعبدُ و ایاک نستعین) برائے رد عقیدہَ آں ہر دو طائفہ آوردہ اند۔ ایاک نعبد رد عقیدہَ جبر است و ایاک نستعین رد عقیدہَ قدر و راہِ راست نصیب طائفہ سوم است کہ سُنیاں باشند، می گویند کہ بندگی می کنیم و توفیق از تو میجوئیم"۔

(تفسیر عزیزی جلد اوّل صـ۳)

Marfat.com

جہان میں تین گروہ ہیں۔ جبری کہتے ہیں کہ ہم ذرّہ بھر اختیار نہیں رکھتے اور پتھر اور لکڑی کی مانند بے اختیار ہم سے حرکات سرزد ہوتی ہیں اور قدری کہتے ہیں کہ ہم کامل اختیار رکھتے ہیں اور حرکات و افعال ہم سے ہمارے پیدا کرنے سے سرزد ہوتے ہیں اور یہ دونوں گروہ مردود ہیں اور ناپسندیدہ طریقہ پر ہیں کیونکہ پہلا گروہ شرائع اور تکلیفات کو باطل ٹھہراتا ہے اور دوسرا گروہ اللہ تعالیٰ کے کارخانہ خالقیت میں شرکت کا دعویٰ کرتا ہے لہٰذا یہ دونوں لفظ ان دونوں گروہوں کے رد و قدح کے لیے لائے گئے ہیں۔ ایاک نعبد عقیدۂ جبر کا رد ہے اور ایاک نستعین عقیدۂ قدر کا رد ہے اور راہِ راست تیسرے گروہ کا نصیب و مقدر ہے جو کہ سُنّی ہیں وہ کہتے ہیں کہ ہم بندگی کرتے ہیں اور توفیق تجھ سے طلب کرتے ہیں۔

۲۔ اسی درمیانے راستہ کو علم کلام میں اس طرح بیان کیا گیا ہے:

وللعباد افعال اختيارية يثابون عليها ان كانت طاعة ويعاقبون عليها ان كانت معصية لا كما زعمت الجبريه ان لا فعل للعبد اصلا وان حركاته بمنزلة حركات الجمادات لاقدرة له عليها ولا قصد ولا اختيار (الیٰ) لما ثبت بالبرهان ان الخالق هو الله سبحٰنه وتعالیٰ (كقوله خالق كل شئ) وبالضرورة ان لقدرة العبد وارادته مدخلا فى بعض الافعال كحركة البطش دون البعض

Marfat.com

کحرکۃ الارتعاش احتجنا فی التفصی عن ھٰذا المضیق الی القول بان اللہ ھو الخالق والعبد کاسب، و تحقیقہ ان صرف العبد قدرتہ وارادتہ الی الفعل کسب و ایجاد اللہ الفعل عقیب ذٰلک خلق والمقدور الواحد داخل تحت القدرتین لکن بجھتین مختلفتین، فالفعل مقدور اللہ بجھۃ الایجاد ومقدور العبد بجھۃ الکسب و ھٰذا القدر من المعنٰی ضروری الخ۔

(شرح عقائد نسفی للعلامہ التفتازانی رحمۃ اللہ)

بندوں کے لیے افعال اختیاریہ ہیں جن پر انہیں ثواب دیا جاتا ہے اگر طاعت کے قبیل سے ہوں اور ان پر عذاب دیا جاتا ہے بشرطیکہ معصیت کے قبیل سے ہوں۔ نہ جیسے کہ جبریہ نے گمان کیا ہے کہ بندے کا سرے سے کوئی فعل نہیں اور اس کی حرکات جمادات کی حرکات کی مانند ہیں (جبکہ انہیں کوئی انسان حرکت دے) نہ اسے ان پر قدرت حاصل ہے اور نہ ہی قصد اور ارادہ اور اختیار لیکن جب دلیل سے ثابت ہو چکا کہ صرف اللہ تعالیٰ ہی خالق ہے (جیسے قولِ باری تعالیٰ وُہ ہر چیز کا خالق ہے اور فعل عبد بھی شے ہے) اور یہ امر بھی بدیہی اور واضح ہے کہ بندے کی قدرت اور ارادہ کو بعض افعال میں دخل ہے جیسے حرکت بطش اور گرفت ارادی اور بعض میں دخل نہیں جیسے کہ رعشہ والے کی حرکت تو ہم اس مشکل سوال اور تنگنا سے خلاصی کے لیے اس قول کی طرف محتاج و مضطر ہیں کہ اللہ تعالیٰ خالق ہے اور بندہ کاسب ہے اور تحقیق اس

Marfat.com

کی یہ ہے کہ بندے کا اپنی قدرت اور ارادہ کو فعل کی طرف پھیرنا کسب ہے اور اللہ تعالیٰ کا اس کے بعد فعل کو ایجاد کرنا خلق ہے اور مقدور واحد دو قدرتوں کے نیچے داخل ہے لیکن چونکہ مختلف جہات سے ہے (لہٰذا اس میں کوئی استحالہ نہیں ہے) پس فعل عبد مقدور باری تعالیٰ ہے از روئے ایجاد اور مقدورِ عبد ہے از روئے کسب اور اس قدر معنیٰ و مقصود بدیہی اور واضح ہے اگرچہ اس سے زیادہ واضح اور روشن عبارت اس مدعا کے بیان کرنے کے لیے ہمارے پاس موجود نہیں ہے۔

اشاعرہ اور ماتریدیہ کا باہمی فرق

اس بارے میں اشاعرہ اور ماتریدیہ سُنّیوں کا باہم اختلاف ہے کہ آیا قدرت عبد کے تعلق کے بعد فعل کا تحقق محض اللہ تعالیٰ کے قدرت سے ہوتا ہے یا اس ایجاد و تحقق میں بندے کی قدرت کا کچھ دخل ہے۔ علامہ سید محمود آلوسی سے یہ بحث بھی سماعت فرمائیں اور جبریہ و قدریہ کا اس آیتِ کریمہ سے رد و قدح بھی ملاحظہ فرمائیں۔

۳- وعندی ان الاٰیۃ ان استدل بھا علیٰ شئ من بحث خلق الافعال فلیستدل بھا ان للعباد قدرا مؤثرۃ باذن اللہ تعالیٰ لا بالاستقلال کما عقدت علیہ خنصر عقیدتی لا انھم لیس لھم قدرۃ اصلا بل جمیع افعالھم کحرکۃ المرتعش کما یقولہ الجبریہ

Marfat.com

اذا لضرورة بكذبه ولا ان لهم قدرة غير موثرة ابداً كاليد المشلولة كما هو الشائع من مذهب الاشاعرة اذ هو فى المآل كقول الجبرية وایّ فرق بين قدرة لا اثر لها وبين عدم القدرة بالكلية الا بماهو كسراب بقيعة يحسبه الظمآن ماء حتى اذا جاءه لم يجده شيئاً ولا ان لهم قدرة مستقلة فى الافعال يفعلون بها ماشآءوا فالله تعالىٰ يريد ما لا يفعله العبد ويفعل العبد ما لا يريده الله تعالىٰ كما يقول المعتزلة اذ يرد ذلك النصوص القواطع كما ستسمعه ان شاء الله تعالىٰ

ووجه الاستدلال ان اياك نعبد مشير الى صدور الفعل من العباد وذلك يستدعى قدرة يكون بها الايجاد ومن لا قدرة له اوله قدرة لا مدخل لها فى الايجاد لا يقال له اوجد وصحة ذلك باعتبار الكسب كيفما فسر لا يرتضيه المنصف العاقل و قوله اياك نستعين يدل على نفى الاستقلال فيه و انه باذن الله تعالىٰ واعانته كما يشير اليه لا حول ولا قوة إلا بالله وهذا هو اللبن السائغ الذى من بين فرث ودم فلا جبر ولا تفويض فاحفظه وانتظر تتمته ۔ (صـ ٨٢ ج ١)

Marfat.com

میرا نظریہ یہ ہے کہ اس آیتِ کریمہ سے اگر افعال عباد کے مخلوقِ باری تعالیٰ ہونے پر استدلال کیا جائے تو چاہیے کہ اس پر بھی استدلال کیا جائے کہ بندوں کے لیے باذن اللہ موثر قدرتیں حاصل ہیں نہ کہ مستقل طور پر جیسے کہ اس عقیدہ پر میری عقیدت کی چھنگلی بند کی گئی ہے، نہ یہ کہ ان کے لیے بالکل قدرت نہیں ہے بلکہ ان کے تمام افعال رعشہ والے کی حرکات کی مانند ہیں جیسے کہ جبریہ کا قول ہے کیونکہ ضرورۃ و بداہت اس کو جھٹلاتی ہے اور نہ یہ کہ ان میں غیر موثر قدرت ہی موجود ہے جیسے کہ شل ہاتھ جیسے کہ اشاعرہ کا مشہور مذہب ہے، کیونکہ یہ مذہب مآل اور انجام کے اعتبار سے جبریہ کے مذہب کی مانند ہے۔ اور کونسا فرق ہے ایسی قدرت میں جس کے لیے تاثیر نہیں اور بالکلیہ عدمِ قدرت میں گر مانند سراب کے چٹیل میدان میں جس کو پیاسا پانی سمجھتا ہے حتیٰ کہ جب اس کے قریب پہنچتا ہے اس کو کوئی شے نظر نہیں آتی اور نہ یہ کہ ان کے لیے مستقل قدرت ہے اپنے افعال میں جس کے ذریعے جو چاہیں کر سکتے ہیں کبھی اللہ تعالیٰ ایسے امر کا ارادہ فرماتا ہے کہ بندہ اس کو نہیں کرتا اور کبھی بندہ ایسا فعل صادر کرتا ہے جس کا اللہ تعالیٰ ارادہ نہیں فرماتا جیسے کہ معتزلہ کہتے ہیں کیونکہ اس کو بھی قطعی نصوص رد کرتے ہیں جیسے کہ تو سُنے گا انشاء اللہ تعالیٰ۔

اس آیت کریمہ، اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَاِیَّاکَ نَسْتَعِیْن سے استدلال کی وجہ یہ ہے کہ قولِ باری تعالیٰ ایاک نعبد اس پر دلالت کرتا ہے کہ بندوں سے افعال صادر ہوتے ہیں اور افعال کا سرزد ہونا ایسی قدرت کا تقاضا کرتا ہے جس کے ذریعے ایجاد پائی جائے اور جس میں سرے سے قدرت ہی نہیں یا قدرت ہے لیکن اس کا صدور

Marfat.com

فعل میں دخل نہیں تو اس کو نہیں کہہ سکتے کہ اس نے فعل کو صادر کیا اور ایجاد کیا اور افعال کے صدور کی نسبت عباد کی طرف باعتبارِ کسب کے صحیح ہونے پر کوئی منصف عاقل رضامند نہیں ہو سکتا خواہ کسب کی جو بھی تعبیر و تفسیر کی جائے اور قولِ باری تعالیٰ ایّاکَ نستعین بندوں کے ایجاد و افعال میں مستقل نہ ہونے پر دلالت کرتا ہے اور یہ کہ افعالِ عباد اللہ تعالیٰ کے اذن اور اس کی اعانت سے ہیں جیسے کہ لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللہ اسی امر کی طرف اشارہ کرتا ہے اور یہی خوشگوار دودھ ہے جو حاصل ہونے والا ہے گوبر اور خون کے درمیان سے لہٰذا نہ جبر ہے اور نہ تفویض اسے یاد رکھو اور اس کے تمہ کا انتظار کرو۔

۴۔ قولِ باری تعالیٰ :

لِلّٰہِ عَلَی النَّاسِ حِجُّ الْبَیْتِ مَنِ اسْتَطَاعَ اِلَیْہِ سَبِیْلًا

(سورہ آلِ عمران آیت ۹۷)

کے تحت اس موضوع پر حضرت علامہ آلوسی رحمہ اللہ نے بہت تحقیقی گفتگو فرمائی ہے جس کا ملخص یہ ہے :

والحق عندی فی ھٰذہ المسئلۃ ان شرط التکلیف ھو القدرۃ الموثرۃ باذن اللہ عند انضمام الارادۃ التابعۃ لارادۃ اللہ تعالیٰ لقولہ سُبحٰنہ لایکلّف اللہ نفسا الّا وسعھا وایضاحہ ان اللہ تعالیٰ کما انہ غنی بالذات عن العٰلمین کذٰلک حکیم جواد و کما ان مقتضی غناہ الذاتی ان یفعل ما یشاء ویحکم

Marfat.com

مابريد كذلك مقتضى جوده ورحمته مراعاة
مامقتضية حكمته ان الحكمة ومن العلوم ان الحكمة لا
تقتضى ان يؤمر بالفعل من لا يقدر على الامتثال
وينهى عنه من لا يقدر على الاجتناب عنه فلابد
بمقتضى الحكمة التى راعاها الله فيما خلق وامر
فضلا ورحمة ان يكون التكليف بحسب الوسع
واذا كان كذلك كان شرط التكليف هو القوة
التى تصير موثرة باذن الله اذا انضم اليها الارادة

(ص ۹ ج ۴)

میرے نزدیک حق یہ ہے کہ تکلیف عباد کے لیے وہ قدرت و قوت مشروط اور لازم ہے جو کہ باذن اللہ موثر ہو بسبب ایسے ارادہ کے انضمام کے جو اللہ تعالیٰ کے ارادہ کے تابع ہے کیونکہ اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے کہ وہ کسی کو تکلیف نہیں دیتا مگر اس کی قوت و طاقت کے مطابق۔

اور اس کی توضیح یہ ہے کہ جس طرح اللہ تعالیٰ بذاتِ خود تمام جہانوں سے غنی اور بے نیاز ہے ایسے ہی وہ صاحبِ جود و حکمت بھی ہے۔ اور جس طرح کہ اس کی غنا ذاتیہ کا تقاضا ہے کہ جو چاہے کرے اور جس کا چاہے حکم دے ایسے ہی اس کے جود اور رحمت کا تقاضا یہ ہے کہ اپنے مقتضائے حکمت کی رعایت بھی کرے۔ اور یہ حقیقت سبھی کو معلوم ہے کہ حکمتِ باری تعالیٰ اس کا تقاضا نہیں کرتی کہ وہ ایسے لوگوں کو حکم دے ایک فعل کے صادر کرنے کا

Marfat.com

جو تعمیلِ حکم پر قادر نہیں اور ایسے افعال سے اجتناب کا حکم دے اور منع کرے جس سے اجتناب پر وُہ قادر نہیں ہیں۔

پس جس حکمت کو اللّٰہ تعالیٰ نے اپنی مخلوق اور احکام میں ملحوظ رکھا ہے از روئے فضل و رحمت کے اس کا تقاضا یہی ہے کہ تکلیف اعمال وسعت و طاقت کے مطابق ہو اور جب حقیقتِ حال یہ ہے تو تکلیف عباد کے لیئے جو قدرت و قوت شرط ہے وُہ وہی ہوگی جو کہ باذن اللّٰہ مؤثر ہو جب کہ اس کے ساتھ ارادہ بھی پایا جائے۔

۵۔ شیخ اَبُوالحسن الاشعری نے اپنی آخری تصنیف اور جملہ کتب میں سے مستند علیہ کتاب الابانۃ میں اسی امر کی تصریح فرمائی ہے جیسے کہ ابنِ عساکر اور مجد بن تیمیہ وغیرہ نے تصریح کی ہے کہ:

ان الشیخ قائل بالتاثیر للقدرۃ المستجملۃ للشرائط لکن لا استقلا لا کما یقول المعتزلی بل باذن اللّٰہ تعالیٰ وھو معنی الکسب عندہ۔

شیخ اشعری اس قدرۃ عبد کو موثر مانتے ہیں جو شرائط کی جامع ہو لیکن نہ بطور استقلال جیسے کہ معتزلہ کہتے ہیں بلکہ اللّٰہ تعالیٰ کے اذن سے اور یہی معنیٰ ہے بندہ کے کاسب ہونے کا ان کے نزدیک۔

اشاعرہ کے مشہور مذہب کا ابطال

۶۔ یہ جو معنیٰ کسب کا بیان کیا گیا ہے کہ بندے کی قدرت اور ارادہ افعال

Marfat.com

کے مقارن ہوتے ہیں اور فعل کے تحقق میں ان کا کوئی دخل نہیں ہوتا تو اس کا رد کرتے ہوئے علامہ نے فرمایا کہ اولاً تو اس کو شیخ اشعری کا مذہب قرار دینا غلط ہے کیونکہ کتاب الابانہ کے علاوہ دیگر کتب میں جو اقوال مذکور ہیں وہ مرجوح ہیں یا شیخ رحمہ اللہ تعالیٰ نے ان سے رجوع کر لیا تھا۔ ثانیاً اللہ تعالیٰ کے کلام اور سنّتِ رسول صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم میں عباد کو امر اور نہی کے ساتھ جو مکلف ٹھہرایا گیا ہے تو وہ اس کے افعال اختیاریہ میں مکلف ٹھہرایا گیا ہے تو اس طرح بندے کا مکسوب خود فعل اختیاری ہونا چاہیے نہ کہ اس کی قدرت کی فعل کے ساتھ مقارنت اور اتصال اور کسب فعل کا مطلب ہی یہ ہوگا :

والمراد بکسب ایاہ تحصیلہ ایاہ بتاثیر قدرتہ باذن اللہ لا مستقلا۔

کہ بندہ اس فعل کو باذن اللہ اپنی قدرت و قوت کی تاثیر سے موجود کرے نہ کہ مستقل طور پر۔

لیکن یہ قول کہ افعال عباد ان کے قدرت و ارادہ کے مقارن ہیں بغیر اس کی تائید کے

لا یوافق ما اقتضاہ صرائح الکتب والسنۃ و نصوص الابانۃ۔

کتاب اللہ اور سنّتِ رسول صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم کے صریح دلائل اور شیخ اشعری کی کتاب الابانہ کے نصوص کے موافق نہیں ہے۔

(تفسیر روح المعانی ص۹ ج ۲)

Marfat.com

۷۔ اسباب و مسببات اور علل و معلولات میں احقاق حق اور ابطال باطل کرتے ہوئے علامہ آلوسی صاحب فرماتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے اپنی قدرتِ کاملہ اور حکمتِ بالغہ سے اس جہان میں اسباب و مسببات کا باہم ارتباط قائم فرمایا ہے لہٰذا ان سب کو معطل قرار دیتے ہوئے یہ کہنا کہ ان کا سبب کے وجود و تحقق میں ذرہ بھر دخل نہیں بالکل غلط ہے بلکہ صحیح اور مختار اور کتاب و سُنّت کے ہزار سے زیادہ واضح دلائل کے عین مطابق یہی مذہب ہے اور اشاعرہ کا مذہب اگر اس کے خلاف ہے تو اس کا بطلان واضح ہے

فالاسباب مؤثره بقوی اودع الله فیها و مکن باذنه فاذا لم یاذن وحال بینها وبین التاثیر لم یوثر کما یرشدك الی ذٰلك قوله تعالیٰ ،

وَمَا هُمْ بِضَآرِّيْنَ بِهٖ مِنْ اَحَدٍ اِلَّا بِاِذْنِ اللّٰهِ

(سورۃ البقرہ آیت ۱۰۲)

ولو لم یکن فی هٰذه الاسباب قوی اودعها الله تعالیٰ العزیز الحکیم لما قال :

يٰنَارُ كُوْنِيْ بَرْدًا وَّسَلٰمًا عَلٰٓى اِبْرٰهِيْمَ ۝ (انبیاء آیت ۶۹)

اذ ما الفائدة فی القول ولیس فیها قوة الاحراق وانما الاحراق منه تعالیٰ بلا واسطة ولو کان الامر کما ذکروا لکان للنار ان تقول الٰهی ما اودعتنی شیئا ولا منحتنی قوة وما انا الا کید شلاء صحبتها

Marfat.com

ید صحیحہ تفعل الافعال ۔ (مثنوی ج ۱)

پس اسباب مؤثر ہیں بسبب ان قوتوں کے جو اللہ تعالیٰ نے ان میں ودیعت فرمائی ہیں لیکن اللہ تعالیٰ کے اذن سے ۔ اور اگر اذن نہ دے اور اسباب اور مسبّبات کے درمیان حائل ہو جائے تو وہ تاثیر نہیں کر سکتے جیسے کہ اللہ تعالیٰ کا یہ قول اس طرف رہنمائی فرما رہا ہے :

اور وُہ نہیں ضرر پہنچاتے اپنے سحر اور جادُو کے ذریعے کسی کو مگر اللہ تعالیٰ کے اذن سے ۔ اور اگر ان اسباب میں ایسی ودیعت کردہ قوتیں نہ ہوتیں تو اللہ عزیز و حکیم کبھی نہ فرماتا کہ اے آگ ابراہیم علیہ السلام پر ٹھنڈی اور سراسر سلامتی بن جا کیونکہ اس فرمان کا کیا فائدہ ہوتا جب کہ آگ میں جلانے کی قدرت و طاقت تھی ہی نہیں بلکہ جلانے والا فعل صرف اور صرف اللہ تعالیٰ کی طرف سے بلا وساطت آگ کے پایا گیا ہوتا اور اگر حقیقتِ حال یہ ہوتی تو آگ کو یہ کہنے کا حق ہوتا ،

اے میرے خدا تُو نے میرے اندر تو کوئی شے ودیعت کی ہی نہیں اور نہ ہی مجھے، قوت و قدرت عطا کی ہے اور میں تو محض اس مشلول اور مفلوج ہاتھ کی مانند ہوں جس کے ساتھ تندرست اور صحیح و سالم ہاتھ مصاحب ہو اور وُہ افعال و اعمال سرانجام دے رہا ہو تو کیا اس مفلوج ہاتھ کو کہا جا سکتا ہے تو یہ کام نہ کر اور اس میدانِ کارزار میں نہ اتر ۔

وھٰذا الذی ذکرنا مذھب السّلف الصّالح و تلقاہ اھل اللہ بالقبول ۔

Marfat.com

اور یہ جو ہم نے ذکر کیا ہے یہی سلف صالحین کا مذہب ہے اور اہل اللہ کے ہاں یہی مقبول و معتبر ہے۔

۸۔ اسباب کی تاثیر کے عقیدہ کو شرک قرار دینے والوں کے توہم کا ازالہ کرتے ہوئے فرمایا:

یا للّٰہ العجب اذا کان اللہ خالق السبب والمسبب و هوالذی جعل هٰذا سببا لهٰذا والاسباب والمسببات طوع مشیته و قدرته منقادة فای قدح یوجب ذٰلك فی التوحید وای شرك یترتب علیه نستغفراللّٰہ مما یقولون فاللّٰہ تعالیٰ یفعل بالاسباب التی اقتضاها الحکمة مع غناه عنها کما صح ان یفعل عندها لابها

مقام تعجب ہے کہ جب اللہ تعالیٰ ہی سبب کا خالق ہے اور مسبب کا بھی اور اس نے ہی اس کو سبب بنایا اس مسبّب کے لیے اور سبھی اسباب ومسببات اس کی مشیت اور قدرت کے مطیع و تابع ہیں تو اس سے توحید خداوندی میں کونسا نقص لازم آتا ہے اور اس پر کونسا شرک مترتب ہو سکتا ہے۔ ہم ایسے لوگوں کے قول سے استغفار کرتے ہیں پس اللہ تعالیٰ ہی افعال کو موجود کرتا ہے اسباب کے ساتھ جن کا اس کی حکمت نے تقاضا کیا باوجودیکہ وہ مرتبہ ذات میں ان سے مستغنی ہے جیسے کہ شرک کے فتوے لگانے والوں کے نزدیک اسباب کے وجود کے بعد افعال کو پیدا کرتا ہے بغیر اسباب کی مداخلت کے۔

(صفحہ ۱۷۵ جلد ۲)

Marfat.com

۹۔ قول باری تعالیٰ:

وَاِنْ یَّکَادُ الَّذِیْنَ کَفَرُوْا لَیُزْلِقُوْنَکَ بِاَبْصَارِھِمْ

(سورۃ القلم آیت ۵۱)

کے تحت نظرِ بد کی تاثیر کے برحق ہونے کی بحث کرتے ہوئے فرمایا:

وذٰلك من خصائص بعض النفوس وللّٰہ تعالیٰ ان یخص منها ماشآء بما شاء واضافته الی العین باعتبار ان النفس تؤثر بواسطتها غالباً وقد یکون التاثیر بلا واسطتها بأن یوصف للعائن شئ فتتوجه نفسه الیه فتفسده۔

اور نظرِ بد کا اثر انداز ہونا بعض نفوس کی خصوصیات سے ہے اور اللہ کو اختیار ہے کہ نفوس میں سے جس کو چاہے اور جس خصوصیت کیساتھ چاہے مختص اور ممتاز ٹھہرا دے۔ رہا یہ معاملہ کہ جب مؤثر نفسِ انسانی ہے تو پھر اس تاثیر کی نسبت آنکھ کی طرف کیوں کی جاتی ہے تو اس کی وجہ یہ ہے کہ نفس اغلب طور پر آنکھ کے واسطہ سے اثر انداز ہوتا ہے اور کبھی اس کی تاثیر آنکھ کے بغیر بھی ہوتی ہے مثلاً نظرِ بد والے کے سامنے کوئی شئے بیان کی جائے اور اس کی مدح و ثنا کی جائے پس اس کا نفس اس کی طرف متوجہ ہوتا ہے اور اس کو فاسد اور تباہ کر دیتا ہے۔

ومن قال ان اللّٰہ اجری عادته بخلق ماشآء عند مقابلة عین العائن من غیر تاثیر اصلا فقد سد

Marfat.com

علیٰ نفسہ باب العلل والتاثیرات والاسباب والمسببات وخالف جمیع العقلاء قال ابن القیم ۔

اور جس نے یہ کہا ہے کہ اللہ تعالیٰ کی عادتِ کریمہ اور معمول یہ ہے کہ نظر بد والے کی آنکھ کے سامنے کسی چیز کے آنے پر جو چاہتا ہے خود اس شے میں پیدا فرماتا ہے بغیر اس آنکھ کی تاثیر کے تو اس شخص نے اپنی ذات پر علل اور تاثیرات ومعلولات اور اسباب ومسبّبات کے دروازے کو بند کر لیا ہے اور تمام عقلا کی مخالفت کی ہے ۔ یہ قول ابنِ قیم کا ہے ۔

وانا لا ازید علی القول بانہ من تاثیر النفوس ولا اکیف ذٰلک فالنفس الانسانیۃ من اعجب مخلوقات اللہ عزّوجلّ وکم طوی فیہ اسرار وعجائب تحیر فیھا القول ولا ینکرھا الا مجنون اوجھول ولا یسعی ان انکر العین لکثرۃ الاحادیث الواردۃ فیھا و مشاھدۃ أثارھا علیٰ اختلاف الاعصار ولا اخص ذٰلک بالنفوس الخبیثۃ کما قیل فقد یکون من النفوس الزکیۃ ۔ (ص ۳۰ ج ۲۹)

اور میں اس بحث میں نہیں پڑتا کہ مدار تاثیر کیا ہے اور اس کا فلسفیانہ تجزیہ نہیں کرتا بلکہ یہی کہتا ہوں کہ یہ نفس کی تاثیر ہے اور اس کی کوئی کیفیت متعین نہیں کرتا کیونکہ نفسِ انسانی اللہ تعالیٰ کی مخلوق میں سے عجیب ترین مخلوق ہے اور اللہ تعالیٰ نے اس میں بے شمار اسرار اور عجائبات ودیعت فرمائے ہیں

Marfat.com

جو عقول کو محوِ حیرت کر دیتے ہیں اور ان کا انکار صرف مجنون کر سکتا ہے یا انتہائی جاہل اور میرے لیے اس کی قطعاً گنجائش نہیں کہ میں نظر کی تاثیر کا انکار کر دوں کیوں کہ اس مسئلہ میں احادیث کثیرہ وارد ہیں اور مختلف ادوار اور اعصار میں اس کے اثرات کا مشاہدہ کیا جا چکا ہے اور نہ ہی میں اس کو نفوسِ خبیثہ کے ساتھ مخصوص ٹھہراتا ہوں جیسے کہ بعض کا قول ہے بلکہ نفوسِ زکیہ کی طرف سے بھی اس قسم کی تاثیر پائی جاتی ہے (اور حاسدانہ نظر کی طرح فرحت و شادمانی کی حالت میں نظر لگ جاتی ہے)۔

الحاصل اس موضوع پر علامہ سید محمود آلوسی حنفی ماتریدی نے متعدد مقامات پر بحث فرمائی اور مختلف دلائل و براہین سے ماتریدیہ کے مذہب کو ثابت کیا اور اشاعرہ کا صحیح مذہب بھی بیان فرمایا اور اسباب کی تاثیر کی بالکل نفی اور تردید کو خلافِ عقل قرار دیا اور ہزار سے زیادہ کتاب و سُنّت کے واضح دلائل کے بھی خلاف قرار دیا اور معتزلہ کے مذہب کو بھی مردود اور باطل ٹھہرایا جو بندے کو اپنے جملہ افعال میں ایسا مستقل مانتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ خواہ اس سے ایمان اور تقویٰ و صلاح کا ارادہ کرے بھی تو وہ اس کے ارادے کو ناکام ٹھہراتے ہوئے کفر اور بدعملی کا ارتکاب کر سکتا ہے سُبحان من لا یجری فی ملکہ الا ما یشاء اور چونکہ خیرا لامور اوسطھا کے مطابق درمیانی راستہ ہی بہترین راستہ ہوتا ہے اس لیے صحیح اور مختار مذہب یہی ہے اور یہی ہونا چاہیے ورنہ امر و نہی اور اطاعت و عصیان اور ثواب و عقاب وغیرہ کا تصور مشکل ہو جاتا ہے۔

Marfat.com

اور اس طویل بحث سے مقصود یہ ہے کہ قارئین کرام پر یہ حقیقت واضح ہو جائے کہ عباد مکرّمین ملائکہ ہوں یا رسل کرام یا اولیاء عظام ہمارے نزدیک اپنے ذاتی افعال میں بھی اور تدبیر و تصرف میں بھی مستقل نہیں جیسے کہ معتزلہ کا نظریہ ہے اور مجبور محض بھی نہیں جیسے کہ جبریہ کا عقیدہ ہے بلکہ ان میں خداداد قدرت و قوّت اور طاقت و توانائی ہے جو باذن اللہ مؤثر ہے یعنی اللہ تعالیٰ اپنی قدرتِ قاہرہ غالبہ سے اس کو بے اثر کر دے اور مسبب کو اسکے سبب پر مترتب نہ ہونے دے تو وہ اس پر قادرِ مطلق ہے لیکن اگر اس کی طرف سے اذن و اجازت ہو تو وہ خداداد قدرت و قوت سے مختلف امور سرانجام دیتے ہیں۔

۱۔ قولِ باری تعالیٰ :

فَالْمُدَبِّرٰتِ اَمْرًاۘ (سورۃ النزعٰت آیت ۵)

۲۔ قولہ تعالیٰ :

يَتَوَفّٰىكُمْ مَّلَكُ الْمَوْتِ الَّذِیْ وُكِّلَ بِكُمْ

(سورۃ السجدہ آیت ۱۱)

۳۔ قولِ باری تعالیٰ :

تَوَفَّتْهُ رُسُلُنَا (سورۃ الانعام آیت ۶۱)

۴۔ قولِ باری تعالیٰ :

اُبْرِئُ الْاَكْمَهَ وَالْاَبْرَصَ وَاُحْیِ الْمَوْتٰى بِاِذْنِ اللّٰهِ

(سورہ آلِ عمران آیت ۴۹)

Marfat.com

۵۔ قولہ تعالیٰ:

(حکایۃ عن ابلیس) لَأُغْوِيَنَّهُمْ أَجْمَعِينَ ۝

(سورۃ الحجر آیت ۳۹)

۶۔ قولہ تعالیٰ:

(حکایۃ عن عفریت) أَنَا آتِيكَ بِهِ قَبْلَ أَنْ تَقُومَ مِنْ مَقَامِكَ ۖ وَإِنِّي عَلَيْهِ لَقَوِيٌّ أَمِينٌ ۝ (سورۃ النمل آیت ۳۹)

۷۔ قول باری تعالیٰ:

(حکایۃ عن عالم الکتٰب) أَنَا آتِيكَ بِهِ قَبْلَ أَنْ يَرْتَدَّ إِلَيْكَ طَرْفُكَ ۚ (سورۃ النمل آیت ۴۰)

وغیر ذٰلک من الاٰیٰت اسی تاثیر باذن اللہ کے دلائل ہیں، ورنہ غیراللہ کی طرف ان افعال کی نسبت کا کوئی معنیٰ نہیں ہو سکتا جیسے کہ نعبد اور نستعین کے تحت حضرت علامہ آلوسی اور حضرت شاہ عبدالعزیز صاحب رحمہما اللہ کے اقوال ملاحظہ فرما چکے یعنی بندوں میں ارادی اور اختیاری افعال نہ ہوتے تو ان کی طرف افعال کی نسبت نہ کی جاتی اور اگر استقلال ہوتا تو استعانت نہ کی جاتی۔ عوام میں اور خواص میں فرق اگر ہے تو خداداد قدرت اور قوت کے دائرۂ کار کے لحاظ سے کہ عام آدمی کی قدرت وطاقت کا تعلق اس کے معتاد ومعمول کے افعال سے ہی ہو سکتا ہے اور اسی قسم کی تاثیرات اس پر مترتب ہوتی ہیں لیکن قوی التاثیر نفوس کا دائرہ کار وسیع تر ہو جاتا ہے۔ اگر معجزہ میں نبی کی قدرت وطاقت کا کسی طرح بھی دخل نہ ہو نہ بطور کسب اور نہ بطور خلق

Marfat.com

نہ بطور سببیت اور نہ بطور علیت تو پھر منکرین کے ساتھ مقابلہ و معارضہ اور تحدی اور چیلنج کس طرح متصور ہو سکتا ہے اور اسی طرح کرامت کا معاملہ بھی ہے کہ کبھی ولی پہلے دعوٰی کر دیتا ہے اور پھر اس کے مطابق خرقِ عادت اور کرامت کو ظاہر کرتا ہے۔ کوئی اپنی بیماری اور عارضہ کو دُور نہیں کر سکتا اور کوئی روزمرہ پچاس پچاس ہزار کے امراض اور عوارض کو باذن اللہ دُور کر دیتا ہے کوئی زمین کی بھاری اشیاء کو حرکت نہیں دے سکتا اور کوئی پہاڑوں کو اُٹھا کر فضا میں معلق کر دیتا ہے اور زمین کے زیرین طبقہ تک کو اُٹھا کر آسمانِ دُنیا تک لے جا کر اُلٹا دیتا ہے۔ کوئی اپنے جانور کو لگام نہیں ڈال سکتا تو کوئی درخت کی شاخ کو اس کی مُہار بنا دیتا ہے اور فرمانبردار اُونٹ کی طرح پیچھے پیچھے چلنے پر آمادہ کر لیتا ہے۔ وغیر ذٰلک لہٰذا معجزات اور کرامات کو انبیاء و اولیاء کے بے غیر اختیاری ماننا بھی لغو اور باطل ہے اور دیگر افعال کا بھی غیر اختیاری ماننا لغو اور باطل ہے اور ان کو مستقل اور مختارِ مطلق ماننا بھی غلط ہے۔

اس پس منظر میں افعالِ عادیہ اور غیر عادیہ میں اطباء، وحکماء اور حکام وامراء کو اور انبیاء و اولیاء کو مظاہرِ عونِ الٰہی سمجھنے کا معنی و مفہوم بالکل واضح ہو جائیگا کہ خالق اور موجدِ حقیقی اور موثرِ مستقل اللّٰہ تعالیٰ کی ذات والاصفات ہے اور بالاذن مؤثر ملائکہ بھی ہو سکتے ہیں اور انبیاء و رسل علیہم السلام بھی اور اولیاء کرام اور محبوبانِ خداوند تعالیٰ بھی نہ کہ وُہ محض مُردہ بدست زندہ یا قلم بدست کاتب کی مانند ہوں۔

Marfat.com

علامہ سرفراز صاحب اور انکے اکابر کی دھاندلی

علامہ صاحب فرماتے ہیں کہ تصرفِ مستقل کا یہ مطلب و معنیٰ تھوڑا ہی ہے کہ ان کو یہ اختیارات خود اپنی طرف سے حاصل ہوں، جب خود ان کا وجود غیر مستقل ہے تو ان کی کسی صفت میں استقلال کیسے متصور ہو سکتا ہے؟ چنانچہ خود مولانا تھانوی صاحب اپنی آخری تالیف میں ارقام فرماتے ہیں ، اور مستقل بالتاثیر ہونے کے یہ معنیٰ ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے یہ کام اس کے سپرد کر دیئے ہیں ایسے طور پر کہ وہ اس کے نافذ کرنے میں حق تعالیٰ کی مشیّتِ خاصہ کا محتاج نہیں ہے گو اللہ تعالیٰ کو یہ قدرت ہے کہ اس کو اس کی تفویض اور اختیارات سے معزول کر دے ۔ (بوادر النوادر ص[illegible] ج ۲)

اور یہی مشرکینِ عرب کا شرک تھا وہ کہتے تھے کہ اللہ تعالیٰ نے اپنے مخلص بندوں کو اپنے کچھ کام تفویض کر دیئے ہیں ۔ (گلدستہ توحید ص۱۱)

فتاویٰ رشیدیہ میں مرقوم ہے ،

"قدرت و اختیار چیزے عطا فرمودن و قوتِ اقتدار آں تفویض نمودن مفہومے دیگر است و فعلِ خاص خود در چیزے ظاہر کردن مضمونے دیگر مثلاً میتواں گفت کہ زید بقلم نوشت و فعلِ خاص خود کہ کتابت است در قلم ظاہر کرد و نمی تواں گفت کہ زید قدرت و اختیار حرکت و قوتِ اقتدار کتابت بقلم سپرد زیرا کہ قلم تا وقتیکہ مثلِ زید انسان نشود قدرت و اختیار حرکت و قوت و اقتدار از کتابت حاصل میتواں کرد و خاصہ انساں بدست نتواں آورد ۔ الی ان قال کہ قدرت و اختیار

Marfat.com

افعال خاصہ احدیت و قدرت و اختیار آثارِ مختصۂ صمدیت بکسے یا بچیزے سپردن از مرتبۂ امکان بر تبۂ وجوب بردن است ۔

اس سے معلوم ہُوا کہ مستقل تصرف کا یہ معنیٰ ہرگز نہیں کہ وُہ تصرف ان کا خانہ زاد ہو بلکہ وُہ تصرف اور اختیار خُدا تعالیٰ کا ہی عطا فرمودہ ہے اور ایسا تصرف ماننا بھی شرک ہے ۔ (ص ۱۱۶)

علماءِ دیوبند کے نظریہ کا فساد و بطلان

بندہ کی پچھلی گزارشات کو پھر ذرا غور سے پڑھیں اور علامہ صاحب اور ان کے اکابر کی تصریحات بلکہ قلم بدست زید والی تشبیہ کو بالخصوص سامنے رکھ کر فیصلہ فرمادیں کہ ان کا مذہب واقعی اہل السنت کا مذہب ہے؟ یا جبریہ مردودہ کا کیونکہ بندوں کو مستقل متصرف ماننا تو شرک ٹھہرا اور مشرکین عرب میں بھی بقول ان کے یہی شرک تھا اور آپ پڑھ چکے کہ عند التحقیق شیخ اشعری کا مذہب بھی اور ماتریدیہ کا مذہب بھی یہی ہے کہ بندہ کی قدرت فی الجملہ مؤثر ہے ہاں اللہ تعالیٰ اس کو تاثیر سے روک بھی سکتا ہے تو ان علماءِ دیوبند کے نزدیک تمام اہل السنت ماتریدیہ بھی اور شیخ اشعری اور ان کے متبعین بھی مشرک ٹھہرے اور معتزلہ تو اس سے بھی زیادہ فتوائے شرک کے نشانہ بن گئے کیونکہ وُہ بندے کو اپنے اعمال و افعال اور عقائد و نظریات اور ایمان و کفر اور نیکی اور بدی کا خالق تسلیم کرتے ہیں اور اللہ تعالیٰ کے ارادہ کے خلاف پر غیر اللہ کو قادر مانتے ہیں تو وُہ مشرکین عرب سے بھی بڑے مشرک ٹھہرے اور جو ایسے

Marfat.com

بڑے مشرکوں کو مشرک و کافر نہ سمجھے تو پھر وہ بھی بلاشک و بلاریب مشرک و کافر ہونا چاہیے حالانکہ علماء محققین نے ان کو کافر و مشرک شمار نہیں کیا کیوں کہ وہ بندے کی خالقیت کو اللہ تعالیٰ کی خالقیت کی مثل قرار نہیں دیتے۔

علامہ تفتازانی شرح عقائد میں فرماتے ہیں :

لا يقال فالقائل بكون العبد خالقا لا فعاله يكون من المشركين دون الموحدين لانا نقول الاشراك هو اثبات الشريك فى الالوهية بمعنى وجوب الوجود كما للمجوس او بمعنى استحقاق العبادة كما لعبدة الاصنام والمعتزلة لايثبتون ذلك بل لا يجعلون خالقية العبد كخالقية الله تعالىٰ لافتقاره الى الاسباب والالات التى هى بخلق الله تعالىٰ۔

(شرح عقائد مع نبراس ص۲۶۴)

یہ اعتراض نہ کیا جائے کہ پھر بندے کو اپنے افعال کے خالق ماننے والے مشرک ہوں گے نہ کہ موحد کیونکہ ہم کہتے ہیں کہ اشراک کا معنیٰ ہے الوہیت میں شریک ثابت کرنا خواہ بمعنی وجوب الوجود ہو جیسے کہ مجوس کے نزدیک یا بمعنی استحقاق عبادت ہو جیسے کہ بُت پرستوں کے ہاں اور معتزلہ اس طرح کا شریک ثابت نہیں کرتے بلکہ بندے کی خالقیت کو اللہ تعالیٰ کی خالقیت کی مانند نہیں سمجھتے کیونکہ بندہ ایسے اسباب و آلات کی طرف محتاج ہوتا ہے جو محض اللہ تعالیٰ کی ایجاد و تخلیق سے ہی پائے جاتے ہیں۔

Marfat.com

الحاصل معتزلہ کے مذہب پر بندہ مستقل موثر بھی ہے حالانکہ بندہ اللہ تعالیٰ کا مخلوق ہے اور اس کی جملہ صفات بھی بع قدرت وارادہ کے مخلوقِ خدا ہیں، لہٰذا جہاں اہلِ اسلام اور اہلِ السنّت بالخصوص استقلال کی نفی کرتے ہیں تو ان کی مراد معتزلہ والے مذہب کا رد ہوتا ہے نہ کہ جبریہ والے مذہب کا اثبات جیسے کہ علماءِ دیوبند نے اس سے سمجھا اور اس کو اپنایا۔ اگر ہمارے علماء کرام (بریلوی) نے علماءِ دیوبند سے منقول مستقل اور ذاتی علم و قدرت کی نفی کا مذکورہ بالا معنیٰ لیا ہے تو اس حسنِ ظن پر کہ انہوں نے اہل السنّت کا مذہب اپنایا ہوگا، انہیں یہ گمان نہیں تھا کہ وُہ جبری مذہب اپنائے ہوئے ہیں۔

مولوی سرفراز صاحب نے تھانوی صاحب کی عبارت نقل کرتے وقت آخری تصنیف کی قید لگائی ہے جس سے صاف ظاہر کہ ان کی پہلی تصنیفات میں اس کا خلاف مذکور و مرقوم ہے اس طرح ان علماء کی ذہنی ناپختگی اور عبارات میں باہم تضاد و تخالف واضح ہو جاتا ہے۔

ضروری تنبیہ : مشرکین نے اللہ تعالیٰ کے ساتھ تدبیرِ کائنات میں تفریق کا عقیدہ اپنایا اور تقسیمِ کار کے معترف ہوگئے اس لیے ان کو مشرک ٹھہرایا گیا کیونکہ انہوں نے بڑے بڑے امور اللہ تعالیٰ کے زیرِ تصرف مانے اور بعض چھوٹے چھوٹے کام اپنے معبوداتِ باطلہ میں تسلیم کیے اور یہ تقسیم اس امر کی بین دلیل ہے کہ وُہ ان مخصوص امور میں اپنے معبودات کو صرف سبب عادی نہیں بلکہ علل موثرہ تسلیم کرتے تھے۔ نیز انہوں نے ارواحِ کواکب کے لیے تدبیر و تصرف کی تفویض تسلیم کر رکھی تھی اور اس طرح اللہ تعالیٰ کا معطل ہونا اور سرے سے تدبیر و تصرف سے

Marfat.com

بے تعلق ہونا تسلیم کر لیا اور جس طرح فلاسفہ نے عقول عشرہ بلکہ عقل عاشر کو مدبر و متصرف مانا اور اللہ تعالیٰ کو اس انتظام و انصرام سے معطل مانا کفار نے بھی اسی طرح کا عقیدہ اپنایا جبکہ اہل السنت عباد اور ان کی قدرتوں اور ارادوں کو سبب سمجھتے ہیں اور علتِ تامہ اور مؤثرِ حقیقی اللہ تعالیٰ کو جیسے کہ پانی پیاس بجھانے میں سبب ہے اور حقیقی مؤثر اس میں اللہ تعالیٰ ہے، آگ جلانے میں سبب ہے اور مؤثرِ حقیقی جلانے میں اللہ تعالیٰ ہے۔

نیز وہ اپنے آپ کو اللہ تعالیٰ کی عبادت کے قائل ہی نہیں سمجھتے تھے اور نہ ہی اپنی عبادات کے بارگاہِ خداوندی تک پہنچنے کے قائل تھے اور اس طرح اللہ تعالیٰ کا حق سرے سے غیروں کو دے کر مشرک ٹھہرے۔ نیز جن کو اللہ تعالیٰ نے اپنی ذات تک رسائی کا ذریعہ نہیں بنایا ان کو ذریعہ ماننا بھی کفر ہے جیسے کوئی اپنے طور پر کسی شخص کو نبی و رسول تسلیم کر لے ورنہ اللہ تعالیٰ نے انبیاء علیہم السلام کو مبعوث ہی اس لیے فرمایا کہ وہ لوگوں کو اللہ تعالیٰ کے ساتھ واصل کریں اور ان کا تعلق وارتباط اس ذات والاصفات سے قائم کریں اور علامہ ابن تیمیہ کی اس مضمون کی عبارت عنقریب گزر چکی ہے لہٰذا انبیاء و اولیاء کو اصنام و اوثان پر قیاس کرنا اور ان کے متبعین اور اطاعت گزاروں کو بت پرستوں پر قیاس کرنا یہ خالص خارجیت ہے اور مخلوقات میں سے بدترین مخلوق ہونے کی دلیل جیسے کہ حضرت سیدنا عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ کا فرمان صداقت ترجمان حقیقت بیان ہے

عبدالنبیؐ، عبدالرّسولؐ وغیرہ نام رکھنے کا حکم،

علامہ صاحب نے اہلِ اسلام کو مشرک ثابت کرنے کے لیے عبدالنبیؐ عبدالرسولؐ

Marfat.com

وغیرہ اسماء کو بھی عبدالمسیح اور عبدالعزّٰی پر قیاس کرتے ہوئے شرک کا فتویٰ صادر فرما دیا اور فرمایا "حضرات آجکل بعض کلمہ گو مدعیانِ اسلام کا بھی یہی شرک ہے ایک رتی برابر فرق نہیں (تا) عبدالرسول، عبدالنبی، پیراندتہ وغیرہ نام آج سننے میں نہیں آتے؟ شرابِ شرک تو وہی پرانی ہے البتہ بوتوں کی رنگت بدل گئی ہے"

مگر علامہ صاحب کی بدقسمتی یہ ہے کہ خود اس کے اکابر اس کی دلیلوں کو پامال کر دیتے ہیں اور جسکو وہ شرک قرار دیتے ہیں اسی کو وہ جائز اور درست ثابت کر دیتے ہیں چنانچہ علماء دیوبند کے پیر و مرشد حضرت حاجی امداد اللہ مہاجر مکی رحمۃ اللہ فرماتے ہیں:

"چونکہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم واصل بحق ہیں عباد اللہ کو عباد الرسول کہہ سکتے ہیں جبکہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:

قُلْ يٰعِبَادِيَ الَّذِيْنَ اَسْرَفُوْا عَلٰٓى اَنْفُسِهِمْ لَا تَقْنَطُوْا مِنْ رَّحْمَةِ اللّٰهِ ؕ (سورہ زمر آیت ۵۳)

مرجع ضمیر متکلم آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم ہیں۔ مولانا اشرف علی صاحب نے فرمایا کہ قرینہ بھی انہی معنیٰ کا ہے آگے فرماتا ہے لَا تَقْنَطُوْا مِنْ رَّحْمَةِ اللّٰهِ اگر مرجع اس کا اللہ تعالیٰ ہوتا تو فرماتا من رحمتی تاکہ مناسبت عبادی کی ہوتی۔" (شمائم امدادیہ صفحہ حصہ دوم)

خلاصہ مفہوم یہ ہے کہ عباد اللہ کو عباد الرسول کہنا اس لیے بھی جائز ہے کہ آنحضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم واصل بحق اور باقی باللہ ہیں لہٰذا اللہ تعالے کے عباد آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے عباد ٹھہرے اور اس لیے بھی جائز ہے کہ خود اللہ تعالیٰ نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی طرف عباد کی نسبت کی

Marfat.com

ہے جبکہ ارشاد فرمایا کہ کہہ دیجیے اے میرے بندو جنھوں نے اپنی جانوں پر زیادتی کی ہے اللہ تعالیٰ کی رحمت سے مایوس نہ ہونا یہاں ضمیر متکلم جو عبادی میں مضاف الیہ واقع ہوئی اس کا مصداق رسولِ محتشم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہیں اور علامہ تھانوی صاحب نے اس پر قرینہ یہ بتلایا کہ اگر میرے بندو میں اللہ تعالیٰ کی طرف نسبت ہوتی تو پھر آگے فرماتا میری رحمت سے مایوس نہ ہونا یہ نہ فرماتا اللہ کی رحمت سے مایوس نہ ہونا تاکہ دو نو جگہ مضاف الیہ ضمیرِ متکلم ہوتی اور باہم تناسب پایا جاتا۔

اقول : یا پہلی جگہ بھی یا عبادی کی بجائے یا عباد اللہ کہہ دیا جاتا تاکہ رحمۃ اللہ کے ساتھ توافق ہوجاتا لہٰذا اسلوب کا تغایر اس امر کی دلیل ہے کہ عبادی میں اہلِ ایمان کو عباد الرسول اور عباد النبی قرار دیا گیا ہے اور یہ تو اللہ تعالیٰ کا اپنا کلام ہے اور اس نے اُمتیوں کو عباد النبی اور عباد الرسول قرار دیا ہے اور حضرت حاجی صاحب نے اس کو تسلیم کیا اور تھانوی صاحب نے اس پر تائید پیش کر دی لہٰذا اب شرک کا فتویٰ صرف بیچارے اہل السنت پر نہ لگائیں بلکہ اپنے ان اکابر پر بھی لگائیں بلکہ خود اللہ تعالیٰ پر بھی ضرور یہ فتویٰ لگائیں کیونکہ دراصل اسی نے شرک کا دروازہ کھولا اور اپنے نبیٔ مکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے اس کا اعلان کروایا۔

قال الامام احمد رضا رحمۃ اللہ تعالیٰ :

قل یا عبادی کہہ کے ہم کو شاہ[1] نے

اپنا بندہ کر لیا پھر تجھ کو کیا

[1] علیہ الصلوٰۃ والسلام۔

Marfat.com

عبد اپنے مولیٰ کے زیر تصرف ہوتا ہے اور زیر فرمان اور ہمیں بھی اللہ تعالیٰ نے نبی مکرم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی اطاعت و فرمانبرداری کا حکم دیا اور ان کو ہم پر ہمارے نفوس کی نسبت زیادہ مختار و متصرف ٹھہرایا۔ کما قال تعالیٰ :

فَلَا وَرَبِّكَ لَا يُؤْمِنُونَ حَتّٰى يُحَكِّمُوكَ فِيمَا شَجَرَ بَيْنَهُمْ ثُمَّ لَا يَجِدُوا فِيْ اَنْفُسِهِمْ حَرَجًا مِّمَّا قَضَيْتَ وَ يُسَلِّمُوا تَسْلِيمًا ۝ (سورۃ النساء آیت ۶۵) وقال تعالیٰ :

مَا كَانَ لِمُؤْمِنٍ وَّلَا مُؤْمِنَةٍ اِذَا قَضَى اللّٰهُ وَرَسُولُهٗ اَمْرًا اَنْ يَّكُونَ لَهُمُ الْخِيَرَةُ مِنْ اَمْرِهِمْ (احزاب) وقال تعالیٰ :

اَلنَّبِيُّ اَوْلٰى بِالْمُؤْمِنِينَ مِنْ اَنْفُسِهِمْ (احزاب) وقال تعالیٰ :

مَنْ يُّطِعِ الرَّسُولَ فَقَدْ اَطَاعَ اللّٰهَ (سورۃ النساء آیت ۸۰)

لہٰذا اس نسبت پر اعتراض سراسر لغو و باطل ہے۔

نیز اولیاء کاملین فنا فی الرسول اور بقا بالرسول کی بدولت اس اطاعت و انقیاد کے مستحق ہیں لہٰذا غلامی کی نسبت ان کی طرف کرنا بھی روا ہوگا نیز ان کی دعا اور توجہ سے اللہ تعالیٰ کی نعمت حاصل ہوتی ہے تو عطار الرسول اور پیرانِ دتہ وغیرہ بھی بطور مجاز درست ہے جس طرح جبرئیل علیہ السلام نے کہا :

اِنَّمَا اَنَا رَسُولُ رَبِّكِ لِاَهَبَ لَكِ غُلٰمًا زَكِيًّا ۝ (سورہ مریم آیت ۱۹)

مریم میں تیرے رب کا بھیجا ہوا فرشتہ ہوں تاکہ میں تجھے پاکیزہ بیٹا عطا کروں۔ یہاں پر حضرت جبرئیل علیہ السلام کا ہبہ اور عطا کی نسبت اپنی طرف کرنا ثابت ہے تو علامہ صاحب جبرئیل علیہ السلام پر بھی شرک کا فتویٰ صادر فرمادیں۔

Marfat.com

باب دوازدہم

گلدستۂ توحید

کیا دُون کا معنیٰ نیچے، ورے، سامنے کے بھی آتا ہے یا نہیں؟

قرآنِ مجید میں جگہ جگہ مِن دُونِ اللّٰہ کا جملہ آتا ہے۔ اس سے بعض لوگوں کو یہ غلط فہمی ہوئی ہے کہ مشرکینِ عرب اللّٰہ تعالیٰ کو بالکل چھوڑ کر نسیاً منسیا (بھولا بسرا) سمجھ کر غیروں کو پکارتے تھے یا ان کے نام پر نذر دیتے تھے یا استعانت وغیرہ کرتے تھے اس لیے وُہ مشرک تھے لیکن یہ ان کی صریح غلطی ہے قرآنِ کریم اور حدیث سے صاف طور پر اس کا بیان گزر چکا ہے کہ مشرکین بندگانِ خدا کو محض سفارشی سمجھتے تھے اور خدا تعالیٰ تک پہنچنے کا ذریعہ ان کو بناتے تھے کیونکہ تصریح کے ساتھ پہلے گزر چکا ہے کہ مشرکین انتہائی مصیبت میں خدا تعالیٰ ہی کو پکارتے تھے۔

گلشنِ توحید و رسالت

کیا واقعی مشرکین بندگانِ خدا کو سفارشی اور تقرب الی اللّٰہ کا وسیلہ سمجھتے تھے؟

بندہ نے قبل ازیں بڑی صراحت اور وضاحت کے ساتھ بیان کر دیا ہے کہ مشرکین کو اپنے اصنام و اوثان کے ساتھ اللّٰہ تعالیٰ سے زیادہ عقیدت و محبت تھی اسی لیے اللّٰہ تعالیٰ نے فرمایا کہ ان کے معبوداتِ باطلہ کو گالیاں نہ

Marfat.com

دو ورنہ وُہ اللّٰہ تعالیٰ کو جہالت اور عداوت کا مظاہرہ کرتے ہوئے گالیاں دیں گے۔ بدنی عبادت اللّٰہ تعالیٰ کی سرے سے چھوڑ دی تھی جیسے کہ حضرت شاہ ولی اللہ صاحبؒ کے حوالے سے گزر چکا کہ انھوں نے نماز اور ذکر کو کلیۃً ترک کر دیا تھا اور علامہ سرفراز صاحب بھی پچھلے باب میں تسلیم کر چکے کہ وُہ کہتے تھے ہماری عبادت اللّٰہ تعالیٰ تک پہنچتی ہی نہیں اور بندہ نے دلائل قرآنیہ سے واضح کر دیا کہ وُہ اللّٰہ تعالیٰ کی عبادت نہ خود کرتے تھے اور نہ ہی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم اور صحابہ کرام کو کرنے دیتے تھے۔ اور مالی عبادت میں بھی بُتوں کی رعایت زیادہ کرتے تھے، اگر کوئی شئ بُتوں کے حصے سے اللّٰہ تعالیٰ کے حصے میں مل جاتی تو فوراً الگ کر لیتے اور واپس بُتوں کے حصے میں رکھتے اور اگر اللّٰہ تعالیٰ کے حصے میں بُتوں کے حصہ کی کوئی شئ مل جاتی تو فوراً الگ کر لیتے اور واپس بُتوں کے حصے میں رکھتے اور اگر اللّٰہ تعالیٰ کے حصے کے بُتوں کے حصہ کی کوئی شئے مل جاتی تو اس کو واپس نہیں کرتے تھے۔ اللّٰہ تعالیٰ کو اپنے فرضی معبُودات کا محتاج مانتے تھے اور اس کو انفرادی طور پر کارخانۂ کائنات کی تدبیر وتنسیق سے عاجز سمجھتے تھے اور اپنے معبودات کو سفارشی بھی اس معنیٰ تسلیم کرتے تھے کہ اللّٰہ تعالیٰ پر زور ڈال کر اور رُعب دو دبدبہ سے اپنی مرضی منوا سکتے ہیں۔ اللّٰہ تعالیٰ کے بھیجے ہوئے مقدس لوگوں سے معجزات دیکھ کر اور آیاتِ بیّنات سُن کر رسُول ماننے کو بھی تیار نہ ہوتے تھے اور اپنے طور پر تیار کیے ہوئے بیجان مجسّموں کو خُدا مانتے تھے۔ اللّٰہ تعالیٰ کو مُردے زندہ کرنے سے اور قیامت قائم کرنے سے عاجز اور قاصر سمجھتے تھے

Marfat.com

اور ایسا دعویٰ کرنے والی ہستی کو مجنون اور اس عقیدہ کو جنون سے تعبیر کرتے تھے۔ کلام خداوند تعالیٰ کو شعر اور سحر سے تعبیر کرتے تھے اور اپنی موت کو بھی اللہ تعالیٰ کے قبضہ و اختیار کی بجائے گردش لیل و نہار کے تابع سمجھتے تھے اور اگر کبھی سمندروں میں طوفانی موجوں سے خوفزدہ ہو کر اللہ تعالیٰ کی طرف متوجہ ہوتے بھی تھے تو کنارے لگتے ہی اپنی سابقہ بے ڈھنگی چال اور روش اپنا لیتے تھے اور جن مقدس ہستیوں کو اللہ تعالیٰ نے ان کی اصلاح اور درستی کیلئے مبعوث فرمایا ان کے ایذا رسانی میں کوئی کسر اٹھا نہیں رکھتے تھے اور شہید کرنے کے لیے موقعہ کی تلاش میں رہتے تھے چہ جائیکہ ان کو اللہ تعالےٰ تک رسائی کا ذریعہ بناتے اور واصل الی اللہ ہوتے گویا اس طلب اور خواہش میں بھی للّٰہیت کار فرما نہیں تھی بلکہ اپنی نفسانی خواہش اور ہوائے نفس کی پیروی کرتے تھے کہ اپنے طور پر وسائل اور قربت کے ذرائع فرض کیے اور جن کو اللہ تعالیٰ نے اپنے وصل اور قرب کا ذریعے بنایا ان سے بغض و عداوت رکھتے تھے تو اس طرح یہ کہنا بالکل بجا ہے کہ وہ اللہ تعالیٰ کو چھوڑ چکے تھے لیکن ان کو مشرک کہنے کے لیے اور ان کے مشرک بننے کے لیے یہ ضروری بھی نہیں تھا کہ اللہ تعالیٰ کو بالکل ہی چھوڑ دیں اور بھول جائیں بلکہ جب انہوں نے وجوب الوجود یا استحقاق عبادت اور ایجاد و تخلیق اور تدبیر و تصرف میں اغیار کو خلعت الوہیت اور قبائے خداوندی پہنا دی اور اپنے معاملات انہیں سے وابستہ کر دیئے اور اللہ تعالیٰ کے ساتھ ان کو اپنے عجز و نیاز اور سجود و عبادت میں شریک کر لیا تو مشرک ہوئے بلکہ اگر وہ اللہ تعالیٰ کو نہ بھی بھولتے اور

Marfat.com

اور ایسا دعویٰ کرنے والی ہستی کو مجنون اور اس عقیدہ کو جنون سے تعبیر کرتے تھے۔ کلام خداوند تعالیٰ کو شعر اور سحر سے تعبیر کرتے تھے اور اپنی موت کو بھی اللہ تعالیٰ کے قبضہ و اختیار کی بجائے گردش لیل و نہار کے تابع سمجھتے تھے اور اگر کبھی سمندروں میں طوفانی موجوں سے خوفزدہ ہو کر اللہ تعالیٰ کی طرف متوجہ ہوتے بھی تھے تو کنارے لگتے ہی اپنی سابقہ بے ڈھنگی چال اور روش اپنا لیتے تھے اور جن مقدس ہستیوں کو اللہ تعالیٰ نے ان کی اصلاح اور درستی کیلئے مبعوث فرمایا ان کے لیے ایذا رسانی میں کوئی کسر اٹھا نہیں رکھتے تھے اور شہید کرنے کے لیے موقعہ کی تلاش میں رہتے تھے چہ جائیکہ ان کو اللہ تعالیٰ تک رسائی کا ذریعہ بناتے اور واصل الی اللہ ہوتے گویا اس طلب اور خواہش میں بھی للیت کار فرما نہیں تھی بلکہ اپنی نفسانی خواہش اور ہوائے نفس کی پیروی کرتے تھے کہ اپنے طور پر وسائل اور قربت کے ذرائع فرض کیے اور جن کو اللہ تعالیٰ نے اپنے وصل اور قرب کا ذریعے بنایا ان سے بغض و عداوت رکھتے تھے تو اس طرح یہ کہنا بالکل بجا ہے کہ وہ اللہ تعالیٰ کو چھوڑ چکے تھے لیکن ان کو مشرک کہنے کے لیے اور ان کے مشرک بننے کے لیے یہ ضروری بھی نہیں تھا کہ اللہ تعالیٰ کو بالکل ہی چھوڑ دیں اور بھول جائیں بلکہ جب انہوں نے وجوب الوجود یا استحقاق عبادت اور ایجاد و تخلیق اور تدبیر و تصرف میں اغیار کو خلعت الوہیت اور قبائے خداوندی پہنا دی اور اپنے معاملات انہیں سے وابستہ کر دیئے اور اللہ تعالیٰ کے ساتھ ان کو اپنے عجز و نیاز اور سجود و عبادت میں شریک کر لیا تو مشرک ہوئے بلکہ اگر وہ اللہ تعالیٰ کو نہ بھی بھولتے اور

Marfat.com

نسیا منسیا نہ بھی سمجھتے تو پھر بھی مشرک ہو جاتے ، آخر علامہ صاحب بالکلیہ کی نفی سے ان کے لیے کونسی رعایت اور مدح و ستائش والا کونسا پہلو اور مدح و تحسین کی کونسی صورت پیدا کرنا چاہتے ہیں ؟ کیا شرک صرف اسی کو کہتے ہیں جس میں بالکل ہی اللہ تعالیٰ کو بھلا دیا جائے اس کے علاوہ شرک کی کوئی صورت نہیں ہوتی اور نہ مذمت و ملامت کی کوئی اور علت اور بنیاد ہوتی ہے ؟

من دُون اللہ کا حقیقی مفہوم کیا ہے؟

علماءِ کرام نے بحیثیت لغت کے اس کے بہت سے معانی بیان کیے ہیں بعض موضوع لہ ہیں اور بعض مستعمل فیہ پھر بعض میں استعمال شائع ہے اور بعض میں شائع نہیں ہے لہٰذا کسی معنیٰ کا مطلقاً انکار تو کوئی لغتِ عربیہ کا عالم نہیں کر سکتا لیکن کس آیتِ کریمہ میں کونسا معنیٰ متعین ہے اور کونسا معنیٰ زیادہ موزوں اور بہتر ہے اس پر علماءِ اعلام نے ضرور تنبیہ فرمائی ہے اور ان کو فرمانی بھی چاہیے تھی جو حقیقت تسلیم کیے بغیر چارہ نہیں ہے وہ یہ ہے کہ غیر اللہ کے الفاظ اتنی کثرت سے استعمال نہیں کیے گئے جتنے کہ من دُون اللہ کے استعمال کیے گئے ہیں تو انتہا درجہ فصیح و بلیغ اور معجز کلام میں اس تعبیر اور عنوان کی ضرور ہی کوئی حکمت و مصلحت ہونی چاہیے۔

تو آیاتِ کریمہ اس راز کو فاش کرتی ہیں اور اس حقیقت سے پردہ اٹھاتی ہیں کہ وہ ہر غیر کو اپنا معبود نہیں سمجھتے تھے بلکہ اللہ تعالیٰ کے ساتھ اس کا قرب اور منزلت اور خصوصی تعلق تسلیم کر کے اس کی پوجا پاٹ اور عبادت و پرستش کرتے تھے

Marfat.com

هٰؤُلَآءِ شُفَعَآؤُنَا عِنْدَ اللّٰهِ ط (سورہ یونس آیت ۱۸)

لِیُقَرِّبُوْنَآ اِلَی اللّٰهِ زُلْفٰی ط (سورۃ الزمر آیت ۳)

میں ان کو شفیع سمجھنا اور قربِ خداوندی کا ذریعہ سمجھنا، حضرت عیسٰی اور حضرت عزیر علیہما السلام (کے نام پر بنائے ہوئے مجسموں میں پرستش کا باعث) ان کا ابن اللہ ہونا اور ملائکہ (کے نام پر بنائے گئے مجسموں کی پرستش میں ان کا) بزعم ان کے اللہ تعالیٰ کے لیے بیٹیاں ہونا اور کواکب و سیارگان کے (نام پر بنائے گئے ہیاکل کی پرستش میں ان سیارگاں کے) ارواح مجردہ کا اللہ تعالیٰ کے ساتھ تدبیر امور اور انتظام کائنات میں معاون و مددگار ہونا فرض کرکے ان کی عبادت اور پرستش شروع کی تو اس مفروض جہتِ قربت اور سبب منزلت و مرتبت کے پیشِ نظر ان کو من دون اللہ سے تعبیر کیا گیا۔

فاضل سیالکوٹی علامہ عبدالحکیم رحمۃ اللہ علیہ حاشیہ بیضاوی میں فرماتے ہیں:

وفی التعبیر عن الاصنام بالشھداء علی الوجوہ الثلاثۃ ترشیح للتحکم بتذکیر ما اعتقدوہ من انھا من اللہ بمکان وانھا تنفعھم بشھادتھم۔ (صفحہ ۲۴۰)

یعنی حاضر، ناظر اور گواہ والے معانی مراد ہونے کی صورت میں جب کہ من دون اللہ کا مصداق اصنام و اوثان ہیں اور وہ ان تمام امور سے قاصر ہیں تو اس میں اس تحکم اور استہزاء کی مناسبت کو ملحوظ رکھتے ہوئے ان کو شہداء سے تعبیر کر دیا گیا کہ تم انہیں اللہ تعالیٰ کے ہاں خاص مرتبہ و مقام کا مالک سمجھتے تھے اور شہادت کے ذریعے نفع رسانی کا سبب سمجھتے تھے تو اب ان کو اس شکل

Marfat.com

میں بھی شہادت یا امداد و نصرت کے لیے پکار و اور یہی سبب علامہ سید محمود آلوسی رحمۃ اللہ علیہ نے رُوح المعانی صفحہ نمبر ۱۸۱ جلد ۱ پر فاضل سیالکوٹی کی عبارت میں ہی بیان کیا ہے۔

الغرض کہیں عمومی حیثیت ملحوظ رکھ کر غیر اللہ سے تعبیر کر دیا۔ کما قال تعالیٰ :

قُلْ اَفَغَيْرَ اللّٰهِ تَاْمُرُوْٓنِّيْٓ اَعْبُدُ اَيُّهَا الْجٰهِلُوْنَ

(سورہ زمر آیت ۶۴)

قولہ تعالیٰ :

اَمْ لَهُمْ اِلٰهٌ غَيْرُ اللّٰهِ ۭ سُبْحٰنَ اللّٰهِ عَمَّا يُشْرِكُوْنَ ○

(سورہ طور آیت ۴۳)

قولہ تعالیٰ :

قُلْ اَغَيْرَ اللّٰهِ اَتَّخِذُ وَلِيًّا فَاطِرِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ

(سورہ انعام آیت ۱۴)

قولہ تعالیٰ :

يٰقَوْمِ اعْبُدُوا اللّٰهَ مَا لَكُمْ مِّنْ اِلٰهٍ غَيْرُهٗ

(سورہ اعراف آیت ۵۹)

وغیر ذٰلک۔ کیونکہ مقصود اللہ تعالیٰ کے علاوہ ہر قسم کے الٰہ کی نفی ہے نہ کہ خاص منزلت و قربت والے الٰہ کی اور جہاں ان کے مفروض آلہہ کی نفی کی ہے تو وہاں من دُون اللہ سے تعبیر کر دیا گیا ہے۔ کما قال تعالیٰ :

وَمَنْ اَضَلُّ مِمَّنْ يَّدْعُوْا مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ مَنْ لَّا

Marfat.com

يَسْتَجِيْبُ لَهٗۤ اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ (سورۃ الاحقاف آیت ۵)

وقال تعالیٰ:

هٰۤؤُلَآءِ قَوْمُنَا اتَّخَذُوْا مِنْ دُوْنِهٖۤ اٰلِهَةً ؕ (سورہ کہف آیت ۱۵)

وغیر ذٰلک من الاٰیٰت ۔ مزید تحقیق عنقریب معروض خدمت ہوگی۔

گلدستۂ توحید

اختصاراً دُون کا معنیٰ قرآنِ کریم، حدیث اور اشعارِ عرب اور لغت سے پیش کیا جاتا ہے کہ دُون کا معنیٰ ورے، نیچے اور سامنے کے بھی آتے ہیں۔ حضرت موسٰی علیہ السّلام جب مصر سے بھاگ کر مدین پہنچے تو وہاں ایک کنوئیں پر تشریف لے گئے اور وہاں:

وَجَدَ مِنْ دُوْنِهِمُ امْرَاَتَيْنِ تَذُوْدٰنِ ۚ

(سورہ قصص آیت ۲۳)

پایا ان سے ورے دو عورتوں کو روکے کھڑی تھیں اپنی بکریاں۔

یہاں دون کے معنیٰ غیر کے نہیں ورنہ معنیٰ یہ ہوگا کہ وہاں لوگ نہ تھے صرف یہ دو بیبیاں تھیں۔

گلشنِ توحید و رسالت

دُون کے معنیٰ کی تحقیق متداول کتب درسیہ وغیرہ سے

علمائے لغت نے بھی اور علمائے مفسرین اور شارحین نے دُون کے معانی میں نیچے

Marfat.com

آگے پیچھے وغیرہ معانی بھی بیان فرماتے ہیں اور درسی کتب میں اس کو پڑھا پڑھایا جاتا ہے، واللہ اعلم کہ علامہ صاحب کو اِدھر اُدھر بھاگ دوڑ کی ضرورت کیوں پڑی اور دُون بمعنی غیر والے معنیٰ کے انکار کی کیا حاجت پیش آئی، بیضاوی شریف سُورہ بقرہ داخل درس کتاب ہے اور انتہائی معتبر و مستند اور اس کے حواشی شیخ زادہ اور عبدالحکیم وغیرہ بھی اہم ترین اور مستند ترین ہیں۔ علامہ محمود آلوسی صاحب حاشیہ سیالکوٹی کی حرف بحرف عبارت نقل کرتے چلے جاتے ہیں۔ انہیں سے اس امر کا فیصلہ ہو سکتا ہے کہ اصل معنیٰ و منعی کیا ہے اور موارد استعمالات کیا کیا ہیں۔

قاضی بیضاوی رحمۃ اللہ علیہ قولِ باری تعالیٰ :

وَادْعُوْا شُهَدَآءَكُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ (سورۃ البقرہ آیت ۲۳)

کے تحت فرماتے ہیں :

من دُون ادنیٰ مکان من الشئ ومنه تدوین الكتب لانه ارناء البعض من البعض ودونك هٰذا ای خذه من ادنیٰ مکان منك ثم استعير للرتب فقيل زيد دون عمرو ای فی الشرف ومنه الشئ الدون ثم اتسع فيه فاستعمل فی كل تجاوز حد الیٰ حد وتخطی امر الیٰ اٰخر۔

قال اللہ تعالیٰ :

لا يتخذ المؤمنون الكٰفرين اولياء من دون المؤمنين

Marfat.com

ای لا یتجاوزوا ولایۃ المؤمنین الی ولایۃ الکفرین

وقال اُمیّہ ؎

یا نفس مالک دون اللہ من واق

ای اذا تجاوزت وقایۃ اللہ فلا یقیک غیرہ

دُون کا اصل معنیٰ ہے کسی شے سے قریب تر مکان اور اس سے ماخوذ ہے تدوین الکتب کیونکہ ان میں بھی بعض حصّوں کو بعض کے ساتھ قریب کرنے والی صورت پائی جاتی ہے اور اس سے ہے دُونک ھٰذا یعنی اس شئے کو اپنے قریبی مکان سے لے لو۔ پھر مکان کی بجائے رتبی تفاوت میں بطور استعارہ استعمال کیا گیا پس کہا گیا زید دُون عمرو یعنی شرف اور مرتبہ میں زید عمرو سے کمتر ہے اور اس سے ماخوذ ہے الشیئ الدون حقیر شئے پھر اس میں مزید توسیع اور تجوز سے کام لیتے ہوئے ایک حد سے دُوسری حد کی طرف تجاوز اور ایک امر سے دُوسرے امر کی طرف قدم بڑھانے اور چل پڑنے میں اس کو استعمال کر دیا گیا جیسے کہ اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے نہ بنائیں مومنین کافروں کو اپنے ناصر و مددگار من دُون المؤمنین یعنی مومنین کی دوستی اور نصرت و امداد سے تجاوز نہ کریں طرف کفّار کی دوستی اور نصرت و امداد کے اور اُمیّہ شاعر نے کہا :

اے میرے نفس نہیں ہے تیرے لیے کوئی بچانے والا دُون اللہ یعنی جب تو اللہ تعالیٰ کی حفاظت و پناہ سے تجاوز کرے تو اس کا غیر تجھے نہیں بچائے گا۔

فاضل سیالکوٹی فرماتے ہیں :

ای اقرب مکان منہ لکن مع انحطاط یسیر فان

Marfat.com

دون نقیض فوق کما فی الصحاح فھو ظرف مکان مثل عند الا انه ینبئ عن دنو اکثر و انحطاط قلیل

یعنی دُون کی تفسیر ادنیٰ مکان ہے لیکن تھوڑی سی پستی ملحوظ رکھتے ہوئے کیونکہ دُوْنَ فوق کی نقیض ہے جیسے کہ صحاح میں ہے لہٰذا وُہ عند کی طرح ظرف مکان ہے مگر دُون میں بہت زیادہ قرب اور تھوڑی سی پستی معتبر ہے (بخلاف عند کے)

ثم استعیر للرتب ای للتفاوت فی الرتب المعنویة تشبیھا لھا بالمراتب الحسیة وشاع استعماله فی ذٰلك اکثر من استعماله فی الاصل ثم اتسع فی ھٰذا المستعار فاستعمل فی کل تجاوز حد الٰی حد وان لم یکن ھناك تفاوت وانحطاط و ھو بھٰذا المعنی قریب من غیر کانه اداة استثناء کما یشیر الیه المصنف فی ماسیأتی ص۲۳۸ وکذا فی روح المعانی صفحه ۱۸۰-۱۸۱ وکذا فی شیخزاده ص۱۹۵-۱۹۹ -

پھر دُون کا لفظ رتبوں کے لیے بطور استعارہ استعمال کیا گیا یعنی معنوی مراتب میں تفاوت بیان کرنے کے لیے ان کو محسوس مراتب کے ساتھ تشبیہ دیتے ہوئے اور لفظ دُون کا استعمال اس معنیٰ میں زیادہ عام اور معروف ہے بنسبت اصل معنیٰ کے پھر اس میں وسعت پیدا کرتے ہوئے اس مجازی لفظ کو ایک حد سے دُوسری حد کی طرف تجاوز میں استعمال کر دیا گیا اگرچہ وہاں پر انحطاط اور مکانی

Marfat.com

پستی کی طرح رتبی پستی بھی نہ ہو اور لفظ دُون اس معنیٰ کے لحاظ سے لفظ غیر کے قریب ہے گویا کہ وُہ حرفِ استثناء ہے جیسے کہ مصنّف عنقریب اس کی طرف اشارہ فرمائیں گے۔

امام راغب فرماتے ہیں :

يقال للقاصر عن الشيءُ دُون وقال بعضهم هو مقلوب من الدنو والا دون الدنى وقوله تعالىٰ :

لَا تَتَّخِذُوا بطانة من دونكم ( ) اى ممن لم تبلغ منزلته منزلتكم فى الديانة وقيل فى القرابة وقوله تعالىٰ :

يَغْفِرُ مَادُوْنَ ذٰلِكَ لِمَنْ يَّشَآءُ ج (سورۃ النساء آیت ۴۸)

اے ما كان اقل من ذٰلك وقيل ماسوىٰ ذٰلك والمعنيان يتلازمان وقوله تعالىٰ :

ءَاَنْتَ قُلْتَ لِلنَّاسِ اتَّخِذُوْنِیْ وَاُمِّیَ اِلٰهَیْنِ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ

اى غيرالله وقيل معناه الٰهين متوصلا بهما الى الله ـ

(مفردات ص۱۷۵ ص۱۷۶)

ایک چیز سے کوتاہ شیَ کو دُون کہا جاتا ہے اور بعض نے کہا ہے کہ دُون دنو سے تبدیل شدہ ہے اور ادون گھٹیا پر بولا جاتا ہے۔ اور قولِ باری تعالےٰ

لا تتخذوا بطانة من دونكم (سورہ ایت)

یعنی نہ پکڑو قلبی دوستی ایسے لوگوں سے جن کا مرتبہ دیانت میں تمہارے

Marfat.com

میں نے اس (بلقیس) کو اور اس کی قوم کو پایا سورج کو سجدہ کرتے ہوئے اللہ تعالیٰ کے سجود سے تجاوز کرتے ہوئے یا اللہ تعالیٰ کے سوا۔ یہاں پر اللہ تعالیٰ سے نیچے یا آگے یا پیچھے والا معنیٰ متصور نہیں ہو سکتا۔ الغرض اصلی اور مجازی شائع معانی میں سے جو بھی جہاں پر مناسب ہو گا لے لیا جائے گا، اور غیریت ہر جگہ ثابت ہو گی لہٰذا اس معنیٰ کا ارادہ بھی صحیح ہو گا۔

علامہ سرفراز صاحب کی اُلٹی منطق

قولِ باری تعالیٰ:

وَجَدَ مِنْ دُوْنِهِمُ امْرَاَتَيْنِ تَذُوْدَانِ

(سورۃ القصص آیت ۲۳)

میں علامہ صاحب فرماتے ہیں کہ غیر والا معنیٰ مُراد ہو ہی نہیں سکتا ورنہ لازم آئے گا کہ دُوسرے لوگ موجود ہی نہ ہوں حالانکہ دُون کا حقیقی معنیٰ سوٰی اور غیر اگرچہ نہیں ہے لیکن اس کا معنیٰ مقصودی جو بھی ہو اس کو غیر اور سوا ہونا لازم ہے اور وُہ غیر کے حکم میں ہے اور اس سے از روئے معنیٰ قریب ہے اور کسی قریبی اور حکم میں شریک لفظ کے لیے جملہ احکام میں شرکت ضروری نہیں تاکہ اس طرح کا اشکال پیدا کیا جائے۔ یہاں تیسرا معنیٰ یعنی تجاوز مراد ہے اور اس کو غیر والا معنیٰ لازم و لاحق ہے تو مطلب یہ ہوا کہ حضرت موسیٰ علیہ السلام نے دُوسرے لوگوں کے مکان سے تجاوز کرتے ہوئے دو عورتوں کو پایا جو اپنی بکریاں روکے کھڑی تھیں۔ نیز اُوپر گزر چکا کہ اللہ تعالیٰ حضرت عیسیٰ علیہ السلام

Marfat.com

مرتبہ کو نہیں پہنچا یا قرابت میں نہیں پہنچا۔
اور قولِ باری تعالیٰ :

يغفر ما دون ذلك

یعنی اللہ تعالیٰ بخش دیتا ہے شرک سے دُون یعنی قلیل کو اور کہا گیا ہے کہ شرک کے ماسوا کو۔ اور دو نو معنے باہم لازم و ملزوم ہیں اور قولِ باری تعالیٰ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے لیے کہ کیا تُونے لوگوں سے کہا ہے کہ مجھے اور میری امی کو الٰہ بنالو من دون اللہ یعنی اللہ تعالیٰ کے بغیر اور کہا گیا ہے کہ ہمیں دو الٰہ بنالو ہم سے توسل حاصل کرتے ہوئے طرف اللہ تعالیٰ کے۔

الغرض ان اقوال سے بھی حسی طور پر پست اور رتبہ و درجہ میں پست اور سوا اور غیر کے معنیٰ میں لفظ دُون کا استعمال واضح ہے۔ اور پہلے قاضی بیضاوی کے قول میں تصریح گزر چکی ہے کہ اولیاء من دُون المؤمنین میں تجاوز والا معنی مُراد ہے اور ایسے ہی قولِ باری تعالیٰ :

لَتَاْتُوْنَ الرِّجَالَ شَهْوَةً مِّنْ دُوْنِ النِّسَآءِ

(سورۃ الاعراف آیت ۸۱)

میں بھی یہی معنیٰ متعین ہے کہ عورتوں سے تجاوز کرتے ہوئے اور انہیں چھوڑ کر مردوں کے ساتھ قضائے شہوت کرتے ہو یہاں مکان یا مرتبے کے لحاظ سے نیچے والا یا آگے اور پیچھے والا معنیٰ مُراد ہو ہی نہیں سکتا۔
قولہ تعالیٰ :

وَجَدْتُّهَا وَقَوْمَهَا يَسْجُدُوْنَ لِلشَّمْسِ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ

(سورہ نمل آیت ۲۴)

Marfat.com

سے فرمائے گا کیا تُو نے لوگوں سے کہا ہے کہ مجھے اور میری امی کو مِن دونِ اللّٰہ "اِلٰہ" بنالو یعنی سوائے اللّٰہ تعالیٰ کے اور بغیر اللّٰہ تعالیٰ کے الٰہ بنالو تو کیا یہاں پہ اللّٰہ تعالیٰ کے الٰہ ہونے کی نفی ہو جائے گی؟ اور مطلب یہ بن جائیگا کہ ہمیں الٰہ بناؤ اللّٰہ تعالیٰ کو الٰہ نہ بناؤ؟ حالانکہ اللّٰہ تعالیٰ نے تثلیث کے قائلین کا رد فرمایا ہے تو یہاں پہ اللّٰہ تعالیٰ کے الٰہ ہونے کی نفی بھی نہیں اور نہ کفّار کے آپ کو الٰہ سمجھنے کی نفی ہے بلکہ اسکی وحدانیت اور تفرد فی الالوہیت سے تجاوز کرتے ہوئے مزید دو الٰہ ماننے پر ردّ و قدح کیا جارہا ہے۔ اسی طرح اس آیتِ مبارکہ کا مطلب بھی یہی ہوگا کہ ان کے علاوہ اور ان کے سوا دُو عورتوں کو بھی پایا نہ یہ کہ قوم کو نہ پایا صرف دو عورتوں کو پایا۔

بہرکیف مِن دُونِ اللّٰہ میں مشرکین کے تجاوز کو ملحوظ رکھا گیا ہے خواہ انہوں نے وجوب الوجود میں واحد ماننے سے تجاوز کیا۔ خواہ صفاتِ کمال کے مقتضائے ذات ہونے میں یکتائی سے تجاوز کیا خواہ تدبیر تصرف میں انفرادیتِ باری تعالیٰ سے تجاوز کیا یا استحقاقِ عبادت میں یکتائی اور اختصاص ماننے میں تجاوز کیا اور اس سے یہ لازم نہیں آتا اور نہ کوئی اس کا قائل ہو سکتا ہے کہ اللّٰہ تعالیٰ کو بالکل چھوڑ دیں اور نسیا منسیا سمجھیں تبھی شرک پایا جائے گا اور تب ہی مِن دونِ اللّٰہ کا الٰہ ماننا درست ہوگا بلکہ اس کی انفرادیت توحد و تفرد اور امتیاز و اختصاص سے تجاوز اور اس کے ساتھ وجوب الوجود صفات ذاتیہ اور تدبیر و تصرف اور عبادت و تذلل میں اشتراک ثابت کرنا شرک ہے اور ظلمِ عظیم اور ناقابلِ عفو و درگزر جرم۔ کما قال تعالیٰ:

Marfat.com

اِنَّ اللّٰہَ لَا یَغْفِرُ اَنْ یُّشْرَكَ بِہٖ وَیَغْفِرُ مَا دُوْنَ ذٰلِكَ لِمَنْ یَّشَآءُ ؕ (سُورہ نساء آیت ۴۸)

خواہ لوگ اپنی حماقت سے اس غیر اللہ کو قرب اور وصل کا ذریعہ ہی کیوں نہ سمجھیں مگر حقیقت میں وُہ دُور کرنے کا سبب موجب ہے اس لیے اس کو "من دون اللہ" سے تعبیر کیا جاتا ہے۔

کیا رسل وانبیاء علیہم السّلام من دُون اللہ ہیں؟

بعض لوگوں نے رسل کرام اور اولیاءِ عظام کو بھی "من دُون اللہ" میں داخل کر دیا اور ان سے احتراز و اجتناب کو لازم قرار دیا اور ان کی تعظیم و تکریم اور ادب و احترام کو شرک ٹھہرایا اور ان میں مخلوق سے امتیازی اور خصوصی کمالات تسلیم کرنے کو بھی شرک قرار دے ڈالا۔

چنانچہ علامہ سید محمود آلوسی فرماتے ہیں کہ بعض متصوفہ نے یہ دعویٰ کیا کہ مخلوق کو رسل کرام کی حاجت اور ضرورت نہیں ہے چنانچہ وُہ کہتے ہیں:

الرسل سوی اللہ وکل ماسوی اللہ فھو حجاب عنہ جل شانہٗ۔

فالرسل حجاب عنہ تعالیٰ وکل ما ھو حجاب فلا حاجۃ للخلق الیہ فالرسل لاحاجۃ للخلق الیھم

رسل کرام اللہ تعالیٰ کا ما سوٰی ہیں۔ اور ہر وُہ جو اللہ سبحانہ کا ماسوٰی ہے وُہ حجاب ہے۔

Marfat.com

لہٰذا نتیجہ یہ نکلا کہ رسل اللہ تعالیٰ کیلئے حجاب ہیں (اور مخلوق کو اس سے دور کرنیکا ذریعہ) اور وہ شے جو مخلوق کے لیے اللہ کے سامنے حجاب بن جائے اس کی طرف مخلوق کو بالکل حاجت اور ضرورت نہیں ہو سکتی، (بلکہ ان کا وجود مضر اور نقصان دہ ثابت ہوگا اور مخلوق کو اللہ تعالیٰ سے دُور لے جانے کا موجب بنے گا) ۔ العیاذ باللہ تعالیٰ ۔ علامہ نے انکار کرتے ہوئے فرمایا:

۱۔ وھٰذا جھل ظاھر ولعمری انه زندقه والحاد وفساده مثل کونه زندقه فی ظھور ویکفی فی ذٰلك منع الکبریٰ القائلة کل ما سواہ سبحانه تعالیٰ فھو حجاب عنه فان الرسول وسیلة الی اللہ والوصول الیه تعالیٰ لاحجاب وھل یقبل ذوعقل ان النائب السلطان فی بلادہ حجاب عنه۔

اس قول کا سراسر جہل ہونا ظاہر ہے اور مجھے اپنے خالقِ زیست کی قسم یہ زندقہ اور الحاد ہے اور اس کا فساد و بطلان اس کے زندقہ و بدیہی ہونے کی مانند ظاہر ہے اور اس کے رد میں قیاسِ اوّل کے کبریٰ کا ممنوع و مردود ٹھہرانا کافی ہے یعنی ہر ماسوی اللہ اور غیر اللہ اللہ تعالیٰ کے لیے حجاب ہے کیونکہ رسل کرام اللہ تعالیٰ کی ذات (کی معرفت) اور اس تک وصول اور رسائی کا وسیلہ اور ذریعہ ہیں نہ کہ حجاب اور مانع ۔ آیا کوئی عقلمند یہ باور کر سکتا ہے کہ بادشاہ کا نائب اور خلیفہ اس کے بلاد اور سلطنت میں بادشاہ کی ذات کے لیے حجاب ہے ۔

۲۔ ھب ان ھٰذا القائل امکنه الوصول الیه تعالیٰ

Marfat.com

بلاواسطة بقوة الرياضة والاستعداد والقابلية فالسواد الاعظم الذين لا يمكنهم ما امكنه كيف يصنعون ؟

بالفرض والتقدیر مان لیں کہ اس قائل کے لیے اللہ تعالیٰ کی طرف وصول ممکن ہے بغیر واسطہ رسول کے محض اپنی ریاضت اور استعداد و قابلیت کے بل بوتے پر تو وہ سوادِ اعظم اور جمہور جن کے لیے اللہ تعالیٰ کی ذات تک رسائی اپنے مجاہدات و ریاضات اور قابلیت و استعداد سے ممکن نہیں تو وہ کیا کریں؟

(صفحہ نمبر ۸۵ ج ۱۴ روح المعانی)

یعنی اس کی اتباع کریں تو یہ بھی غیر اللہ اور سوی اللہ ہونے کی وجہ سے حجاب جیسے کہ بقول اس کے رسل کرام اور خود بخود بھی واصل نہیں ہو سکتے تو اس قائل کا فتویٰ یہی ہوگا کہ رسل والے حجاب کو برداشت نہ کریں، اور وصول و قرب سے محرومی برداشت کرلیں۔ رسل والا حجاب اس محرومی سے بدرجہا برا ہے جیسے کہ مولوی اسمٰعیل دہلوی نے کہا ہے کہ اپنے قصد وارادہ اور توجہ والتفات کو شیخ اور ان کی مانند بزرگان دین کی طرف پھیرنا گو جناب رسالتمآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہی کیوں نہ ہوں:

بچندیں مرتبہ بدتر از استغراق در خیال گاؤ و خر خود است۔ کئی درجہ بدتر ہے اپنے بیل اور گدھے کے خیال میں گم اور غرق ہونے سے۔

(صراطِ مستقیم ص ۱۳۶)

اور بقول علامہ آلوسی صاحب رحمہ اللہ کے یہ سراسر الحاد و بیدینی اور

Marfat.com

زندیقیت ہے۔

اور قبل ازیں علامہ ابن تیمیہ کا قول اس ضمن میں ملاحظہ فرما چکے ہیں کہ اللہ تعالیٰ اور اس کے رسُول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے حقوق کا باہمی تلازم آیات کلام مجید سے واضح ہے کیونکہ اللہ تعالیٰ کے احترام اور اس کے رسُول مقبول علیہ الصلوٰۃُ والسلام کے احترام کی جہت اور علت ایک ہے لہٰذا جس نے رسُولِ معظم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو تکلیف پہنچائی اس نے اللہ تعالیٰ کو تکلیف پہنچائی اور جس نے رسُولِ معظم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی اطاعت کی اس نے اللہ تعالیٰ کی اطاعت کی۔

لان الامة لایصلون ما بینهم و بین ربهم الا بواسطة الرسُول ۔ لیس لاحد منهم طریق غیره ولا سبب سواه و قد اقامه الله مقام نفسه فی امره و نهیه واخباره و بیانه فلا یجوز ان یفرق بین الله و بین رسُوله فی شی من هٰذه الامور ۔

(الصارم المسلول ص۴۱)

کیونکہ اُمتی لوگ اپنے اور رَب تعالیٰ کے درمیان ربط وتعلق قائم نہیں کر سکتے اور اللہ تعالیٰ کا وصل و قرب حاصل نہیں کر سکتے مگر رسُولِ کرمؐ کے ہی توسّط سے۔ ان میں سے کسی کے لیے نہ کوئی دُوسرا طریقہ اور راستہ ہے اور نہ کوئی سبب اور ذریعہ اور حقیقتِ حال یہ ہے کہ اللہ تعالےٰ نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو اپنا قائم مقام بنا دیا امر ونہی اور اخبار وبیان میں لہٰذا اللہ تعالیٰ اور اس کے رسُول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں ان

ؐ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم۔

Marfat.com

امور کے درمیان فرق کرنا قطعاً جائز نہیں ہے۔

فائدہ: علامہ ابن تیمیہ کی عبارت سے علامہ آلوسی صاحب رحمۃ اللہ کے اس قول کی تائید و تصدیق ہوگئی کہ بادشاہ کا نائب السلطنت اور خلیفہ اس کے لیے حجاب نہیں ہوسکتا تو اللہ تعالیٰ کے نائب مطلق اور خلیفہ علی الاطلاق سید السادات فخرِ موجودات حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بھی اس کے لیے حجاب نہیں ہوسکتے اور ایسے ہی جملہ انبیاء و رسل اور صدیقین و شہداء اور صلحاء و اتقیاء کیونکہ اللہ تعالیٰ نے ہمیں ان کی راہ پر چلنے اور ان کی اطاعت واتباع کی توفیق طلب کرنے کی تعلیم دی ہے اور تلقین فرمائی ہے:

اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ ۝ صِرَاطَ الَّذِيْنَ اَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ
ولقوله — فَاُولٰٓئِكَ مَعَ الَّذِيْنَ اَنْعَمَ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ مِّنَ النَّبِيّٖنَ وَالصِّدِّيْقِيْنَ وَالشُّهَدَآءِ وَالصّٰلِحِيْنَ ۚ (النساء ۶۹)

اگر وہ حجاب ہوتے اور دوری کا سبب موجب ہوتے تو اللہ تعالیٰ کبھی یہ تعلیم نہ دیتا اور نہ اس دعا کی تلقین فرماتا۔

نیز یہ بھی واضح ہوگیا کہ حضرت علامہ آلوسی کا یہ تسلیم کرنا کہ اس مدعی اور قائل کے لیے بغیر توسط رسول کے وصول ممکن ہو مجاہدات و ریاضات کی بدولت اور اپنی ذاتی قابلیت اور استعداد کی بدولت تو محض فرض محال کے طور پر ہے ورنہ امت کے لیے دوسرا کوئی طریقہ اور راستہ اور ذریعہ و وسیلہ خداوند تعالیٰ کے وصل و قرب کا بالکل نہیں ہے۔ ؎

وانت باب اللہ ای امرئ اتاہ من غیرك لایدخل

Marfat.com

وہ جہنم میں گیا جو ان سے مستغنی ہوا
ہے خلیل اللہ کو حاجت رسول اللہ کی

صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم۔

حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلوی حجۃ اللہ البالغہ میں تعظیم شعائر اللہ کے باب میں فرماتے ہیں: ص ۱۳۳-۱۳۵۔

قال اللہ تعالیٰ:

وَمَنْ يُعَظِّمْ شَعَآئِرَ اللّٰهِ فَاِنَّهَا مِنْ تَقْوَى الْقُلُوْبِ ○

(سورۃ الحج آیت ۳۲)

اعلم ان مبنیٰ الشرائع علیٰ تعظیم شعائر اللہ تعالیٰ والتقرب بها الیه تعالیٰ (الیٰ) ومعظم شعائر الله اربعة القرآن والکعبة والنبی والصلوٰۃ (الیٰ) واما النبی فلم یسم مرسلا الا تشبیها برسل الملوك الیٰ رعایا هم مخبرین بامرهم ونهیهم ولایجب علیهم طاعتهم الا بعد مسارقة تعظیمهم لتعظیم المرسل عند هم فمن تعظیم النبی وجوب طاعته والصلوٰۃ علیه وترک الجهر علیه بالقول۔ الخ

اللہ تعالیٰ نے فرمایا، کہ جو شخص اللہ تعالیٰ کے شعائر کی تعظیم کرے تو وہ تقویٰ سے ہیں۔ جان لو کہ شریعتوں کا دار و مدار شعائر اللہ کی تعظیم

Marfat.com

اور ان کے ذریعے اللہ تعالیٰ کی طرف تقرب پر ہے اور شعائر اللہ میں سے عظیم ترین شعائر چار ہیں۔ قرآن مجید، کعبہ شریف اور نبی و رسول علیہ السلام اور نماز (تا) لیکن نبی کو مرسل کا نام جو دیا گیا ہے تو یہ صرف اس کی مشابہت کی بنا پر ہے ساتھ بادشاہوں کے اپنی رعایا کی طرف۔ جیسے جانیوالے پیغام رسانوں کے جو انہیں اپنے بادشاہوں کے امر و نہی کی خبر دیتے ہیں اور امتیوں پر رسل کرام کی اطاعت و فرمانبرداری صرف اس صورت میں لازم کی گئی ہے جب کہ ان کے ہاں رسل کی تعظیم ارسال فرمانے والے (رب تعالیٰ) کی تعظیم کے مماثل و مشابہ ہو پس نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلّم کی تعظیم سے ہے ان کی اطاعت کا وجوب و لزوم اور ان پر درود و صلوٰۃ بھیجنا اور ان کی بارگاہ میں آواز کو بلند کرنے سے اجتناب کرنا۔

الغرض حضرت شاہ ولی اللہ صاحب کے نزدیک بھی رسل کرام قرب خداوند تعالیٰ کا اور اس کی بارگاہِ اقدس تک رسائی کا واسطہ و وسیلہ ہیں اور ان کی تعظیم و تکریم واجب و لازم ہے اور قلبی تقویٰ و طہارت اور ایمان خالص کی دلیل و برہان ہے اور اسی طرح کعبہ شریف کی تعظیم و تکریم اور قرآنِ مجید اور نماز کی تعظیم کا بھی یہی حکم ہے۔

پوری تفصیل اصل کتاب میں ہی ملاحظہ فرماویں۔

لہٰذا یہ تسلیم کیے بغیر کوئی چارہ نہیں کہ من دون اللہ اور ہیں۔ اور نبی اللہ رسول اللہ اور ولی اللہ اور ہیں۔ من دُون اللہ اور ہیں۔ اور من اللہ الی اللہ اور ہیں۔ دُوری اور بعد کے موجب اصنام اور حجاب و محرومی کے موجب اوثان

Marfat.com

پر اللہ تعالیٰ کے تقرب اور وصل کے وسائل اور ذرائع کو قیاس کرنا سراسر محرومی اور بدنصیبی ہے اور بے دینی و الحاد اور منصب نبوت و رسالت کی توہین و تحقیر ہے اور اللہ تعالیٰ کے ہاں پسندیدہ اور محبوب ترین حکمتوں اور مصلحتوں پر رد و قدح اور تنقید و انکار کے مترادف ہے جو عام مسلمان کے بھی قطعاً لائق نہیں چہ جائیکہ علماءِ کرام کے لائق اور شایانِ شان ہو۔

گلدستۂ توحید

مشرکین کے ذاتِ باری تعالیٰ کے متعلق خالق، مالک، مدبر اور مختارِ کل کا عقیدہ سامنے رکھتے ہوئے "دُون اللّٰہ" کا معنیٰ یہی ہوگا کہ وہ اللہ تعالیٰ کو مانتے ہوئے اس کے نیچے، اس کے سامنے اور اس کے ورے دُوسروں کو مافوق الاسباب طور پر پکارا کرتے تھے اور ان کے ناموں کی نذر اور منت دیا کرتے تھے تاکہ وہ راضی ہو کر خداوند تعالیٰ سے ان کے کام کرا دیں اور یہی ان کا شرک تھا لیکن آجکل کلمہ پڑھنے والوں میں اس کی کمی نہیں ہے۔ (ص ۱۳۵)

گلشنِ توحید و رسالت

بقیہ مباحث پر تو پہلے بحث ہو چکی یعنی وہ مختارِ کل کس طرح مانتے تھے؟ اور ان کے ہاں نذر و نیاز کی حقیقت کیا تھی؟ اور اہلِ اسلام کے نزدیک مقبولانِ بارگاہِ خداوند تعالیٰ کے مختار باذن اللہ ہونے کی صورت کیا ہے اور نذر و نیاز کی حقیقت کیا ہے۔ دُون اللّٰہ کا صحیح مفہوم کیا ہے اور فوق الاسباب اور

Marfat.com

تحت الاسباب کے تفرقہ کی لغویت بھی واضح کی جاچکی ہے۔ نیز ندار وپکار کا صحیح مفہوم بھی واضح کیا جاچکا ہے جبکہ مزید تحقیق خاتمہ میں ذکر کی جائے گی۔

اس وقت صرف اتنا عرض کرنا ہے کہ علامہ صاحب موصوف ایصالِ ثواب کو جائز اور درست تسلیم کرتے ہیں یا نہیں اور جس کو ثواب پہنچایا جائے وُہ خوش ہوتا ہے یا خوش نہیں ہوتا؟ نیز اللہ تعالیٰ کے محبُوب اور مقبول حضرات کو خوش کرنے سے خود اللہ تعالیٰ خوش ہوتا ہے یا نہیں؟ اگر جواب اثبات میں ہے تو پھر اہلِ اسلام کو اتنا ہی بتلا دیں کہ اولیار کرام کے لیے ایصالِ ثواب جائز ہے اور ان کو راضی اور خوش کرنے کا ذریعہ ہے اور ان کی دُعائیں وصول کرنے اور نگاہِ لُطف وکرم حاصل کرنے کا وسیلہ اور اللہ تعالیٰ کی رضا حاصل کرنے کا وسیلہ ہیں اور اس ذریعہ سے مشکلات حل ہوسکتی ہیں اور حاجات پوری ہوسکتی ہیں، لیکن اللہ تعالیٰ کی طرف سے اور اس کے فضل وکرم سے مگر افسوس سے کہنا پڑتا ہے کہ علامہ صاحب جواز والی کوئی صُورت بتلا کر خوش نہیں ہوتے اور شرک اور کفر کے فتوے لگانے سے ہی ان کے دل کو سکون اور نفس کو اطمینان حاصل ہوتا ہے۔ جب خُداوندِ کریم اور ارحم الرّاحمین اس جہان میں اپنے محبُوب صلّی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم کو حکم دیتا ہے کہ ان غلاموں سے صدقات و خیرات وصُول کریں اور اس طرح ان کو پاک وصاف بھی کریں، اور انہیں دُعا دیں کیونکہ انہیں تمہاری دُعا سے سکونِ قلب اور رُوحانی طمانیت حاصل ہوتی ہے۔ قال تعالیٰ:

خُذْ مِنْ اَمْوَالِهِمْ صَدَقَةً تُطَهِّرُهُمْ وَتُزَكِّيهِمْ بِهَا وَصَلِّ

Marfat.com

عَلَیْھِمْ اِنَّ صَلٰوتَکَ سَکَنٌ لَّھُمْ ط (سورۃ التوبہ آیت ۱۰۳)

اور محبوب کریم علیہ السلام نے اس حکم پر عمل فرمایا اور اس کی تعمیل فرمائی تو وُہ یقیناً دارِ برزخ میں ہدیہ درُود وسلام اور بدنی و مالی عبادات کا ثواب پیش کرنے پر خود بھی دُعاؤں سے نوازیں گے اور اللہ تعالیٰ بھی از روئے لُطف و کرم ان کو ضرور اس طرف ترغیب دے گا اور متوجہ فرمائے گا کہ اے محبُوب اب بھی ان غلاموں کی تطہیر اور تزکیہ کے ساتھ ساتھ انہیں دُعاؤں سے بھی مشرف فرماؤ۔

دیکھیے جب ہم سلام نیاز عرض کرتے ہیں تو اللہ تعالیٰ آپ کو مشاہدات انوارِ قدس اور ان میں استغراق سے نکال کر ہم فقیروں اور گداؤں کی طرف متوجہ فرماتا ہے تاکہ ہمارا سلام شوق وصُول بھی فرماویں اور جواب بھی عطا فرماویں۔

ما من احد یسلم علیّ الّا وقد رد اللّٰہ علیّ روحی حتّٰی ارد علیہ السّلام۔

(رواہ ابُو داؤد والبیہقی فی الدعوات الکبیر۔ مشکوٰۃ باب الصلوٰۃ علی النبی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم)

تو اس کریم خُداوند تعالیٰ کی شانِ کریمی سے یہی اُمید و رجا ہے کہ وُہ ضرور بالضرور ان تحائف اور ہدایا کو قبُول کرنے کی ترغیب بھی دے گا اور دُعاؤں سے نوازنے کی بھی اور پھر قبُول بھی فرمائے گا ورنہ دُعا کا حکم دینا ہی عبث اور بے فائدہ ہو کر رہ جاتا ہے گا بلکہ دُعا مانگنے کا حکم دیکر اگر قبُول نہ کرے تو محبُوب کریم علیہ السلام کو بے آبرو کرنا اور بے وقار بنانا لازم آتے گا جو قطعًا

Marfat.com

شانِ خداوند تعالیٰ اور اس کی محبت اور شانِ رسالتمآب علیہ الصلوٰۃ والسلام اور ان کی محبوبیت کے لائق نہیں۔

نیز جب اللہ تعالیٰ ان کے دل کے ارادے بدلنے پر قبلہ بدل دے اور ایسے احکام میں ان کی رضامندی کو ملحوظ رکھے۔ کما قال :

قَدْ نَرٰى تَقَلُّبَ وَجْهِكَ فِى السَّمَآءِ ۚ فَلَنُوَلِّيَنَّكَ قِبْلَةً تَرْضٰهَا ۠ (سورۃ البقرہ آیت ۱۴۴)

تو کس قدر اس کے محبانہ تعلق سے یہ امر بعید تر ہے کہ دعائیں کرنے کا حکم دے اور قبول بھی نہ فرمائے اور خدانخواستہ اگر اللہ تعالیٰ کا معمول اور عادتِ مبارکہ یہی تھی تو صحابہ کرام علیہم الرضوان کو آپ کی دعاؤں سے سکون کیونکر حاصل ہو جاتا تھا؟ اور پھر اللہ تعالیٰ کو اس کا حوالہ دینا کیونکر زیبا تھا؟

علاوہ ازیں اس کریم کی فراوانیٔ کرم کا حال تو یہ ہے کہ محبوب کریم علیہ السلام کے صادق غلام اگر اس کے کرم پر بھروسہ کرتے ہوئے کوئی بات کہہ دیں تو وہ ان کو لوگوں میں شرمندہ اور بے آبرو نہیں ہونے دیتا اور اسے ضرور پورا کر دیتا ہے۔ کما قال علیہ السلام :

ان من عباد اللّٰہ من لو اقسم علی اللّٰہ لابرہ

(رواہ المسلم والبخاری، مشکوٰۃ کتاب القصاص)

اگر غلاموں پر کرم نوازی کا عالم یہ ہے تو سید المحبوبین صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی دعاؤں کا اعجاز کیا ہوگا؟

بلکہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم تو خود فرماتے ہیں کہ تمہارے عمل مجھ

Marfat.com

پر پیش ہوتے رہیں گے اگر اچھے عمل دیکھوں گا تو اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کروں گا اور بُرے عمل دیکھوں گا تو تمہارے لیے بخشش کی دُعا کروں گا۔ کما ذکرت سابقاً، تو جب آپ پہلے ہی دُعاؤں میں مصروف ہیں بغیر ہدایا و تحائف پیش کیے اور بغیر عرض والتجا کیے، تو عرض والتجا کی صورت میں بطریقِ اولیٰ شانِ کرم کا اظہار فرمادیں گے۔

کتب احادیث میں درُود وسلام کے ثمرات وبرکات میں جہاں اللہ تعالیٰ کی طرف سے ایک درُود کے بدلے دس دس درُود بھیجنے کا اور دس دس گناہ معاف کرنے اور دس دس درجے بلند کرنے کا مژدہ ہے وہاں پر سیدِ عالم نورِ مجسّم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے سب سے زیادہ قریب ہونے کا مژدہ بھی مذکور ہے جس سے صاف ظاہر کہ ہماری یہ صلوٰۃ اللہ تعالیٰ کی رضامندی اور نبی اکرم شفیعِ معظم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی رضامندی کے حصول کا اعلیٰ ترین ذریعہ ہیں۔ نیز جس دُعا کے اوّل وآخر درُود شریف نہ ہو زمین وآسمان کے درمیان معلق رہتی ہے اور بارگاہِ خداوندی تک رسائی حاصل ہی نہیں کرسکتی تو معلوم ہوا کہ ہماری دُعاؤں کی قبولیت کے لیے درُود اور سلام ذریعۂ قبولیت ہے تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی خدمتِ اقدس میں بھیجے جانے والے عباداتِ بدنیہ اور عباداتِ مالیہ کے تحائف یقیناً اللہ تعالیٰ کے ہاں رحمتِ کائنات فخرِ موجودات صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے ہاں بھی ضرور قبولیت پاتے ہیں اور حلِ مشکلات اور قضائے حاجات کا ذریعہ و وسیلہ بن جاتے ہیں۔

علاّمہ صاحب نے بُخاری شریف میں یہ روایات دیکھی تو ہوں گی اور پڑھی

Marfat.com

پڑھائی بھی ہوں گی مگر کاش اللہ تعالیٰ انہیں ان میں غور کرنے کی بھی توفیق عطا فرماتا۔

۱۔ صحابہ کرام علیہم الرضوان اپنے ہدیے اور تحفے بارگاہِ رسالتمآب صلی اللہ علیہ وسلم میں پیش کرنے کے لیے حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کی باری کا انتظار کرتے رہتے تھے۔ جب ان کے ہاں تشریف لے جاتے تو سبھی اپنے ہدیے، تحفے اور نذرانے بھیجتے دُوسری ازواجِ مطہرات کے ہاں تشریف فرما ہوتے وقت نہیں بھیجتے تھے۔

يبتغون بذلك مرضاة رسول الله صلى الله عليه وسلم

وُہ اپنے اس عمل کے ذریعے نبی کریم علیہ السلام کی رضامندی حاصل کرنا چاہتے تھے۔ کیونکہ اس عمل سے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا خوش ہو جاتیں اور وُہ محبوبِ خداوند تعالیٰ کی محبُوب ترین بیوی تھیں تو اس طرح نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی رضامندی اعلیٰ طریقہ اور بہترین صُورت میں حاصل ہو جاتی۔

فائدۂ جلیلہ : اس سے ہمارے لیے یہ سُنّت اور طریقہ واضح ہو گیا کہ کسی محبُوب کی رضامندی اکمل و اعلیٰ اور اتم و احسن طریقہ پر حاصل کرنی ہو تو اس محبُوب کے محبوبوں کو راضی کرو اور خوش رکھو۔ نیز نیک کاموں کیلئے دن اور جگہ کا تعیّن کر لینے کا جواز بھی واضح ہو گیا کیونکہ صحابہ کرام نے اس کارِ خیر کے لیے حضرت صدیقہ رضی اللہ عنہا کی باری والا دن بھی معین کر رکھا تھا اور ان کا حریمِ ناز اور دولتکدہ بھی مخصوص کر رکھا تھا۔

۲۔ حضرت سودہ رضی اللہ عنہا نے نبیِ اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے عرض

Marfat.com

کیا کہ مجھے عمر کے اس حصہ میں ازدواجی تعلقات کی خواہش نہیں صرف قیامت کے دن آپ کی زوجات میں اُٹھائے جانے کی خواہش ہے لہذا مجھے اپنی زوجیت میں رکھیں اور میرے لیے دیگر ازواج کی طرح بیشک باری مقرر نہ فرمائیں بلکہ میں اپنی باری حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کو دے دیتی ہوں، چنانچہ انہوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی رضامندی اور لطف وکرم حاصل کرنے کیلئے اپنی باری حضرت صدیقہ رضی اللہ عنہا کو ہبہ کر دی۔

یبتغی بذلك مرضاة رسول الله صلی الله علیه وسلم

لہذا واضح ہوگیا کہ مقبولانِ بارگاہِ خداوندی کو ایسے ہدیے اور تحائف پیش کرنا اللہ تعالیٰ کی رضامندی کے حصول کا ذریعہ ہے نہ کہ اس کی ناراضگی کا اور یہ جذبہ اور طلب کفر وشرک نہیں بلکہ جانِ ایمان اور روحِ دین ہے۔

۳۔ نیز نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ارشادِ گرامی ہے کہ میت قبر میں اس شخص کی طرح ہوتا ہے جو ڈوب رہا ہو اور نجات و فلاح کے لیے لوگوں کو پکار رہا ہو وہ بھی انتظار میں ہوتا ہے کہ باپ ماں بھائی دوست دعا کرتے (اور میری نجات کے موجب بنتے) جب ان میں کوئی اس کے لیے دعا کرتا ہے تو وہ اس کے نزدیک دنیا و مافیہا سے زیادہ محبوب ہوتی ہے۔

ما المیت فی قبره الا کالغریق المتغوث ینتظر دعوة
تلحقه من اب وامّ او اخ او صدیق فاذا لحقته
کانت احب الیه من الدنیا ومافیها۔

(مشکوٰۃ شریف باب الخوف والبکاء)

Marfat.com

اگر عام آدمی کے نزدیک دُعائیں کرنے والے محبُوب بن جاتے ہیں تو ان محبُوبانِ خُداوند تعالیٰ کے لیے دُعا کرنے والے بھی یقیناً ان کے ہاں محبُوب اور عزیز تر بن جائیں گے اور اللہ تعالیٰ کے ہاں بھی کیوں کہ بزبانِ رسُول صلی اللہ علیہ وسلم ثابت ہے۔

الخلق عیال اللّٰہ واحب الخلق الی اللّٰہ من احسن الی عیالہ

رواہ البیہقی فی شعب الایمان عن انس وعبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہما مشکوٰۃ باب الشفقۃ والرحمۃ علی الخلق۔

مخلوق اللہ تعالیٰ کے لیے بمنزلہ عیال کے لیے ہے پس تمام مخلوق سے محبُوب تر اللہ تعالیٰ کے ہاں وُہ ہے جو اس کی عیال کے ساتھ نیکی کرے اور حُسنِ سلوک کا مظاہرہ کرے۔

الغرض اہل السُنّت وجماعت کے ہاں ان مقبولانِ بارگاہ کی نذر و نیاز کا مطلب ہے ایصالِ ثواب کی صُورت میں ہدایا و تحائف پیش کرنا اور یہ صرف جائز ہی نہیں بلکہ تقرب الی اللہ کا ذریعہ ہے اور ترقیٔ درجات کا بھی اور اللہ تعالیٰ اور مقبولانِ بارگاہِ خُداوندی کی نگاہِ لُطف وکرم کا وسیلہ ہے اور دُنیا و آخرت میں سرخروئی اور کامیابی وکامرانی کا بھی۔ والحمدُللہ علیٰ ذٰلک۔

کیا کوئی کام اللہ تعالیٰ سے کرا دینے کا عقیدہ رکھنا بھی شرک ہے؟

اگر علاّمہ صاحب کو اس نظریہ پر بھی اعتراض ہے تو اس کا گلہ ہمیں نہ دیں۔ اللہ تعالیٰ سے گلہ کریں کہ تُو نے اپنی توحید کو خود ہی نقصان پہنچانے

Marfat.com

کی ٹھان رکھی ہے تو ہم دیوبندی بچارے کیا کریں۔

۱۔ تو یہ بندے کریں اور گناہ بخشنے تو درمیان میں رسول کو لانے کی کیا ضرورت تھی؟ خواہ مخواہ غیراللہ کے دروازے پر ان کو سوال کرنے کے لیے بھیجا اور ان کو شرک کی راہ پر ڈال دیا۔ (العیاذ باللہ)

وَلَوْ اَنَّهُمْ اِذْ ظَّلَمُوْۤا اَنْفُسَهُمْ جَآءُوْكَ فَاسْتَغْفَرُوا اللّٰهَ وَاسْتَغْفَرَ لَهُمُ الرَّسُوْلُ لَوَجَدُوا اللّٰهَ تَوَّابًا رَّحِيْمًا۝

(سورۃ النساء آیت ۶۴)

۲۔ نیز ساری اُمتِ مسلمہ پر چڑھائی کر دینی چاہیے کہ وہ پندرھویں صدی تک درِ رسولؐ پر حاضر ہو کر اور اس فرمانِ خداوندی کا حوالہ دیکر سفارش کیلئے عرض کرتے ہیں اور مغفرت و بخشش جیسے اہم مقصد اور مطلب کے بارے میں اُمید رکھتے ہیں کہ وہ دُعا کر کے یہ مطلوب اور مقصود پورا کرا دیں گے۔

۳۔ علاوہ ازیں قیامت کے دن تو علامہ صاحب کو اور بھی زیادہ تکلیف ہوگی جب تمام امم اور رسل و انبیاء اور صدیقین و شہداء اور اولیاء و صلحاء اور عام مومنین و مسلمین اور مومنات و مسلمات اللہ تعالیٰ کے سامنے اور اس کے نیچے اور اس کے ورے اسی محبوبؐ کو پکاریں گے اور انہیں سے استغاثہ اور فریاد کریں گے اور حالتِ زار عرض کر کے شفاعت چاہیں گے اور آپ انا لہا کہتے ہوئے شفاعت فرمائیں گے اور اللہ تعالیٰ ناراض ہونے کی بجائے راضی ہو کر اور شانِ جمالی اور کریمی کا مظاہرہ کرتے ہوئے اس شفیع اخلائق کو عرش کی دائیں جانب مقامِ محمود والی وزارتِ عظمیٰ کی کرسی پر بٹھا دیگا اور حساب و کتاب

لہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم۔

Marfat.com

شروع کرکے جنت کے مستحقوں کو جنت میں بھیج دے گا اور پھر دوزخ میں جانے والے گناہگاروں کو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی شفاعت اور انبیاء ورسل اور اولیاء وشہداء وغیرھم کی شفاعت سے دوزخ سے نکال کر جنت میں داخل کر کے ابدی راحت اور عیش ومسرت والی زندگی اور عزت وشرف والا مقام عطا فرمادے گا اور شفیع المذنبین اور دیگر محبوبین کی شانِ شفاعت اور مقامِ محبوبیت ظاہر فرمائے گا۔ اُمید ہے کہ علامہ سرفراز صاحب صفدر اس دن بھی ڈٹے رہیں گے اور بالکل نبیِ اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے در پر شفاعت کی اپیل لے کر حاضر نہیں ہوں گے اور یہ عقیدہ بالکل نہیں اپنائیں گے کہ آج ان کی شفاعت سے یہ عظیم ترین حاجت پوری ہو سکتی ہے اور اہم ترین مشکل حل ہو سکتی ہے اور یہ محبوب اللہ تعالیٰ سے یہ کام کرا دیں گے۔ افسوس اگر کوئی جاہل ایسی باتیں کرتا تو اس کو آیات واحادیث دکھلاتے مگر شیخ القرآن اور شیخ الحدیث کہلانے والے ایسی جہالتوں کا مظاہرہ کریں تو اس کا کیا علاج ہے

خضر کیونکر بتائے کیا بتائے

اگر ماہی کہے دریا کہاں ہے

اور اگر جھگڑا دُور سے پکارنے اور شفاعت کرکے کام کروا دینے میں ہے تو اتنا تو لوگوں کو بتلاؤ کہ قریب سے سنتے بھی ہیں اور دُعائیں کر کے کام کروا دیتے ہیں مگر اس قدر حق گوئی کی بھی توفیق نہیں تو دور یا فوق الاسباب قریب کی دُنیا میں نہ ہونے کے تقیدات اور تخصیصات کی تکلیف کیوں کی

Marfat.com

جاتی ہے؟ اور اپنے قیاسات فاسدہ کے ذریعے نصوصِ کتاب کو مقید و مخصوص ٹھہرانے کی سعی کیوں کی جاتی ہے؟ محض الجھاؤ پیدا کرنا اور شرک کی رٹ لگائے جانا تو کوئی اہم مشن اور ارفع و اعلیٰ مقصد نہیں ہو سکتا سوائے اس کے کہ یہ الزام سچ اور برحق ثابت کیا جائے۔ ؎

دینِ مُلا فی سبیل اللہ فساد

آیئے اب دُور سے اور دُوسری دُنیا میں ہوتے ہوئے اور فوق الاسباب پکار کے سُننے نہ سُننے کی حقیقت معلوم کریں۔

کیا دُور سے سُننا یا دُوسرے جہان میں ہوتے ہوئے سُننا جاننا محال اور ناممکن ہے اور قطعی دلائل کے خلاف ہے؟

خاتمہ : قبل ازیں آیات کلام مجید اور احادیث و آثار اور مفسرینِ کرام اور علماءِ اعلام کے اقوال سے یہ حقیقت واضح ہو چکی کہ مشرکین اصنام واوثان اور صور و تماثیل کی پُوجا پاٹ اور عبادت و پرستش کرتے تھے اور آباؤ اجداد کی اندھی تقلید میں مبتلا ہو کر اس جہالت و حماقت سے باز آنے اور تائب ہونے کو تیار نہ ہوتے تھے اور ان کو صرف قبلۂ توجہ نہیں سمجھتے تھے ورنہ ابراہیم علیہ السلام کا ان کے اصنام کو نہ کھا سکنے اور نہ بول سکنے کا اور نہ اپنے تباہ و برباد کرنے والے کی شکایت کر سکنے کا الزام دینا اور عار دلانا درست نہیں ہوگا اور ان کا معذرت خواہانہ انداز میں کہنا تمہیں معلوم ہی ہے یہ بولتے

Marfat.com

تو نہیں ہیں اور آپ کا ان کے معبودات سے عداوت اور دشمنی کا اعلان اور ان کے معبوداتِ باطلہ پر افسوس کا اور ملامت کا اظہار کرنا وغیرہ متصور نہ ہو سکتا (جس کی تفصیلی بحث گزر چکی ہے اور ہدیہ ناظرین ہو چکی ہے)

۲۔ نیز اللہ تعالیٰ کا یہ فرمان کہ کیا ان کے پاؤں ہیں جن سے چلتے ہیں کیا ہاتھ ہیں جن سے پکڑتے ہیں۔ آنکھیں ہیں جن سے دیکھتے ہیں اور کان ہیں جن سے سنتے ہیں تو گویا یہ تم سے گئے گزرے ہیں جبکہ معبود بنسبت عابد کے قوی و توانا اور کامل واکمل ہونا چاہیے۔ اس امر کی واضح دلیل کہ ان کے معبودات اصنام واوثان ہی تھے ورنہ ملائکہ اور انبیاء و اولیاء اور ارواح کاملین کے حق میں پاؤں ہاتھوں اور آنکھوں کانوں کی نفی کوئی معنیٰ نہیں رکھتی۔

۳۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا بیشک تم اور تمہارے معبودات دوزخ کا ایندھن ہیں

اِنَّكُمْ وَمَا تَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ حَصَبُ جَهَنَّمَ ؕ

(سورۃ الانبیاء آیت ۹۸)

جبکہ ملائکہ اور حضرت عزیر اور حضرت عیسیٰ علیہما السلام اور اولیاء کرام قطعاً اس آیت کا مصداق نہیں ہیں اور اصنام واوثان معبود نہ ہوں بلکہ صرف قبلۂ توجہ ہوں تو پھر ان عابدین مشرکین کے ساتھ جہنم میں کونسے معبودات داخل ہوں گے؟ اس طرح تو "ما تعبدون" کا ذکر ہی بے محل اور بے جا ہوگا لٰہذا یہ تسلیم کرنا ضروری ٹھہرا کہ وہ اصنام واوثان کی ہی عبادت کرتے تھے اور خود اللہ تعالیٰ نے مقبولانِ بارگاہ کے آتشِ دوزخ سے دور ہونے کی تصریح فرما دی اور ابن زبعریٰ وغیرہ کا الزام رد کر دیا۔

Marfat.com

۴۔ وُہ لوگ غائب خُدا کی عبادت و پرستش کرنا پسند نہیں کرتے تھے بلکہ ان کا مطالبہ یہ تھا:

اجْعَلْ لَنَا اِلٰهًا كَمَا لَهُمْ اٰلِهَةٌ ۭ (سُورہ الاعراف آیت ۱۳۸)

یعنی محسوس و مبصر معبود کے متقاضی تھے تو ملائکہ اور حضرت عیسٰی علیہ السلام کے غائب ہونے کے باوجود ان کی پُوجا کیونکر کر سکتے تھے اور دیگر اولیاء اور مقبولانِ بارگاہِ خُداوند تعالیٰ کی وفات کے بعد ان کے ارواح کی عبادت و پرستش کیسے کر سکتے تھے جب کہ ان کی قبور پر بھی معتکف نہیں تھے بلکہ کہتے تھے:

نَعْبُدُ اَصْنَامًا فَنَظَلُّ لَهَا عٰكِفِيْنَ ۝ (سُورۃ الشعراء آیت ۷۱)

ہم بُتوں کو پُوجتے ہیں اور ان کے لیے معتکف رہتے ہیں، وغیر ذٰلک من الآیات۔ لہٰذا

مَنْ لَّا يَسْتَجِيْبُ لَهٗٓ اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ وَهُمْ عَنْ دُعَآئِهِمْ غٰفِلُوْنَ ۝ (سُورۃ الاحقاف آیت ۵)

فرمایا گیا یا اس مضمون کی دیگر آیاتِ کریمہ ہیں ان سب میں صرف اور صرف اصنام و اوثان کی لاعلمی ایسے شعوری اور بیخبری و غفلت کا بیان ہے اور انہیں کی عاجزی اور بے بسی کی وضاحت ہے اور مقبولانِ بارگاہِ خُداوند تعالےٰ بالعموم اور ملائکہ و انبیاء علیہم السلام بالخصوص ان کا مصداق نہیں ہو سکتے اور اور نہ ہی ظاہری معنیٰ و مفہوم کے مطابق کسی نے ان کو حقیقی طور پر جاہل و غافل اور بے علم و بے شعور کہا ہے۔ تغلیب کے طور پر نفی ہو یا اللہ تعالیٰ کے صفاتِ کمالیہ ذاتیہ کے مقابل ممکنات کی صفاتِ عطائیہ کو کالعدم سمجھنا وغیرہ

Marfat.com

تو اس سے مدعائے خصم ثابت نہیں ہو سکتا کیونکہ اس طرح تو زندہ اور سمیع و بصیر ہستی کو قریب تر ہونے کے باوجود بھی کہہ سکتے ہیں کہ اس کا وجود وجود واجب کے مقابل کالعدم اور اس کی حیات اس کی حیات کے مقابل بمنزلہ موت اور اس کی سمع و بصر اس سمیع و بصیر کے سمع و بصر کے مقابل کالعدم ہے اس قسم کی تاویل و توجیہ سے منفی علم و ادراک اور منفی سمع و بصر حقیقت میں معدوم و منفی نہیں ہوتے جبکہ مدعائے خصم حقیقی طور پر ان سے علم و ادراک کی نفی کرنا ہے۔

لہٰذا ایسی آیاتِ کریمہ سرے سے انبیاء کرام، ملائکہ عظام اور اولیاء کرام کے علم و ادراک اور شعور و احساس کی نفی پر حقیقت میں دلالت ہی نہیں کرتیں چہ جائیکہ اس دلالت کے قطعی ہونے کا آنکھیں بند کر کے اعلان کر دیا جائے اور دیانت و امانت کو خیر باد کہہ دیا جائے۔

۵- نیز فرعون اور نمرود و شداد وغیرہ اپنے اپنے دَورِ حکومت میں معبود باطل بنے رہے تھے اور جہنم میں اپنے پجاریوں کے ساتھ داخل بھی ہوں گے۔ اور ان کی ہلاکت کے بعد ان کی پرستش و عبادت نہیں پائی گئی تو پھر اہل قبور کی تخصیص اور سینکڑوں ہزاروں میل دُور ہونے کی تقیید اور فوق الاسباب کی قیود لگا کر علامہ صاحب کہیں ان کے لیے تو کوئی رعایت دینے کے درپے نہیں ہیں؟ اور انہیں ان کمالات سے محروم ماننے میں ہچکچاہٹ محسوس نہیں کرتے؟

۶- نیز اللہ تعالیٰ نے خود فرمایا:

Marfat.com

وَاِنْ يَّدْعُوْنَ اِلَّا شَيْطٰنًا مَّرِيْدًا (سورۃ النساء آیت ۱۱۷)
وُہ نہیں پکارتے مگر شیطان سرکش کو ۔

اور وُہ قیامت تک زندہ رہے گا، تو علامہ صاحب ایسی قیدیں لگا کر اس کے لیے بھی بچاؤ کا سامان تو نہیں کر رہے؟ کیونکہ ان کے اس دعوے کے مطابق شیطان سے علم وشعور اور ادراک و احساس کی نفی نہیں ہو سکے گی، اور جواب دینے سے عجز اور پکارنے والوں سے غفلت اس کے حق میں ثابت نہیں ہو سکے گی؟ اس سے بڑی بد قسمتی اور بدبختی کیا ہو سکتی ہے کہ معبودِ باطلہ سے فرعون اور نمرود و شدّاد اور شیطان وغیرہ دشمنانِ خداوند تعالیٰ کو نکال لیا جائے اور ان کے حق میں یہ تنقیصات اور تقصیرات اور عاجزیاں اور بے بسیاں ثابت نہ کی جائیں اور اللہ تعالیٰ کے نائبین و خلفا اور مرسلین وانبیا اور محبوبین و اولیاء کو ان کا مصداق بنا دیا جائے؟

نیز جب یہ آیات اپنے عموم و اطلاق پر نہ رہیں اور ان میں تخصیص و تقیید لازم اور ضروری ٹھہری تو ان مؤول آیات کی رو سے کسی مومن پر شرک اور کفر جیسے سنگین فتوے لگانے کا علامہ صاحب کو حق نہیں پہنچتا اور نہ احادیث و آثار کو ان کے ذریعے رد کرنے اور ٹھکرانے کا بھی کوئی حق پہنچتا ہے۔

لہٰذا علامہ سرفراز صاحب نے جو تگ و دو کی ہے اور جدّوجہد اور سعی و کوشش کی ہے وُہ بے سود، بے فائدہ اور عبث و لغو ہے۔ ان کی پیش کردہ آیات کے ہرگز وُہ محامل اور مصداق ہیں ہی نہیں جو انہوں نے بنا ڈالے ہیں۔ ورنہ علامہ نیلوی اور علامہ عنایت اللہ والا مذہب اختیار کریں، کہ

Marfat.com

ابدان مٹی کے ساتھ مٹی ہیں یا ان کے حواس و مشاعر معطل اور ارواح لاکھوں میل دُور ہیں۔ ابدان کے سماع و ادراک کا عقیدہ جہالت و حماقت اور ارواح کے سماع و ادراک کا عقیدہ علمِ غیب اور ندائے غیب کی وجہ سے شرک العیاذ باللہ۔ مگر علامہ صاحب اہلِ قبور کے سماع و علم اور ادراک و شعور کا بھی انکار نہیں کر سکتے اور ارواح کے لیے لاکھوں میل دُور قبور پر حاضر ہونیوالوں سے باخبر ماننے کے باوجود ندائے غیب اور فوق الاسباب اور دُوسری دنیا میں ہوتے ہوئے پکارنے کو شرک بھی قرار دیتے ہیں گویا نہ حسینی المشرب بھائیوں کے ساتھ ہیں اور نہ اہل السنت کے ساتھ بلکہ لَا اِلٰی ھٰؤُلَاءِ وَلَا اِلٰی ھٰؤُلَاءِ مذبذبین بین ذٰلِکَ کا نمونہ بنے ہوئے ہیں۔ اصنام و اوثان میں قریب سے بھی سُننے دیکھنے کی نفی تسلیم کرنا ضروری مگر اہلِ قبور سے اس کی نفی کریں تو بقول شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی (رحمہ اللہ) ملحد بنتے ہیں:

بالغرض انکار سماع کفر نباشد در الحاد بودن او شبہ نیست۔

اور بقول شاہ عبدالحق محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ جاہل اور منکرِ دین ٹھہرتے ہیں:

منکر نشود آنرا مگر جاہل باخبار و منکرِ دین۔

اور اگر ارواح کے سُن لینے کا قول کریں صرف قبور پر تو نیلوی اینڈ کمپنی کے نزدیک مشرک بنتے ہیں اور قبور سے دُور ہوتے ہوئے مانیں تو اپنے فتوے کی رو سے مشرک بنتے ہیں۔ ع

دو گونہ رنج و عذاب است جانِ مجنوں را

Marfat.com

مضحکہ خیز چال

آیات وہی مگر بتوں کے لیے ان میں قریب سے علم و ادراک کی نفی اور جہالت وغفلت کا اثبات لیکن مقبولانِ بارگاہ کے لیے صرف دُور سے اور دوسری دُنیا میں ہونے کی صورت میں۔ اور جب اہلِ قبور کے سماع کا انکار کرنے والوں سے بحث وتحیص ہو تو ان آیات سے مُراد اصنام واوثان اور اگر ہماری تردید کرنی ہو تو پھر ان سے مُراد انبیاء و اولیاء اور مقبولانِ بارگاہِ خُداوند تعالیٰ۔

آخر یہ کیسے اصول وضوابط اور قوانین وقواعد ہیں جو ان علماءِ دیوبند نے تیار فرمائے ہیں۔ ؏

ناطقہ سر بگریباں ہے اسے کیا کہیے

کتبِ اصول میں جو ضابطہ بیان کیا جاتا ہے کہ مطلق اپنے اطلاق پر رکھنا ضروری اور عام اپنے عمُوم پر محمول کرنا ضروری ہے تو کیا اس کے یہی تقاضے تھے جو ان علماءِ دیوبند نے پُورے کر دکھلائے ہیں؟

خرد کا نام جنوں کر دیا جنوں کا خرد

جو چاہے آپ کا حُسن کرشمہ ساز کرے

ندا و پکار اور جائز استمداد و استعانت کا دارومدار

کسی بھی رسُول اور نبی علیہ السلام یا ولی اور محبُوبِ خدا کو پکارنے اور ندا کرنے کا دار و مدار اور اس سے اس کی شان کے لائق امداد و اعانت

Marfat.com

کی درخواست کا دار و مدار اس کے علم و ادراک اور احساس و شعور پر ہے لہٰذا سب سے پہلے اس امر کا فیصلہ ضروری ہے کہ فوت شدگان قریب کیطرح دُور سے بھی سُن سمجھ سکتے ہیں یا نہیں؟ اور اسی طرح زندہ انبیاء اور اولیا بھی دُور سے سُن سمجھ سکتے ہیں یا نہیں؟ اور مقبولانِ بارگاہ کے لیے دُور و نزدیک اور قریب و بعید کے تفرقے کی کوئی وجہ وجیہ ہے یا نہیں؟

دلیل اوّل

رسُولِ معظم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم کے متعلق قرآنِ مجید گواہ ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلّم اُمت کے لیے شاہد و شہید ہیں۔ ارشادِ خداوند تعالیٰ ہے:

يَا أَيُّهَا النَّبِيُّ إِنَّا أَرْسَلْنَاكَ شَاهِدًا وَمُبَشِّرًا وَنَذِيرًا ۝ وَدَاعِيًا إِلَى اللَّهِ بِإِذْنِهِ وَسِرَاجًا مُنِيرًا ۝

(سُورۃ الاحزاب آیت ۴۵-۴۶)

اے نبی بیشک ہم نے آپ کو مبعوث فرمایا (اُمت کے لیے نگہبان ان کے احوال پر مطلع اور ان کو بشارت سُنانے والا) (اطاعت کی صُورت میں) اور ڈرانے والا (نافرمانبرداری کی صُورت میں) اور اللہ تعالیٰ کی طرف بُلانے والا اور روشن چراغ بنا کر۔

دلیل دوم

إِنَّا أَرْسَلْنَاكَ شَاهِدًا وَمُبَشِّرًا وَنَذِيرًا ۝ لِتُؤْمِنُوا

Marfat.com

بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ وَتُعَزِّرُوْهُ وَتُوَقِّرُوْهُ ؕ وَتُسَبِّحُوْهُ بُكْرَةً وَّاَصِيْلًا (سورۃ الفتح آیت ۸ - ۹)

ہم نے آپ کو (اُمت کے لیے) نگران و مطلع بنا کر اور بشارت سُنانے والا اور (عذابِ خداوندی سے) ڈرانے والا بنا کر مبعوث فرمایا تاکہ تم اللّٰہ تعالیٰ کے ساتھ اور اس کے رسُول کے ساتھ ایمان لاؤ۔ اور ان کی تعظیم و توقیر کرو، اور ان کی تنزیہ و تقدیس بیان کرو صبح و شام۔

دلیل سوم

وَيَكُوْنَ الرَّسُوْلُ عَلَيْكُمْ شَهِيْدًا ؕ (سورۃ البقرہ آیت ۱۴۳)

اور ہوں گے تمہارے رسُول تم پر گواہ۔

دلیل چہارم

فَكَيْفَ اِذَا جِئْنَا مِنْ كُلِّ اُمَّةٍۢ بِشَهِيْدٍ وَّجِئْنَا بِكَ عَلٰى هٰٓؤُلَآءِ شَهِيْدًا ؔ (سورۃ النساء آیت ۴۱)

کیسا حال ہوگا اس وقت جب ہم لائیں گے ہر اُمت سے ایک گواہ اور لائیں آپ کو گواہ بنا کر ان سب پر۔

دلیل پنجم

وَيَوْمَ نَبْعَثُ فِيْ كُلِّ اُمَّةٍ شَهِيْدًا عَلَيْهِمْ مِّنْ اَنْفُسِهِمْ

Marfat.com

وَجِئْنَا بِكَ شَهِيْدًا عَلٰى هٰؤُلَآءِ ط (سورہ نحل آیت ۸۹)

اور جس دن ہم کھڑا کریں گے ہر اُمت میں سے گواہ ان پر اور لائیں گے آپ کو گواہ بنا کر ان تمام پر۔

دلیل ششم

اِنَّآ اَرْسَلْنَآ اِلَيْكُمْ رَسُوْلًا شَاهِدًا عَلَيْكُمْ كَمَآ اَرْسَلْنَآ اِلٰى فِرْعَوْنَ رَسُوْلًا ۞ (سورہ مزمل آیت ۱۵)

بیشک ہم نے بھیجا تمہاری طرف رسُول جبکہ وُہ گواہ ہے تم پر جیسے کہ بھیجا فرعون کی طرف رسُول کو۔

ان تمام آیاتِ مقدسہ میں نبی کرم رسُولِ محتشم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو شاہد اور شہید فرمایا گیا ہے اور مفسرین کرام کی تصریحات کے مطابق آپ اُمت کے تزکیہ و تعدیل اور صفائی کے گواہ ہونگے اور صرف صحابہ کرام کے نہیں بلکہ تمام اُمت کے خواہ قربِ قیامت میں پیدا ہونے والی کیوں نہ ہو اور صفائی کی گواہی کے لیے اشکال وصور اور اعمال و کردار کی واقفیت اور اطلاع لازمی اور ضروری ہے نیز قیامت کے دن گواہی کی ادائیگی کا دن ہے اور اس سے قبل گواہ بننے اور شہادت کے تحمل کے ایام ہیں اگر اب اُمت کے صور و اشکال اور عقائد و اعمال اور افعال و کردار کا مشاہدہ نہیں تو شہادت کا تحمل ہی نہ پایا گیا کیونکہ کنز الدقائق وغیرہ میں تصریح موجود ہے:

الشہادہ اخبار عن مشاہدۃ وعیان لا عن ظن وحسبان

Marfat.com

شہادت عبارت ہے مشاہدہ اور معائنہ کے بعد خبر دینے سے نہ کہ محض ظن وگمان اور تخمینہ اور اٹکل پچو کے ساتھ بات کرنے سے ۔ اور جب آپ گواہ بن ہی نہ سکے تو گواہی کی ادائیگی کیسے فرما سکتے ہیں؟ نیز اگر ملائکہ کی اطلاع سے گواہی دیں تو بھی آپ کے لیے اُمت کا علم تو ثابت ہوگیا اور ان کے اعمال و اخلاق و عقائد و نیات اور اخلاص و نفاق کی اطلاع تو تسلیم ہوگئی جب کہ یہ بھی علامہ صاحب کے لیے مہنگا سودا اور نا قابلِ برداشت معاملہ ہے لیکن اصلی گواہوں کے ہوتے ہوئے فرعی گواہی دلوانا اور شہادت علی الشہادت پر اکتفار کرنا غیر معقول امر ہے، چاہیے تھا کہ وہی ملائکہ وہاں گواہ بنائے جاتے کیونکہ وُہ بعض میدانِ قیامت میں موجود ہوں گے۔ بلکہ حنفی اصول و قواعد کے مطابق موقعہ کا گواہ عدالت میں موجود ہو اور گواہی نہ دے تو فرعی شہادت اور شہادت علی الشہادت ناقابلِ اعتبار و اعتداد ہو جاتی ہے لہٰذا یہ تسلیم کرنا لازم ٹھہرا کہ رحمتِ کونین صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم خود براہِ راست اُمت کے اعمالِ ظاہرہ و باطنہ پر مطلع ہیں۔

اسی کی تصریح علمارِ دیوبند اور علمارِ اہل السُنّت کے مسلم محدث و مفسر حضرت شاہ عبدالعزیز نے فرمائی۔ فرماتے ہیں :

"باشد رسول شما بر شما گواہ زیرا کہ او مطلع است بنورِ نبوت بر رتبۂ ہر متدین بدین خود کہ در کدام درجہ از دین من رسیدہ و حقیقت ایمان او چیست و حجابے کہ بداں از ترقی محجوب ماندہ کدام است پس او میشناسد گناہاں شمارا و درجات ایمان شمارا و اعمال نیک و بد شمارا و اخلاص و نفاق شمارا۔"

(تفسیر عزیزی ص۵۱۸ ج اول)

Marfat.com

ہوں گے تمہارے رسول تم پر گواہ کیونکہ وُہ اپنے نُورِ نبوت کیساتھ مطلع ہیں ہر دین دار کے دین میں حاصل کردہ مرتبہ پر کہ وُہ میرے دین کے کس درجہ پر فائز ہے اور اس کے ایمان کی حقیقت کیا ہے اور جس حجاب کی وجہ سے ترقی سے رُک گیا ہے وُہ کونسا ہے۔

پس آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم پہچانتے ہیں تمہارے گناہوں اور تمہارے ایمان کے درجات کو اور تمہارے اچھے بُرے اعمال کو اور اخلاص و نفاق کو۔

فائدہ جلیلہ: لفظ شہید کے لیے صلہ علیٰ ہو تو مخالفت میں گواہی دینا مُراد ہوتا ہے جبکہ یہاں پر نبیِ اکرم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی گواہی اُمّت کے حق میں ہوگی نہ کہ خلاف تو اس کا جواب دیتے ہُوئے حضرت شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

میتواں گفت کہ شہادت دریںجا بمعنیٰ گواہی نیست بلکہ بمعنی اطلاع و نگہبانی است تا از جادہ حق بیرون نروند چنانچہ

وَاللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ شَهِيْدٌ

در مقولہ حضرت عیسٰی علیہ السلام

كُنْتُ عَلَيْهِمْ شَهِيْدًا مَّا دُمْتُ فِيْهِمْ ۚ فَلَمَّا تَوَفَّيْتَنِيْ كُنْتَ اَنْتَ الرَّقِيْبَ عَلَيْهِمْ ۚ وَاَنْتَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ شَهِيْدٌ ۝

(سورۃ المائدہ آیت ۱۱۷)

وچوں ایں نگہبانی و اطلاع طریق تحمل شہادت است وتحمل شہادت برائے ادائے شہادت باشد در احادیث ایں شہادت را بگواہی روزِ قیامت تعبیر

Marfat.com

فرمودہ اند بیانا لحاصل المعنیٰ لا تفسیراً للفظ ۔ (ص ۵۲۲ ج اول)

جواب میں یوں کہا جا سکتا ہے کہ اس جگہ شہادت گواہی کے معنیٰ میں نہیں ہے بلکہ اطلاع اور نگہبانی کے معنیٰ میں ہے تاکہ راہِ راست سے باہر نہ نکلیں جیسے کہ وَاللّٰہُ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ شَہِیْدٌ میں اللہ تعالیٰ کا ہر چیز پر مطلع اور نگران ہونا مُراد ہے اور حضرت عیسٰی علیہ السلام کے اس ارشاد میں بھی کہ میں ان پر شہید یعنی مطلع اور نگران تھا جب تک کہ ان میں موجود تھا جب تُو نے مجھے اُٹھا لیا تو تُو ہی ان پر رقیب اور نگران تھا اور تُو ہی ہر چیز پر مطلع اور اس کا نگران ہے۔

اور چونکہ یہ نگہبانی اور اطلاع شہادت کے تحمل اور اس ذمہ داری کو قبول کرنے کا ذریعہ ہے اور تحملِ شہادت اس کی ادائیگی کے لیے ہوتا ہے اس لیے احادیث میں اس شہادت کو قیامت کے دن کی گواہی سے تعبیر کر دیا گیا ہے لیکن حاصل معنیٰ بیان کرتے ہوئے نہ کہ لفظ کی تفسیر کے طور پر۔

لہٰذا شہید کا حقیقی معنیٰ اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کا اوّلین وصف ہی اُمت کے احوال پر اطلاع اور نگہداشت ہے اور اس کا ثمرہ قیامت کے دن گواہی کی صُورت میں ظاہر ہو گا۔

کیا ساری اُمت مُراد ہے؟

حضرت شاہ عبدالعزیز قدس سرہٗ فرماتے ہیں کہ اس آیتِ کریمہ سے اُمت کے اجماع کی حجیت واضح ہوتی ہے اور اس کے مطابق عمل لازم اور ضروری ہے

Marfat.com

زیراکہ مخاطب ورلتکونوا شھداء علی الناس جمیع اُمت است از وقت نزول تاقیام قیامت الخ..... کیونکہ اس آیتِ کریمہ میں آیت کے وقتِ نزول سے لے کر قیامِ قیامت تک ساری اُمت مخاطب ہے۔

اقول: جب یہاں ساری اُمت مخاطب ہے تو یکون الرسول علیکم شھیداً میں بھی ساری اُمت مُراد ہوگی اور آپ کا سب پر مطلع ہونا ثابت ہوگیا اور اس تزکیہ و تعدیل اور صفائی کی گواہی کا دار و مدار حضرت سعید بن المسیب کی اس روایت سے بھی واضح ہو جاتا ہے جو گویا کہ اس آیت کی تفسیر ہے اور اس شہادت کی بُنیاد اور متصرف علیہ کا بیان ہے جیسے کہ ابن الحاج مالکی نے المدخل صفحہ نمبر ۲۵۹ جلد ا پر امام ابُو عبداللہ قرطبی کی تصنیف لطیف تذکرہ کے حوالے سے ذکر کیا ہے۔

مَامن یوم الا وتعرض عَلَی النَّبی صَلّی اللہ عَلَیہ وَسلّم اعمال امته غدوة وعشیة فیعرفھم بسیماھم واعمالھم فلذٰلك یشھد علیھم یوم القیٰمة۔

ہر دن صبح و شام (بلکہ ہر لحہ اور ہر آن) اُمت کے اعمال نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم پر پیش ہوتے رہتے ہیں پس آپ ان کو چہروں کے ذریعے بھی اور اعمال کے لحاظ سے بھی جانتے ہیں اس لیے قیامت کے دن ان پر گواہ ہوں گے۔

(وکذا فی فتح الباری ص۳۸۶ ج ۹، فتح الملہم ص۴۱۳ ج ۱، مواہب مع زرقانی ص۳۳۷ ج ۵)

علامہ قسطلانی مواہب لدنیہ میں فرماتے ہیں:

لا فرق بین موته وحیاته صَلّی اللہ علیه وسلّم

Marfat.com

فی مشاهدته لامته ومعرفته بضمائرهم وخواطرهم
ونیاتهم وذٰلك جلی عنده لاخفاء۔ (ص ۳۵۲ ج ۸)

یعنی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی حالت حیات اور حالت وصال ہر دو میں کوئی فرق نہیں اُمت کے مشاہدہ اور ان کے عزائم اور قلبی خیالات اور نیات کے جاننے میں اور یہ سب کچھ آپ پر روشن اور واضح ہے اس میں ذرہ بھر خفا نہیں ہے۔ (وکذا فی المدخل لابن الحاج ص ۲۵۹ ج ۱)

دلیل ہفتم

فرمانِ خداوند تعالیٰ ہے:

وَلَا تَحْسَبَنَّ الَّذِيْنَ قُتِلُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ اَمْوَاتًا ؕ بَلْ اَحْيَآءٌ عِنْدَ رَبِّهِمْ يُرْزَقُوْنَ ۙ فَرِحِيْنَ بِمَآ اٰتٰىهُمُ اللّٰهُ مِنْ فَضْلِهٖ ۙ وَيَسْتَبْشِرُوْنَ بِالَّذِيْنَ لَمْ يَلْحَقُوْا بِهِمْ مِّنْ خَلْفِهِمْ ۙ اَلَّا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ ۘ

(سورہ آل عمران آیت ۱۶۹-۱۷۰)

اور نہ گمان کرو ان لوگوں کو جو قتل کیے گئے اللہ تعالیٰ کی راہ میں مُردہ بلکہ وُہ زندہ ہیں اپنے رب تعالیٰ کے ہاں رزق دیے جاتے ہیں جبکہ فرحاں وشاداں ہیں ساتھ اس کے جو انہیں اللہ تعالیٰ نے دیا اور خوشی مناتے ہیں ان لوگوں کے بارے میں جو ابھی ان کے پیچھے سے لاحق نہیں ہُوئے کہ ان پر کوئی خوف نہیں اور نہ وُہ رنجیدہ خاطر ہوں گے۔

Marfat.com

اس آیت کریمہ میں شہدار کی حیات پر اور اللہ تعالیٰ کے ہاں رزق دیئے جانے پر واضح دلالت موجود ہے اور ساتھ ہی دُنیا میں زندہ لوگوں کے بارے میں یہ علم وادراک بھی ثابت کہ وُہ مر کر جنّت میں داخل ہوں گے اور خوف و خطر اور حزن وملال سے محفوظ رہیں گے اور اس علم وشعور کی وجہ سے وُہ وہاں پرخوش وخرم رہتے ہیں۔

اور یہ حقیقت محتاجِ بیان نہیں کہ شہید کا مرتبہ تیسرا ہے توجب اس کیلئے یہ علم وادراک ثابت ہوگیا تو صدّیقین کے لیے بطریقِ اولیٰ اور انبیار ومرسلین کے لیے اس سے بھی اولیٰ طریقہ پر جیسے کہ علمارِ اُمت اور اکابرِ ملت نے حیاتِ برزخ کے متعلق یونہی استدلال فرمایا کہ شہید زندہ ہیں اور رزق دیئے جاتے ہیں توصدّیقین اور انبیار ومرسلین علیہم السلام بطریقِ اولیٰ زندہ ہوں گے اور اللہ کی طرف سے ان کو اعلیٰ ترین رزق دیا جائے گا۔

۱۔ قاضی ثنار اللہ صاحب پانی پتی رحمہ اللہ تفسیر مظہری میں قولِ باری تعالیٰ: بَلْ اَحْيَاءٌ وَّلٰكِنْ لَّا تَشْعُرُوْنَ کے تحت فرماتے ہیں:

انّ اللہ یعطی لارواحھم قوّۃ الاجساد فیذھبون من الارض والسّمآء والجنّۃ حیث یشآءون وینصرون اولیاءھم ویدمرون اعداءھم انشآءاللہ (الی) فذھب جماعۃ من العلماء الٰی ان ھٰذہ الحیاۃ مختصۃ بالشھدا والحق عندی عدم اختصاصھا بھم بل حیاۃ الانبیاء اقوٰی منھم واشد ظھوراً اٰثارھا

لـه علیم السلام

Marfat.com

فی الخارج حتیٰ لا یجوز النکاح بازواج النبی صلی اللہ علیہ وسلم بعد وفاته بخلاف الشهید والصدیقون ایضا اعلیٰ درجة من الشهداء والصٰلحون یعنی الاولیاء ملحقون بهم کما یدل علیه الترتیب فی قوله تعالیٰ من النبیین والصدیقین والشهداء والصٰلحین ولذٰلک قالت الصوفیة العلیة ارواحنا اجسادنا واجسادنا ارواحنا وقد تواتر عن کثیر من الاولیاء انهم ینصرون اولیاءهم ویدمرون اعداءهم ویهدون الی اللہ من یشآء اللہ تعالیٰ۔

(تفسیر مظہری ص۱۵۲ ج ۱)

یعنی اللہ تعالیٰ ان کی رُوحوں کو اجسام والی قوت عطا فرماتا ہے، لہٰذا جہاں بھی چاہیں زمین یا آسمان یا جنت میں جا سکتے ہیں اور اپنے دوستوں کی مدد کرتے ہیں اور ان کے دشمنوں کو تباہ کرتے ہیں اللہ تعالیٰ کی مشیت اور اذن سے۔ علمائے کرام کی ایک جماعت کا مذہب یہ ہے کہ یہ حیات شہداء کے ساتھ مختص ہے لیکن میرے نزدیک صحیح اور برحق مذہب یہ ہے کہ یہ شہداء کے ساتھ مختص نہیں ہے بلکہ انبیاء علیہم السلام کی حیات ان سے قوی تر ہے اور اس کے آثار خارج میں زیادہ ظاہر اور واضح ہیں حتیٰ کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی ازواج مطہرات کے ساتھ نکاح کرنا آپ کے وصال کے باوجود کسی کے لیے جائز نہیں بخلاف شہید کے۔ اور صدیقین کی حیاتی بھی شہداء سے ارفع و اعلیٰ

Marfat.com

ہے اور صالحین و اولیاء بھی شہداء کے ساتھ ملحق ہیں اور ان کے حکم میں ہیں جیسے کہ اللہ تعالیٰ کے اس قول کی ترتیب اس پر دلالت کرتی ہے یعنی انبیاء اور صدیقین اور شہداء، و صالحین کی ترتیب۔

اور اسی لیے صوفیاء کرام نے فرمایا کہ ہماری رُوحیں مانند ہمارے جسموں کے ہیں اور ہمارے اجسام مانند ہماری رُوحوں کے ہیں۔ اور تواتر اور قطعیت کیساتھ بہت سے اولیاء کرام سے ثابت ہے کہ وُہ اپنے اولیاء اور دوستوں کی امداد فرماتے ہیں اور دشمنوں کو تباہ کرتے ہیں۔ اور اللہ تعالیٰ کی طرف ہدایت اور رہبری کرتے ہیں ان کی جن کے متعلق اللہ تعالیٰ چاہے اور ارادہ فرمائے۔

۲۔ حکیم الاُمّت حضرت شاہ ولی اللہ محدّث دہلوی رحمہ اللہ فرماتے ہیں:

۔ برزخ میں لوگوں کے احوال مختلف ہوتے ہیں جو کہ شمار اور گنتی سے باہر ہیں لیکن ان کی بڑی اقسام چار ہیں۔ جن میں تیسری قسم وُہ ہے۔

صنف بهيميتهم وملكيتهم ضعيفتان يلحقون بالملٰئكة السافلة لاسباب جبليته (الیٰ) فاذا مات الانسان انقطعت العلائق ورجع الیٰ مزاجه ولحق بالملٰئكة وصار منهم والهم كالهامهم وسعى فيما يسعون فيه وفی الحديث رائت جعفر بن ابی طالب ملكاً يطير فی الجنة مع الملٰئكة بجناحين وربما اشتغل هٰؤلاء باعلاء كلمة الله ونصر حزب الله وربما كان لهم لمة خير بابن أدم وربما اشتاق بعضهم

Marfat.com

الیٰ صورة جسدية اشتياقا شديداً ناشأمن اصل جبلته فقرع ذٰلك باباً من المثال واختلطت قوة منه بالنسمة الهوائية وصار كالجسد النوراني و ربما اشتاق بعضهم الیٰ مطعوم فاحد فيما اشتهیٰ قضاء لشوقه واليه الاشارة فی قوله تعالیٰ ولا تحسبن الذين قُتِلُوا فِي سَبِيلِ اللهِ اَمْوَاتًا بَلْ اَحْيَآءٌ عِنْدَ رَبِّهِمْ يُرْزَقُونَ ○ فَرِحِيْنَ بِمَآ اٰتٰهُمُ اللهُ مِنْ فَضْلِهٖ الاٰية۔

(سورہ آل عمران آیت ۱۶۹ — ۱۷۰)۔ (حجۃ اللہ البالغہ مع ترجمہ ص ۶۶ ج ۱)

فوت شدگان میں سے جن کی قوۃ بہیمیہ حیوانیہ اور ملکی استعداد دونوں ضعیف اور کمزور ہوتی ہیں وُہ نچلی سطح کے ملائکہ کے ساتھ لاحق ہو جاتے ہیں بسبب جبلی اور پیدائشی اسباب کے اور کبھی کسبی اسباب کی بنا پر۔ جبلی اسباب یہ ہیں کہ ان کی قوتِ ملکیہ قوتِ بہیمیہ حیوانیہ میں بہت کم مستغرق ہوتی ہے۔ نہ تو اس کا حکم مانتی ہے اور نہ اس سے متاثر ہوتی ہے اور کسبی اسباب یہ ہیں کہ اس شخص نے قلبی خواہش اور ارادہ سے طہارت اور پاکیزگی کا جامہ پہنا اور اچھی طرح اختیار کیا اور ریاضت و عبادت کرکے اپنی رُوح میں انوارِ ملکیہ اور الہامات کو خُوب جگہ دی (تا) لیکن اس کا قریبی تعلق ملائکہ سافلہ سے ہوتا ہے اور انہیں کی جانب اس کو زیادہ میلان اور کشش ہوتی ہے۔

لہٰذا جب ایسا انسان مرجاتا ہے تو اس کے تمام روابط اور تعلقات ٹوٹ جاتے ہیں اور وُہ اپنی اصلی جبلت کی طرف عود کر آتا ہے اور پھر

Marfat.com

ملائکہ میں مل کر انہیں میں سے ایک فرد ہو جاتا ہے اور ان کی مانند اس کو الہام ہونے لگتے ہیں۔ انہیں جیسے کام یہ بھی کرنے لگتا ہے (اور اس طرح ان کا دست و بازو بن جاتا ہے) چنانچہ حدیث میں آیا ہے کہ میں نے جعفر بن ابی طالب کو ایک فرشتہ کی شکل میں دیکھا اور فرشتوں کے ساتھ دو بازوؤں اور پروں کے ساتھ جنت میں اُڑتے ہوئے دیکھا ہے۔

قسم سوم کے یہ لوگ کبھی کلمۃ اللہ اور اسلام کو سربلند کرتے ہیں، اور اللہ تعالیٰ کے لشکروں اور مجاہدینِ اسلام کی امداد و اعانت میں مصروف ہو جاتے ہیں اور کبھی انسان کے دل میں نیکی کا القاء کرتے ہیں۔ اور کبھی ان میں سے بعض لوگ اپنے جبلی شوق کی وجہ سے جسمانی صورت کے بہت شائق ہوتے ہیں تو ان کے لیے عالمِ مثال کا دروازہ کھل جاتا ہے اور ان کی ہوائی رُوح (نسمہ) میں ایک قسم کی مثالی قوت شامل ہو جاتی ہے اور وہ ایک نُورانی جسم بن جاتا ہے اور کبھی ان میں سے بعض لوگ کھانے وغیرہ کی خواہش کرتے ہیں تو ان کی خواہش اور تقاضے پُورے کرنے کے لیے ان کو ایسی چیزیں مہیا کردی جاتی ہیں اور اس آیتِ کریمہ میں اسی طرف اشارہ ہے کہ نہ گمان کرو ان لوگوں کو جو اللہ تعالیٰ کی راہ میں قتل کیے گئے مُردہ، بلکہ وُہ زندہ ہیں، اللہ تعالیٰ کے ہاں رزق دیئے جاتے ہیں درآنحالیکہ خوش ہیں اس پر جو اللہ تعالیٰ نے ان کو اپنے فضل و کرم سے عطا فرمایا۔

حضرت شاہ صاحب کے اس کلام سے واضح ہے کہ جن لوگوں کی استعداد ملکی منعیت ہوتی ہے وُہ بھی مجاہدات و ریاضات کے بعد ملائکہ کیساتھ لاحق

Marfat.com

ہو جاتے ہیں تو جن کی استعداد ملکی قوی ہو اور مجاہدات و ریاضات میں بھی سابقین میں سے ہوں تو ان کا مقام مزید بلند تر ہوگا اور جب ان غلاموں کے لیے یہ مقاماتِ عالیہ ثابت ہوں اور مرنے کے بعد ان کو نورانی اجسام حاصل ہوں اعلائے کلمۃ اللہ کے لیے حزب اللہ کی امداد کر سکتے ہوں اور انسانوں کو نیکی اور بھلائی کی ترغیب جیسے امور سرانجام دے سکتے ہوں تو حضور سیدِ عالم صلّی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم اور دیگر انبیاء علیہم السلام بطریقِ اولیٰ اور ان کے کامل وارثین یعنی صدیقین بھی بطریقِ اولیٰ ان مناصبِ عالیہ اور مکارمِ اخلاق اور اعلیٰ صفات کے مالک ہوں گے لہٰذا ان کو غافل اور بے علم ماننا بھی لغو و باطل اور مجبور و معذور ماننا بھی لغو و باطل ہے۔

نیز جب وُہ اپنے طور پر بغیر اپیل اور درخواست کے اُمورِ خیر کا القاء کریں نیکی کی ترغیب دیں اور لشکرِ اسلام کی مدد کریں اور اسلام کی سربلندی کے لیے کوشاں ہوں تو درخواست اور اپیل پر اور التماس و التجا کرنے پر بطریقِ اولیٰ ان امور میں معاونت و امداد سے سرفراز فرمادیں گے نہ کہ بالکل غافل اور بے خبر ہو جائیں گے۔

نوٹ: مزید حوالے بھی حضرت شاہ صاحب کی زبانی اسی حجۃ اللہ البالغہ سے ذکر کیے جائیں گے اور ہم دیکھیں گے کہ واقعی منکرین اس حکیم الامت کو حکیم مانتے ہیں یا نہیں؟ اور ان کے حکیمانہ نسخوں کے ذریعے اپنی روحانی اور قلبی شفاء کا سامان کرتے ہیں یا نہیں؟

Marfat.com

دوہرا اسلام اور توحید و شرک کا دوہرا معیار

تنبیہ : قبل ازیں حضورِ اکرم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی فیض رسانی کا اقرار واعتراف مولوی اسمٰعیل صاحب دہلوی کی زبانی معروضِ خدمت ہو چکا کہ آپ نے تین چھوہارے کھلا کر سید احمد بریلوی صاحب کو کمالاتِ نبوت (فنا فی الرسول اور بقا بالرسول) کی تکمیل کرا دی اور حضور شیخ عبدالقادر جیلانی رحمہ اللہ کا اور حضرت خواجہ بہاؤ الدین نقشبند قدس سرہٗ العزیز کا سید صاحب کو قادری اور نقشبندی فیض سے بہرہ ور کرنا بیان ہو چکا اور حضرت خواجہ قطب الدین بختیار کاکی قدس سرہٗ العزیز کا قبرِ انور پر حاضری دینے کے بعد اس کو چشتی سلسلہ کا فیض عطا فرمانا بھی مذکور ہو چکا مگر یہ سب کچھ جان لینے کے باوجود پرنالہ وہیں کا وہیں رہا کہ صرف زندہ سے اور قریب سے تحت الاسباب استعانت جائز ہے۔ فوت شدہ سے اور بعید سے استمداد جائز نہیں اگر واقعی یہ استمداد جائز نہیں تو پھر ان حضرات کا مدد کرنا کیونکر جائز ہوا اور اس کو اپنے پیرِ طریقت کی بڑائی اور عظمت ظاہر کرنے کے لیے ذکر کرنا کیوں کر جائز ہو گیا ؟

نیز شیخ قطب الدین بختیار کاکی رحمۃ اللہ علیہ کے مزارِ اقدس پر فیض لینے کے لیے جانا کیونکر جائز ؟ پھر یہ ولایت کا حصول کیا ما تحت الاسباب تھا یا ما فوق الاسباب ؟ اگر تحت الاسباب ہے اور اس میں اللہ تعالیٰ کا دخل نہیں تو اللہ تعالیٰ کا دائرۂ تصرف و تدبیر محدود تر ہو گیا اور اگر ما فوق الاسباب

Marfat.com

ہے تو پھر انہوں نے اللہ تعالیٰ کے دائرہ اختیار میں مداخلت کرکے شرک کا ارتکاب کیا اور مولوی اسمٰعیل صاحب اور ان کے پیرو مُرشد نے یہ تصرف مان کر شرک کا ارتکاب کیا۔ کیا علماء دیوبند یہاں بھی شرک کا فتویٰ صادر فرمادیں گے اور عدل و انصاف کے تقاضے پُورے کریں گے ؟

نیز بقول حضرت شاہ ولی اللہ "تیسری صنف کے انسان مرکر ملائکہ میں شامل ہوجاتے ہیں اور انہیں میں سے ایک فرد بن جاتے ہیں انہیں والے کام سرانجام دیتے ہیں اور حضرت ابراہیم علیہ السلام نے ان سے مدد نہیں لی تھی جس کا مطلب علماء دیوبند یہ بیان کرتے ہیں کہ اگر مدد لے لیتے تو شرک ہوجاتا تو سید احمد بریلوی صاحب نے مدد لے کر شرک کا ارتکاب کیوں کیا؟ نیز ملائکہ کی امداد تحت الاسباب ہے یا فوق الاسباب ؟ اگر تحت الاسباب ہے تو حضرت ابراہیم علیہ السلام کا مدد لینا شرک کیونکر ہوسکتا تھا جبکہ ملائکہ کا مدد دینے کے لیے آنا اور اپنے آپ کو مدد دینے پر قادر سمجھنا شرک نہ ہوا؟ اور اگر فوق الاسباب تھی تو ملائکہ شرک میں مبتلا ہوگئے جنہوں نے مافوق الاسباب امر میں تصرف اور تدبیر کا قصد اور ارادہ کیا اور اللہ تعالیٰ کے مختص اختیارات میں مداخلت کی۔ للذا کسی صورت میں بھی علماء دیوبند اپنے مفروض شرک والی دلدل سے نکل نہیں سکتے۔

دلیل ہشتم

اللہ تعالیٰ کا ارشادِ گرامی ہے، فالمدبرات امرًا .

Marfat.com

مجھے قسم ہے ان نفوسِ قدسیہ کی جو امور کی تدبیر کرنے والے ہیں۔

دلیل نہم

اللہ تعالیٰ کا ارشادِ گرامی ہے:

يَٰٓأَيَّتُهَا ٱلنَّفْسُ ٱلْمُطْمَئِنَّةُ ۝ ٱرْجِعِىٓ إِلَىٰ رَبِّكِ رَاضِيَةً مَّرْضِيَّةً ۝ فَٱدْخُلِى فِى عِبَٰدِى ۝ وَٱدْخُلِى جَنَّتِى ۝

(سورۃ الفجر آیت ۲۷ تا ۳۰)

اے اطمینان والے نفس اپنے رب تعالیٰ کی طرف لوٹ، درآں حالیکہ تو اللہ تعالیٰ سے راضی اور وہ تجھ سے راضی پس میرے بندوں میں داخل ہوجا اور میری جنت میں داخل ہوجا۔

ان دونوں آیاتِ کریمہ کا مفاد و مدلول یہ نکلا کہ مرتاض اور مجاہدہ کش عباد و زہاد بعد از وصال اللہ تعالیٰ کے مقبول بندوں میں شامل ہوجاتے ہیں اور ملائکہ بھی مکرم بندے ہیں۔ اور حضرت شاہ ولی اللہ صاحب کے قولِ سابق سے بھی ایسے انسانوں کا ملائکہ کے زمرہ میں شامل ہونے اور انہیں والے کام کرنا ثابت ہوچکا۔ اب مزید حوالے انہیں کی زبانی اور دیگر اکابر کی زبانی ملاحظہ فرمادیں۔

۱۔ اعلم انه قد استفاض من الشرع ان لله عباداً هم افاضل الملٰئكة ومقربوا الحضرة لا يزالون يدعون عن اصلح نفسد وهذ بها وسعى فى اصلاح الناس فيكون دعاءهم ذلك سبب نزول البركات

Marfat.com

علیھم ویلعنون من عصا وسعیٰ فی الفساد فیکون لعنھم سببا لوجود حسرۃ وندامۃ فی نفس العامل والھامات فی صدور الملاء السافل ان یبغضوا ھٰذا المسیئی ویسیئوا الیہ اما فی الدنیا اوحین یتخفف عنہ جلباب بدنہ بالموت الطبیعی وانھم یکونون سفراء بین اللہ وبین عبادہ وانھم یلھمون فی قلوب بنی اٰدم خیراً ای یکونون اسبابا لحدوث خواطر الخیر فیھم بوجہ من وجوہ السببیۃ وان لھم اجتماعات کیف شآء اللہ وحیث شآء اللہ یعبرعنھم باعتبار ذٰلک بالرفیق الاعلیٰ والندی الاعلیٰ والملاء الاعلیٰ۔

وان لارواح افاضل الآدمیین دخولا فیھم ولحوقا بھم۔ کما قال اللہ تعالیٰ:

یٰٓاَیَّتُھَا النَّفْسُ الْمُطْمَئِنَّۃُ ارْجِعِیْٓ اِلٰی رَبِّکِ رَاضِیَۃً مَّرْضِیَّۃً فَادْخُلِیْ فِیْ عِبٰدِیْ وَادْخُلِیْ جَنَّتِیْ

وقال رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم:

رائت جعفر بن ابی طالب ملکاً یطیر فی الجنۃ مع الملٰئکۃ بجناحین وانہ ھنالک ینزل القضاء والیتعین الامر المشار الیہ بقولہ تعالیٰ:

Marfat.com

فیها یفرق کل امر حکیم وان هنالک تتقرر الشرائع بوجه من الوجوه - (ص۱۲۲ ج۱)

واضح ہو کہ شرع سے یہ بات ثابت ہے کہ خداوند تعالیٰ کے کچھ عمدہ بندے ہیں جو کہ بلند مرتبہ فرشتے اور اس کے دربار کے مقرب لوگ ہیں جو شخص اپنے آپ کو نیک بناتا ہے اور اپنے نفس کو بھی تمام عیبوں سے پاک کر کے نیک و پاکیزہ اخلاق والا بناتا ہے اور لوگوں کی اصلاح اور رفاہِ عام میں کوشش کرتا رہتا ہے تو فرشتے ہمیشہ اس کے لیے دعائے خیر کرتے رہتے ہیں اور ان کی یہی دعا ان پر رحمت و برکت کے نزول کا سبب بنتی ہے اور یہی فرشتے خدا کے نافرمان اور مفسد لوگوں پر لعنت اور بد دعا کرتے ہیں اور ان کی یہ بد دعا اور لعنت ایسے بدکار لوگوں کے دل میں حسرت اور ندامت کے وجوہ کا سبب بنتی ہے اور اس کے سبب سے ملاء سافل (نچلے فرشتوں) یعنی زمین اور آسمان دنیا والوں کے دلوں میں یہ بات الہام کی جاتی ہے کہ اس بدکار سے بغض و نفرت رکھیں اور یہ کہ اس کے ساتھ برائی سے پیش آئیں یا تو دنیا میں اس کے جیتے جی ورنہ اس وقت جبکہ فطری موت کے سبب اس کے بدن کا ڈھانچہ اس سے جدا ہو جائے اور اس کی روح قفسِ عنصری سے پرواز کر جائے۔

اور فرشتے خداوند تعالیٰ اور اس کے بندوں کے درمیان بطورِ سفیر اور ایلچی کے کام کرتے ہیں اور بنی آدم کے دلوں میں نیک باتیں الہام کرتے رہتے ہیں یعنی وہ کسی نہ کسی طریقہ سے دل کے نیک خیالات اور ارادوں کا

Marfat.com

سبب بن جاتے ہیں اور جس طرح خداوند تعالیٰ چاہتا ہے اور جس جگہ چاہتا ہے ان کو جمع کر کے ان کے اجتماعات قائم فرماتا ہے اور اسی کیفیت و مقام کے اعتبار سے ان کو الگ الگ ناموں سے پکارتے ہیں۔ کبھی ان کو رفیقِ اعلےٰ (بلند مرتبت مصاحب) کہتے ہیں۔ کبھی ندیٔ اعلیٰ (مجلسِ بالا) اور کبھی ملاءِ اعلیٰ (معزز و مقرب فرشتے اور سردار) کہتے ہیں۔

اور نیک و مقرب لوگوں کی ارواح بھی ان میں شامل ہو کر ان ہی سے جا ملتی ہیں جیسے کہ خداوند تعالیٰ فرماتا ہے کہ:

اے مطمئن رُوح اپنے پروردگار کی طرف خوشی خوشی چلی آ اور میرے بندوں میں جا مل اور میری جنّت میں آ رہ۔

اور رسُول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے فرمایا کہ:

مَیں نے جعفر بن ابی طالب کو فرشتہ کی صُورت میں دیکھا کہ وُہ جنّت میں فرشتوں کے ساتھ دو پروں سے اُڑ رہے تھے اور یہیں ملاءِ اعلیٰ میں تمام فیصلے و احکامِ الٰہی نازل ہوتے ہیں اور وُہ امور بھی یہیں متعین ہوتے ہیں، جن کا خداوند تعالیٰ نے اپنے اس قول میں اشارہ کیا ہے، دُنیا کے تمام امور جو حکمت اور مصلحت پر مبنی ہیں اسی مُبارک رات کو تصفیہ پاتے ہیں اور اسی جگہ کسی نہ کسی طور پر تمام شرائع مقرر ہوتے ہیں۔

۲۔ واعلم ان الملاء الاعلیٰ ثلاثة اقسام (الیٰ) وقسم هم نفوس انسانية قريبة المآخذ من الملاء الاعلیٰ ما زالت تعمل اعمالا منجية تفيد اللحوق بهم حتیٰ

Marfat.com

طرحت عنها جلا بیب ابدانهم فانسلکت فی سلکهم وعدت منهم والملاء شانها انها تتوجه الیٰ بارئهم توجّها ممعنا لا یصدها عن ذٰلك التفات الیٰ شیٔ وهو معنیٰ قوله تعالیٰ یسبحون بحمد ربهم ویومنون به وتتلقیٰ من ربّها استحسان النظام الصالح والستهجان خلافه فیقرع ذٰلك بابًا من ابواب الجزاء الالٰهی وهو معنیٰ قوله تعالیٰ ویستغفرون للذین اٰمنوا ۔

وافاضلهم تجتمع انوارهم وتتداخل فیما بَینهم عن الرّوح الذی وصفه النّبی صلّی اللّٰہ علیه وسلّم بکثرة الوجوه والالسنة وتصیر هنالك شیٔ واحد وتسمی خطیرة القدس وربما حصل فی خطیرة اجماع علیٰ اقامة حیلة لنجاة بنی اٰدم من الدواهی المعاشیة والمعادیة الخ ۔ (ص ۳۲ ج ۱)

جان لے کہ ملا اعلیٰ تین قسم ہیں (تا) اور ایک قسم ان نفوسِ انسانیہ کی ہے جو ملا اعلیٰ سے بہت قریب ہیں اور وُہ ایسے ایسے نیک اعمال کرتے رہتے ہیں جوان سے جاملنے کے لیے ان کے حق میں ممد ثابت ہوتے ہیں اور آخر کار جب لباسِ بدن ان کی رُوح سے اُتر جاتا ہے تو انہیں میں جا شامل ہوتے ہیں اور ان کا شمار بھی انہیں میں ہونے لگتا ہے اور ملا اعلیٰ کا اصل کام یہ

Marfat.com

ہے کہ وُہ ہر وقت اپنے پروردگار کی طرف متوجہ رہیں اور کوئی مشغلہ ان کو اس سے روک نہ سکے اور اس قولِ الٰہی کی (کہ وُہ ملاء اعلیٰ اپنے پروردگار کی تعریف کرتے ہیں اور اس کی پاکیزگی بیان کرتے رہتے ہیں اور اس پر پُورا پُورا ایمان بھی رکھتے ہیں) کا یہی مطلب ہے اور خدا کی طرف سے ان کے دلوں میں یہ بات بھی ڈالی جاتی ہے کہ وُہ نظامِ صالح کو اچھا سمجھیں اور پسند کریں جس کی انہیں خدمت عطا ہوئی ہے اور یہ کہ غیر صالح نظام (جو کہ رضائے الٰہی کے خلاف ہے اس) کو بُرا جانیں اور اس سے نفرت کریں اور اس کلامِ الٰہی کا کہ وُہ مومنوں کے گناہوں کی معافی مانگتے ہیں یہی مطلب ہے۔

اور ملاء اعلیٰ کے جو بلند مرتبہ اور اعلیٰ لوگ ہوتے ہیں ان کے افراد اس رُوح کے پاس آکر جمع ہوتے ہیں اور آپس میں ملتے ہیں جس رُوح کا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے تعارف بہت سے مونہوں اور زبانوں والا ہونے کی صفت سے کرایا ہے۔ پھر وُہ سب مل کر وہاں بمنزلہ ایک چیز کے ہو جاتے ہیں اور اسی کا نام خطیرۃ القدس (پاک و مقدس پارلیمنٹ) ہے اور کبھی خطیرۃ القدس میں اس بات کا مشورہ ہوتا ہے کہ بنی آدم کے دینی اور دُنیاوی اُمور کو سرانجام دینے کے لیے اور ان کی مشکلات کو دُور کرنے کے لیے کسی ایسے شخص کی تکمیل اور اس کے حکم کی تعمیل لوگوں سے کرانی چاہیے۔

واذا تمكنت العدالة من الانسان وقع اشتراك
بينه وبين حملة العرش ومقربي الحضرة من
الملٰئكة الذين هم وسائط نزول الجود والبركات

Marfat.com

وَکَان ذٰلك بابا مفتوحا بينه و بينهم و ممد النزول الوانهم وصبغهم بمنزلة تكميل النفس من الهام الملٰئكة و الانبعاث حسبها ۔ (ص۱۱۱ ج۱)

پس جب انسان میں صفت عدالت متمکن ہو جاتی ہے تو اس میں اور حاملینِ عرش و مقربینِ بارگاہ فرشتوں میں جو جودِ الٰہی اور برکاتِ خداوندی کیلئے ذریعہ ہیں اشتراک پیدا ہو جاتا ہے اور اس میں اور ان فرشتوں میں فیضان کا دروازہ کھل جاتا ہے اور یہ صفت اس پر ان کے رنگ اور اثر نازل کرنے میں مددگار بن جاتی ہے اس طور پر کہ نفس میں ملائکہ کے الہام سے مستفیض ہونے کی صلاحیت پیدا ہو جاتی ہے اور وہ ان کے علوم کے لیے آمادہ رہتا ہے۔

حضرت حکیم الاُمت شاہ ولی اللہ صاحب کے ان ارشادات سے یہ حقیقت روزِ روشن کی طرح عیاں ہوگئی کہ عباد و زہاد اور ریاضت و مجاہدہ کرنے والے اہلِ ایمان مَرکر صرف زندہ ہی نہیں ہوتے بلکہ ملاء اعلیٰ میں شامل ہوکر کارکنانِ قضاء و قدر میں شامل ہو جاتے ہیں اور کائنات کے نظم و نسق اور تدبیر و تصرّف میں ملائکہ کی طرح موثرین و مدبّرین میں شمار کیے جاتے ہیں، اور یہ ذمہ داری بغیر علم و ادراک کے انجام دینا ممکن نہیں ہے۔ لہٰذا ان کو غافل اور بیخبر ثابت کرنا غلط ہے اور ان کو جواب دینے اور کسی طرح کی امداد و اعانت سے عاجز ماننا سراسر غلط ہے اور دیگر بہت سے اکابرِ ملّت نے بھی اسی امر کی تصریح فرمائی ہے۔ اور قولِ باری تعالیٰ:

فالمدبرات امراً کا یہی محل اور مصداق بیان فرمایا اور یہی تاویل

Marfat.com

تفسیر فرمائی ہے۔

۳۔ حضرت امام فخرالدین رازی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

الوجه الثالث فی تفسیر هٰذه الکلمات الخمس انها هی الارواح (الیٰ) ثم ان هٰذه الارواح الشریفة العالیة لا یبعد ان یکون فیها ما یکون لقوتها وشرفها یظهر منها الاٰثار فی احوال هٰذا العالم فهی المدبرات امرا (الیٰ) ألیس ان الغزالی رحمه الله قال ان الارواح الشریفة اذا فارقت ابدانها ثم اتفق انسان مشابه للانسان الاوّل فی الروح والبدن فانه لایبعد ان یحصل للنفس المفارقة تعلق بهٰذا البدن حتّٰی یصیر کالمعاونة للنفس المتعلقه بذٰلک البدن علیٰ اعمال الخیر فتسمّٰی تلک المعاونة الهامًا ونظیره فی جانب النفوس الشریرة وسوسة۔ (ص ۲۱۸ ج ۸)۔

کلام مجید میں وارد ان پانچ کلمات (نازعات، ناشطات، سابحات سابقات اور مدبّرات) کی تفسیر میں تیسری وجہ یہ ہے کہ ان سے مُراد ارواح انسانیہ ہیں۔ اور ان کے ان پانچ مراتب پر منقسم ہونے کی وجہ بیان کرنے کے بعد فرمایا) پھر یہ بلند مرتبت ارواح شریفہ بعید نہیں کہ ان میں ایسے رُوح بھی ہوں جو اپنے شرف اور قوّت کے لحاظ سے اس جہان کے احوال میں اثر انداز ہوں اور مدبّرات امر کے مرتبہ پر فائز ہوں جیسے کبھی شاگرد کو مشکل در پیش ہو تو استا

Marfat.com

خواب میں اس کی رہبری کر دیتا ہے اور کبھی باپ فوت ہو جانے کے بعد بیٹے کو مدفون خزانے کی خبر دے دیتا ہے اور جالینوس اپنے مرض کے علاج میں ناکام ہوا تو خواب میں اس کو دوا بتلائی گئی جسے استعمال کر کے وہ صحتیاب ہو گیا۔

کیا امام غزالی رحمۃ اللہ علیہ نے نہیں فرمایا کہ جب ارواح شریفہ اپنے ابدان سے جدا ہو جاتے ہیں پھر کوئی ایسا انسان پیدا ہوتا ہے جو روح اور بدن میں اس انسانِ کامل کے مشابہ ہوتا ہے تو بعید نہیں کہ وہ پہلا کامل انسان اس پچھلے انسان کے لیے اعمالِ خیر میں معاون ثابت ہو اور اس معاونت کا نام الہام رکھا جاتا ہے جیسے کہ نفوس شریرہ میں اس تعاون کی نظیر شیطانی وساوس کہلاتے ہیں۔

۴۔ علامہ اسمٰعیل حقی رحمہ اللہ روح البیان میں اسی آیتِ کریمہ کے تحت فرماتے ہیں:

ثم ان النفوس الشریفة لا یبعد ان یظهر منها اٰثار فی هٰذا العالم سواء کانت مفارقة عن الابدان اولا فتکون مدبرات (الیٰ) قد یدخل بعض الاحیاء من جدار ونحوه علیٰ بعض منزله حاجة فیقضیها وذٰلك علیٰ خرق العادة فاذا کانت التدبیر بید الروح وهو فی هٰذا الموطن فکذا اذا انتقل الی البرزخ بل هو بعد المفارقة اشد تاثیراً وتدبیراً لان الجسد حجاب فی الجملة الا تریٰ ان الشمس اشد احراقا اذا لم یصحبها غمام اونحوه

(ص۳۱۲ ج۱۰)

Marfat.com

شرافت مآب نفوس سے بعید نہیں کہ ان سے اس جہان میں آثار ظاہر ہوں خواہ ابدان سے جُدا اور مفارق ہوں یا نہ ہوں پس وُہ مدبرات امر ہو جاتے ہیں (تا) کبھی بعض زندہ دیوار وغیرہ سے حاجتمندوں پر خرقِ عادت کے طور پر داخل ہوکر اس کی حاجت کو پورا کر دیتے ہیں پس جب کہ تدبیر و تصرف رُوح کے ہاتھ میں ہے (نہ کہ جسم کے ہاتھ میں) تو وُہ اسی طرح مدبّر و متصرّف رہے گا خواہ دارِ برزخ کی طرف منتقل ہو جائے۔

بلکہ بدن سے مفارقت کے بعد اس کی تاثیر اور تدبیر زائد ہو جائے گی کیونکہ جسم فی الجملہ حجاب اور مانع ہے۔ کیا دیکھتا نہیں کہ سُورج کس قدر جلا ڈالنے والا ہوتا ہے جب کہ بادل وغیرہ نہ ہو۔

یعنی سُورج تمام تر روشنی اور چمک دمک اور تمازت و حرارت کے باوجود معمولی سے بادل کے سامنے آجانے پر اپنی آب و تاب اور چمک دمک اور تپش و حرارت کھو بیٹھتا ہے اور نمایاں نہیں کر سکتا جب تک وہ حجاب دُور نہ ہو ایسے ہی بندہ تمام تر ریاضات و عبادات کے بعد اپنے رُوح کو لطیف اور نُورانی بنا لیتا ہے لیکن بدن عنصری پھر بھی کچھ نہ کچھ حجاب بنا رہتا ہے لیکن جب موت کی صُورت میں یہ حجاب ہٹتا ہے تو رُوح کے انوار و تجلیات اور قوتوں و قدرتوں اور تدبّرات و تصرّفات کا اسی طرح کامل ظہور ہونے لگتا ہے جس طرح کہ سُورج کے آگے سے بدلی ہٹ جانے پر سُورج کے انوار و تجلیات اور تپش و حرارت کا ظہور ہوتا ہے۔

۵۔ علاّمہ سید محمود آلوسی حنفی علیہ الرحمہ روح المعانی میں اسی آیت کریمہ

Marfat.com

کے تحت فرماتے ہیں :

قیل اقسام بالنفوس الفاضلۃ حال المفارقۃ للابدان بالموت (الیٰ) فتسبق الیٰ خطائر القدس فتصیر لشرفہا و قوتہا من المدبرات ای ملحقۃ بالملٰئکۃ او تصلح لان تکون مدبرۃ کما قال الامام انہا بعد المفارقۃ قد تظہر لہا اٰثار واحوال فی ھٰذا العالم (الیٰ)

ولذا قیل ولیس بحدیث کما توھم اذا تحیرتم فی الامور فاستعینوا باھل القبور ای اصحٰب النفوس الفاضلۃ المتوفین ولا شک فی انہ یحصل لزائرھم مدد روحانی ببرکتھم وکثیرا ما تحل عقد الامور بانامل التوسل الی اللہ بحرمتھم وحملہ بعضھم علی الاحیاء منھم الممتثلین امر موتوا قبل ان تموتوا۔ (ص ۲۳ ج ۳۰)

آیتِ مذکورہ میں ان نفوس فاضلہ کے ساتھ قسمیں ذکر کی گئی ہیں جو موت کے ذریعے ابدان سے بزور الگ کیے جاتے ہیں کیونکہ بدن کی محبت کی وجہ سے ان کی جدائی بہت مشکل ہوتی ہے جبکہ بدن اعمالِ خیر میں ان کے لیے بمنزلہ سواری کے ہوتا ہے اور بدن میں رہنا مزید خیر و برکت کا موجب ہوتا ہے (اس لیے اس جدائی کو نزع سے تعبیر کیا گیا ہے) تب وہ بدنوں سے جدائی

Marfat.com

کے بعد عالم ملکوت کی طرف بصد شوق گامزن ہوتے ہیں اور عالم ملکوت میں پرواز کرتے ہوئے بارگاہِ قدس میں سبقت لے جاتے ہیں۔ تب اپنے مرتبہ و درجہ اور قدرت و طاقت کی وجہ سے کارکنانِ قضاء و قدر میں سے ہو جاتے ہیں یعنی یا درحقیقت اس جماعت میں داخل ہو جاتے ہیں اور یا ان میں تدبیر و تصرف کی صلاحیت و استعداد عملی صورت میں آجاتی ہے (گویا چاہیں تو تدبیر و تصرف کر سکتے ہیں اور تدبیر و تصرف نہ کریں تو مواخذہ اور جواب طلبی بھی نہیں ہوتی)۔

جیسے کہ امام رازی فرماتے ہیں کہ انسانوں کے نفوسِ کاملہ سے ابدان سے جُدا ہونے کے بعد بھی اس جہان میں مختلف آثار اور افعال ظاہر ہوتے رہتے ہیں (اور امام کا کلام پہلے ملاحظہ فرما چکے اور امام غزالی کا کلام بھی انہیں کے حوالے سے) اور اسی لیے کہا گیا :

اذا تحیرتم فی الامور فاستعینوا باھل القبور ۔

جب تم امورِ مشکلہ میں حیران و سرگرداں ہو جاؤ تو اہلِ قبور سے مدد چاہو۔ بعض نے اس کلام کو حدیثِ رسول صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم قرار دیا ہے، لیکن تحقیق یہ ہے کہ حدیث نہیں ہے (اور اس کا مطلب و مفہوم یہ ہے کہ) فوت شدہ لوگوں کی بزرگ اور شریف روحوں سے مدد طلب کرو اور اس میں کوئی شک و شبہ نہیں کہ ان لوگوں کی قبروں کی زیارت کرنے والوں کو ان کی برکت سے روحانی امداد حاصل ہوتی ہے اور بسا اوقات امورِ مشکلہ کے اشکال ان کی عزت و قدر کے ساتھ اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں توسل کے ذریعے حل ہو

Marfat.com

جاتے ہیں اور بعض حضرات نے اس قول کو ان حضرات پر محمول کیا ہے جو زندہ ہونے کے باوجود اس قول پر عمل کیے ہوئے ہیں کہ مرنے سے پہلے مر جاؤ (یعنی اختیاری موت اور نفسانی خواہشات والی موت کے ساتھ مرنے والوں سے استعانت واستمداد کرو)۔

ولا ینبغی التوقف فی ان اللہ قد یکرم من یشآء من اولیاء ہ بعد الموت کما یکرمہ قبلہ بماشاء فیبریٔ سبحٰنہ المریض و ینقذ الغریق وینصر علی العدو وینزل الغیث وکیت وکیت کرامۃ لہ ۔

(صـ۲۵ ج ۳)

یعنی اس امر میں تردد اور توقف کی کوئی گنجائش نہیں کہ اللہ ربّ العزت اپنے اولیاء کو وصال کے بعد کرامتوں سے نوازتا ہے جیسے کہ حالتِ حیات میں۔ پس کبھی مریض کو ان کے ہاتھ پر بطورِ کرامت شفاء بخشتا ہے اور کبھی کسی کو غرق ہونے سے بچاتا ہے، کبھی دشمنوں پر غلبہ دیتا ہے تو کبھی ان کے عرض کرنے پر بارش برساتا ہے وغیرہ وغیرہ۔

حضرت علامہ آلوسی صاحب کی تحقیق وتدقیق سے واضح ہوگیا کہ یہ عبارت یعنی اذا تحیرتم فی الامور فاستعینوا باھل القبور گو حدیث شریف نہیں اکابرینِ ملت کے اقوال میں سے ہے لیکن اہلِ قبور سے استعانت والا معنیٰ مُراد لینا اس سے درست اور صحیح ہے اور ظاہری الفاظ کے عین مطابق ہے جیسے کہ فی الواقع ان سے استعانت درست ہے اور خود شاہ عبدالعزیز

Marfat.com

دہلوی رحمہ اللہ بھی اس کے جواز اور درستی کے قائل ہیں اور اویسیہ حضرات کا معمول اور طریقہ ہی یہی ہے لہٰذا اس معنیٰ کو رد کرنے کا کوئی جواز نہیں بلکہ اسلاف میں اس استعانت کا مروّج اور معمول ہونا اس سے ثابت ہو رہا ہے فقال حق القائل۔

قُطبِ دَوراں کے بقاءِ عالم کا دارومدار ہونے کا حقیقی مفہوم

قد یعتذر عنهم بان مراد هم انه المدبر باذن الله وجاء اطلاق المدبر بهٰذا المعنیٰ علیٰ غیره تعالےٰ فی قوله فالمدبرات امراً ۔ (ص ۹۸ ج ۱)

(یعنی جو لوگ قُطبِ وقت کو آسمانوں اور زمینوں میں متصرف مانتے ہیں اور کہتے ہیں کہ اگر قُطب نہ ہو تو آسمان زمین پر گر جائیں) تو ان کی طرف سے عذر اور توجیہ یہ پیش کی جا سکتی ہے کہ ان کا مطلب یہ ہے کہ قُطبِ زمان باذن اللہ امورِ کائنات میں متصرف ہے (نہ یہ کہ اللہ تعالیٰ معطل ہے یا قُطبِ وقت اللہ تعالیٰ پر غالب ہے؟) (العیاذ باللہ) اور اس معنیٰ کے اعتبار سے مدبّر کا اطلاق اللہ تعالیٰ کے ماسوا پر خود قرآن مجید میں پایا گیا ہے۔

کما قال تعالیٰ:

فالمدبّرات امراً ۔

اقول: اسی کلام حقیقت ترجمان سے سورج کے روزمرہ غوثِ اعظم رضی اللہ سے اذن لینے کا مطلب بھی واضح ہو گیا اور علامہ سرفراز گکھڑوی کا توہم اور

Marfat.com

وسوسہ باطل ہوگیا اور حضور سیدنا غوثِ اعظم رضی اللہ عنہ سے پہلے بھی ہر دور میں ایسے اقطاب موجود رہے اور بعد میں بھی موجود رہیں گے لہٰذا گردشِ لیل و نہار اور آفتاب کے طلوع و غروب اور اس نظام کے دوام و تسلسل میں کسی قسم کی رکاوٹ اور انقطاع کا توہم نہیں ہوسکتا۔

علامہ ابن حجر ہیتمی رحمہ اللہ فتاویٰ حدیثیہ میں رجالِ غیب کے متعلق بحث کرتے ہوئے قطب کے متعلق فرماتے ہیں:

راسھم القطب الغوث الفرد الجامع جعله الله تعالیٰ دائرًا فی الافاق الاربعة ارکان الدنیا کدوران الفلك فی افق السماء وقد ستر الله احواله عن الخاصة و العامة غیرة علیه الا انه یری عالما کجاهل و ابله کفطن وتارکًا اخذًا قریبًا بعیدًا سهلًا عسرًا امنًا حذرًا مکانته من الاولیاء کالنقطة من الدائرة التی هی مرکزها به یقع صلاح العالم۔

(ص ۲۷۹)

رجالِ غیب کا رئیس اور سردار قُطب، غوث، فرد اور جامع کہلاتا ہے جس کو اللہ تعالیٰ نے چاروں آفاق اور ارکانِ دُنیا میں اس طرح دائر اور مدبّر و متصرّف بنایا ہے جیسے کہ فلک کی سماوی اور بالائی اُفق میں گردش اور تاثیر ہے اور اللہ ربّ العزت نے اس کے احوال کو عوام و خواص سے ازروئے غیرت پوشیدہ رکھا ہوتا ہے مگر وہ دیکھتا ہے عالم کو جیسے جاہل کو دیکھتا ہے

Marfat.com

اور ابلہ کو جیسے کہ ذہین و فطین کو، چھوڑنے والے کو، پکڑنے والے کو، قریب اور بعید کو، آسان اور مشکل کو، امن والے اور اندیشہ ناک کو دیکھتا ہے۔ اور اولیاء کرام میں اس کا وہی درجہ اور مرتبہ ہے جو کہ مرکزی نقطہ اپنے دائرہ میں ہوتا ہے، اسی کے ذریعے عالم کی اصلاح اور درستی پائی جاتی ہے۔

نیز فرماتے ہیں کہ اوتاد چار ہوتے ہیں۔ اور ابدال کے متعلق اصح قول یہ ہے کہ وہ سات ہوتے ہیں اور نقباء چالیس ہوتے ہیں۔ اور نجباء تین سَو ہوتے ہیں۔

فاذا مات القطب ابدل بخیار الاربعة اواحد الاربعة ابدل بخیار السبعة اواحد السبعة ابدل بخیار الاربعین اواحد الاربعین ابدل بخیار الثلاثمائة اواحد الثلاثمائة ابدل بخیار الصالحین فاذا اراد الله قیام الساعة اماتھم اجمعین وذلك ان الله یدفع البلاء عن العباد بھم وینزل بھم قطر السماء۔ (ص۲۶)

پس جب قطب وصال فرمائے تو چار اوتاد میں سے بہترین شخص کو اس کا قائم مقام بنایا جاتا ہے اور جب اوتاد میں سے کوئی انتقال فرمائے تو سات ابدال میں سے بہترین شخص کو اس جگہ مقرر کیا جاتا ہے اور جب سات ابدال میں سے کوئی رحلت فرما جائے تو چالیس نقباء میں سے بہترین شخص کو وہ منصب دے دیا جاتا ہے اور اگر ان نقباء میں سے کوئی دار آخرت کو سدھارے تو تین صد نجباء میں سے بہترین شخص کو اس مقام پر فائز کیا جاتا ہے اور اگر

Marfat.com

نجبار میں سے کوئی دُنیائے فانی سے کوچ کرے تو عام صالحین میں سے بہترین شخص کو اس کی جگہ مقرر کر دیا جاتا ہے۔

پس جب اللہ تعالیٰ قیامت قائم کرنے کا ارادہ فرمائے گا تو ان سب پر موت طاری فرما دے گا اور یہ سب اس لیے ہے کہ اللہ تعالیٰ اپنے بندوں سے بلائیں اور مصائب انکے ذریعے دُور فرماتا ہے اور انہیں کے ذریعے بارشیں نازل کرتا ہے۔ اور جب بقائے عالم ہی مقصود نہ رہی تو اس بقا کے اسباب و ذرائع کے باقی رہنے کا بھی کوئی جواز نہیں رہے گا لہٰذا ان سب پر وفات و ممات طاری کر دی جائے گی لیکن اس سے قبل یکے بعد دیگرے قطبیت اور دیگر مناصب پر افراد کا تقرر اور تعیّن ہوتا رہے گا تا کہ نظم و نسق درہم برہم نہ ہو اور جہان زیر و زبر نہ ہو۔

بعد ازاں علاّمہ ہیتمی نے محدّثینِ کرام اور ان کی مستند کتبِ احادیث سے متعدّد روایات نقل فرمائیں جن میں امام احمد طبرانی، ابُو نعیم، ابنِ حبان، دیلمی، ابنِ عساکر، حاکم، بیہقی اور ابنِ ابی الدُنیا شامل ہیں اور ان کے مصنّفات اور ان میں ابدال اور خواصِ اُمّت کے ذریعے بلیّات دُور ہونے۔ اعداء پر نصرت کے حصُول اور بارشوں کے برسنے اور عذاب کے ٹلنے اور رزق حاصل ہونے بلکہ ان کے ذریعے زمین کے قائم رہنے کی تصریح منقول ہے اور ان تفاصیل کے متعلّق اپنا نظریہ بیان کرتے ہوئے فرمایا:

ھٰذا صدق وحق لا مریہ فیہ لان اولیاء اللہ اخبروا بہ وحاشا ھم من الکذب وممن نقل ذٰلک

Marfat.com

الامام الیافعی وھوجل جمع بین العلوم الظاھرۃ والباطنۃ ۔ (ص۲۷)۔

یہ سب کچھ سراسر سچ اور حق ہے جس میں ذرہ بھر شک نہیں ہے کیونکہ اولیاء کرام نے اس کی خبر دی ہے اور وُہ جھوٹ اور کذب سے محفوظ ہیں اور تفصیل کے ناقلین میں سے امام یافعی بھی ہیں جو علوم ظاہرہ اور باطنہ کے مجمع البحرین ہیں۔

پھر ابُو یحییٰ زکریا الانصاری شیخ الاسلام والمسلمین و امام الفقہاء والعارفین سے شیخ محمّد جوینی کے سامنے ان تفاصیل کے متعلق استفسار کیا اور ان کے انکار اور تردید کا ذکر کیا تو انہوں نے خود بھی تصدیق فرمائی :

ھل ھم موجودون حقیقۃ فقال نعم واللّٰہ یاولدی

اور پھر شیخ محمّد جوینی سے دریافت کیا اور بار بار انکار کے متعلق استفسار کیا تو بالآخر انہوں نے بھی کہا :

یا مولانا شیخ الاسلام امنت بذٰلك وصدقت بہ وقد تبت ۔

اے مولانا شیخ الاسلام میں اس کے ساتھ ایمان لاچکا ہوں اور اس کی تصدیق کرتا ہُوں اور سابقہ نظریہ سے توبہ کرچکا ہُوں تو شیخ الاسلام نے فرمایا:

ھٰذا ھوالظن بك یا شیخ محمّد ۔

ہمارا بھی آپ کے متعلق حسنِ ظن یہی تھا (کہ ان حقائق کا انکار نہیں کروگے)۔

نیز مشکوٰۃ شریف میں امام احمد کے حوالے سے مولائے مرتضیٰ حضرت علی

Marfat.com

شیرِ خدا رضی اللہ عنہ سے ابدال کے متعلق مرفوع حدیث مروی ہے :

یسقی بھم الغیث وینتصر بھم علی الاعداء و یصرف عن اھل الشام بھم العذاب ۔

اور علی قاری رحمہ اللہ نے مرقات میں ابن عساکر کے حوالے سے حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کی مرفوع حدیث نقل کی ہے کہ :

اللہ تعالیٰ نے تین صد نفوس کو حضرت آدم علیہ السلام کے قلب اقدس پر پیدا فرمایا اور چالیس کو حضرت موسیٰ علیہ السلام کے قلب پر اور سات کو حضرت ابراہیم خلیل علیہ السلام کے قلب پر اور پانچ کو جبرئیل علیہ السلام کے قلب پر اور تین کو میکائیل علیہ السلام کے قلب پر اور صرف ایک قدسی نفس کو اسرافیل علیہ السلام کے قلب پر پیدا فرمایا ۔

(الیٰ) بھم یدفع البلاء عن ھٰذہ الامۃ

(مرقات ص۴۶ جلد ۱۱)

انہیں کے ذریعے اس اُمت سے بلائیں دُور کی جاتی ہیں ۔

اور شیخ محقق شاہ عبدالحق محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں :

تخصیص اہل شام بجہت قرب وجوار و مزید ارتباط ایشاں خواہد بود والا برکت ونصرت ایشاں عالم را شامل است خصوصاً کسیکہ استنصار و استعانت کند از ایشاں ۔

(اشعۃ اللمعات ص۵۷۶ جلد چہارم)

یعنی اس حدیث میں جو حضرت علی رضی اللہ عنہ سے مروی ہے اہلِ شام سے ابدال کی بدولت عذاب ٹلنے کی تخصیص ان کے قُرب وجوار اور کامل تر ربط

Marfat.com

وتعلق کی وجہ سے ہے ورنہ ان کی برکت اور امداد و نصرت تمام جہان کو شامل ہے بالخصوص انہیں جو ان سے نصرت و اعانت کے طلبگار ہیں۔

الغرض قطب و غوث، ابدال و اوتاد اور نقباء و نجباء کا وجود حقیقت مسلّمہ ہے اور ان کے ذریعے نظام عالم قائم ہے اور جہان اصلاح پذیر ہے اور بالخصوص قطب و غوث کے ذریعے جو سب کا سردار اور رئیس ہے اور بقول الشیخ علاؤ الدین سمنانی :

وهو المظهر الخاص للتجلي الرحماني كما كان النبي صلى الله عليه وسلم مظهر خاصاً للتجلي الالهي المخصوص باسم الذات وهو الله سبحٰنه ـ

(مرقات ص۳۲۳ ج ۱۱)

وُہ تجلّی رحمانی کا خاص مظہر ہے جیسے کہ نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تجلّی الٰہی کے مظہرِ خاص ہیں جو کہ اسم ذات یعنی اللّٰہ کے ساتھ مخصوص ہے تو لامحالہ قطب اور غوث کے ذریعے نظامِ عالم کا قیام بھی تسلیم کرنا لازم اور ضروری ہے اور اسی نظم و نسق کا ایک شعبہ طلوعِ آفتاب اور گردشِ لیل و نہار بھی ہے، تو اس کے قطبِ دوراں اور غوثِ زماں کے اذن سے طلوع ہونے میں کیا استبعاد ہے۔ چنانچہ عظیم مفسر علامہ سید محمود آلوسی حنفی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ قولِ باری تعالیٰ اِنِّیْ جَاعِلٌ فِی الْاَرْضِ خَلِیْفَۃً کے تحت فرماتے ہیں کہ اس خلافت و نیابت کا قیام قیامت تک برقرار رہنا لازم اور ضروری ہے، اور جب یہ خلافت ظاہرہ و باطنہ ختم ہو جائے گی تو نظامِ کائنات ہی ختم ہو جائے گا۔

Marfat.com

اور بساطِ عالم ہی اُلٹ جائے گی۔

ولم تزل تلك الخلافة فی الانسان الکامل الی قیام الساعة وساعة القیام بل متی فارق ھذا الانسان العالم مات العالم لانه الروح الذی به قوامه فھو العماد المعنوی للسماء والدار الدنیا جارحة من جوارح جسد العالم الذی الانسان روحه۔ (روح المعانی ص۲۲۳ جلد اول)

اور یہ خلافت (صرف آدم علیہ السّلام تک محدود نہیں بلکہ) قیامِ قیامت تک اور ساعت قیام وحشر تک انسانِ کامل میں جاری و ساری رہے گی۔ جب ایسا انسان عالم سے جُدا ہو جائے گا تو عالم بھی موت و فنا سے دوچار ہو جائے گا کیونکہ جہان کی رُوح وہی ہے اسی کی بدولت ہی جہان کا قیام ہے پس وہی خلیفۂ خداوند تعالیٰ ہی آسمانوں کے لیے معنوی ستون ہے اور دارِ دُنیا جہان کے جسد کا ایک عضو ہے جس کے لیے وُہ انسان کامل رُوح ہے۔

نیز یہ امر بھی ملحوظ ہے کہ یہ صرف علاّمہ سیّد محمود آلوسی صاحب کی ذاتی اور انفرادی رائے نہیں بلکہ اس کو اہل اللہ کے حوالے سے انہوں نے ذکر فرمایا ہے:

وعند اھل اللہ المراد بالخلیفة اٰدم وھو علیه السّلام خلیفة اللہ و ابو الخلفاء والمجلی له سبحٰنه وتعالیٰ والجامع لصفتی جماله وجلاله ولیس فی الموجودات من وسع الحق سواہ (الی) ولم تزل تلك الخلافة۔ الخ

Marfat.com

اور اہل اللہ کے نزدیک خلیفہ سے مراد حضرت آدم علیہ السلام ہیں اور وہ اللہ تعالیٰ کے خلیفہ ہیں اور تمام خلفاء کے باپ اور اللہ سبحانہ وتعالیٰ کی جلوہ گاہ اور اس کی صفاتِ جمال وجلال کے جامع اور مظہرِ کامل اور موجودات میں کوئی شخص ایسا نہیں جو حق تعالیٰ کی گنجائش رکھے سوائے ان کے (تا) اور یہ خلافت انسانِ کامل میں قیامِ قیامت تک باقی رہے گی۔

لہٰذا اس پر بقول علامہ آلوسی رحمہ اللہ تمام اولیاء کرام اور محبوبانِ خداوندتعالیٰ کا اجماع واتفاق ثابت ہوگیا کہ باطنی نظام اس انسانِ کامل کے ساتھ وابستہ ہوتا ہے جو اللہ تعالیٰ کے انوار وتجلیات کی جلوہ گاہ ہو اور اس کے صفاتِ جمال وجلال کا مجمع البحرین اور مظہرِ اتم ہو۔ اور وہ انسانِ کامل روحِ کائنات ہے اور اس میں مدبّر ومتصرف اور آسمان وزمین اس روح کے زیرِ تصرّف ہیں جو جسدِ عالم میں متصرف ہے اور ان کی بقاء اسی کی مرہونِ منت ہے۔ اگر علامہ سرفراز صاحب کو یہ حقیقت تسلیم نہیں تو ہمیں معذور سمجھیں ہم انکے مقلد نہیں ہم تو ان اہل اللہ کے تابع ہیں جو دل کی آنکھوں سے حقائق اشیاء کا مشاہدہ کرتے ہیں اور اللہ تعالیٰ کے اذن سے ان کو بیان کرتے ہیں۔

شاہ اسمٰعیل دہلوی کی شہادت

علامہ سرفراز صاحب کے اسلاف نے بھی ان کے ساتھ بڑا ظلم کیا ہے اور ان کی ساری کاوشوں پر پانی پھیر دیا ہے اور زندہ اغواث واقطاب کیلئے ہی نہیں بلکہ صدیوں پہلے فوت شدگان کے لیے بھی تدبیر وتصرّف کو تسلیم کر لیا

Marfat.com

ہے۔ چنانچہ مولوی اسمٰعیل دہلوی صاحب حضرت مولائے مرتضیٰ علی شیرِ خدا رضی اللہ عنہ کے متعلق صراطِ مستقیم مترجم ص۹۸ پر تحریر کرتے ہیں:

اور حضرت علی رضی اللہ عنہ کے لیے شیخین رضی اللہ عنہم پر بھی ایک گونہ فضیلت ثابت ہے اور وُہ فضیلت ہے آپ کے فرمانبرداروں کا زیادہ ہونا اور مقاماتِ ولایت بلکہ قطبیت اور غوثیت اور ابدالیت اوران جیسے باقی خدمات کا آپ کے زمانہ سے لے کر دُنیا کے ختم ہونے تک آپ کی وساطت سے ہی ہونا اور بادشاہوں کی بادشاہت اور امیروں کی امارت میں آپ کو وُہ دخل ہے جو عالم ملکوت کی سیر کرنے والوں پر مخفی نہیں ہے۔

گویا اُمتِ مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلّم میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلّم کے طفیل خلافتِ کبریٰ اور نیابتِ عظمیٰ کا منصب مولا علی رضی اللہ عنہ کو حاصل ہے اور آپ کے بعد پیدا ہونے والے تمام باطنی خلفاء آپ کے توسط و توسّل اور فیضِ تربیّت سے ہی اس بلند تر مقام اور اعلیٰ مرتبہ و منصب کے قابل اور لائق بنتے ہیں تو آپ کا عظیم تر مدبّر و متصرّف ہونا اور قیامِ قیامت اور ساعتِ قیام تک اس خلافت و نیابت سے مشرّف اور بہرہ ور ہونا علامہ صاحب کے سرپرستوں اور رُوحانی مربّی اور مُرشد حضرات کے ہاں بھی تسلیم ہوگیا جبکہ علامہ صاحب یہی رٹ لگائے جارہے ہیں کہ ان کو علم و ادراک ہی نہیں بلکہ وُہ لوگوں کی نداء و پکار سے غافل ہیں۔ اور اگر مکّھی کوئی چیز ان سے لے کر بھاگ جائے تو واپس لینے پر قادر نہیں ہیں اور انہیں امُورِ کائنات میں ذرّہ بھر تصرف کا حق نہیں ہے۔ ہمیں اُمید ہے کہ اپنے اکابر کا دامن بھی ہاتھ سے چُھٹا ہُوا

Marfat.com

دیکھ کر یہی کہیں گے ۔ ؎

حد ہے اپنی طرف نہیں میں بھی
گر ان کی طرف خدائی ہے

لیکن مخلصانہ مشورہ یہی ہے کہ سوادِ اعظم اور جمہورِ اہلِ اسلام بلکہ اہل اا
کے اجماعی مسلک و مذہب اور نظریہ و عقیدہ سے ہرگز ہرگز روگردانی نہ کریں
کیونکہ یہ روگردانی اور اعراض جہنمی ہونے کا موجب بن جائے گا۔

قال اللہ تبارک و تعالیٰ :

وَيَتَّبِعْ غَيْرَ سَبِيلِ الْمُؤْمِنِينَ نُوَلِّهِ مَا تَوَلَّىٰ وَنُصْلِهِ جَهَنَّمَ ۖ وَسَاءَتْ مَصِيرًا ○ (سورۃ النسار آیت ۱۱۵)

اور جو شخص مومنین کی راہ کے علاوہ کسی راہ پر چلے گا تو ہم اسے ادھر ہی
پھیر دیں گے جدھر وہ پھرے گا اور اس کو جہنم میں داخل کر دیں گے اور وہ
ٹھکانا ہے۔

حضرت حکیم الامت شاہ ولی اللہ محدث دہلوی رح کی گواہی

نیز علامہ صاحب حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلوی کے بڑے معتقد
نیاز مند مقلد ہیں ذرا ان کا ارشاد بھی ملاحظہ فرماویں اور اپنی حالتِ زار پر
ماتم کریں۔

حضرت حکیم الامت "ہمعہ" ملا میں نسبتِ اویسیہ کے متعلق بحث کرتے
ہوئے فرماتے ہیں :

Marfat.com

ہیکل ایں برزخ مثالیہ حضرت پیغامبر اند صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم۔ وازامت آنحضرت اول کسیکہ فاتح باب جذب شدہ است و در آنجا قدم نہادہ است حضرت امیرالمومنین علی کرم اللہ وجہہٗ است و لہٰذا سلاسل طرق بداں جانب راجع شوند (تا) و در اولیاءِ امت و اصحاب طرق اقوی کسیکہ بعد تمام راہ جذب باکد وجوہ باصل ایں نسبت میل کردہ است و در آنجا باتم وجہ قدم زدہ است حضرت شیخ محی الدین عبدالقادر جیلانی رضی اللہ عنہ اند و لہٰذا گفتہ اند کہ ایشاں در قبرِ خود مانند احیاء تصرف میکنند (تا) و باجملہ ایں اسباب مقتضی آں اند کہ امروز کسے را مناسبت بروح خاص پیدا شود و از آنجا فیض بردارد غالباً بیروں نیست ازانکہ ایں معنیٰ بہ نسبت حضرت پیغمبر باشد صلی اللہ علیہ وسلم یا بہ نسبت حضرت امیرالمومنین علی کرم اللہ وجہہٗ یا بہ نسبت حضرت غوث جیلانی رحمۃ اللہ علیہ۔ (ہمعات ص۶۰-۶۱-۶۲)

یعنی اس نسبتِ اویسیہ کے اور جذبِ ہیکل اور برزخ مثالی صورت میں حضرت پیغامبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہیں اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی اُمت میں سے سب سے پہلے باب جذب کو کھولنے والے اور اس مقام بلند میں قدم رکھنے والے حضرت امیرالمومنین علی رضی اللہ عنہ ہیں اور اسی لیے تمام روحانی طریقوں کے سلسلے انہیں کی طرف راجع ہیں (تا) اور اولیاءِ اُمت میں اور اصحابِ طرق میں راہِ جذب کے اتمام کے بعد قوی ترین شخصیت حضرت شیخ محی الدین عبدالقادر جیلانی کی ہے جنہوں نے انتہائی تاکیدی وجوہ کے ساتھ اس نسبت کے اصل کی طرف میلان کیا ہے اور کامل طریقہ پر اس

Marfat.com

ہیکل ایں برزخ مثالیہ حضرت پیغامبر اند صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم۔ وازامت آنحضرت اول کسیکہ فاتح باب جذب شدہ است ودر آنجا قدم نہادہ است حضرت امیرالمؤمنین علی کرم اللہ وجہہ است ولہذا سلاسل طرق بداں جانب راجع شوند (تا) ودر اولیاء اُمت واصحاب طرق اقوی کسیکہ بعد تمام راہ جذب باکد وجوہ باصل ایں نسبت میل کردہ است ودر آنجا باتم وجہ قدم زدہ است حضرت شیخ محی الدین عبدالقادر جیلانی رضی اللہ عنہ اند ولہذا گفتہ اند کہ ایشاں در قبر خود مانند احیاء تصرف میکنند (تا) وباجملہ ایں اسباب مقتضی آں اند کہ امروز کسے را مناسبت بروح خاص پیدا شود واز آنجا فیض بردارد غالباً بیروں نیست ازانکہ ایں معنیٰ بہ نسبت حضرت پیغمبر باشد صلی اللہ علیہ وسلم یا بہ نسبت حضرت امیرالمؤمنین علی کرم اللہ وجہہ یا بہ نسبت حضرت غوث جیلانی رحمۃ اللہ علیہ۔ (ہمعات ص۶۱-۶۲)

یعنی اس نسبتِ اویسیہ کے اور جذبِ ہیکل اور برزخ مثالی صورت میں حضرت پیغامبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہیں اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی اُمت میں سے سب سے پہلے باب جذب کو کھولنے والے اور اس مقام بلند میں قدم رکھنے والے حضرت امیرالمؤمنین علی رضی اللہ عنہ ہیں اور اسی لیے تمام روحانی طریقوں کے سلسلے انہیں کی طرف راجع ہیں (تا) اور اولیاءِ اُمت میں اور اصحابِ طرق میں راہِ جذب کے اتمام کے بعد قوی ترین شخصیت حضرت شیخ محی الدین عبدالقادر جیلانی کی ہے جنہوں نے انتہائی تاکیدی وجوہ کے ساتھ اس نسبت کے اصل کی طرف میلان کیا ہے اور کامل طریقہ پر اس

Marfat.com

مقام میں قدم رکھا ہے اسی لیے عرفا نے کہا ہے کہ وُہ اپنی قبرِ انور میں زندہ اولیاء کی مانند تصرّف کرتے ہیں۔ (تا) خلاصہ کلام یہ ہے کہ یہ اسباب اس امر کے متقاضی ہوئے کہ آج جس شخص کو بھی کسی خاص رُوح کے ساتھ مناسبت حاصل ہوتی ہے اور اس سے فیضیاب ہوتا تو وُہ غالب طور پر اس کے سوا نہیں کہ نبیِ اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم والی نسبت سے یہ مقصد اور فیض حاصل ہوا ہوگا یا حضرت امیر المؤمنین علی رضی اللہ عنہ کی نسبت سے یا حضرت غوث جیلانی رضی اللہ عنہ کی نسبت سے حاصل ہُوا ہوگا۔

دلیل دہم

عن ابی هریرة رضی الله عنه قال قال رسول الله صلی الله علیه وسلم ان الله تعالیٰ قال من عادیٰ لی ولیا فقد اٰذنته بالحرب وما تقرب الی عبدی بشیء احب الیّ مما افترضت علیه وما یزال عبدی یتقرب الی بالنوافل حتیٰ احببته فاذا احببته کنت سمعه الذی یسمع به و بصره الذی یبصر به ویده التی یبطش بها و رجله التی یمشی بها ولئن سئلنی لاعطینه ولئن استعاذنی لا اعیذنه الحدیث۔

(مشکوٰۃ باب الذکر والتقرب الی اللہ ۔ بخاری شریف جلد ثانی باب التواضع ص ۹۶۳ ج ۲)

حضرت ابُو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسُول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

نے فرمایا اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے :

جو میرے دل کے ساتھ عداوت اور دشمنی رکھے گا تو میں اس کے خلاف اعلانِ جنگ کرتا ہوں۔ اور نہیں قرب حاصل کیا میری طرف میرے بندے نے کسی چیز کے ساتھ جو مجھے زیادہ محبوب ہو اس پر عائد کردہ فرائض سے اور ہمیشہ بندہ میرے قریب ہوتا رہتا ہے نوافل (کی کثرت اور فراوانی کے ذریعے) حتیٰ کہ میں اس کو محبوب بنا لیتا ہوں، پس جب اس کو محبوب بنا لیتا ہوں تو میں اس کے کان ہوتا ہوں جن سے سنتا ہے اور میں اس کی آنکھ بن جاتا ہوں جس سے دیکھتا ہے اور میں اس کے ہاتھ بن جاتا ہوں جن سے پکڑتا ہے اور میں اس کے پاؤں بن جاتا ہوں جن کے ساتھ چلتا ہے اور اگر وہ بندہ محبوب مجھ سے سوال کرے گا تو میں اس کو ضرور بالضرور مطلوبہ چیزیں دوں گا۔ اور اگر مجھ سے پناہ اور تحفظ طلب کرے گا تو ضرور بالضرور اس کو پناہ اور تحفظ مہیا کروں گا۔

اور بعض روایات میں یہ اضافہ ہے :

ولسانه الذی یتکلم به۔

میں اس کی زبان بن جاتا ہوں جس کے ساتھ کلام کرتا ہے۔

اور بعض میں یہ الفاظ زائد ہیں :

وفواده الذی یعقل به

اور میں اس کا دل و دماغ بن جاتا ہوں جس کے ساتھ علم و ادراک اور فہم و دانش حاصل کرتا ہے۔

Marfat.com

اور بعض میں یہ اضافہ ہے:

فبی یسمع وبی یبصر وبی یبطش وبی یمشی۔

پس وہ میرے ساتھ سنتا ہے اور میرے ساتھ ہی دیکھتا ہے اور میرے ساتھ ہی پکڑتا ہے اور میرے ساتھ ہی چلتا ہے۔

اس حدیث قدسی سے واضح ہوا کہ فرائض کی پابندی اور نوافل کی کثرت سے بندہ مقامِ محبوبیت پر فائز ہوجاتا ہے اور اللہ تعالیٰ کے انوار سے منور ہوجاتا ہے اور وہی انوار اس کے حواس اور اعضاء و آلات بن جاتے ہیں اور جب حقیقتِ حال یہ ہوئی تو لا محالہ اس کا دیکھنا سننا اور چلنا، پہنچنا اور پکڑنا، بولنا اور سوچنا لا محالہ عام لوگوں سے مختلف ہوگا اور چونکہ یہ انوار مقامِ محبوبیت کا ثمرہ اور نتیجہ ہوتے ہیں اور بندۂ محبوب وفات و وصال کے بعد بھی محبوب ہوتا ہے تو وفات و وصال کے بعد بھی اس کے علوم و ادراکات اور شعور و احساسات اور قوتیں اور طاقتیں عام اہلِ اسلام سے زائد اور فائق اور قوی تر اور موثر ترین ہوں گی۔ اب اسی حقیقت کی تصریح علماءِ اعلام اور مقتدایانِ انام کی زبانی سماعت فرمائیں۔

۱۔ حضرت امام رازی علیہ الرحمہ تفسیر کبیر میں فرماتے ہیں: (ص۳۶۵ ج۵)

وکذلک العبد اذا واظب علی الطاعات بلغ الی المقام الذی یقول اللّٰہ کنت لہ سمعا و بصرا فاذا صار نور جلال اللّٰہ لہ سمعا سمع القریب والبعید و اذا صار ذلک النور نور جلال اللّٰہ لہ بصرا رای القریب

Marfat.com

وَالبعید واذا صار ذٰلك النّور نورجلال الله یداً لهٗ قدر علی التصرف فی الصعب والسهل والقریب والبعید

ایسے ہی کوئی بندہ جب طاعات پر مداومت کرے تو اس مقام تک واصل ہو جائے گا جس کے متعلق اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ میں اس کے لیے کان اور آنکھ ہو جاتا ہوں۔ پس جب اللہ تعالیٰ کا نور بندۂ محبوب کے کان ہو جاتا ہے تو وہ قریب اور بعید کو سنتا ہے۔ اور جب اللہ تعالیٰ کا نور اس کی آنکھ بن جاتا ہے جو دور و نزدیک کو دیکھتا ہے اور جب اللہ تعالیٰ کا نور بندے کا ہاتھ بن جاتا ہے تو وہ مشکل اور آسان کاموں پر اور نزدیک و دور میں تصرف پر قادر ہو جاتا ہے

۲۔ علامہ سید محمود آلوسی حنفی رحمہ اللہ روح المعانی جلد اول ص۲۱ پر فرماتے ہیں:

فسره جمع ھھنا بما لا یقع تحت الحواس ولا یقتضیه بداھة العقل (الی) فانه غیب یعلمه من اعطاه الله نورا علی حسب ذٰلك النّور فلذا تجد الناس متفاوتین فیه وللاولیاء نفعنا الله بهم الحظ الاوفر منه و من ھنا قیل الغیب مشاھدة الکل بعین الحق فقد یمنح العبد قرب النوافل فیکون الحق سبحٰنه وتعالےٰ بصره الّذی یبصر به وسمعه الذی یسمع به و قد یرقٰی من ذٰلك الی قرب الفرائض فیکون نوراً فھناك یکون الغیب له شھوداً والمفقود لدینا عنده موجوداً۔

Marfat.com

علماءِ اعلام کی ایک جماعت نے جہاں پر غیب کا معنیٰ و مفہوم یہ بیان کیا ہے کہ جو حواس کے دائرہ میں نہ آئے اور بداہتِ عقل بھی اس کا تقاضا نہ کرے (اور وُہ دو قسم ہے ایک قسم وُہ ہے کہ جس پر کوئی دلیل عقلی یا نقلی قائم نہیں کی گئی اور اللہ لطیف و خبیر اس کے علم کے ساتھ متفرد ہے جیسے کہ تقدیرات کا علم مثلاً اور دُوسرا قسم وُہ ہے کہ جس پر کوئی دلیل قائم کی گئی ہو جیسے کہ اللہ تعالیٰ کی ذات اور اس کی صفات علام کیونکہ یہ ایسا غیب ہے جس کو وُہ لوگ جانتے ہیں جنہیں اللہ تعالیٰ نے نُور عطا فرمایا ہے، پس وُہ اللہ تعالیٰ کے عطا کیے ہوئے نُور کے مطابق اس کو جان لیتا ہے اسی لیے لوگ اس علم میں مختلف درجات اور متفاوت مراتب رکھتے ہیں اور اولیاء کرام کے لیے اس علمِ غیب سے بہت وافر حصہ ہے اللہ تعالیٰ ہمیں ان کی بدولت نفع اندوزی کی سعادت بخشے۔

اور اسی وجہ سے کہا گیا ہے کہ غیب (کا علم) ہر چیز کا مشاہدہ کر لینے کا نام ہے اللہ تعالیٰ والی نُوری آنکھ کے ساتھ کیونکہ کبھی بندے کو نوافل کا قُرب (اور ان پر مرتّب نُور) عطا کیا جاتا ہے تو اللہ سبحانہٗ و تعالےٰ اس کی آنکھ بن جاتا ہے جس سے وُہ دیکھتا ہے اور اس کے کان بن جاتا ہے جس سے سُنتا ہے اور کبھی اس سے ترقی کر کے قرب فرائض (اور انکے اثرات و ثمرات سمیٹتا ہے اور ان کی بدولت حاصل درجات) تک پہنچتا ہے تو سراسر نُور بن جاتا ہے تو اس مقام پر اس بندۂ محبوب کے لیے غیب مانند شہود کے ہو جاتا ہے اور جو ہمارے لحاظ سے ناپید اور معدوم ہوتا ہے وُہ اس کے

Marfat.com

سامنے آئینہ حال میں موجود (ومشہود) ہوتا ہے۔

۴۲۔ علامہ علی قاری علیہ الرحمۃ مرقاۃ شرح مشکوٰۃ میں فرماتے ہیں :

للغیب مبادی و لواحق فمبادیہ لا یطلع علیہ ملک مقرب ولا نبی مرسل واما اللواحق فھو ما اظھر اللہ تعالیٰ علیٰ بعض احبائہ لوحۃ علم وخرج ذٰلک عن الغیب المطلق وصار غیبا اضافیا وذٰلک اذا تنور الروح القدسیۃ وازداد نوریتھا واشراقھا بالاعراض عن ظلمۃ عالم الحس وتجلیۃ مرأت القلب عن صداء الطبیعۃ والمواظبۃ علی العلم والعمل وفیضان الانوار الالھیۃ حتّٰی یقوی النّور وینبسط فی فضاء القلب فتنعکس فیہ النقوش المرتسمۃ فی اللوح المحفوظ ویطلع علی المغیبات ویتصرف فی اجسام العالم السفلی بل یتجلّی حینئذ الفیاض الاقدس بمعرفتہ التی ھی اشرف العطایا فکیف بغیرہ ۔

(مرقاۃ جلد اوّل ص۶۲)

غیب کے لیے مبادی بھی ہیں اور لواحق بھی مبادی پر تو ملک مقرب اور نبی مرسل بھی مطلع نہیں ہوتے۔ لیکن لواحق وُہ ہیں جو اللّٰہ تعالےٰ اپنے بعض اولیاء واحباء پر اپنے علم کے نُور و ضیا کو ظاہر فرماتا ہے اور وُہ غیب مطلق

Marfat.com

سے نکل کر اضافی غیب بن جاتا ہے۔ اور یہ اس وقت ہوتا ہے جب روح قدسی منور ہو جاتا ہے اور اس کی نورانیت اور چمک دمک بڑھ جاتی ہے بسبب عالم محسوسات کی ظلمت سے روگردانی کے اور دل کے آئینہ کو طبیعت کے زنگ سے دُور کرنے کی بدولت اور علم وعمل پر مداومت اور انوار الٰہیہ کے فیضان کے طفیل حتیٰ کہ وُہ نُور قوی ہو جاتا ہے اور قلب کی فضا میں پھیل جاتا ہے تب اس پر لوح محفوظ میں مرقوم نقوش کا عکس پڑنے لگتا ہے اور وُہ امورِ غیبیہ پر مطلع ہو جاتا ہے اور نچلے جہان میں تصرف کرتا ہے بلکہ خود فیاضِ اقدس یعنی اللہ تعالیٰ اپنی معرفتِ تامہ کاملہ کے ساتھ اس پر جلوہ گر ہوتا ہے جو کہ تمام انعامات اور عطیات سے بلند مرتبت عطا و بخشش ہے' تو دُوسری عطاؤں اور انعامات کا تو حدو حساب اور شمار ہی کیا۔

۴۔ قال الشیخ الکبیر ابُوعبد اللّٰہ فی معتقدہ ونعتقد ان العبد یصیر الی لغت الروحانیہ فیعلم الغیب و تطوی لہ الارض و یمشی علی الماء و یغیب عن الا بصار

(مرقاۃ ص ۶۲ جلد اوّل)

شیخ کبیر امام ابُو عبد اللہ اپنی کتاب عقائد میں فرماتے ہیں :
ہم یہ عقیدہ رکھتے ہیں کہ بندہ روحانی کیفیت کی طرف منتقل ہو جاتا ہے پس وُہ غیب کو جانتا ہے اور اس کے لیے زمین سمٹ جاتی ہے اور وُہ (خشک پاؤں کے ساتھ) پانی پر چلتا ہے اور نگاہوں سے اوجھل ہو جاتا ہے۔

۵۔ قال القاضی و ذٰلک ان النفوس الزکیۃ القدسیہ

Marfat.com

اذ تجردت عن العلائق البدنية عرجت واتصلت بالملاء الاعلیٰ ولم یبق لها حجاب فتری لکل کالمشاهد بنفسها او باخبار الملٰئکۃ وفیہ سر یطلع علیہ من تیسرلہ ذٰلک ۔

قاضی عیاض علیہ الرحمۃ فرماتے ہیں کہ یہ اس لیے ہے کہ پاکیزہ قدسی نفوس جب بدنی علائق اور آلائش سے مجرد اور پاک ہو جاتے ہیں تو ملا ء اعلیٰ کی طرف عروج کر جاتے ہیں اور ان سے جاملتے ہیں اور ان کے لیے کوئی حجاب باقی نہیں رہ جاتا پس وُہ ہر چیز کو دیکھتے ہیں جیسے کہ اپنی ذات کے ساتھ مشاہدہ کرنے والا دیکھتا ہے یا ملائکہ کی اطلاع اور خبر دینے کی وجہ سے اور اس میں راز اور بھید ہے جس پر وہی مطلع ہو سکتا ہے جس کیلئے اللہ تعالےٰ اس تک رسائی کا سامان کرے۔

حضرت علامہ علی القاریؒ فرماتے ہیں :

۶۔ ان التضییق والانحصار لا یتصور فی الروح وانما یکون فی الجسد والروح اذا کانت لطیفۃ یتبعها الجسد فی اللطافۃ فتصیر بجسدها حیث شاءت وتتمتع بما شاءت وتأوی الیٰ ماشاءاللّٰہ لها کما وقع لنبیّنا علیہ الصلوٰۃ والسّلام فی المعراج و لاتباعہ من الاولیاء حیث طویت لهم الارض و حصل لهم الابدان المکتسبۃ المتعددہ وجدوها

Marfat.com

فی اماکن مختلفة فی اٰن واحد واللّٰه عَلٰی کُلِّ شیءٍ قدیر وھٰذا فی العالم المبنی عَلٰی الامر العادی غالبا فکیف وامر الروح والاٰخرة کلھا مبنیة عَلٰی خوارق العادات ۔ (مرقات ص۳ جلد چہارم)

محل اور مقام میں تنگی اور پابندی اور حبس و قید رُوح کے لحاظ سے تصور نہیں کی جاسکتی بلکہ فقط جسمِ عنصری میں ہوتی ہے۔ بلکہ روح جب لطیف اور پاکیزہ تر ہو جائے تو بدن بھی نُورانیت اور لطافت میں اس کے تابع ہو جاتا ہے اور جسم کو جہاں چاہتا ہے لے جاتا ہے اور جہاں چاہتا ہے فائدہ ومنفعت اُٹھاتا ہے اور جہاں تک اللّٰہ تعالیٰ اسے پہنچانا چاہے پہنچ جاتا ہے جیسے کہ نبی کرم صلی اللّٰہ علیہ وآلہٖ وسلّم کو شبِ معراج یہ بلند ترین مقام نصیب ہوا اور آپ کے متبع اولیاء کرام کے لیے بھی جبکہ زمین ان کے لیے سمیٹ دی جاتی ہے اور انہیں بہت سے مثالی بدن حاصل ہوجاتے ہیں، جنہیں وُہ آنِ واحد میں مختلف مکانوں میں موجود پاتے ہیں اور اللّٰہ تعالےٰ ہر شے پر کامل قدرت والا ہے۔

اور رُوح کے لیے یہ لطافت اور نُورانیت اور قدرت وطاقت اس عالم میں ہے جو کہ غالباً امورِ عادیہ پر مبنی ہے اور جب یہاں ان امور میں استبعاد نہیں تو دارِ آخرت میں کونسا استبعاد ہو سکتا ہے کیونکہ رُوح کے اور آخرت کے تمام معاملات خرقِ عادت پر مبنی ہیں۔

۷۔ علامہ ابن القیم فرماتے ہیں:

Marfat.com

و مما ينبغى ان يعلم انما ذكرناه من شان الروح يختلف بحسب الحال الارواح من القوة والضعف والكبر والصغر فلروح العظمية الكبيرة من ذلك ماليس لمن دونها وانت ترى احكام الارواح فى دار الدنيا كيف تتفاوت اعظم تفاوت بحسب تفارق الارواح فى كيفياتها وقواها وابطاءها واسراعها والمعاونة لها فللروح المطلقة من اسرالبدن وعلائقه وعوائقه من التصرف و القوة والنفاذ والهمة وسرعة الصعود الى الله والتعلق بالله ماليس للروح المهينة المحبوسة فى علائق البدن وعوائقه .

فاذا كان هذا وهى محبوسة فى بدنها فكيف اذا تجردت وفارقته واجتمعت فيها قواها و كانت فى اصل شانها روحا علية زكية كبيرة ذات همة عالية فهذه لها بعد مفارقة البدن شان أخر وفعل أخر وقد تواترت الرؤيا من اصناف بنى أدم على فعل الارواح بعد موتها ما لا تقدر على مثله حال اتصالها بالبدن من هزيمة الجيوش الكثيرة بالواحد والاثنين و

Marfat.com

العدد القليل ونحو ذلك۔

وكم قد رأى النبي صلى الله عليه وسلم ومعه أبو بكر وعمر رضي الله عنهما في النوم قد هزمت أرواحهم عساكر الكفر والظلم فإذا بجيوشهم مغلوبة مقهورة مع كثرة عددهم وعددهم وضعف المؤمنين وقلتهم۔ (کتاب الروح ص۱۶۳)

یہ امر جان لینا نہایت موزوں اور مناسب ہے کہ ہم نے رُوح کا حال جو کچھ بیان کیا وُہ ارواح کے اپنے احوال یعنی قوّت و ضعف اور عظمت و حقارت کے مطابق مختلف ہے۔ عظیم اور بڑی مقدار والے روح میں جو قوّت و قُدرت ہوتی ہے وُہ اس سے کم مرتبہ و مقدار والے رُوح میں نہیں ہوتی اور ہر صاحبِ عقل و ہوش دیکھتا ہے کہ دُنیا میں ارواح کے احکام اور اثرات میں ارواح کے باہمی فرق کے مطابق کیفیات و قوٰی میں اور رفتار کی نرمی اور تیزی میں اور تعاون و امداد میں عظیم فرق ہے۔

وُہ رُوح جو کہ بدن کی قید سے اور اس کے لوازمات اور موانعات سے آزاد ہوتی ہے اسے وُہ تصرف، قوّت، تسلط اور ہمت اور اللہ تعالیٰ کی طرف فوری توجہ اور تعلق حاصل ہوتا ہے جو اس حقیر اور بدن کی قید و بند اور اس کے لوازمات اور موانعات میں محبوس و مقید کو حاصل نہیں ہوتے پس جب رُوح کا یہ حال ہے جبکہ وُہ بدن میں محبوس و مقید ہے تو اسوقت اس کے حال کا اندازہ کر جب وُہ تعلق سے آزاد اور قید بند سے رہا ہو جاتے

Marfat.com

اور اس میں اس کی تمام ترقیّتیں مجتمع ہوں اور وُہ رُوح اصلی فطرت میں بھی بلند شان، پاکیزہ فطرت، عظیم القدر اور بلند ہمّت ہو تو ایسے رُوح کا بدن سے علیحدگی کے بعد نرالا شان ہو گا اور انوکھے افعال ہوں گے اور اولادِ آدمؑ کے مختلف گروہوں سے تواتر کے ساتھ یہ مشاہدہ ثابت ہے۔

کہ ارواح سے موت کے بعد ایسے افعال صادر ہُوئے جن پر وُہ ظاہری حیات کی حالت میں اور بدن سے تعلق حلول کے وقت قادر نہیں تھے۔ مثلاً عظیم لشکروں کو ایک، دو یا قلیل ترین تعداد کے باوجود شکست دیدینا اور اس کی مانند دیگر امور۔

اور کتنی دفعہ نیند میں رسُول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم حضرت اَبُوبکر اور حضرت عُمر رضی اللہ عنہما کی معیّت میں دیکھے گئے کہ ان کے ارواح مقدّسہ نے کفر وظلم کے لشکروں کو شکست دی اور وُہ کثیر التعداد ہونے اور تمام تر ساز و سامان کے باوجود مسلمانوں سے ان کے ضعف اور قلّتِ عدد کے باوجود شکست کھا گئے اور مغلوب ہو گئے۔

۸۔ محبُوب سُبحانی حضرت شیخ عبدالقادر الجیلانی رضی اللہ عنہ فتوح الغیب کے چالیسویں مقالے میں رُوحانیوں کے زمرہ میں داخل ہونے کے شرائط بیان کرنے کے بعد بطور تفریع اور نتیجہ بیان کرتے ہُوئے فرماتے ہیں:

فحينئذ تومن على الاسرار والعلوم اللدنية وغرائبها ويرد عليك التكوين وخرق العادات التي هي من قبيل القدرة التي تكون للمؤمنين في الجنة فتكون

ہ علیہ السلام۔

Marfat.com

فی هٰذہ الحالۃ کانّک احییت بعد الموت فی الاٰخرۃ فتکون کلیتک قدرۃ تسمع باللہ و تبصر باللہ و تنطق باللہ و تبطش باللہ و تسعٰی باللہ و تعقل باللہ و تطمئن و تسکن باللہ ۔ الخ

پس اس وقت تجھے اسرار اور علوم لدنیہ اور ان کے عجائبات پر امین بنایا جائے گا اور تجھ پر تکوین کو اور خوارق عادت و کرامات کو لوٹایا جائے گا جو کہ اس قدرت کے قبیل سے ہیں جو مؤمنین کو جنت میں حاصل ہوگی۔ پس تو اس حالت میں اس طرح ہوگا کہ گویا تجھے مرجانے کے بعد دوبارہ عالم آخرت میں زندہ کیا گیا ہے پس تو کلی طور پر مجسم قدرت اور سراپا قوت بن جائے گا۔ تو سُنے گا اللہ تعالیٰ کے ساتھ اور دیکھے گا اللہ تعالےٰ کے ساتھ اور نطق و کلام کرے گا اللہ تعالیٰ کے ساتھ اور کپڑے گا اللہ تعالیٰ کے ساتھ اور سعی کرے گا اللہ تعالیٰ کے ساتھ اور سوچے سمجھے گا اللہ تعالیٰ کے ساتھ اور تجھے اطمینان و سکون حاصل ہوگا اللہ تعالیٰ کے ساتھ۔

۹۔ شیخ اجل شاہ عبدالحق محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں :

یرد علیک التکوین وباز گردانیدہ میشود بسوئے تو و سپردہ میشود بتو پیدا کردن و موجود گردانیدن اشیاء و رد کردہ میشود بسوئے تو پارہ گردانیدن عادتہا کہ از قبیل قدرتیست کہ می باشد مسلماناں را در بہشت بدانکہ عادت ایجاد اشیاء است بتوسط اسباب چنانکہ تا نخورند سیر نشوند و تا گام نزنند بمنزل نرسند و خرق عادت آنکہ امرے بے سبب

Marfat.com

بوجود آید و اولیاء را کہ از عادتِ نفس و رسوم خلق رستہ از مضیق عجز بشریت بفضائے قدرت حق رسیدہ اند ایں مرتبت و کرامت می بخشند کہ اشیاء را بے اسباب عادی بروست ایشاں ایجاد میفرمایند۔

و ایں خرق عادت از قبیل قدرتیست کہ باشد مرہمہ مومناں را در بہشت کہ عالم قدرتست و قدرت در ایجاد آشکار است و حکمت پنہاں برخلاف ایں عالم کہ دریں جا قدرت در حکمت پنہاں است و کاملاں کہ از عادات و رسوم گذشتہ و فانی شدہ اند امروز بیقید در بہشت و مظہر تجلی اسم القدیر گشتہ اند و در اصطلاح ایں چنیں کسے را عبدالقادر خوانند۔ الخ (ص ۲۳۱-۲۳۲)

اور تجھ پر لوٹائی جائے گی اور تیرے سپرد کر دی جائے گی تکوین یعنی پیدا کرنا اور اشیاء کو موجود کرنا اور سونپا جائے گا تجھے عادات اور معمولات کا پارہ پارہ کرنا جو کہ اس قدرت کے قبیل سے ہے جو کہ مسلمانوں کو بہشت میں حاصل ہوگی۔

اچھی طرح جان لو کہ عادت اور معمول نام ہے اشیاء کو اسباب کے توسط سے پیدا کرنے کا جیسے کہ جب تک نہ کھائیں سیر نہیں ہو سکتے اور جب تک قدم نہ اٹھائیں منزل تک نہیں پہنچ سکتے اور خرقِ عادت یہ ہے کہ شئی بغیر سبب کے موجود ہو جائے اور اولیاء کرام جو کہ نفس کی عادات اور مخلوق کی رسوم سے چھٹکارا حاصل کر لیتے ہیں اور بشریت والی عاجزی و بے بسی کی تنگنا سے حق جل و علیٰ کی قدرت والی وسیع فضا میں پہنچتے ہیں ان کو یہ مرتبہ اور کرامت و شرف عطا کرتے ہیں کہ بغیر اسبابِ عادیہ کے اشیاء کو ان کے ہاتھ

Marfat.com

پر پیدا کرتے ہیں۔

اور یہ خرقِ عادات اور کرامات اس قُدرت کے قبیل سے ہیں جو مومنین کو بہشت میں حاصل ہوگی جو کہ عالمِ قُدرت ہے اور قُدرت ایجاد میں نمایاں اور آشکارا ہے اور حکمت پوشیدہ برخلاف اس جہان کے یہاں پر قدرت حکمت میں پوشیدہ ہے اور وُہ کامل لوگ جو عادات و رسُوم سے گزر چکے ہوں اور فنا فی اللہ ہو چکے ہوں تو وُہ آج ہی بغیر کسی پابندی کے گویا بہشت میں ہیں اور اللہ تعالیٰ کے اسم القدیر کا مظہر بنے ہُوئے ہیں اور اصطلاح میں اس قسم کے کاملین کو عبد القادر کہتے ہیں۔

اقول : حضور سیدنا محبُوب سُبحانی رضی اللہ عنہ نے رُوحانی بننے کے جو شرائط اور ثمرات بیان فرمائے ہیں وُہ یقیناً آپ میں موجود تھے، اور صرف موجود ہی نہیں تھے بلکہ اتم اور اکمل طریقہ پر موجود تھے تو اندریں صورت آپ میں وُہ قدرتِ کاملہ تسلیم کرنا واجب ولازم جو کہ اللہ تعالیٰ کے اسم قدیر کی مظہریت کے طور پر کسی بھی ولی کو حاصل ہوسکتی ہے اور آپ کے لیے تکوین اور علوم لدنیہ عزیبہ وعجیبہ کا سونپا جانا لازمی طور پر ثابت اور کسی بھی ولی کو جو فیوض و برکات اور درجات وکمالات حاصل ہوتے ہیں وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی تبعیت اور نیابت کے طور پر حاصل ہوتے ہیں تو لا محالہ سیدِ عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے لیے القدیر کی مظہریت اور تکوین اور علوم لدنیہ کی تفویض کامل واکمل طریقہ پر اور بطریقِ اولیٰ ثابت ہوگی تو اس بیان صداقت نشان اور حق ترجمان سے امام اہلسنت

Marfat.com

مولانا احمد رضا صاحب قدس سرہٗ العزیز کے اس قول کی صداقت اور حقانیت واضح ہو گئی۔ ؎

احد سے احمد اور احمد سے تجھ کو
سب کن اور کن مکن حاصل ہے یا غوث

اگر سرفراز صاحب ہمت کریں تو شرک کا فتویٰ غوثِ اعظم سیدنا شیخ عبدالقادر جیلانی پر لگائیں اور پھر شاہ عبدالحق محدث دہلوی (رحمہما اللہ) پر اور ان علماءِ اعلام پر جنہوں نے مقامِ محبوبیت کے ان نتائج و ثمرات کو بیان فرمایا اور نبیِ اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی اس حدیثِ قدسی کا یہ محل اور مصداق بیان فرمایا۔ محض اعلیٰ حضرت بریلوی کو نشانہ بنانا دیانت داری بلکہ ایمانداری کے خلاف ہے۔

مزید کچھ حوالے ملاحظہ فرمالیں ممکن ہے کہ اپنے گھر سے یہی مضمون و مفہوم اور معنیٰ و مقصود اس حدیث کا ثابت ہو جائے۔

۱۰۔ حضرت حاجی امداد اللہ صاحب مہاجر کی فرماتے ہیں۔

اما قرب نوافل آنست کہ صفات بشریہ سالک از وے زائل شود و صفاتِ حق بروے ظاہر آیند چنانچہ زندہ گرداند مردہ را و بمیراند زندہ را باذن اللہ و بشنود و ببیند از جمیع بدن خود و بشنود مسموعات را و بہ بیند مبصرات را از بعید و علیٰ ہذا القیاس باقی صفات وے سوائے ایں۔ و ہمیں نائے صفات بندہ است بصفاتِ حق تعالیٰ و ایں ثمرہ نوافل است۔

(ضیاء القلوب مع ترجمہ ص۲۸)

Marfat.com

لیکن قربِ نوافل یہ ہے کہ سالک کی بشری صفات اس سے زائل ہو جائیں اور اللہ تعالیٰ کی صفات اس پر ظاہر اور غالب آئیں چنانچہ مُردوں کو زندہ کرنے لگے اور زندہ لوگوں کو مارنے لگے اللہ تعالیٰ کے اذن سے اور سُنے دیکھے تمام بدن کے ساتھ سموعات کو سُنے اور مبصرات کو دیکھے دُور سے اور اسی پر قیاس کرتے ہوئے اس کی دیگر صفات بھی اور یہی ہے بندے کی صفات کا فنا ہونا اللہ تعالیٰ کی صفات کے ساتھ۔

واما قرب فرائض پس آں عبارت است از فنائے عبد بالکلیہ از شعور جمیع موجودات حتیٰ کہ از نفس خود نیز فانی شود بحیثیتے کہ باقی نماندہ باشد در نظر سالک مگر وجود حق تعالیٰ و ایں معنیٰ فنائے بندہ است در ذات او تعالیٰ و ایں ثمرۂ قرب فرائض است۔

لیکن فرائض والا قرب یہ کہ بندہ کلی طور پر تمام موجودات کے شعور سے حتیٰ کہ اپنے نفس سے بھی فانی ہو جاتے اس حیثیت سے کہ سالک کی نظر میں باقی نہ رہے مگر وجود حق جل وعلیٰ اور یہ ہے معنیٰ بندہ کے فانی ہونے کا اللہ تعالیٰ کی ذات میں اور یہ قُربِ فرائض کا ثمرہ و نتیجہ ہے۔

۱۱۔ مولوی اسمٰعیل دہلوی صاحب اپنے پیر و مرشد سید احمد بریلوی کے ملفوظات اور ارشادات پر مشتمل کتاب صراطِ مستقیم میں مقام فنا و بقا کے بیان میں لکھتے ہیں

دُوسرا افادہ : پھر جب توفیق کا راہبر اس مشاہدہ کی خوشی کے سرور کا ہاتھ پکڑ کر اوپر کھینچتا ہے تو فنا اور بقا کا مقام پوشیدگی کے پردہ سے ظاہر ہو جاتا ہے۔ اس اجمال کا بیان یہ ہے کہ جس طرح لوہے کے ٹکڑے کو

Marfat.com

آگ میں ڈال دیتے ہیں اور آگ کے شعلے ہر طرف سے اس کا احاطہ کر لیتے ہیں بلکہ آگ کے اجزاءِ لطیفہ اس لوہے کے ٹکڑے کے نفسِ جوہر میں داخل ہو جاتے ہیں اور اس کی شکل اور رنگ کو اپنے جیسا بنا لیتے ہیں اور گرمی اور جلانا جو آگ کی خاصیتوں میں سے ہے اس لوہے کے ٹکڑے کو بخشش دیتے ہیں۔ اس وقت ضرور وہ لوہے کا ٹکڑا آگ کے انگاروں میں شمار ہو جاتا ہے لیکن نہ اس وجہ سے کہ وہ لوہا اپنی حقیقت کو چھوڑ کر خالص آگ کی حقیقت سے بدل گیا ہے بلکہ یہ امر تو صریحاً باطل ہے بلکہ یہ لوہے کا ٹکڑا فی الحقیقت لوہا ہی ہے مگر شعلہائے ناریہ کے لشکروں کے ہجوم کی وجہ سے اس کا لوہا پن اپنے آثار و احکام سمیت بھاگ گیا اور جو آثار و احکام آگ پر مترتب ہوتے تھے وہی آثار و احکام سارے کے سارے بے کم وکاست اس لوہے کے ٹکڑے پر مترتب ہو سکتے ہیں اور یوں نہیں بلکہ وہ آثار و احکام اب بھی آگ ہی پر مترتب ہیں جس نے اس لوہے کے ٹکڑے کا احاطہ کیا ہوا ہے لیکن چونکہ آگ نے اس لوہے کے ٹکڑے کو اپنی سواری بنا کر اپنی سلطنت کا تخت قرار دے رکھا ہے اس لیے وہ آثار و احکام لوہے کے ٹکڑے کی طرف نسبت کیے جا سکتے ہیں۔ چنانچہ آیت کریمہ وَمَا فَعَلْتُهُ عَنْ أَمْرِي[1]

حضرت خضر نے فرمایا میں نے اس کام کو اپنے اختیار اور ارادہ سے نہیں کیا۔ میں اس کیفیت کا بیان ہے۔ اور آیت کریمہ:

فَأَرَادَ رَبُّكَ أَنْ يَبْلُغَا أَشُدَّهُمَا وَيَسْتَخْرِجَا كَنْزَهُمَا[2] (سورۂ کہف)

سو تیرے رب نے ارادہ کیا (کہ وہ دونو یتیم بچے اپنی قوت طاقت اور جوانی کو پائیں اور اپنا خزانہ نکال لیں) اسی کی طرف اشارہ ہے۔

[1] سورہ کہف

Marfat.com

الغرض اگر اس حال میں لوہے کے ٹکڑے کو بولنے کی طاقت ہوتی تو سو زبان کے ساتھ اپنی اور آگ کی اہلیت اور یک جان ہونے کا شور اور غل مچاتا اور ضرور ایک ساعت کے لیے اپنی حقیقت سے غافل ہو کر یہ کلمہ بول اٹھتا کہ میں جلانے والی آگ کا انگارہ ہوں اور میں وہ چیز ہوں کہ باورچیوں اور لوہاروں اور سناروں بلکہ تمام پیشہ وروں اور کاریگروں کے کاروبار میرے ساتھ وابستہ اور متعلق ہیں۔

اسی طرح جب اس طالبِ کامل کے نفسِ کامل کو رحمانی کشش اور جذب کی موجیں اور ربت کے دریاؤں کی گہری تہ میں کھینچ لے جاتی ہیں تو

اناالحق " اور لیس فی جنبی سوی اللّٰہ ۔

میں خُدا ہوں اور میرے ہر دو پہلوؤں میں بجز اللّٰہ کے کچھ نہیں۔

کا آوازہ اس سے صادر ہونے لگتا ہے اور یہ حدیث قدسی :

کنت سمعہ الذی یسمع بہ وبصرہ الذی یبصر بہ

و یدہ التی یبطش بھا ۔

میں اس کا کان ہو جاتا ہوں جس سے وُہ سنتا ہے اور اس کی آنکھ ہو جاتا ہوں جس سے وُہ دیکھتا ہے اور اس کا ہاتھ ہو جاتا ہوں جس سے وُہ پکڑتا ہے۔

اور ایک روایت کی رو سے :

ولسانہ الذی یتکلم بہ ۔

اور اس کی زبان ہو جاتا ہوں جس سے وُہ بات کرتا ہے۔

Marfat.com

اور حدیث :

اذ قال اللہ علیٰ لسان نبیہ سمع اللہ لمن حمدہ

جب اللہ تعالیٰ نے اپنے نبی کی زبان سے کہا اللہ تعالیٰ نے اس کی بات کو سُن لیا جس نے اس کی تعریف اور حمد کی۔

اور حدیث :

یقضی اللہ علیٰ لسان نبیہ ماشاء ۔

اللہ تعالیٰ اپنے نبی کی زبان پر جو حکم چاہے دیتا ہے اسی سے کنایہ ہے۔

اور یہ نہایت باریک بات اور نہایت نازک مسئلہ ہے چاہیے کہ تو اس میں خوب تامل اور غور کرے اور اس کی تفصیل کو دوسرے مقام پر چھوڑے

وراء ذٰلک فلا اقول لانہ سر، لسان النطق عنہ اخرس ۔

اس کے بعد میں اور کچھ نہیں کہہ سکتا کیونکہ وہ ایسا بھید ہے جس سے بولنے والی زبان گونگی ہے۔

اور زنہار خبردار اس معاملہ پر تعجب نہ کرنا اور انکار سے پیش نہ آنا کیونکہ جب وادیٔ مقدس کی آگ سے ندا ئے :

اِنِّیۡۤ اَنَا اللّٰہُ رَبُّ الۡعٰلَمِیۡنَ ۙ (سورۃ القصص آیت ۳۰)

بیشک میں خدا ہوں تمام جہان کا پرورگار

صادر ہوئی پھر اشرف الموجودات سے جو حضرت ذات سُبحانہ کا نمونہ ہے، اگر انا الحق کی آواز صادر ہو تو کوئی تعجب کا مقام نہیں۔

Marfat.com

اور اس مقام کے لوازم میں سے ہے عجیب عجیب خوارق کا صادر ہونا اور قوی تاثیروں کا ظاہر ہونا اور دُعاؤں کا مستجاب اور قبول ہونا اور آفتوں اور بلاؤں کا دُور کر دینا اور اس معنیٰ کی تصریح اس حدیث قدسی میں موجود ہے

لئن سألنی لاعطینه ولئن استعاذنی لاعیذنه ۔

اگر وہ بندہ مجھ سے کچھ مانگے تو میں ضرور اسے دونگا اور اگر وہ مجھ سے پناہ طلب کرے گا تو ضرور اسے پناہ دُوں گا ۔

اور اس مقام کے لوازم میں سے ایک یہ ہے کہ اس صاحب حال کے دشمن اور بد اندیش پر وبال اور مصیبت ٹوٹ پڑتی ہے چنانچہ حدیث قدسی

من عادیٰ لی ولیا فقد اٰذنته بالحرب ۔

جس نے میرے ولی سے دشمنی کی تو میں اسے لڑائی کے لیے میدانِ کارزار میں للکارتا اور پکارتا ہوں ۔

اس مضمون کا فائدہ دیتی ہے ۔

علامہ سرفراز صاحب کی تاویل اور اس کا رد اسکے اکابر کی زبانی

علامہ سرفراز صاحب اور ہمچوں قسم علماء نے اس حدیث شریف اور اس کی شرح میں مذکور علماءِ اعلام اور اکابرین اسلام کے اقوال دیکھ کر اور اپنے مزعوماتِ فاسدہ کا قلعہ مسمار ہوتے دیکھ کر یہ تاویل کر دی کہ اس حدیث شریف میں اللہ تعالیٰ کے بندہ کے کان آنکھ وغیرہ بننے کا یہ مطلب نہیں کہ وہ سراسر نُور بن جاتے ہیں اور دُور و نزدیک سے سُنتے اور دیکھتے

Marfat.com

ہیں اور تصرف کر سکتے ہیں بلکہ اس کا مطلب یہ ہے کہ وہ اللہ تعالےٰ کی مرضی کے تابع ہو جاتے ہیں۔ تو ان کے اس قول کا رد علامہ انور شاہ صاحب کی زبانی پیش کیا جاتا ہے لیکن حق کا رسول میں انکار کیا جانا صرف اور صرف اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے ہی ممکن ہے ہمارے بس میں نہیں ہے۔ ؎

گلیم بخت کسے کہ بافتند سیاہ
بآب کوثر تسنیم سفید نتواں کرد

۱۔ اما علماء الشریعة فقالوا معناہ ان جوارح العبد تصیر تابعة للمرضاة الالٰھیة حتّٰی لا تتحرک الا بما یرضٰی بہ ربہ فاذا کانت غایة سمعہ و بصرہ وجوارحہ کلھا ھو اللہ سبحٰنہ فھی حینئذ صح ان یقال انہ لا یسمع الا لہ ولا یتکلم الا لہ وکان اللہ سبحٰنہ صار سمعہ و بصرہ۔

قلت وھٰذا عدول عن حق الالفاظ لان قولہ کنت سمعہ بصیغة المتکلم یدل علٰی انہ لم یبق من المتقرب بالنوافل الا جسدہ و شبحہ وصار المتصرف فیہ الحضرة الالٰھیة فحسب۔

(ص ۴۲۸ ج ۴)

لیکن علماءِ شریعت نے کہا ہے کہ اس حدیث شریف کا معنیٰ یہ ہے کہ بندے کے جوارح اور اعضاء اللہ تعالیٰ کی رضامندیوں کے تابع ہو جاتے

Marfat.com

ہیں حتیٰ کہ وہ حرکت نہیں کرتے مگر اسی امر کے ساتھ جس سے اس کا رب تبارک وتعالیٰ راضی ہو پس جب اس کے کان، آنکھ اور تمام اعضاء کی غایت اللہ سبحانہٗ وتعالیٰ ہو تو اس وقت ان کے متعلق یہ کہنا صحیح ہوگا کہ وہ نہیں سنتا مگر اللہ کے لیے اور نہیں کلام کرتا مگر اللہ تعالیٰ کیلئے اور گویا کہ اللہ سبحانہٗ وتعالیٰ اس کے کان، آنکھ ہو گیا ہے۔

میں کہتا ہوں کہ اس معنیٰ میں حق الفاظ سے عدول ہے اور انکا تقاضا پورا نہیں ہوتا کیونکہ کنت سمعہ متکلم کے صیغہ کے ساتھ اس امر پر دال ہے کہ نوافل کے ذریعے قرب حاصل کرنے والے کا صرف جسم اور ظاہری ڈھانچہ باقی رہ گیا اور اس میں مدبر و متصرف اور کار ساز و کار آفریں صرف اور صرف اللہ تعالیٰ کی ذاتِ مقدسہ ہے۔

۲- **اقول**: نیز ان مقربین کے اعضاء وجوارح کے نورانی بن جانے اور اللہ تعالیٰ کے سمع و بصر اور قدرت و دیگر صفاتِ کمالیہ کا مظہر بن جانے اور رضائے حق اور مرضیاتِ خداوند تعالیٰ میں ہی استعمال ہونے میں منافات بھی نہیں ہے تاکہ ایک معنیٰ کا اثبات دوسرے کی نفی کو مستلزم ہو کیوں کہ جب تک نفس کی ظلمت و کدورت غالب رہے گی تو برائیوں کی طرف رغبت ومیلان بھی رہے گا اور جوں جوں مجاہدات و ریاضات بڑھتے جائیں گے، اور نفسانی ظلمات و کدورت دور ہوتی جائیں گی، نفس کو نیکی اور بھلائی والے کاموں میں اطمینان و سکون محسوس ہوگا اور برائی کی طرف جذب وکشش ختم ہوتی چلی جائے گی اور جب حواس و اعضاء اور قلب و روح مکمل طور پر نورانی ہو جائیں گے تو نفس کی مزاحمت و ممانعت بھی مکمل طور پر ختم ہو جائے گی اور تقویٰ و پرہیزگاری اور احکام شرع کی پابندی طبیعتِ ثانیہ اور طبعی

Marfat.com

تقاضا بن جائے گی اور طبیعت پر جبر و اکراہ کی ضرورت باقی نہیں رہے گی۔ لہٰذا ان دونوں معانی میں کوئی منافات اور تضاد نہیں کہ ایک کا اثبات دوسرے کی نفی کو مستلزم ہو۔

۳۔ علاوہ ازیں جب تک بندہ اپنے آپ کو شریعتِ مطہرہ کا پابند نہ بنائے اور فرائض و واجبات بلکہ مستحبات تک کا التزام نہ کرے اور محرمات و مکروہات تحریمیہ بلکہ مکروہات تنزیہیہ سے اجتناب پر ثابت قدم نہ ہو تو محبوبیت کے درجہ پر فائز ہو ہی نہیں سکتا تو جو امر محبوبیت کے درجہ پر فائز ہونے کا سبب، موجب اور موقوف علیہ اور وارد مدار ہے اسکو مقام محبوبیت کا ثمرہ اور نتیجہ قرار دینا کس طرح موزوں اور مناسب ہو سکتا ہے۔

ورنہ ماننا پڑے گا کہ اللہ تعالیٰ فاسقوں، فاجروں، زانیوں شرابیوں وغیرہ کو دوست بناتا ہے العیاذ باللہ۔ اور دوست بنانے کے بعد ان کے اعضا اور جوارح کو اور حواس و مشاعر کو برائیوں سے محفوظ فرماتا ہے جب کہ کوئی عقلمند انسان یہ باور نہیں کر سکتا۔

یہ تاویل و توجیہ بقول علامہ انور شاہ صاحب جس طرح خلافِ منقول ہے اور کنت سمعہ الذی یسمع بہ کے صیغہ متکلم کے خلاف ہے اسی طرح خلافِ معقول بھی ہے۔ دائر کو عین مدار اور موقوف کو موقوف علیہ کا عین اور مسبب و معلول کو عین سبب اور عین علت قرار دینے کے مترادف ہے۔

۴۔ نیز ان مقبولانِ بارگاہِ خداوندی کے خداداد مراتب و درجات کے انکار کے مترادف ہے اور جن علماءِ اعلام اور شریعت و طریقت کے جامعین نے

Marfat.com

تقاضا بن جائے گی اور طبیعت پر جبر و اکراہ کی ضرورت باقی نہیں رہے گی۔
لہٰذا ان دونوں معانی میں کوئی منافات اور تضاد نہیں کہ ایک کا اثبات دوسرے کی نفی کو مستلزم ہو۔

۳۔ علاوہ ازیں جب تک بندہ اپنے آپ کو شریعت مطہرہ کا پابند نہ بنائے اور فرائض و واجبات بلکہ مستحبات تک کا التزام نہ کرے اور محرمات و مکروہات تحریمیہ بلکہ مکروہات تنزیہیہ سے اجتناب پر ثابت قدم نہ ہو تو محبوبیت کے درجہ پر فائز ہو ہی نہیں سکتا تو جو امر محبوبیت کے درجہ پر فائز ہونے کا سبب، موجب اور موقوف علیہ اور وارو مدار ہے اسکو مقام محبوبیت کا ثمرہ اور نتیجہ قرار دینا کس طرح موزوں اور مناسب ہو سکتا ہے۔

ورنہ ماننا پڑے گا کہ اللہ تعالیٰ فاسقوں، فاجروں، زانیوں شرابیوں وغیرہ کو دوست بناتا ہے العیاذ باللہ۔ اور دوست بنانے کے بعد ان کے اعضا اور جوارح کو اور حواس و مشاعر کو برائیوں سے محفوظ فرماتا ہے جب کہ کوئی عقلمند انسان یہ باور نہیں کر سکتا۔

یہ تاویل و توجیہ بقول علامہ انور شاہ صاحب جس طرح خلافِ منقول ہے اور کنت سمعه الذی یسمع به کے صیغہ متکلم کے خلاف ہے اسی طرح خلافِ معقول بھی ہے۔ دائر کو عین مدار اور موقوف کو موقوف علیہ کا عین اور مسبب و معلول کو عین سبب اور عین علت قرار دینے کے مترادف ہے۔

۴۔ نیز ان مقبولانِ بارگاہِ خداوندی کے خداداد مراتب و درجات کے انکار کے مترادف ہے اور جن علماءِ اعلام اور شریعت و طریقت کے حامیین نے

Marfat.com

یہ معانی بیان کیے ان پر بھی رد و انکار اور تنقید و اعتراض ہے جو قطعاً ناقابلِ اعتداد و نالائق اعتبار ہے۔

کیا لوہے اور آگ کی تمثیل فریقِ مخالف کی طرف سے ہے

علامہ سرفراز صاحب نے اس حدیثِ قدسی پر طبع آزمائی کرتے ہوئے کہا:
فریقِ مخالف کا آخری حربہ ایک حدیثِ قدسی آتی ہے (تا) اس حدیث کو پیش کر کے فریقِ مخالف کہا کرتا ہے کہ جیسے آگ اور لوہا دو الگ الگ چیزیں ہیں لیکن جب لوہا آگ میں گرم ہو جاتا ہے تو اسی طرح کا اثر اس سے بھی ظاہر ہو جاتا ہے جو آگ کا ہوتا ہے جس طرح آگ جلاتی ہے اسی طرح لوہا بھی جلاتا ہے تو یونہی سمجھو کہ جب بندہ کثرت سے عبادات کرتا ہے تو اللہ تعالیٰ کی صفات بندہ میں حلول کر جاتی ہیں تو جو کچھ بندہ کرتا ہے وہ حقیقتاً اس کا فعل نہیں ہوتا بلکہ خدا تعالیٰ کا فعل ہوتا ہے۔

(ص ۲۰۹، ص ۲۱۱ دل کا سرور)

مولوی شاہ اسمٰعیل دہلوی صاحب کی عبارت صراطِ مستقیم سے مفصل طور پر ذکر کی جا چکی ہے اس کو دوبارہ پڑھیں (نیز یہی تمثیل شمائم امدادیہ کے حوالے سے آخر میں مذکور کی) اور اس عبارت کو بھی بار بار پڑھیں کہ فریقِ مخالف کہا کرتا ہے اور اندازہ لگائیں کہ علامہ صاحب جھوٹ بولنے میں کس قدر سابقین اولین میں شمار ہوتے ہیں اور اس معاملہ میں اللہ سے شرم و حیا تو نہیں کرنی تھی اور نہ ہی کم از کم دنیوی فضاحت و رسوائی سے بچنے کے لیے

Marfat.com

مخلوقِ خدا سے ہی حیاء و شرم کا مظاہرہ کر لیتے۔ کس قدر افسوسناک اور حیرت انگیز اور تعجب خیز بات ہے کہ اپنے اکابر کا بیان کیا ہوا معنیٰ اور ان کی ذکر کی ہوئی تمثیل و نظیر کو فریقِ مخالف کے ذمے لگا دیا اور اس پر مترتب فوائد و ثمرات اور متفرع مراتب و کمالات کو بھی فریقِ مخالف کی اختراع قرار دیدیا حالانکہ حضرت حاجی امداد اللہ صاحب مہاجر مکیؒ اور سید احمد بریلوی صاحب اور شاہ اسمٰعیل صاحب دہلوی نے یہ تفریعات اور ثمرات و نتائج بیان فرمائے ہیں جو علماءِ دیوبند کے مسلّم پیشوا ہیں اور دیگر مسلّم اکابرین نے جو کہ علماءِ دیوبند اور علماءِ بریلی کے متفق علیہ مقتداء و پیشوا ہیں۔ ہمیں اب تک یہ معلوم نہ تھا کہ تعصّب انسان کو اتنا اندھا بھی کر دیتا ہے جتنا کہ اس نے علامہ سرفراز صاحب کو اندھا کر رکھا ہے۔

بہرحال قارئینِ کرام ضیاء القلوب اور صراطِ مستقیم سے منقولہ عبارات کو غور سے پڑھیں اور اس حدیث قدسی کا صحیح معنیٰ و مفہوم سمجھنے کی کوشش فرماویں

کیا اللہ تعالیٰ کی ذات وصفات کا بندۂ محبوب میں حلول تسلیم کرنا لازم آتا ہے؟

علامہ سرفراز صاحب نے فنا فی اللہ اور بقاء باللہ کے عقیدہ کو اور قربِ نوافل و فرائض کے ثمرات و اثرات کو حلول سے تعبیر کر کے اور عیسائیوں کے ساتھ اس نظریہ میں شرکت ثابت کر کے شرک اور کفر کا فتویٰ

Marfat.com

صادر فرما دیا ہے۔ چنانچہ آپ نے کہا:

قرآن کریم میں اللہ تعالیٰ نے نصاریٰ کو پہلے کافر فرمایا ہے اور بعد میں ان کا عقیدہ بیان کیا ہے کیونکہ انہوں نے یہی کہا تھا کہ حضرت مسیح (علیہ السلام) فنا فی اللہ ہو گئے ہیں۔ ان میں اور اللہ تعالیٰ میں اتحاد پیدا ہو گیا ہے۔ اب جو چیز حضرت مسیح کرتے ہیں وہ گویا خدا ہی کرتا ہے۔ اسی وجہ سے عیسائی حضرت مسیح علیہ السلام کو الٰہ کہتے تھے اور اسی وجہ سے جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ مجھے عبدیت سے نکال کر عیسائیوں کی طرح اُوپر نہ لے جانا میں تو خُدا کا بندہ اور اس کا رسُول ہُوں۔ مگر ان نام کے مجنوں نے سنن من کان قبلکم کی اتباع کرتے ہوئے عیسائیوں کو بھی چند قدم پیچھے چھوڑ دیا ہے۔

علامہ سید شریف جرجانی نے لکھا ہے کہ کفریہ عقیدوں میں سے ایک یہ بھی ہے کہ اللہ تعالیٰ بعض لوگوں میں حلول کر جاتا ہے۔

علامہ ابن حزم لکھتے ہیں جس شخص نے کہا کہ اللہ تعالیٰ تو فلاں ہے اور معین شخص کی طرف اشارہ کیا یا یہ کہا کہ اللہ تعالیٰ اپنی مخلوق کے اجسام میں سے کسی کے جسم میں حلول کرتا ہے اور اس کا روپ بدلتا ہے (تا) تو ایسے شخص کی تکفیر میں آج تک دو آدمیوں میں بھی اختلاف نہیں ہوا ہے۔ (تنقید متین)

اکیلے سرفراز صاحب فتویٰ لگائیں

علامہ سرفراز صاحب نے حدیثِ قدسی کے اس معنیٰ و مفہوم کو باری تعالیٰ

Marfat.com

کی ذات وصفات کے بندہ کی ذات وصفات میں حلول کرنے سے تعبیر کیا اور اس کو عیسائیوں کے عقیدہ ونظریہ سے ملا کر کفر کا فتویٰ صادر کر دیا ہے اور اعلان کیا ہے کہ اس نظریہ کے کفر ہونے میں آج تک دو آدمی بھی باہم مختلف نہیں ہوتے۔ حوالہ جات تو معروض ہو چکے ہم کسی دُوسرے دیوبندی عالم کا بھی ساتھ شامل کرنا لازم نہیں ٹھہراتے صرف سرفراز صاحب ہی ان سب حضرات کو کافر کہہ دیں جن کی عبارات ذکر کی جا چکی ہیں اور اگر سرفراز صاحب کو اور انکے آباؤ اجداد کو اور معنوی ذریت کو یہ جرأت نہیں ہوسکتی کہ ایسے اکابرینِ ملّت پر حلول واتحاد کا نظریہ اپنانے کا الزام و اتہام عائد کریں اور کُفر وشرک کا فتویٰ صادر کریں تو پھر ماننا پڑے گا کہ حلول و اتحاد والا فاسد و باطل عقیدہ اپنائے بغیر محبُوبانِ خُداوند تعالیٰ اور اس کے مقبولانِ بارگاہ کو اللہ تعالیٰ کے ساتھ مخصوص قسم کا تعلق ہوتا ہے جس سے ان کی ذوات اور صفات نورانی بن جاتی ہیں، اور عام انسانوں بلکہ عام مومنوں کی ذاتوں اور صفتوں سے وُہ ممتاز اور منفرد ہو جاتی ہیں جیسے کہ سُورج کا تعلق زمین کے ساتھ ہرگز ہرگز حلول و اتحاد والا نہیں بلکہ صرف تقابل والا ہے لیکن زمین کی آبادی اور اس پر تمام تر رونق وبہار اور چہل پہل اور زندگی و پائندگی اسی کی بدولت ہے۔ نیز لوہے اور آگ والی تمثیل میں بھی لوہے اور آگ میں حلول و اتحاد والا تعلق نہیں بلکہ اتصال وقرب والا تعلق ہے۔ نیز موت کے بعد رُوح کا بدن کے ساتھ تعلقِ حلولی ختم ہو جاتا ہے لیکن اس کے باوجود اہلِ قبور میں علم و ادراک اور احساس وشعور اور لذتِ تنعیم یا الم عذاب اور زائرین کا علم و ادراک اور ان کے سلام وکلام

Marfat.com

کا سماع اور انہیں جواب دینے کی قدرت وصلاحیت وغیرہ بدن کے ساتھ رُوح کے تعلق اور اتصال کی بدولت ہی ممکن ہوتا ہے جس سے ثابت ہوگیا کہ خاص حلولی تعلق کی نفی سے مطلق تعلق کی نفی لازم نہیں آتی۔

للٰہذا فرائض اور نوافل کے ذریعے بھی بندے اور اللہ تعالیٰ کے درمیان حلول و اتحاد والا تعلق قائم ہونا لازم نہیں آتا بلکہ ان مقبولانِ بارگاہِ اقدس کو قربِ خاص اور بے کیف وصل حاصل ہوتا ہے جس کی بدولت اللہ تعالیٰ کے انوار و تجلّیات کے عکس و پرتو سے منوّر و مستنیر ہو جاتے ہیں۔ کما قیل: ؎

اتصالے بے تکیف و بے قیاس

ہست ربّ النّاس را با جانِ ناس

اگر کوہِ طور پر اللہ تعالیٰ کے نُورِ اقدس کا ظہور ہو سکتا ہے اور وُہ اس سے منوّر و مستنیر ہو سکتا ہے اور حضرت موسیٰ علیہ السلام اس تجلّی کا مشاہدہ کر سکتے ہیں اگرچہ پُرسکون انداز سے نہ سہی اور ان کی نگاہیں اس تجلّی کے مشاہدہ کے بعد تیس تیس میل تک اندھیری رات میں پہاڑ کی چوٹی پر چلتی ہوئی چیونٹی کو بھی دیکھ سکتے ہیں۔

جیسے قاضی عیاض علیہ الرحمہ نے شفاء میں نقل فرمایا:

عن ابی ھریرۃ عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال لما تجلی اللہ لموسٰی علیہ الصلوٰۃ والسلام کان یبصر النملۃ علی الصفا فی اللیلۃ الظلماء مسیرۃ عشرۃ فراسخ

(شفاء مع نسیم الریاض ص۳۰۱ جلد اوّل)
(ہذا الحدیث رواہ الطبرانی فی سننہ الصغیرۃ و مجمع ص۲۰۴)

Marfat.com

تو دُوسرے انبیاء و رسل علیہم السلام اور اولیاء کرام کو بھی اپنی استعداد و استطاعت کے مطابق ان انوار و تجلیات کے مشاہدہ سے مشرف اور بہرہ ور کیا جا سکتا ہے اور بالخصوص اس ذاتِ اقدس کو جنہوں نے لامکان میں دیدار ذات کا شرف حاصل کیا اور اس امتیازی شان کے ساتھ مخصوص اور مختص ٹھہرائے گئے۔

ارشادِ خداوند تعالیٰ ہے:

وَاِذَا سَاَلَكَ عِبَادِیْ عَنِّیْ فَاِنِّیْ قَرِیْبٌ (سورہ بقرہ آیت)

نیز فرمانِ باری تعالیٰ ہے:

نَحْنُ اَقْرَبُ اِلَیْهِ مِنْ حَبْلِ الْوَرِیْدِ ○ (سورہ ق آیت ۱۶)

اور فرمانِ رسول صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم ہے:

اقرب ما یکون العبد من ربہ اذ یکون ساجداً

اور حدیث قدسی میں ہے:

انا معہ حین یذکرنی۔ نیز:

انا جلیس من ذکرنی وغیر ذٰلك۔

لہٰذا مقبولانِ بارگاہ کو خصوصی اتصال اور قربت و نزدیکی حاصل ہو جاتی ہے اور اس کی بدولت مظہر انوارِ الٰہیہ اور آئینہ کمالاتِ سرمدیہ بن جاتے ہیں اگر چودھویں کے چاند میں سُورج کا حلول تسلیم کیے بغیر اس کو سُورج کے لیے مظہرِ اتم اور آئینہ انوارِ شمسیہ کہہ سکتے ہیں تو ان کاملین و اکملین خلائق کو بھی مظاہر انوارِ حمدانیہ اور آئینہ تجلیاتِ الٰہیہ کہہ سکتے ہیں۔ نیز فنا فی اللہ اور

Marfat.com

متعلق ہوجاتا ہے اور اس مقام میں (حدیثِ قدسی میں بیان کیا ہوا) یہ مرتبہ محقق ہوتا ہے کہ بندہ محبوب میرے ساتھ ہی سنتا ہے اور اور میرے ساتھ ہی دیکھتا ہے اور میرے ساتھ ہی پکڑتا ہے اور میرے ذریعے ہی چلتا ہے اور میرے ذریعے ہی علم و ادراک حاصل کرتا ہے کیونکہ فانی ذات اور فانی صفات اس مقام میں دائمی اور باقی وجود کے لباس میں تبدیل ہو کر خفاء اور پوشیدگی کی قبر سے ظہور کے میدانِ حشر کی طرف خروج کرتی ہیں۔

دوسرے مقام پر ثمرات ذکر بیان کرتے ہوئے فرمایا:

فیتحلل اعضاء البدن بتاثیر الذکر وتتاثر النفس بنار الذکر ونوره کما قلنا ان ناره تخلی ونوره تحلی تتبدل ظلمات النفس بالانوار وتزول عنها الاخلاق المذمومة وبتحلّی بالاخلاق المحمودة فیتخلص القلب من الظلمات النفس ویزداد القلب نوراً علےٰ نور فیستعد لفیضان انوار صفات الرب تعالٰی و علی قدر الملازمة تظهر النتیجة۔ (مثنا)

ذکر کی تاثیر سے اعضاء بدن پگھلتے ہیں اور نفس ذکر کی آگ اور نور سے متاثر ہوتا ہے اور جیسے کہ ہم نے کہا کہ ذکر کی آگ بمنزلہ تخلیہ اور تصقیل کے ہے اور اس کا نور بمنزلہ تحلیہ اور تزئین و آرائش کے ہے نفس کی ظلمات انوار میں بدل جاتی ہیں اور اخلاقِ مذمومہ زائل ہو جاتے ہیں اور اخلاقِ حمیدہ کے ساتھ آراستہ ہوجاتا ہے پس دل ظلمات نفس سے خلاصی پاتا ہے اور دل

Marfat.com

بقار باللہ اولیار کرام اور علمار اعلام کے ہاں مسلّم امر ہے۔ حاجی امداد اللہ صاحب اور دیگر اکابر کا کلام اس کی دلیل ناطق ہے اور اس پر شاہد صادق ہے۔ بلکہ حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلوی قدس سرّہٗ العزیز نے "الانتباہ فی سلاسل اولیار اللہ" میں اکابرین سلاسل کے حوالے سے اس کو متعدد جگہ ذکر فرمایا ہے اور مستقل عنوان سے بھی اس کو بیان کیا ہے۔ چنانچہ فرماتے ہیں :

سئلوا الخواجه نقشبند قدس سرہٗ الفناء علیٰ کم وجه فقال علیٰ وجهین (الیٰ) و فی هٰذا المقام یتحقق السیر فی اللہ فان العبد بعد الفناء المطلق الذی هو فناء الذات وفناء الصفات یخلع علیه الوجود الحقانی حتیٰ یتشرف بذٰلك الوجود بالاوصاف الالٰهیة ویتخلق بالاخلاق الربانیة وفی هٰذا المقام یتحقق مرتبة بی یسمع و بی یبصر و بی یبطش و بی یمشی و بی یعقل ، فان الذات والصفات الفانیة فی هٰذا المقام تتبدل بکسوۃ الوجود الباقی خارجة من قبر الخفاء الی محشر الظهور الخ (فصل فی الفنار والبقار مترجم ص ۵۳-۵۴)

حضرت خواجہ نقشبند قدّس سرّہٗ سے لوگوں نے سوال کیا کہ فنا کی کتنی انواع واقسام ہے تو انہوں نے فرمایا دو قسم ہے (تا) اور اس مقام (مقامِ فنار) میں سیر فی اللہ متحقق ہوتی ہے کیونکہ فنا مطلق یعنی فنار ذات اور فنار صفات کے بعد بندہ کو وجودِ حقانی کی خلعت پہنائی جاتی ہے حتیٰ کہ اس وجودِ حقانی کی بدولت اوصافِ الٰہیہ کے ساتھ متصف ہوجاتا ہے اور اخلاقِ ربّانیہ کیساتھ

Marfat.com

انوار و تجلیات میں ترقی کرتا چلا جاتا ہے تب وُہ صفاتِ ربانیہ کے انوار کے فیضان کے قابل اور لائق ہو جاتا ہے اور ذکر کو جس قدر لازم پکڑے گا، اسی کے مطابق نتیجہ و ثمرہ کا ظہور ہوگا۔

واذا ارتفعت الجسمیة وتلاشت الجهات یلاحظ قرب الصفات ولایحتاج الی التکلفات فعوالم الارواح منزهة عن الجهات فیدرك قربه تعالیٰ بالمعنی والصفة ثم یترقیٰ الیٰ ما فوق ذٰلك۔

(صفحہ ۱۱۱)

پھر جب جسمیت و مادیت ختم ہو جائے اور جہات (کی تقیید بھی) ختم ہو جائے تو صاحبِ ذکر قربِ صفات کو ملاحظہ کرے گا اور تکلفات کیطرف محتاج نہیں ہوگا کیونکہ ارواح کا عالم جہات سے منزہ ہے تو اسوقت اللہ تعالیٰ کے قرب کو پالے گا معنیٰ و صفت کے ساتھ پھر اس سے مافوق کی طرف ترقی کرے گا۔

نیز حضرت شیخ ابراہیم کردی کے حوالے سے ذکر فرمایا کہ فرائض کی ادائیگی کے بعد تقرّب خداوندی کا راستہ طلب کرے پسندیدہ اقوال اور افعال کا التزام کر کے خالص عبودیت کے ساتھ جس کا ثمرہ و نتیجہ محبتِ الٰہیہ ہے اور اس محبتِ الٰہیہ کا ثمرہ و نتیجہ وُہ ہے جو حدیثِ قدسی میں بیان کیا گیا ہے۔

ینبغی لطالب الحق سبحٰنه ان یسأل بعد اداء ما افترض علیه طریق التقرب بالتزام ما یطیقه

Marfat.com

من مندوبات الاقوال والافعال بخالص العبودية فانها تنتج المحبة الالهية المنتجبة لما قال صلى الله عليه وسلم فيما يرويه عن ربه تبارك وتعالیٰ ما تقرب الی عبدی الحدیث ص۳۰ ۔

اور پہلے ان اقوال کا ذکر بھی ہو چکا ہے آخر میں خاتم المفسرین کی زبانی بھی اس کا اقرار و اعتراف ملاحظہ فرما لیں اور قرآن مجید سے اس کا اثبات معلوم کر لیں :

حضرت شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی رحمہ اللہ قولِ باری و تبتل الیہ تبتیلا کی تفسیر میں طریقۂ تبتیل بیان کرتے ہوئے فرماتے ہیں کہ :

تاریک مکان میں بیٹھ جائے اور اپنے سر کو ڈھانپ لے، آنکھوں کو بند کر لے اور زبان کو ذکرِ خداوندی کے علاوہ ساکت رکھے (تا) اور فرائض و سنن راتبہ اور ذکر دائم کے ساتھ مشغول ہو جائے قبلہ رو رہے اور طہارتِ کاملہ پر ہو اور دل و جان سے حاضرِ بارگاہ ہو ابتدار میں زبان کے ساتھ ذکر کرے (تا) حتیٰ کہ ذکر اس کے احوال میں سے ایک حال بن جائے :

دریں وقت محبت قویہ حادث شود و مذکور را اصلا فراموش کردن نتواند باز غیبت از جمیع اشیار ظاہرا و باطناً رو آرد تا آنکہ از نفس و صفات نفس خود نیز غائب گردد و ایں مرتبہ را قرب نامند۔ باز نوبت بآں رسد کہ از ذکر نیز غیبت رو دہد و محض شہود مذکور باقی ماند و ایں سرحد فنا است بعد ازاں اتصالے بے تکیف و بے قیاس با محبوبِ خود حاصل شود و بقا ہمیں است و دریں مرتبہ

Marfat.com

اور اشاہ وولی و واصل خطاب تواں داد و سابق ازاں طالب مُرید و شوقین وجویا تواں گفت ۔ (ص ۱۸۹ ج ۲۹)

اس وقت بہت قوی محبت پیدا ہو جاتی ہے اور ذاکر اپنے مذکور (محبوب) کو فراموش نہیں کر سکتا۔ پھر تمام اشیار سے ظاہری اور باطنی طور پر غیبت متحقق ہو جاتی ہے حتیٰ کہ اپنے نفس اور اس کی صفات سے غائب ہو جاتا ہے اور اس مرتبہ کو قرب کا نام دیتے ہیں پھر نوبت یہاں تک پہنچتی ہے کہ ذکر سے بھی غیبت حاصل ہو جاتی ہے اور صرف مذکور (محبوب) کا شہود ونظارہ باقی رہ جاتا ہے اور یہ سرحد فنا ہے۔ اس کے بعد بے کیف اور بے قیاس اتصال محبوب کے ساتھ حاصل ہوتا ہے اور یہی بقا ہے اور اس مقام میں ذاکر ومتبتل کو شاہ، ولی اور واصل کا خطاب اور لقب دیا جا سکتا ہے اور پہلے مرتبے میں طالب ومُرید اور شوقین وجویا کہا جا سکتا ہے۔

لہٰذا واضح ہو گیا کہ حلول واتحاد کا فاسد وباطل عقیدہ علیحدہ امر ہے اور قُرب و واصل اور فنار فی اللہ وبقار باللہ علیحدہ امر ہے اور اگر علامہ صاحب کے نزدیک قُرب ووصل اور فنار وبقا حلول واتحاد کے مترادف ہیں تو پھر تمام اولیار کرام اور علمارِ اعلام کو ان عیسائیوں کی طرح کافر اور مشرک کہنا پڑے گا جو کہ فنا فی اللہ اور بقار باللہ کے قائل تھے اور علامہ صاحب کے لیے یہ سودا بہت مہنگا پڑے گا لہٰذا ان کا اپنے مزعوم فاسد اور باطل گمان کے تحفظ کے لیے حدیثِ رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں معنوی تحریف کر ڈالنا اور اکابرینِ اُمّت کو عیسائی بنا ڈالنا ظلم عظیم ہے اور کسی عام مسلمان کے لیے بھی

Marfat.com

ایسا قول روا نہیں ہو سکتا چہ جائیکہ بزعم خویش بینظیر محدّث کو مفسّر کو۔ اور اس حدیث قدسی سے علماء اہل السنّت کے استدلال و استناد کا برحق ہونا بالکل واضح ہو گیا اور علامہ سرفراز صاحب کا جواب سے عجز اور بے بسی بھی واضح ہو گئی

نوٹ: فناء و بقاء اور قولِ صوفیہ انا الحق اور سُبحانی ما اعظم شانی اور ما فی جبتی الا اللّٰہ کے متعلق حضرت علامہ ابن حجر ہیتمی رحمہ اللہ نے فتاوےٰ حدیثیہ ص۲۵۷ پر اپنی طرف سے اور ص۲۸۷ پر علامہ التفتازانی کی زبانی عمدہ تحقیق نقل فرمائی ہے اور اتحاد و حلول سے الگ تعلق اللّٰہ اور بندۂ عارف کے درمیان ثابت فرمایا ہے اور اسی شہود الحق اور فناء و بقاء کو حدیثِ قدسی کا محل اور مصداق قرار دیا ہے لہٰذا اصل کتاب سے اس مبحث کا مطالعہ ضرور فرماویں

کیا معجزاتِ انبیاء علیہم السلام اور کراماتِ اولیاء غیر اختیاری ہوتے ہیں!

اس حدیثِ قدسی اور اس کی تشریح و توضیح میں مذکور و منقول اکابر علماءِ اعلام کے اقوال اور مخالفین کے مسلّمہ مقتداؤں اور پیشواؤں کی تصریحات سے یہ حقیقت نمایاں ہو گئی کہ مجاہدات و ریاضات، فرائض کی پابندی اور نوافل کی کثرت سے مومن اپنی جسمانی کثافت اور نفسانی ظلمت سے خلاصی اور نجات حاصل کر لیتا ہے اور اس کی روحانیت پوری طرح نکھر جاتی ہے اور وہ پیکر نور بن جاتا ہے اور یہی امر معجزہ اور کرامت کا دار و مدار اور موقوف علیہ ہوتا ہے فرق صرف یہ ہوتا ہے کہ نبی و رسول علیہ السلام کی ذاتِ اقدس میں تجرّد و لطافت کا وجود و تحقق پہلے ہوتا ہے اور ملاء اعلیٰ کے ساتھ ان کی مناسبت

Marfat.com

اور موافقت پہلے پائی جاتی ہے تب اس اعزاز و امتیاز اور منصب و مرتبہ کے مالک بنائے جاتے ہیں جیسے کہ اس کتاب کے مقدمہ میں اور کوثر الخیرات اور تنویر الابصار میں مدلل اور مبرہن انداز میں اس امر کو بیان کیا جا چکا ہے اور انبیاء و مرسلین علیہم الصلوٰۃ والسلام کا باعتبار اپنے حقائق اور بواطن کے اپنی اُمتوں سے مختلف اور ممتاز ہونا واضح کر دیا گیا ہے لیکن اولیاء کرام میں یہ تجرد اور لطافت و نورانیت اپنے نبی کی غلامی اور کامل اتباع و اطاعت کے طفیل و توسل سے پائی جاتی ہے اور اس تجرد و لطافت اور نورانیتِ قلب اور شفافیتِ رُوح پر ہی معجزہ اور کرامت کا دار و مدار ہوتا ہے۔

نیز افعالِ عباد کے اختیاری ہونے کی بحث میں بھی اس امر پر تنبیہ کر دی گئی ہے کہ عام مکلفین کے لیے جس طرح قدرت و قوت اور ارادہ و مشیت کا وجود و تحقق ضروری ہے اور قدرتِ عباد اور ان کا ارادہ افعال کے وجود و تحقق کے لیے سبب ہے اسی طرح ان خواص اور اخص الخواص کے افعال و اعمال میں ان کی خداداد قدرت و طاقت اور ان کا ارادہ اور مشیت فی الجملہ مؤثر ہے فرق صرف دائرہ کار کے محدود و مخصوص ہونے اور عام و غیر مخصوص ہونے کے لحاظ سے ہوتا ہے۔ عامہ خلائق کا اختیار و تصرف افعالِ عادیہ تک محدود ہوتا ہے اور ان مقبولانِ بارگاہ کا تصرف و اقتدار افعالِ غیر عادیہ کو بھی شامل اور محیط ہوتا ہے۔ چنانچہ معجزہ کی تعریف سے ہی یہ حقیقت واضح ہو جاتی ہے۔

دلیل یازدہم

معجزہ کی تعریف ہی اس کے اختیاری ہونے کی دلیل ہے۔

Marfat.com

المعجزة هی امر يظهر بخلاف العادة علیٰ يد مدعی النبوة عند تحدی المنكرين ۔ (شرح عقائد نسفی)

یعنی معجزہ وہ امر ہے جو خلافِ معمول اور عادتِ جاریہ کے خلاف ظاہر ہو مدعیِ نبوت علیہ السلام کے ہاتھ پر منکرین کے معارضہ اور مقابلہ کے وقت

علیٰ وجہ يعجز المنكرين عن الاتيان بمثله ۔

ایسے طریقہ پر کہ منکرین کو اس کی مثل لانے سے عاجز کر دے۔

وجہ دلالت یہ ہے کہ منکرین کو چیلنج نبی و رسول کی طرف سے دیا جائے یا منکرین کی طرف سے نبی و رسول کو چیلنج دیا اور مقابلہ و معارضہ کی دعوت دی جائے تو یہ ناممکن ہے کہ اس نبی و رسول کا اس امرِ خارق کے ظہور میں کوئی دخل نہ ہو نہ خلق و ایجاد کے لحاظ سے اور نہ کسب و سببیت کے لحاظ سے بلکہ نبی و رسول علیہ السلام کے ارادے اور مشیت اور قدرت و قوت کے تعلق کے بغیر یہ امر خارق متحقق ہو جاتے جیسے کہ رعشہ والے آدمی سے غیر ارادی اور غیر اختیاری حرکات سرزد ہوتی ہیں دیکھیے موسیٰ علیہ السلام کے ساتھ فرعون جادوگروں کے ذریعے مقابلہ و معارضہ کا اعلان کرتا ہے اور دونو فریق باہم رضامندی سے جگہ کا اور وقت کا تعین کرتے ہیں اور جب جادوگر رسّے اور چھڑیاں لے کر میدان میں پہنچ جاتے ہیں تو حضرت موسیٰ علیہ السلام بھی ان کے سامنے ان کا مقابلہ کرنے کے لیے اور اپنی حقانیت و صداقت ثابت کرنے کے لیے آ کھڑے ہوتے ہیں اور جب جادوگر ان سے دریافت کرتے ہیں کہ پہل تم کرو گے یا ہم کریں۔

Marfat.com

قَالُوْا يٰمُوْسٰٓى اِمَّآ اَنْ تُلْقِىَ وَاِمَّآ اَنْ نَّكُوْنَ نَحْنُ الْمُلْقِيْنَ ○

(سورۂ اعراف آیت ۱۱۵)

توحضرت موسیٰ علیہ السلام نے فرمایا :

القوا ..... تم (پہلے) پھینکو۔

اور سورۂ شعراء میں اس واقعہ کو یوں بیان فرمایا گیا :

فَجُمِعَ السَّحَرَةُ لِمِيْقَاتِ يَوْمٍ مَّعْلُوْمٍ ۙ وَّقِيْلَ لِلنَّاسِ هَلْ اَنْتُمْ مُّجْتَمِعُوْنَ ۙ لَعَلَّنَا نَتَّبِعُ السَّحَرَةَ اِنْ كَانُوْا هُمُ الْغٰلِبِيْنَ ○ فَلَمَّا جَآءَ السَّحَرَةُ قَالُوْا لِفِرْعَوْنَ اَئِنَّ لَنَا لَاَجْرًا اِنْ كُنَّا نَحْنُ الْغٰلِبِيْنَ ○ قَالَ نَعَمْ وَاِنَّكُمْ اِذًا لَّمِنَ الْمُقَرَّبِيْنَ ○ قَالَ لَهُمْ مُّوْسٰٓى اَلْقُوْا مَآ اَنْتُمْ مُّلْقُوْنَ ○

(سورۂ شعراء آیت ۳۸ تا ۴۳)

پس جادوگروں کو جمع کیا گیا مقرر دن میں اور لوگوں سے کہا گیا کیا تم جمع ہونے والے ہو۔ ہو سکتا ہے ہم جادوگروں کی اتباع کریں اگر وہ غالب ہو جائیں تو پس جب جادوگر آگئے تو انہوں نے فرعون سے کہا کہ کیا ہمارے لیے اجر ہے اگر ہم غالب آجائیں اس نے کہا ہاں اور (مزید براں) بیشک تم میرے مقربین میں سے ہو جاؤ گے تو موسیٰ علیہ السلام نے ان سے فرمایا پھینکو جو تم پھینکنے والے ہو۔

الحاصل باہم مقابلہ کے لیے جادوگر اپنے ارادے اور مشیت سے اور ساحرانہ قوت و طاقت سے اپنے رسوں اور چھڑیوں کو سانپوں کی صورت میں

Marfat.com

میں چلتا پھرتا دکھانے لگے اور حضرت موسیٰ علیہ السلام نے کمالِ بے نیازی سے انہیں کہہ دیا پہل تمہاری ہے اور جو چاہو میدان میں پھینکو اور بعد ازاں آپ نے اپنا عصا پھینکا جو کہ سب رسیوں چھڑیوں کو نگل گیا اور میدان آپ کے ہاتھ میں رہا اور حق کا بول بالا ہوا۔ جادوگر اپنے فریب کو اور حضرت موسیٰ علیہ السلام کے حق اور حقانیت کو معلوم کر چکے تو بے اختیار اللہ رب العزت کی عظمت کے آگے جبینِ نیاز زمینِ عجز و نیاز پر رکھی اور ایمان لانے کا اعلان کر دیا کیونکہ صاحبِ فن تھے سحر اور معجزہ میں فرق سمجھ سکتے تھے، لہٰذا اعترافِ حقیقت میں بُخل سے کام نہ لیا بلکہ برملا حضرت موسیٰ اور حضرت ہارون علیہما السلام کی اتباع و اطاعت کا اعلان کر دیا۔

اب غور طلب امر یہ ہے کہ جادوگروں نے جو کچھ کیا اس میں ان کے قصد و ارادہ اور مشیّت و اختیار کا دخل تھا اور وہ اسی بنا پر دریافت کر رہے تھے کہ پہل اور آغاز کون کرے تو کیا حضرت موسیٰ علیہ السلام یونہی بندھے بندھائے بلا قصد و ارادہ میدان میں آگئے اور جادوگروں کو پہل کا اذن بھی آپ سے بلا قصد و ارادہ سرزد ہوگیا اور پھر آپ کے ہاتھ سے عصا بھی بلا ارادہ اور بلا قصد میدان میں گر گیا اور وہ سانپ بھی آپ کے ارادے اور مشیّت کے بغیر ہی بن گیا۔

اور اگر ایسا نہیں اور بالکل نہیں تو یہ امر تسلیم کرنا لازم ٹھہرا کہ اس معجزہ کے ظہور میں آپ کے قصد و ارادہ اور رضا و مشیّت کا دخل تھا اور خداداد قدرت و طاقت کا بھی۔ اگرچہ ساحر کے سحر پر مترتب امر کا خالقِ حقیقی اللہ تعالیٰ

Marfat.com

ہے اور نبی کے معجزہ کا حقیقی خالق اللہ تعالیٰ ہے مگر جس طرح ہمارے اعمال
مخلوقِ باری تعالیٰ بھی ہیں اور ہمارے مقدور بھی ہیں۔ اللہ تعالیٰ کی ایجاد
سے بھی ہیں اور ہمارے کسب سے بھی سرزد ہونے والے ہیں۔ ایسے ہی
معجزات بھی مخلوقِ خداوند تعالیٰ بھی ہیں اور مقدور انبیاء علیہم السلام بھی ا
طرح آپ کا پتھر پر عصا مار کر چشمے جاری کرنا اور یدِ بیضا کا معجزہ آپ
کے ارادہ کے بغیر ظاہر نہیں ہوتا تھا۔ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا مٹی کے مجسمے
بنانا اور پرندوں کی شکل و صورت پر ڈھالنا اور پھر روح اور جان پیدا کرنے
کے لیے پھونک مارنا بھی آپ کے قصد و ارادے سے تھا اور برص، کوڑھ کو
دُور کرنا اور مادر زاد اندھوں کو روشن آنکھیں عطا کرنا آپ کے قصد و ارادہ
اور کسب و سببیت کے طور پر ہوتا تھا اور ہزاروں مریض روزانہ آپ کے
ہاتھ پھیرنے سے شفایاب ہوتے تھے۔

سیدِ عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا کفار کے مطالبے پر درخت جڑوں پر
چلانا اور پتھر پانی پر تیرانا اور چاند کو دو لخت کرنا صحابہ کرام علیہم الرضوان کو
پانی پلانے اور وضو کرانے کے لیے بارہا انگلیوں سے چشمے جاری فرمانا، حضرت
جابر رضی اللہ عنہ کے کھلیان سے قرض خواہوں کے قرضے دُور کرنا اور حضرت
اُمِّ معبد رضی اللہ عنہا کی لاغر و نزار بکری سے اس قدر دُودھ نکالنا کہ سارے
ساتھی بھی سیر ہو گئے اور اس کے ہاں برتن بھر کر باقی بھی چھوڑا وغیر ذٰلک
ایسے امور ہیں کہ کوئی بھی عقلمند انسان یہ باور نہیں کر سکتا کہ یہ سب کچھ اتفاقاً
ہو گیا اور سیدِ عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے قصد و ارادہ اور خداداد قدرت و ا

Marfat.com

قوت کا اس میں ذرہ بھر دخل نہیں تھا نہ سببیت کے طور پر اور نہ ایجاد و اختراع کے طور پر بلکہ رعشہ والے کی غیر ارادی اور غیر اختیاری حرکت کی طرح یہ امور آپ سے سرزد ہو گئے۔ العیاذ باللہ۔

تجلیہ، جبریہ نے تمام انسانوں کو مُردہ بدست زندہ اور قلم بدست کاتب کی مانند مجبور و بے بس ثابت کیا اور معتزلہ نے سب کو مُوجد اور خالق مان لیا مگر علماءِ دیوبند نے انبیاء و رسل اور اولیاء و اقطاب کو معجزات وکرامات کے معاملہ میں جبریہ کی طرح مجبور محض مانا اور دیگر افعال میں با اختیار گویا کچھ جبریت اور کچھ سُنّیت ملا کر نیا مذہب تیار کر لیا اور انبیاء و رسل کے تصرّف و اختیار کا بہر حال انکار کرنا ضروری سمجھا۔

حالانکہ خلق و ایجاد صرف اللہ تعالیٰ کے شایانِ شان ہے اور بطریق کسب و سببیت اور بطور عادت تدبیر و تصرف ان حضرات کی شانِ والا کے شایاں ہے اور یہی ہمارا عقیدہ ہے کہ افعالِ عادیہ اور غیر عادیہ سب میں عباد کی قدرت و قوت بطور سببیت مؤثر ہے اور اللہ تعالیٰ کی قدرت بطور علّتِ تامہ

حضرت امام غزالی رحمہ اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا:

ان النبوّة عبارة عما يختص به النبي ويفارق بها غيره وهو يختص بانواع من الخواص۔ منها انه يعرف حقائق الامور المتعلقة بالله وصفاته وملٰئكته والدار الاٰخرة لا كما يعلمه غيره بل عنده من كثرة المعلومات وزيادة اليقين والتحقيق ما ليس

Marfat.com

عندغیرہ ولہ صفۃ تتم لہ بہا الافعال الخارقۃ للعادات کالصفۃ التی تتم بہا لغیرہ الحرکات الاختیاریۃ ولہ صفۃ بہا یبصر الملٰئکۃ ویشاھد بہا الملکوت کالصفۃ التی یفارق بہا البصیر الاعمیٰ ولہ صفۃ بہا یدرک ما سیکون فی الغیب ویطالع بہا فی اللوح المحفوظ کالصفۃ التی یفارق بہا الذکی البلید فہذہٖ صفات کمالات ثابتۃ للنبی الخ

(فتح الباری شرح بخاری ص۳۲۳ ج ۱۲ - زرقانی شرح مواہب لدنیہ ص۱۹ ج ۱)

نبوّت عبارت ہے اس امر سے کہ جو نبی کی ذات کے ساتھ مختص ہے اور اس کی بدولت وہ دوسروں سے ممتاز و منفرد ہوتا ہے اور نبی کئی قسم کے خواص کے ساتھ مختص ہوتا ہے۔

۱۔ ایک یہ ہے کہ وہ ان امور کے حقائق سے آگاہ ہوتا ہے جو اللّٰہ تعالیٰ کی ذات، اس کی صفات، ملائکہ اور دارِ آخرت سے تعلق رکھتے ہیں نہ اس طرح کی آگاہی جیسے کہ دوسروں کو ہوتی ہے بلکہ اس کے پاس معلومات کی ایسی کثرت اور یقین و تحقیق کی ایسی فراوانی ہوتی ہے کہ دوسروں کے سرلیے نہیں ہوتی۔

۲۔ دوسرا یہ کہ اس میں ایسی صفت اور قوت موجود ہوتی ہے جس کے ذریعے اس سے خلافِ معمول اور خرقِ عادت پر مبنی افعال صادر ہوتے ہیں جیسے کہ دوسروں میں موجود صفت اور قوت کے ذریعے دوسروں کی طرف سے حرکات

Marfat.com

اور افعالِ عادیہ واختیاریہ انجام پذیر ہوتے ہیں۔

۳- تیسرا یہ کہ اس میں ایسی صفت اور قوتِ باصرہ موجود ہوتی ہے کہ اس کے ساتھ ملائکہ کو دیکھتا ہے اور ملکوت کا مشاہدہ کرتا ہے جیسے وُہ صفت کہ اس کے ذریعے بصیر وبینا اندھے اور نابینا سے ممتاز ہوتا ہے۔

۴- چوتھا یہ کہ اس میں ایسی صفت وبصیرت ہوتی ہے کہ اس کے ذریعے دریافت کرلیتا ہے جو عالمِ غیب میں وقوع پذیر ہونے والا ہوتا ہے، اور مطالعہ کرتا ہے اس کا جو لوحِ محفوظ میں ہے جیسے وُہ صفت کہ جس سے ذکی بلید سے اور ذہین کند ذہن سے ممتاز ہوتا ہے۔ پس یہ صفات کمالیہ ہیں جو نبی کے لیے ثابت ہوتی ہیں۔

امام غزالی رحمہ اللہ تعالیٰ کے اس کلام سے یہ حقیقت روزِ روشن کی طرح عیاں ہوگئی کہ نبی ورسُول کی قدرتِ فاعلہ و مدبرہ کا تعلق افعالِ غیر عادیہ اور امورِ خارقہ کے ساتھ اسی طرح ہوتا ہے اور وُہ افعال اس سے اسی طرح سرزد ہوتے ہیں جس طرح ہماری قوتِ مدبّرہ ومتصرفہ سے افعالِ عادیہ اور امورِ معمولہ صادر اور سرزد ہوتے ہیں۔

حضرت شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی رحمہ اللہ نے جادُو اور سحر کے متعلق فرمایا:

"یک نوع سحر کہ اورا تعلق ہمّت و وہم گویند ومعمول جوگیانِ ہند نیز از ہمیں قبیل است وچوں نفوس دریں تاثیر مختلف اند بعضے قوی وبعضے ضعیف ازیں جہت دریں تاثیرات اختلاف وتفاوت ظہور میکند ودر بعضے اوقات ایں قسم تاثیرات موروث می باشد وبتقلیل غذا وگوشہ گیری وانقطاع مالوفات

Marfat.com

ومشتہیات کسب ایں تاثیر نیز میتواند شد بلکہ نفوسے کہ دریں تاثیر کمال می رسند میتوانند کہ دیگراں را نیز بہ القاء ایں ملکہ مانند خود سازند چنانچہ در قصہ ہائے ڈائن کہ در اصطلاح اہل عزیمت آنرا کفتار گویند بتواتر ثابت است۔

سحر اور جادُو کا ایک نوع اور قسم وُہ ہے جس کو تعلق ہمت اور وہم کہتے ہیں اور ہند کے جوگیوں کا معمول سحر بھی اسی قبیل سے ہے اور جب نفوس اس تاثیر میں مختلف ہیں بعضے قوی ہیں اور بعضے ضعیف ہیں اسی وجہ سے تاثیرات میں بھی اختلاف اور تفاوت ظاہر ہوتا ہے اور بعض اوقات اس قسم کی تاثیرات ورثہ کے طور پر منتقل ہوتی ہیں اور غذا کی قلت اور گوشہ نشینی اور پسندیدہ اور محبوب اشیاء سے انقطاع کے ذریعے اس تاثیر کا کسب اور حصول ممکن ہوتا ہے۔ بلکہ ایسے نفوس جو اس قسم کی تاثیر میں بلند مقام پر فائز ہوتے ہیں ان میں یہ قوّت و طاقت بھی ہوتی ہے کہ اس ملکہ و استعداد کے القاء اور افاضہ سے دُوسروں کو بھی اپنے جیسا بنا دیں جیسے کہ ڈائن جس کو اہلِ عزیمت کی اصطلاح میں کفتار کہتے ہیں کہ قصّوں میں تواتر کے ساتھ یہ امر ثابت ہے۔

حضرت خاتم المفسّرین والمحدّثین کے مذکورہ بالا بیان سے آپ اندازہ کر سکتے ہیں کہ ہند کے جوگی اور ساحرانِ عالم تو اس قسم کی تاثیرات کے مالک ہوں اور ان میں بطورِ ورثہ بھی اور کسب و ریاضت سے بھی یہ تاثیر متحقق ہو اور دُوسروں میں بھی تاثیر و توجّہ کے ذریعے ایسا ملکہ اور صلاحیت و استعداد پیدا کر سکیں تو اولیاء کرام میں مجاہدات و ریاضات اور فرائض کی پابندی

Marfat.com

اور نوافل کی کثرت سے ایسی تاثیر اور قوت و قدرت پیدا نہیں ہوسکتی کہ ان جوگیوں اور جادوگروں کی تاثیرات کو باطل کردیں اور زورِ حق سے ظلمتِ کفر کو بھگا دیں اور الاسلام یعلو ولا یعلیٰ علیہ کا عملی نمونہ بن کر حق کا بول بالا کریں جیسے خواجہ ہند حضرت خواجہ معین الحق والملۃ والدین نے راجہ پرتھوی کے جوگیوں کو ذلیل اور خوار اور ناکام و نامراد ٹھہرایا جیسے کہ حضرت کلیم علیہ السلام نے فرعون کے جوگیوں اور ساحروں کو شکستِ فاش دی اور فرعون کو ذلیل و خوار کیا۔

مقامِ تعجب: علامہ سرفراز صاحب اور ان کے ہم مشرب علماء پر تعجب ہے کہ وہ جنات و شیاطین اور ساحروں، جوگیوں اور جادوگروں میں تو کسب و اختیار اور تدبیر و تصرف کا ملکہ اور استعداد اور قدرت و طاقت تسلیم کرتے ہیں مگر انبیاء و رسل اور اولیاء واصفیاء میں کسب و اختیار اور تدبیر و تصرف اور ملکہ و استعداد کا انکار کرتے ہیں حالانکہ قرآن مجید نے سحر اور جادو کے بارے میں بھی وضاحت سے فرمادیا:

وَمَا هُم بِضَآرِّينَ بِهِۦ مِنْ أَحَدٍ إِلَّا بِإِذْنِ ٱللَّهِ

(سورۃ البقرۃ آیت ۱۰۲)

کہ جادوگر اپنے جادو کے ذریعے کسی کو نقصان نہیں پہنچا سکتے مگر اللہ تعالیٰ کے اذن اور ارادہ کے ساتھ۔

مگر یہاں پر باذن اللہ کے الفاظ ان کے کاسب اور مختار ہونے اور مدبّر و متصرّف ہونے کے منافی نہیں۔ صرف حضرت عیسیٰ علیہ السلام باذن اللہ فرمائیں تو ان کا مجبور محض ہونا ثابت ہو جائے گا۔

Marfat.com

فرعون کے سحر کار حضرت موسیٰ علیہ السلام کو چیلنج دیں اور اپنی رسیوں اور چھڑیوں کو سانپ بنا کر دکھلائیں تو ان کا کسب و اختیار اور تدبیر و تصرف کا ملکہ و استعداد مسلّم مگر ان کو عاجز اور بے بس کر دینے والے رسُول حضرت موسیٰ کلیم علیہ السلام مجبُور و بے بس اور معذور و لاچار' یا للعجب .....

حضرت شاہ عبدالعزیز صاحب قدس سرہٗ سے ہی اولیاء کرام کی تاثیرات کی تفصیل سُنیں اور اہل السنت کے عقیدہ کی حقانیت معلوم کریں :

انواع تاثیر کاملاں در غیر خود کہ آنرا درعرف اہلِ طریقت توجہ نامند آں بچہار قسم میباشد۔ اوّل تاثیر انعکاسی' دوم تاثیر القائی، سوم تاثیر اصلاحی چہارم تاثیر اتحادی۔ کہ شیخ رُوح خود را کہ حامل کمالیست با روح مستفید بقوت تمام متحد سازد تا کمال رُوحِ شیخ باواح مستفید انتقال نماید و ایں مرتبہ اقوٰی ترین انواع تاثیر است چہ ظاہر است کہ بحکم اتحاد روحین ہرچہ در رُوح شیخ است بروح تلمیذ میرسد و بار بار حاجت استفادہ نمی ماند و در اولیاء ایں قسم تاثیر بندرت واقع شدہ از حضرت خواجہ باقی باللہ قدس سرہٗ منقول است کہ روزے در خانۂ ایشاں چند کس مہمان شدند (تا) فرمودند بخواہ چہ میخواہی او عرض کرد مرا مثل خود سازید فرمودند تحمّل ایں حالت نیستوانی کرد چیزے دیگر بخواہ او برہمیں سوال اصرار داشت وخواجہ اعراض میفرمودند تاآنکہ لجاج او بسیار شد ناچار او را درحجرہ بردند تاثیر اتحادی بروے کردند چوں از حجرہ برآمدند درمیان خواجہ و نانوائی درصُورت و شکل ہیچ فرق نماندہ بود و مردم را امتیاز مشکل افتاد۔ اینقدر بود کہ حضرت خواجہ ہشیار بودند و آں نانوائی

Marfat.com

مدہوش و بیخود۔ آخر بعد از سہ روز دراہیں حالت سکر و بے ہوشی قضا کرد۔ رحمۃ اللہ علیہ ۔ (ص ۲۲۵ ج ۲۰)

کاملین کی دُوسرے ناقص لوگوں میں تاثیر جس کو اہلِ طریقت کے عرف و اصطلاح میں توجہ کہتے ہیں چار قسم کی ہوتی ہے اوّل انعکاسی دوم القائی، سوم اصلاحی (جن کی تفصیل اصل کتاب میں ملاحظہ فرمادیں) اور چہارم اتحادی اور تاثیر اتحادی یہ ہے کہ شیخ اپنی رُوح کو جو کہ کمال کے ساتھ موصوف و متصف ہوتی ہے۔ مستفید و مسترشد کی رُوح کے ساتھ پُوری قوّت کے ساتھ متحد کر دیتا ہے حتیٰ کہ شیخ کی رُوح میں موجود کمال مستفید و مُرید کی رُوح میں منتقل ہو جاتا ہے۔ اور تاثیر کے انواع و اقسام میں سے یہ قسم سب سے قوی تر ہے کیونکہ ظاہر ہے کہ دو نو رُوحوں کے اتحاد کا تقاضا اور اثر مترتّب یہی ہے کہ جو کچھ شیخ کی رُوح میں کمال ہوگا وُہ تلمیذ اور شاگرد کی رُوح کو حاصل ہو جائے گا اور بار بار استفادہ کی حاجت نہیں رہے گی اور اولیاء کرام میں اس قسم کی تاثیر (کا ظہور) نادر طور پر ہوتا ہے۔

حضرت خواجہ باقی باللہ قدّس سرّہٗ سے منقول ہے کہ ایک دن ان کے گھر میں چند مہمان آئے اور ماحضر موجود نہیں تھا۔ مہمان نوازی کی فکر میں حضرت خواجہ باقی باللہؒ کو پریشانی لاحق ہُوئی۔ ضیافت کے سامان کے لیے باہر نکلے، اتفاقاً آپ کے مکان سے متصل نانبائی کی دُکان تھی وُہ اس تشویش پر مطلع ہوا تو اس نے روٹی اور پُرتکلف سالن مرغن آپ کی خدمت میں پیش کیا آپ کو اس سلوک سے بہت خوشی ہوئی حتیٰ کہ اس کو فرمایا مانگ جو مانگنا چاہتا ہے تو نانبائی

Marfat.com

نے عرض کیا مجھے اپنے جیسا بنا دو۔

آپ نے فرمایا تو اس حالت کا متحمل نہیں ہو سکتا کوئی دوسری چیز طلب کر۔ اس نے اسی مطالبہ پر اصرار کیا اور آپ اس سے اعراض فرماتے تھے۔ یہاں تک کہ جب اس کا لجاج اور اصرار زیادہ ہوا تو ناچار آپ اس کو حجرہ میں لے گئے اور اس پر تاثیر اتحادی فرمائی جب حجرہ سے باہر آئے تو حضرت خواجہ باقی باللہ اور اس نانبائی کے درمیان صورت اور شکل میں (بھی) کوئی فرق نہیں رہ گیا تھا اور لوگوں کے لیے ان میں باہم امتیاز مشکل ہو چکا تھا، صرف اتنا فرق محسوس ہوتا تھا کہ حضرت خواجہ باقی باللہ حالتِ صحو اور ہوش میں تھے اور وہ نانبائی مدہوش اور بیخود تھا۔ بالآخر تین دن کے بعد اسی حالت سکر اور مدہوشی میں انتقال کر گیا۔ رحمۃ اللہ علیہ۔

حضرت خاتم المفسرین کے کلام صداقت نشان حقیقت ترجمان سے واضح ہو گیا کہ اولیاء کرام میں اپنے کسب و اختیار اور تدبیر و تصرف اور فعل و تاثیر سے خوارقِ عادات اور خلافِ معمول امور کے صادر کرنے اور سرانجام دینے کی صلاحیت و استعداد اور مکنت و استطاعت موجود ہوتی ہے اور وہ ناقصوں کو کامل بنانے اور نااہل لوگوں کو اہل بنانے اور کاملین کو اکملین بنانے پر قادر ہوتے ہیں اور ان سے ایسے امور اتفاقاً اور بلا قصد و بلا ارادہ سرزد نہیں ہوتے۔

نوٹ: ہمارا مقصد صرف اس حقیقت پر تنبیہ کرنا تھا اور اہل فہم و دانش کو متوجہ کرنا ورنہ اس مبحث کا احاطہ یہاں پر مشکل متعذر ہے اور مستقل

Marfat.com

کتب میں انبیاء کرام علیہم السلام اور خصوصاً سید الانبیاء صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے معجزات بیان کیے گئے ہیں اور اولیاء کرام کے کرامات اور خوارقِ عادات بیان کیے گئے ہیں جن میں سینکڑوں بلکہ ہزاروں کے متعلق قصد و ارادہ اور رضا و مشیت کے ساتھ اور دعویٰ و ادعاء کے ساتھ صادر ہونے کی تصریح موجود ہے

مخالفین کا منشاءِ غلطی

علامہ سرفراز صاحب نے "راہِ ہدایت" میں کہا:

جس طرح انبیاء کرام علیہم الصلوٰۃ والسلام کے معجزات حق ہیں مگر انبیاء کرام علیہم الصلوٰۃ والسلام کا ان کے صادر کرنے میں کوئی دخل نہیں ہوتا اسی طرح اولیاء کرام علیہم الرضوان کے کرامات بھی حق ہیں لیکن ان کے صادر کرنے میں بھی اولیاء کرام کا کوئی کسب اور اختیار نہیں ہوتا۔ جب اللہ تعالیٰ چاہتا ہے ان کے ہاتھ پر کوئی کرامت صادر کر دیتا ہے۔ بسا اوقات ان کو علم اور شعور تک بھی نہیں ہوتا کہ یہ چیز بھی ہمارے ہاتھ پر صادر ہوگی یا ہو سکتی ہے۔ اس کی چند مثالیں ہم احادیث سے عرض کرتے ہیں۔ (ص ۹۱-۱۰۹)

اس ضمن میں علامہ صاحب نے چند معجزات اور کرامات ذکر کیے ہیں جن میں بقول ان کے انبیاء کرام علیہم السلام اور اولیاء و مقبولانِ بارگاہِ قدس کے کسب و اختیار کا دخل نہیں تھا۔

مگر کوئی ان سے پوچھے کہ آیا معجزات اور کرامات صرف یہی ہیں جو جناب نے ذکر فرمائے ہیں؟ اور اگر اس کے علاوہ ہزاروں لاکھوں معجزات و کرامات

Marfat.com

ثابت ہوں اوران میں نبی و رسُول کے قصد و ارادہ اور مشیت و منشا کا دخل بھی ثابت ہو اور تدبیر و تصرّف بھی ثابت ہو تو پھر مطلقاً نبی و رسول اور ولی و محبُوب کے معجزہ و کرامت کے صدور میں دخل کی نفی کیسے ہوگئی ؟

علاّمہ صاحب بڑے ماہر مدرس اور اُستاد ہونے کے مدعی ہیں لہٰذا ان کو ضرور معلوم ہونا چاہیے کہ چند جزئیات کی حالت دیکھ کر حکم کلی لگانا استقرار غیر تام ہے اور وُہ مفید ظن ہوتی ہے یقین کا فائدہ نہیں دیتی اور جب ان جزئیات کے برعکس حکم رکھنے والی جزئیات مل جائیں تو ظن غالب کا فائدہ بھی نہیں دیتی جبکہ علاّمہ صاحب کی ذکر کردہ جزئیات کے مقابل قصدوارادہ سے جو معجزات اور کرامات سرزد ہوئے ان کی تعداد زیادہ ہے اور صحاح ستہ میں بھی مذکور ہیں تو ایسی صُورت میں ان کا استدلال سراسر لغو و باطل ہے، کیونکہ نہ قیاس ہے اور نہ استقرار اور نہ اس سے علم یقینی معجزات و کرامات کے قصد و ارادہ سے صادر ہونے کی نفی کا ہو سکتا ہے اور نہ ہی علم ظنی، لہٰذا ان کی یہ ساری کاوش بے سُود ہے ۔ اور اگر بعض جگہ ان مقبُولانِ خُداوند تعالیٰ کے قصد و ارادہ کا دخل نہیں تو اس سے تو اُلٹا قصدوارادہ کی صُورت میں معجزہ و کرامت کا صادر و سرزد ہونا بطریقِ اولیٰ ثابت ہو جائے گا کیونکہ جو رحیم و کریم خُداوند جل و علیٰ ان کے چاہے بغیر اور ارادہ و مشیت کے تعلق کے بغیر ان کا شانِ امتیاز اور مقامِ اعجاز ظاہر فرماتا ہے تو اس کے فضل و کرم اور شانِ عنایت و التفات کا تقاضا یہی ہے کہ قصدُ ارادہ اور اختیار و مشیت کی صُورت میں بطریقِ اولیٰ اس فعل کو موجود و متحقق کرے

Marfat.com

ورنہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے ان کی مخالفت لازم آئے گی کہ وُہ نہ چاہیں تو اللہ تعالیٰ وُہ کام کردے اور چاہیں تو نہ ہونے دے۔ یہ نبوت و رسالت اور محبوبیت و ولایت کے قطعاً شایانِ شان نہیں۔ ایسا سلوک تو اعداء اور مخالفین کے ساتھ کیا جاتا ہے کہ ان کی مرضی و منشاء کا خلاف کیا جائے نہ کہ محبوبین و مقبولین کے ساتھ کہ اللہ تعالیٰ جن کی رضامندی کا طالب ہوتا ہے۔

کما قال تعالیٰ :

وَلَسَوْفَ يُعْطِيكَ رَبُّكَ فَتَرْضٰىۗ (سورہ والضحیٰ آیت ۵)

قال تعالیٰ :

فَلَنُوَلِّيَنَّكَ قِبْلَةً تَرْضٰىهَا (سورۃ البقرہ آیت ۱۴۴)

اور بندۂ محبوب کے لیے حدیث قدسی میں یہ وعدہ کیا گیا ہے :

لئن سالنی لاعطینه ولئن استعاذنی لاعیذنه

(بخاری شریف ص ۹۶۳)

اگر بندۂ محبوب مجھ سے مانگے تو میں ضرور اس کو عطا کروں گا اور اگر پناہ طلب کرے اور تحفظ و امان چاہے تو ضرور پناہ اور تحفظ مہیا کروں گا اور حدیث شریف میں وارد ہے :

ان من عباد الله من لو اقسم علی الله لابره

(بخاری شریف، مسلم شریف، مشکوٰۃ کتاب القصاص)

اللہ تعالیٰ کے بعض بندے ایسے ہیں کہ اگر اللہ تعالیٰ پر قسم کھالیں (کہ وُہ ایسے نہیں کرے گا یا اس طرح کرے گا) تو اللہ تعالیٰ ان کی قسم پُوری کر

Marfat.com

دیگئے (خواہ اللہ تعالیٰ سے دُعا و التجا بھی نہ کریں تاکہ ان کے قول کی لاج رہ جائے اور وہ بے عزت و بے آبرو نہ ہوں)۔

الغرض ان چند غیر ارادی اور بلا قصد سرزد ہونے والے خوارق عادات میں حصر کا دعویٰ بھی باطل اور تمام خوارق کے بلا قصد و ارادہ سرزد ہونے کا دعویٰ بھی باطل ہے اور اہل السنّت کے نظریہ کسب و اختیار کے بھی خلاف ہے اور اکابر کی تصریحات کے بھی خلاف ہے اور مقام نبوت اور مقام ولایت کے تقاضوں کے بھی سراسر خلاف ہے۔ اور مقام نبوت اور منصبِ رسالت کے خواص اور مقام ولایت اور مرتبۂ محبوبیت کے ثمرات کے بھی سراسر خلاف ہے۔

ابلیسی توحید

یہ کیسی توحید ہے کہ شیطانوں اور جنوں اور جوگیوں اور جادوگروں میں قوتیں اور طاقتیں اور صلاحیتیں اور استعدادیں خوارق عادات اور تاثیراتِ قویہ کے تسلیم کرنے سے اس میں خلل نہیں لازم آتا مگر انبیاء کرام علیہم السلام اور اولیاء کرام علیہم الرضوان میں ایسے تصرفات و اختیارات تسلیم کرنے سے اس میں خلل لازم آجاتا ہے۔ ابلیس دعویٰ کرے۔ لاغوینهم اجمعین تو اس کا اپنا ارادہ اور کسب و اختیار واجب التسلیم اور حضرت عیسیٰ ابری الاکمه والابرص واحی الموتیٰ کہیں تو مجبور و بے بس۔ عفریت دعویٰ کرے:

Marfat.com

اَنَا اٰتِیْکَ بِہٖ قَبْلَ اَنْ تَقُوْمَ مِنْ مَّقَامِکَ ۚ وَاِنِّیْ عَلَیْہِ لَقَوِیٌّ اَمِیْنٌ ۝ (سورۃ النمل آیت ۳۹)

تو اس کا اپنا فعل و اختیار اور کسب و اقتدار مسلّم ہو اور حضرت آصف[1] کہیں:

اَنَا اٰتِیْکَ بِہٖ قَبْلَ اَنْ یَّرْتَدَّ اِلَیْکَ طَرْفُکَ ط

(سورۃ النمل آیت ۴۰)

تو وہ مجبور و معذور اور کسب، اختیار اور ارادہ و مشیّت سے خالی ہوں عفریت کی تخت لانے کی اپنی طرف نسبت حقیقت پر مبنی ہو اور حضرت آصف رضی اللہ عنہ جنہوں نے عملی طور پر تخت لا کر پیش کیا اور عفریت پر اپنی برتری ثابت کر دی ان کی طرف لانے کی نسبت محض مجاز کے طور پر ہو۔ حضرت آصف[1] نے تو اسمِ اعظم کے ذریعے دُعا کی اور اللہ تعالیٰ تخت لے آیا مگر عفریت کس اسم کے زور سے لانے کا دعوٰی کر رہا تھا' اور اگر لانیوالا صرف اللہ تعالےٰ تھا حضرت آصف رضی اللہ عنہ وغیرہ کا دخل نہیں تھا تو حضرت سلیمان علیہ السّلام کا ان سے مطالبہ ہی غلط ہو گیا۔ آپ کو براہِ راست اللہ تعالیٰ سے کہنا چاہیے تھا کہ تُو تخت لا دے خواہ کسی کے ہاتھ پر لائے یا براہِ راست لائے۔ ؎

رہے نہ اہلِ بصیرت تو بجز دیکھے
فروغِ نفس ہُوا عقل کے زوال کے بعد

درحقیقت علامہ سرفراز صاحب اور ان کی جماعت کو کسب و خلق میں اہل السنّت کے مذہب و مسلک کا صحیح علم نہیں اور جبریہ و قدریہ کے ساتھ ان کا مابہ الامتیاز معلوم نہیں اور بالخصوص ماتریدیہ کے مذہب اور اشاعرہ

[1] رضی اللہ عنہ

Marfat.com

کے حقیقی مذہب سے شناسائی نہیں ورنہ اس طرح کی جہالتوں اور حماقتوں کا مظاہرہ نہ کرتے اور نبی و رسُول کے نفس قدسی کا تمام ملائکہ اور جنات سے قوی تر ہونا اور ولی وصفی کے نفس کا جوہری نکھار اور سراسر نُورانی بن جانا معلوم نہیں ورنہ اس طرح کی ہٹ دھرمی اور ضد وعناد کا مظاہرہ نہ کرتے کہ انبیاء و اولیاء سے کسب وسببیت کی بھی نفی کر دیتے۔

علامہ سعدالدین تفتازانی رحمۃاللہ شرح مقاصد میں فرماتے ہیں:

ذهب جمهور المسلمين الى جواز الكرامة للاولياء ومنعهُ اكثر المعتزلة والاستاذ ابو اسحٰق يميل الى قريب من مذهبهم كذا قال امام الحرمين ثم المجوزون ذهب بعضهم الى امتناع كون الكرامة بقصد واختيار من الولى (الى) قال الامام هٰذه الطرق غير سديدة - (ص۲۰۳ ج ۲)

جمہُور اہلِ اسلام کا مذہب یہ ہے کہ کراماتِ اولیاء صحیح اور ثابت ہیں اور اکثر معتزلہ کراماتِ اولیاء کے منکر ہیں اور استاد ابو اسحٰق کا میلان بھی ان کے مذہب کے قریب قریب ہے۔ ایسے ہی امام الحرمین نے کہا ہے، پھر کرامات کو جائز اور درست ماننے والوں میں سے بعض اس طرف گئے ہیں کہ کرامت کا ولی کے قصد اور اختیار سے صادر ہونا ممتنع ہے (تا) امام الحرمین فرماتے ہیں کہ سب وجوہ (جو کرامت کے تقییدات وتخصیصات میں ذکر کیے گئے ہیں) ناتمام اور ضعیف ہیں:

Marfat.com

والمرضی عندنا تجویز جملة خوارق العادات فی معرض الکرامات ۔

ہمارے نزدیک مختار اور راجح امر یہی ہے کہ جملہ خوارق عادات کا بطور کرامات سرزد ہونا درست اور صحیح ہے (خواہ ارادہ و اختیار سے ہوں۔خواہ دعویٰ کے مطابق و موافق ہوں، خواہ انبیاء کی جنس سے ہوں)

معتزلہ جو کراماتِ اولیاء کے منکر ہیں انہوں نے بھی معجزاتِ انبیاء کا اللہ تعالیٰ کی تمکین اور قدرت و قوت عطا کرنے سے سرزد ہونا تسلیم کر لیا ہے۔

چنانچہ علامہ تفتازانی فرماتے ہیں :

ان مجرد التمکین وترك الدفع من قبل الحکیم القادر المختار کاف فی افادة المطلوب ولھٰذا ذھب المعتزلة الیٰ ان المعجزة تکون فعلا للہ او واقعًا بامره او بتمکینه ۔ (ص۱۹۱ ج۲)

بیشک امرِ خارق پر قدرت دینا اور مزاحمت و مدافعت ترک کر دینا اللہ حکیم قادر و مختار کی طرف سے افادہ مطلوب یعنی معجزات کے تصدیقِ نبی کے لیے سرزد ہونے میں کافی ہے (خواہ بالفعل محض اللہ تعالیٰ کی تاثیر سے ہو یا نبی و رسول کی تاثیر کسبی و سببی بھی شامل ہو) اور اسی لیے معتزلہ نے یہ مذہب اپنایا ہے کہ معجزہ اللہ تعالیٰ کا فعل ہوتا ہے یا اسکے امر اور حکم سے واقع ہوتا ہے اور یا اس کے قدرت و استطاعت عطا کرنے سے ۔

اور یہ حقیقت واضح کی جا چکی ہے کہ معتزلہ میں اور اہل السنّت میں فرق

Marfat.com

فقط اس لحاظ سے کہ بندہ ان کے نزدیک خالق و موجد ہے اور مستقل مؤثر ہوتا ہے جبکہ اہل السنّت کے نزدیک اس میں خلق و ایجاد کی قدرت نہیں ہوتی بلکہ کسب کی استطاعت ہوتی ہے اور وُہ فعل مقدور میں بطورِ سبب مؤثر ہوتی ہے نہ بطورِ علّت۔

علّامہ عبدالعزیز پرہاروی صاحب نبراس میں فرماتے ہیں :

شرط بعضهم ان لایکون المعجزة مقدورة للنبی فاذامشی علی الماء اوطار فی الهواء فلیس المعجزة مشیه وطیرانه بل نفس القدرة علیها والقدرة لیست مقدورة له والصحیح ان نفس المشی والطیران معجزة ۔ (ص۳۳۶)

بعض نے یہ شرط لگائی ہے کہ معجزہ نبی و رسُول کا مقدور نہیں ہونا چاہیے لہٰذا جب وُہ پانی پر چلے یا ہوا پر اُڑے تو اس کا معجزہ پانی پر چلنا اور ہوا پر اُڑنے والا مقدور فعل نہیں ہے بلکہ ان افعال کی قدرت و طاقت اس کا معجزہ ہے اور یہ قدرت اس کے اختیار اور مشیت سے نہیں ہے اور صحیح یہی ہے کہ چلنا اور اُڑنا معجزہ ہے (اور اس کا مقدور ہونا ان بعض کے نزدیک بھی مُسلّم ہے) لہٰذا معجزہ کے نبی کا مقدور نہ ہونے کی شرط لغو اور باطل ہوگئی۔

میر سیّد نے شرح مواقف میں فرمایا :

اذ لوکان مقدورًا له لم یکن نازلا منزلة التصدیق من الله تعالٰی و لکن لیس بشیٔ لان قدرته مع عدم

Marfat.com

قدرة غیرہ عادة معجز ۔

یعنی اگر معجزہ نبی کی قدرت اور اختیار میں ہو تو اس کا صادر ہونا اللہ تعالیٰ کی طرف سے اس نبی کی تصدیق کے قائم مقام نہیں ہوگا لیکن یہ استدلال لغو ہے کیونکہ نبی کا قادر ہونا باوجود غیر نبی کے اس پر بطور عادتِ جاریہ اور معمول کے قادر نہ ہونے کے معجزہ ہے ۔ (اور نبی کے لیے دعویٰ نبوت میں مؤید اور مصدق ہے)۔ (ص ۶۶۶)

قال الآمدی ھل یتصور کون المعجزہ مقدور الرسول ام لا۔ اختلفت الائمة فذھب بعضھم الی ان المعجز فیما ذکر من المثال لیس ھو الحرکة بالصعود والمشی لکونھا مقدورة له بخلق اللہ القدرة فیه علیھا انما المعجز ھناك ھو نفس القدرة علیھا وھٰذہ القدرة لیست مقدورة له وذھب آخرون الی ان نفس ھٰذہ الحرکة معجزة من جھة کونھا خارقة للعادة ومخلوقة للہ تعالٰی وان کانت مقدورة لنبی اللہ وھو الاصح۔

علامہ آمدی نے فرمایا کہ معجزہ کا نبی و رسول کی قدرت میں ہونا متصور ہو سکتا ہے یا نہیں اس میں ائمہ کا اختلاف ہے بعض کہتے ہیں کہ پانی پر چلنے اور ہوا پر اُڑنے کی مثال میں معجزہ اُڑنے والی حرکت اور چلنے والی حرکت کا نام نہیں کیونکہ یہ تو نبی کی مقدور ہے اس میں اللہ تعالیٰ کی طرف

Marfat.com

سے اس پر قدرت و استطاعت پیدا کرنے کی وجہ سے۔ یہاں معجزہ صرف اور صرف اُڑنے اور پانی پر چلنے کی قدرت و استطاعت ہے اور یہ استطاعت و قدرت نبی کی مقدور نہیں ہے اور دُوسرے ائمہ کرام کا مذہب مختار یہ ہے کہ یہ حرکت خلافِ معمول ہونے اور عادتِ جاریہ کے خلاف ہونے کی وجہ سے معجزہ ہے اور اللہ تعالیٰ کی مخلوق ہے اگرچہ نبی خدا اور اس کے رسُول کی قدرت و استطاعت میں بھی ہے اور یہی مذہب صحیح ترین ہے۔

علّامہ صاحب اور ان کے ہم مشرب کس کی شان بڑھا رہے ہیں؟

الغرض صحیح ترین اور مختار و راجح مذہب کے مطابق اور اکثر آئمہ کے نزدیک وزنی اور پسندیدہ مذہب کے مطابق انبیاء و رسل علیہم السلام سے معجزات اور اولیاء کرام علیہم الرّضوان سے کرامات قصد و ارادہ اور رضا و مشیّت سے اور خُداداد قوّت و طاقت و قدرت و استطاعت سے صادر اور سرزد ہوتے ہیں ہاں بعض دفعہ ان کے ارادے اور مشیّت کے تعلق کے بغیر بھی اللہ تعالیٰ ظاہر فرما دیتا ہے لیکن اس کا ہرگز ہرگز یہ مطلب نہیں کہ ہمیشہ ان کے ارادے اور مشیّت کے بغیر ہی ظاہر فرماتا ہے یا اگر وہ ارادہ کریں اور قصد فرمادیں تو اس وقت ظاہر نہیں فرماتا یا مزاحمت اور مدافعت کرتا ہے اور ان سے قوّت سلب کر لیتا ہے۔ اب دریافت طلب امر یہ ہے کہ انبیاء و اولیاء سے مُعجزہ و کرامت کے قصداً صادر ہونے کا انکار کر کے علّامہ صاحب کس کی شان بڑھا رہے ہیں۔ انبیاء علیہم السلام اور اولیاء کی

Marfat.com

شان تو اس سے ہرگز نہیں بڑھتی۔ کیونکہ ان کو ان امتیازات میں مجبور و معذور اور بے بس و لاچار ثابت کیا جا رہا ہے اور اللہ تعالیٰ کی شان اس لیے ظاہر نہیں ہوتی کہ اس کی عطا و بخشش اور فضل و کرم اور جود و نوال کو محدُود و مقید کر دیا گیا ہے کہ عادی اور معمُول کے افعال کی قدرت تو بندوں کو عطا کرتا ہے مگر غیر عادی اور خارق عادات امور کی قدرت اور طاقت نہیں دیتا اگر دینے پر قادر نہیں تو اللہ تعالیٰ کی شان میں اس سے تفریط اور تقصیر لازم آگئی کہ وُہ عاجز ہے اور اگر وُہ قادر ہے مگر انبیاء علیہم السّلام اور اولیاء کرام اہل اس قدرت و طاقت کے نہیں تو شانِ انبیاء و اولیاء میں تفریط و تقصیر لازم آگئی اور اگر وُہ قادر بھی ہے اور یہ اس طرح کی استطاعت و قدرت عطا کیے جانے کے اہل بھی ہیں تو پھر نہ عطا کرنے کا باعث اگر بخل ہے تو یہ یہودیوں ملعونوں کا نظریہ ہے ؛

قَالَتِ الْيَهُودُ يَدُ اللّٰهِ مَغْلُولَةٌ غُلَّتْ اَيْدِيهِمْ وَلُعِنُوا بِمَا قَالُوا (سُورۃ المائدہ آیت ۶۴)

اللہ تعالیٰ کی شانِ جُود و نوال تو یہ ہے ؛

بل يداه مبسوطتان ينفق كيف يشآء

اور قولہ تعالیٰ :

قُلِ اللّٰهُمَّ مٰلِكَ الْمُلْكِ تُؤْتِي الْمُلْكَ مَنْ تَشَآءُ

(سورہ آل عمران آیت ۲۶)

نیز ملائکہ اور شیاطین و جنّات کو اس کی طرف سے عظیم قوتیں اور قدرتیں

Marfat.com

عطا بھی کی گئی ہیں اور علماء دیوبند کے ہاں وہ قوتیں مسلم بھی ہیں تو جو خدائے بزرگ و برتر دشمنوں کو بھی اس طرح جود و نوال سے بہرہ ور کر دے اس کے لیے ان محبوب اور مقبول ہستیوں کے لیے اس قسم کی قوتیں اور قدرتیں بخشنے میں مانع کیا ہے؟ ؎

اے کریمے کہ از خزانۂ غیب
گبر و ترسا وظیفہ خور داری
دوستاں را کجا کنی محروم
تو کہ با دشمناں نظر داری

نیز جن آئمہ کرام کی اکثریت نے معجزات کا مقدورِ انبیاء ہونا اور کرامات کا مقدورِ اولیاء ہونا تسلیم کیا ہے ان پر کیا فتویٰ عائد ہوگا؟ کیا وہ بھی ہماری طرح مشرک قرار پائیں گے یا انہیں معاف کر دیا جائے گا؟ نیز عقیدہ و نظریہ میں یکسانیت کے باوجود بعض مشرک قرار دیئے جائیں اور بعض کو مشرک نہ کہا جائے اس کا کیا جواز ہے؟ نیز شرع شریف میں یہ تفرقہ کیونکر روا رکھا گیا ہے کہ شیاطین و عفاریت اور جنّات اور ناری مخلوق میں قصد و ارادہ بھی ہو اور مشیّت و رضا بھی اور قدرت و طاقت بھی ہو اور اس کا ماننا لازم و ضروری بھی ہو اور مقبولانِ بارگاہِ خداوندی میں ایسی قوتیں اور قدرتیں معدوم بھی ہوں اور ان کا ماننا شرک اور کفر بھی ہو۔ ؏

صلائے عام ہے یارانِ نکتہ داں کیلئے

Marfat.com

حکیم الامّت حضرت شاہ ولی اللہ محدّث دہلوی کا فیصلہ

حضرت حکیم الامّت نے "ہمعات" میں ارشاد فرمایا:

باید دانست کہ ایں فقیر را آگاہانیدہ اند کہ خوارق عادات در حد خویش امور عادیہ اند باں معنیٰ کہ سنّت اللّٰہ جاری شدہ کہ چوں نفس لمساد جبلّۃ بر تبۃ رسد او را امور غایبہ منکشف شوند یا دعائے او مستجاب وعلیٰ ہذا القیاس، ہمچنانکہ سنّت اللّٰہ جاری شدہ کہ چوں کسے تریاق اثر زہر از وے مندفع میگردد یا گوشت وسمن تناول کند قوی تر شود و القیاس۔ لیکن چوں مخالف عادت مالوفہ است او را خارق عادت گویند نیز آگاہانیدہ اند کہ ہر نوعے از خوارق را کسبے ست کہ چوں باں کسب نمایند آں خارق از وے صادر شود، تا از فروع ہمیں مقدمات است از صوفیہ دیدہ میشود از تصرف در خلق بہ افاضۂ توبہ بر عاصی یا تسخیر کسے یا افاضۂ واقعہ در مدرکۂ کسے یا افاضۂ نسبتے از نسبتہا یا رفع مرض و مانند آنہا۔

(ہمعات ص ۱۲۱-۱۲۸ - ہمعہ ۲۱)

جاننا چاہیے کہ مجھے آگاہ فرمایا گیا ہے کہ خوارق عادت یعنی معجزات اور ت بذاتِ خود عادتِ جاریہ اور معمول کے مطابق چلنے والے امور کے قبیل ہیں مگر بایں معنیٰ کہ اللّٰہ تعالیٰ کی سنّت اس طرح جاری ہے کہ جب کوئی ناطقہ کسب اور مجاہدہ و ریاضت کے ذریعے یا جبلّی اور پیدائشی استعداد حیثیت کی وجہ سے بلند مرتبہ پر فائز ہوتا ہے تو اس پر غیبی امور منکشف

Marfat.com

ہوتے ہیں یا اس کی دُعا مقبول ہوتی ہے وعلیٰ ہٰذا القیاس جیسے کہ اللہ
کا قانونِ قدرت ہے کہ جب کوئی شخص تریاق استعمال کرتا ہے تو اس
سانپ کا زہر دُور ہو جاتا ہے یا گوشت اور مکھن استعمال کرتا ہے تو قوی
توانا تر ہو جاتا ہے وعلیٰ ہٰذا القیاس۔

لیکن چونکہ یہ امر (معجزہ اور کرامت) عادتِ جاریہ اور مانوس طری
کے خلاف ہوتا ہے تو اس کو خارق عادت (معجزہ و کرامت) کہہ دیت
نیز مجھے مطلع کیا گیا ہے کہ خوارق عادت کے ہر نوع کے لیے مخصوص کس
ذریعہ و وسیلہ ہوتا ہے جب اس سبب اور وسیلہ سے تمسک کریں اور اس کا
لیں تو وُہ خارق (معجزہ اور کرامت) صادر ہو جاتا ہے۔ تا۔

اور انہیں مقدّمات کے فروعات سے ہیں وُہ امور جو کہ صوفیہ کرام سے
جاتے ہیں یعنی مخلوقِ خدا میں تصرّف کر کے عاصی کو توبہ کا فیضان پہنچا
کے دل کو مسخر کر لینا یا کسی واقعہ کا مدرکہ اور دماغ میں داخل کر دینا یا ولا
کی نسبتوں میں سے کسی نسبت کا افاضہ یا مرض دُور کر دینا، وغیرہ ذٰلک۔

اگر اب بھی علّامہ سرفراز صاحب اپنے غلط نظریہ سے باز نہیں آتے
اس کا مطلب یہی ہوگا کہ وُہ ہر حال میں نئے مذہب کو جاری کرنے پر مُ
ہیں اور اسلاف اور اکابرین کے مذہب و مسلک اور ان کے نظریہ و عقی
لوگوں کے قلوب واذہان سے نکال باہر کرنے پر ہی بضد ہیں۔

فخر المفسرین کا فیصلہ

امام رازی علیہ الرحمہ نے اپنی نادرہ روزگار تفسیر میں حدیث قدسی کی

Marfat.com

یان فرمائی ہے جیسے کہ قبل عبارت ذکر کی جا چکی ہے اور اسی ضمن میں
فسانی کی تنویر و لطافت اور تجرید و شفافیت کی بدولت اس سے ملائکہ
ن کی طرح افعالِ خارقہ پر قدرت وطاقت اور ان کے ملکہ و استعداد پر
مل بحث فرمائی ہے۔

الحجة السابعة وهى مبنية على القوانين العقلية الحكمية وهى انا قد بينا ان جوهر الروح ليس من جنس الاجسام الكائنة الفاسدة المعرضة للتفرق والتمزق بل هو من جنس جواهر الملئكة و سكان عالم السموٰت والنوع المقدسين المصرين الا انه لما تعلق بهٰذا البدن واستغرق فى تدبيره صار فى ذٰلك الاستغراق الى حيث نسى الوطن الاول والمسكن المتقدم وصار بالكلية متشبها بهٰذا الجسم الفاسد فضعفت قوته وذهبت مكنته ولم يقدر على شىء من الافعال - اما اذا استانست بمعرفة الله ومحبته وقل انغماسها فى تدبير هٰذا البدن واشرقت عليها انوار الارواح السماوية العرشية المقدسة و فاضت عليها من تلك الانوار قويت على التصرف فى اجسام هٰذا العالم مثل قوة الارواح الفلكية

Marfat.com

یان فرمائی ہے جیسے کہ قبل عبارت ذکر کی جاچکی ہے اور اسی ضمن میں
فسانی کی تنویر و لطافت اور تجرید و شفافیت کی بدولت اس سے ملائکہ
ت کی طرح افعالِ خارقہ پر قدرت و طاقت اور ان کے ملکہ و استعداد پر
مل بحث فرمائی ہے :

الحجة السابعة وهى مبنية على القوانين
العقلية الحكمية وهى انا قد بينا ان جوهر
الروح ليس من جنس الاجسام الكائنة الفاسدة
المتعرضة للتفرق والتمزق بل هو من جنس جواهر
الملٰئكة و سكان عالم السمٰوٰت والنوع المقدسين
المطهرين الا انه لما تعلق بهٰذا البدن واستغرق
فى تدبيره صار فى ذٰلك الاستغراق الٰى حيث
نسى الوطن الاول والمسكن المتقدم وصار بالكلية
متشبها بهٰذا الجسم الفاسد فضعفت قوته
وذهبت مكنته ولم يقدر علٰى شيء من
الافعال - اما اذا استانست بمعرفة الله ومحبته
وقل انغماسها فى تدبير هٰذا البدن واشرقت عليها
انوار الارواح السماوية العرشية المقدسة و
فاضت عليها من تلك الانوار قويت على التصرف
فى اجسام هٰذا العالم مثل قوة الارواح الفلكية

Marfat.com

علیٰ ھٰذہ الاعمال وذٰلک ھوالکرامات۔

(ص ۴۳۶ طبع جدید)

صحت کرامات پر ساتویں دلیل جو کہ قوانین عقلیہ حکمیہ پر مبنی ہے
وُہ یہ ہے کہ ہم بیان کر چکے ہیں کہ رُوح انسانی ان اجسام مخلوقہ میں
نہیں ہے جو انعدام و فساد اور افتراق و انتشار کے درپے ہیں بلکہ وہ
کے جواہر کی جنس سے ہے اور عالم سمٰوٰت کے ساکنین اور مقدس وا
جواہر کے نوع سے تعلق رکھتا ہے مگر جب وُہ اس بدن سے متعلق ہوا او
کی تدبیر میں مستغرق ہوگیا تو اس استغراق کی وجہ سے وطن اصل اور ت
مسکن کو بھول گیا اور مکمل طور پر اس فاسد بدن کے مشابہ ہوگیا پس
کی قوت و توانائی ضعف و ناتوانی میں بدل گئی اور اس کی طاقت زا
گئی اور وُہ کسی فعل پر قادر نہ رہا۔ لیکن جب اس کو معرفت الٰہیہ اور
خداوند تعالیٰ سے انس حاصل ہُوا اور اس بدن کی تدبیر میں اس کا ا
کم ہوا اور سماوی و عرشی مقدس ارواح کے انوار اس پر چمکے اور ان ا
کا اس پر فیضان ہُوا تو اس جہان کے اجسام تصرف پر اس کو قوت
قدرت حاصل ہوگئی مانند ارواح فلکیہ کے ان افعال و اعمال پر قدر
و قوت کے اور یہ ہی کرامات ہیں۔

۲۔ وفیہ دقیقۃ اخری وھی ان مذھبنا ان الارواح
البشریۃ مختلفۃ بالماھیتہ ففیھا القویۃ
والضعیفۃ وفیھا النورانیۃ والکدرۃ (الیٰ)

Marfat.com

فاذا اتفق فی نفس من النفوس کونها قویة القوة القدسیة العنصریة مشرقة الجوهر علویة الطبیعة ثم انضاف الیها انواع الریاضات التی تزیل عن وجهها غبرة عالم الکون والفساد اشرقت وتلألأت وقویت علی التصرف فی هیولیٰ عالم الکون والفساد باعانة نور معرفة الحضرة الصمدیة و تقویة اضواء حضرة الجلال والعزة ولنقبض ههنا عنان البیان فان وراءها اسراراً دقیقة واحوالا عمیقة من لم یصل الیها لم یصدق بها۔ (صـ۴۳۶ طبع جدید)

اور اس میں دوسرا باریک نکتہ ہے اور وُہ یہ ہے کہ ہمارا مذہب ومسلک یہ ہے کہ ارواحِ بشریہ ازروئے ماہیت مختلف ہیں پس بعض ان میں قوی وتوانا ہیں اور بعض ضعیف وناتواں اور بعض نورانی ہیں اور بعض ظلمانی (تا) پس جب نفوسِ انسانیہ میں اتفاق سے قوی وتوانا قوتِ قدسیہ والا ہو اور اس کا جوہرِ روح روشن اور منور تر ہو اور طبعاً عالی استعداد وصلاحیت والا ہو۔ پھر اس کے ساتھ مختلف النوع مجاہدات وریاضات بھی شاملِ حال ہوں جو اس کے چہرہ سے عالمِ کون وفساد اور جہانِ ہست وبود کی گرد وغبار کو دھو ڈالیں تو وُہ رُوح چمک اُٹھے گی اور روشن ہو جائے گی اور عالم کون وفساد کے ہیولیٰ اور حقائق میں تصرّف پر قادر ہو جائے گی حضرتِ صمدیت کے نُورِ معرفت کی اعانت اور بارگاہِ عزّت وجلال کی ضیاؤں کے قوّت وتوانائی بہم پہنچانے

Marfat.com

سے۔ اور چاہیے کہ ہم یہاں پر بیان کی لگام روک لیں کیونکہ اس سے آگے دقیق اسرار اور عمیق احوال ہیں کہ جو خود ان تک رسائی حاصل نہ کرے ان کی تصدیق نہیں کر سکتا۔

۳- الحجة السادسة۔ لا شك ان المتولی للافعال هو الروح لا البدن ولا شك ان معرفة الله تعالیٰ للروح کالروح للبدن علیٰ ما قررناه فی تفسیر قوله تعالیٰ: "ینزل الملٰئکة بالروح من امره"
وقال علیه الصلوٰة والسلام:
ابیت عند ربی فیطعمنی ویسقینی ولهٰذا المعنیٰ نری ان کل من کان اکثر علما باحوال عالم الغیب کان اقویٰ قلبا واقل ضعفا ولهٰذا قال علی بن ابی طالب کرم الله وجهه:
والله ما قلعت باب خیبر بقوة جسدانیة ولکن بقوة ربانیة وذٰلك لان علیا کرم الله وجهه فی ذٰلك الوقت انقطع نظره عن عالم الاجساد و اشرقت الملٰئکة بانوار عالم الکبریاء فتقویٰ روحه وتشبه بجواهر الارواح الملکیة و تلألأت فیه اضواء عالم القدس والعظمة فلاجرم حصل له من القدرة ما قدر بها علی ما لم یقدر

Marfat.com

علیہ غیرہ۔ (ص ۴۳۶ تفسیر کبیر طبع جدید)

جوازِ کرامات کی چھٹی دلیل: اس میں شک و شبہ نہیں ہے کہ افعال و اعمال میں متولّی و متصرّف رُوح ہے نہ کہ بدن اور اس میں بھی شک و شبہ نہیں ہے کہ اللہ تعالیٰ کی معرفت رُوح کے لیے اسی طرح ہے جیسے کہ رُوح بدن کے لیے ہے جیسے کہ ہم نے قولِ باری تعالیٰ:

يُنَزِّلُ الْمَلٰٓئِكَةَ بِالرُّوحِ مِنْ اَمْرِهٖ

کی تفسیر میں بیان کیا ہے اور سیدِ عالم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے فرمایا:

میں راتیں اپنے رَب تعالیٰ کے پاس گزارتا ہوں پس وُہ مجھے کھلاتا اور پلاتا ہے۔

اور اسی معنیٰ و حقیقت کے پیشِ نظر ہم دیکھتے ہیں کہ ہر وہ شخص جس کو عالمِ غیب کے احوال کا علم زیادہ ہوتا ہے وُہ از روئے قلب قوی تر ہوتا ہے اور اس میں ضعف و ناتوانی کالعدم ہوتی ہے اور اسی لیے حضرت علی کرّم اللہ وجہہٗ نے فرمایا:

بخدا میں نے قلعۂ خیبر کا دروازہ اپنی جسمانی قوّت کے ساتھ نہیں اکھیڑا بلکہ ربّانی اور رُوحانی قوّت کے ساتھ اکھیڑا ہے۔

اور اس کا سبب یہ ہے کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ کی نظر اس وقت عالمِ اجساد سے منقطع ہو چکی تھی اور ملائکہ ان پر عالمِ کبریا کے انوار کیساتھ ضَو فگن ہو گئے تھے لہٰذا ان کی رُوح بہت قوی و توانا ہو گئی اور ارواحِ ملائکہ کے مشابہ و مماثل ہو گئی اور اس میں عالمِ قدس و عظمت کے انوار اور ضیائیں چمک اٹھیں تو لامحالہ انہیں ایسی قدرت و طاقت حاصل ہو گئی جس کی

Marfat.com

بدولت وُہ ایسے فعل وعمل پر قادر ہوگئے جس پر کوئی دُوسرا قادر نہ ہوسکا۔

۴۔ قولِ باری تعالیٰ:

وکذٰلک نری ابراھیم ملکوت السمٰوٰت والارض

کے تحت فرمایا:

وھھنا دقیقة عقلیة وھی ان نور جلال الله لائح غیر منقطع ولا زائل البتة والارواح البشریة لا تصیر محروقة عن تلك الانوار الا لاجل حجاب ولیس ذٰلك الحجاب الا الاشتغال بغیر الله تعالیٰ واذا کان الامر کذٰلك فبقدر ما یزول ذٰلك الحجاب یحصل ھٰذا التجلی (الیٰ) فلما زال ذٰلك الحجاب لاجرم تجلیٰ لہ ملکوت السمٰوٰت بالتمام۔ (ص ۳۳ ج ۵)

اور یہاں ایک عقلی باریک نکتہ ہے اور وُہ یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کا نُور جلال ہر جگہ جلوہ فگن ہے بغیر انقطاع کے اور بشری ارواح ان انوار سے محروم نہیں ہوسکتے مگر ایک حجاب کی وجہ سے اور وُہ حجاب اور پردہ صرف اور صرف غیر اللہ کے ساتھ مشغولیت والا ہے اور جب حقیقتِ حال یہ ہوئی تو جس قدر وہ حجاب زائل ہوتا جائے گا اسی قدر ملکوت السمٰوٰت والارض کی تجلی وانکشاف حاصل ہوتا چلا جائے گا۔ (تا) اور حضرت ابراہیم[1] کے لیے جب یہ حجاب بالکل زائل ہوگیا تو ان کیلئے تمام تر ملکوت سماوی

[1] علیہ السلام۔

Marfat.com

وارضی منکشف ہوگئے۔

ان تمام عبارات کا ماحصل اور واضح معنی و مفہوم یہی ہے کہ عبادت وطاعت اور مجاہدہ وریاضت سے رُوح کی تطہیر حاصل ہو جاتی ہے اور اس کے بعد اس میں معائنہ ومشاہدہ اور تدبیر وتصرّف کی غیر معمولی اور غیر معتاد قوت وقُدرت اور استعداد پیدا ہو جاتی ہے۔

۵۔امام رازی رحمہ اللہ نے فرمایا کہ بندہ اللہ تعالیٰ کا ولی ہے :
کما قال تعالیٰ :
اَلَآ اِنَّ اَوْلِیَآءَ اللّٰہِ ..... (الآیۃ)۔
اور اللہ تعالیٰ مؤمنین کا ولی ہے :
اللّٰہ ولی الذین اٰمنُوا (الآیۃ)۔ قولہ تعالیٰ :
وَھو یتولی الصّٰلحین ..... وقولہ تعالیٰ :
انّما ولیکم اللّٰہ ورسُولہ وقولہ تعالیٰ :
اَنْتَ مَوْلٰنا ...... وقولہ تعالیٰ :
ذٰلك باَن اللّٰہ مَوْلَی الّذین اٰمنو

لہٰذا دوطرفہ ولایت ثابت ہوگئی۔ اسی طرح اللہ تعالیٰ بندوں کا محبوب ہے اور صالح بندے اللہ تعالیٰ کے حبیب ومحبوب ہیں۔ قال تعالیٰ :
یحبھم و یحبونہ .... قال تعالیٰ :
وَالَّذِیْنَ اٰمنُوْا اشد حبًّا للّٰہ وقال تعالیٰ :
انّ اللّٰہ یحب التوابین ویحب المتطھرین

Marfat.com

لہٰذا دو طرفہ محبت بھی ثابت ہوگئی۔

فنقول اذا بلغ العبد فی الطاعۃ الیٰ حیث یفعل کل ما امرہ اللہ وکل ما فیہ رضاہ وترک کل ما نہی اللہ وزجر عنہ فکیف یبعد ان یفعل الرّب الرّحیم الکریم مرۃ واحدۃ ما یریدہ العبد بل ھو اولیٰ لان العبد مع نومہ وعجزہ لما فعل کل ما یریدہ اللہ ویامرہ بہ فلان یفعل الرّب الرّحیم مرۃ واحدۃ ما ارادہ العبد کان اولیٰ ولھٰذا قال تعالیٰ:

اوفوبعھدی اوف بعھدکم

تو ہم کہتے ہیں کہ بندہ جب اطاعت و فرمانبرداری میں اس مقام تک جا پہنچے کہ وُہ ہر اس کام کو کرے جس کا اللہ تعالیٰ اسے حکم دے اور جس میں وُہ راضی ہو اور ہر اس کام کو ترک کر دے جس سے اللہ تعالےٰ منع اور زجر فرمائے تو یہ کیونکر بعید اور نا قابلِ وقوع امر ہو سکتا ہے کہ ربِ رحیم وکریم بھی ایک دفعہ وُہ کام کر دے جس کا بندۂ مطیع ارادہ کرے بلکہ یہ زیادہ قرینِ قیاس اور موزوں تر امر ہے کیونکہ بندہ اپنی کمزوری اور عاجزی کے باوجود جب ہر وُہ کام کرے جس کا اللہ تعالیٰ حکم دے اور ارادہ فرمائے تو ربِ رحیم (باوجود قوی وقدیر ہونے کے) وُہ کام کر دے جس کا بندہ ارادہ رکھتا ہے تو زیادہ مناسب اور موزوں تر ہوگا اور اسی لیے اللہ تعالےٰ نے

Marfat.com

نے فرمایا تم میرا عہد پورا کرو میں تمہارے ساتھ کیا ہوا عہد پورا کروں گا۔

(تفسیر کبیر مطبع جدید ص۲۳۵ جلد ۲)

گویا بقول امام رازیؒ اللہ تعالیٰ اگر اس بندے کی مُراد پوری نہ فرمائے تو دعوائے محبت میں اس کا ناقص اور کمتر ہونا لازم آئے گا اور یہ اس کی بلند و بالا شان کے قطعاً لائق نہیں ہے اور اسی لیے اس نے اعلان فرما دیا ہے:

لئن سألنی لاعطینه ولئن استعاذنی لاعیذنه

یہ بندہ محبوب مجھ سے سوال کرے گا تو میں اسے ضرور دوں گا اور مجھ سے پناہ اور حفظ و امان طلب کرے گا تو ضرور مہیا کروں گا۔

مزید بحث تفسیر کبیر میں ملاحظہ فرمائیں بہت عمدہ تحقیق فرمائی۔

جزاہ اللہ تعالیٰ احسن الجزاء

فخر المتکلمین علامہ سعد الدین تفتازانی رحمہ اللہ کا فیصلہ

علامہ تفتازانی مقاصد میں فرماتے ہیں:

الکرامة ظهور امر خارق للعادة من قبله بلا دعوى النبوة وهی جائزة ولو بقصد الولی ومن جنس المعجزات لشمول قدرة الله تعالىٰ وواقعة کقصة مریم وآصف واصحٰب کهف وما تواتر جنسه من الصحابة والتابعین وکثیر

Marfat.com

من الصّٰلحین وخالفت المعتزلۃ -

یعنی کرامت خلاف معمول امر کے ولی سے سرزد ہونے کا نام ہے بغیر دعوائے نبوّت کے اور اس کا صدور ممکن ہے اگرچہ ولی کے قصد و ارادہ سے ہی ہو اور معجزاتِ انبیاء علیہم السلام کی جنس سے ہو کیونکہ اللّٰہ تعالےٰ کی قدرت اس کو محیط و شامل ہے۔

اور کرامت بالفعل واقع اور متحقق بھی ہے جیسے حضرت مریم علیہا السلام اور حضرت آصف بن برخیا اور اصحابِ کہفؓ کا قصہ ہے اور اسی قسم کے واقعات صحابہ کرام، تابعین اور بہت سے صالحین سے تواتر کے ساتھ ثابت ہیں۔ (جلد ثانی ص۲۰۳)

شرح مقاصد میں فرمایا :

ذھب جمھور المسلمین الی جواز کرامۃ الاولیاء ومنعہ اکثر المعتزلۃ الخ -

یعنی جمہور اہلِ اسلام کراماتِ اولیاء کو جائز رکھتے ہیں اور اکثر معتزلہ ان کے امتناع اور عدمِ جواز کے قائل ہیں - پھر جو ان کے امکان و جواز کے قائل ہیں ان میں سے بعض کہتے ہیں کہ کرامت ولی کے قصد و اختیار سے سرزد نہیں ہو سکتی

ذھب بعضھم الی امتناع کون الکرامۃ بقصد واختیار من الولی -

اور بعض اس کے قائل ہیں کہ کرامتِ ولی اس کے دعوٰی کے مطابق وقوع پذیر،

لہ رضی اللہ عنہم -

Marfat.com

نہیں ہو سکتی حتیٰ کہ اگر ولی ولایت کا دعویٰ کرے اور خلافِ عادت امور کا اعتقاد کرے تو یہ جائز نہیں بلکہ وہ خرقِ عادت امر وقوع پذیر ہی نہیں ہو سکے گا بلکہ بسا اوقات وہ مقامِ ولایت سے گر جائے گا اور بعض کہتے ہیں کہ کرامتِ ولی معجزاتِ انبیاء کی ہمجنس نہیں ہو سکتی۔

قال الامام ھٰذہ الطرق غیر سدیدۃ والمرضی عندنا تجویز جملۃ خوارق العادات فی معرض الکرامات

(صفحہ نمبر ۲۰۳)

امام الحرمین نے فرمایا کہ یہ سبھی اقوال اور مذاہب ضعیف اور ناقابلِ اعتبار ہیں اور ہمارے نزدیک مختار اور پسندیدہ امر یہی ہے کہ ہر قسم کے خوارق عادات اور خلافِ معمول امور کرامات کے ضمن میں وقوع پذیر ہو سکتے ہیں۔

علامہ ہیتمی مکی کا فیصلہ

علامہ ابنِ حجر ہیتمی رحمہ اللہ نے بھی امام الحرمین کے حوالے سے ذکر کیا ہے کہ جنہوں نے کہا ہے کرامت میں ولی کا قصد و ارادہ اور مرضی اختیار نہیں ہوتا، یہ قول صحیح نہیں ہے۔

فمنھم من شرط ان لایختارھا الولی وبھذا فرقوا بینھا وبین المعجزۃ وھٰذا غیر صحیح۔

(صفحہ نمبر ۲۵۸)

Marfat.com

اور بعض نے کہا ہے کہ ولایت کے دعوٰی کے اثبات میں اور اس کو برحق ثابت کرنے کے لیے کرامت کا صادر ہونا ممتنع ہے ورنہ معجزہ اور کرامت میں اشتباہ و التباس واقع ہو جائے گا۔

وھٰذا غیر مرضی عندنا بل قد تقع مع دعوٰی ذٰلک

اور یہ قول بھی ہمارے نزدیک ناپسندیدہ اور ناقابلِ اختیار ہے بلکہ کرامت کبھی دعوائے ولایت کی تصدیق کے لیے بھی وقوع پذیر ہوتی ہے۔

امام اہل التصوّف قشیری رحمۃُ اللہ علیہ کا فیصلہ

نیز امام ابوالقاسم قشیری کے حوالے سے حضرت سہل تستری کا یہ قول نقل فرمایا :

الذاکر اللہ علی الحقیقۃ ھم ان یحیی الموتٰی لفعل یعنی باذن اللہ تعالٰی و مسح بیدہ علٰی علیل بین یدید فبرئ۔

صحیح معنوں میں اللہ تعالٰی کا ذکر کرنے والا اگر مُردوں کو زندہ کرنے کا ارادہ کرے تو وُہ ضرور انہیں زندہ کرے گا یعنی باذن اللہ اور سامنے موجود مریض پر اپنا ہاتھ پھیرا تو وُہ تندرست ہوگیا۔

سیّدنا غوثِ اعظم رضی اللہ عنہ کا فیصلہ

حضور شیخ محی الدّین عبدالقادر جیلانی قدس سرہٗ سے ایک عورت نے عرض کیا:

Marfat.com

یا سیّدی تاکل لحم الدجاج ویاکل ابنی خبز الشعیر فوضع یدہ علیٰ ذٰلك الطعام وقال قومی باذن اللّٰہ محی العظام فقامت الدجاجۃ سویۃ وصاحت فقال الشیخ اذا صار ابنك ھکذا فلیاکل الدجاج او ماشاء[۲۵۹]

اے میرے آقا تم مرغی کا گوشت کھا رہے ہو اور میرا بیٹا جَو وَں کی روٹی کھا رہا ہے تو آپ نے اپنا ہاتھ مُبارک اس کھانے پر رکھا اور فرمایا اے مرغی ہڈیوں کو زندگی عطا کرنے والے اللّٰہ کے اذن سے اُٹھ کھڑی ہو تو مرغی زندہ ہو گئی اور چلاّئی تو حضرت شیخ قدس سرّہٗ نے فرمایا جب تیرا بیٹا اس مقام پر فائز ہو جائیگا تو پھر مرغیاں کھائے یا جو جی چاہے (اس سے پہلے مجاہدات و ریاضات کی خار دار وادی سے گزرنا پڑے گا)۔

اقول: اگر ولی میں بطور قصد و ارادہ اور مرضی و اختیار سے ایسے کرامات ظاہر کرنا جائز نہ ہوتے تو آپ کیوں فرماتے کہ جب تیرا بیٹا اس مقام الخ.........

امام یافعی رحمہ اللّٰہ کا فیصلہ

امام یافعی فرماتے ہیں کہ مُعجزہ اور کرامت میں باہمی امتیاز یہ ہے:

ان المعجزۃ یجب علی النبی اظھارھا والکرامۃ یجب علی الولی اخفاءھا الا عند ضرورۃ او اذن او حال غالب لا یکون لہ فیہ اختیار او تقویۃ یقین مرید۔ قال واطلاق المحققین انہ یجوز لہ اظھار ما یحمل علیٰ بعض ھٰذہ

Marfat.com

الصور للعلم بان اظہار لغیر غرض صحیح لایجوز
بخلافہ لغرض صحیح ۔ (ص۲۶۰)

کہ معجزہ کا اظہار نبی پر واجب ہوتا ہے اور کرامت کا اخفا ولی پر واجب ہوتا ہے مگر ضرورت یا اذن کے وقت یا مغلوب الحال ہونے کی صورت میں جبکہ اس کا اس حالت میں اختیار اور قصد وارادہ نہ ہو یا مرید کے یقین کی تقویت مقصود ہو اور فرمایا کہ محققین کا مطلقاً کرامات کے اظہار کو جائز رکھنے کا محل بھی یہی بعض صورتیں ہیں کیونکہ اس امر کا یقینی علم ہے کہ بغیر صحیح غرض اور مقصد کے اس کا اظہار درست نہیں بخلاف صحیح مقصد کے کہ اس صورت میں اظہار جائز ہے۔

اقول: اگر معجزہ و کرامت میں نبی اور ولی کے قصد وارادہ کا دخل ہی نہیں جبکہ نبی علیہ السلام اور ولی کی ذات صرف قلم بدست کاتب اور مردہ بدست زندہ کی مانند ہو تو قطعاً یہ وجوب متصور نہیں ہو سکتا لہٰذا یہ حقیقت تسلیم کرنا ضروری ہے کہ ان کے قصد وارادہ کا اس میں دخل نہیں ہوتا

شیخ محقق محدث دہلوی رحمہ اللہ کا فیصلہ

اس قصد وارادہ پر مقصود اور مراد کا ترتب کس طرح ہوتا ہے وہ حضرت شیخ محقق کی زبانی سماعت فرماویں:

گفتہ اند بسم اللہ الرحمٰن الرحیم از عارف ہمچوں کن است از پروردگار تعالیٰ وتقدس۔ (اشعۃ اللمعات ص۲۲۰ جلد دوم)

Marfat.com

اکابرینِ ملت نے فرمایا ہے کہ عارف کی زبان سے

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝

کا صادر ہونا اس طرح مؤثر اور مفیض و مفید مطلب ہوتا ہے جیسے کہ پروردگار مقدس و تعالیٰ کی طرف سے کلمۂ کُن، کہ اس کے بعد فوری طور پر وُہ شئے موجود ہو جاتی ہے، اسی طرح عارف کسی کام کے ارادہ پر بسم اللّٰہ شریف پڑھے تو وُہ کام فوراً ہو جاتا ہے۔

نیز شیخ اجل شیخ المحققین شاہ عبدالحق محدّث دہلوی قدس سرّہٗ نے اشعۃ اللمعات میں کرامات کی بحث میں فرمایا:

حق جواز و وقوع است بقصد و اختیار و بے قصد و از جنس معجزہ و غیر معجزہ و تمام کلام در اثبات کرامت بدلائل و رفع شبہ مخالفاں درکتب کلام مذکور است و لاحاجۃ الی البیان بعد العیان۔ (جلد چہارم ص۱۶)

یعنی گو کرامات کے قصد و ارادہ کے ساتھ اولیاء کرام سے سرزد ہونے میں بعض نے اختلاف کیا ہے لیکن ثواب اور برحق مذہب یہی ہے کہ ان کا قصد و ارادہ کے ساتھ وقوع پذیر ہونا صحیح و درست ہے اور بغیر قصد و ارادہ کے سرزد ہونا بھی اور معجزات کی قسم سے بھی ہو سکتی ہیں اور ان سے مختلف جنس کے قبیل سے بھی اور اس کی مکمل بحث یعنی دلائل کے ساتھ اثبات کرامات اور مخالفین کے شبہات کا جواب اور ردّ و قدح کتب کلامیہ میں مذکور ہے اور مشاہدہ کے بعد بیان اور بحث و تمحیص کی ضرورت ہی نہیں رہتی۔

فائدہ جلیلہ اوّل: اس امر کی تحقیق و تدقیق پہلے ہو چکی ہے کہ

Marfat.com

افعالِ عادیہ و غیر عادیہ میں حقیقی مؤثر اور ان کا موجد و خالق صرف اللہ تعالیٰ ہے اور بندوں کی قدرت و استطاعت عادت کے طور پر مؤثر ہوتی ہے جس طرح پانی سیرابی میں اور روٹی سیری میں اور آگ جلانے میں خواہ امورِ عادیہ ہوں یا غیر عادی ہوں اور بندوں کی قدرت و استطاعت کا دخل تسلیم نہ کرنا مذہب جبر ہے اور ان کو مستقل مؤثر ماننا حتیٰ کہ اللہ تعالیٰ جس فعل کا بندے سے ارادہ کرے اور بندہ نہ کرے تو فعل موجود و متحقق نہ ہو اور بندہ ارادہ فعل کا کرے اور اللہ تعالیٰ اس فعل کے عدم کا ارادہ کرے پھر بھی وہ فعل موجود و متحقق ہو جائے تو یہ مذہب اعتزال ہے اور اگر بندے کا ارادہ مغلوب اور تابع ہو اللہ تعالیٰ کے ارادہ کے تو یہ مذہب اہل السنت ہے۔

امام رازی رحمہ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں:

اعلم ان مذهب المعتزلة ان الله يريد الايمان و الطاعة من العبد والعبد يريد الكفر والمعصية لنفسه فيقع مراد العبد ولا يقع مراد الله فتكون ارادة العبد غالبة وارادة الله مغلوبة واما عندنا فكل ما اراده الله تعالى فهو واقع فهو تعالى يريد الكفر من الكافر ويريد الايمان من المؤمن وعلى هذا التقدير فارادة الله غالبة وارادة العبد مغلوبة۔

(ص ۳۵ جلد ۷)

جان لو کہ معتزلہ کا مذہب یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ بندے سے ایمان اور

Marfat.com

اطاعت کا ارادہ کرتا ہے اور بندہ کفر و معصیت کا ارادہ کرتا ہے پس بندے کی مراد پوری ہوتی ہے اور اللہ تعالیٰ کی مراد پوری نہیں ہوتی بندے کا ارادہ غالب ہوتا ہے اور اللہ تعالیٰ کا ارادہ مغلوب ہوتا ہے لیکن ہمارے نزدیک ہر وہ امر جس کا اللہ تعالیٰ ارادہ فرمائے وہی وقوع پذیر ہوتا ہے تو اللہ سبحانہٗ وتعالیٰ کافر سے کفر کا اور مومن سے ایمان کا ارادہ فرماتا ہے لہٰذا اس تقریر کے مطابق اللہ تعالیٰ کا ارادہ غالب ہے اور بندے کا ارادہ مغلوب ہے۔

لیکن عام بندوں کو اپنے افعالِ عادیہ میں با اختیار ماننا اور ان کے قصد و ارادہ اور کسب و اختیار کا دخل تسلیم کرنا لیکن انبیاء کرام علیہم السلام اور اولیاء کرام علیہم الرضوان کو صرف افعالِ عادیہ میں با اختیار تسلیم کرنا اور غیر عادیہ میں بے اختیار ماننا نہ مذہب جبر ہے نہ مذہب اعتزال اور نہ اہلسنت کا مذہب مختار لیکن علماء دیوبند نے اسی کو اختیار کرکے نئے مذہب و مسلک کی بنیاد ڈال دی ہے۔

ضروری تنبیہ ۔ اگر بعض متقدمین علماء اعلام نے اس حدیث قدسی کی توضیح میں اعضا اور جوارح کے مرضیات حق تعالیٰ میں استعمال ہونے والے معنیٰ کو ذکر کیا ہے تو انہوں نے دُوسرے معنیٰ یعنی اعضاء و جوارح کے نوارِ الٰہیہ سے منور ہونے کی نفی بھی نہیں کی اور نہ ہی اس کا انکار کیا ہے، بلکہ علاّمہ سرفراز صاحب وغیرہ دُوسرے معنیٰ کے انکار اور اس کی تردید کے درپے ہیں حالانکہ فہم عوام سے بالاتر ہونے کی بنا پر کسی معنیٰ کے بیان

Marfat.com

سے سکوت واختیار کرنا علیحدہ امر ہے اور اس کا انکار کر دینا علیحدہ امر ہے
لہٰذا منکرین کے لیے ایسے حوالہ جات سے تمسک واستدلال کی کوئی گنجائش
نہیں ہے۔

نوٹ : حدیثِ قدسی کے اس معنیٰ ومفہوم پر مزید بہت سے حوالہ جات
پیش کیے جاسکتے ہیں مگر طوالت کا خوف مانع ہے اور اگر اللہ تعالےٰ نے
انصاف نصیب کرے تو مذکورہ حوالہ جات میں کافی ووافی سامانِ بصیرت
ہدایت موجود ہے اور انہیں سے ہی حقیقت روزِ روشن کی طرح عیاں ہو
جاتی ہے کہ مقامِ محبوبیت پر فائز حضرات اپنے تمام حواس اور اعضاء
قدرت وقوت میں اللہ تعالیٰ کی صفات کمال کے مظاہر اور نمونے ہوتے
ہیں۔ اور مختلف اطوار اور انداز میں اہلِ دُنیا کی امداد واعانت فرماتے
رہتے ہیں اور جب وُہ خود بخود ایسے احسانات اور نوازشات فرماتے
رہتے ہیں تو ان سے اپیل کرنے اور امداد واعانت طلب کرنے پر وُہ ضرور
بالضرور ہی باذن اللہ امداد واعانت فرمائیں گے نہ کہ اس وقت غافل و
بے خبر ومجبور ومعذور ہو جائیں گے۔ العیاذ باللہ۔

دلیل دوازدہم

نورِ فراست اور نورِ خداوند تعالیٰ سے مشرّف حضرات کا علم وادراک میں
امتیاز واختصاص امام ترمذی علیہ الرحمہ نے قولِ باری تعالیٰ
ان فی ذٰلک لاٰیٰت للمتوسمین

Marfat.com

کے تحت حضرت ابُوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے یہ حدیث نقل فرمائی ہے:

قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اتقوا فراسة المؤمن فانہ ینظر بنور اللہ ثم قراء ان فی ذلک للایٰت للمتوسمین

یعنی نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ مومن کی فراست سے ڈرتے رہا کرو کیونکہ وُہ اللہ تعالیٰ کے نور سے دیکھتا ہے پھر آپ نے یہ آیتِ مُبارکہ تلاوت فرمائی جس کا ترجمہ یہ ہے کہ بیشک اس میں آیات اور دلائل ہیں آثار اور علامات کے ساتھ استدلال کرنے والوں کے لیے۔

اور امام ترمذی نے بعض اہلِ علم کے حوالے سے متوسمین کی تفسیر میں متفرسین کا ذکر فرمایا:

یعنی نورِ فراست حاصل کرلینے والوں کے لیے دلائل و امارات ہیں۔

(جامع ترمذی ابواب التفسیر جلد ثانی ص ۱۴۵ ۔ تفسیر ابن کثیر ص ۵۵۷ ج ۲ ۔ تفسیر درمنثور ص ۱۰۳ ج ۴)

(تفسیر ابن جریر ص ۳۱-۳۲ ج ۱۴)

اب فراست کے متعلق علماءِ اعلام، اساطینِ علم اور اکابرینِ ملت کی تصریحات ملاحظہ فرمادیں:

۱۔ علامہ ابنِ حجر ہیتمی اولیاء کرام کے لیے علمِ غیب ثابت کرتے ہوئے فرماتے ہیں:

یکفی دلیلا قولہ صلی اللہ علیہ وسلم فی الخبر الصحیح، ان فی امتی ملھمون او محدثون ومنھم عمر۔ وقولہ صلی اللہ علیہ وسلم اتقوا

Marfat.com

فراسة المومن فانه ینظر بنور اللّٰه (الی) وسئل بعضهم عن الفراسة فقال ارواح تتقلب فی الملکوت فتشرف علیٰ معان الغیوب فتنطق عن اسرار الخلق نطق مشاهدة وعیان لانطق ظن وحسبان۔ (فتاوٰی حدیثیہ ص۲۰۵)

یعنی اولیاء کرام کے علمِ غیب پر حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا یہ قول کافی و وافی دلیل ہے جو حدیث صحیح میں وارد ہے کہ میری اُمت میں مُلہم یا محدّث موجود ہیں اور ان میں عُمر فاروق بھی ہیں۔ نیز آپ کا یہ فرمان کہ مومن کی فراست سے ڈرتے رہا کرو کیونکہ وُہ اللہ تعالیٰ کے نُور سے دیکھتا ہے۔ اور بعض اکابر سے فراست کے متعلق دریافت کیا گیا تو انھوں نے فرمایا کچھ ارواح ملکوت میں گردش کرتے رہتے ہیں اور وُہ غیبی امور پر مطلع ہوتے ہیں پس وُہ اسرارِ خلق کے متعلق مشاہدہ و معائنہ کے بعد خبر دیتے ہیں نہ ظن و گمان پر مبنی خبر اور اطلاع دیتے ہیں۔

۲۔ علامہ شہاب الدین خفاجی نسیم الریاض شرح شفاء للقاضی عیاض میں لطائف المنن لابن عطاء اللہ کے حوالے سے فرماتے ہیں:

اطلاع العبد علیٰ غیب من غیوب اللّٰه بنور منه بدلیل، اتقوا فراسة المومن فانه ینظر بنور اللّٰه، لایستغرب وهو معنی قوله کنت بصره الذی یبصر به فمن کان الحق بصره

Marfat.com

فاطلاعه علیٰ غیبه غیر مستغرب ۔ (منٹ ج ۳)
یعنی بندے کا اللہ تعالیٰ کے غیبوں میں سے کسی غیب پر مطلع ہونا اس کے ہی نور سے اس دلیل کے ساتھ کہ مومن کی فراست سے ڈرتے رہا کرو کیونکہ وہ اللہ تعالیٰ کے نور سے دیکھتا ہے کوئی انوکھا اور تعجب خیز امر نہیں ہو سکتا اور یہی معنیٰ ہے (حدیث قدسی میں وارد اللہ تعالیٰ کے ارشاد کا) میں اس بندہ محبوب کی آنکھ بن جاتا ہوں جس کے ساتھ دیکھتا ہے لہٰذا حق سبحانہٗ وتعالیٰ جس کی آنکھ بن جاتے تو اس کا غیب پر مطلع ہونا کوئی انوکھا اور اچنبھے کی بات نہیں ہے ۔

۳ - علامہ ابن حجر عسقلانی رحمہ اللہ فتح الباری شرح البخاری ص ۳۴۳ ج ۱۲ میں ابن السمعانی کے حوالے سے اس حدیث

اتقوا فراسة المؤمن فانه ینظر بنور الله

کے متعلق فرماتے ہیں :

و نحن لا ننکر ان الله یکرم عبده بزیادة نور منه یزداد به نظره ویقوی به رأیه و (الیٰ) وانما هو نور یختص الله به من یشاء من عباده ۔الخ ۔

اور ہم اس کا انکار نہیں کرتے کہ اللہ تعالیٰ اپنے بندہ محبوب کو نوازتا ہے ایسے زائد نور کے ساتھ کہ جس کی بدولت اس کی نظر اور بصارت و بصیرت ترقی پا جاتی ہے اور رائے اور نظریہ قوی ہو جاتا ہے (تا) اور یہ ایسا نور ہے کہ اللہ تعالیٰ اس کے ساتھ مخصوص ٹھہراتا ہے اپنے بندوں

Marfat.com

میں سے جس کو چاہے۔

۴۔ علامہ علی قاری علیہ الرحمہ مرقات شرح مشکوٰۃ ص۲۶۴ ج ۱ پر فرماتے ہیں:

والفراسة علم ینکشف من الغیب بسبب تفرس اٰثار الصور اتقوا فراسة المومن فانه ینظر بنور اللّٰہ فالفرق بین الالهام والفراسة انها کشف الامور الغیبیه بواسطة تفرس اٰثار الصور والالهام کشفها بلا واسطة۔

فراست وہ علم ہے کہ جس کا غیب سے انکشاف ہوتا ہے صورتوں کے آثار میں غور و تأمل سے۔ مومن کی فراست سے ڈرتے رہا کرو کیونکہ وہ اللہ تعالیٰ کے نور سے دیکھتا ہے پس الہام اور فراست میں فرق یہ ہے کہ فراست امور غیبیہ کا انکشاف ہے صور و اشکال کے آثار میں غور و تأمل کے واسطے سے اور ان کے بلا واسطہ منکشف ہونا الہام ہے۔

فائدہ : علامہ ابن کثیر کی درج کردہ روایات کے مطابق حدیث مذکور اور اس کے ہم معنیٰ اور مؤید و مؤکد روایات حضرت انس، حضرت عبداللہ بن عمر، حضرت انس بن مالک۔ حضرت ثوبان اور حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہم سے مروی و منقول ہیں اور امام ترمذی کے علاوہ ابن جریر اور حافظ ابوبکر بزار نے ان کو مختلف اسانید کے ساتھ ذکر فرمایا ہے۔ اور علامہ سخاوی کی تصریح کے مطابق اس کو ہروی، طبرانی اور ابونعیم نے بھی روایت کیا ہے، اور عسکری نے بھی حضرت ثوبان رضی اللہ عنہ والی روایت ذکر کی ہے اور عسکری

Marfat.com

نے حضرت اُبُو الدرداء رضی اللہ عنہ سے اس طرح روایت نقل کی ہے :

اتقوا فراسۃ العلماء فانھم ینظرون بنور اللہ انہ یقذفہ اللہ فی قلوبھم والسنتھم ۔

یعنی علماء کی فراست سے ڈرتے رہا کرو کیونکہ وُہ اللہ تعالیٰ کے نُور سے دیکھتے ہیں اور وُہ ایسی شئے ہے جو اللہ تعالیٰ ان کے قلوب میں القافرماتا ہے اور زبانوں پر جاری فرماتا ہے ۔

بالخصوص طبرانی، بزار اور ابُو نعیم نے سندحسن کے ساتھ حضرت انسؓ سے روایت نقل فرمائی ہے :

ان للہ عباداً یعرفون الناس بالتوسم ۔

اللہ تعالیٰ کے کچھ بندے ایسے ہیں جو لوگوں کو غور و تامل اور آثار و اشکال سے پہچان لیتے ہیں ۔

اور اسی کا مؤید ہے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا حضرت عمران بن حصین کو فرمانا جبکہ انہوں نے آپ کی دستار مُبارکہ کا کنارہ پیچھے سے پکڑا تھا ۔

واعلم ان اللہ یحب الناظر الناقد عند مجئ الشبھات

خُوب جان لے کہ اللہ تعالیٰ محبوب رکھتا ہے تنقیدی نظر سے دیکھنے والے کو شبہات کے وارد ہوتے وقت ۔ (ص ۴۲)

اور حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے مرفوع حدیث کے طور پر دیلمی نے اس طرح نقل کی ہے :

المؤمن ینظر بنور اللہ الذی خلق منہ ۔ (مقاصد حسنہ للسخاوی ص ۳۲۶)

لہ رضی اللہ عنہ ۔

Marfat.com

مومن اللہ تعالیٰ کے نور سے دیکھتا ہے جس سے اس کو پیدا کیا گیا ہے۔ اور امام سیوطی علیہ الرحمہ کی تصریح کے مطابق اس کو بخاری نے تاریخ میں نقل کیا اور حکیم ترمذی اور ابن السنی وغیرہم نے بھی نقل کیا ہے۔

لہٰذا اس حدیث پر وضع کا حکم لگانا تو سراسر لغو ہے اور ضعیف کہنا بھی خلافِ تحقیق ہے کیونکہ بعض روایات سند حسن کے ساتھ مروی ہیں علاوہ ازیں تعدد طرق اور کثرتِ اسانید سے بھی ضعف دور ہو جاتا ہے اور روایت درجۂ حسن تک پہنچ جاتی ہے، بالخصوص جبکہ حدیث صحیح کا یہ جملہ

"وبصرہ الذی یبصر بہ"

اسکی معنوی صحت کی واضح دلیل اور روشن برہان ہے اور اس کی علماءِ اعلام نے تصریح فرمائی ہے۔

نیز علامہ ہیثمی نے مجمع الزوائد میں اس کی تحسین فرمائی ہے، اور دیگر علماءِ اعلام نے بھی؛

کما قال عبداللہ محمد صدیق محشی المقاصد الحسنۃ
بل ھو حدیث حسن کما قال الحافظ الھیثمی وغیرہ۔

(مقاصد حسنہ للامام السخاوی رحمہ اللہ ص۲۲)

وجہِ استدلال وطریقِ احتجاج

الغرض ان احادیثِ مبارکہ اور ان کے ضمن میں علماءِ اعلام کے تشریحی اقوال اور آیاتِ مبارکہ سے یہ حقیقت واضح ہو گئی کہ انبیاء کرام علیہم السلام اور

Marfat.com

اولیاء عظام علیہم الرضوان کے نفوس وارواح اللہ تعالیٰ کے خصوصی انوار و تجلیات کے ساتھ منور و مستنیر ہونے کی بدولت قوئی مدرکہ اور قوائے محرکہ میں اور حواسِ ظاہرہ اور باطنہ میں اور ادراکاتِ عقلیہ میں عام لوگوں سے مختلف ہوتے ہیں نہ علم وادراک اور بصیرت و فراست میں ان کا کوئی مماثل ہو سکتا ہے اور نہ تدبیر و تصرّف اور قدرت و طاقت اور صلاحیت و استعداد میں اور نفس و رُوح کی اسی تجرید و لطافت اور صفاو نورانیت پر ہی معجزاتِ انبیاء اور کراماتِ اولیا کا دار و مدار ہے۔

معجزاتِ انبیاء اور کراماتِ اولیاء کا دار و مدار

حضرت شاہ عبدالحق محدث دہلوی قدس سرّہ العزیز نے علوم ظاہرہ و باطنہ کے مجمع البحرین جناب سید عبدالاوّل جونپوری کے حوالے سے اخبار الاخیار میں اس موضوع پر بہت عمدہ بحث نقل فرمائی ہے ان کے ارشادات کا ملخص آپ بھی ملاحظہ فرمائیں۔ (ص۲۵۵)

رُوحِ حیوانی، رُوحِ انسانی اور قلب ہر بدن میں جزئی حقیقی ہیں اور دُوسرے بدن کے رُوح و قلب کے مغائر ہیں لیکن سرِ خفی کے متعلق ظاہر یہی ہے کہ ان میں سے ہر ایک ایسی رُوح اور فرشتہ ہیں جو واحد اور جزئی ہونے کے باوجود تمام ابدان کے ساتھ نفوس وارواحِ انسانیہ کیساتھ متعلق ہیں اور تمام میں متصرّف ہیں۔ اور رُوحِ واحد کا تعلق ابدانِ کثیرہ کیساتھ بیان کرنا آسان ہے مثلاً انسانی نفس بدن میں اور اس کے تمام اعضاء اور اجزا

Marfat.com

بیں متصرف ہے تو ہم فرض کرتے ہیں کہ ایک نفس ایسا قوی ہے جو کہ جس طرح بدن میں تصرّف کرتا ہے اسی طرح تمام مکان اور اس کے در و دیوار میں بھی تصرّف کرتا ہے بایں معنٰی کہ شرقی دیوار کو غربی بنا دے اور غربی کو شرقی و علیٰ ہٰذا القیاس اس سے بھی قوی تر نفس ہو جو پورے شہر میں متصرّف ہو اور شہر اس کے لیے اعضاء و جوارح کی مانند ہو جاتے اور ایسے ہی ایک نفس ایسا ہو کہ تمام اقلیم میں متصرّف ہو۔ اور ایک نفس ایسا ہو اور کوئی نفس تمام عناصر میں متصرّف ہو اور ایک نفس ایسا قوی ہو کہ تمام افلاک اور عناصر میں تدبیر و تصرف کا مالک ہو مثلاً حضرت جبریل علیہ السلام کی روح کیلئے تمام افلاک اور عناصر بدن کی مانند ہیں اور ساتوں آسمانوں کو محیط ہے۔ اور اس لیے اس کا مقام سدرۃ المنتہٰی ہے جو کہ ساتوں آسمانوں سے اُوپر ہے۔

اور یہی وجہ ہے کہ جب یوسف علیہ السلام کو کنوئیں میں پھینکا گیا تو حضرت جبریل علیہ السلام کو حکم ہُوا کہ

ادرك عبدی یوسف

میرے بندے یوسف کو پہنچ کر اپنی تحویل میں لے۔

چنانچہ وہ ابھی کنوئیں کی تہ تک نہیں پہنچے تھے کہ حضرت جبریل علیہ السلام نے انہیں اپنے ہاتھوں میں تھام لیا اور آرام سے نیچے اُتارا پس جبریل علیہ السلام کے متعلق یہ نہیں کہیں گے کہ انہوں نے سات ہزار سال کی راہ کو ایک لحظہ میں

Marfat.com

طے کر لیا اور کنویں میں پہنچ گئے۔ بلکہ ساتوں آسمان اور عناصر ان کے اعضا ہیں اور ان کا سارے جہاں میں تصرّف یوں ہی ہے جیسے کوئی شخص اپنے اعضاء بدن میں تصرّف کرے۔ گویا حضرت جبریل علیہ السّلام کی گردن کے ہار سے ایک موتی ٹوٹ کر گرا اور ابھی ان کے سینہ تک نہ پہنچا تھا کہ انہوں نے اسے اپنے ہاتھ پر اٹھالیا۔

اور ایسے ہی حضرت عزرائیل علیہ السلام کی رُوح کے لیے تمام ارواح اعضاء وجوارح کی مانند ہیں لہٰذا ان کا تصرّف ارواح کے قبض کرنے میں اسی طرح ہے جس طرح کوئی آدمی اپنے اعضاء میں تصرّف کرے۔

وتصوّر ایں معنی اساس اثبات معجزاتِ انبیاء علیہم السّلام و کراماتِ اولیاء علیہم الرضوان ہست چہ نفس نبی وولی قوتے می یابد کہ در خارج بدن تصرّف میکند ہمچناں کہ در بدن وچوں رُوحِ مقدّس حضرت صلی اللہ علیہ وسلّم جانِ ہمہ عالم است باید کہ در ہمہ اجزاء عالم متصرّف باشد واز ینجاست کہ باشارت قمررا دوشق کرد گویا فضلۂ ناخن را از ناخن جدا فرمود۔ (۲۵۵)

اور رُوح کے اسی مقام و مرتبہ کا تصوّر معجزاتِ انبیاء علیہم السّلام اور کراماتِ اولیاء علیہم الرضوان کے اثبات کے لیے اساس اور بنیاد ہے کیونکہ نبی اور ولی کا نفس و رُوح ایسی قدرت و قوّت حاصل کر لیتا ہے کہ بدن سے باہر (دُوسری اشیاء میں اسی طرح) تصرّف کرتا ہے جیسے کہ اپنے بدن میں اور جبکہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم کا نفسِ اطہر اور رُوح منوّر تمام جہان کی جان ہے تو چاہیے کہ تمام جہان میں متصرّف ہو اور یہی وجہ ہے کہ

Marfat.com

آپ نے اشارہ سے چاند کو دولخت فرمادیا گویا ناخن کے زائد حصّہ کو ناخن سے جُدا فرمادیا۔

اور یہ حقیقت بھی مدلّل انداز میں بیان ہوچکی کہ کاملین کے وصال کے بعد ان کی ارواح مدبرات امر میں سے بن جاتی ہیں اور ملاء اعلیٰ کے ساتھ شامل ہوکر اللہ تعالیٰ کے اذن اور مشیت کے مطابق تدبیر و تصرف فرماتے ہیں اور اہلِ ایمان و اسلام کی بالخصوص مدد فرماتے ہیں لہٰذا ان سے ان کی شان کے لائق استمداد و استعانت کرنا اسی طرح جائز اور مباح اور درست اور روا ہوگا جیسے کہ حیاتِ ظاہر میں مباح اور مستحسن تھا۔ حیاتِ ظاہرہ دنیویہ اور حیاتِ برزخیہ میں فرق کرنا سراسر غلط ہے بلکہ بعض اکابر کے نزدیک بعد از وصال امداد و اعانت قوی طریقہ پر پائی جاتی ہے جیسے کہ حضرت شیخ محقّق نے حضرت شیخ زروق رحمہ اللہ سے نقل فرمایا اور علامہ اسمٰعیل حقی نے اکابر کے حوالے سے اس حقیقت کو اُجاگر فرمایا۔ اور بہت سے حوالہ جات حضرت شاہ ولی اللہ دہلوی اور ابن القیم حنبلی اور دیگر اعلام کی تصریحات پرمشتمل ذکر کیے جاچکے ہیں لہٰذا منکرین کا ان مقبولانِ خداوند تعالیٰ کو بعد از وصال اس جہان سے اور اس کے باسیوں سے اور بالخصوص امداد و اعانت کے طلبگاروں سے بیخبر اور غافل کہنا اور اصنام و اوثان والی آیات ان پر منطبق کرتے ہوئے اور امداد و اعانت سے بھی عاجز و قاصر اور مجبور و معذور قرار دینا سراسر لغو اور باطل ہے اور ان آیات و احادیث اور اکابرینِ اُمّت اور مقتدایانِ ملّت کی تکذیب کے مترادف ہے۔

Marfat.com

۵ - علامہ ابن القیمؒ کتاب الروح میں فرماتے ہیں :

هٰذه الفراسة شأت له من قربه من الله فان القلب اذا قرب من الله انقطعت عنه معارضات السوء المانعة من معرفة الحق وادراكه وكان تلقيه من مشكوٰة قريبه من الله تعالیٰ بحسب قربه منه واضاءله النور بقدر قربه فرأى فی ذٰلك النور مالم يره البعيد والمحجوب كما ثبت فی الصحيح من حديث ابی هريرة عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم فيما يروى عن ربّه عزّ وجل انه قال ما تقرب الیّ عبدی بمثل ما افترضت عليه ولا يزال عبدی يتقرب الیّ بالنوافل (الیٰ) فاخبر سبحٰنه ان تقرب عبده منه يفيده محبته له فاذا احبه قرب من سمعه وبصره ويده ورجله فسمع به وابصر به وبطش به ومشى به فصار قلبه كالمرأة الصافية تبدو فيها صور الحقائق علیٰ ما هی عليه فلا تكاد تخطى له فراسة فان العبد اذا ابصر بالله ابصر الامر علیٰ ما هو عليه فاذا سمع بالله سمعه علیٰ ما هو عليه وليس هٰذا من علم الغيب بل علام الغيوب قذف الحق فی قلب قريب

Marfat.com

مستبشر بنوره غیر مشغول بنقوش الاباطیل والخیالات والوساوس التی تمنعه من حصول صور الحقائق فیه و اذا غلب علی القلب النور فاض علی الارکان وبادر من القلب الی العین فکشف بعین بصره بحسب ذٰلک النور۔ (ص ۲۳۸)

یہ فراست بندۂ مومن کے لیے اللہ تعالیٰ کے قرب سے پیدا ہوتی ہے کیونکہ قلب جب اللہ تعالیٰ کے قریب ہو جاتا ہے تو اس سے وُہ تمام بُرائی والے معارضات اور موانع دُور ہو جاتے ہیں جو معرفت حق تعالیٰ اور اس کے ادراک سے باز رکھتے ہیں اور اس کو معرفت و علم کا حصول اللہ تعالیٰ کے قریب والی مشکوٰۃ نُور سے ہوتا ہے اپنے قرب کے مطابق اور اس کے لیے نُورِ حق روشن ہوتا ہے اپنے قرب کے مطابق تو یہ اس نُور کی ضیا میں وُہ کچھ دیکھتا ہے جس کو بعید اور محجوب نہیں دیکھ سکتا جیسے کہ صحیح بُخاری میں حضرت ابُوہریرہ رضی اللہ عنہ کی روایت کردہ حدیث سے ثابت ہوتا ہے جو انہوں نے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے نقل کی ہے ان احادیث میں سے جو آپ اپنے رب عزّ وجل سے روایت فرماتے ہیں۔

کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا نہیں قریب ہوا مجھ سے کوئی میرا بندہ مثل قریب ہونے اس کے ان امور کے سبب جو میں نے اس پر فرض کیے ہیں اور ہمیشہ قریب ہوتا رہتا ہے نوافل کے ذریعے یہانتک کہ میں اس کو محبوب بنا لیتا ہوں پس جب مَیں اس کو محبُوب بنا لیتا ہوں تو اس کا کان ہو جاتا ہوں

Marfat.com

جس سے سُنتا ہے، اور اس کی آنکھ جس سے دیکھتا ہے اور اس کا ہاتھ جس کے ساتھ پکڑتا ہے اور اس کا پاؤں ہو جاتا ہوں جس سے چلتا ہے پس وُہ میرے ساتھ ہی سُنتا ہے اور میرے ساتھ ہی دیکھتا ہے اور میرے ساتھ ہی پکڑتا ہے اور میرے ساتھ ہی چلتا ہے۔

پس اللہ سُبحانہ و تعالیٰ نے خبر دی کہ بندے کا اللہ تعالیٰ سے قرب اس کو اللہ تعالیٰ کی محبوبیت کا فائدہ دیتا ہے پس جب وُہ بندے کو محبوب بنا لیتا ہے تو وُہ بندے کی سمع و بصر اور ہاتھ و قدم کے قریب ہو جاتا ہے پس وُہ اس کے ذریعے سُنتا ہے اور اسی کے ذریعے دیکھتا ہے اور اسی کے ساتھ پکڑتا اور اسی کے ساتھ چلتا ہے تب اس کا دل صاف و شفاف آیئنہ کی مانند ہو جاتا ہے جس میں حقائق اپنی واقعی حالت و کیفیّت کے مطابق نمایاں ہوتے ہیں تو اس وقت اس کی فراست خطا نہیں کر سکتی۔ کیونکہ بندہ جب اللہ تعالیٰ کے ساتھ دیکھتا ہے تو وُہ ہر چیز کو اس کی نفس الامری حالت میں دیکھتا ہے اور جب اللہ تعالیٰ کے ساتھ کسی چیز کو سُنے تو اس کو بھی واقعی حالت و کیفیّت کے مطابق سُنتا ہے۔

اور یہ علم غیب کے قبیل سے نہیں ہے بلکہ علام الغیوب نے حق کو اس دل میں ڈال دیا جو اس کے قریب ہے اور اسی کے نُور سے منوّر ہے اور ایسے باطل نقوش اور خیالات و وساوس کے ساتھ مشغول نہیں جو حقائق کی صورتیں اس میں حاصل ہونے میں مانع ہوں۔ اور نُور کا جب دل پر غلبہ ہوتا ہے تو ارکان و اعضاء کی طرف فوری طور پر سرایت کرتا ہے اور دل سے فوراً

Marfat.com

آنکھ کی طرف پہنچ جاتا ہے تو اس نُور کے مطابق اس کی آنکھ پر انکشاف ہو جاتا ہے۔

وقد كان رسُول الله صلّى الله عليه وسلّم يرٰى اصحابه فى الصّلوٰة وهم خلفه كما يرا هم امامه ورأى بيت المقدس عيانا وهو بمكة و راى قصور الشام وابواب صنعاء ومدائن كسرٰى وهو بالمدينه يحفر الخندق ورأى امراء ه بموتة وقد اصيبوا وهو بالمدينة ورأى النجاشى بالحبشة لما مات وهو بالمدينة فخرج الى المصلّى فصلّٰى عليه۔[۱]

رسُولِ مکرّم صلّی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم اپنے صحابہ کرام کو نماز میں مشاہدہ کرتے تھے باوجود پس پشت ہونے کے جیسے کہ سامنے سے دیکھا کرتے تھے اور آپ نے بیت المقدس کو سر کی آنکھوں سے دیکھا جبکہ آپ مکہ مکرمہ میں تھے اور آپ نے خندق کی کھدائی کے دوران شام کے محلات اور صنعاء کے دروازے اور کسرٰی کے شہر مدائن کو مشاہدہ فرمایا اور آپ نے اپنے امرائے لشکر کو شہادت پاتے موتہ میں دیکھا جبکہ آپ صلّی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم مدینہ منورہ میں تھے اور جب حضرت نجاشیؓ کا انتقال ہُوا تو اس کو حبشہ سے دیکھ لیا حالانکہ آپ صلّی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم مدینہ منورہ میں تھے تب آپ جنازگاہ کی طرف نکلے اور ان پر نمازِ جنازہ پڑھائی۔

Marfat.com

ورای عمر سارية بنهاوند من ارض فارس هو عساكر المسلمين وهم يقاتلون عدوهم فناداه یا سارية الجبل ودخل عليه نفر من مذحج فيهم الاشتر النخعي فصعد فيه النظر وصوبه وقال ايهم هذا؟ قالوا مالك بن الحارث فقال ماله قاتله الله انی لاری للمسلمين منه يوماً عصيبا۔ (ص ۲۳۹)

اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اپنے کمانڈر حضرت ساریہ رضی اللہ عنہ کو فارس کے علاقہ نہاوند سے دیکھ لیا اور مسلم عساکر کو بھی جب کہ اپنے دشمنوں کے ساتھ برسرپیکار تھے پس پکار کر کہا اے ساریہ پہاڑ کو لازم پکڑو۔ اور قبیلہ مذحج کی ایک جماعت آپ پر داخل ہوئی جن میں اشتر نخعی بھی تھا آپ نے اس کو بغور اوپر سے نیچے تک دیکھا اور دریافت فرمایا یہ کون ہے؟ انہوں نے کہا یہ مالک بن حارث ہے۔ آپ نے فرمایا اسے کیا ہے۔ اللہ تعالیٰ اس کو ہلاک کرے۔ بیشک میں اس سے مومنین کے لیے سخت ترین دن دیکھ رہا ہوں۔

وهذا عثمان بن عفان دخل عليه رجل من الصحابة وقد رای امرأة فی الطريق فتامل محاسنها فقال له عثمان رضی الله عنه يدخل علی احدكم واثر الزنا ظاهر علی عينيه فقلت أوحی بعد رسول الله صلی الله عليه وسلم فقال لا ولكن

Marfat.com

تبصرۃ و برھان و فراسۃ صادقۃ۔

اور یہ ہیں حضرت عثمان بن عفان رضی اللہ عنہ ان کی خدمت میں ایک صحابی حاضر ہوئے جنہوں نے راستے میں ایک عورت کو دیکھا اور اس کے حسن وجمال کا خوب غور اور غائر نظر سے جائزہ لیا تو آپ نے فرمایا تم میں سے ایک شخص مجھ پر داخل ہوتا ہے اور زنا کے آثار اس کی آنکھوں پر نمایاں ہوتے ہیں۔ (وہ صحابی کہتے ہیں)، تو میں نے عرض کیا کہ رسول کریم علیہ الصلوٰۃ والتسلیم کے بعد بھی وحی (نازل ہونے لگی) ہے؟ تو آپ نے فرمایا نہیں یہ وحی نہیں ہے بلکہ بصیرت اور قوی دلیل اور فراستِ صادقہ ہے۔

ان کے علاوہ علامہ ابن القیم نے بہت سے واقعات فراستِ صادقہ کے ذکر کیے اور آخر میں بطورِ تفریع اور نتیجہ فرمایا:

فھٰذا شان الفراسۃ وھی نور یقذفہ اللہ فی القلب فیخطر لہ الشیئ فیکون کما خطرلہ وینفذ الی العین فیری ما لا یراہ غیرھا۔ (ص۲۳)

پس یہ ہے فراست کا شان اور یہ ایک نور ہے جو اللہ تعالیٰ دل میں ڈالتا ہے پس اس میں ایک چیز کھٹکتی ہے اور اسی طرح ہو جاتی ہے جیسے کہ کھٹکے اور وہی نور آنکھ کی طرف نفوذ وسرایت کرتا ہے پس وہ آنکھ جو کچھ دیکھتی ہے جو دوسری آنکھیں نہیں دیکھ سکتیں۔

تنبیہ نبیہ: علامہ ابن القیم کی اس طویل عبارت سے ترمذی شریف

Marfat.com

کی اس حدیث کی تشریح و توضیح بھی ہوگئی اور بخاری شریف والی حدیث قدسی کی تشریح اور تفسیر بھی ہوگئی اور مزید دلائل بھی قائم ہوگئے جن سے واضح ہو گیا کہ کاملین عباد انبیاء و رسل اور اولیاء کرام اور محبوبانِ خداوند تعالےٰ اللہ تعالیٰ کے انوار سے منور ہو جاتے ہیں اور انکی جسمانی و روحانی قوتوں کا اور مشاعر و حواس اور عقل و خرد کا منبع و سرچشمہ وہی نور ہوتا ہے اور جتنا زیادہ قرب کسی کو نصیب ہوگا اتنا ہی زیادہ اللہ تعالیٰ کا نور اس میں منعکس ہوگا اور اسی قدر اس کی روحانی اور قلبی اور جسمانی و قالبی قوتیں روشن و مستنیر ہونگی اور دارِ تکلیف میں ہوتے ہوئے جب ان کے علم و ادراک اور سمع و بصر اور قوۃ اخذ و بطش وغیرہ میں عام اہلِ اسلام کی نسبت بعد بعید اور بین و واضح فرق ہے تو دارِ برزخ اور عالمِ آخرت میں یہ فرق مزید نمایاں اور اُجاگر ہوگا کیونکہ وہ تو ہے ہی خوارق عادات کا عالم اور اس میں یہ کاملین ملاء اعلیٰ کے ساتھ لاحق ہوتے ہیں اور کارکنانِ قضا و قدر میں شامل ہو چکے ہوتے ہیں تو ان میں غیب اضافی کا علم و ادراک اور دائرہ تدبیر و تصرف میں معائنہ و مشاہدہ اور باذن اللہ امداد و اعانت اور تدبیر و تصرف تسلیم کرنا لازم اور ضروری ہے اور اس کا انکار سراسر تحکم اور سینہ زوری ہے۔ آیات و احادیث سے اعراض و روگردانی ہے اور اکابرینِ ملت کے بیان کردہ معانی و مطالب سے انحراف و استنکار ہے اور واقعات و حقائق کا جحود و انکار ہے جو عام مومن کے بھی لائق نہیں چہ جائیکہ کسی عالم کے لائق ہو اور جس طرح کی

Marfat.com

کی استمداد و استعانت ان سے دنیوی اور ظاہری حیاتِ طیبہ میں ہو سکتی تھی اس قسم کی استمداد و استعانت بعد از وفات اور وصال بھی جائز اور صحیح ہے کیونکہ اپنی شان کے لائق امداد و اعانت کرنا رُوح کا کام ہے اور وُہ زندہ ہے اس پر موت وارد نہیں ہوتی بلکہ موت بدن پر وارد ہوتی ہے اور بدن کا غلاف الگ ہونے سے رُوح کی نورانیت اور ان کی قوّتیں مزید نکھر جاتی ہیں اور جب دنیوی زندگی میں تقییدِ جسم و اور پابندیٔ بدن کے باوجود مکتسب نورانیت سے دُور و نزدیک یکساں ہو جاتے ہیں اور دیکھنے سُننے اور پکڑنے پہنچنے میں بعد مسافت حائل نہیں ہوتا تو اس اطلاق اور تجرد کے بعد بطریقِ اولیٰ اور ٹھیک مقتدر کے حضور محبُوبیت کی مسند نشینی کے بعد باحسن طریقِ امداد و اعانت ہو سکتی ہے۔

رُوح کے لیے قرب بُعد یکساں ہیں

اگرچہ ہمارے پیش کردہ حوالہ جات سے یہ حقیقت عیاں اور مستغنی از بیان ہو چکی ہے لیکن مزید چند حوالے پیش خدمت ہیں تاکہ اہلِ تسلیم کے لیے مزید تسکین و اطمینان کے موجب بن جائیں اور متردین و مذبذبین کے لیے ہدایت و ارشاد کا ذریعہ و وسیلہ بن سکیں۔

وما ذٰلک علی اللہ بعزیز۔

Marfat.com

۱۔ حضرت شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی علیہ الرحمہ فرماتے ہیں :

ارواحِ نیکاں بعد از قبض درآں جا (علّیین) می رسند و مقربان یعنی انبیاء و اولیاء درآں مستقر میمانند و عوام صلحاء بعد از نویسانیدن و رسانیدن نامہائے برحسب مراتب در آسمانِ دُنیا یا درمیان آسمان و زمین یا در چاہ زمزم قراری دہند و تعلّق بقبر نیز ایں ارواح را میباشد کہ بحضور زیارت کنندگان و اقارب و دیگر دوستاں بر قبر مطلع و مستانس میگردند زیراکہ رُوح را قرب و بعد مکانی مانع ایں دریافت نمی شود۔ (ص۱۰۰ ج عم)

نیک لوگوں کی ارواح قبض کیے جانے کے بعد علّیین کے مقام میں پہنچ جاتی ہیں اور مقربانِ خداوند تعالیٰ یعنی انبیاء اور اولیاء اسی مقام میں قرار پکڑتے ہیں اور عام صلحاء کی ارواح کے نام اعلیٰ علّیین میں لکھوانے اور وہاں پہنچانے کے بعد ان کے مراتب و درجات کے مطابق آسمانِ دنیا میں یا آسمان و زمین کے درمیان یا زمزم کے چشمہ میں ٹھکانہ دیتے ہیں اور ان رُوحوں کو قبر کے ساتھ بھی تعلّق ہوتا ہے حتّٰی کہ زیارت کرنے والوں کی حاضری اور اقارب اور دوست احباب کی قبر پر آمد سے مطلع ہو جاتے ہیں اور انس و راحت حاصل کرتے ہیں۔

کیونکہ رُوح کے لیے مکان کے لحاظ سے قریب یا بعید ہونا اس علم و ادراک میں مانع نہیں ہو سکتا۔

۲۔ علّامہ سیّد محمود آلوسی فرماتے ہیں :

ان البعد علیٰ مذھبنا غیر مانع من السماع (ص۲۳ ج۱۴)

Marfat.com

ہمارے (اہل السنت کے) مذہب میں بعد مسافت سننے میں مانع نہیں ہو سکتا۔

۳۔ علامہ ابن قیم حنبلی فرماتے ہیں:

فللروح المطلقة من اسر البدن و علائقه وعوائقه من التصرف والقوة والنفاذ والهمة وسرعة الصعود الى الله والتعلق بالله ماليس للروح المهينة المحبوسة فى علائق البدن وعوائقه فاذا كان هذا و هى محبوسة فى بدنها فكيف اذا تجردت وفارقته واجتمعت فيها قواها و كانت فى اصل شانها روحا علية زكية كبيرة ذات همة عالية فهذه لها بعد مفارقة البدن شان آخر وفعل آخر

كتاب الروح - (ص۱۰۳)

بدن کی قید سے آزاد اور بدنی تعلقات اور موانع سے مبرا روح کے لیے ایسا تصرف اور قوت وطاقت اور نفوذ و سرایت اور اللہ تعالیٰ کی طرف فوری طور پر بلند ہونے اور اس سے تعلق قائم کرنے کی صلاحیت واستعداد حاصل ہوتی ہے جو حقیر اور بدن کی قید میں مقید اور بدنی تعلقات اور موانع میں جکڑی ہوئی روح کو حاصل نہیں ہوتی اور روح کا جب بدن میں مقید و محبوس ہوتے ہوئے یہ حال ہے تو اس وقت اس کی حالت کیا ہو گی جب بدن سے مجرد ہو جائے اور جدا ہو جائے اور اس میں اس کی

Marfat.com

تمام ترقیاں جمع ہوجائیں اور اپنی حالت کے اعتبار سے بھی عالی مرتبت پاکیزہ فطرت، عظیم المقدار اور بلند ہمّت ہو تو بدن سے مفارقت اور جدائی کے بعد اس کی شان نرالی ہوگی اور فعل و تاثیر بھی انوکھی ہوگی۔

۴ - جناب حسین احمد صاحب مدنی شہاب ثاقب میں علامہ رشید احمد گنگوہی کے حوالے سے لکھتے ہیں:

مرید ہم بیقین داند کہ روح شیخ مقید بیک مکان نیست پس مرید ہر آنجا کہ باشد اگرچہ از شخص شیخ دور است اما از روحانیت او دور نیست

یعنی مرید کو یقین رکھنا چاہیے میرے شیخ کی روح کسی ایک مکان کی پابند نہیں ہے لہٰذا مرید جہاں کہیں بھی ہو وہ اگرچہ اپنے شیخ کے بدن سے دور ہے لیکن اس کی روح سے دور نہیں ہے۔

نیز یہ مسئلہ حقیقت ہے کہ روح نورانی مخلوق ہے اور "امرِ کُن" سے پیدا ہونے والی ہے اربعہ عناصر سے اس کی تخلیق نہیں ہوئی جیسے کہ امام رازی فرماتے ہیں:

ان الارواح البشریۃ من جنس الملٰئکۃ

تو جس طرح کا تجرد نوریوں اور ملائکہ میں ہے اور دور سے سننے اور دیکھنے کی صلاحیت و استعداد ان میں موجود ہے لا محالہ اس میں بھی ہونی چاہیے بشرطیکہ اس کا جوہر اصلی بحال کر دیا گیا ہو اور بدنی آلائشوں اور آلودگیوں سے اس کو منزہ و مبرا کر دیا گیا ہو اور اس کا اصلی جوہر نکھر چکا ہو

۱ - حضرت ملک الموت فردِ واحد ہونے کے باوجود تمام جانداروں کی

Marfat.com

رُوح قبض کرتے ہیں اور یہ بھی ممکن ہے کہ ان کی مدتہائے عمر سے آگاہ ہوں اور کس جگہ ان پر موت واقع ہونی ہے اور کس لمحے رُوح قبض کرنی ہے، اور اس وقت وُہ کہاں پر موجود ہیں اور پھر ان میں قدرت وطاقت بھی اتنی ہونی چاہیے کہ بیک وقت لاکھوں کروڑوں کی ارواح کو قبض کرسکیں چنانچہ علامہ سید محمود آلوسی رحمۃ اللہ فرماتے ہیں :

ذهب الجمهور من العلماء الیٰ ان ملك الموت لمن يعقل ومن لا يعقل من الحيوان واحد وهو عزرائيل عليه السّلام وكذا فى فتاوىٰ حديثيه مـــ

(رُوح المعانی صـــ۱۱۳ ج ۲۰)

جمہور علمار کرام کا مذہب یہ ہے کہ عقل وعلم والی اشیار اور بے عقل و بے علم اشیار کا موت والا فرشتہ ایک ہی ہے اور وہ ہیں حضرت عزرائیل علیہ السلام اور ان کی ملکی اور نُورانی قوّت کے مقابل پوری دُنیا تھال اور پیالہ کی مانند ہے جیسے رسُولِ معظّم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا :

الدنيا بين يدى ملك الموت كالطست بين يدى الرجل اخرجه ابُوالشيخ - جعلت الارض لملك الموت مثل الطست يتناول منها حيث يشاء

(شرح الصدور صـــ۱۵)

پوری دُنیا اس کے سامنے طشت کی مانند ہے وُہ جہاں سے چاہے ارواح کو پکڑ لیتا ہے۔

Marfat.com

اور خود ملک الموت کا بیان ہے :

ان اللہ سخر لی الدنیا فھی کالطست یوضع قدام احدکم فتناول من اطرافھا ماشاء کذالک الدنیا عندی ۔ (شرح الصدور صـ۱۹)

کہ پوری دُنیا میرے سامنے اللہ تعالیٰ نے سخر فرما دی ہے پس وُہ میرے سامنے ایسے ہے جیسے تم میں سے کسی کے سامنے تھال رکھ دیا جائے پس وُہ اس کے اطراف سے جہاں سے چاہتا ہے لے لیتا ہے ۔

۲ - جمہور کے مذہب کے مطابق منکر اور نکیر صرف دو شخص ہیں جو ہر میت کی قبر میں موجود ہوتے ہیں اور اس سے سوال وجواب میں مصروف ہوتے ہیں حالانکہ اموات کی قبور میں باہم سینکڑوں ہزاروں میلوں کا فاصلہ ہوتا ہے ۔ چنانچہ علامہ محمّد ادریس کاندھلوی دیوبندی رسالہ علم الکلام میں لکھتے ہیں جس کا ملخص یہ ہے :

کہ ظاہر احادیث سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ منکر اور نکیر صرف دو فرشتے ہیں جو سوال کے لیے مقرر کیے گئے ہیں اور یہی قول جمہور علماء کا ہے اور ان کو کراماً کاتبین کی طرح ملائکہ کی جماعت قرار دینا قول شاذ ہے ۔

۳ - جب ہمارا امام زمین پر اپنی مسجد میں امامت کر رہا ہوتا ہے تو فرشتے اس کی اقتداء میں پرے جمائے ہوئے سطح زمین سے آسمان تک نماز میں مصروف ہوتے ہیں اور جب امام ولا الضالین پڑھتا ہے تو فرشتے آسمانوں میں بھی اس کی ولا الضالین پر آمین کہتے ہیں جیسے کہ بخاری شریف میں ہے :

Marfat.com

ان رسُول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال اذا قال الامام غیر المغضوب علیھم ولا الضالین فقولوا اٰمین فانہ من وافق تامینہ تامین الملٰئکۃ غفرلہ ما تقدم من ذنبہ ۔

اور دُوسری روایت میں ہے :

اذا قال احدکم اٰمین وقالت الملٰئکۃ فی السماء اٰمین فوافقت احدھما الاخریٰ غفرلہ ما تقدم من ذنبہ

(ص ۸۸ ج ۱)

۴۔ جب رات کو خاوند بیوی کو اپنے بستر پر بلاتا ہے اور وہ انکار کردیتی ہے تو آسمانوں میں فرشتے ساری رات اس عورت پر لعنت بھیجتے رہتے ہیں

قال رسُول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اذا دعا الرجل امرتہ الیٰ فراشہ فابت فبات غضبان لعنتھا الملٰئکۃ حتّٰی تصبح ۔

متفق علیہ اور دُوسری روایت میں اس طرح وارد ہے :

الا کان الذی فی السماء ساخطا علیھا حتّٰی یرضیٰ عنھا

(مشکوٰۃ شریف)

کہ آسمان والا ہر فرد اس پر ناراض ہوتا ہے یہاںتک کہ خاوند اس سے راضی ہو جائے (تب وُہ بھی راضی ہو جاتے ہیں)۔

۵۔ حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسُول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

Marfat.com

نے فرمایا :

لا تؤذی امرءۃ زوجھا فی الدنیا الا قالت زوجتہ من الحور العین لا تؤذیہ قاتلک اللہ فانما ھو عندک دخیل یوشک ان یفارقک الینا۔

(رواہ الترمذی وابن ماجہ ومشکوٰۃ)

جب کوئی عورت دُنیا میں اپنے خاوند کو ایذاء اور تکلیف دیتی ہے تو حُورِ عین میں سے اس کی بیوی اسے کہتی ہے اسے تکلیف نہ دے اللہ تجھے ہلاک کرے وُہ تیرے پاس چند روزہ مہمان ہے عنقریب وُہ تجھ سے جُدا ہو کر ہماری طرف آنے والا ہے۔

وُہ جنّتی حُور جس کا زوجیت والا تعلق ابھی قائم نہیں ہوا بلکہ مدّت مدیدہ کے بعد قائم ہونا ہے اور وُہ جنّت کی بلندیوں پر موجود ہے گر اتنی دُور سے دُنیا میں بیوی کے خاوند سے جھگڑنے کا اسے علم ہو جاتا ہے اور اپنے ہونے والے خاوند کی ایذاء اور تکلیف پر مطلع ہو جاتی ہے اور غم و غصّہ کا اظہار کرتی ہے۔ اور ملائکہ کو بیوی کے خاوند سے ناراض ہونے کا علم بھی ہو جاتا ہے اور خاوند کو ناراض کرنے کی وجہ سے اس پر لعنت بھیجتے رہتے ہیں حالانکہ ان کا اس عورت کے خاوند سے اتنا قریبی تعلق نہ ہوتا ہے اور نہ ہی ہو سکتا ہے جتنا کہ نبی علیہ السّلام کو اُمّت سے اور مشائخ عظام کو اپنے مریدین و متوسلین سے اور ارواح کو اپنے ابدان اور اپنے خویش و اقرباء اور دوست و احباب سے اور ایصالِ ثواب کرنے والوں سے

Marfat.com

اور ہروقت دُعائیں کرنے والوں سے ہے بلکہ وُہ تو سراسر رُوحانی تعلق بھی ہے جو اکمل ترین ہے اور سراسر اخلاص وللّہیت پر مبنی ہے تو پھر ان کو بیخبر اور غافل سمجھنا کیونکر درست ہو سکتا ہے اور بالخصوص سیدالانبیاء صلی اللہ علیہ وسلم کا اُمّت سے کامل تر تعلق ہے اور بالمؤمنین رؤف رحیم کی شان کے بھی مالک ہیں جس طرح رحمۃ للعالمین کی شان کے مالک ہیں پھر آپ صلّی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم اُمّت سے بے تعلق کیونکر ہو سکتے ہیں اور آپ کے حق میں بیخبری اور لاعلمی کا دعویٰ کیونکر کیا جا سکتا ہے بلکہ سیدِ عالم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم خود ارشاد فرماتے ہیں :

۶۔ ان علمی بعد مماتی کعلمی فی حیاتی ۔

(خصائص ص۲۸۱ ج ۲ ۔ الحاوی للفتاویٰ ص۱۳۰ ج ۲ ۔ رواہ البیہقی فی حیاۃ الانبیاء والاصبہانی فی الترہیب)۔

یعنی میرا علم وفات کے بعد بھی ایسے ہی ہے جیسے کہ ظاہری حیات میں

۷۔ گھروں میں داخل ہونے پر اگر وُہ خالی ہوں تو نبیِ اکرم صلّی اللہ علیہ وسلم کو سلام پیش کرنے کا حکم دیا گیا ہے ۔

کما قال تعالیٰ :

اذا دخلتم بیوتاً فسلموا علیٰ انفسکم ۔

جیسے کہ عمرو بن دینار سے مروی ہے :

ان لم یکن فی البیت احد فقل السلام علی النبی ورحمۃ اللہ وبرکاتہٗ ۔

Marfat.com

کہ اگر گھر میں کوئی نہ ہو تو اس طرح کہو :

اَلسَّلَامُ عَلَى النَّبِیِّ وَرَحْمَۃُ اللّٰہِ وَبَرَکَاتُہٗ

اور علقمہ سے مروی ہے کہ جب میں مسجد میں داخل ہوتا ہوں تو کہتا ہوں:

اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ اَیُّہَا النَّبِیُّ وَرَحْمَۃُ اللّٰہِ وَبَرَکَاتُہٗ
صَلَّی اللّٰہُ وَمَلٰٓئِکَتُہٗ عَلٰی مُحَمَّدٍ ۔

اور ایسے ہی کعب احبار سے مروی ہے ۔

علامہ علی قاری فرماتے ہیں اس وقت صلوٰۃ و سلام عرض کرنے کی دراصل وجہ یہ ہے :

لان روح النبی صلی اللّٰہ علیہ وسلم حاضرۃ فی بیوت اھل الاسلام ۔ (شرح شفاء صـ۴۶۴ ج ۳)

کیونکہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی روحِ مقدسہ اہل الاسلام کے گھروں میں جلوہ گر ہوتی ہے ۔

جبکہ اعلیٰ علیین میں بھی اس کی جلوہ گری مسلّم اور روضۂ اطہر اور بدنِ انور سے تعلق کامل بھی مسلّم ہے اور اہلِ اسلام کے گھروں میں جلوہ گری بھی ہے تو پھر آپ کو دُوری کی وجہ سے غافل اور بیخبر سمجھنا کیونکر جائز ہو سکتا ہے ۔ اگر علماءِ دیوبند کے پیر و مرشد کی رُوح ہر مُرید کے ساتھ ساتھ ہوتی ہے اور جسم کی دُوری سے اس کی رُوح سے دُور ہونا لازم نہیں آتا تو غوثِ اعظم شیخ عبدالقادر جیلانی ، خواجہ خواجگان خواجہ معین الدین اجمیری اور خواجہ بہاؤ الدین نقشبند اور حضرت شیخ شہاب الدین سہروردی رضی اللہ عنہم

Marfat.com

کے مُریدین و متعلقین سے ان کی ارواح کاملہ علویہ زکیہ مجردہ کی دُوری کیونکر لازم آتی ہے اور وُہ ان سے غافل و بیخبر کیونکر ہو سکتے ہیں؟

تلك اذاً قسمة ضيزىٰ -

یہ بہت بڑی غیر منصفانہ تفریق و تقسیم ہے۔

بلکہ جب علماءِ دیوبند نے اپنی دکان چمکانی ہوتی ہے تو ان کے لیے علم و ادراک بھی تسلیم کر لیتے ہیں اور فیض رسانی کے لیے صدیوں بعد پیدا ہونے والے کے گھر میں چل کر آنے اور اسے اس کے گھر کو پہچان سکنے کی قوت و طاقت بھی تسلیم کر لی جاتی ہے مگر دُوسروں کے حق میں ان کی ذات کو پھر بے علم و بیخبر اور شعور و ادراک سے محروم اور تدبیر و تصرف سے عاجز و قاصر کہہ دیا جاتا ہے۔ یالعجب

۸۔ نیز جنّات و شیاطین میں محض جوہر ناری سے تخلیق کی وجہ سے لطافت پائی جاتی ہے مگر اس کی وجہ سے وُہ ادراکات و علوم میں اور حواس و مشاعر میں عام انسانوں بلکہ مُسلمانوں سے نمایاں اور امتیازی قوت کے مالک ہوتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ کا ارشادِ گرامی ہے:

اِنَّهٗ يَرٰىكُمْ هُوَ وَقَبِيْلُهٗ مِنْ حَيْثُ لَا تَرَوْنَهُمْ

(سُورۃ الاعراف آیت ۲۷)

شیطان اور اس کا گروہ تمہیں وہاں سے دیکھ لیتا ہے جہاں سے تم ان کو نہیں دیکھ سکتے۔

اور عفریت کا یہ دعویٰ:

Marfat.com

أَنَا آتِيكَ بِهِ قَبْلَ أَن تَقُومَ مِن مَّقَامِكَ ۖ وَإِنِّي عَلَيْهِ لَقَوِيٌّ أَمِينٌ ۝ (سورۃ النمل آیت ۳۹)

میں بلقیس کا تخت لا دیتا ہوں تمہارے اپنے مقام سے اٹھنے سے پہلے اور میں اس پر قادر ہوں قابلِ وثوق اور لائق اعتبار ہوں، بھی اس کی قوت و طاقت اور حواس و مشاہرہ کی امتیازی حیثیت کی دلیل ہے۔

۱۰- نیز ابلیس لعین کا یہ دعویٰ:

لَأُغْوِيَنَّهُمْ أَجْمَعِينَ ۝ (سورۃ الحجر آیت ۳۹)

میں سب بنی آدم اور نسلِ انسانی کو گمراہ کردوں گا۔

اور یہ دعویٰ:

لَأَقْعُدَنَّ لَهُمْ صِرَاطَكَ الْمُسْتَقِيمَ ۝

(سورۃ الاعراف آیت ۱۶)

میں ان کے (بہکانے کیلئے) سیدھے راستے پر بیٹھ جاؤں گا اور انہیں سیدھی راہ پر نہیں چلنے دوں گا۔ وغیر ذٰلک،

اس امر کے بیّن دلائل ہیں کہ محض ناری جوہر اور عنصری لطافت کی وجہ سے شیاطین اور جنات میں اس طرح کی قوتیں اور طاقتیں موجود ہیں، اور ان کے حواس و مشاعر دور دراز تک دیکھنے سننے اور وسوسہ اندازی وغیرہ پر قادر ہوتے ہیں۔

شیطان کی وسعتِ علم بزبان علماءِ دیوبند

اور علماء دیوبند بھی اس حقیقت کے معترف اور قائل ہیں بلکہ ابلیس لعین

Marfat.com

کے لیے زمین کے علم محیط کو منصوص مانتے ہیں جیسے براہین قاطعہ میں علامہ خلیل احمد انبیٹھوی صاحب نے تصریح کی ہے اور علامہ رشید احمد صاحب گنگوہی نے اس کا حرف بحرف مطالعہ کر کے اس کی تایید و تصدیق کی ہے۔ چنانچہ لکھتے ہیں کہ :

الحاصل غور کرنا چاہیے کہ شیطان اور ملک الموت کا حال دیکھ کر علمِ محیط زمین کا فخرِ عالم کو خلافِ نصوص قطعیہ کے بلا دلیل محض قیاسِ فاسدہ سے ثابت کرنا شرک نہیں تو کونسا ایمان کا حصہ ہے۔ شیطان اور ملک الموت کو یہ وسعت نص سے ثابت، فخرِ عالم کی وسعتِ علم کی کونسی نص قطعی ہے کہ جس سے تمام نصوص کو رد کر کے ایک شرک ثابت کرتا ہے۔ (ص۵۱)

لہٰذا یہ حقیقت کسی صاحبِ عقل اور مالکِ خرد سے مخفی نہیں رہ سکتی، کہ جو ہر ناری کی نسبت نوری میں لطافت زیادہ ہے تو لا محالہ نوریوں میں قوتیں اور طاقتیں جنوں کی نسبت زائد ہونی چاہئیں اور ان کے علوم و ادراکات اور شعورات و احساسات بھی بیش از بیش ہونے چاہئیں اس لیے ابلیس لعین اور اس کے عساکر پر ملائکہ کو غلبہ حاصل ہے اور انہیں دیکھتے ہی یہ لعین بھاگ جاتا ہے جیسے کہ میدانِ بدر میں ملائکہ کو نازل ہوتے دیکھا تو بھاگ کھڑا ہوا اور کفار کے پکارنے پر کہا :

اِنِّیْ بَرِیْٓءٌ مِّنْکُمْ اِنِّیْٓ اَرٰی مَا لَا تَرَوْنَ اِنِّیْٓ اَخَافُ اللّٰہَ ؕ وَاللّٰہُ شَدِیْدُ الْعِقَابِ ۝ (سورۃ الانفال ۴۸)

میں تم سے بیزار ہوں۔ میں وہ کچھ دیکھتا ہوں جو تم نہیں دیکھتے میں

Marfat.com

اللہ تعالیٰ سے ڈرتا ہوں اور اللہ سخت عذاب وعتاب والا ہے۔ اور ہمارے ذکر کردہ حوالہ جات اور بالخصوص قربِ فرائض و قربِ نوافل اور نورِ فراست کے متعلق وارد حدیثوں اور علماءِ اعلام کے اقوال سے یہ حقیقت واضح ہو گئی کہ محبوبانِ خداوند تعالیٰ اللہ تعالیٰ کے انوار و تجلّیات کا مظہر بن جاتے ہیں اور سراسر نُور ہو جاتے ہیں تو پھر ان کی قوتوں اور طاقتوں اور علوم وادراکات کو بھی عام لوگوں سے بلکہ جنّات و شیاطین سے بلکہ عام ملائکہ سے بھی زائد تسلیم کرنا ضروری ہے اور اللہ تعالیٰ نے حضرت آدم علیہ السلام کے سامنے ملائکہ اور ابلیس و شیاطین کا علم الاسماء میں عجز ثابت کر کے اور آصف بن برخیا کے مقابلہ سے عفاریت و شیاطین کا عجز ثابت کر کے بتلا دیا کہ خواصِ بشر کو خواصِ ملائکہ پر فوقیت و فضیلت حاصل ہے چہ جائیکہ عوام ملائکہ اور جنّات و شیاطین پر اور اولیاء مجذوبین اور اوساطِ بشر کو بھی شیاطین وغیرہ پر ان امور میں فوقیت اور برتری حاصل ہے اور بالخصوص جب وُہ سراسر رُوح بن جائیں بلکہ سراسر رُوح رہ جائیں اور حجابِ بدن بالکل زائل ہو جائے۔

ایک غلطی کا ازالہ

علماءِ دیوبند نے اس اندازِ استدلال پر تنقید، اعتراض اور اس پر جرح قدح کرتے ہوئے کہا :

اگر فضیلت ہی موجب اس کی ہے تو تمام مسلمان اگرچہ فاسق ہوں اور خود مؤلف (صاحبِ انوارِ ساطعہ) بھی شیطان سے افضل ہیں تو مؤلف سب عوام میں بسبب افضلیت کے شیطان سے زیادہ نہیں تو اس کے

Marfat.com

برابر تو علم غیب بزعم خویش ثابت کردے اور مؤلف خود تو اپنے زعم میں اکمل الایمان ہے تو شیطان سے ضرور افضل ہو کر اعلم من الشیطن ہو گا معاذ اللہ مؤلف کے ایسے جہل پر تعجب بھی ہوتا ہے اور رنج بھی کہ ایسی نالائق بات منہ سے نکالنا کس قدر دُور از علم و عقل ہے

(براہین قاطعہ مؤلفہ خلیل احمد صاحب مصدقہ رشید احمد صاحب)

مگر علماءِ دیوبند نے یہاں پر خود غلطی کھائی ہے اور غور و فکر اور فہم و تدبّر کا مظاہرہ نہیں کیا کیونکہ مومن خواہ فاسق ہو اس کو شیطان پر بیشک فضیلت حاصل ہے مگر وہ ثواب اور نجات والی فضیلت ہے اور انبیاء کرام اور اولیاء کرام کو جو فضیلت حاصل ہے وہ صرف ثواب اور نجات کے لحاظ سے نہیں بلکہ جوہر کی نورانیت اور باطن کی لطافت و تجرد کے لحاظ سے ہے اور یہی حقیقت شیطان کی نظر سے اوجھل رہی اس لیے انا خیر منہ کا دعویٰ کر دیا کہ میں آدم سے بہتر ہوں

خلقتنی من نار و خلقتہ من طین

تو نے مجھے آگ سے پیدا کیا ہے اور حضرت آدم کو مٹی سے پیدا کیا ہے۔

ورنہ اگر وہ اس پیکرِ خاکی میں مستور جوہر نوری اور رُوح لطیف کو دیکھ لیتا اور مقام نبوّت کو ملحوظ رکھتا تو کبھی دعویٰ نہ کرتا اور اسی طرح ان علماءِ دیوبند کو بھی یہ حقیقت سمجھنا دشوار ہو گیا کہ پیکرِ خاکی جب اپنے روح کو عالم آب و گل کی آلائشوں سے منزہ و مبرا کر لیتا ہے اور سراسر

لہ علیہم السلام۔

Marfat.com

نور بن جاتا ہے تو صرف عام مومنین سے نہیں بلکہ جنّات و شیاطین اور عام ملائکہ سے بھی اس کو دوہری برتری حاصل ہو جاتی ہے ثواب کی کثرت کے لحاظ سے بھی اور جوہر کی لطافت کے لحاظ سے بھی۔ لہٰذا صاحبِ انوارِ ساطعہ نے نالائق بات مُنہ سے نہیں نکالی اور نہ ہی کسی جہالت کا مظاہرہ کیا ہے بلکہ معترض حضرات کی اپنی کوتاہ بینی اور کج فہمی نے ان کو اس عمیق گڑھے میں گرایا ہے اور جواہر و حقائق کا باہمی تفاوت نظر انداز کر کے اس غلطی اور سوءِ فہم کے مرتکب ہُوئے۔

نیز ان کا شیطان اور ملک الموت کے لیے علمِ محیطِ زمین کا تسلیم کرنا اس امر کی بُرہان ناطق بن گیا کہ اس مسئلے میں کوئی نزاع نہیں کہ غیر اللہ میں اس قدر وسیع اور محیط علم ہو سکتا ہے بس نزاع و اختلاف صرف اس میں ہے کہ فخرِ عالم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم میں نہ مانو۔ دُوسرے جس شخص میں چاہو مان لو۔ فخرِ عالم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم میں مانو تو ہم تمہیں ضرور مشرک قرار دیں گے اور انکے ماسوا میں تسلیم کر لو خواہ ابلیس میں بھی تو ہماری طرف سے کوئی اعتراض نہیں بلکہ ہم تمہاری تائید و تصدیق کریں گے اور تحسین و تصویب۔ گویا اللہ تعالیٰ ایسی نعمتیں نہیں دیتا تو صرف سید المحبوبین رحمۃ للعالمین صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم کو اور دیتا ہے تو ابلیس لعین کو بھی۔ العیاذ باللہ تعالیٰ۔ دوسروں میں علمِ غیب بھی ہو سکتا ہے اور وُہ حاضر و ناظر بھی ہو سکتے ہیں لیکن یہ صفاتِ کمال نہیں ہو سکتیں بلکہ شرک بن جاتی ہیں تو صرف محبُوبِ مکرّم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم میں ؎

Marfat.com

خرد کا نام جنوں کر دیا جنوں کا خرد
جو چاہے آپ کا حُسن کرشمہ ساز کرے

نیز ان علماء دیوبند کو یہ بھی سمجھنے کی توفیق نہیں ہوئی کہ قیاس اور دلالت النص میں کیا فرق ہے؟ حقیقتِ حال یہ ہے کہ یہاں قیاس سے کام نہیں لیا گیا بلکہ دلالت النص سے کام لیا گیا ہے کہ جب ادنیٰ درجہ کی لطافت و تجرید سے اس طرح کی قوتیں اور ادراکات حاصل ہو سکتے ہیں تو اعلیٰ درجہ کی نورانیت اور تجرد و لطافت کے پائے جانے پر بطریقِ اولیٰ اس سے بھی اعلیٰ وارفع قوتیں اور طاقتیں اور علوم و ادراکات پائے جائیں گے جس طرح ماں باپ کو اُف کہنا از روئے قرآن مجید حرام ہے تو اس سے بطریقِ اولیٰ مارپٹائی کی حرمت ثابت ہو جائے گی اور کوئی صاحبِ علم اس کو یہ نہیں کہہ سکتا کہ یہ تو قیاس ہے بلکہ ہر ادنیٰ سمجھ والا اس کو قرآنی حکم اور قطعی فرمان اللہ تعالیٰ کا سمجھے گا۔

اسی طرح جو مقدس ہستی نورانیت و لطافت میں ملک الموت سے بھی زائد ہے اس کو لامحالہ اس سے بھی زیادہ قوت و طاقت اور علم و آگہی اور احساس و شعور حاصل ہوگا چہ جائیکہ ابلیس لعین ناری سے زائد نہ ہو۔ العیاذ باللہ تعالیٰ۔ لہٰذا علامہ عبدالسمیع صاحب نے بڑی قابلِ قدر اور لائقِ داد و تحسین اور مستحق صد آفرین دلیل پیش کی ہے اور انبیاء و رسل اور صدیقین و محبوبین کے مقام رفیع اور منصب وقیع کو اُجاگر کرنے اور مفضول اور کمترین نورانیت اور ادنیٰ تجرد و لطافت والوں پر ان کی ذاتی

Marfat.com

فوقیت اور جوہری برتری اور عنصری بالاتری کو نمایاں کیا جس پر وہ صد ہا مبارکبادوں کے مستحق تھے مگر علماء دیوبند فہم سقیم کی وجہ سے رد و انکار کی دلدل میں ہی پھنسے رہے اور صرف ملک الموت اور شیطان کی عظمت اور اعلیٰ برتری ثابت کرنے کے درپے رہے۔

وکم من عائب قولا صحیحا

وآفتہ من الفہم السقیم

علماء دیوبند کا اپنی تکفیر کر ڈالنا

حضرت علامہ عبدالسمیع صاحب کی دلیل کا آنکھیں بند کر کے اور عقل و خرد سے بیگانہ ہو کر رد کرتے ہوئے یہانتک کہہ دیا کہ پس اعلیٰ علیین میں رُوح مبارک علیہ السلام کا تشریف رکھنا اور ملک الموت سے افضل ہونے کی وجہ سے ہرگز ثابت نہیں ہوتا کہ علم آپ کا ان امور میں ملک الموت کے برابر بھی ہو چہ جائیکہ زیادہ چنانچہ وہ اس کی اوپر مذکور ہوئی اور قیاس سے اس کا اثبات جہل ہے شائبہ علم کا بھی اس کا مجوز نہیں ہے۔

(براہین قاطعہ ص۵۲)

مگر جب علماء ہند کی طرف سے ہی نہیں بلکہ حرمین شریفین کے علماءِ کرام کی طرف سے شیطان اور ملک الموت علیہ السلام کو علوم و ادراکات میں سید الساوات صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر فوقیت اور فضیلت دینے کی وجہ سے کفر کا فتویٰ صادر کیا گیا تو المہند مترجم میں کہہ دیا کہ ہمارے نزدیک جو

لہ علیہ السلام۔

Marfat.com

یہ کہے :

فلان اعلم من النبی صلی اللہ علیہ وسلم فھو کافر

(صفحہ نمبر ۶۰)

فلاں شخص نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی نسبت زیادہ علم رکھتا ہے تو وہ کافر ہے۔

حالانکہ مذکورہ عبارت ملک الموت کے علم کی برتری میں صریح ہے اور اس سے قبل ذکر کردہ عبارت بھی شیطان اور ملک الموت علیہ السلام دونوں کی فضیلت اور برتری کے اثبات میں صریح ہے۔ گر یہ عبارتیں بھی بحال رکھیں اور توبہ بھی نہ کرنی تھی نہ کی اور علم میں کسی کو آپ صلی اللہ علیہ وسلم پر فوقیت دینے والے کو کافر کہہ کر اپنے اوپر خود ہی کفر کا فتویٰ لگا دیا۔

یہ ہے نالائق عبارتوں اور گستاخانہ کلمات پر اصرار کی قدرتی سزا اور مؤاخذہ وعتاب اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے عشاق اور محبان صادق پر ناروا تنقید وتنقیص کا قدرتی انتقام اور بدلہ۔ اعاذنا اللہ من ذلک

علماءِ دیوبند کے نزدیک ندائے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی جائز صورتیں اور اُمتیوں کی نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر تفضیل

صرف ملک الموت علیہ السلام اور ابلیس کو نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر فضیلت دینے تک ہی علماء دیوبند نے اپنے آپ کو مقید اور پابند

Marfat.com

نہیں رکھا بلکہ مرتاض اور مجاہدہ کش اور صوفیاء کرام اور اولیاء کرام کو بھی نبیِ کرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر فضیلت اور فوقیت دے دی ہے تفصیل اس اجمال کی یہ ہے کہ علامہ حسین احمد صاحب مدنی نے وہابیہ خبیثہ اور دیوبندیہ کے درمیان متعدد وجوہ افتراق و امتیاز ذکر کیے جن میں سے ندائے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا مسئلہ بھی ذکر کیا اور کہا :

علیٰ ہٰذا القیاس مسئلہ ندائے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں وہابیہ مطلقاً منع کرتے ہیں اور یہ حضرات نہایت تفصیل فرماتے ہیں اور کہتے ہیں :

۱- کہ لفظ یا رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) اگر بلا لحاظ معنیٰ ایسی طرح نکلا ہے۔ جیسے لوگ بوقتِ مصیبت و تکلیف ماں باپ کو پکارتے ہیں تو بلاشک جائز ہے۔

۲- علیٰ ہٰذا القیاس اگر بلحاظ معنیٰ درود شریف کے ضمن میں کہا جاوے گا، تب بھی جائز ہو گا۔

۳- علیٰ ہٰذا القیاس کسی سے غلبہ محبت و شدت وجد و توفر عشق میں نکلا ہے تب بھی جائز ہے۔

۴- اگر اس عقیدہ سے کہا کہ اللہ تعالیٰ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تک اپنے فضل و کرم سے ہماری ندا کو پہنچا دے گا اگرچہ ہر وقت پہنچا دینا ضروری نہ ہو گا مگر اس امید پر وہ ان الفاظ کو استعمال کرتا ہے تو اس میں بھی حرج نہیں ہے۔

۵- علیٰ ہٰذا القیاس ارباب نفوس زکیہ و اصحاب ارواح طاہرہ جن کو

Marfat.com

بعدِ مکانی اور کثافت جسمانی اپنے عرائض کی تبلیغ سے مانع نہ ہوں اس میں بھی کوئی قباحت نہیں۔ (تا) وہابیہ خبیثہ یہ صورتیں نہیں نکالتے اور جملہ انواع کو منع کرتے ہیں چنانچہ وہابیہ عرب کی زبان سے بارہا سنا گیا کہ وہ

اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْكَ یَارَسُوْلَ اللّٰہ

کو سخت منع کرتے ہیں اور اہلِ حرمین پر سخت نفریں اس خطاب اور ندا کی وجہ سے کرتے ہیں اور ان کا استہزاء اڑاتے ہیں اور کلماتِ ناشائستہ استعمال کرتے ہیں حالانکہ ہمارے مقدس بزرگانِ دین اس صورت کو اور جملہ صورتہائے درود شریف کو اگرچہ بصیغۂ خطاب و ندا، کیوں نہ ہوں، مستحب اور مستحسن جانتے ہیں، اور اپنے متعلقین کو اس کا امر کرتے ہیں۔

(شہابِ ثاقب ص۴۵، ص۶۵)

مجھے نفسِ مسئلہ میں علماءِ دیوبند کے اہم رکن کا نظریہ بھی پیش کرنا مقصود ہے اور ان اخلاف کو آئینہ دکھلانا منظور ہے جو مطلقاً یارسول اللہ کہنا اور الصلوٰۃ والسلام علیک یارسول اللہ

کہنا حرام بلکہ شرک قرار دے ڈالتے ہیں اور دیوبندیت کے مدعی ہونے کے باوجود حقیقت میں بقول مدنی صاحب وہابیہ خبیثہ کے زمرے میں شامل ہوتے ہیں۔ نیز یہ بھی واضح کرنا ہے کہ مدنی صاحب کے نزدیک اُمتِ مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں سے ارواحِ طاہرہ اور نفوسِ زکیہ کے مالک اس مرتبہ و مقام کے مالک ہوجاتے ہیں کہ رسولِ معظم صلی اللہ علیہ وسلم سے سینکڑوں بلکہ ہزاروں میل دور ہونے کے باوجود اور بدنی اور جسمانی

Marfat.com

لباسوں اور پردوں میں ملبوس و مستور ہونے کے باوجود بارگاہِ رسالتمآب[1] میں براہِ راست اپنی عرضیاں اور حاجات و ضروریات پیش کر سکتے ہیں اور انہیں کوئی امر مانع نہیں ہوتا لیکن نبیِ مکرّم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلّم کے لیے کوئی ایسی صورت فکر نہیں کی کہ آپ اپنی روحانی طہارت و پاکیزگی اور تجرد و لطافت اور نورانیت کاملہ کی بنا پر دُور دراز سے پکارنے والوں کی آواز خود سُن لیں اور ان کی حاجات و ضروریات معلوم کر لیں اور انکے مشکلات و مصائب پر مطلع ہو جائیں اور اللہ تعالیٰ کے حضور دُعا و التجا کر کے امداد و اعانت بہم پہنچائیں جس سے صاف ظاہر ہے (کیوں کہ السکوت فی معرض البیان بیان ہوا کرتا ہے) کہ علمائے دیوبند نبی الانبیاء حبیبِ کبریا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلّم کے لیے ان صاف باطن اور پاکیزہ روح اور منزّہ نفس اُمتیوں کے برابر بھی صلاحیت و استعداد اور رُوحانی و نُورانی قوّت و طاقت ماننے کو تیار نہیں ورنہ جائز صورتوں میں اس کا ذکر سرِ فہرست نہ ہوتا تو کم از کم پانچویں یا چھٹی جگہ تو ہوتا ہی سہی اس کو سرے سے نظر انداز نہ کیا جاتا بلکہ ناجائز صورتوں میں شمار نہ کیا جاتا۔

لہٰذا اس سے بالکل واضح ہوگیا کہ ان علماءِ دیوبند کے نزدیک صرف ملک الموت اور شیطان ہی نہیں بلکہ اُمتی بھی قوّت و طاقت اور استعداد و صلاحیت میں نبی الانبیاء اور امام المرسلین صلی اللہ علیہ وآلہ وسلّم سے بڑھے ہوئے ہیں اور جن کے توسّط سے اور دسترخوانِ جُود و نوال سے انبیاء و مرسلین علیہم السلام کمال حاصل کرتے ہیں اور نبوّت و رسالت

[1] صلی اللہ علیہ وآلہ وسلّم

Marfat.com

اور آیات و معجزات کی خیرات حاصل کرتے ہیں وُہ اُمت کے بعض کاملین سے بھی کم تر مقام اور درجہ میں ہیں۔ العیاذ باللہ۔

ہمارا نظریہ

جب مدنی صاحب کے اعتراف و تسلیم سے واضح ہوگیا کہ ارواحِ طاہرہ اور نفوسِ زکیہ والے حضرات کے لیے بعدِ مکانی اور کثافتِ جسمانی دُور دراز سے عرائض پیش کرنے میں رکاوٹ نہیں بن سکتے تو پھر ہم یہ عقیدہ رکھنے میں حق بجانب ہیں کہ محبوبیت کے مقام پر فائز اولیاء کرام اور فرائض و نوافل کے انوار سے منوّر اور فراست کے نُور سے بہرہ ور حضرات کو دُور دراز سے پُکارنا اور ان کی شان کے لائق استمداد و استعانت حاصل کرنا بالکل جائز اور صحیح ہے کیونکہ جو استعانت اللہ تعالیٰ سے مختص ہے اور جو چیزیں عطا کرنا اس کا خاصہ ہے وُہ غیر اللہ سے طلب کریں خواہ قریب سے اور ظاہری حیات میں تو پھر بھی شرک ہے اور جو استعانت اس سے مختص نہیں مثلاً دُعاء والتجاء کے ذریعے اللہ تعالیٰ سے لے کر دینے کے عقیدہ پر تو وُہ اولیاء کرام علیہم الرضوان سے جائز ہے خواہ قریب ہوں یا دُور اور ظاہری حالتِ حیات میں ہوں یا وصال فرما چکے ہوں۔ کیونکہ وُہ اللہ تعالیٰ کے انوار سے منوّر ہونے کے بعد ملاء اعلیٰ میں شامل ہوکر کارکنانِ قضاء و قدر سے بن جاتے ہیں اور ان کے لیے دُوریاں اور مسافتیں کوئی حیثیت نہیں رکھتیں اور موت کی صُورت میں حجاب بدن اور پردہ جسمانی کے دُور ہو جانے سے

Marfat.com

روحانی قوتیں اور باطنی صلاحیتیں مزید نکھر جاتی ہیں جیسے کہ کثیر حوالہ جات سے یہ حقیقت واضح کی جا چکی ہے۔

مقام مصطفوی

اور جب غلاموں اور جاںنثاروں میں ایسے کمالات اور امتیازات پائے جاسکتے ہیں بلکہ پائے جاتے ہیں تو وہ نبی ورسول جو ان امتیوں کے لیے بلکہ سب خلائق کے لیے سرچشمہ فیض ہیں اور وسیلہ جلیلہ اور ذریعہ کامل ہیں حصول کمالات میں وہ بطریق اولیٰ ارفع و اعلیٰ کمالات اور بلند و بالا استعدادات کے مالک ہوں گے اور ان کی مدد و اعانت مسلسل ہر فرد ممکنات اور ہر ہر ذرہ کائنات کو حاصل رہے گی۔ والحمد للہ

کیونکہ وہ رحمت کائنات ہیں۔ علیہ الصلوٰۃ والسلام :

وَمَآ اَرْسَلْنٰكَ اِلَّا رَحْمَةً لِّلْعٰلَمِيْنَ ○

(سورۃ الانبیاء آیت ۱۰۷)

اور سب کے رسول برحق ہیں۔

قال تعالیٰ :

لِيَكُوْنَ لِلْعٰلَمِيْنَ نَذِيْرًا ۙ○ (سورۃ الفرقان آیت ۱)

وقال علیہ الصلوٰۃ والسلام :

ارسلت الی الخلق کافۃ ۔

اور رسول رحمت ﷺ ہو کر عالمین سے بے پروائی اور تغافل انکی شان کریمی

ـــه علیہ الصلوٰۃ والسلام۔

Marfat.com

سے سراسر بعید ہے۔

اس حقیقت کا اعتراف علامہ حسین احمد صاحب مدنی کی زبانی سماعت فرمادیں اور خدا توفیق دے تو اس کو مان کر ہماری جماعت میں شامل ہونے کا شرف حاصل کریں اور دور خی اور دوغلی چالوں کو ہمیشہ کے لیے خیر باد کہہ دیں۔

علماءِ دیوبند کا عقیدہ

یہ جملہ حضرات (علماءِ دیوبند) ذاتِ حضور پُر نُور علیہ السلام کو ہمیشہ سے اور ہمیشہ تک واسطہ فیوضاتِ الٰہیہ و میزاب رحمت غیر متناہیہ اعتقاد کیے ہوئے بیٹھے ہیں۔ ان کا عقیدہ یہ ہے کہ ازل سے ابد تک جو جو رحمتیں عالم پر ہوئی ہیں اور ہوں گی۔ عام ہے کہ وُہ نعمت وجود کی ہو یا اور کسی قسم کی ان سب میں آپ کی ذات پاک ایسی طرح پر واقع ہوئی ہے جیسے کہ آفتاب سے نُور چاند میں آیا ہو اور چاند سے نُور ہزاروں آئینوں میں غرض کہ حقیقتِ محمدیہ علیٰ صاحبہا الصلوٰۃُ والسلام واسطہ جملہ کمالاتِ عالم و عالمیاں ہیں اور یہی معنیٰ

لولاک لما خلقت الافلاک اور

اوّل ما خلق اللّٰہ نوری اور انا نبی الانبیاء وغیرہ کے ہیں

اس احسان و انعام میں جملہ عالم شریک ہے۔ علاوہ اس کے

آپ صلی اللّٰہ علیہ وآلہٖ وسلم کی ذاتِ اقدس کو ارواح مومنین سے وُہ خاص نسبت ہے کہ جس وجہ سے آپ باپ رُوحانی جملہ مومنین کے ہیں اور

Marfat.com

یہ احسان بھی ابتدائے عالم سے لے کر آخر تک کے مومنین کو عام ہے۔ علاوہ اس کے مومنین اُمتِ مرحومہ کے ساتھ ماسوا اس کے اور بھی خاص علاقہ ہے جو کہ دیگر امم کے مومنین کو نہیں ہے۔ (شہابِ ثاقب ص۴۷)

علامہ مدنی صاحب ہی اسی کتاب کے صفحہ نمبر ۴۵ پر اس مضمون کو ان الفاظ میں بیان کرتے ہیں :

یہ جملہ حضرات ذات سرورِ کائنات علیہ الصلوٰۃ و السلام کو باوجود افضل الخلائق و خاتم النبیین علیہ السلام ماننے کے آپ کو جملہ کمالات کے لیے اہلِ عالم کے واسطے واسطہ مانتے ہیں یعنی جملہ کمالات خلائق علمی ہوں یا عملی اور نبوت ہو یا رسالت اور صدیقیت ہو یا شہادت، سخاوت ہو یا شجاعت، حلم ہو یا مروت، فتوت ہو وقار وغیرہ وغیرہ۔ سب کے ساتھ اولا بالذات آپ کی ذاتِ والاصفات علیہ السلام جناب باری تعالی عز اسمہ کی جانب سے متصف کی گئی اور آپ کے ذریعہ سے جملہ کائنات کو فیض پہنچا جیسے کہ آفتاب سے نُور قمر میں آیا اور قمر سے نُور ھزاروں آئینوں میں بلکہ وجود جو کہ اصل جملہ کمالات ہے اس کی نسبت بھی ان حضرات کا یہی عقیدہ ہے۔

اسی واسطے براہین میں تصریح کر دی گئی ہے کہ کمالاتِ روحیہ میں کوئی شخص حضرت سرورِ کائنات علیہ الصلوٰۃ والتسلیمات کے مماثل اور مقارب ہو ہی نہیں سکتا اور نہ کسی مسلمان کا یہ عقیدہ ہے اور درحقیقت کمالات تو کمالات روحی ہی ہیں جیسے کہ حقیقتِ انسان رُوح ہے اور یہ جسم خاکی تو

Marfat.com

قالب اور غلافِ آدمی ہے۔ مدار فضائل کا عقلاء کے نزدیک انہیں کمالاتِ روحی پر ہے جسمی پر نہیں ہے۔

پس باعتبار جسمِ اطہر کے اگرچہ آپ اولادِ آدم اور بنی آدم ہیں لیکن باعتبار رُوح کے آپ سب کے امام اور باپ ہیں۔ باوجود اس کے بہ نسبت حضرت ﷺ کے سب مسلمانوں کا عقیدہ ہے کہ ان کو کمالاتِ جسمیہ میں بھی خلائق میں یکتائی تھی اور ہے۔

فوائد و ثمرات

۱- **اوّل**: جب یہ حقیقت تسلیم ہوگئی کہ آپ وجود سمیت تمام کمالات علمیہ و عملیہ میں واسطۂ فیض ہیں سب مخلوقات کے لیے بلا کسی استثناء اور تخصیص کے تو پھر جو جو کمالات ملائکہ اور انبیاء و رسل علیہم السلام میں فرداً فرداً موجود ہیں وُہ اجتماعی طور پر آپ میں تسلیم کرنے ضروری اور لازمی ہیں۔

۲- نیز جب اصل کمالات کمالاتِ روحیہ ہیں اور رُوح ہی حقیقتِ انسانی ہے اور بدن محض غلاف ہے تو پھر ظاہری حیات اور وفات کی حالتوں میں فرق کرنا بھی لغو اور باطل ہوگا بلکہ بعد از وصال روحی کمالات میں ترقی و کمال تسلیم کرنا ضروری اور لازمی ہوگا اور ہم حوالہ جات سے ثابت کر چکے کہ ملائکہ دُور دراز سے دیکھتے اور سُنتے ہیں اور تدبیر و تصرف فرماتے ہیں اور آصف بن برخیا و دیگر اولیاء کرام رحمہم اللہ تعالیٰ کے کمالات اور

ے علیہ السلام۔

Marfat.com

جنّات وغیرہ کے کمالات بھی آپ کے توسل و توسّط سے ہیں تو ان سے بھی اتم و اکمل اور ارفع و اعلیٰ کمالات کا آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم میں پایا جانا اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم میں ان کو ماننا تقاضائے ایمان ہے۔ اس کو قیاس فاسد کہہ دینا اور بلا دلیل دعوٰی قرار دیکر ٹھکرا دینا جیسے کہ انبیٹھوی صاحب نے لکھا ہے اور گنگوہی صاحب نے اس کی تائید و تصدیق فرما دی۔ سراسر تحکم اور سینہ زوری ہے اور دورخی چال ہے۔

۳۔ نیز ہر مُرید کے ساتھ اس کے شیخ کی معیت تسلیم کرنا اور جسمانی دُوری سے روحانی دُوری کے لزوم کی اس کے حق میں نفی کرنا اور رحمتِ مجسّم شفیعِ معظم اور رسُولِ کائنات صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے لیے اُمّت سے بُعد اور دُوری پر اصرار کرنا اور اس کے برعکس زوجِ نبوی کی قربت اور نزدیکی کے عقیدہ کو شرک قرار دے دینا سراسر تحکم اور سینہ زوری ہے اور اُمّتیوں کو نبی الانبیاءؑ حبیبِ کبریا صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم پر فوقیّت و فضیلت دینے کے مترادف ہے اور ان دعاوی کی سراسر نفی ہے کہ آپ سب مخلوق کے لیے وجود، اور اس پر مترتب و متفرع علمی و عملی کمالات میں واسطۂ فیض و افادہ ہے اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی ذات مثل آفتاب ہے اور دیگر مخلوق مثلِ ماہتاب اور مانندِ آئینہ ہیں۔

۴۔ علامہ قاسم نانوتوی صاحب تو ہر کمال میں آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی ذاتِ اقدس کو واسطۃ فی العروض تک کہہ گئے یعنی دُوسروں میں کمالات نبوّت و رسالت اور ولایت و عرفان وغیرہ برائے نام ہیں اور ان کا اطلاق

Marfat.com

ان پر بطور مجاز ہے۔ حقیقت میں ان تمام کمالاتِ وجودیہ اور کمالِ نبوت و رسالت اور رفعت و ولایت و امامت وغیرہ کے مصداق و موصوف صرف اور صرف آپ ہی ہیں اور دُوسرے علماءِ دیوبند اگر آپ کو واسطہ فی العروض نہ مانیں تو واسطہ فی الثبوت غیر سیفر محض ماننا تو ان پر لازم ہے ہی جس میں ذوالواسطہ اور واسطہ دونوں کمالات کے ساتھ حقیقتاً متصف ہوتے ہیں' تو اندریں صورت بھی ان کے لیے شیطان اور ملک الموت کے لیے علمِ محیط تسلیم کرنا اور اس کو منصوص ماننا اور نبی الانبیاء صلی اللہ علیہ وسلم اور سرچشمۂ فیوضِ کائنات کے لیے اس کا شدّ و مد سے انکار کرنا اور اسے قیاسِ فاسد قرار دینا بلکہ اس عقیدہ کو شرک بنا ڈالنا قطعاً روا نہیں تھا۔

فیصلہ خود کریں کہ سچّا کون ہے؟

اب اس امر کا فیصلہ خود ان علماءِ دیوبند کو ہی کرنا ہے کہ سیدِ عالم اور باعثِ ایجادِ کائنات اور رحمتِ کون و مکاں صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم واقعی تمام تر کمالات میں واسطہ ہیں اور تمامی مخلوق آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی طفیل ہے اور آپ سے متوسّل ہے تو پھر مخلوق کے کسی بھی فرد میں جو کمال بھی تسلیم کریں اس سے پہلے اس کمال کا حصول نبی الانبیاء اور رسول المرسلین خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم میں تسلیم کرنا ضروری ہے بلکہ اتم اور اکمل طریق پر آپ میں ثبوت و تحقق پر یقین و ایمان اور اقرار و اعتراف ضروری ہے اور اگر آپ میں ایسے کمالات کا پایا جانا ضروری نہیں بلکہ اگر آپ میں

لے صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم۔ سے علیہ السلام

Marfat.com

اس کمال کو موجود و محقق مانا جائے تو کفر و شرک بھی لازم آسکتا ہے تو پھر آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو تمام فیوض و برکات میں اور اوصاف و کمالات میں واسطہ و وسیلہ اور برزخ و ذریعہ تسلیم کرنا خالی دعویٰ ہی رہا اور حقیقت و واقعات کی دُنیا میں اس کی کوئی حیثیت نہ رہی بلکہ لوگوں کو دھوکہ دینے اور ان کی آنکھوں میں دھول جھونکنے کی سعیٔ باطل اور ناکام سعی ٹھہری اور اپنے متعلق نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے محبّ صادق اور مومنِ مخلص اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے کمالات پر ایمانِ کامل اور ایقانِ صادق ہونے کا غلط تاثر دینے کی بے نتیجہ جدّ وجہد ٹھہری اور ہاتھی کے دانت دکھانے کے اور چبانے کے اور کے مصداق۔ اندرونی عقیدہ و نظریہ یہ ٹھہرا کہ شیطان اور ملک الموت بھی آپ صلی اللہ علیہ وسلّم سے علمی اور جسمانی قوتوں میں زائد ہیں اور لوگوں کو جھوٹی تسلّی دینے کے لیے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو ساری مخلوق کے لیے مبدا رفیض اور سرچشمہ افادات کہہ دیا بہرکیف علامہ مدنی صاحب سچے ہیں تو انبیٹھوی اور گنگوہی صاحب جھوٹے ہیں اور وہ سچے ہیں تو علامہ مدنی صاحب جھوٹے ہیں کیونکہ دونو طرح کے اقوال میں کھلا تضاد بلکہ تناقص ہے۔

نجدی یارسول اللہ صلی اللہ علیک وسلم کہنا کیوں ناجائز ٹھہراتے تھے؟

علامہ مدنی صاحب کی تصریح کے مطابق علماءِ نجد یا رسول اللہ کہنا کیوں ناجائز ٹھہراتے تھے؟ علامہ مدنی صاحب کی تصریح کیمطابق علماءِ نجد

Marfat.com

یارسُول اللہ کہنا حرام اور ناجائز ٹھہراتے تھے حتیٰ کہ دُرود شریف
اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَارَسُوْلَ اللّٰہ
جو کہ اہلِ حرمین کا معمول تھا اور مکّہ مکرمہ والے اور مدینہ منورہ والے حضرات پڑھا کرتے تھے مگر نجدی ان پر سخت نفرین اس نداء وخطاب پر کرتے اور ان کا استہزاء اُڑاتے اور کلماتِ ناشائستہ استعمال کرتے (آ)
وہابیہ نجدیہ اعتقاد بھی رکھتے ہیں اور برملا کہتے ہیں کہ یارسُول اللہ میں استعانت بغیر اللہ ہے اور وُہ شرک ہے اور یہ وجہ بھی انکے نزدیک سبب مخالفت کی ہے حالانکہ یہ اکابر مقدسانِ دینِ متین (علماءِ دیوبند) اس کو ان اقسام استعانت میں سے شمار نہیں کرتے جو کہ مستوجبِ شرک یا باعثِ ممانعت ہو البتہ اگر وُہ چیزیں سوال کی جاویں کہ جن کا اعطا مخصوص بجناب باری عز اسمہ ہے تو البتہ ممنوع۔ اسی وجہ سے نداء بلفظ یارسُول اللہ (صلّی اللّٰہ علیک یا حبیب اللّٰہ) اور خطاب حاضرینِ مسجد نبوی و بارگاہِ مصطفوی کے واسطے جائز اور مستحب فرماتے ہیں اور وہابیہ وہاں پر بھی منع کرتے ہیں دو وجہ سے اوّل یہ کہ استعانت بغیر اللہ ہے دوم ان کا اعتقاد یہ ہے کہ انبیاء علیہم السلام کے لیے حیات فی القبور ثابت نہیں بلکہ وُہ بھی مثل دیگر مسلمین کے متصف بالحیٰوۃ البرزخیہ اسی مرتبہ سے ہیں پس جو حال دیگر مسلمین کا ہے وہی ان کا ہوگا۔

(شہاب ثاقب ص۶۵)

فائدہ : علامہ مدنی صاحب کے قول سے واضح ہو گیا کہ مطلقاً

Marfat.com

استعانت ممنوع نہیں ہے بلکہ جن اشیاء کی عطاء اللہ تعالیٰ کے ساتھ مختص ہے صرف ان کا سوال نبیٔ کریم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم سے ممنوع ہے نہ کہ ہر قسم کی استعانت۔ نیز انبیاء علیہم السلام کے لیے عام مومنین سے ارفع و اعلیٰ حیات ثابت ہے اور اس پر دوسری مقدس ترین ہستیوں کی حیات کا قیاس درست نہیں چہ جائیکہ ساداتِ کا اثبات لہٰذا علماءِ دیوبند میں سے صرف برزخی حیات کے قائلین مانند نیلوی صاحب اور عنایت اللہ شاہ گجراتی وغیرہ کا عقیدہ نجدیوں کے مماثل ہونے کی وجہ سے سراسر گمراہی و بے دینی ہے اور وہ بھی وہابیہ خبیثہ کے زمرہ میں شامل ہیں۔

اور جو موجودہ علماءِ دیوبند سرورِ عالم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم سے توسّل و استعانت کے لیے قریب سے بھی نداء و خطاب کو جائز نہیں رکھتے وہ بھی نجدیوں کا ہی شعبہ ہیں جیسے علامہ سرفراز صاحب کیونکہ وہ وصال شریف کے بعد آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم سے بھی استعانت اور توسل کے قائل نہیں ہیں ملاحظہ ہو تنقیدِ متین ـــــ حالانکہ خلیل احمد انبیٹھوی صاحب نے سرورِ عالم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے لیے عام مومنین سے مختلف حیات تسلیم کرنے کے علاوہ آپ کا عالمِ غیب اور آخرت میں سیر فرمانے کے علاوہ دنیا میں تشریف لانا بھی تسلیم کیا ہے چنانچہ لکھتے ہیں :

عقیدہ سب کا ہے کہ انبیاء علیہم السلام اپنی قبور میں زندہ ہیں اور عالمِ غیب میں اور جنّت میں جہاں چاہیں باذنہٖ تعالیٰ چلتے پھرتے ہیں اور اس عالم میں بھی حکم ہو تو آسکتے ہیں اور صلوٰۃ و سلام ملائکہ پہنچاتے ہیں

Marfat.com

اور اعمالِ اُمت آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر پیش ہوتے ہیں اور جس وقت اللہ تعالیٰ چاہے دُنیا کے احوال منکشف ہو جاتے ہیں اس میں کوئی مخالف نہیں۔

(براہین قاطعہ ص ۲۱۹ مع ازار ساطعہ)

علماءِ دیوبند کے پیرو مُرشد حضرت حاجی امداد اللہ صاحب مہاجر مکی[1] فیصلہ ہفت مسائلہ میں فرماتے ہیں :

رہا یہ اعتقاد کہ مجلس مولد میں حضور پُر نُور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم رونق افروز ہوتے ہیں اس اعتقاد کو کفر اور شرک کہنا حد سے بڑھنا ہے کیونکہ یہ امر ممکن ہے عقلاً و نقلاً بلکہ بعض مقامات پر اس کا وقوع بھی ہوتا ہے۔ رہا یہ شبہ کہ آپ کو کیسے علم ہُوا یا کئی جگہ کیسے ایک وقت میں تشریف فرما ہوئے یہ ضعیف شبہ ہے آپ (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کے علم و روحانیت کی وسعت جو دلائلِ نقلیہ و کشفیہ سے ثابت ہے اس کے آگے یہ ایک ادنیٰ سی بات ہے۔ علاوہ اس کے اللہ تعالیٰ کی قدرت میں محلِ کلام نہیں اور یہ بھی ہو سکتا ہے کہ آپ اپنی جگہ تشریف رکھیں اور درمیانی حجاب اٹھ جائیں۔ بہرحال ہر طرح یہ امر ممکن ہے اور اس سے آپ کی نسبت اعتقادِ علمِ غیب لازم نہیں آتا جو کہ خصائص ذات حق سے ہے کیونکہ علم غیب ہے جو مقتضائے ذات حق کا ہے اور جو با علام خداوندی ہے وہ ذاتی نہیں یا بسبب ہے وہ مخلوق کے حق میں ممکن ہے بلکہ واقع ہے اور امر ممکن ہے اعتقاد شرک اور کفر کیونکر ہو سکتا ہے؟

البتہ ہر ممکن کے لیے وقوع ضروری نہیں ہے۔ ایسا اعتقاد رکھنا

[1] رحمہ اللہ۔

Marfat.com

محتاج دلیل ہے۔ اگر کسی کو دلیل مل جاوے مثلاً خود کشف ہو جاوے یا کوئی صاحبِ کشف خبر کر دے تو اعتقاد جائز ورنہ بے دلیل ایک غلط خیال ہے۔ غلطی سے اس کو رجوع کرنا اس کو ضرور ہے مگر شرک و کفر کسی طرح نہیں ہو سکتا۔ (ص۳)

فوائد و ثمرات

۱۔ حضرت حاجی صاحب کے اس ارشاد سے حضور پُر نور صلّی اللہ علیہ وسلّم کا مزار پُر انوار سے باہر آکر محافلِ میلاد میں شمولیت فرمانا بھی ثابت ہوتا ہے۔

۲۔ نیز بیک وقت متعدد جگہوں پر آپ کا تشریف فرمانا بھی آپ کی وسعت روحانیت کے لحاظ سے ناقابلِ انکار ہے۔

۳۔ آپ صلّی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم کے مزار پُر انوار میں ہوتے ہوئے تمام مجالس کا علم ہو جانا بھی لائقِ استبعاد نہیں ہے۔

۴۔ علاوہ ازیں اللہ تعالیٰ کا علمِ غیب جو اس کی ذات سے مختص ہے یہ وُہ علم ہے جو بتقاضائے ذاتِ حق اور اسباب مثلاً وحی و الہام وغیرہ سے بالاتر ہے اور مخلوق میں علمِ غیب عطائی ہے اور اسباب کے ذریعے متحقق ہوتا ہے۔

۵۔ اگر دلائل اور ذرائع علمِ غیب کے معلوم ہوں تو علمِ غیب کا دوسروں میں ثابت کرنا بالکل روا ہے۔

اور ہم آیاتِ کریمہ اور احادیثِ نبویہ اور اکابرینِ ملّت کے ارشادات

Marfat.com

سے جو کہ علوم ظاہرہ اور باطنہ کے جامع ہیں) انبیاء علیہم السلام میں بالعموم اور سیدالانبیاء صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم میں بالخصوص ثابت کر دیا ہے، اور اولیاء کرام میں بھی انوار محبوبیت اور نورِ فراست کے ساتھ منور ہونے کے بعد اس کا ثبوت وتحقیق واضح کیا جا چکا ہے اور علامہ صاحب کے نزدیک علم غیب اور حاضر و ناظر ہونا اور اسباب عادیہ کے بغیر تدبیر و تصرف کر سکنا ہی ندار و پکار اور استمداد و استعانت کے لیے ضروری تھے اور وُہ بحمد اللہ تعالیٰ ثابت ہو چکے بالخصوص حضرت حاجی صاحب کی طرف سے بطور فیصلہ ثابت ہو چکے اور علامہ حسین احمد مدنی کی طرف سے مبدار فیوض اور مصدر کمالات ہونے کی حیثیت سے آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم میں جملہ کمالات متحقق ہو چکے لہٰذا کفر و شرک کے فتوے صادر کرنا سراسر لغو و باطل ٹھہرا اور خارجی نجدی ہونے کا موجب قطعی بن گیا۔

اللہ تعالیٰ کے علمِ غیب اور انبیاء اور اولیاء کے علمِ غیب کا باہمی فرق

علماءِ دیوبند نے خود بھی اور ان کے عوام نے بھی علم غیب کے اللہ تعالیٰ کے ساتھ مختص ہونے کا مطلب و مفہوم یہی سمجھا اور اسی کا اعتقاد رکھا کہ علم غیب کے بارے میں نبی اور غیر نبی یکساں بیخبر اور نادان ہیں۔ اور مولوی اسمٰعیل دہلوی نے تقویۃ الایمان میں یہی راگ الاپا اور شیخ گنگوہی نے تقویت الایمان کے تمام مندرجات کو قرآن و حدیث کا مغز اور جوہر قرار دیا اور عین ایمان و رُوحِ اسلام قرار دیا حالانکہ اللہ تعالیٰ نے انبیاء علیہم السلام

لے علیہم السلام۔

Marfat.com

وصفِ امتیاز اور انفرادی کمال ہی یہی بتلایا ہے۔ کما قال تعالیٰ :

مَا كَانَ اللّٰهُ لِيُطْلِعَكُمْ عَلَى الْغَيْبِ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ يَجْتَبِيْ مِنْ رُّسُلِهٖ مَنْ يَّشَآءُ (سورہ آل عمران آیت ۱۶۹)

اللہ کو زیبا نہیں کہ تم میں سے ہر ایک کو غیب پر مطلع کرے لیکن اللہ تعالیٰ اطلاعِ غیب کے لیے چن لیتا ہے جسے چاہے یعنی رسلِ کرام کو۔

قال تعالیٰ :

عٰلِمُ الْغَيْبِ فَلَا يُظْهِرُ عَلٰى غَيْبِهٖۤ اَحَدًا ۝ اِلَّا مَنِ ارْتَضٰى مِنْ رَّسُوْلٍ (سورہ جن آیت ۲۷)

اللہ تعالیٰ غیب کا جاننے والا ہے پس وہ غلبہ نہیں دیتا اپنے غیب پر کسی کو مگر جنہیں اس غلبہ کے لیے منتخب ٹھہرائے یعنی رسول کو۔

قال تعالیٰ :

وَعَلَّمَكَ مَا لَمْ تَكُنْ تَعْلَمُ ؕ وَكَانَ فَضْلُ اللّٰهِ عَلَيْكَ عَظِيْمًا ۝ (سورہ نساء آیت ۱۱۳)

اور آپ کو جتلایا جو بھی نہیں جانتے تھے (غیبی امور اور احکامِ شرع سے) اور اللہ تعالیٰ کا تم پر عظیم فضل و احسان ہے۔

قال تعالیٰ :

وَمَا هُوَ عَلَى الْغَيْبِ بِضَنِيْنٍ ۝ (سورہ تکویر آیت ۲۴)

اور وہ نہیں ہیں غیب (کی تعلیم پر) بخل کرنے والے۔

وغیر ذٰلک من الآیات۔

Marfat.com

نیز دوسری جانب نفی پر دلالت کرنے والی آیات بھی موجود ہیں۔
کما قال تعالیٰ :

قُلْ لَّا يَعْلَمُ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ الْغَيْبَ اِلَّا اللّٰهُ ط
(سورہ نمل آیت ۶۵)

فرما دیجیے نہیں جانتے آسمان و زمین والے غیب کو مگر اللہ۔
قال تعالیٰ :

عِنْدَهٗ مَفَاتِحُ الْغَيْبِ لَا يَعْلَمُهَآ اِلَّا هُوَ ط
(سورۃ الانعام آیت ۵۹)

اسی کے پاس غیب کے خزانے ہیں نہیں جانتا انہیں مگر وہی
الیٰ غیر ذٰلک من الآیات۔

اور علماء دیوبند نے صرف انہیں کو مدِ نظر رکھ کر نبی الانبیاء علیہ السلام اور دیگر محبوبانِ خداوندتعالیٰ کے لیے علمِ غیب ثابت کرنے والوں پر شرک کے فتوے صادر فرمائے۔ اور علامہ سرفراز نے بھی استعانت و استمداد اور ندا و پکار کو شرک قرار دینے کا دار و مدار جن امور پر رکھا ان میں علم غیب کا اعتقاد سرِ فہرست ہے۔

علماءِ متقدمین کا فیصلہ

لیکن ہر ایک کو معلوم ہے کہ علمِ غیب کی غیر اللہ سے نفی والی آیات اب نازل نہیں ہوئیں پہلے سے اسی قرآنِ کریم میں موجود ہیں جو اللہ تعالیٰ

Marfat.com

نبی رحمت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر ہماری ہدایت کے لیے نازل فرمایا اور
ر دیوبند اور علماء بریلی سے پہلے علماء کرام نے بھی ان کو پڑھا اور سمجھا
د ان کا کوئی معنیٰ ومفہوم متعین کیا تاکہ آیات اثبات کے ساتھ تعارض و
خالف لازم نہ آئے تو کیوں نہ ان اکابر کے ارشادات کو حکم اور فیصل مان
جائے اور اس نزاع و اختلاف کا ان کے ارشادات کی روشنی میں حل
ھونڈ لیا جائے اور ضد و عناد اور ہٹ دھرمی کو خیر باد کہہ دیا جائے۔

اب علماء اعلام کی تصریحات ملاحظہ ہوں :

۱۔ علامہ شہاب الدین احمد بن حجر ہیتمی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں :

ولاینافی ما تقرر من اطلاع الاولیاء علیٰ بعض الغیوب الاٰیتان المذکورتان فی السوال (لا یعلم من فی السمٰوٰت والارض الغیب الا اللہ) عالم الغیب فلایظہر علیٰ غیبہ احداً الا من ارتضیٰ من رسول (الیٰ) وجہ عدم المنافاۃ ان علم الانبیاء والاولیاء انما ھو باعلام من اللہ و علمنا بذٰلک انما ھو باعلامھم لنا وھٰذا غیر علم اللہ تعالیٰ الذی تفرد بہ وھو صفۃ من صفاتہ القدیمۃ الازلیۃ الدائمۃ الابدیۃ المنزھۃ عن التغییر وسمات الحدوث والنقص والمشارکۃ والانقسام بل ھو علم واحد علم بہ جمیع المعلومات کلیاتھا

Marfat.com

وجزئیاتھا ما کان منھا وما یکون او یجوز ان یکون، لیس بضروری ولا کسبی ولاحادث بخلاف علم سائرالخلق الیٰ ۔ وما ذکرناہ فی الایۃ صرح بہ النووی رحمہ اللہ فی فتاواہ فقال معناھا لا یعلم ذلک استقلالا وعلم احاطۃ بکل المعلومات الا اللہ واما المعجزات والکرامات فبا علام اللہ لھم علمت وکذا ما علم باجراء العادۃ ۔ (فتاویٰ حدیثیہ ص۲۲۸)

سوال میں مذکور دونو آیات اس کے منافی نہیں جو متقرر اور ثابت امر ہے یعنی بعض غیوب پر اولیاء کرام کا مطلع ہونا (تا) اور عدمِ منافات اور انعدامِ تخالف کی وجہ یہ ہے کہ انبیاء کرام علیہم السلام اور اولیاءِ عظام کا علم اللہ تعالیٰ کے اعلام اور تعلیم دینے سے ہے اور ہمارا علم ان کے ہمیں جتلانے کی وجہ سے ہے جبکہ یہ اعلام و اطلاع کے ذریعے حاصل علم اس علم کا غیر ہے جس کے ساتھ اللہ تعالیٰ منفرد و ممتاز ہے۔

وُہ علمِ غیب اس کی صفاتِ قدیمہ ازلیہ دائمہ ابدیہ سے ہے جو کہ تغیر اور علاماتِ حدوث سے منزہ ہے۔ اور نقصان و مشارکت اور انقسام سے مبرا ہے بلکہ وُہ علم واحد ہے جس کے ساتھ تمام معلومات کلیات اور جزئیات، ما کان اور ما یکون، اور معدومات ممکنۃ الوجود کو جان لیا۔ وُہ علم نہ ضروری و بدیہی ہے نہ کسبی و نظری اور نہ حادث بخلاف دوسری تمام مخلوق کے (تا)

Marfat.com

اور جو کچھ ہم نے اس آیت کے متعلق ذکر کیا ہے امام نووی رحمۃ اللہ نے اپنے فتاویٰ میں اس کی تصریح کی ہے۔ فرماتے ہیں :

اس کا معنیٰ یہ ہے کہ غیب کو بطورِ استقلال اور بذاتِ خود کوئی نہیں جانتا اور تمام تر معلومات کا محیط علم سوائے اللہ تعالیٰ کے کسی کو نہیں لیکن معجزات اور کرامات اللہ تعالیٰ کے تعلیم دینے سے جانے گئے اور ایسے ہی عادتِ جاریہ اور معمول کے مطابق معلوم ہوئے۔

۲۔ علامہ شہاب خفاجی نسیم الریاض شرح شفاءِ قاضی عیاض میں نبیِ کرم نورِ مجسم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے علمِ غیب کی بحث میں فرماتے ہیں :

وھذا لا ینافی الایات الدالۃ علیٰ انہ لا یعلم الغیب الا اللہ وقولہ ولوکنت اعلم الغیب لاستکثرت من الخیر۔ فان المنفی علمہ من غیر واسطۃ واما اطلاعہ علیہ باعلام اللہ فامر متحقق بقولہ تعالیٰ فلا یظھر علیٰ غیبہ احداً الا من ارتضیٰ من رسول قال بن عطاء اللہ فی لطائف المنن اطلاع العبد علیٰ غیب من غیوب اللہ بنور منہ بدلیل اتقوا فراسۃ المومن فانہ ینظر بنور اللہ تعالیٰ لا یستغرب۔ الخ

(صفحہ نمبر ۱۵۰ جلد ۳)

نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والتسلیم کا غیب پر مطلع ہونا ان آیات کے منافی نہیں جو دلالت کرتی ہیں اس امر پر کہ غیب کو سوائے اللہ تعالیٰ کے

Marfat.com

کوئی نہیں جانتا اور قولِ باری تعالیٰ بطورِ حکایت نبی اکرم علیہ السلام سے اور اگر میں غیب جانتا تو خیرِ کثیر جمع کر لیتا کیوں کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے جس علمِ غیب کی نفی کی گئی ہے وُہ علمِ غیب بلا واسطہ کی ہے لیکن آپ کا اللہ تعالیٰ کی تعلیم و اطلاع سے غیب پر مطلع ہونا متحقق و ثابت امر ہے، اور حقیقتِ واقعیہ ہے بدلیل اللہ تعالیٰ کے اس قول کے کہ اللہ عالم الغیب ہے پس نہیں غلبہ دیتا اپنے غیب پر کسی کو مگر جنہیں چُن لے یعنی ذاتِ رسُول کو

ابنِ عطاء اللہ نے لطائف المنن میں فرمایا بندے کا اللہ تعالیٰ کے غیوب میں سے کسی غیب پر مطلع ہونا کوئی انوکھا امر نہیں ہے اس حدیث کے پیشِ نظر:

اتقوا فراسة المومن الخ

یعنی معنیٰ ہے اس قولِ باری کا۔

کنت بصره الذی یبصربه

تو جس کی آنکھ خود اللہ تعالیٰ کی ذات ہو اس کا اللہ تعالےٰ کے غیب پر مطلع ہونا قطعاً مستبعد نہیں ہو سکتا۔

قال بعض العارفین قوله الا من ارتضٰی من رسُول لاینا فی قول المرسی فی تفسیرها الا رسُول او صدیق او ولی ولازیادة فیه علی النص فان السلطان اذا قال لا یدخل علی الیوم الا الوزیر لاینا فی دخول اتباع الوزیر معه فکذٰلك الولی اذا اطلعه

لے صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم۔

Marfat.com

اللہ تعالیٰ علی غیبہ لم یرہ بنور نفسہ وانما راٰہ بنور متبوعہ ولم یکلفنا اللہ الایمان بالغیب الاوقد فتح لنا باب غیبہ والیٰ ھٰذا اشار الغزالی فی امالیہ علی الاحیاء (ص۱۵۱ ج ۲)

بعض عارفین نے فرمایا کہ قولِ باری تعالیٰ :

الا من ارتضیٰ من رسول

مرسی کا قول اس کے منافی نہیں جو اس نے اس کی تفسیر میں نقل کیا۔ یعنی غیب پر غلبہ نہیں دیتا مگر رسول یا صدیق یا ولی کو اور اس میں نص قرآنی پر زیادتی اور اضافہ نہیں ہے کیونکہ بادشاہ اگر کہے کہ آج کے دن مجھ پر سوائے وزیر کے کوئی داخل نہ ہو تو یہ وزیر کے متبعین و خدام کے داخل ہونے کے منافی نہیں ہے تو ایسے ہی ولی کو جب اللہ تعالیٰ اپنے غیب پر مطلع کرے تو وہ اس کو اپنے ذاتی نور سے نہیں دیکھے گا بلکہ اپنے متبوع رسول و نبی کے نور سے دیکھے گا۔

نیز اللہ تعالیٰ نے ہمیں غیب پر ایمان لانے کے ساتھ مکلف ٹھہرایا ہے اور یہ تکلیف اور حکم ایجابی اسی صورت میں دیا جا سکتا ہے جب وہ ہم پر اپنے غیب کا دروازہ کھولے اور امام غزالی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے احیاء العلوم کے امالی وحواشی میں اسی امر کی طرف اشارہ فرمایا ہے۔

فائدہ : اگر ولی کا علم غیب رسولوں میں اس کے حصر کے منافی نہیں، کیونکہ اپنے نور سے اس کو نہیں دیکھتا بلکہ اپنے متبوع رسول کے نور سے

Marfat.com

دیکھتا ہے تو اللہ تعالیٰ میں حصر رسل کرام علیہم السلام کے علمِ غیب کی نفی بھی نہیں کرتا کیوں کہ وُہ بھی اپنے نُور سے نہیں دیکھتے بلکہ اللہ تعالیٰ کے نُور سے دیکھتے ہیں اور اگر انبیاء کرام علیہم السلام کے کامل متبعین اللہ تعالیٰ کے نُور والی آنکھ حاصل کر سکتے ہیں تو خود ان کو وُہ آنکھ کیونکر حاصل نہیں ہوگی۔

متشابہات کے متعلق اللہ تعالیٰ نے علم کا اپنی ذات میں حصر کرتے ہُوئے فرمایا:

مَا یعلم تاویلہ الا اللّٰہ

حالانکہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا متشابہات کو نہ جاننا عقلاً بھی باطل اور نقلاً بھی باطل ہے۔ عقلاً اس لیے کہ ایسی کتاب جس کو خود نبی بھی نہ جانے اس کا اس نبی پر نازل کرنا عبث ہے اور اس کی تعلیم کے لیے اس کا مقرر کرنا عبث اور اس کے مقابلہ کی لوگوں کو دعوت دینا لغو اور باطل ہے اور نقلاً اس لیے کہ اللہ تعالیٰ نے

ثم ان علینا بیانہ

فرما کر قرآنِ مجید کے محکمات و متشابہات کی تعلیم دینے کی ذمّہ داری اُٹھالی اور اللہ تعالیٰ کا اپنی ذمّہ داری میں تقصیر اور کوتاہی سے کام لینا ناممکن بلکہ محال ہے۔

نیز قولِ باری تعالیٰ:

ان الذین یبایعونك انما یبایعون اللّٰہ

Marfat.com

میں صحابہ کرام علیہم الرضوان کی بیعت کا اللہ تعالیٰ میں حصر بھی ہے اور آپ کے ساتھ اس بیعت کا اثبات بھی ہے۔ اسی طرح قولِ باری تعالیٰ:

وما رمیت اذ رمیت ولکن اللہ رمٰی

میں مٹی اور کنکریاں پھینکنے کا اللہ تعالیٰ میں حصر بھی ہے اور نبیِ محتشم نورِ مجسّم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے لیے اثبات بھی ہے۔

وغیر ذالک من الآیات۔

لہٰذا آیاتِ نفی میں مذکور حصر رسل کرام، انبیاء کرام علیہم السّلام اور اولیاء عظّام کے حق میں علمِ غیب کے اثبات پر مشتمل آیات و احادیث کے منافی نہیں بلکہ وُہ حصر اضافی ہے اور اغیار اور بیگانہ لوگوں کے لحاظ سے ہے اور کفّار و مشرکین کے مزعوم غیب دانوں یعنی کاہنوں اور شیاطین و جنّات وغیرہ کے لحاظ سے ہے اور مقصدِ خُداوند تعالیٰ صرف اور صرف یہ ہے کہ علمِ غیب صرف اس کو حاصل ہوگا جسے مَیں عطا کروں اور مَیں اپنے محبوب لوگوں کو عطا کرتا ہوں نہ کہ اپنے دُشمنوں کو اور کاہن لوگ جنّ و شیاطین میرے دُشمن ہیں لہٰذا ان کو ہرگز ہرگز اپنے غیبِ خاص پر مطلع نہیں کرتا۔

الغرض جن سے نفی مطلوب تھی ان کی طرف علماءِ دیوبند توجہ ہی نہیں کرتے اور جن سے نفی علم غیب کی مقصوُد ہی نہیں تھی بلکہ اللہ تعالیٰ نے بار بار ان کو مطلع فرمانے اور غیب پر غلبہ دینے اور غیب کی تعلیم دینے اور وحی و اطلاع دینے کی تصریح فرمائی ہے صرف انہیں سے علم غیب کی نفی پر اصرار ہے اور غلامانِ رسل اور نیازمندانِ انبیاء (علیہم السّلام) اور اتباعِ اولیاء

Marfat.com

کو کفر و شرک کے فتووں سے نوازا جا رہا ہے جو سراسر ظلم و عدوان ہے۔
ضروری تنبیہ: قبل ازیں علامہ سید محمود آلوسی رحمۃ اللہ علیہ کی حدیث قدسی:

کنت سمعہ الذی یسمع بہ و بصرہ الذی یبصر بہ

کی توضیح و تشریح میں ذکر کیا جا چکا ہے۔

الغیب مشاھدۃ الکل بعین الحق فقد یمنح العبد قرب النوافل۔ الخ۔

اور نسیم الریاض کے حوالے سے بھی یہی مضمون ذکر ہو چکا اور دیگر حضرات کے اقوال بھی اس کے مطابق و موافق ہیں اور ذکر بھی کیے جا چکے ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے ہمیں غیب پر ایمان لانے کے ساتھ مکلف بھی ٹھہرایا ہے، اور علمِ غیب کا اپنی ذات میں حصر بھی فرما دیا حالانکہ ایمان بالغیب تبھی ممکن ہے جب غیب یقینی اور قطعی علم بھی ہو اور اس کا اقرار و اعتراف بھی ہو تو لا محالہ ہم پر غیب کا دروازہ کھلا ہونا چاہیے ورنہ ہمارا مکلف ٹھہرانا تکلیف مالایطاق کے قبیل سے ہوگا اور وہ باطل ہے تو لا محالہ رسل کرام اور انبیاء عظام علیہم السلام کے توسط و توسل سے ہی غیب کیساتھ ایمان لانا ممکن ہوگا اور اگر انہیں بھی معلوم نہ ہو تو ان کے ذریعے ہمیں کیسے معلوم ہو سکے گا۔

علاوہ ازیں نبی کی بعثت کا مقصد بھی یہی ہوتا ہے کہ جو چیزیں عوام کی بداہت عقل اور حواس کی رسائی سے باہر اور ماوراء ہیں ان کی انہیں

Marfat.com

اطلاع دے جیسے جنت و دوزخ ، قیامِ قیامت ، حساب و کتاب میزان پُل صراط ، حوضِ کوثر ، عذابِ قبر اور ثوابِ قبر ، نکیرین کے سوالات وغیرہ وغیرہ ۔ لہٰذا اگر خود نبی علیہ السّلام کو ہی ان غیوب کا علم نہ ہو تو دوسروں کو باخبر اور مطلع کیسے کرے گا ۔

لہٰذا انبیاء و رسل علیہم السّلام کے لیے علمِ غیب تسلیم کرنا لازم و فرض ہے البتہ وُہ عطائی ہے ذاتی نہیں اور اللّٰہ تعالیٰ کے علم کے مساوی نہیں جو کہ غیر متناہی بالفعل ہے بلکہ متناہی و محدود ہے اور غیر متناہی لاتقفی ہے اور صرف تازہ اطلاع سے حاصل نہیں ہوتا بلکہ فراست اور نُورِ قلب اور انوارِ محبوبیت کے ذریعے ان میں ملکہ و استعداد اس علمِ غیب کی موجود ہوتی ہے ، اور ان کے قلوب میں یہ نُورانی آنکھیں موجود ہوتی ہیں اگر بعض دفعہ امورِ غیبیہ کی طرف متوجہ نہ ہوں تو وُہ علیحدہ امر ہے ۔

علماءِ دیوبند کے پیر و مُرشد کا فیصلہ

حضرت حاجی امداد اللّٰہ مہاجر مکی رحمۃ اللّٰہ علیہ فرماتے ہیں :

لوگ کہتے ہیں علمِ غیب انبیاء و اولیاء کو نہیں ہوتا میں کہتا ہوں کہ اہلِ حق جدھر جس طرف نظر کرتے ہیں دریافت اور ادراک غیبات کا ان کو ہوتا ہے اصل میں یہ علم حق ہے ۔ آنحضرت صلی اللّٰہ علیہ وآلہٖ وسلّم کو حدیبیہ و حضرت عائشہ رضی اللّٰہ عنہا کے معاملات سے خبر نہ تھی اس کو دلیل اپنے دعوے کی بناتے ہیں یہ غلط ہے کیونکہ علم کے واسطے توجہ

Marfat.com

ضروری ہے۔ (شمائم امدادیہ حصہ دوم صلا)

فائدہ: اگر ان میں استعداد و صلاحیت ہی نہ ہو اور غیوب کے مشاہدہ والی آنکھ ہی نہ ہو تو توجہ کس کام آسکتی ہے لہٰذا ثابت ہوا کہ حضرت حاجی صاحب کے نزدیک ان میں نُورِ فراست اور نُورِ محبوبیت والی آنکھ موجود ہوتی ہے اور وُہ علم حق کے مظاہر کاملہ ہوتے ہیں۔

الغرض صرف انبیاء و رسل کے لیے نہیں بلکہ اکابرین اُمت نے معتزلہ کے نظریہ و عقیدہ کے برعکس اولیاء کرام میں بھی علم غیب تسلیم فرمایا ہے اور حاضر و ناظر کا عقیدہ و نظریہ بھی اسی علم غیب کا ہی شعبہ اور حصہ ہے اور وُہ بھی اللہ تعالیٰ کے اذن اور توفیق سے ان نفوسِ قدسیہ میں ثابت ہے لہٰذا یہ دونو کمال ان میں موجود و متحقق ہیں اور یہ شرک اور کفر کے ستون نہیں بلکہ ایمان و ایقان کے عمود و ستون ہیں اور جو انکے انبیاء علیہم السلام میں تسلیم نہ کرے وُہ معتزلہ سے بھی بدتر ہے اور جو اولیاء کرام میں تسلیم نہ کرے وہ سُنّی نہیں بلکہ معتزلی ہے اور اگر باطن میں معتزلی ہونے کے باوجود بظاہر سُنّی ہونے کا دعویٰ کرے تو منافق بھی ہے۔

اعاذنا اللّٰہ من ذٰلک۔

گلدستۂ توحید

فریقِ مخالف اور قرآنِ کریم

جہانتک راقم الحروف کو معلوم ہے فریقِ مخالف قرآنِ کریم کی ایک

Marfat.com

بھی آیت صریحہ اس پر پیش نہیں کر سکتا کہ سلسلہ اسباب و مسببات سے بالاتر ہو کر مافوق الاسباب طریق پر مصیبت کے وقت حاجت روا اور متصرف سمجھ کر خدا تعالیٰ کے پیغمبروں اور بزرگوں کو پکارنا جائز ہے۔ اور اس پر فلاں آیت موجود ہے۔ یعنی یہ کہ پیغمبر اور بزرگ کوسوں دُور اپنی قبور میں آرام فرما رہے ہوں اور نظروں سے اوجھل ہوں اور ان کو پکارا جائے۔ اگرچہ ان کو مافوق الاسباب طور پر سفارشی ہی تسلیم کیا جائے اور صاف لفظ دُعا یدعو کے ہوں، ہیر پھیر نہ ہو۔

یہ نہ ہو کہ ماتحت الاسباب کی استعانت اور تعاون کی آیات پیش کی جائیں۔ یا معجزات اور کرامات سے استدلال ہو کیونکہ یہ سب امور مفروغ عنہا ہیں اگر ہے کسی میں ہمت تو بتلائیے

وانی لھم التناوش من مکان بعید

بخلاف اس کے ہم قرآن کریم سے بہت سی آیات پیش کر چکے ہیں کہ غیر اللہ کو مافوق الاسباب پکارنے والا سب سے بڑا گمراہ ہوتا ہے اور اس کا یہ فعل شرک بھی ہے اور اللہ تعالیٰ کی نافرمانی اور بغاوت بھی۔

(صفحہ نمبر ۱۳۹)

گلشن توحید و رسالت

علامہ سرفراز صاحب کی ہیرا پھیریاں

۱۔ علامہ صاحب نے استعانت کے متعلق صریح آیت کی قید لگائی ہے۔

Marfat.com

۲۔ مافوق الاسباب طریق پر سلسلۂ اسباب و مسببات سے بالاتر ہو کر استعانت کرنے کی تخصیص فرمائی ہے۔

۳۔ نیز پیغمبروں اور بزرگوں کو حاجت روا اور متصرف سمجھ کر مصیبت کے وقت پکارنے کی پابندی عائد کی ہے۔

۴۔ پیغمبروں اور بزرگوں کو کوسوں دُور اپنی قبور میں محوِ استراحت ہونے اور نظروں سے اوجھل ہونے پر پکارنے کی تقیید فرمائی ہے۔

۵۔ صاف لفظ دُعا یدعو کے ہوں۔ ہیر پھیر نہ ہو۔

۶۔ ماتحت الاسباب استعانت اور تعاون پر مشتمل آیات نہ ہوں۔

۷۔ معجزات و کرامات پر مشتمل دلائل نہ ہوں۔

۸۔ علامہ صاحب بزعمِ خویش بہت سی آیات پیش کر کے مافوق الاسباب پکارنے والے کا گمراہ ہونا اور مشرک ہونا ثابت کر چکے۔

ان تقییدات اور تخصیصات سے واضح ہے کہ علامہ صاحب انبیاء علیہم السلام اور اولیاء کرام علیہم الرضوان سے استعانت و استمداد کو ناجائز اور شرک ثابت کرنے میں خود ہیرا پھیری سے کام لے رہے ہیں ورنہ صریح آیت کی قید لگانا بے سود ہے کیا قرآن مجید سے استدلال صرف صریح آیات اور عبارت النص کے طور پر ہی جائز ہے عموم و اطلاق اور اشارۃ و اقتضاء اور دلالۃ النص نیز مجاز اور کنایہ کے طور پر درست نہیں یا الفاظ مشترکہ اور خفی و مجمل آیات کے ساتھ استدلال کسی طرح بھی درست نہیں ہے؟ حالانکہ علماءِ اصول نے متعدد وجوہ دلالت کے ذکر فرمائے

Marfat.com

ہیں۔ اور متعدد طرقِ استدلال کے بھی بتلائے ہیں تو یہ من گھڑت تقیدات خود علامہ صاحب کی ہیرا پھیری پر صریح دلیل ہیں۔

۲۔ فوق الاسباب اور تحت الاسباب کے تفرقہ کی لغویت اور بیہودگی اوراقِ سابقہ میں وضاحت کے ساتھ بیان ہو چکی ہے دوبارہ مطالعہ فرمالیں۔ مختصراً معروضِ خدمت ہے کہ اللہ تعالیٰ کو صرف فوق الاسباب میں مدبر و متصرف ماننا اور تحت الاسباب امور میں غیر اللہ کو مدبر و متصرف ماننا مجوسیت کے مترادف ہے اور ہم اہل السنّت ہر ہر شئی میں صرف اور صرف اللہ تعالیٰ کو مؤثرِ حقیقی مانتے ہیں نہ ان کو دیکھنے میں مؤثر، نہ کان سننے میں مؤثر نہ پانی پیاس بجھانے میں مؤثر نہ روٹی بھوک دور کرنے میں مؤثر نہ آگ جلانے میں مؤثر بلکہ ان تمام امور میں مؤثرِ حقیقی اللہ تعالیٰ ہے اور اگر امورِ عادیہ میں ظاہری اسباب ہیں تو خوارق عادات میں بھی اسباب غیر عادی ہوتے ہیں لہٰذا ہر جگہ سلسلہ اسباب و مسبّبات ہی قائم ہے اور انبیاء و اولیاء کی دعاؤں سے اور ہاتھ پھیرنے یا ان کے کپڑوں کے ذریعے بینائی اور شفاء ملنا بھی اسباب سے متعلق امور ہیں نہ کہ اسباب سے ماوراء لہٰذا یہ تقیید بھی ہیرا پھیری ہی ہے۔

۳۔ پیغمبرانِ کرام علیہم السلام اور اولیاء کرام کا حاجت روا اور مشکل کشا ہونا ان کی شان کے لائق ہوتا ہے اور اللہ تعالیٰ کا حاجت روا ہونا اور مشکل کشا ہونا اس کی شان کے لائق ہوتا ہے۔ لفظی تشابہ کی بنا پر علماء دیوبند اور وہابی اور خارجی اہلِ اسلام پر شرک کے فتوے لگانے شروع کر دیتے ہیں۔ ان کی

Marfat.com

حاجت روائی اور مشکل کشائی یہی ہے کہ وہ دعا کریں اور دل و جان سے اس امر کے آرزو مند ہوں اور اس امر کا ارادہ کریں اور مشیت کا اس امر سے تعلق قائم کریں اور ان کی دعا اور قلبی توجہ اور ارادہ و مشیت کا تعلق اس امر کے لیے اللہ تعالیٰ کی طرف سے تخلیق اور ایجاد کا سبب بن جائے گا، جس طرح کہ ہمارے ارادوں اور مشیتوں کا تعلق کسی فعل کے ساتھ اس کی تخلیق و ایجاد کا سبب بن جاتا ہے۔ معجزات و کرامات ہوں اور دیگر افعالِ غیر عادیہ اور خوارق یا معمول اور عاداتِ جاریہ کے تحت سرزد ہونے والے افعال و حرکات ہوں سبھی مخلوقِ باری تعالیٰ بھی ہیں

کما قال تعالیٰ :

وَاللّٰہُ خَلَقَکُمْ وَمَا تَعْمَلُوْنَ ۝ (سورۃ الصٰفّٰت آیت ۹۶)

اور فی الجملہ مقدورِ عباد بھی ہیں اور ان کے کسب و اختیار میں بھی داخل ہیں۔ لہٰذا غیر اللہ کا مدبّر و متصرف ہونا مذکورہ بالا معنیٰ کے لحاظ سے قطعاً شرک اور کفر نہیں ہو سکتا اور لفظی مشابہت پر ایسے سنگین فتووں کی بنیاد رکھنا اور قائل کے ایمان و اسلام اور اس کے اللہ تعالیٰ کی خالقیتِ عامہ کے عقیدہ کو نظر انداز کرنا سراسر ظلم و عدوان ہے۔

رسولِ معظم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کو اللہ تعالیٰ نے اپنے ساتھ غنی کرنے والے فعل میں شریک کرکے فرمایا :

وَمَا نَقَمُوْٓا اِلَّآ اَنْ اَغْنٰہُمُ اللّٰہُ وَرَسُوْلُہٗ مِنْ فَضْلِہٖ ج (سورۃ التوبہ آیت ۷۴)

Marfat.com

یعنی منافقین نے نہیں بُرا منایا اور انتقام لیا مگر اس امر کا کہ انہیں غنی کیا اللہ تعالیٰ نے اور اس کے رسُول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنے فضل سے۔ حالانکہ رسُولِ پاک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی دُعا و برکت اور یمن وسعادت سے وُہ غنی ہوگئے اور غنی کرنا حقیقت میں صرف اور صرف اللہ تعالیٰ کا ہی فعل ہے۔

وغیر ذٰلك من الآیات والاحادیث وقد ذکرنا من قبل فتذکر۔

علماء معانی و بیان فرماتے ہیں کہ اگر کافر کہے:

انبت الربیع البقل

تو یہ حقیقتِ عقلیہ ہے اور اسنادِ حقیقی ہے لیکن مومن کہے تو مجاز عقلی اور مجاز فی الاسناد ہے کیونکہ کافر موسم ربیع کو ہی مؤثر سمجھتا ہے لیکن مومن اللہ تعالیٰ کو مؤثر سمجھتا ہے اور موسم کو سبب سمجھتا ہے اور مجازی طور پر نسبت سبب کی طرف کر دیتا ہے۔

اور پیغمبرانِ کرام علیہم السلام اور بزرگانِ دین کی دُعاؤں اور قلبی توجہات کے ذریعے حالتِ حیات میں بھی اور بعد از ممات بھی قریب سے بھی اور دُور سے بھی مشکلات حل ہوتی ہیں اور حاجتیں روا ہوتی ہیں اور ہوتی رہتی ہیں۔ شاہ ولی اللہ محدث دہلوی قدس سرّہٗ اور علامہ ابن القیم وغیرہ کی تصریحات گزرچکی ہیں ان پر ہی نگاہِ انصاف سے نظر ڈالنے سے حقیقی صُورتِ حال واضح ہوجائے گی لہٰذا مدبّر و متصرّف مان کر پکارنے کی قید بھی ہیرا پھیری ہے۔

Marfat.com

۴۔ علامہ صاحب کا پیغمبروں کو اور بزرگوں کو کوسوں دُور اپنی قبروں میں آرام فرما ہوتے ہوئے اور نظروں سے اوجھل ہوتے ہوئے پکارنے کی دلیل کا مطالبہ بھی ہیرا پھیری ہی ہے کیونکہ اگر کسی شخص کو مستقل مؤثر سمجھ کر قریب سے پکارا جائے تو کیا یہ شرک نہیں؟ کیا زندہ شخص کو دُور سے پکارا جائے اور عالم الغیب مستقل اور حاضر و ناظر سمجھ کر پکارا جائے تو کیا یہ شرک نہیں ہے؟ کیا اللہ تعالیٰ کے ساتھ مختص امر کو غیر اللہ میں ثابت کرنے کے لیے قریب اور بعید، زندہ اور فوت شدہ کا فرق روا ہو سکتا ہے؟ شرک ہر حال میں شرک ہوتا ہے نہ کہ قریب میں نہیں ہوتا دُور میں شرک ہوتا ہے اور زندہ میں شرک نہیں بنتا صرف فوت شدہ میں شرک بنتا ہے۔ لہٰذا قریب و بعید میں فرق روا رکھنا اور زندہ اور فوت شدہ میں فرق جائز رکھنا سراسر ہیرا پھیری ہے۔

اسلام میں اس کی قطعاً گنجائش نہیں کہ زندہ تو اللہ تعالیٰ کا شریک ہو سکتا ہے فوت شدہ نہیں ہو سکتا یا کوئی نزدیک ہو تو وہ اللہ تعالیٰ کا شریک ہو سکتا ہے اور دُور ہو تو وہ اللہ تعالیٰ کا شریک نہیں ہو سکتا۔ جبکہ استمداد درحقیقت ارواحِ کاملین سے ہوتی ہے اور وہ نہ ہی مرتے ہیں، اور نہ ان کے لیے قرب اور بُعد کا فرق ہوتا ہے۔ الحاصل ہمارے نزدیک غیر اللہ کو پکارنا اگر خدائی صفات اور مستقل مدبّر و متصرف سمجھ کر ہے تو سراسر شرک ہے قریب سے ہو یا دُور سے اور زندہ کو پکارا جائے یا فوت شدہ کو اور اگر اللہ تعالیٰ کی عطا فرمودہ صفاتِ کمال اور خداداد تدبیر و تصرف

Marfat.com

کے تحت ہے اور مخلوق کے شایان استمداد و استعانت کے لیے ہے تو بالکل جائز ہے۔ ہمارے عقیدہ میں اس ایچ پیچ اور ہیرا پھیری کی قطعاً گنجائش نہیں ہے جو علامہ صاحب نے اپنے فاسد نظریہ کے تحفظ کے لیے کی ہے۔

۵۔ علامہ صاحب فرماتے ہیں صاف لفظ دعا یدعو کے ہوں ہیر پھیر نہ ہو اس میں خود علامہ صاحب نے ہیر پھیر سے کام لیا ہے کیونکہ پکارنے کا مقصد استمداد و استعانت ہوتا ہے بذاتِ خود پکار تو مقصود نہیں ہوتی اور استمداد و استعانت کے لیے دُعا یدعو کا صاف لفظ کیوں ضروری ہے؟ حضرت سلیمان علیہ السّلام نے اپنے درباریوں کو تخت لانے کا حکم دیا اور حضرت آصف رضی اللہ عنہ پلک جھپکنے سے بھی پہلے تخت لے آئے تو کیا ہر کسی سے اس قسم کی امداد و اعانت طلب کرنا جائز اور صحیح ہے؟ اور اسباب عادیہ سے بالاتر اور مافوق الاسباب امور کا تقاضا صرف اس لیے جائز ہوگا کہ یہاں پر دُعا یدعو کے الفاظ استعمال نہیں کیے گئے؟ اور اس انداز میں مدد طلب کرنے کے لیے زندہ اور فوت شدہ اور قریب و بعید میں کوئی فرق کرنے کی ضرورت نہیں ہوگی؟

نیز اللہ تبارک وتعالیٰ نے ارشاد فرمایا:

لَا تَجْعَلُوْا دُعَآءَ الرَّسُوْلِ بَیْنَکُمْ کَدُعَآءِ بَعْضِکُمْ بَعْضًا ط

(سورۃ النور آیت ۶۳)

میرے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو اس طرح نہ پکارو جس طرح ایک دوسرے کو پکارتے ہو بلکہ ادب و احترام اور القاب و اوصاف کمال

Marfat.com

کے ساتھ پکارو ۔

اس میں دُعار پکار اور ندار وخطاب کی رُخصت اور اجازت ہے صرف اس کے انداز اور اسلوب میں تقیید وتخصیص فرمائی گئی ہے اور یہ حکم قیامت تک کے لیے ہے اور تمام اہلِ عالم کے لیے ہے۔ کسی کو وصال شریف کے بعد عامیانہ انداز میں آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کو پکارنے کی اجازت نہیں اور نہ ہی دُور ہونے کی صُورت میں عامیانہ انداز سے پکارنے کی رخصت ہے ۔ اگر سرے سے آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی دعار وپکار اور ندار وخطاب درست نہ ہوتے تو اللہ تعالیٰ یوں فرماتا :

لا تدعوا الرَّسُول

لا تناد والرَّسُول

لا تخاطبوا النَّبِي صَلَّى اللهُ عَليهِ وسَلَّمَ ۔

اور جب اس طرح نہیں فرمایا بلکہ اس کو مقید فرما کر اس پر نہی وارد کی تو اس نہی کا تعلق در اصل اسی قید کے ساتھ ہی ہوگا یعنی دعار رسُول اس طرح پر نہیں ہونی چاہیے جیسے کہ تم میں سے بعض کی دُعار پکار بعض کیلئے ہوا کرتی ہے لہٰذا اس آیت کریمہ سے ثابت ہو گیا کہ دعا یدعو کے صیغوں سے بھی رسُولِ کریم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کو پکارنا جائز ہے ۔ اور حالتِ حیات وممات میں بھی اور قریب سے بھی اور دُور سے بھی کیونکہ پابندی صرف یہ ہے کہ انداز پکارنے کا عامیانہ نہ ہو دُوسری کوئی پابندی نہیں ہے

کما سیاتی تقریرہ ۔

Marfat.com

نیز حروفِ ندا، دُعا کے ہی قائم مقام ہوتے ہیں۔ علمارِ نحو نے منادی کی تعریف ہی یہی کی ہے ؛

ھو المطلوب اقبالہ بحرف نائب مناب ادعو ۔

منادی (جس کو پکارا جائے) اسم ہے اس ذات کا جس کی توجہ اپنی طرف طلب کی جائے ایسے حرف کے ساتھ جو ادعو کے قائم مقام ہوتا ہے لہٰذا جب یَآ اَیُّھَا النَّبِی ۔ یَآ اَیُّھَا الرَّسُوْل کے انداز میں ندار و پکار پائی جاتے اور اس کا ثبوت مل جائے تو وُہ دعا یدعو کے الفاظ سے پکارنے کا ثبوت ہی ہوگا۔ لہٰذا دعا یدعو کے صاف الفاظ کی قید لگانا بھی سوائے ہیرا پھیری کے کچھ بھی نہیں۔

۶۔ (الف) علامہ صاحب فرماتے ہیں ماتحت الاسباب استعانت اور تعاون پر مشتمل آیات نہ ہوں۔ یہ تخصیص و تقیید بتلاتی ہے کہ تحت الاسباب استمداد اور استعانت انبیار کرام علیہم السلام اور اولیار کرام علیہم الرضوان سے جائز ہے مثلاً بیماری کی صُورت میں حکیم اور ڈاکٹر کی طرف مراجعت یا چوری اور ڈاکہ کی صُورت میں حاکم و سُلطان کی طرف مراجعت وغیرہ ذٰلک جس طرح جائز ہے تو کیا ان امور میں اللہ تعالیٰ کے رسل کرام علیہم السلام کی طرف یا اولیار کرام کی طرف استغاثہ کیا جائے تو یہ بھی جائز ہوگا یا نہیں؟ اگر جائز نہیں تو وجہ فرق بتلائیں ؟ نیز حضرت عیسٰی علیہ السلام کی بارگاہ میں ہزاروں مریضوں کی حاضری اور شفار امراض کے لیے استغاثہ و استمداد جو نصوص قطعیہ سے ثابت ہے اس کا حکم بتلائیں۔ صحابہ کرام علیہم الرضوان کا

Marfat.com

مختلف بیماریوں اور تکالیف میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی طرف استغاثہ اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا لعاب دہن کے ذریعے دکھتی آنکھیں اور زخمی اور مُردہ آنکھیں درست فرمانا اور ٹوٹی پنڈلیاں جوڑنا، وضو کے پانی سے صحابہ کرام کی غشی اور اغمار کو دُور کرنے وغیرہ کا حکم بتلائیں؟ نیز میدانِ بدر میں اور غزوۂ حنین میں کفار کی طرف مُٹھی بھر مٹی پھینک کر انہیں پسپائی پر مجبور کر دینا۔ انہیں شکست سے دوچار کر کے اہلِ اسلام کو فتح اور کامیابی اور غلبہ و کامرانی سے بہرہ ور فرمانا بھی پیشِ نظر رکھ کر اس امر کا فیصلہ دیا جائے کہ کیا استمداد کرنے والے مشرک ہو گئے یا نہیں؟ اور امداد و اعانت فرمانے والے اس فتوے کی زد میں آئے یا نہیں؟ اگر نہیں آتے اور یقیناً نہیں آتے تو ان کی یہ استمداد و استعانت اسبابِ عادیہ سے مافوق طریقہ پر تھی لہٰذا تحت الاسباب اور فوق الاسباب کا تفرقہ لغو ٹھہرا اور اگر ان مقبولانِ بارگاہ کے کپڑے اور لعابِ دہن اور مستعمل پانی وغیرہ بھی ایسے اسباب ہیں جن سے لوگوں کی شفاء اور تندرستی اور حلِ مشکلات اور قضا حاجات متعلق ہیں اور یہ صورتیں عالمِ اسباب و مسببات کے قبیل سے ہیں تو پھر فوق الاسباب کے نیچے کون سی صورتیں مندرج ہیں ذرا ان کی وضاحت فرمائی جائے اور اللہ تعالیٰ کے ساتھ کون سی استمداد و استعانت مختص رہ گئی اس کی نشاندہی بھی کی جائے لیکن بظاہر تو یہ معلوم ہوتا ہے کہ دیوبند نے اللہ تعالیٰ کو اعانت فرمانے سے معطل ہی کر دیا ہے۔

Marfat.com

(ب) نیز جن امور میں استمداد و استعانت تحت الاسباب ہونے کی وجہ سے جائز رکھی گئی ہے ان میں اللہ تعالیٰ پر توکل اور اعتماد و بھروسہ لازم ہے یا نہیں ؟ اگر نہیں تو ان آیاتِ عامہ اور مطلقہ کا مخصص اور سبب تقیید بیان کریں۔

وَاتَّقُوا اللّٰهَ ۚ وَعَلَى اللّٰهِ فَلْيَتَوَكَّلِ الْمُؤْمِنُونَ ۝

(سورہ مائدہ آیت ۱۱)

اِنِ الْحُكْمُ اِلَّا لِلّٰهِ ۖ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ ۖ وَعَلَيْهِ فَلْيَتَوَكَّلِ الْمُتَوَكِّلُوْنَ ۝ (سورہ یوسف آیت ۶۷)

وغیرہ ذلک، جن میں مطلق اہلِ ایمان کو ذاتِ باری تعالیٰ پر توکل کا حکم دیا گیا ہے۔ اور اگر لازم و ضروری ہے جیسے کہ آیاتِ کریمہ کا عموم و اطلاق اس کا مقتضی ہے اور سیدِ عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ارشادات

اعقلها و توکل علی اللہ

(الدرر المنتثرہ بحوالہ ترمذی شریف)

اونٹنی کو رسہ ڈال اور اللہ تعالیٰ پر توکل کر۔

نیز سب سے پہلے جنت میں داخل ہونے والی ستر ہزار کی سعادت مند جماعت کا اس اعزاز سے مشرف ہونے کا سبب بیان کرتے ہوئے فرمایا

هم الذين لا يسترقون ولا يكتوون وعلى ربهم يتوكلون

وہ ایسے لوگ ہوں گے جو نہ منتر وغیرہ کراتے ہیں نہ داغ لگواتے

Marfat.com

اور آگ کے ساتھ علاج کراتے ہیں اور اپنے رب پر توکل رکھتے ہیں، وغیر ذٰلک ۔ تو اسی طرح اسباب غیر عادیہ سے متمسک بھی اگر توکل اور اعتماد اللّٰہ تعالیٰ پر رکھے ان اسباب پر توکل اور اعتماد کُلی نہ رکھے تو یہ صورت کیوں روا نہیں ہوگی؟ نیز جب ہر جگہ مؤثرِ حقیقی اللّٰہ تعالیٰ ہوا تبھی اس پر توکل لازم اور ضروری ٹھہرا تو پھر تحت الاسباب اور فوق الاسباب کا فرق لغو اور باطل ہوکر رہ گیا اور اعلیٰ حضرت کا یہ فرمان بالکل بجا ثابت ہوگیا ۔ ؎

حاکم حکیم داد و دوا دیں یہ کچھ نہ دیں
مردود یہ مراد کس آیت خبر کی ہے

(ج) نیز قولِ باری تعالیٰ اِیَّاكَ نَسْتَعِیْنُ میں مطلقاً استعانت کو اللّٰہ تعالیٰ کے ساتھ خاص کیا گیا ہے اس میں سے تحت الاسباب استعانت کا مخصص کون ہے؟

جبکہ علماءِ مفسرین نے اس آیت کریمہ کے تحت قدرتِ ممکنہ اور قدرتِ میسّرہ کی عطا کا اللّٰہ تعالیٰ کے ساتھ اختصاص بیان کیا ہے اور حج کا قدرتِ ممکنہ میں سواری اور زادِ راہ میں داخل ہے تو کیا کسی سے سواری طلب کرنا اور مطلوبہ رقم مانگ لینا بھی شرک قرار پائے گا یا نہیں؟ اگر شرک ہے تو خود علامہ صاحب اور ان کے اکابر جو ایسے امورِ خیر میں لوگوں کی امدادیں قبول کرتے ہیں مشرک ٹھہرے اور اگر نہیں تو آیت کریمہ میں اختصاص ظاہری استعانت کا نہیں ہوگا بلکہ حقیقی استعانت کا جو کہ اسبابِ ضروریہ

Marfat.com

کی تخلیق و ایجاد کے لحاظ سے ہوگا اور حقیقی تملیک اور تفویض کے اعتبار سے اور اس طرح اسبابِ عادیہ اور غیر عادیہ میں فرق کرنا بالکل غلط ہوجائیگا اور قولِ باری تعالیٰ :

تَعَاوَنُوْا عَلَى الْبِرِّ وَالتَّقْوٰى ۖ وَلَا تَعَاوَنُوْا عَلَى الْاِثْمِ وَالْعُدْوَانِ ۖ (سورۃ المائدہ آیت ۲)

میں نیکی اور تقویٰ پر باہم امداد و اعانت کا حکم دیا گیا ہے اور اثم و عدوان میں تعاون سے منع کیا گیا ہے۔ اگر اثم و عدوان میں تعاون کا ممنوع ہونا تحت الاسباب کی قید کے ساتھ مقید نہیں تو بر و تقویٰ میں تعاون تحت الاسباب کی قید کے ساتھ مقید کیونکر ہوگا۔ بلعم بن باعور نے عمالقہ کی امداد و اعانت تلوار اور تیر و تفنگ کے ساتھ نہیں بلکہ اسم اعظم کے ذریعے کرنے کی ٹھانی تھی پھر اس کا انجام کیا ہوا؟ حضرت موسیٰؑ کی بر و تقویٰ پر امداد و اعانت نہ کی اور ذلیل و خوار ہوا اور اللہ تعالےٰ نے اس کو کتّے کی مانند قرار دیا اور فرمایا :

مثله كمثل الكلب

لہٰذا تعاون و امداد کے جواز کو تحت الاسباب کے ساتھ مخصوص ٹھہرانے کی بھی کوئی دلیل نہیں۔ نبیِ اکرم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کا غزوۂ بدر اور غزوۂ حنین میں کفار کی طرف مٹھی بھر مٹی پھینک کر انہیں میدان سے بھگانا اور اہلِ اسلام کو فتح و نصرت سے بہرہ ور فرمانا۔ حضرت ابوہریرہؓ کی والدہ کی ہدایت کے لیے دعا کرکے ایمان سے بہرہ ور کرانا اور حضرت

لہ علیہ السلام ۔ ٢ہ رضی اللہ عنہ۔

Marfat.com

ابو محذورہ کے سینے پر ہاتھ پھیر کر ان کے دل سے کفر کو زائل کر کے نورِ ایمان سے منور کرنا وغیرہ ذٰلک بر و تقویٰ پر تعاون ہے اور اسباب عادیہ سے ماوراء طریقہ پر ہے۔

(د) نیز پہلے بیان ہو چکا کہ نمک کی ضرورت ہو تو اللہ سے مانگو اور جوتی کا تسمہ ٹوٹ جائے تو اللہ تعالیٰ سے سوال اور استعانت کرو، اور علامہ آلوسی کا قول بھوسی کا تنکہ اور پہاڑ کا اٹھانا برابر ہے اگر اللہ تعالیٰ کی مدد شاملِ حال نہ ہو اور علامہ علی قاری کا ارشاد کہ نہ پانی سیراب کر سکتا ہے نہ روٹی سیر کر سکتی ہے اور نہ آگ جلا سکتی ہے اگر اللہ تعالیٰ نہ چاہے تو ثابت ہوا کہ حقیقی معاون و مددگار تحت الاسباب اور فوق الاسباب میں اللہ تعالیٰ ہے اور عالمِ اسباب و مسببات کے باہمی ربط و تعلق کے تحت کہیں اسبابِ عادیہ سے مسببات متعلق ہوتے ہیں اور کہیں غیر عادیہ سے ان کا ارتباط اور تعلق ہوتا ہے۔

الغرض تحت الاسباب استمداد و تعاون پر مشتمل آیات نہ ہونے کی تقیید بھی سراسر ہیرا پھیری ہی ہے۔ دُنیائے تحقیق میں اس کی کوئی اہمیت نہیں ہے۔ بلکہ اللہ تعالیٰ کے ساتھ کروڑوں حصے دار اور شریک بنانے کے مترادف ہے اور مجوسیوں اور ثنویہ فرقہ کی تقلید و اتباع ہے۔

۷۔ علامہ صاحب نے فرمایا معجزات و کرامات پر مشتمل دلائل نہ ہوں اس سے تو بڑی ہیرا پھیری ہو ہی نہیں سکتی کیونکہ اسبابِ عادیہ سے ہٹ کر اگر استمداد و استعانت کی جائے گی تو کوئی مسلمان اور مومن شخص کفار و مشرکین اور

Marfat.com

ہندو جوگیوں اور سادھوؤں سے یا ساحرین اور جادوگروں سے تو استمداد
و استعانت نہیں کرے گا لا محالہ انبیاء علیہم السلام اور اولیاء علیہم الرضوان
سے ہی کرے گا اور پہلی صورت معجزہ کہلائے گی اور دوسری صورت کرامت
کہلائے گی اور یہ دونوں دلیلیں قابلِ قبول نہیں تو اس کا مطلب یہ ہوا کہ
استدراج اور تکذیب و اہانت پر مشتمل آیات پیش کریں یا صرف جنات اور
شیاطین کی امداد و اعانت پر مشتمل آیات پیش کریں؟ کتنے افسوس کی بات ہے
کہ عفریت کی اور دیگر جنات کی قوت و طاقت مسلم ہے اور ان سے اس قسم
کے کام اور خدمات لی جا سکتی ہیں اور حضرت سلیمان علیہ السلام ان سے ایسی
خدمات لیتے رہتے تھے جو عام انسانوں کی ہمت و طاقت سے باہر اور ماورا
ہوتی تھیں۔ کما قال تعالیٰ:

وَمِنَ الْجِنِّ مَنْ يَعْمَلُ بَيْنَ يَدَيْهِ بِإِذْنِ رَبِّهِ (الیٰ)
يَعْمَلُونَ لَهُ مَا يَشَاءُ مِنْ مَحَارِيبَ وَتَمَاثِيلَ وَجِفَانٍ
كَالْجَوَابِ وَقُدُورٍ رَاسِيَاتٍ (سورہ سبا آیت ۱۲-۱۳)

تو حضرت آصف بن برخیا رضی اللہ عنہ جیسے مقبولانِ بارگاہ سے اس
قسم کے امور میں استفادہ و استفاضہ اور استمداد و استعانت کیونکر جائز
نہیں ہوگی اور اکابرین کے ارشادات اور تصریحات سے یہ حقیقت واضح کی
جا چکی ہے کہ جس طرح ہمارے قویٰ اور اعضاء - حواس و مشاعر بطورِ عادت
اور معمول اپنے اپنے دائرہ کار میں سبب ہوتے ہیں اور جنات و شیاطین
کے قویٰ اور قدرتیں سبب ہوتی ہیں اور ان میں بطور ملکہ موجود ہوتی ہیں،

Marfat.com

انبیاء کرام علیہم السلام اور اولیاء کرام میں بھی ان کا تحقق و ثبوت بطور ملکہ ہوتا ہے اور وہ غیر عادی امور میں ایجاد و تخلیق کا سبب ہوتے ہیں اور موجد و خالق تمام امور اور افعالِ عادیہ وغیر عادیہ کا اللہ تعالیٰ ہی ہوتا ہے اور معجزاتِ انبیاء اور کراماتِ اولیاء ان کے ارادے اور اختیار سے بھی سرزد ہوتے ہیں لہٰذا ان پر مشتمل دلائل کو کیوں نہ پیش کریں۔ بلکہ علامہ صاحب کو یوں کہہ دینا چاہیے تھا کہ کوئی سُنی اپنے عقیدہ پر کوئی دلیل پیش ہی نہ کرے تاکہ ہمارا دعویٰ ثابت ہو جائے۔ لہٰذا یہ بھی علامہ صاحب کی صرف ہیرا پھیری ہے اور انبیاء علیہم السلام اور اولیاء کرام علیہم الرضوان کے امتیازی کمالات کا انکار ہے اور جواب سے عجز اور بے بسی کو مُنہ بولتی دلیل و بُرہان ہے۔

۸۔ علامہ صاحب فرماتے ہیں کہ ہم بہت سی آیات سے غیر اللہ کو مافوق الاسباب پکارنے والے کا گمراہ ہونا اور مشرک ہونا ثابت کر چکے حالانکہ اسمیں بھی علامہ صاحب نے ہیرا پھیری سے کام لیا ہے جب نیلوی اینڈ کمپنی ان آیات سے استدلال کرے تو آپ فرماتے ہیں ان سے اصنام و اوثان مُراد ہیں، اہلِ قبور مُراد نہیں تاکہ ان کے پکارنے اور جاننے اور سُننے دیکھنے کا عقیدہ رکھنے والا گمراہ اور بے دین قرار پاتے اور جب انبیاء کرام اور اولیاء عظام سے استمداد و استعانت کو ناجائز اور شرک ثابت کرنا ہوتا ہے تو پھر وہی آیات خود پیش کرتے ہیں اور ہمارے خلاف دلیل و حجت بنا لیتے ہیں لہٰذا یہ سراسر ہیرا پھیری ہے کیونکہ اولیاء کرام اور

Marfat.com

انبیاء کرام علیہم السلام ان آیاتِ کریمہ میں داخل ہیں تو پھر قریب اور بعید اور تحت الاسباب اور فوق الاسباب کے تفرقے سراسر ہیرا پھیری ہیں کیونکہ آیاتِ کریمہ کے عموم و اطلاق کو خاص اور مقید ٹھہرانے کی کوئی وجہ نہیں ہو سکتی انہیں آیات میں اصنام و اوثان بھی داخل اور ان سے قریب و بعید اور تحت الاسباب اور فوق الاسباب امور میں تدبیر و تصرف بطورِ ایجاد و تخلیق بھی معدوم و منفی اور بطور سببیت بھی لیکن انہیں میں داخل انبیاء و اولیاء سے صرف بعید اور فوق الاسباب امور میں تدبیر و تصرف کی نفی ہو اور نہ قریب سے تو اس سے بڑی ہیرا پھیری کیا ہو سکتی ہے ؟

حقیقتِ حال یہ ہے کہ جس طرح خارجیوں نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کو مشرک قرار دینے کے لیے بلا جواز قولِ باری تعالیٰ :

ان الحکم الا للہ (سورہ یوسف)

کو آڑ بنا لیا تھا اور کہا تم نے تحکیم اور ثالثی قبول کر کے شرک کا ارتکاب کیا ہے اسی طرح علامہ صاحب نے بھی اصنام و اوثان کی بیخبری اور غفلت اور مجبوری و بے بسی کے بیان پر مشتمل آیات اور ان کے پجاریوں کے کفر و شرک پر مشتمل آیات کو اہلِ اسلام پر منطبق کرنے اور انہیں مشرک اور گمراہ قرار دینے کی ناکام سعی فرمائی ہے۔ اور جو جواب مولائے مرتضیٰ رضی اللہ عنہ نے ان خوارج کو دیا تھا یعنی کلمۃ حق

ارید بھا الباطل

آیت برحق ہے مگر اس سے جو معنی کشید کیا گیا ہے وہ باطل ہے۔ اسی طرح

Marfat.com

حضرت شیرِ خدا رضی اللہ عنہ کے غلاموں کی طرف سے بھی جواب وہی ہے کہ آیات برحق ہیں مگر ان سے کشید کردہ معنی سراسر باطل ہے، اور بقول حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ یہ تمام مخلوقات میں سے بدترین لوگوں کی اندھی تقلید ہے۔

جیسے کہ بخاری شریف ص۱۰۲۴ ج ۲ پر منقول ہے:

کان ابن عمر یراھم شرار خلق اللہ وقال انھم انطلقوا الیٰ اٰیات نزلت فی الکفار فجعلوا علی المؤمنین۔

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما ان خارجیوں کو ساری مخلوق سے بدتر سمجھتے تھے اور آپ نے فرمایا کہ یہ لوگ ان آیات کی طرف چلے گئے جو کفار کے حق میں نازل ہوئی تھیں پس ان کو مومنین پر منطبق کر دیا اور بالکل وہی طریقہ نیلوی صاحب نے بھی اور سرفراز صاحب نے بھی اپنا رکھا ہے اور حدیثِ رسول علیہ السلام سے ثابت کیا جا چکا ہے کہ اہلِ اسلام کو مشرک قرار دینے والا رواۓ اسلام کو اُتار پھینکنے والا ہے اور قرآن مجید کو پس پشت ڈالنے والا ہے اور بلعم بن باعور کا مقتدی اور متبع ہے۔

العیاذ باللہ تعالیٰ۔ بلکہ حقیقت میں مشرک ہی وہی ہے۔

قبل ازیں ان آیات کریمہ کے متعلق تفسیری اقوال اور ان کے حقیقی معانی کی وضاحت پیش کی جا چکی ہے جو علامہ صاحب نے اہلِ اسلام پر منطبق کی ہیں انہیں دوبارہ ملاحظہ فرمائیں اور مطالعہ کر لیں تاکہ حقیقتِ حال معلوم

Marfat.com

ہو جائے اور علامہ صاحب کے استدلال کی لغویت کا یقین ہو جائے۔

علامہ صاحب کا بے بُنیاد دعویٰ

علامہ سرفراز صاحب کی ہیرا پھیری کے نمونے ملاحظہ کرنے کے بعد اصل دعویٰ کی طرف توجہ فرمادیں کہ قرآن مجید کی آیات سے کوئی آیت غیر اللہ کے امداد و اعانت کرنے اور ان سے استمداد و استعانت کے لیے پکارنے پر دلالت کرتی ہے یا نہیں حالانکہ متعدد آیاتِ کریمہ امداد و اعانت اور استمداد و استعانت کے جواز و اباحت پر دلالت کرتی ہیں لیکن اگر کوئی ان میں غور ہی نہ کرے یا غور و فکر کرنا ہی نہ چاہے تو اس کا کیا علاج ہے۔

۱۔ قولہ تعالیٰ :

فَالْمُدَبِّرٰتِ اَمْرًا ۝ (سورہ النزعٰت آیت ۵)

کی تفسیر اور علماءِ اعلام کے ارشادات پہلے گزر چکے اور وجوہِ استدلال بھی لہٰذا دوبارہ ان کا مطالعہ فرمالیں۔

عذر بارد

علامہ سرفراز صاحب نے راہِ ہدایت صـ۱۲۶ میں کہا کہ چونکہ اس کی متعدد تفسیریں منقول ہیں لہٰذا اس سے استدلال درست نہیں کیونکہ اس میں قطعیت باقی نہیں رہ گئی حالانکہ آپ ماہر مدرّس ہونے کے مدعی ہیں تو ان کو معلوم ہونا چاہیے کہ متعدد احتمالات میں سے کسی ایک احتمال کے ساتھ

Marfat.com

استدلال کرنے میں اور متعدد تفاسیر میں سے کسی ایک تفسیر کے ساتھ استدلال کرنے میں واضح فرق ہے جیسے کہ فاضل سیالکوٹی نے حاشیہ بیضاوی میں اس کی تصریح فرمائی۔ تفصیل اس کی یہ ہے کہ قول باری تعالیٰ :

إِنَّ الَّذِينَ كَفَرُوا سَوَاءٌ عَلَيْهِمْ

(سورۃ البقرہ آیت ۶)

الآیہ سے قاضی بیضاوی نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے علم غیب والے معجزہ سے استدلال کیا تو اس پر یہی اعتراض وارد ہوا کہ آپ کی غیبی خبر تو صرف اس صورت میں بنے گی جبکہ الذین کفروا سے مخصوص اور متعین افراد مراد ہوں حالانکہ اس میں عموم والا قول بھی موجود ہے توجب احتمال متعدد ہو گئے تو اس سے قاضی بیضاوی کا استدلال آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے علم غیب والے معجزہ پر (کہ آپ نے جان لیا کہ فلاں فلاں کافر تبلیغ و ارشاد سے مستفید نہیں ہوں گے، اور ایمان نہیں لائیں گے اور آپ ؐ نے خبر بھی دے دی اور جس طرح فرمایا اسی طرح ہوا) باطل ہو گیا تو فاضل سیالکوٹی نے فرمایا :

فهو فی الحقیقة استدلال باحد وجهی التفسیر و

لیس استدلالا بالمحتمل ۔ (منہ)

کہ یہ درحقیقت تفسیر کے متعدد وجوہ میں سے ایک وجہ کے ساتھ استدلال ہے نہ کہ امر محتمل کے ساتھ استدلال ہے۔ لہٰذا اس جواب میں علامہ صاحب نے اپنا علمی مقام اگر تھا بھی تو اس کو تعصب وعناد کے

[1] صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم۔

Marfat.com

تحت داؤ پر لگا دیا ہے اور اس واضح اور روشن ترحقیقت سے آنکھیں بند کرلی ہیں کہ مفسرینِ کرام تو تقریباً ہر آیتِ کریمہ کے تحت متعدد اقوال ذکر کر دیتے ہیں لہٰذا ان تمام آیات سے استدلال ناجائز اور غلط ہو جائے گا گویا ان مفسرین نے قرآنِ مجید کی تفسیر کر کے اس کو ناقابلِ عمل بنا دیا اور قطعی کو ظنی اور مشکوک بنا کر اللہ تعالیٰ کے ساتھ بھی اور اس کی کتاب کے ساتھ بھی ظلمِ عظیم کیا اور ہر مفسر گویا اس کا پابند ہونا چاہیے کہ ہر آیت کی صرف ایک وجہ سے ہی تفسیر کرے متعدد وجوہ ذکر کرنا اس پر حرام ہونا چاہیے۔ یا للعجب ولضیقۃ الدرب۔ ؎

رہے نہ اہلِ ہنر تو بے خرد چمکے
فروغِ نفس ہُوا عقل کے زوال کے بعد

حقیقتِ حال یہ ہے کہ مدبرات کا لفظ عام ہے اور عام کو اپنے عموم پر رکھنا ضروری ہے لہٰذا ان متعدد تفسیری اقوال میں کوئی منافات نہیں بلکہ وُہ سب اقوال اسی عموم کا بیان ہیں اور عام کے ساتھ خاص پر استدلال اصطلاحِ منطق میں قیاس کہلاتا ہے اور وُہ حجت و دلیل کے اقسام ثلاثہ میں سے اعلیٰ درجہ کی حجت و دلیل ہوا کرتا ہے۔

تحت الاسباب اور فوق الاسباب،

علامہ صاحب کو یہاں یہ شبہ بھی ہے کہ یہاں پر جس تدبیر و تصرف کا ذکر ہے وُہ تحت الاسباب ہے فوق الاسباب نہیں ہے جب کہ نزاع

Marfat.com

فوق الاسباب تدبیر و تصرف میں ہے چنانچہ فرماتے ہیں :

اس آیتِ مذکورہ میں جس تدبیر اور تصرف کا (ایک تفسیر اور احتمال کے روسے) ثبوت ملتا ہے وُہ صرف عالمِ اسباب کی تدبیر ہے اس سے مافوق الاسباب تدبیر اور تصرف ہرگز مُراد نہیں۔ مناسب معلوم ہوتا ہے کہ ہم ان کے اعلیٰ حضرت کا حوالہ ہی عرض کر دیں :

مسئلہ کیا فرماتے ہیں علماءِ دین اس مسئلہ میں کہ دُنیا میں جو کچھ ہو رہا ہے اور ہوگا بوساطت فرشتگان اور سیارگان وعقول عشرہ ہی ہو رہا ہے یا ہر آن میں بلا توسل ان سب کے خود حاکمِ حقیقی نظم ونسق فرماتا ہے بینوا توجروا۔ الجواب اللّٰہ اکبر حاکمِ حقیقی عز جلالہٗ پاک ہے اس سے کہ کسی سے توسل کرے وہی اکیلا حاکم، اکیلا خالق، اکیلا مدبر ہے۔ سب اس کے محتاج ہیں وُہ کسی کا محتاج نہیں۔ اس نے عالمِ اسباب میں ملائکہ کو تدابیر امور پر مقرر فرمایا ہے۔

قال تعالیٰ :

فالمدبّرٰت امراً الخ

(احکام شریعت حصہ سوم ص۱۶۳ - راہِ ہدایت ص۱۳۱)

خود علامہ صاحب نے تحت الاسباب اور فوق الاسباب کی وضاحت اپنے طور پر یوں کی ہے :

یہ یاد رہے کہ پیاس کے وقت اپنے نوکر کو پانی کے لیے پکارنا بیماری میں علاج کے لیے حکیم اور ڈاکٹر کو بلانا، کسی اور ایسی ہی تکلیف میں اپنے

Marfat.com

کسی دوست، عزیز، رشتہ دار یا عام انسان کی توجہ اپنی طرف منعطف کرنا یہ نہ تو شرک ہے اور نہ اس سے ڈاکٹر اور حکیم کو اللہ ماننا لازم آتا ہے کیونکہ یہ سب کچھ سلسلۂ اسباب کے تحت ہے نہ کہ سلسلۂ اسباب سے مافوق بخلاف اس کے جو بھوک پیاس، بیماری یا دُکھ درد میں کسی پیغمبر، ولی شہید اور بزرگ کو پکارتا ہے (تا) اس کو اس معنیٰ میں متصرّف فی الامور مانتا ہے، کہ یہ مشکل کشائی، حاجت روائی، پناہ دہندگی اور اعانت و خبر گیری اور حفاظت میں فوق الطبعی طور پر اسباب کو حرکت میں لا سکتے ہیں اور یہی اصل شرک ہے۔

(گلدستہ۔ توحید ص۱۱۱-۱۱۲)

اعلیٰ حضرت بریلوی رحمہ اللہ کے کلام میں مطلقاً تدابیر امور کو ملائکہ کے سپرد کرنے کا ذکر ہے اس میں فوق الطبعی طور پر یا طبعی طور پر اسباب کو مسبّبات کے ساتھ مرتبط کرنے کا فرق نہیں کیا گیا جبکہ علامہ صاحب نے اسباب و مسبّبات کے طبعی ربط و تعلّق کے ذریعے مسبّب کے تحقّق کو تحت الاسباب سے تعبیر کیا ہے اور فوق الطبعی ربط و تعلّق کو فوق الاسباب سے تعبیر کیا ہے اور پھر اعلیٰ حضرت کے کلام کو اپنے مدّعا کی دلیل بھی بنا لیا ہے جس سے صاف ظاہر ہے کہ موصوف کو تحت الاسباب اور مافوق الاسباب میں باہمی امتیاز اور تفرقہ کا پتہ ہی نہیں اور نہ کوئی حتمی فیصلہ کر سکتے ہیں۔

اعلیٰ حضرت فاضل بریلوی قدس سرّہٗ نے اللہ تعالیٰ کی محتاجی کی نفی فرمائی، اور ملائکہ وغیرہ کے توسّل سے امور میں تدبیر و تصرّف کی نفی فرمائی جس کا مطلب و مفہوم یہ تھا کہ اصل کارکنانِ قضا و قدر ملائکہ اور عقولِ عشرہ وغیرہ

Marfat.com

ہیں اور اللہ تعالیٰ نے ان کو پیدا فرمایا تو اس طرح ان کے افعال بالواسطہ اللہ تعالیٰ کی طرف منسوب ہوگئے اور یہ گویا فلاسفہ کا تفویض امور والا نظریہ تھا جس کا رد کرتے ہوئے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ حقیقی مدبّر اور متصرّف اور خالق و موجد ہے اور ملائکہ کی تدابیر امورِ کائنات کی انجام دہی کے لیے اسباب ہیں اگرچہ فوق الطبیعت ہی کیوں نہ ہوں جس طرح جبرئیل علیہ السلام کے حضرت مریم علیہا السلام کے گریبان میں پھونک مارنے سے حضرت عیسٰی علیہ السلام کا تولد اگرچہ سبب و مسبب کے باہمی ربط و تعلق اور جبرئیل امین علیہ السلام کی تدبیر سے ہے۔ کما قال :

اِنَّمَآ اَنَا رَسُوْلُ رَبِّكِ لِاَهَبَ لَكِ غُلٰمًا زَكِيًّا ۝

(سورہ مریم آیت ۱۹)

لیکن توالد و تناسل کا سبب طبعی یہ نہیں ہے بلکہ خاوند اور بیوی کا باہمی ملاپ اور رحم میں دونوں کے ممزوج نطفوں کا استقرار سبب طبعی ہے، اور فوق الطبعی طور پر اسباب و مسبّبات میں ربط قائم کرنے اور سبب کے مترتب ہو جانے کے عقیدہ کو علامہ صاحب شرک قرار دیتے ہیں حالانکہ معجزات اور کرامات میں بالعموم ہوتا ہی اسی طرح ہے۔ پانی کے پیالہ میں سیدِ عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا دستِ اقدس رکھ کر اُبلتے چشموں میں بدلنا اور صحابہ کرام کو سیراب فرمانا، حضرت جریج رضی اللہ عنہ کا زانیہ عورت کے پیٹ میں موجود بچے کو کہنا

یا بابوس من ابوک

Marfat.com

اے پیٹ میں موجود جنین تو کس کے نطفے سے ہے اور اس کا اندر سے جواب دینا میں چرواہے کے نطفے سے ہوں ۔

(مسلم شریف ص۳۱۳ ج ۲ ۔ بخاری شریف ص۱۶۱ ج ۱)

فوق الطبعی طور پر اپنی برارت ثابت کرنے کے قبیل سے ہے ۔

لہٰذا علامہ صاحب کے نظریہ میں اور اعلیٰ حضرت علیہ الرحمہ کے فرمان میں واضح فرق اور امتیاز موجود ہے اور باہم مطابقت و موافقت بالکل مفقود ہے اس لیے آپ کے کلام سے استشہاد علامہ صاحب کے لیے بالکل بے سود ہے ۔

اعلیٰ حضرت کا صرف اور صرف وہی مطلب ہے جو حضرت خاتم المفسرین شاہ عبدالعزیز قدس سرہٗ کا ہے کہ اسبابِ ظاہرہ اور ان کے مسببات میں بھی حقیقی مؤثر صرف اور صرف اللہ تعالیٰ کو سمجھا جائے اور نظر اسباب پر نہ رکھی جائے بلکہ مُسبّب پر اور اسبابِ باطنہ غیر عادیہ میں بھی نظر اسی کی ذات پر ہونی چاہیے اور مؤثرِ حقیقی اسی کو سمجھنا چاہیے ۔ چنانچہ حضرت شاہ صاحب فرماتے ہیں کہ :

ایک دن حضرت سفیان ثوری رحمہ اللہ نمازِ شام پڑھا رہے تھے جب

اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَاِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ ۝

کہا تو بیہوش ہو کر گر پڑے ۔ جب ہوش بحال ہوا تو لوگوں نے دریافت کیا اے شیخ آپ کو کیا ہو گیا تھا تو آپ نے فرمایا کہ جب میں نے اِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ پڑھا تو مجھے خوف لاحق ہوا کہ مجھے کہیں اے دروغ گو تو پھر طبیب سے دارو کیوں طلب کرتا ہے اور امیر سے روزی کیوں طلب کرتا ہے

Marfat.com

اور بادشاہ اور حاکم سے نصرت وامداد کیوں طلب کرتا ہے (ت) لیکن درینجا باید فہمید کہ استعانت از غیر بوجہیکہ اعتماد برآں غیر باشد واو را مظہر عون الٰہی نداند حرام است واگر التفات محض بجانب حق است واو را یکے از مظاہر عون الٰہی دانستہ ونظر بکارخانہ اسباب وحکمت او تعالیٰ دراں نمودہ بغیر استعانت ظاہر نماید دور از عرفان نخواہد بود ودر شرع نیز جائز وروا است وانبیاء واولیاء ایں نوع استعانت بغیر کردہ اند ودرحقیقت ایں نوع استعانت بغیر نیست بلکہ استعانت بحضرت حق است لاغیر۔

(صفحہ نمبر ۸ ج ۱)

لیکن یہاں پر یہ حقیقت سمجھ لینی چاہیے کہ غیر اللہ سے استعانت اس طرح ہو کہ اعتماد صرف اسی پر ہو اور اس کو اللہ تعالیٰ کی اعانت کا مظہر نہ جانے تو حرام ہے اور اگر توجہ اور التفات محض اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہے اور اس کو غیر اللہ تعالیٰ کی امداد واعانت کے مظاہر میں سے ایک مظہر سمجھ کر اور کارخانۂ اسباب اور حکمتِ باری تعالیٰ پر نظر رکھتے ہوئے غیر اللہ سے ظاہری طور پر استعانت کرے تو عرفان سے دُور نہیں ہوگی اور شریعت میں بھی جائز اور درست ہے اور انبیاء علیہم السلام واولیاء نے اس طرح کی استعانت غیر سے کی ہے اور درحقیقت یہ غیر سے استعانت نہیں بلکہ حق تعالیٰ سے ہی استعانت ہے۔

اور جب ظاہری اور عادی اسباب پر نظر اور اعتماد کلی روا نہیں تو غیر عادی اسباب پر بطریق اولیٰ روا نہیں ہوگا اور یہی اعلیٰ حضرت رحمۃ اللہ علیہ

Marfat.com

کا مقصد ہے اور اس کو انہوں نے اس طرح بیان فرمایا ہے۔ ؎

حاکم حکیم دار و دوا دیں یہ کچھ نہ دیں
مردود یہ مراد کس آیت خبر کی ہے

اور اگر اعلیٰ حضرت انبیاء کرام علیہم السلام اور اولیاء کرام علیہم الرضوان میں اللہ تعالیٰ کی عطا سے بھی تدبیر و تصرف کی قدرت وطاقت تسلیم نہیں کرتے اور انہیں خداداد تصرف و تدبیر کا مالک بھی نہیں مانتے تو پھر تمہارا ان کے ساتھ اختیاراتِ مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں تنازعہ کیا ہے اور ان پر شرک کے فتوے کیسے ہیں؟ معلوم ہوتا ہے کہ علامہ صاحب کو اعلیٰ حضرت کی اردو عبارت سمجھنے کی بھی توفیق نہیں ہوتی اور نہ ان کو خود ہی معلوم ہو سکا ہے کہ ہمارے تحت الاسباب اور فوق الاسباب کے رٹے رٹائے الفاظ کا مطلب اور معنیٰ و مفہوم کیا ہے۔

حالتِ اضطرار میں مافوق الاسباب استمداد کا جواز

اختیاری حالت میں تو علماء دیوبند تحت الاسباب اور فوق الاسباب استمداد کا فرق بہت ہی ملحوظ رکھتے ہیں اور اوّل کے جواز اور ثانی کے شرک ہونے کے فتوے صادر کرتے ہیں مگر جب بھوک ستائے اور جان لبوں پر آجائے تو پھر فوق الاسباب استمداد بھی جائز ہو جاتی ہے اور امداد دینے والے کی قدرت وطاقت اور تدبیر و تصرف کا فراخدلی کے ساتھ اعتراف بھی کیا جاتا ہے چنانچہ مخزنِ احمدی کے مؤلف سید احمد بریلوی کے نبیرہ سید محمد علی صاحب لکھتے ہیں: (ص ۹۹)

Marfat.com

کہ ہمارا قافلہ وادیٔ سرف میں حضرت ام المؤمنین میمونہ رضی اللہ عنہا کے مزار مبارک کے قریب فروکش ہوا۔ اتفاق سے کھانے پینے کو کوئی شے دستیاب نہ ہو سکی اور ہر شخص کے پاس روٹی کی طلب میں دوڑا لیکن ہر طرف سے ناکامی کا منہ دیکھنا پڑا تو لاچار اور مجبور ہو کر مزار مبارک کی زیارت کے لیے حجرہ مبارک میں حاضر ہوا۔

و پیش تربت شریفہ گدایانہ ندا کردم و گفتم۔ اے جدۂ امجدۂ من مہمان شما ہستم چیزے خوردنی عنایت فرما و مرا محروم از الطاف کریمانہ خود منما۔ آنگاہ سلام کردم و فاتحہ و اخلاص خواندہ ثوابش بروح پر فتوحش فرستادم آنگاہ نشستہ سر بر قبرش نہادہ بودم از رزاق مطلق روانائے بر حق دو خوشہ انگور تازہ بدستم افتادہ۔ طرفہ تر آنکہ آں ایام سرا بود و ہیچ جا انگور تازہ دستیاب نبود در حیرت افتادم و یکے ازاں ہر دو خوشہ ہموں جا نشستہ تناول نمودہ از حجرہ بیروں شدم و یک یک دانہ ہر یک تقسیم کردم و گفتم ؎

یافت مریم گر بہنگام شتا
میوہ ہائے جنت از فضل خدا

ایں کرامت در حیاتش بود و بس
بعد فوتش نقل ننمودہ است کس

بعد فوت زوج ختم المرسلینؐ
رفتہ چندیں قرنہا اے دور بین

بنگر از وے ایں کرامت یافتم
مایۂ صد گونہ نعمت یافتم

ؐ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم۔

Marfat.com

اور ام المومنین حضرت میمونہ رضی اللہ عنہا کی مزار شریف کے سامنے گداگر کے انداز میں صدا دی اور عرض کیا، اے میری بزرگ ترین نانی جان میں آپ کا مہمان ہوں، کھانے کے لیے کوئی چیز عنایت فرمائیں اور مجھے اپنے الطاف کریمانہ سے محروم نہ رکھیں۔ اس وقت سلام پیش کیا۔ سورہ فاتحہ اور اخلاص پڑھ کر اس کا ثواب آپ کی روح پر فتوح کو پہنچایا۔ اس وقت بیٹھے ہوئے میں نے اپنا سر آپ کی مزار مبارک پر رکھا ہوا تھا کہ اچانک رزّاقِ مطلق اور دانائے برحق کی طرف سے تازہ انگوروں کے دو خوشے میرے ہاتھ پر گرے عجب معاملہ یہ تھا وہ سردی کے دن تھے اور کسی جگہ بھی تازہ انگور دستیاب نہیں تھے میں حیرت زدہ ہوگیا اور ان دو میں سے ایک خوشہ وہیں بیٹھے کھا لیا پھر حجرہ مبارک سے باہر آگیا اور دوسرے خوشہ سے ایک ایک دانہ سب رفقاء میں تقسیم کیا اور کہا۔

ترجمہ اشعار :

اگر حضرت مریم علیہا السلام نے سردی کے ایام میں خداوند تعالےٰ کے فضل وکرم سے جنّت کے میوہ جات پالیے تو یہ ان کی کرامت صرف ان کی ظاہری زندگی میں تھی۔ ان کی وفات کے بعد کسی نے اس کرامت کو نقل نہیں کیا۔ خاتم المرسلین صلی اللہ علیہ وآلہ وازواجہ وسلم کی زوجہ محترمہ کی وفات کے بعد اتنی صدیاں گزرنے کے باوجود اسے دور بین دیکھ کہ میں نے ان سے یہ کرامت پائی ہے اور صد گونہ نعمت کی پونجی حاصل کی ہے۔

علامہ صاحب ذرا سوچ کر بتلانا کہ حضرت ام المومنین میمونہ رضی اللہ عنہا سے گدایانہ انداز میں معافی کا طلبگار ہونا کیا اسی طرح کی استمداد ہے جسطرح

Marfat.com

نوکر کو پانی لانے کے لیے حکم دیا جاتا ہے یا ڈاکٹر کو دوا دینے کے لیے کہا جاتا ہے یا اس میں فوق الطبعی طور پر اسبابِ معیشت اور سیری کو حرکت میں لانے کی درخواست ہے اور پھر یہ اعتراف بھی موجود ہے کہ سبب کا وجود بھی ان ایام میں کہیں نہیں تھا کیونکہ موسم ہی تازہ انگوروں کا نہیں تھا لیکن محبوبِ کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام کی زوجہ محترمہ رضی اللہ عنہا نے ازراہِ کرامت فوق الطبعی طور پر اسبابِ معیشت کو حرکت میں لاکر اس گدایانہ صدا دینے والے فقیر کی مُراد پوری کر دی اور اس کی مہمانی کا حق ادا کر دیا۔

فوائد : ۱- ہمیں تو مزاراتِ اکابر کو ہاتھ لگانے کی بھی اجازت دینا علماءِ دیوبند گوارا نہیں فرماتے مگر خود مزارات پر بوقتِ اضطرار سر بھی رکھ لیتے ہیں۔

۲- ہمیں فاتحہ و درُود سے روکا جاتا ہے اور بدعت کے فتوے لگائے جاتے ہیں اور خود فاتحہ خوانی کر لیتے ہیں۔

۳- ہمیں اہلِ قبور کی استمداد سے روکا جاتا ہے لیکن خود استمداد کر لیتے ہیں اور امداد ملنے کے اعترافات بھی کرتے ہیں (حضرت خواجہ قطب الدین بختیار کاکی اور حضرت غوثِ اعظم اور حضرت خواجہ بہاؤ الدین رضی اللہ عنہم اور حضرت مولائے مرتضیٰ اور سیدۃ فاطمۃ الزاہرا رضی اللہ تعالیٰ عنہا بلکہ خود سیدِ عالم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے متعلق اعترافات پہلے ذکر کیے جا چکے ہیں)

۴- یہاں اہل القبور میں حیات اور سُننے سمجھنے اور زائرین کی معرفت کی اہلیت بھی تسلیم کر لی گئی لیکن ضرورت مٹ جائے تو انکار کرنا واجب بھی قرار

Marfat.com

دے دیا جاتا ہے۔ وغیر ذلک۔

بدحواسی کا نمونہ

اسلامی آداب میں سے یہ اہم ترین ادب ہے کہ پہلے سلام کہو بعد میں کلام کرو لیکن یہاں حاجت پہلے پیش کی گئی اور سلام نیاز اور فاتحہ بعد میں پڑھا گیا۔ بھوک کی شدّت نے اسلامی آداب و اخلاق بھی بھلا دیئے بلکہ توحید و شرک کا باہمی امتیاز بھی مٹا دیا۔

علاّمہ صاحب دُور دراز قبور میں لیٹے ہونے کی قیود لگاتے ہیں تو کم از کم اس امر کا اعتراف تو برملا کرلیں کہ واقعی قریب سے مقربانِ بارگاہِ خداوند تعالیٰ اسبابِ عادیہ سے بالا تر ہو کر فوق الطبعی طور پر امداد و اعانت فرما سکتے ہیں اور جہاں اسبابِ عادیہ کام نہ آسکیں، یہ حضرات غیر عادی اسباب کے ذریعے امداد فرما دیتے ہیں اور حاجات پوری کر دیتے ہیں اور اس میں زندہ اور فوت شدہ کا فرق روا نہیں رکھتے۔

اور علاّمہ محمود الحسن دیوبندی صاحب شیخ گنگوہی کے بارے میں کہتے ہیں۔ ؎

حوائج دین و دُنیا کے کہاں لے جائیں ہم یارب
گیا وُہ قبلۂ حاجات رُوحانی و جسمانی

یعنی ہمارا ہندوں سے عرض کرنا کہ اللہ تعالیٰ سے دُعا کرکے یہ کام کرادو یہ بھی شرک اور خود اللہ تعالیٰ سے کہیں کوئی بندہ بتلا جس کے پاس حاجات

Marfat.com

لے کر جائیں یہ بھی عین اسلام اور رُوحِ دین اور جانِ ایمان ہے۔ ؏
پھر جو چاہے آپ کا حسن کرشمہ ساز کرے

۲۔ قال اللہ تبارک و تعالیٰ :

وَتَعَاوَنُوا عَلَى الْبِرِّ وَالتَّقْوَىٰ وَلَا تَعَاوَنُوا عَلَى الْإِثْمِ وَالْعُدْوَانِ وَاتَّقُوا اللَّهَ (سورۃ المائدہ آیت ۲)

اور باہم بر و احسان اور تقویٰ و پرہیزگاری پر تعاون کرو نہ تعاون کرو گناہ اور سرکشی پر اور اللہ تعالیٰ سے ڈرتے رہو۔

وجہ استدلال : اس آیتِ کریمہ میں بر و تقویٰ پر باہم تعاون کا حکم دیا گیا ہے اور اثم و عدوان پر تعاون سے روکا گیا ہے اور اس میں تحت الاسباب اور فوق الاسباب کا کوئی فرق نہیں کیا گیا بلکہ مطلق طور پر یہ حکم دیا گیا ہے اور نصوص کلام مجید کو اپنے عموم و اطلاق پر رکھنا ضروری ہے جب تک کوئی قطعی مخصص اور وجہ تقیید موجود نہ ہو اور اس آیتِ کریمہ کے اطلاق کو تقیید میں بدلنے والی کوئی نص موجود نہیں لہٰذا ہر دو طرح کے تعاون کا حکم یعنی جواز بلکہ استحباب اس سے ثابت ہو گیا جس طرح کہ اثم و عدوان پر ہر طرح کے تعاون کا ممنوع ہونا ثابت ہو گیا اور قبل ازیں اس اطلاق پر تنبیہ بھی ذکر کر دی گئی ہے۔ حضرت ابو محذورہ کے سینے پر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ہاتھ مبارک پھیر کر ان کے دل سے ظلمتِ کفر دور فرما دی اور نورِ ایمان سے منوّر فرما دیا۔
حضرت سیدنا عمر فاروق رضی اللہ عنہ کے سینہ پر ہاتھ پھیر کر ان کو

Marfat.com

اپنی محبت میں کامل ترین بنادیا حتیٰ کہ اس کے بعد ان کو آپ مال، اولاد آباؤ اجداد، خویش و اقارب حتیٰ کہ اپنی جان سے بھی طبعی طور پر عزیز اور پیارے ہو گئے۔ حضرت جریر بن عبد اللہ بجلی گھوڑے کے تیز دوڑنے پر گر پڑتے تھے آپ نے ان کے سینے پر اور پشت پر ہاتھ پھیر کر بزدلی کو دور فرما دیا اور انہیں ثابت قدمی اور بہادری کا پیکر بنا دیا۔ حضرت جابر رضی اللہ عنہ کے قرضے ادا کرنے کے لیے ان کے باغ کا سارا پھل بھی کفایت نہیں کر سکتا تھا لیکن آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے صرف ایک ڈھیری سے سارے قرضے ادا فرما دیئے اور اس سے بھی ایک کھجور کی کمی معلوم نہیں ہوتی تھی، اور حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی والدہ کو دعا فرما کر دولتِ ایمانی سے مالا مال فرما دیا۔

نیز اثم و عدوان میں فوق الاسباب تعاون بھی ممنوع ہے تو لامحالہ بر و تقویٰ میں فوق الاسباب تعاون بھی جائز اور کار ثواب ہو گا۔ پہلے ذکر کیا جا چکا ہے کہ بلعم بن باعور کا اسمِ اعظم معلوم تھا اور وہ مستجاب الدعوات تھا جب قوم جبارین کی حضرت موسیٰ کلیم علیہ السلام کے مقابلہ میں اسمِ اعظم کے ذریعے امداد و اعانت کرنے لگا تو اللہ تعالیٰ نے اس کو مردود و ملعون بنا دیا اور اس کی زبان لٹک کر سینہ تک آگئی اور قرآن مجید میں اس کی مذمت اس طرح فرمائی گئی ہے:-

وَاتْلُ عَلَيْهِمْ نَبَأَ الَّذِيٓ اٰتَيْنٰهُ اٰيٰتِنَا فَانْسَلَخَ مِنْهَا فَاَتْبَعَهُ الشَّيْطٰنُ فَكَانَ مِنَ الْغٰوِيْنَ ○ (الی) فَمَثَلُهٗ

لہ رضی اللہ عنہ۔

Marfat.com

كَمَثَلِ الْكَلْبِ ۚ الایہ (سورۃ الاعراف آیت ۱۷۵ - ۱۷۶)
تفصیل تفسیر ابن کثیر جلد ثانی صفحہ ۲۷۱ تا ۲۷۴ پر ملاحظہ فرماویں۔
نیز حضرت یوسف علیہ السلام کا حضرت یعقوب علیہ السلام کی بینائی بحال فرمانا اور حضرت آصف بن برخیا رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا تخت لاکر حضرت سلیمان علیہ السلام کی خدمت میں پیش کرنا اور حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا بیماروں کی مختلف النوع بیماریوں کو دور کرنا کلام مجید سے ثابت ہے اور یہ سبھی امورِ خیر میں مافوق الاسباب طریق پر تعاون کی صورتیں ہیں لہٰذا اس آیتِ کریمہ کو تحت الاسباب استعانت سے مقید اور مخصوص ٹھہرانا سراسر زیادتی ہے۔ اس میں قواعد و اصول کی خلاف ورزی بھی ہے اور دوسری آیاتِ مبارکہ اور احادیثِ مقدسہ کی بھی مخالفت ہے جو قطعاً قابلِ برداشت نہیں ہے۔

۳۔ قال اللّٰہ تعالیٰ:
فَإِنَّ اللّٰهَ هُوَ مَوْلٰهُ وَجِبْرِيْلُ وَصَالِحُ الْمُؤْمِنِيْنَ ۚ وَالْمَلٰٓئِكَةُ بَعْدَ ذٰلِكَ ظَهِيْرٌ ○
(سورہ تحریم آیت ۴)

پس تحقیق اللّٰہ ان کا ناصر و مددگار ہے اور جبرئیل اور مومنین صالحین اور ان کے تمام ملائکہ ان کے مددگار اور پشت پناہ ہیں۔
اس آیتِ کریمہ میں اللّٰہ تبارک و تعالیٰ نے اپنی امداد و نصرت کیساتھ ساتھ حضرت جبرئیل علیہ السلام اور مومنین صالحین (صحابہ کرام علیہم الرضوان)

Marfat.com

اور ملائکہ کو نبیِ اکرم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے لیے نصرت و امداد کا ذکر فرمایا ہے۔ اگر مدد نہیں دے سکتے نہ سببیت کے طور پر اور نہ علیت کے طور پر نہ کسب اور مباشرت اسباب کے ذریعے اور نہ دعوات اور توجہاتِ قلبیہ اور رُوحانی تصرفات کے ذریعے تو ان کے ذکر کا کوئی مقصد ہی نہیں ہو سکتا۔ علاوہ ازیں میدانِ بدر میں ملائکہ کا امداد کے لیے آنا اور عملی طور پر امداد کرنا نصِ قرآنی سے ثابت اور جنگِ اُحد میں نبیِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم پر تلواروں کے تیر حملے ہونے کے باوجود محفوظ رہنا بھی جبرئیل و میکائیل[۱] کی امداد و اعانت کا نتیجہ اور ثمرہ تھا اور خیبر کی جنگ میں حضرت علی رضی اللہ عنہ کا روحانی تصرف سے قلعہ کے دروازے کو اکھیڑ پھینکنا اور اس کے در و دیوار کو ہلا کر رکھ دینا اور مرحب جیسے ناقابلِ شکست جنگجو کو ایک ضربتِ حیدری سے دو لخت کر کے میدانِ کارزار میں تہلکہ مچا دینا اسبابِ عادیہ سے ماوراء کارنامہ ہے اور امتیازی کرامت ہے الحاصل اس آیتِ کریمہ میں ولایت و نصرتِ مطلق ہے اور عملی طور پر بھی تحت الاسباب اور فوق الاسباب ہر طرح کی مدد اللہ تعالیٰ اور ملائکہ اور صالح المؤمنین کی طرف سے پائی گئی ہے لہٰذا استمداد و استعانت کی اباحت اور حلت اس آیتِ مبارکہ سے بھی واضح ہو گئی۔ اور علامہ ابنِ قیم اور حضرت شاہ ولی اللہ قدس سرہٗ العزیز اور دیگر اکابر کی تصریحات سے صالح المؤمنین کا ملاء اعلیٰ میں شامل ہو جانا اور ملائکہ کی طرح تدابیرِ کائنات میں شریکِ کار ہونا واضح ہو چکا اور بالخصوص اعلائے کلمۃ اللہ

[۱] علیہما السلام

Marfat.com

میں مجاہدینِ اسلام کی امداد و نصرت کو اپنے اُوپر لازم سمجھنے کی تصریحات گزر چکی ہیں لہٰذا حالتِ حیات میں بھی اور بعد از وصال بھی استمداد و استعانت کی اباحت ثابت ہوگئی کیونکہ امداد و اعانت کرنے کا جواز مدد و اعانت حاصل کرنے کے جواز و اباحت کے بغیر تصوّر نہیں ہو سکتا اور اگر نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی طرف سے امداد و اعانت غیر اللہ کے لیے جائز ہے تو دُوسرے اہلِ اسلام کے لیے کیوں جائز نہیں ہوگی ؟ اور اگر آپ کا مدد و نصرت حاصل کرنا جائز اور روا ہے تو دُوسروں کا مدد اعانت حاصل کرنا کیونکر روا نہیں ہوگا ۔ بلکہ نبی اُمّت کے ترجمان اور نمائندے ہوتے ہیں اور ان کے لیے عملی نمونہ اور حق نما آئینہ ہوتے ہیں تو لا محالہ اُمت کے لیے استمداد و استعانت روا ہوگی ۔

۴ ۔ قال اللّٰہ تعالیٰ :

هُوَ الَّذِيٓ اَيَّدَكَ بِنَصْرِهٖ وَبِالْمُؤْمِنِيْنَ ۝

(سُورۃ الانفال آیت ۶۲)

اللہ تعالیٰ ہی وُہ ذاتِ اقدس ہے کہ جس نے آپ کو تقویت بہم پہنچائی اپنی نصرت و امداد کے ساتھ اور مومنین کے ذریعے اس آیتِ مقدسہ میں بھی اللہ تعالیٰ نے اہلِ ایمان کی امداد و نصرت کو اپنی امداد و نصرت کے ساتھ ذکر فرما کر واضح فرما دیا کہ اللہ تعالیٰ اپنی شان کے لائق مدد و معاون ہے اور اہلِ ایمان اپنی شان کے لائق اور ہر ایک سے وُہ تعاون اور امداد حاصل کرنا درست ہے جو ان کی شان کے لائق ہے کوئی اللہ تعالیٰ

Marfat.com

سے عرض کرے کہ تلوار لے کر میدانِ کارزار میں ہمارے ساتھ مل کر کفار کے ساتھ جنگ فرما، یا ہماری فتح و نصرت کے لیے دُعا فرما تو ایسا شخص یقیناً دائرہ اسلام سے خارج ہے اور کوئی مومنین سے ایجاد و تخلیق کی صورت میں امداد و اعانت کا طلبگار ہوگا تو وُہ بھی یقیناً دائرہ اسلام سے خارج ہو جائے گا لہٰذا خلق و ایجاد کے لحاظ سے صرف اور صرف اللّٰہ تعالیٰ مدد و معاون ہے اور کسب و سببیت کے طور پر اہلِ ایمان خواہ اسباب عادیہ کے ذریعے امداد و اعانت کریں یا غیر عادیہ کے طور پر۔ اور ایسے ہی اللّٰہ تعالیٰ کے اس ارشادِ گرامی سے بھی یہ مطلوب و مقصود ثابت ہو رہا ہے۔

۵۔ قال اللّٰہ تعالیٰ:

يَاأَيُّهَا النَّبِيُّ حَسْبُكَ اللّٰهُ وَمَنِ اتَّبَعَكَ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ ۝

(سورۃ الانفال آیت ۶۴)

اے نبی صلی اللّٰہ علیہ وآلہ وسلم آپ کو اللّٰہ تعالیٰ کفایت کرنے والا ہے اور جن مومنین نے آپ کی اتباع کی ہے وُہ کافی ہیں۔

اور قبل ازیں حضرت شاہ عبدالعزیز قدس سرہٗ اور دیگر اکابر کے حوالے سے بتلایا جا چکا ہے کہ اسباب عادیہ ہی کیوں نہ ہوں ان پر اعتماد اور توکل درست نہیں بلکہ ان کو بھی صرف مظاہر عونِ الٰہیہ سمجھنا لازم اور ضروری ہے جب اسباب عادیہ کے تحت معمول کی استمداد و استعانت کا یہ حکم ہے تو اسباب غیر عادیہ کے تحت حاصل امداد و کفایت میں بھی ان کو مظاہر عونِ الٰہیہ سمجھنا لازم اور ضروری ہوگا اور شاہ عبدالحق محدث دہلوی اور شاہ عبدالعزیز دہلوی قدس سرھما

Marfat.com

اور دیگر علماءِ اعلام کے حوالہ جات سے واضح ہو چکا کہ حالتِ حیات اور حالتِ ممات میں تفرقہ روا نہیں جیسے کہ امام غزالی علیہ الرحمہ کا ارشاد ہے کہ جس سے حالتِ حیات میں مدد طلب کی جاسکتی ہے حالتِ ممات میں بھی اس سے مدد طلب کی جاسکتی ہے اور یہ حقیقت بھی واضح ہو چکی کہ ارواح اور مجردات کے لیے اور نُورانی اور لطیف نفوس کے لیے قرب اور بُعد کا کوئی فرق نہیں ہوتا۔

کون لوگ محروم اعانت و امداد ہیں

جب قرآنِ مجید کی آیاتِ مُبارکہ سے استمداد و استعانت کی اباحت و حلیت اور جواز وصحت ثابت ہو چکی تو اب یہ بھی معلوم فرمالیں کہ اللہ تعالیٰ اور اس کے مقبولانِ بارگاہ اور مقربین کی امداد و اعانت سے محروم کون سے لوگ ہیں کیونکہ الاشیاء تعرف باضداد ہا یعنی اشیاء کی پہچان اضداد کے ذریعے ہوتی ہے لہٰذا اس پہلو سے بھی اہلِ ایمان اور مخلص مسلمانوں کا حکم مزید واضح ہو جائے گا۔

۱۔ قال اللہ تعالیٰ :

فَإِنَّ اللّٰهَ لَا يَهْدِيْ مَنْ يُّضِلُّ وَمَا لَهُمْ مِّنْ نّٰصِرِيْنَ ○

(سورہ نحل آیت ۳۷)

پس اللہ تعالیٰ ہدایت نہیں دیتا انہیں جن کو گمراہ کرے اور نہیں ان کے لیے مددگار۔

Marfat.com

- قال اللہ تعالیٰ :

رَبَّنَآ اِنَّكَ مَنْ تُدْخِلِ النَّارَ فَقَدْ اَخْزَيْتَهٗ ؕ وَمَا لِلظّٰلِمِيْنَ مِنْ اَنْصَارٍ ۝ (سورہ آلِ عمران آیت ۱۹۲)

اے ہمارے پروردگار بیشک جسے تُو نے آگ میں داخل کیا پس اس کو رسوا کر دیا اور ظالموں کے لیے انصار و مددگار نہیں ہیں۔

۳- قال اللہ تعالیٰ :

وَجَآءَكُمُ النَّذِيْرُ ؕ فَذُوْقُوْا فَمَا لِلظّٰلِمِيْنَ مِنْ نَّصِيْرٍ ۝ (سورہ فاطر آیت ۳۷)

اور آئے تمہارے پاس ڈرانے والے (لیکن تم نے ان کی نہ مانی) پس چکھو (دوزخ کا عذاب)۔ پس نہیں ظالموں کے لیے کوئی مددگار۔

۴- وقال تعالیٰ :

مَنْ يُّضْلِلْ فَلَنْ تَجِدَ لَهٗ وَلِيًّا مُّرْشِدًا ۝

(سورہ کہف آیت ۱۷)

اور جس کو اللہ گمراہ کرے تو تم ہرگز اس کے لیے مددگار رہبر نہیں پاؤ گے۔

۵- قال اللہ تعالیٰ :

وَالظّٰلِمُوْنَ مَا لَهُمْ مِّنْ وَّلِيٍّ وَّلَا نَصِيْرٍ ۝

(سورہ شوریٰ آیت ۸)

اور ظالموں کے لیے نہیں کوئی دوست اور مددگار۔

Marfat.com

۶۔ قال اللہ تعالیٰ:
اُولٰٓئِکَ الَّذِیْنَ لَعَنَهُمُ اللّٰهُ ؕ وَمَنْ یَّلْعَنِ اللّٰهُ فَلَنْ تَجِدَ لَهٗ نَصِیْرًا ۝
(سورہ نساء، آیت ۵۲)
وہی لوگ ہیں جن پر اللہ تعالیٰ نے لعنت فرمائی اور جس پر اللہ تعالیٰ لعنت بھیجے تو تم اس کے لیے ہرگز کوئی نصیر اور مددگار نہیں پاؤ گے۔

وجہ استدلال

ان آیاتِ مبارکہ اور اس مضمون کی دیگر آیاتِ مقدسہ سے یہ حقیقت واضح ہوگئی کہ ظالم، گمراہ اور کفار و مشرکین اور ملعون لوگوں کے لیے کوئی ناصر اور مددگار نہیں نہ تحت الاسباب نہ فوق الاسباب، زندہ نہ فوت شدہ نہ قریب سے اور نہ دُور سے نہ دُنیا میں اور نہ آخرت میں اور اگر مومنین کے لیے بھی کسی طرح پر امداد و اعانت کرنے والا کوئی نہ ہو تو پھر ان کی خصوصیت کیا رہ گئی اور ان کے مقام خدمت میں ناصر و نصیر اور ولی و مرشد کا نہ پانا ذکر کرنے کی کوئی وجہ وجیہ نہیں ہوسکتی اور یہاں نفی عموم کے طور پر کی گئی ہے لہٰذا صرف اللہ تعالیٰ کی نصرت و اعانت سے محروم ہونا مُراد نہیں ہوسکتا بلکہ ہرطرح کے معاونین و انصار کی نفی مقصود ہے اور اس اسلوب اور اندازِ بیان سے واضح ہوگیا کہ ہدایت یافتہ اہلِ خلاص اور مومنین و مخلصین اور مرحومین کے لیے ناصر و مددگار ہیں دنیا میں بھی اور آخرت میں بھی اور تحت الاسباب بھی اور فوق الاسباب بطورِ کرامت

Marfat.com

و اعجاز بھی اور قریب سے بھی اور دُور دراز سے بھی ارواح انبیاء و اولیاء کے ذریعے بھی اور ملائکہ مدبرین کے ذریعے جیسے کہ مفصلاً اس کا بیان گزر چکا لہٰذا اہلِ ایمان و اہلِ ہدایت کو ظالموں اور گرہوں اور ملعونوں پر قیاس کرنا سراسر لغو اور باطل ہے اور قرآنی قطعی حکم کی خلاف ورزی ہے۔

انبیاء علیہم السلام اور اہلِ ایمان کا اللہ تعالیٰ سے انصار و معاونین کا مطالبہ کرنا

اللہ تبارک و تعالیٰ نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ و آلہٖ وسلم اور اہلِ ایمان کو ولی و ناصر اور معاون و مددگار طلب کرنے کا حکم دیا ہے اور اگر غیر اللہ سے مدد لینا کفر و شرک ہے تو لازم آئے گا کہ اللہ تعالیٰ نے ان کو کفر کرنے کی ترغیب دی العیاذ باللہ۔ لہٰذا یہ تسلیم کرنا ضروری ہے کہ مطلقاً غیر اللہ سے امداد و اعانت اور یاری و نصرت طلب کرنا کفر و شرک نہیں بلکہ اس کے کفر و شرک ہونے کا دار و مدار اس پر ہے کہ اللہ تعالیٰ کی ذاتِ اقدس کو حقیقی معاون و مددگار اور یاور و ناصر نہ سمجھا جائے اور ان کو مظاہر عونِ الٰہیہ نہ مانا جائے اور اس میں اسبابِ عادیہ کے ذریعے معاونت اور ان سے بالاتر ہو کر معاونت کا حکم ایک جیسا ہے لہٰذا ان آیاتِ مبارکہ سے بھی استمداد و استعانت کا جواز واضح ہو جائے گا۔

۱۔ قال اللہ تعالیٰ:

قُلْ رَّبِّ اَدْخِلْنِیْ مُدْخَلَ صِدْقٍ وَّاَخْرِجْنِیْ مُخْرَجَ صِدْقٍ وَّاجْعَلْ لِّیْ مِنْ لَّدُنْكَ سُلْطٰنًا نَّصِیْرًا۝

(سورہ اسراء آیت ۸۰)

Marfat.com

فرما دیجیے اے میرے پروردگار مجھے داخل کر سچائی والے ٹھکانہ میں اور مجھے نکال سچائی والے نکالنا اور بنا میرے لیے غلبہ اور قدرتِ قاہرہ (والے) مددگار۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کا ارشادِ گرامی ہے کہ میرے چار وزیر ہیں دو آسمانوں میں یعنی جبریل ومیکائیل اور دو زمینوں میں یعنی ابوبکر وعمر رضی اللہ عنہما۔

اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے ذریعے اسلام کی عزّت وعظمت اور غلبہ وتسلّط کی دُعا فرمائی ؛

اَللّٰھُمَّ اعز الاسلام بعمر بن الخطاب خاصة

اور اللہ تعالیٰ کے ارشادات گزر چکے کہ تمہیں اللہ کافی ہے اور وہ مومن جنہوں نے آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی اتباع کی نیز فرمایا اللہ تعالیٰ نے تمہیں اپنی نصرتِ خاصہ کے ساتھ تقویت دی اور مومنین کے ذریعے لہٰذا واضح ہو گیا کہ اللہ تعالیٰ نے انہیں نُورانی اور رُوحانی خدام اور مخلصین کے ذریعہ نصرت اور غلبہ کی دُعا کرنے کی تعلیم فرمائی۔

۲- قال اللہ تعالیٰ ؛

وَاجْعَلْ لَّنَا مِنْ لَّدُنْكَ وَلِيًّا ۙ وَّاجْعَلْ لَّنَا مِنْ لَّدُنْكَ نَصِيْرًا ۝

(سورہ نساء آیت ۷۵)

قال اللہ تعالیٰ ؛

(یعنی اے اہلِ ایمان تمہیں کیا ہو گیا ہے کہ قتال نہ کرو کفار ومشرکین

Marfat.com

کے ساتھ حالانکہ (مکہ میں) مغلوب مرد اور عورتیں اور بچے کہتے ہیں اے ہمارے رب ہمیں نکال اس شہر سے جس کے باشندے ظالم ہیں) اور بنا ہمارے لیے اپنے پاس سے حمایتی اور بنا ہمارے لیے اپنے پاس سے مددگار اور انکی دعا کو شرف قبولیت بخشتے ہوئے اللہ تعالیٰ نے اہل اسلام کو حرب و قتال کا اور کفار و مشرکین کے ساتھ جہاد کا حکم دیا۔ جب رسول معظم صلی اللہ علیہ وسلم اللہ تعالیٰ سے انصار و مددگار طلب کریں۔ اہل ایمان اللہ تعالیٰ سے حمایتی اور انصار طلب کریں اور اللہ تعالیٰ بھی ان کی فریادوں اور زاریوں، التجاؤں اور دعاؤں کو شرف قبولیت بخشتے ہوئے عباد کرمین یعنی ملائکہ کو امداد و اعانت کے لیے بھیجے۔

کما قال تعالیٰ:

إِذْ تَسْتَغِيثُونَ رَبَّكُمْ فَاسْتَجَابَ لَكُمْ أَنِّي مُمِدُّكُم بِأَلْفٍ مِّنَ الْمَلَائِكَةِ مُرْدِفِينَ ۝

(سورہ انفال آیت ۹)

جبکہ تم اپنے رب تعالیٰ سے مدد طلب کرتے تھے پس اس نے تمہاری ریاد رسی فرمائی کہ میں تمہاری مدد کرنے والا ہوں ایک ہزار فرشتہ کے ساتھ جو لگاتار آنے والے ہیں۔

وقال تعالیٰ:

أَلَن يَكْفِيَكُمْ أَن يُمِدَّكُمْ رَبُّكُم بِثَلَاثَةِ آلَافٍ مِّنَ الْمَلَائِكَةِ

(سورہ آل عمران آیت ۱۲۴)

Marfat.com

کیا تمہیں کفایت نہیں کرے گا یہ امر کہ تمہارا پروردگار تمہاری امداد کرے تین ہزار ملائکہ کے ذریعے۔

اور اللہ تعالیٰ نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ملائکہ اور صحابہ کرام کے ذریعے امداد فرمائی جو کہ تحت الاسباب اور فوق الاسباب دونوں پر مشتمل ہے، اور مکہ شریف میں مغلوب و مقہور اہلِ ایمان کی بھی نبی اکرم شفیعِ معظم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم صحابہ کرام مہاجرین و انصار رضی اللہ عنہم کے ذریعے اور ان کی خصوصی دعاؤں کے ذریعے امداد فرمائی اور نجات و خلاصی کا سامان بہم پہنچایا اگر اسبابِ عادیہ یا غیر عادیہ کے ذریعے امداد دینا درست ہے تو امداد لینا بھی درست ہے۔ میدانِ بدر میں صحابہ کرام بلکہ خود نبی رحمت صلی اللہ علیہ وسلم اللہ تعالیٰ سے امداد و اعانت کے طلبگار تھے تو اللہ تعالیٰ براہِ راست مدد فرما سکتا تھا کسی قسم کے اسباب کو درمیان میں نہ لائے لیکن اللہ تعالیٰ نے ملائکہ کے ذریعے امداد دی اور اسی کو اپنی امداد قرار دیا:

لَقَدْ نَصَرَكُمُ اللّٰهُ بِبَدْرٍ وَّاَنْتُمْ اَذِلَّةٌ ۚ

(سورہ آل عمران آیت ۱۲۳)

البتہ اللہ تعالیٰ نے تمہیں مدد دی بدر میں جبکہ تم بے سرو سامان اور کمزور تھے۔

وقال تعالیٰ:

لقد نصرکم اللہ فی مواطن کثیرۃ ویوم حنین

اللہ تعالیٰ نے تمہیں بہت سے مقامات میں مدد دی اور بالخصوص حنین کے دن۔

Marfat.com

تو معلوم ہوا کہ اسبابِ عادیہ ہوں یا غیر عادیہ دونوں بذاتِ خود مؤثر نہیں بلکہ حقیقی مؤثر ذاتِ باری تعالیٰ ہے اور وہی مدبرِ حقیقی ہے لہٰذا سبب کو سبب ہی سمجھا جائے تو عینِ ایمان اور جانِ اسلام ہے اور سبب کو علتِ مؤثرہ قرار دے دیا جائے تو یہ اسلام و ایمان کے خلاف ہے۔ اور مادی روحانی اور ظاہری و باطنی اسباب میں تفرقہ کی اسلام میں قطعاً گنجائش نہیں ہے۔ ؎

حاکم و حکیم دادو دوا دیں یہ کچھ نہ دیں
مردود یہ مراد کس آیت خبر کی ہے

اور قیامت کے دن تمام خلائق کا دامنِ مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں چھپنا اور ان کے سایہٗ رحمت میں پناہ لینا،

یوم یرغب الی الخلق کلھم حتّٰی ابراھیم

اس حقیقتِ واقعیہ کا روشن برہان اور بین ثبوت ہے اور جس دن کوئی کافر بھی کفر پر قائم نہیں رہے گا بلکہ کفر سے مکر جائیں گے اور کہیں گے

وَاللّٰہِ رَبِّنَا مَا کُنَّا مُشْرِکِیْنَ

اس دن تمام اہلِ ایمان عوام اور خواص اور اخص الخواص کا رحمۃ للعٰلمین خاتم النّبیّین صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی طرف رجوع اور ان سے امداد و اعانت کی درخواست اور ان سے استعانت و استغاثہ اس کے جائز اور روا اور برحق ہونے کی واضح دلیل ہے

لہٰذا: ؎

Marfat.com

آج لے ان کی پناہ آج مدد مانگ ان سے
کل نہ مانیں گے قیامت میں اگر مان گیا

گلدستۂ توحید
فریقِ مخالف اور احادیث

خلاصۂ کلام یہ ہے کہ اثباتِ عقیدہ کے لیے قطعی دلیل کی ضرورت ہوتی ہے یعنی قرآنِ مجید اور احادیثِ متواترہ لیکن آپ یقین جانیے کہ غیر اللّٰہ کو طریقِ سابق سے پکارنے پر نہ تو کوئی قرآن مجید کی آیت موجود ہے اور نہ ہی خبرِ متواتر اور خبرِ واحد کا قرآنِ مجید کی سابقہ پیش کردہ آیات کے مقابل پیش کرنا اصولِ موضوعہ کے خلاف ہی نہیں بلکہ مولوی احمد رضا خاں صاحب قائدِ فریقِ مخالف کے نزدیک بھی ہرزہ بافی ہے۔ ص۱۱

گلشنِ توحید و رسالت
علّامہ سرفراز صاحب کی اصولی غلطیاں

علّامہ سرفراز صاحب نے اپنے اس دعوٰی میں کئی اصولی غلطیاں کی ہیں

۱۔ اپنے دعوے کو قطعی قرار دیا ہے حالانکہ اس پر جو آیاتِ مبارکہ پیش کی ہیں وہ بتوں کے حق میں وارد ہیں اور ان کی امداد و اعانت اور ندا و پکار سننے کی استعداد و صلاحیت کی نفی سے اہلِ ایمان بالخصوص انبیاء کرام[1]

[1] علیہم السلام۔

Marfat.com

اور اولیاء کرام علیہم الرضوان کے ارواحِ طیبہ کی طرف سے امداد و اعانت اور ان کے نداء، پکار کو سُننے کی نفی کیسے لازم آسکتی ہے؟

نیز اصنام و اوثان سے قریب و بعید اور تحت الاسباب اور فوق الاسباب ہر طرح کی نداء و پکار کی نفی اور امداد و اعانت کی نفی ہے مگر انہیں آیات میں مقبولانِ بارگاہ کو داخل کر کے ان سے صرف فوق الاسباب اور سینکڑوں ہزاروں میل دُور ہونے کی صُورت میں نداء، و پکار سُننے کی اور امداد و اعانت کی نفی کرنا عجب مضحکہ خیز بلکہ احمقانہ طرزِ استدلال ہے۔ لہٰذا علاّمہ صاحب کی پیش کردہ آیات ان کے دعوے پر جب دلالت ہی نہیں کرتیں تو وُہ دعویٰ قطعی عقیدہ کیسے بن گیا اور وُہ ثابت قطعی طریقہ پر کس طرح ہوگیا؟

۲۔ کسی دلیل کا قطعی الثبوت ہونا الگ امر ہے اور اس کا قطعی الدلالت ہونا علیحدہ امر ہے۔ علاّمہ صاحب کی پیش کردہ آیات ثبوت و تحقق کے اعتبار سے تو قطعی ہیں لیکن علاّمہ صاحب کے مدعیٰ پر وُہ سرے سے دلالت ہی نہیں کرتیں کیونکہ ان کے مصداق ہی اصنام و اوثان ہیں اور اگر علاّمہ صاحب سینہ زوری کے ساتھ انبیاء کرام اور اولیاء کرام کو ان کا مصداق بنائیں بھی تو ان پر تاویل کرنا لازم اور ضروری ہے

مثلاً هم عن دعاءهم غفلون

میں دُعا اور پکار مطلق ہے اس میں قریب اور بعید کا فرق نہیں اور تحت الاسباب اور فوق الاسباب کا اور نہ ہی زندہ اور فوت شدہ کا لیکن اسی میں انبیاء و اولیاء کو داخل کرنے کے بعد علاّمہ صاحب کو یہ تاویلیں کرنی پڑیں کہ دُور

Marfat.com

سے پکارنے اور فوت ہونے کے بعد پکارنے اور فوق الاسباب امور میں پکار سے غافل ہیں کیونکہ کوئی احمق سے احمق ترین شخص بھی زندہ انبیاء واولیا کے لیے اور بعد از وفات بھی قبور پر قریب سے پکار اور ندا سے غافل نہیں مان سکتا تو جب یہ آیت اور اس مضمون کی دیگر آیات مؤول ٹھہریں تو ان کو اپنے مزعومہ عقیدہ پر قطعی الدلالت کہنے کا کیا جواز ہے کیونکہ تاویل کے بعد تو وہ از روئے دلالت ظنی ہوگئیں۔

۳۔ نیز علامہ صاحب اگر ان میں اپنی مرضی کی تاویل کر سکتے ہیں تو ہمیں دیگر آیات واحادیث اور اکابرین کے نظریہ وعقیدہ کی روشنی میں انکی پیش کردہ آیات میں اس تاویل کا حق کیوں نہیں کہ ان حضرات سے امداد واعانت کی بالفرض والتقدیر نفی ہے تو استقلال کے لحاظ سے ہے جو کہ صرف شانِ الوہیت کے لائق ہے اور بالاذن اور بعطائے الٰہی دُور و نزدیک اور حالتِ حیات اور بعد از وفات سُن سکتے ہیں اور اپنی شان کے لائق امداد واعانت بھی کر سکتے ہیں اور تفصیلی دلائل اور حوالہ جات پہلے ذکر کیے جا چکے ہیں۔

۴۔ علامہ صاحب کا یہ دعویٰ کہ اخبار آحاد کو سابقہ پیش کردہ آیات کے مقابلہ میں پیش کرنا اصول موضوع کے خلاف اور امام اہل السنّت کی تصریح کے خلاف ہے لیکن یہاں بھی علامہ صاحب نے غلطی کا ارتکاب کیا ہے یا دیدہ دانستہ دھوکہ دہی سے کام لیا ہے۔ ا۔ کیونکہ اصولِ فقہ کی کتب میں تصریح موجود ہے کہ اگر خبر واحد قرآن مجید کی کسی قطعی آیت کے خلاف ہوگی تو ان میں تطبیق کی کوشش کی جائے گی۔ اگر تطبیق اور توافق پیدا ہو سکے تو خبر واحد کو رد

Marfat.com

کرنا اور ناقابلِ التفات سمجھنا بالکل روا نہیں اور اس کی متعدد مثالیں دے کر اہلِ اصول نے وضاحت فرمائی ہے مثلاً قرآن مجید میں وارد ہے۔

فاقرءوا ما تیسر من القرآن

کہ جو حصہ قرآن مجید کا آسانی پڑھ سکتے ہو نماز میں پڑھ لیا کرو اور حدیث شریف میں وارد ہے:

لا صلوٰۃ الا بفاتحۃ الکتٰب

کہ الحمد شریف کے بغیر نماز نہیں ہوسکتی تو یہ حدیث بظاہر حکم قرآنی کے خلاف ہے اور یسر کو عسر میں بدلنے اور عموم کو خصوص میں بدلنے کے مترادف ہے لیکن علمائے اعلام نے اس حدیث کو رد نہیں کیا بلکہ مطلق قرأت کو فرض قرار دیا اور فاتحہ شریف کو واجب قرار دے دیا اگر بالکل قرأت نہ کی جائے ترک فرض کی وجہ سے نماز باطل اور فاتحہ نہ پڑھی جائے (منفرد یا امام ہونے کی صورت میں) تو نماز ناقص ہوگی سجدہ سہو واجب ہوگا۔

لہٰذا اصول موضوع کو سمجھنے میں علامہ صاحب نے ٹھوکر کھائی ہے اور یا پھر حسبِ عادت معروفہ فریب دہی کی مذموم سعی فرمائی ہے۔

۴۔ نیز اگر علامہ صاحب اپنی طرف سے فوت شدہ کی سینکڑوں ہزاروں میل دور ہونے کی اور فوق الاسباب امور میں استمداد و استعانت کے لیے نداء و پکار پائے جانے کی قیود اور تخصیصات عائد کر سکتے ہیں تو آخر صاحبِ قرآن صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کو اور حضرات صحابہ کرام علیہم الرضوان اور اکابرینِ اُمت کو یہ حق کیوں نہیں دیتے کہ وہ بھی اپنے قول یا عمل سے ان آیات کے اصلی مفہومات اور مدلولات کی تعیین کر سکیں،

Marfat.com

تلك اذاً قسمة ضيزٰی

۵۔ علامہ صاحب نے عقائد کا صرف قطعی ہونے میں حصر کردیا ہے حالانکہ عقائد و نظریات قطعی بھی ہوتے ہیں اور ظنی بھی ہوتے ہیں مثلاً رسل بشری رسل ملائکہ پر افضل ہیں اور رسل ملائکہ عام بشروں سے افضل ہیں اہلسنت کا مذہب یہ ہے جبکہ معتزلہ اس میں مخالف ہیں۔

علامہ تفتازانی شرح عقائد نسفی میں اس نظریہ وعقیدہ اور اس کے دلائل کی نوعیت پر بحث کرتے ہوئے فرماتے ہیں :

لاخفاء فی ان هٰذه المسئله ظنية يكتفیٰ فيها بالادلة الظنية -

یعنی اس میں شک نہیں کہ یہ مسئلہ ظنی ہے اس میں دلائل ظنیہ پر ہی اکتفا کیا جائے گا۔

علامہ پرہاروی نبراس میں فرماتے ہیں :

جواب سوال وهو ان العام الذی خص منه البعض يكون ظنی الدلالة علیٰ ما تقرر فی الاصول فلا يصح دليلا علیٰ مسئلة اعتقادية وحاصل الجواب ان المسائل الاعتقادية قسمان احدها ما يكون المطلوب فيه اليقين كوحدة الواجب و صدق النبی صلّی الله عليه وسلّم ثانيهما ما يكفی فيها بالظن كهذه المسئلة والاكتفا بالدليل الظنی

ـــــــــــــــ
لـه رحمۃ اللہ علیہ۔

Marfat.com

انما لا یجوز فی الاول بخلاف الثانی (ص۹۹)

علامہ تفتازانی کی یہ عبارت ایک سوال کا جواب ہے سوال یہ ہے کہ عام مخصوص البعض کی دلالت ظنی ہوتی ہے جیسے کہ اصول فقہ میں ثابت ہے لہٰذا قول باری تعالیٰ :

ان اللہ اصطفیٰ اٰدم و نوحًا واٰل ابراھیم واٰلِ عمران علی العٰلمین

بھی عام مخصوص البعض ہے تو اعتقادی مسئلہ پر یہ دلیل نہیں بن سکتا اور جواب کا حاصل یہ ہے کہ اعتقادی مسائل دو قسم ہیں۔ ایک قسم وہ ہے جس میں یقینی علم مطلوب ہوتا ہے جیسے واجب تعالیٰ کی وحدانیت اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی حقانیت کا عقیدہ۔ دُوسری قسم وُہ ہے جس میں ظن غالب پر اکتفار کیا جاتا ہے جیسے کہ یہ مسئلہ ہے اور ظنی دلیل پر اکتفار صرف پہلی قسم میں جائز نہیں ہوتا بخلاف دُوسری قسم کے اس میں اکتفار جائز ہوتا ہے۔

علامہ تفتازانی اسی مبحث کے تحت فرماتے ہیں :

وما یقال انہ لاعبرۃ بالظنیات فی باب الاعتقادات فان ارید انہ لا یحصل منہ الاعتقاد الجازم ولا یصح الحکم القطعی فلا نزاع فیہ وان ارید انہ لا یحصل الظن بذٰلک الحکم فظاھر البطلان

(شرح مقاصد ص۱۹۹ ج ۲)

Marfat.com

اور وُہ جو کہا جاتا ہے کہ اعتقادات کے باب میں ظنی دلائل کا کوئی اعتبا نہیں ہے تو اگر اس سے مُراد یہ ہے کہ ظنیات سے اعتقاد جازم حاصل نہیں ہوتا اور حکم قطعی درست نہیں ہوتا تو اس میں نزاع و اختلاف نہیں ہے اور اگر یہ مُراد ہے کہ ظنی دلائل سے اس حکم کا ظن بھی حاصل نہیں ہوتا تو اس قول کا بطلان ظاہر ہے۔

میر سیّد سند شریف الملة شرح مواقف ص۱۹۹ میں فرماتے ہیں:

ان الظن لا یغنی فی مثله من المسائل التی یطلب فیها العلم والیقین عن الحق شیئاً۔

بیشک ظن ایسے مسائل میں مفید اور کارآمد نہیں ہوتا جن میں قطعی علم اور یقین مطلوب ہوتا ہے (بخلاف ظنی مسائل کے)

اور علامہ صاحب نے جو دلائل قائم کیے اوّل تو ان کا تعلق ہی اصنام و اوثان سے ہے جیسے کہ خود انہوں نے نیلوی صاحب کے استدلالات کے جواب میں تصریح بھی کر دی ہے اور انبیاء کرام علیہم السلام اور اولیاء کرام سے ان کا تعلق ہی نہیں اور انکے زعم فاسد کے مطابق اگر تعلق مان بھی لیا جائے جیسے کہ انہوں نے ہماری مخالفت میں وہی طریق استدلال اپناتے ہوئے یہ آیات انبیاء کرام اور اولیاء کرام بھی منطبق کر دی ہیں تو خود انہوں نے ان کے عموم و اطلاق کو مخصوص اور مقید کر کے دلالت کے لحاظ سے ظنی بنا دیا ہے اور یہ بھی اصول موضوعہ اور قواعد مسلّمہ میں سے مسلّم قاعدہ اور ضابطہ ہے کہ عام مخصوص ہو جائے

Marfat.com

یا مطلق مقید ہو جائے تو خبر واحد بلکہ قیاس سے بھی اس کی تخصیص و تقیید جائز اور صحیح ہوتی ہے۔

۹۔ نیز علامہ صاحب کی تاویل ان کے دوسرے حسینی المشرب بھائیوں کے خلاف ہے۔ علامہ نیلوی اور علامہ عنایت اللہ شاہ گجراتی اور دیگر مولوی حضرات ان آیات کو اہلِ قبور کے سماع کی نفی میں پیش کرتے ہیں اور قریب سے بھی سُننے اور مدد کر سکنے کی نفی کرتے ہیں اور تمام احادیث اور روایات کو اخبار آحاد ہونے اور قرآنِ مجید کے قطعی دلائل کے خلاف ہونے کی بنا پر رد کر دیتے ہیں اور علامہ صاحب اہل القبور کے سماع کے قائل ہیں اور ان روایات و احادیث کی حجیت کے بھی قائل ہیں آخر یہ تماشا کیا ہے اور تحقیق و تدقیق کا کونسا قسم ہے کہ وہی آیات ایک طرف کی احادیث کیخلاف ہوں تو وُہ احادیث بھی قابلِ قبول اور آیات میں تاویل روا اور درست لیکن دُوسری طرف ان آیاتِ کریمہ سے کشید کردہ معنیٰ کے خلاف آیات بھی موجود ہوں اور احادیث و روایات بھی اور اکابرینِ اُمت کی تصریحات بھی لیکن نہ آیات درخورِ اعتنا ہوں اور نہ روایات لائقِ اعتبار بلکہ اپنے ہی بیان کردہ معنیٰ پر بیجا اصرار بھی ہو اور اس کی قطعیت کی تکرار بھی ہو۔

ثبوتِ دُعا و ندا از روئے قرآنِ کریم

علامہ صاحب کی بے اصُولیوں پر تنبیہ کرنے کے بعد اب اصل مسئلہ کی طرف رجوع کرتے ہیں قبل ازیں شہداء کرام کا اہلِ دُنیا کے متعلق علم

Marfat.com

اور صدیقین اور انبیاء علیہم السلام کا بطور اولیت علم ثابت ہونا، اور قولِ باری تعالیٰ فالمدبرات امراً میں مقبولانِ بارگاہ کا دخل ہونا اور ملاءِ اعلیٰ میں شامل ہو کر تدبیر و تصرّف کرنا اور حدیث قدسی کی رو سے انوارِ الٰہیہ کے ساتھ منوّر ہو کر قریب کی طرح بعید سے دیکھنا سُننا وغیرہ ثابت کیا جا چکا ہے اور اس پر بھی قبل ازیں متنبہ کیا جا چکا ہے کہ اللہ تبارک و تعالیٰ نے رسُولِ گرامی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم کے پُکارنے سے منع نہیں فرمایا، بلکہ پُکارنے کا انداز و اسلوب سکھلایا ہے۔ قال اللہ تعالیٰ:

لَا تَجْعَلُوْا دُعَآءَ الرَّسُوْلِ بَيْنَكُمْ كَدُعَآءِ بَعْضِكُمْ بَعْضًا ؕ (سُورۃ النّور آیت ۶۳)

میرے رسُول صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم کی نِدا، پکار کو اس طرح نہ بنا لو اور یوں نہ سمجھو جیسے کہ ایک دُوسرے کی پکار کو جیسے کہ ابُونعیم نے دلائل میں اور ابن مردویہ اور ابن ابی حاتم نے حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ سے نقل فرمایا کہ صحابہ کرام علیہم الرضوان آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم کو پکارتے وقت یا محمّد یا اباالقاسم کہا کرتے تھے۔ (علیہ الصلوٰۃ والسلام)

فنھاھم اللہ تعالیٰ عن ذٰلک بقولہ سبحانہ لاتجعلوا الاٰیۃ اعظاماً لنبیہ صلّی اللہ علیہ وسلّم فقالوا یا نبی اللہ یارسُول اللہ۔

پس انہیں اللہ تعالیٰ نے اس سے منع فرمایا اپنے اس قول لا تجعلوا دعاء الرسُول الاٰیۃ

Marfat.com

کے ساتھ نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی تعظیم و تکریم کے لیے پس انہوں نے بوقتِ ندا یا نبی اللہ یا رسول اللہ (صلی اللہ علیک یا حبیب اللہ) کہنا شروع کر دیا اور یہی مضمون قتادہ، حسن بصری، سعید بن جبیر اور مجاہد رضی اللہ عنہم سے مروی و منقول ہے۔ (روح المعانی صــــ ج ۱۸)

امام سیوطی رحمۃ اللہ علیہ نے احکام القرآن میں ذکر فرمایا:

ان فی ھذا النھی تحریم نداء صلی اللہ علیہ وسلم باسمہ والظاھر استمرار ذلک بعد وفاتہ الی الآن۔ (روح المعانی)

اس نہی میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو ذاتی نام کے ساتھ پکارنے کی حرمت کا بیان ہے اور یقیناً یہ تحریم آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے وصال شریف کے بعد سے اب تک دائم اور مستمر ہے (صرف حالتِ حیات کے ساتھ مختص نہیں ہے)۔

اور تفسیر ابن جریر، تفسیر نیشاپوری اور خازن و معالم وغیرہ میں بھی منقول ہے کہ اس آیت کریمہ میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ندا و پکار کے معاملہ میں ادب و احترام اور تعظیم و تکریم کو ملحوظ رکھنے اور ذاتی نام کی بجائے القاب اور اوصافِ کمال کے ساتھ پکارنے کا حکم دیا گیا ہے۔

علامہ علی قاری رحمۃ اللہ نے مرقات شرح مشکوٰۃ میں کہا کہ قولِ باری تعالیٰ لا تجعلوا دعاء الرسول بینکم کدعاء بعضکم بعضا میں خطاب اگر عام ہے ملائکہ اور انسان سبھی اس حکم کے ساتھ مکلف ہیں تو

Marfat.com

جبرئیل علیہ السلام کا عرض کرنا :

یا محمدؐ اخبرنی عن الاسلام

وصفی معنیٰ کے لحاظ سے ندا پر مشتمل ہے یعنی اے وُہ ذات کہ جو ہر وصفِ کمال کے ساتھ اور ہر زمانہ اور ہر زبان پر بار بار حمد و ثنا کیے جانے والے ہیں اور اس اعتبار سے وُہ تمام اوصافِ کمال کے لیے جامع وصف بن جائے گا اور یا اس تحریم کے ساتھ نوعِ انسانی مخصوص ہے اور ملائکہ اس کے ساتھ مکلف نہیں ہیں۔

اذا الخطاب للاٰدمیین فلا یشمل الملٰئکہ الا بدلیل او قصد بہ المعنی الوصفی دون المعنیٰ العلمی۔

(صفحہ نمبر ۱۵ جلد ۱)

الغرض بہت سے مفسّرین حضرات نے اس آیت کریمہ کا یہ معنیٰ بیان فرمایا ہے اگرچہ اس کے علاوہ بھی دو تفسیریں ذکر کی ہیں لیکن جیسے کہ پہلے ذکر کیا جا چکا ہے کہ متعدّد تفاسیر میں سے ہر تفسیر کے ساتھ استدلال جائز ہوتا ہے اور اس کو احتمالات کے تعدّد پر قیاس کرنا سراسر غلط ہے نیز اس پر علماءِ اعلام کا اتفاق اور اجماع بھی ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کو بے پرواہی اور بے اعتنائی کے طور پر ذاتی نام مبارک سے پکارنا حرام ہے اور امام سیوطی رحمہ اللہ کے ارشاد سے واضح ہو چکا کہ یہ حکم حیاتِ ظاہرہ کے ساتھ مختص نہیں بلکہ تب سے اب تک کے لیے ہے (بلکہ قیامت تک کے لیے) تو اس اجماعی معنیٰ پر نص قرآنی کا محمول کرنا بالکل درست اور

Marfat.com

صحیح ہے۔

نیز یہ حقیقت بھی محتاجِ بیان نہیں کہ تمام نوعِ انسانی کے مومن افراد قریب و بعید سبھی اس حکم کے ساتھ مکلف ہیں یہ نہیں کہ قریب والوں کو تو ذاتی نام کے ساتھ پکارنا ممنوع ہو اور دُور والوں کے لیے جائز ہو لہٰذا اس آیتِ کریمہ سے ثابت ہو گیا کہ تمام اہلِ ایمان کے لیے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو پکارنا جائز ہے خواہ قریب ہوں یا بعید اور خواہ حالتِ حیاتِ ظاہرہ میں پکاریں یا وصال شریف کے بعد۔ نیز یہی قاعدہ اور ضابطہ کے مطابق معنیٰ بنتا ہے کیونکہ جب نہی اور نفی مقید پر وارد ہو تو صرف قید ہی منفی اور ممنوع ٹھہرے گی نہ کہ مقید بلکہ وُہ دُعا و ندا جو عامیانہ انداز میں ہو گی وہی ممنوع ہو گی اور ادب و احترام اور تعظیم و تکریم پر مشتمل دُعا و ندا بالکل جائز اور مباح ہو گی۔

دُعا و ندا کا ثبوت از رُوئے احادیث

۱۔ نیز نبی مکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے قریب و بعید اور آپ کی حیاتِ ظاہرہ اور وصال شریف والی تمام اُمت کو تشہد میں سلام پیش کرنے کا جو طریقہ سکھلایا اس میں دُعا و پکار اور ندا و خطاب ہی وارد ہے اور اس حدیثِ پاک کی صحتِ اسناد اور صحتِ متن میں کسی کو کلام نہیں ہے اور اس میں حکایت کے طور پر تلفظ بھی درست نہیں ہے کہ اللہ تعالیٰ نے شبِ معراج آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرمایا تھا

Marfat.com

اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ اَيُّهَا النَّبِيُّ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهٗ ۔

بلکہ اپنی طرف سے بارگاہِ رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں سلام پیش کرے اور ارشاد باری تعالیٰ، سلموا تسلیما پر عمل کرے جیسے کہ صحابہ کرام علیہم الرضوان نے قولِ باری تعالیٰ :

يٰاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا صَلُّوْا عَلَيْهِ وَسَلِّمُوْا تَسْلِيْمًا ۝

کے نازل ہونے پر عرض کیا :

قد عرفنا السَّلام عَلَيْكَ فكيف الصَّلٰوة ۔

ہمیں آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر سلام بھیجنے کا طریقہ تو معلوم ہے یہ فرمائیں کہ صلوٰۃ کس طرح بھیجیں۔ یہ امر روزِ روشن کی طرح عیاں ہے کہ سلام باری تعالیٰ کی حکایت سے سلموا والے حکم کی قطعاً تعمیل نہیں ہوسکتی لہٰذا سب اہلِ ایمان کو اپنی طرف سے بطورِ انشاء بارگاہِ رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں سلام بھیجنا ضروری ہے اور وہ بھی ندار وخطاب اور دُعا دُپکار کے صیغے کے ساتھ لہٰذا آیتِ کریمہ کے ساتھ ساتھ اس صحیح ترین حدیث سے بھی دُعا و ندار اور پکار وخطاب کا جواز بلکہ معمور بہ ہونا واضح ہوگیا۔

اب اس اجمال کی تفصیل ملاحظہ فرمادیں :

بخاری شریف اور مسلم شریف کی متفق علیہ روایت میں حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول محتشم صلی اللہ علیہ وسلم نے صحابہ کرام علیہم الرضوان کو تشہد اور التحیات کی تعلیم دیتے ہوئے فرمایا:

Marfat.com

فاذا جلس احدکم فی الصلٰوۃ فلیقل التحیات للہ وَالصلٰوتُ وَالطیبات السّلامُ عَلَیکَ اَیُّھَا النّبیُّ وَرَحمَۃُ اللہِ وَبَرَکَاتُہٗ۔

الحدیث اور مسلم شریف میں حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے جو تشہد مروی ہے اس میں بھی

اَلسَّلَامُ عَلَیکَ اَیُّھَا النَّبِیُّ وَرَحمَۃُ وَبَرَکَاتُہٗ

کے الفاظ موجود ہیں۔ اور امام بدر الدین عینیؒ نے ان کے علاوہ حضرت عمر بن الخطاب رضی اللہ عنہ، حضرت عبداللہ بن عمر، حضرت عائشہ صدیقہ، حضرت عبداللہ بن زبیر، حضرت جابر بن عبداللہ، حضرت ابو سعید خدری حضرت ابو موسیٰ اشعری، حضرت معاویہ، حضرت سلمان فارسی رضی اللہ عنہم سے تشہد کی جتنی روایات نقل فرمائی ہیں ان سب میں یہی خطاب کا صیغہ مروی و منقول ہے۔ (ملاحظہ ہو عمدۃ القاری ص۱۱۳-۱۱۴ ج ۶)

بلکہ حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے اپنے دورِ خلافت میں منبرِ رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر صحابہ کرام علیہم الرضوان کی موجودگی میں تشہد کی تعلیم حلقۂ اسلام میں داخل ہونے والوں کو دی اس میں بھی یہی خطاب کے صیغے بیان فرمائے تو گویا اس ندا و خطاب والے سلام پر صحابہ کرام علیہم الرضوان کا اجماع منعقد ہو گیا جیسے کہ علامہ بدر الدین عینی نے امام طحاوی، امام ابو بکر بن ابی شیبہ، امام عبدالرزاق اور امام ابو بکر بن مردویہ کے حوالوں سے مسند اور مرفوع طور پر اس روایت کو ذکر

Marfat.com

فرمایا ہے۔

۱۔ علامہ علی القاری شرح شفا میں فرماتے ہیں:

اجمع الاربعة علیٰ ان المصلی یقول ایھا النبی وان هٰذا من خصوصیاته علیه السلام اذ لو خاطب مصلٍ احداً غیرہ ویقول السلام علیك بطلت صلوٰته

(صفحہ نمبر ۴۶۸ ج ۳)

خلفاء اربعہ رضی اللہ عنہم کا اس پر اجماع اور اتفاق ہے کہ نمازی تشہد میں اَلسَّلَامُ عَلَیْكَ اَیُّھَا النَّبِیُّ کہے اور یہ اندازِ سلام نبی مکرم شفیعِ معظم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے خصوصیات میں سے ہے کیونکہ اگر کوئی نمازی دوسرے کسی شخص کو خطاب کرے اور اَلسَّلَامُ عَلَیْكَ کہے تو اس کی نماز باطل ہو جائے گی۔

۲۔ امام سیوطی علیہ الرحمہ نے خصائص کبریٰ صـ۲۵۲ ج ۲ پر اس خصوصیت کو اس عنوان سے تعبیر کیا ہے۔

باب اختصاصه صلی اللّٰه علیه وسلم بان المصلی یخاطبه بقوله سلام علیك ایھا النبی ولا یخاطب سائر الناس۔

یعنی نبی مکرم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم اس امر کے ساتھ مختص ہیں کہ نمازی آپ کو اس طرح خطاب کرتے ہوئے سلام پیش کرتا ہے:

اَلسَّلَامُ عَلَیْكَ اَیُّھَا النَّبِیُّ

Marfat.com

اور دُوسرے تمام لوگوں کو اس طرح خطاب نہیں کیا جاسکتا۔

۳- امام قسطلانی مواہب لدنیہ میں اور علامہ زرقانی شرح مواہب میں اسی خصوصیت کو بیان کرتے ہوئے فرماتے ہیں :

ومنها ان المصلی یخاطبه بقوله السلام علیک ایها النبی ورحمة الله وبرکاته کما فی حدیث التشهد والصلوٰة صحیحة ولایخاطب غیره من الخلق ملکا او شیطانا اوجمادا او میتا۔ اھ۔[1]

نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والتسلیم کے خصائص میں سے یہ خاصہ بھی ہے کہ نمازی آپ کو

اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ اَیُّهَا النَّبِیُّ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَکَاتُهٗ

کے ساتھ خطاب کرتا ہے۔ جیسے کہ حدیث تشہد میں ہے اور اس کے باوجود اس کی نماز صحیح اور درست رہتی ہے اور مخلوق میں سے دُوسرے کسی بھی فرشتے یا شیطان اور جماد یا میت کو خطاب نہیں کر سکتا۔

۴- امام ابنِ حجر عسقلانی فتح الباری صہ ۲۵۹ ج ۲ پر فرماتے ہیں :

فان قیل کیف مشرع هٰذا اللفظ وهو خطاب بشر مع کونه منهیا عنه فی الصلوٰة فالجواب ان ذٰلك من خصائصه صلی الله علیه وسلم

پس اگر سوال کیا جائے کہ یہ لفظ (اور انداز سلام) کیسے جائز ہو گیا

[1] (صفحہ نمبر ۳۰۸ جلد ۵)

Marfat.com

حالانکہ وُہ بشروں کے ساتھ مخاطبت کے قبیل سے ہے جو کہ نماز میں ممنوع اور غیر مشروع ہے تو جواب یہ ہے کہ یہ رسُولِ معظم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے خصائص میں سے ہے۔

۵۔ شیخ اجل شاہ عبدالحق محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ نے مدارج النبوت صفحہ نمبر ۳۶۵ پر یہی سوال وجواب نقل فرمایا اور سلام بانداز خطاب کو آپ کے خصائص میں شمار کیا ہے:

درخطاب اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ اَيُّهَا النَّبِيّ دو سوال کردہ اند کے آنکہ خطاب کردن بہ بشر در نماز منہی عنہ است ومفسد اوست وجواب دادہ اند کہ از خصائص اوست صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ودر حقیقت ایں دعا ست در نماز اگرچہ بصیغۂ خطاب است۔

۶۔ علامہ علی القاری حضرت امام غزالی رحمہما اللہ کے حوالے سے فرماتے ہیں:

وقبل قولك السَّلَامُ عَلَيْكَ اَيُّهَا النَّبِي احضر شخصه الكريم فى قلبك وليصدق املك فى انه يبلغه ويرد عليك ما هو اوفى منه۔ (مرقاۃ ص ۳۳۲ ج ۲)

اور اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ اَيُّهَا النَّبِيّ کہنے سے پہلے تو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے شخص کریم اور ذاتِ مقدسہ کو دل میں حاضر کر اور تیری اُمید و آرزو صادق ہونی چاہیے اس معاملہ میں کہ تیرا سلام آپ کی خدمتِ اقدس میں پہنچتا ہے اور آپ اس سے کامل تر جواب سے تجھے نوازتے ہیں۔

اوّل، اگر خطاب اپنے ظاہری معنیٰ ومفہوم میں نہ ہوتا تو آپ کی

ذاتِ مقدّسہ کو مستحضر سمجھ کر سلام پیش کرنے کا حکم نہ دیا جاتا۔

فائدہ : ہر شارح حدیث نے صیغہ سلام میں خطاب کی وجہ بیان فرمائی ہے اور اس کی حکمت اور راز سے پردہ اُٹھانے کی سعی فرمائی ہے جس سے صاف ظاہر ہے کہ اس سے اسلام میں خطاب اور نداء و پکار تو مسلّم ہے مگر اس کا بھید اور راز کیا ہے اس میں مختلف اقوال نقل کیے ہیں۔ علامہ طیبی اور علامہ ابن حجر عسقلانی، علامہ بدر الدین عینی، شیخ عبدالحق محدّث دہلوی رضی اللہ عنہم نے فرمایا کہ :

نبیِ اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے سکھلائے ہوئے الفاظ کی پابندی اور اتباع و اقتدار کرتے ہوئے اَلسَّلَامُ عَلَیْكَ اَیُّھَا النَّبِیُّ کہتے ہیں۔ نیز اہلِ عرفان کے طریقہ پر یوں کہا جا سکتا ہے کہ نمازیوں نے جب تحیات کے ساتھ ملکوت کے دروازے کو کھولنے کی درخواست کی

اذن لهم بالدخول فی حریم الحی الذی لایموت فقرت اعینهم بالمناجات فنبهوا ان ذلک بواسطة نبی الرحمة وبرکة متابعة فالتفتوا فاذا الحبیب فی حرم الحبیب حاضر فاقبلوا علیه قائلین ، اَلسَّلَامُ عَلَیْكَ اَیُّھَا النَّبِیُّ وَرَحْمَةُ اللهِ وَبَرَکَاتُهٗ ۔

تو انہیں حی لایموت کے حریمِ ناز میں داخل ہونے کی اجازت مل گئی، تو مناجاتِ باری تعالیٰ کے ساتھ ان کی آنکھیں ٹھنڈی ہو گئیں۔ پس انہیں متنبہ

Marfat.com

کیا گیا کہ (حریم ناز تک رسائی اور مناجات کا شرف تمہیں صرف اور صرف نبی رحمت علیہ الصلوٰۃ والسّلام کی وساطت اور ان کی متابعت کی برکت سے حاصل ہُوا ہے پس انہوں نے جب ادھر توجہ اور التفات کیا تو کیا دیکھتے ہیں کہ حبیب کریم علیہ السلام اپنے حبیب رب کریم کی بارگاہِ اقدس میں حاضر ہیں تو آپ کی طرف متوجہ ہوئے یوں عرض کرتے ہوئے :

اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ اَيُّهَا النَّبِيُّ وَرَحْمَةُ اللهِ وَبَرَكَاتُهٗ ۔

(فتح الباری ص۲۵۹ ج ۲ ، عمدۃ القاری ص۱۱۱ ج ۶ ، لمعات التنقیح ص۱۸ ج ۳)

(مدارج النبوۃ ص۳۶۶ ج ۱ ، شرح العلامۃ الطیبی ص۳۵۳ ج ۲)

نیز شیخ عبدالحق محدث دہلوی قدس سرہٗ نے بعض اربابِ تحقیق اور اہلِ عرفان کے حوالے سے وجہ خطاب یہ بیان فرمائی ہے :

و بعضے از اربابِ تحقیق گفتہ اند ایں خطاب بجہت سریان حقیقت محمدی ست در ذرائر موجودات وحضور او ست در باطن عبد و انکشاف ایں حال است در وقت صلوٰۃ کہ افضل حالات و اقرب مقامات است ۔

(مدارج النبوۃ ص۳۶۶ ج ۱)

قال بعض العارفين ان ذلك لسريان الحقيقة المحمديه فى ذرائر الموجودات وافرادا لكائنات كلها فهو صلى الله عليه وسلم موجود حاضر فى ذوات المصلين وحاضر عندهم فينبغى للمؤمن ان لا يغفل عن هذا الشهود عند هذا

Marfat.com

الخطاب لینال من انوار القرب و یفوز باسرار المعرفۃ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْكَ یَا رَسُوْلَ اللّٰہ وسلم

(لمعات التنقیح ص۱۸۱ ج ۳ وکذا فی الاشعۃ)

خلاصہ مفہوم یہ ہے کہ بعض محققین اور عارفین نے وجہ خطاب یہ بیان کی ہے کہ حقیقتِ محمدیہ تمام موجودات کے ذرّہ ذرّہ اور ممکنات کے ہر ہر فرد میں سرایت کیے ہوئے ہے لہٰذا حضورِ اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نمازیوں کی ذاتوں میں موجود و حاضر ہیں اور ان کے پاس موجود ہیں لہٰذا مومن کو چاہیے کہ آپ کے اس شہود سے اس خطاب و ندار کے وقت آگاہ رہے تاکہ انوار قرب کو پائے اور اسرارِ معرفت کے ساتھ فائز ہو جائے۔

یہی شیخِ محقق مدارج کے تکملہ میں بزبان عرفا نقل فرماتے ہیں:

ذکر کن او را و درُود بفرست بروے صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم و باش در حال ذکر گویا حاضر است پیش تو در حالت حیات و می بینی تا اورا متادب باجلال و تعظیم و ہیبت و حیا۔ بدانکہ وے صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم می بیند ترا و می شنود کلام ترا زیرا کہ وے متصف است بصفات اللہ تعالیٰ و یکے از صفات الہٰی آنست کہ انا جلیس من ذکرنی و پیغمبر را نصیبے وافر است ازیں صفت۔ (ص۶۲۱ ج ۲)

آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ذکر کر اور ان پر درُود بھیج اور در حالت ذکر میں اس طرح سمجھ کہ گویا آپ حالتِ حیات میں تیرے سامنے حاضر ہیں اور گویا کہ تو آپ کو دیکھ رہا ہے آپ کی جلالت و عظمت کو

Marfat.com

ملحوظ رکھ کر اور ہیبت و حیاء کو پیشِ نظر رکھتے ہوئے۔ یقین جان کہ آنحضرتؐ تجھے دیکھتے ہیں اور تیرا کلام سُنتے ہیں کیونکہ آپ اللہ تعالیٰ کی صفات کے ساتھ موصوف ہیں اور ان صفاتِ الٰہیہ میں سے ایک صفت یہ بھی ہے کہ (اللہ تعالیٰ فرماتا ہے) میں اس کا ہمنشیں ہوں جو مجھے یاد کرے اور نبی محترم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے لیے اس صفت سے وافر نصیب اور حصہ ہے

اوّل : اگر دیوبندی پیر اپنی رُوح کے لحاظ سے ہر وقت اور جگہ اپنے مُریدوں کے ساتھ رہ سکتا ہے اگرچہ وُہ پیر کے جسم سے جتنے دُور ہی کیوں نہ اور اس قدر جسمانی دُوری کے باوجود روحانی قرب کی بدولت شیخ کی رُوح سے جو سوال کرے گا وُہ اس کا جواب اور حل اس کو القا کر دے گا جیسے کہ شہابِ ثاقب کے حوالے سے ذکر کر چکا ہُوں تو رحمۃ للعالمین اور

اولیٰ بالمؤمنین من انفسھم اور

رحمتی وسعت کل شیٔ

اور شاہد و شہید اور نگہبان و رقیب کی صفاتِ عالیہ کے ساتھ موصوف نبی اور رسُولوں اور نبیوں کے شیخ اور مُرشد اکمل کے متعلق چون وچرا کی کیا گنجائش ہو سکتی ہے؟

سوال : صحابہ کرام علیہم الرضوان نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے وصال شریف کے بعد اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ اَيُّهَا النَّبِيُّ کی بجائے السلام علی النّبی کہنا شروع کر لیا تھا۔ لہٰذا اب سلام بصیغۂ خطاب کیونکر روا ہو گا؟ اور اندریں صورت یہ استدلال کیونکر صحیح ہو گا؟

لہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم۔

Marfat.com

الجواب ، نبیِ اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے صرف اور صرف
اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ اَیُّھَا النَّبِیُّ

کے اندازِ خطاب میں ہی سلام پیش کرنے کی تعلیم دی۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے قطعاً یہ نہیں فرمایا کہ میری ظاہری زندگی میں تو خطاب کے ساتھ سلام پیش کرنا اور وصال شریف کے بعد بدل دینا۔ اگر بدلنا ضروری تھا اور خطاب کے انداز میں سلام دینا بعد از وصال جائز نہیں تھا تو گویا نبیِ اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی تشہد کے بارے میں تعلیم ناقص اور ادھوری رہ گئی؟ اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے شرعی مسئلہ میں جس کا تعلق نماز جیسے اہم فریضہ سے ہے اور ایمان اور عقیدہ سے بھی ہے، خامیاں رہ گئیں؟ العیاذ باللہ تعالیٰ۔

اور کوئی عامی مسلمان بھی بقائمی ہوش وحواس اس قسم کا نظریہ وعقیدہ تو کجا تصور اور خیال بھی روا نہیں رکھ سکتا چہ جائیکہ علماء و فضلاء ایسا نظریہ اپنائیں۔

۲۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اپنے دورِ خلافت میں منبر شریف پر بیٹھ کر خطاب پر مشتمل تشہد وسلام کی تعلیم دی اور صحابہ کرام کی موجودگی میں یہ تلقین فرمائی اور کسی صحابی نے اس پر اعتراض اور انکار نہیں کیا تو گویا آپ کے وصال شریف کے بعد بھی اجماع صحابہ سے یہی صیغہ خطاب و ندا ثابت ہوا بلکہ علامہ علی قاری رحمہ اللہ کی تصریح گزر چکی کہ خلفاءِ اربعہ نے اپنے دورِ خلافت میں اسی کی تعلیم و تلقین فرمائی لہٰذا جب خلفاء اربعہ اور صحابہ کرام کا اجماع اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ اَیُّھَا النَّبِیُّ پر ثابت ہو گیا۔

Marfat.com

اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا عام حکم اور وُہ بھی صیغہ امر کے ساتھ متفق علیہ روایت سے ثابت ہو چکا یعنی جب بھی تم میں سے کوئی شخص نماز کے تشہد کے لیے بیٹھے تو یوں کہے :

اَلتَّحِيَّاتُ لِلّٰهِ وَالصَّلَوٰتُ وَالطَّيِّبَاتُ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ
اَيُّهَا النَّبِيُّ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهٗ ۔

تو اس کے بعد اس ندار وخطاب کو ممنوع اور غیر مشروع قرار دینے کی کوئی وجہ نہیں ہو سکتی۔

۳۔ نظر ظاہر میں وصال شریف کے بعد یا حالتِ حیات میں دُور و دراز علاقوں میں بسنے والوں میں تفرقہ کی کوئی وجہ نہیں ہو سکتی تو آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اہلِ مکہ ، اہلِ طائف اور سرایات میں شامل مجاہدین کو اور خود غزوات میں شامل ہونے کی صورت میں اہلِ مدینہ کو تبدیلی کا حکم فرماتے اور جب قطعاً ایسا حکم ثابت نہیں ہوا۔ جب حالتِ حیات میں اس بعد بعید اور دُوری کے باوجود تبدیلی کا اشارہ بھی آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی طرف سے نہیں پایا گیا تو وصال شریف کے بعد تبدیلی کا اشارہ کیسے ہو سکتا تھا نیز صحابہ کرام نے اپنے طور پر ان حالات میں تبدیلی ضروری نہیں سمجھی تو وصال شریف کے بعد کیونکر سمجھ سکتے تھے۔

۴۔ علامہ علی قاری رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ :
حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے یہ روایت کی گئی ہے کہ ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی حیاتِ طیبہ میں اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ

Marfat.com

اَیُّھَا النَّبِی کہا کرتے تھے۔

فلما قبض قلنا السَّلَامُ عَلَی النَّبِی

لیکن جب آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کا وصال ہوگیا تو ہم نے اَلسَّلَامُ عَلَی النَّبِی کہنا شروع کر دیا۔ یہ ابُو عوانہ کی روایت ہے اور بُخاری شریف کی روایت جو اس سے صحیح ترین ہے اور اس میں اس امر کی وضاحت موجود ہے کہ یہ راوی کی اپنی سمجھ اور سوچ ہے حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کا قول نہیں ہے۔ کیونکہ بُخاری شریف کی روایت میں ہے :

فلما قبض قلنا السّلام یعنی علی النّبی

پس جب آپ کا وصال ہوگیا تو ہم نے کہا السّلام یعنی نبی صلی اللہ علیہ وسلم پر تو علی النّبی کو راوی نے اپنی طرف سے ذکر کیا ہے لیکن آپ کا قول قلنا :

السّلام یحتمل انه اراد به استمرانا به علیٰ ما کنا علیه فی حیاته ویحتمل انه اراد اعرضنا عن الخطاب واذا احتمل اللفظ لم یبق فیه دلالة کذا ذکره ابن حجر۔ (مرقاة ۳۳۲ ج ۲)

کہ ہم نے کہا اَلسّلام تو اس میں یہ احتمال بھی ہے کہ آپ نے یہ ارادہ کیا ہو کہ ہم اسی اندازِ خطاب پر برقرار رہے جس پر کہ آپ کی حالت حیات میں تھے اور یہ بھی احتمال ہے کہ ہم نے خطاب کے اسلوب سے اعراض کر لیا اور جب ان الفاظ میں دو نوں طرح کے احتمال ہیں تو تبدیلی پر قوی اور

Marfat.com

اگر نمازی کسی دُوسرے شخص کو خطاب کرتے ہوئے السلام علیک کہے اس کی نماز باطل ہو جائے گی۔

۵۔ نیز اگر خلفاء اربعہ کے اجماع واتفاق سے قطع نظر کرلیں اور اجماعِ صحابہ سے بھی قطع نظر کرلیں (جو کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے منبرِ رسُول علیہ السلام پر بیٹھ کر اس تشہد کی تعلیم دینے اور صحابہ کرام کے سکوت سے ثابت ہے) تو ہم کہتے ہیں کہ زیادہ سے زیادہ اس سے اتنا ثابت ہوگا کہ خطاب کے طریقہ پر سلام کہنا واجب نہیں ہے جیسے کہ بظاہر نبیِ اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے فرمان

فَاذا صلی احدکم فلیقل التحیات للہ

سے ثابت ہوتا تھا اور وجوب کی نفی سے جواز بلکہ استحباب کی نفی بھی لازم نہیں آتی اور خلفاء اربعہ بلکہ اہلِ مدینہ کا اجماع اور جمہور اہلِ اسلام کا اسی پر عمل دائم اور استمرار اس پر شاہد عدل اور دلیلِ صادق ہے (جبکہ ہمارا مدّعا جواز اور استحباب کی صورت میں بھی ثابت ہو جاتا ہے)۔

امام سبکی نے شرح منہاج میں ابُوعوانہ کی روایت نقل کرنے کے بعد فرمایا:

ان صح ھٰذا عن الصحابة دل علی ان الخطاب فی السلام بعد النبی صلّی اللہ علیہ وسلّم غیر واجب فیقال السلام علی النبی۔

(فتح الباری شرح البخاری لعلامہ ابن حجر عسقلانی ص ۲۹۱ ج ۲)

Marfat.com

پختہ دلیل نہ رہی۔ کذا ذکر ابن حجر اور شرح شفاء میں علامہ علی قاری رحمہ اللہ نے فرمایا کہ:

اس حدیث میں اول تو اس امر پر قطعی دلالت نہیں کہ نماز میں صیغہ خطاب کو بدل دیا گیا۔ ثانیاً اصح روایت میں صرف قلنا اَلسَّلَامُ کے الفاظ ہیں اَلسَّلَامُ عَلَى النَّبِيِّ کے نہیں ہیں لہٰذا راوی کی طرف سے تصرف کا احتمال موجود ہے اور ان الفاظ کے ساتھ یہ روایت صحیح نہیں ہے۔ ثالثاً اگر صحیح ہو بھی تو یہ آپ کی انفرادی رائے ہے کیونکہ خلفاء اربعہ کا اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ اَيُّهَا النَّبِيُّ پر اجماع و اتفاق ثابت ہے۔ اصل عبارت ملاحظہ کریں:

قلت ان ثبت عنده انه اراد بهٰذا فی الصلاة فهٰذا مذهبه المختص به اذ اجمع الاربعة على ان المصلی یقول اَیُّهَا النبی۔ وان هٰذا من خصوصیاته علیه السلام اذ لو خاطب مصل احداً غیره و یقول السلام علیك بطلت صلوٰته ۔

(شرح شفاء مع نسیم الریاض ص۲۶۸ ج ۳)

میں کہتا ہوں اگر آپ سے یہ ثابت ہو کہ انہوں نے نماز میں السّلامُ علی النّبی کہنا شروع کیا تو یہ ان کا اپنا مخصوص مذہب ہے کیونکہ خلفاء اربعہ کا اس پر اجماع ہے کہ نمازی

اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ اَيُّهَا النَّبِيُّ

کہے اور یہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلّم کے خصوصیات میں سے ہے کیونکہ

Marfat.com

اگر بعض صحابہ سے یہ تبدیلی ثابت ہو تو یہ اس پر دلالت کرے گی کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے (وصال شریف کے) بعد سلام میں خطاب اور ندا واجب نہیں ہے لہٰذا السلام علی النبی بھی کہا جا سکتا ہے لیکن ہمارا مدعا صیغہ خطاب سے سلام دینے کے وجوب پر موقوف نہیں ہے۔ استحباب بلکہ جواز سے بھی ثابت ہو جائے گا۔

۶۔ نیز اللہ تبارک وتعالیٰ ہر مومن سے قربِ خاص کے ساتھ قریب تر ہے

وَإِذَا سَأَلَكَ عِبَادِي عَنِّي فَإِنِّي قَرِيبٌ ط

(سورہ البقرہ آیت ۱۸۶)

اور ہر ایک کی شاہ رگ سے بھی قریب تر ہے۔

کما قال تعالیٰ:

نَحْنُ أَقْرَبُ إِلَيْهِ مِنْ حَبْلِ الْوَرِيدِ ○

(سورہ ق آیت ۱۶)

مگر بایں ہمہ اس کے لیے قولی، بدنی اور مالی عبادات کے تحفے پیش کرتے وقت صیغہ خطاب ذکر نہیں کیا گیا بلکہ غائب والا انداز اختیار کیا گیا ہے۔ اَلتَّحِيَّاتُ لكَ کی بجائے اَلتَّحِيَّاتُ لِلّٰہِ کہا گیا ہے تو اگر اس انداز کے اَلتَّحِيَّاتُ سے یہ لازم نہیں آتا کہ اللہ تعالیٰ کو خطاب و ندا کے انداز میں یہ تحائف پیش کرنا جائز ہی نہ ہو تو اَلسَّلَامُ عَلَى النَّبِيِّ جو صرف احتمال کے طور پر اور صرف بعض صحابہ کرام سے مروی ہے اس سے یہ کیسے لازم آ سکتا ہے کہ خطاب و ندا کے انداز میں سلام پیش کرنا جائز

Marfat.com

بھی نہ ہو یا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم نمازیوں سے نُورانی اور رُوحانی لحاظ سے قریب تر نہ ہوں۔ کما قال تعالیٰ :

اَلنَّبِیُّ اَوْلٰی بِالْمُؤْمِنِیْنَ مِنْ اَنْفُسِهِمْ

(سُورۃ الاحزاب آیت ۶)

کہ نبی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم اہلِ ایمان کے لیے ان کے نفوس سے بھی قریب تر ہیں۔

اور نصِ قرآنی مومنین کے عموم کے لحاظ سے سب اہلِ ایمان کو شامل ہے خواہ قربِ قیامت میں ہی کیوں نہ پردۂ عدم سے عالمِ ہست وبود کی طرف منتقل ہوں اور یہی عرفاء نے تصریح فرمائی کہ حقیقتِ محمدیہ ہر ذرّۂ کائنات اور ہر فرد ممکنات کے اندر جلوہ گر ہے اور آپ سب کے قریب تر ہیں بالخصوص نمازیوں کے کما سبق اور ہمارا مدّعا اس وقت صرف دُور و دراز سُننے والوں کے لیے اور حالتِ حیات کی طرح بعد از وصال دُور سے خطاب اور ندار کا جواز ثابت کرنا ہے تو وُہ بحمدہ تعالیٰ بالکل واضح طور پر ثابت ہو چکا۔

سوال : اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ اَیُّهَا النَّبِیُّ میں خطاب بطور حکایت ہے کیونکہ اللہ تعالیٰ نے شبِ معراج نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم کو

اَلتَّحِیَّاتُ لِلّٰهِ وَالصَّلٰوتُ وَالطَّیِّبَاتُ

والے جواب میں یہ تحائف پیش فرمائے :

اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ اَیُّهَا النَّبِیُّ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَکَاتُهٗ ط

Marfat.com

تو نماز میں اسی طرح اس سلام کو شروع فرما دیا گیا۔
علامہ علی القاری نے مرقات ص۳۳۱ ج ۲ میں فرمایا :

قال ابن الملك روى انه صلى الله عليه وسلم لما عرج به اثنى على الله بهٰذه الكلمات فقال الله تعالىٰ السَّلَامُ عَلَيْكَ اَيُّهَا النَّبِى وَرَحْمَةُ اللهِ وبركاتهٗ فقال عليه السّلام ، اَلسَّلام علينا وعلىٰ عباد الله الصّٰلحين فقال جبرئيل اَشْهَدُ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا الله وَاَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عبدهٗ ورسوله۔ وبه يظهر وجه الخطاب وانه على حكاية معراجه عليه السّلام فى اٰخر الصّلٰوة التى هى معراج المؤمنين ۔

علامہ ابن الملک نے کہا کہ مروی ہے کہ رسولِ معظم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کو جب معراج کرایا گیا تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے ان کلمات
اَلتَّحِيَّاتُ لِلّٰهِ وَالصَّلَوٰتُ وَالطَّيِّبَاتُ
کے ساتھ اللہ تعالیٰ کی ثنا کی تو اللہ تعالیٰ نے فرمایا
اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ اَيُّهَا النَّبِيُّ وَرَحْمَةُ اللهِ وَبَرَكَاتُهٗ ؕ
تو آنحضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے کہا
اَلسَّلَامُ عَلَيْنَا وَعَلٰى عِبَادِ اللهِ الصّٰلِحِيْنَ ۝
تب جبرئیل علیہ السلام نے کہا
اَشْهَدُ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا اللهُ وَاَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ

Marfat.com

اور اسی سے خطاب وندار کی وجہ ظاہر ہو جاتی ہے اور وہ خطاب آنحضرت[1] کے معراج کی حکایت پر مبنی ہے نماز کے آخر میں جو کہ مومنین کی معراج ہے۔

الجواب: صیغۂ خطاب کو بطور حکایت سمجھنا اور اپنی طرف سے سلام پیش کرنے کا قصد و ارادہ نہ کرنا بالکل غلط ہے اور ناجائز فعل ہے کیونکہ جب اللہ تعالیٰ نے یہ ارشاد نازل فرمایا:

یٰاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا صَلُّوْا عَلَیْهِ وَسَلِّمُوْا تَسْلِیْمًا۝

تو صحابہ کرام علیہم الرضوان نے عرض کیا:

قد عرفنا السَّلَامُ عَلَیْكَ، یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ کیف الصَّلٰوۃ عَلَیْکم اهل البیت فان الله قد علمنا کیف نسلم علیك الحدیث۔

اے رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تم اہلِ بیت پر صلوۃ کس طرح بھیجی جائے کیونکہ اللہ تعالیٰ نے ہمیں سلام کی کیفیت تو بتلا دی ہے۔

خلاصۃ المرام یہ کہ اللہ تعالیٰ نے صلوٰۃ اور سلام کا حکم دیا ہے اور ہمیں سلام بھیجنے کی کیفیت آپ کی زبانی معلوم ہو چکی اب صلوٰۃ کی کیفیت سمجھا دیجیے تو اس سے صاف ظاہر ہے کہ

اَلسَّلَامُ عَلَیْكَ اَیُّهَا النَّبِیُّ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَکَاتُهٗ

میں ارشادِ خداوند تعالیٰ سَلِّمُوْا تَسْلِیْمًا کی تعمیل اور اطاعت ہے اور اپنی طرف سے سلام پیش کر کے حکم باری کی اتباع کی گئی ہے لہٰذا صحابہ کرام اور جملہ اہلِ اسلام تشہد میں جو سلام پیش کرتے ہیں وہ بطورِ نقل اور حکایت نہیں

[1] صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم۔

Marfat.com

حکایت ہے)۔

نیز در مختار اور المجتبیٰ کے حوالے سے مزید توضیح یہ بھی ہوگئی کہ اگر

اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ اَيُّهَا النَّبِيُّ

میں حکایت کا قصد کیا جائے تو اَلتَّحِيَّاتُ لِلّٰهِ میں بھی اور اَلسَّلَامُ عَلَيْنَا میں حکایت کا قصد کرنا پڑے گا کیونکہ وُہ دونو بھی معراج کے موقعہ کے نبیِ اکرم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم کی طرف سے صادر ہونے والے کلمات ہیں اور

السَّلَامُ عَلَيْكَ اَيُّهَا النَّبِيُّ

اللہ تعالیٰ کا جوابی تحفہ ہے تو پھر سبھی میں حکایت کا قصد وارادہ ہونا چاہیے گویا نہ نمازی اپنی طرف سے اللہ تعالیٰ کی بارگاہِ اقدس میں قولی بدنی اور مالی عباداٹ کے تحائف پیش کرتا ہے اور نہ اپنے اور نہ اولیا عباد صالحین کے لیے سلامتی کی دُعا کرتا ہے جیسے کہ نبیِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلّم کی بارگاہ میں اپنی طرف سے سلام پیش نہیں کرتا حالانکہ یہ بالکل غلط نظریہ اور باطل سوچ ہے بلکہ اپنی طرف سے تحائف پیش کرنے کا قصد کرے اور اَپنے لیے اور اولیاء اللہ کے لیے سلامتی کی دُعا والتجا کرے اور اسی طرح اپنی طرف سے بارگاہِ رسالتآب علیہ الصلوٰۃ والسلام میں سلام پیش کرنے کی سعادت حاصل کرے۔ آخر اس کا کیا جواز ہے کہ تینوں جملوں کا تعلق تو واقعہ معراج سے ہو لیکن اوّل وآخر میں تو انشاء مقصود ہو اور درمیانی جملے میں خبر اور حکایت کا قصد کر لیا جائے۔

نیز اللہ تعالیٰ نے صلوٰۃ وسلام دونو کا حکم فرمایا لیکن:

Marfat.com

بلکہ بطورِ انشاء اور دُعا ہے۔ اس لیے فقہاء کرام نے تصریح فرمائی:

ویقصد بالفاظ التشھد معانیھا مرادۃ لہ علٰی وجہ الانشاء کانہ یحی اللّٰہ تعالٰی ویسلم علٰی نبیہ وعلٰی نفسہ واولیاءہ لا الاخبار عن ذٰلک ذکرہ فی المجتبٰی وظاھرہ ان ضمیر علینا للحاضرین لاحکایۃ سلام اللّٰہ۔

(در مختار جلد اوّل ص۳۷۷ مع رد المحتار)۔

اور تشہد کے الفاظ سے ان کے معانی کا قصد و ارادہ کرے درآنحالیکہ وُہ اس کی مُراد ہیں، انشاء اور دُعا کے طریقہ پر گویا وُہ اَلتَّحِیَّاتُ لِلّٰہِ کے الفاظ سے بارگاہِ خُداوند تعالیٰ میں تحفے پیش کر رہا ہے اور

اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ اَیُّھَا النَّبِیُّ

کے الفاظ کے ساتھ بارگاہِ رسالتمآب صلی اللّٰہ علیہ وآلہٖ وسلّم میں تحائف پیش کر رہا ہے اور (اَلسَّلَامُ عَلَیْنَا) کے الفاظ کے ساتھ اپنے لیے اور اللّٰہ تعالیٰ کے اولیاء اور عباد صالحین کے لیے سلامتی طلب کر رہا ہے نہ کہ اس کی خبر اور اس کی حکایت کا قصد کرے (جو معراج میں وقوع پذیر ہوا) اس کو مجتبٰی میں ذکر کیا ہے اور اس کا ظاہر و باہر معنیٰ و مفہوم یہ ہے کہ عَلَیْنَا کی ضمیر سے حاضرین مراد ہیں (جو کہ نماز میں اس کے ساتھ شامل ہیں) نہ کہ اللّٰہ تعالیٰ کے سلام کی حکایت اور نقل ہے۔

(یا نبیِ اکرم صلی اللّٰہ علیہ وآلہٖ وسلّم کے قول اَلسَّلَامُ عَلَیْنَا کی

Marfat.com

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ

میں تو صلوٰۃ بطور انشاء اور دعا ذکر کر کے صلّوا والے حکم کی تعمیل کی جائے مگر اپنی طرف سے سلام کا قصد و ارادہ کر کے سَلِّمُوْا والے حکم کی تعمیل نہ کی جائے اور صحابہ کرام علیہم الرضوان اور جملہ اہلِ اسلام کے طرز و طریق اور سُنّت و روش سے عدول کیا جائے اس کا بھی قطعاً کوئی جواز نہیں ہو سکتا اور نہ کوئی مسلمان اس تفرقہ کا سوچ ہی سکتا ہے۔

منشا ءِ غلط

علامہ علی قاری علیہ الرحمہ نے خود ذکر فرمایا کہ :

تشہد میں اس اندازِ خطاب سے سلام دینا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے خصائص سے ہے اور دیگر اکابر کی اس مضمون کی تصریحات بھی گزر چکی ہیں لہٰذا اندریں صورت ان کی مرقاۃ سے نقل کردہ عبارت کا ہرگز وہ مطلب نہیں ہو سکتا جو سائل نے کشید کیا ہے بلکہ ان کا مقصد یہ ہے کہ سلام باندازِ اَلتَّحِیَّاتُ لِلّٰہِ بھی ہو سکتا تھا یعنی :

اَلسَّلَامُ عَلَی النَّبِیِّ

کہہ دیا جاتا یا

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ کی طرح سَلِّمْ عَلٰی مُحَمَّدٍ

کہہ دیا جاتا۔ جس طرح اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں تحائف اور ہدایا پیش کرنے کے لیے اَلتَّحِیَّات لَکَ اَللّٰهُمَّ بھی کہہ سکتے تھے لیکن ترجیح

Marfat.com

اسی انداز و اسلوب کو دی گئی۔ جو اللہ تعالیٰ نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے لیے سلام میں اختیار فرمایا جس طرح کہ التحیات میں اسی انداز و اسلوب کو اختیار کیا گیا جو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے بارگاہ خداوندی میں یہ تحفے پیش کرتے وقت اختیار فرمایا۔ خلاصۃ المرام یہ کہ صیغوں کے انتخاب میں واقعۂ معراج میں صادر ہونے والے صیغوں کی اتباع کی گئی ہے نہ کہ مضمون سلام میں حکایت مقصود ہے اور انشاء مقصود نہیں ہے۔ علامہ علی قاری کی عبارت کا صحیح اور واضح مفہوم یہ ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اللہ تعالیٰ کے روبرو تھے حالت معراج میں لہٰذا اس نے فرمایا:

اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ اَيُّهَا النَّبِيُّ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهٗ ط

اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نمازی کے روبرو ہونے چاہئیں اس نماز کے تشہد میں جو معراج المؤمنین کی انتہا ہے اور وہی انداز سلام کا اختیار کرنا چاہیے جو اللہ تعالیٰ نے اختیار فرمایا اس میں سنت الٰہیہ کی پیروی کرنی چاہیے لہٰذا اس عبارت سے کسی دوسرے معنیٰ و مفہوم کو کشید کرنا اس عبارت کے بھی خلاف ہے اور ان کی دیگر عبارات اور اکابرین ملت کی طرف سے اس خطاب و ندا کو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے خصائص میں سے شمار کرنے کے بھی خلاف ہے بلکہ ان علماء کرام پر لازم تھا کہ وہ فرماتے کہ سرے سے سلام بانداز خطاب نہ کیا جائے ورنہ نماز فاسد اور باطل ہو جائے گی اور حکایت کے طور پر تو قرآن مجید کی بیسیوں آیات میں خطاب کے صیغے تلاوت کیے جاتے ہیں ان کے نہ جواز میں کسی کو کلام ہے

Marfat.com

اور نہ ان کی تلاوت کسی کی خصوصیت قرار دی گئی ہے۔
علاوہ ازیں پہلے شہابِ ثاقب کے حوالے سے ذکر کر چکا ہوں کہ علماءِ دیوبند کے نزدیک درود شریف میں یا رسول اللہ کہنا جائز اور روا ہے۔ جیسے کہ اہلِ حرمین

اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا رَسُوْلَ اللہ

پڑھا کرتے تھے۔ صرف نجدیوں کو اس ندار وخطاب سے چڑ اور عناد تھا علماءِ دیوبند تو اس طرح کے درود وسلام کو روا رکھتے ہیں تو پھر اپنے اکابر کا مذہب بھی چھوڑ بیٹھنا اور راہِ فرار اختیار کرنا کسی مخلص اور نیک نیت مسلمان کا کام نہیں ہو سکتا بلکہ علامہ حسین احمد مدنی صاحب تو تصریح کرتے ہیں کہ ہمارے بزرگ دلائل الخیرات پڑھتے ہیں اور اس کے پڑھنے کی اپنے متعلقین کو تلقین بھی کرتے ہیں اور اس میں مذکور ندار وخطاب والے صیغوں کے ساتھ بھی صلوٰۃ وسلام کو جائز رکھتے ہیں
الغرض اس حدیث شریف اور تصریحات اکابر سے واضح ہو گیا کہ نبیِ اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو ندار وخطاب کرنا اور دُور و دراز سے بھی اور وصال شریف کے بعد اس طرح پکارنا بالکل جائز اور روا ہے۔

حدیث ۲ ۔ حضرت عمرو بن سالم خزاعی رضی اللہ عنہ نے نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والتسلیم سے استغاثہ کیا اور آپ نے مسافتِ بعیدہ کے باوجود اس کی فریاد اور استغاثہ پر لبیک لبیک نصرت نصرت فرمایا

Marfat.com

یعنی میں تیری امداد و نصرت کے لیے حاضر ہوں اور تجھے نصرت و امداد عطا ہو گئی۔ جیسے کہ معجم صغیر میں امام طبرانی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے حضرت ام المومنین میمونہ رضی اللہ عنہا سے نقل فرمایا ہے:

انہا قالت بات عندی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لیلۃ فقام لیتوضا للصلوٰۃ فسمعۃ صلی اللہ علیہ وسلم یقول فی متوضاہ لبیک لبیک لبیک ثلاثا نُصِرْتَ نُصِرْتَ نُصِرْتَ ثلاثا فلما خرج قلت یا رسول اللہ سمعتک تقول فی متوضاک لبیک لبیک ثلاثا نصرت نصرت نصرت ثلاثا کانک تکلم انسانا فہل کان معک احد فقال صلی اللہ علیہ وسلم ھٰذا راجز بنی کعب یستصرخنی ویزعم ان قریشا اعانت علیہم بنی بکر (الیٰ)
(مواہب لدنیہ مع زرقانی صفحہ ۲۹ ج ۳)

وہ فرماتی ہیں کہ رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے میرے پاس رات گزاری پس آپ اُٹھے تاکہ نماز کے لیے وضو کریں تو میں نے آپ کو وضو والی جگہ میں تین مرتبہ لبیک فرماتے سُنا اور تین مرتبہ نُصِرْتَ فرماتے ہوئے سُنا۔ جب آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم باہر تشریف لائے تو میں نے عرض کیا یا رسول اللہ (صلی اللہ علیک یا حبیب اللہ) میں نے آپ کو وضو والی جگہ میں تین مرتبہ لبیک اور تین مرتبہ نصرت کہتے ہوئے سُنا گویا کہ آپ کسی انسان کے ساتھ کلام فرما رہے تھے تو آیا آپ کے ساتھ کوئی شخص تھا تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا یہ بنو کعب قبیلہ

Marfat.com

کا رجز خوان ہے جو مجھے امداد و اعانت کے لیے پکارتا تھا اور کہہ رہا تھا کہ قریش نے ان کے خلاف اپنے حلیف قبیلہ بنو بکر کی امداد کی ہے۔ (تا)

قالت میمونة رضی اللہ عنہا فاقمنا ثلاثا ثم صلّی بالناس صبح الیوم الثالث فسمعت الراجز ینشده ، یارب انی ناشد محمداً۔ حلف ابینا ربیعه الا تلوا (الٰی) وجعلوا لی فی کداء رصداً وزعموا ان لست ادعوا احداً فانصر هداک اللہ نصراً ابداً۔ وادع عباد اللہ یاتوا مدداً فیهم رسول اللہ قد تجردا۔ ان سیم خسفا وجهه تربدا۔

حضرت میمونہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ ہم تین ٹھہرے اور تیسرے دن آپ نے لوگوں کو صبح کی نماز پڑھائی تو میں نے رجز خوان کو آپ کے سامنے یہ اشعار پڑھتے سنا۔ اے میرے رب میں محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو بلانے والا ہوں جبکہ ہمارے باپ اور آپ کے باپ کے درمیان اور ہمارے درمیان عہد قدیم سے باہمی دوستی اور امداد و اعانت کا معاہدہ چلا آرہا ہے (تا) اور بنو بکر نے میرے لیے کدار (مکہ مکرمہ کی قریبی پہاڑ) میں نگران اور پہرے دار مقرر کر رکھے تھے اور انہوں نے یہ باطل خیال کیا کہ میں کسی کو نہیں پکاروں گا، پس مدد فرمایئے دائمی اور نہ ختم ہونے والی مدد اللہ تعالیٰ آپ کو ہدایت پر ثابت قدم رکھے اور اللہ تعالیٰ

Marfat.com

کے بندوں کو بھی بلائیے کہ وُہ معاون و مددگار بن کر آئیں (اور صرف سریہ کو روانہ نہ کرنا بلکہ) اللہ کے رسُول خود اس لشکر میں ہوں درآنحالیکہ وُہ ہم پر ظلم کرنے والوں پر غضبناک ہوں۔ اگر ان کو اپنی ذات اور حلیفوں کے بارے میں مشقّت کا سامنا کرنا پڑے تو غیظ و غضب کا مظاہرہ کرتے ہیں۔

(وکذا نقلہ علامہ ابن حجر عسقلانی فی الاصابہ ص۵۲۷ ج ۲ ——— مدارج النبوۃ ص۲۸۲ ج ۲ از شیخ محقق عبدالحق محدث دہلوی رحمہ اللہ)۔

اس روایت سے صحابیِ رسُول صلّی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم کا تین دن کی مسافت بلکہ مکّہ مکرمہ کے قرب وجوار سے نبی اکرم صلّی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم سے استغاثہ کرنا اور امداد و اعانت کے لیے پکارنا اور آپ کا سُننا اور جواب دینا اور نصرت و امداد اور غلبہ و کامیابی کی بشارت دینا ثابت ہوگیا۔

علامہ زرقانی رحمہ اللہ فرماتے ہیں:

ففی اخبارہ بہ قبل قدومہ علم من اعلام النبوّۃ باھر فاما انہ اعلم بذٰلك بالوحی و علم ما یصورہ الراجز فی نفسہ او یکلم بہ اصحابہ فاجابہ بذٰلك او انہ کان یرتجز فی سفرہ واسمعہ اللہ کلامہ قبل قدومہ بثلاث و لا بعد ذٰلك فقد روی ابُو نعیم مرفوعًا انی لاسمع اطیط

Marfat.com

السماء وما تلام ان تئط الحدیث -

(صفحہ نمبر ۲۹۰ جلد ۳)

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے عمرو بن سالم کے پہنچنے سے قبل اس کے متعلق خبر دینے میں نبوت کے معجزات میں سے واضح معجزہ اور امتیازی علامت ہے پس یا تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو وحی کے ذریعے اس کی اطلاع دے دی گئی اور آپ نے اس کو جان لیا جو رجز خوان اپنے دل میں فریاد کے لیے مضمون تیار کر رہا تھا اور سوچ رہا تھا یا اپنے ساتھیوں کے ساتھ اس کے متعلق کلام کر رہا تھا تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس کے استغاثہ اور فریاد کا جواب دیا یا وہ دورانِ سفر یہ رجزیہ اشعار پڑھتا آرہا تھا اور اللہ تعالیٰ نے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو اس کا کلام اس کے پہنچنے سے تین دن پہلے سنوا دیا اور اس میں کوئی استبعاد اور حیرانگی کی بات نہیں کیونکہ ابو نعیم نے مرفوع روایت ذکر کی ہے کہ نبی کریم نے فرمایا بیشک میں البتہ آسمان کی چیخ اور چرچراہٹ سنتا ہوں اور اس کے چیخنے اور ایسی آواز نکالنے پر اس کی ملامت نہیں کی جا سکتی -

اقول : اگر حضرت عمرو بن سالم خزاعی رضی اللہ عنہ نے صرف دل میں خیال کیا تھا اور آپ کو معلوم بھی ہو گیا اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے لبیک اور نصرت فرمانا شروع کر دیا تو اس سے مدعا اولویت کے طور پر ثابت ہو جائے گا کہ فریادی ابھی فریاد کرتا ہی نہیں صرف دل میں خیال باندھتا ہے اور ارادہ کرتا ہے مگر اس رحمت مجسم صلی اللہ علیہ وآلہ

ے صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم -

Marfat.com

کو فوراً پتہ بھی چل جاتا ہے اور اغاثہ و فریاد رسی پر آمادہ اور کمربستہ بھی ہو جاتے ہیں یا صرف اپنے ساتھیوں سے اس بارے میں صلاح و مشورہ کرتا ہے اور پروگرام بناتا ہے مگر ادھر سے اجابت پہلے ہی پائی جاتی ہے تو بالفعل فریاد اور استغاثہ پر بطریقِ اولیٰ فریادرسی اور حاجت روائی اور مشکل کشائی پائی جائے گی اور اگر تیسری صورت پائی گئی تو اس کی دلالت مدعا پر واضح ہے اور علامہ زرقانی نے حدیث مرفوع نقل کرکے دُور سے سُن سکنے کا استبعاد دُور کر دیا کہ جو ہستی پاک آسمان جتنی دُوری سے سُن سکتے ہیں وہ مکہ مکرمہ کی دُوری یا تین دن کی مسافت سے کیوں نہیں سُن سکتے جبکہ صرف پہلے آسمان کی نچلی سطح کی مسافت زمین سے پانچ سو سال کی راہ ہے اور اوپر والا کنارہ ہزار سالہ راہ ہے اور اگر ساتویں آسمان کی چیخ سُنی تھی تو سات ہزار سالہ مسافت سے سُن لی تو اس قدر دُور سے سُن سکنے والے نورانی کانوں کے لیے زمینی مسافتوں کی کیا حیثیت ہے۔ جبکہ زمین کا محیط صرف چوبیس ہزار میل ہے اور مدینہ منورہ سے شرق اور غرب میں منتہائے ارض تک صرف بارہ بارہ ہزار میل کی مسافت ہے بلکہ کرۂ ارض کے اُفقِ حقیقی کی مسافت مشرق اور مغرب میں صرف چھ چھ ہزار میل ہے اگر اُوپر والے حصہ کا اعتبار کریں اور اگر نچلا حصہ ارضی بھی ساتھ شامل کریں تو مدینہ منورہ سے نیچے دوسری سمت تک کا قطر تقریباً ساڑھے سات ہزار میل بنے گا اور زمین کے سبع سمندروں کے دو حصے بارہ بارہ ہزار میل

Marfat.com

تک کی مسافت کے ہوں گے۔

سوال : عمرو بن سالم خزاعی صرف نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والتسلیم کا حلیف تھا مسلمان اور صحابی نہیں تھا لہٰذا اس کی فریاد و زاری اور استغاثہ و استمداد سے اس کا جواز اور مشروع ہونا کیونکر ثابت ہو سکتا ہے؟ بلکہ اس طرح کے استغاثہ کا کفار و مشرکین کے عمل سے ہونا ثابت ہوگیا۔

الجواب : اولاً یہ امر پایۂ ثبوت کو پہنچا ہوا ہے کہ عمرو بن سالم صحابی تھے، رضی اللہ عنہ۔ چنانچہ علامہ زرقانی فرماتے ہیں :

عمرو بن سالم الخزاعی احد بنی کعب الصحابی۔ نیز فرماتے ہیں :
ابن الکلبی، اَبُو عبید اور طبری نے ذکر کیا ہے :

انہ احد من عمل الویۃ خزاعۃ یوم الفتح

(صفحہ نمبر ۲۹۰ جلد ۲)

یعنی وہ ان لوگوں میں سے ایک ہیں جنہوں نے فتح مکہ کے دن خزاعہ کے پرچم تیار کیے۔

اور علامہ ابنِ حجر عسقلانی نے الاصابہ ص۵۲۷ ج ۲ پر ان لوگوں کا رد کرتے ہوئے فرمایا :

قد طعن السھیلی فی صحبۃ ھذا الراجز وقال قولہ، ثم اسلمنا اراد اسلموا من اسلم لامن الاسلام لانھم لم یکونوا اسلموا بعد و رد بقولہ وقتلونا رکعا و سجدا و وقع

Marfat.com

فی روایۃ ابن اسحٰق ۔ ھم قتلونا بالصعید ھجدًا
نتلوا القرآن رکعًا وسجدًا ۔ وتاولہ بعضھم
بان مرادہ بقولہ رکعا و سجدًا انھم حلفاء
الذین یرکعون ویسجدون ولایخفی بعدہ ۔

یعنی سہیلی نے اس رجز خوان اور فریادی اور مستغیث کے صحابی ہونے پر طعن و تشنیع کی ہے اور کہا کہ اس کے قول اسلمنا سے مُراد اسلام لانا نہیں بلکہ مصالحت و مسالمت والا معنیٰ مُراد ہے کیونکہ وُہ ابھی اسلام نہیں لائے تھے مگر یہ قول مردُود ہے ۔ عمرو بن سالم کے اس قول سے کہ انہوں نے ہمیں قتل کیا حالتِ رکوع اور سجود میں اور ابنِ اسحٰق کی روایت میں ہے کہ انہوں نے ہمیں چٹیل میدان میں قتل کیا درآنحالیکہ ہم تہجد پڑھتے تھے ۔ قرآن تلاوت کر رہے تھے اور رکوع و سجود کر رہے تھے اور بعض نے اس قول کی یہ تاویل کی ہے کہ رکعًا و سجدًا سے مُراد یہ ہے کہ ہم ان کے حلیف ہیں جو رکوع و سجود کرتے ہیں اور اس تاویل کا بعید از صواب ہونا کسی پر مخفی نہیں ہے ۔

(وکذا فی الذرقانی شرح المواہب صفحہ ۲۹۲ ج ۲)

ثانیاً : جو رحیم و کریم اور بجپال اور مجسّمہ وفا غیر مُسلم حلیفوں کے استغاثہ اور فریاد و زاری پر ان کی امداد و اعانت فرمادیں اور ان کے پہنچنے سے پہلے اور حاضرِ خدمت ہو کر عرض کرنے سے تین دن قبل صرف اپنے گھروں میں خیال کرنے پر یا صلاح و مشورہ کرنے پر لبّیک لبّیک

Marfat.com

کہہ رہے ہوں اور امداد و نصرت کا سامان کر رہے ہوں تو وہ مخلص غلاموں کو کیونکر نظر انداز فرمادیں گے اور ان کی دستگیری کیوں نہیں فرمائیں گے

؎ فریاد حالِ زار کی جو اُمتی کرے
ممکن نہیں کہ خیرِ البشر[1] کو خبر نہ ہو

ثالثاً: فریادی کون ہے کون نہیں ہے غرض اس سے نہیں بلکہ غرض اس سے ہے کہ فریاد رس بھی کوئی ہے یا نہیں؟ اور وہ فریادیں سُنتے ہیں یا نہیں؟ تو اس روایت سے ثابت ہوگیا کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فریادیوں کی فریاد سُنتے ہیں اور امداد و اعانت فرماتے ہیں۔

اب ان لوگوں کی بدبختی دیکھنی چاہیے کہ اُمتی ہو کر اپنے نبی سے مدد مانگنے کو تیار نہیں جبکہ بقول معترض کے کافر مدد طلب کر بھی رہے ہیں اور بوجہ حلیف ہونے کے مدعا حاصل بھی کر رہے ہیں تو کم از کم اُمتیوں کو اپنے نبی کے مقام سے اتنا بے خبر نہیں ہونا چاہیے تھا کہ وہ کافروں سے بھی پیچھے رہ جائیں اور ان کے برابر بھی مقام نبوت و رسالت کی معرفت اور پہچان نہ رکھیں اور نہ اس کریم و رحیم نبی کے رحم و کرم سے ناامید اور مایوس ہونا چاہیے تھا جن کی امداد و اعانت سے کافر بھی محض حلیف ہونے کی بنا پر ناامید و مایوس نہیں تھے بلکہ اُمتیوں کو یقین ہونا چاہیے تھا کہ جو رحمتِ مجسّم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم حلیف ہونے کا اس قدر پاس کرتے ہیں وہ توحید و رسالت کے اقرار اور قرآن و سُنّت پر عمل کے عہد و پیمان والوں کو اور غلامی کا طوق گلے میں ڈالنے

[1] صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم۔

Marfat.com

والوں کو کیونکر محروم التفات فرماویں گے کیونکہ مومنین کے لیے تو وہ خصوصی رحمت و رافت فرمانے والے ہیں۔ کما قال تعالیٰ :

بِالْمُؤْمِنِيْنَ رَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ ○ (سورۃ التوبہ آیت ۱۲۸)

حدیث ۳ : امام نووی رحمہ اللہ نے کتاب الاذکار میں ابن السنی کے حوالے سے ذکر کیا ہے اور امام بخاری رحمہ اللہ نے الادب المفرد میں اور امام جزری نے حصن حصین میں ذکر کیا ہے کہ ایک دفعہ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کا پاؤں سُن ہوگیا تو کسی نے کہا کہ :

اذکر احب الناس الیك فقال یا محمدؐ اہ [1]

اپنے ہاں محبوب ترین شخص کو یاد کیجیے تو انہوں نے کہا یا محمدؐ اہ تو ان کا پاؤں فوراً ٹھیک ہوگیا۔

کانما نشط من عقال ۔ (کتاب الاذکار ص۲۷۱)

امام نووی رحمہ اللہ نے اس روایت کو اس عنوان کے تحت نقل فرمایا:

باب مایقول اذا خدرت رجله

باب اس امر کے بیان میں کہ جب آدمی کا پاؤں سُن ہو جائے تو کیا کہے اور ظاہر ہے کہ ان کے نزدیک اگر یہ حدیث ثابت ہی نہ ہوتی تو اس سے یہ حکم کیونکر ثابت کرتے نیز انہوں نے اپنی کتاب کے آغاز میں اس امر کی تصریح بھی فرمائی ہے۔

اما الاجزاء والمسانید فلست انقل منها شیئا الا فی نادر من المواضع ولا اذکر من

[1] علیک الصلوٰۃ والسلام۔

Marfat.com

الاصول المشهورہ من الضعیف الا النادر مع
بیان ضعفہ وانما اذکر فیہ الصحیح غالبا
فلھذا ارجوان یکون ھٰذا الکتب
اصلا معتمد۔ (ص۵)

لیکن اجزاء اور مسانید سے کوئی شے بھی میں اس کتاب میں نقل نہیں کروں گا مگر بہت کم اور نادر مواقع میں اور اصول مشہورہ سے بھی ضعیف حدیث کو نقل نہیں کروں گا مگر ندرت کے طور پر اور اس میں بھی ضعف کو بیان کر کے ذکر کروں گا۔ بلکہ میں اس میں صرف صحیح روایات ہی ذکر کروں گا اکثر طور پر لہٰذا میں امید رکھتا ہوں کہ یہ کتاب معتمد علیہ اصل قرار پائے گی۔

اور یہ حقیقت کسی بھی صاحبِ علم پر مخفی نہیں ہے کہ امام موصوف نے اس روایت میں بیانِ ضعف سے اجتناب کیا ہے تو ظاہر ہے کہ ان کے نزدیک ضعیف نہیں ہے بلکہ قابلِ استعداد و استدلال ہے خواہ از روئے اصطلاح صحیح ہو یا حسن۔

نیز شفاء شریف میں بھی اس روایت کو قاضی عیاض علیہ الرحمہ نے ذکر فرمایا اور علامہ شہاب خفاجی نے اور علامہ علی قاری رحمہما اللہ نے اپنی اپنی شرحوں میں اس پر کوئی جرح و قدح نہیں کی بلکہ علامہ خفاجی نے فرمایا:

ھٰذا یقتضی صحۃ ماجربوہ ووقع مثلہ
لابن عباس رضی اللہ عنہما وذکرہ النووی فی

Marfat.com

اذکارہ و روی ایضا عن غیرہ (الیٰ) وھٰذا مما تعاھدہ اھل المدینہ ۔ (ص ۳۵۵ ج ۴)

یہ روایت اس تجربہ کی صحت کی مقتضی ہے (کہ محبوب ترین ہستی کے ذکر سے سُن عضو درست ہو جاتا ہے) اور اسی طرح کا واقعہ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما کو بھی پیش آیا اور نووی رحمہ اللہ نے اس کو کتاب الاذکار میں ذکر کیا ہے اور اہلِ مدینہ کا یہی معمول اور عادتِ قدیمہ ہے۔

علامہ علی قاری رحمہ اللہ فرماتے ہیں:

فصاح ای فنادی باعلیٰ صوتہ یا محمداہ [1]
وکانہ رضی اللہ عنہ قصد بہ اظہار المحبۃ فی ضمن الاستغاثۃ۔ (ص ۳۵۵ ج ۴)

تو حضرت عبداللہ بن عمر چلائے یعنی بلند آواز کے ساتھ ندا کرتے ہوئے کہا، یا محمداہ (علیک الصلوٰۃ والسلام)

اور گویا کہ انہوں نے اس ندا سے حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ محبت و مودت کا اظہار استغاثہ اور فریاد کے ضمن میں کیا۔

گلدستۂ توحید

جواب اوّل

یہ حدیث موقوف ہے مرفوع نہیں اور پھر ہے بھی ضعیف۔ اس

[1] صلی اللہ علیک یا حبیب اللہ

Marfat.com

کی کوئی سند جرح سے خالی نہیں۔ چنانچہ اس کی ایک سند میں ابُو شیبہ نامی راوی ہے۔ امام دارقطنی فرماتے ہیں، متروک ہے۔

دُوسری سند میں محمّد بن مصعب ہے امام نسائی کہتے تھے ضعیف ہے امام ابُو حاتم کہتے تھے، اس کی حدیث ضعیف ہے۔ علامہ خطیب کہتے ہیں، کثرت سے غلطیاں کرتا تھا۔ عبداللہ بن سیار فرماتے ہیں ضعیف تھا۔ ابُو احمد الحاکم فرماتے ہیں کہ محدّثین کے نزدیک ضعیف تھا۔ امام ابن حبان فرماتے ہیں، اس سے احتجاج صحیح نہیں۔

تیسری سند میں زہیر بن معاویہ عن ابی اسحٰق ہے۔ زہیر اگرچہ ثقہ تھے لیکن محدّثین نے تصریح کی ہے کہ ان کی وُہ حدیث جو ابُو اسحٰق کے طریق سے ہوگی وُہ ضعیف ہے۔ اگر یہ روایت صحیح بھی ہوتی تب بھی یہ خبرِ واحد ہے حالانکہ سند میں بعض راویوں کا حال بھی آپ نے دیکھ لیا لہٰذا باب عقائد میں ان کی روایت کیسے حجت ہو سکتی ہے! (ص۱۳۱)

گلشنِ توحید و رسالت

علامہ سرفراز صاحب نے اس دلیل سے گلو خلاصی کے لیے جواب اوّل میں تین سہارے لیے اوّل یہ موقوف ہے، دوم ضعیف ہے، سوم خبرِ واحد ہے اور باب عقائد میں اس کا اعتبار نہیں ہے۔ امر سوم یعنی آخری سہارے اور تیسری بنیاد کی لغویت قبل ازیں اکابرین کی تصریحات سے واضح ہو چکی کہ عقائد دو طرح کے ہوتے ہیں قطعی و یقینی بھی اور ظنی جزمی بھی اور

Marfat.com

صرف قسم اوّل کے لیے قطعی ادلہ درکار ہوتے ہیں جبکہ قسم ثانی عام خصوص البعض نص مؤوّل اور اخبار آحاد سے بھی ثابت ہو سکتے ہیں۔ لہٰذا یہ سراسر لغو عذر اور بے بُنیاد بہانہ ہے۔ اور دُنیائے علم وتحقیق میں پرکاہ کے برابر بھی اس کی اہمیت نہیں ہے۔

امر دوم کے متعلق معروضِ خدمت ہے کہ اس میں بھی علاّمہ صاحب نے مغالطہ دہی اور فریب کاری سے کام لیا ہے کیونکہ ضعف سند سے علی الاطلاق متنِ حدیث کا ضعف لازم نہیں آتا بلکہ اس کا درجہ حسن بلکہ درجہ صحیح میں ہونا بھی درست ہو سکتا ہے کیونکہ تمام سندوں کے احاطہ کا دعویٰ تو متعذر ہے تو عین ممکن کہ ان سندوں کے علاوہ صحیح سند کے ساتھ مروی ہو یا کتاب اللہ سے یا سُنّتِ صحیحہ سے یا اجماع سے اس کے مضمون و مفہوم کی تائید و تصدیق ہو جائے تو بھی صحیح لغیرہٖ بن جائیگی نیز ضعیف حدیث جب متعدد طریق اور اسنادات کے ساتھ ثابت ہو تب بھی حسن لغیرہٖ بن جاتی ہے لہٰذا علاّمہ صاحب نے جواب کی دُوسری شق میں کسی اچھی قابلیت کا مظاہرہ نہیں کیا۔

اب اس اجمال کی تفصیل ملاحظہ ہو:

۱۔ یہ روایت امام بُخاری رحمہ اللہ نے الادب المفرد میں ذکر فرمائی ہے، اور اس کی سند یہ ہے:

حدثنا ابُونعیم قال حدثنا سفیان عن ابی اسحٰق عن عبد الرحمٰن بن سعد قال خدرت رجل ابن عمر رضی اللہ عنہما

Marfat.com

فقال له رجل اذکر احب الناس الیک فقال یا محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) ۔

(الادب المفرد مطبوعہ مصر ص۱۴۲)

لیکن اس سند میں علامہ صاحب کے مجروح راوی موجود نہیں ہیں لہٰذا ان سندوں کے ضعیف ہونے کے باوجود حدیث کے متن میں ضعف لازم نہیں آسکتا کیونکہ قابل وثوق اور معتمد علیہ راویوں سے بھی یہ مضمون اور متن حدیث مروی و منقول ہے۔ اور خود علامہ صاحب نے بھی "الادب المفرد" کا حوالہ دیا ہے مگر اس کی سند پر جرح و قدح سے گریز کیا اور حدیث پر دیگر سندوں میں ضعف بیان کر کے ضعف کا حکم بھی لگا دیا، جو بد دیانتی کی بد ترین مثال ہے۔

۲۔ تعدد طرق سے ضعیف روایت بھی درجۂ حسن کو پہنچ جاتی ہے اور تین سندیں تو علامہ صاحب نے خود تسلیم کیں اور چوتھی سند الادب المفرد کی ہے جو ان اعتراضات سے بھی منزہ و مبرا ہے لہٰذا اب بھی ضعف کا حکم بے جواز اور سراسر تحکم اور سینہ زوری ٹھہرا۔

۳۔ (الف) قبل ازیں ذکر کیا جا چکا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے

لَا تَجْعَلُوا دُعَآءَ الرَّسُوْلِ بَيْنَكُمْ كَدُعَآءِ بَعْضِكُمْ بَعْضًا ط (سورۃ النور آیت ۶۳)

فرما کر واضح کر دیا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو پکارنا ممنوع نہیں صرف اس ندار و پکار میں عامیانہ اور لاپرواہی والا انداز اپنانا ممنوع ہے

Marfat.com

ہے لہٰذا قریب و بعید کے لیے یا رسُول اللہ یا نبی اللہ کے القاب سے پکارنا
جائز ہے بلکہ حالتِ حیات اور بعد از وصال بھی یہی ادب ملحوظ رکھنا
لازم اور ضروری ہے۔

(ب)۔ تشہد میں اَلسَّلَامُ عَلَیْكَ اَیُّهَا النَّبِیُّ کے صیغوں سے سلام
پیش کرنے کا حکم رسُول صلّی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم اور اس پر صحابہ کرام علیہم
الرضوان کا اجماع واتفاق بلکہ تمام اعصار و ازمان میں اور جملہ ممالکِ
اسلامیہ میں اس پر عملِ دائمی اس اندازِ تسلیم اور اسلوبِ ذکر کے جواز و
اباحت کی بین برہان ہے لہٰذا جب کتاب و سنّت اور اجماع سے اس
کی تائید و تصدیق ہوگئی ہے تو متن کی صحت و قوّت کے متعلّق چوں چرا
کی قطعاً گنجائش باقی نہیں رہ جاتی اور مدارِ استدلال متنِ حدیث ہوتا
ہے سند تو صرف طریقۂ ثبوت ہے۔

۴۔ امام بخاری علیہ الرحمہ اور امام ابُوبکر احمد بن محمّد بن اسحٰق السنی اور
امام نووی و دیگر علماءِ اعلام نے ان روایات کو نقل کیا اور پاؤں وغیرہ
سُن ہو جانے کی صورت میں کیا کہنا چاہیے اور کیا چارہ اور حیلہ اور کونسی
تدبیر اور طریق کارگر اور مؤثر ہو سکتا ہے اس کو بیان کیا تو صاف ظاہر
ہے کہ ان کے نزدیک یہ ذکر اور تدبیر اس عارضہ سے خلاصی میں مؤثر
ہے۔ اگر مضمونِ حدیث ان کے نزدیک صحت و قوّت کے درجہ میں نہ
ہوتا تو اس سے استدلال کیوں کر کرتے بلکہ ان پر اس سے اجتناب لازم
ہوتا تاکہ غلط عقیدہ اور فاسد نظریہ میں لوگوں کو مبتلا کرنے کا بارِ گراں

٭ علیک الصّلوٰۃ والسّلام۔

Marfat.com

ان کے سر نہ آسکتا لیکن جب اس مضمون و مفہوم پر مشتمل روایت کو ذکر بھی کیا اور اس سے استدلال بھی کیا اور اس مفسدہ کو بالکل خاطر میں نہ لائے جس نے علماء دیوبند کو مضطرب اور بے چین کر رکھا ہے تو معلوم ہوگیا کہ وُہ حضرات اس مضمون کی صحت و قوت پر مطمئن تھے اور قبل ازیں امام نووی کا قول گزر چکا جس سے ان کے ہاں اس روایت کی تصحیح و تقویت واضح ہو جاتی ہے اور امام جزری نے حصنِ حصین کے مقدمہ میں بھی اس امر کی تصریح کر دی ہے :

واخرجته من الاحادیث الصحیحة ۔

کہ میں نے اس کتاب کو صحیح احادیث سے ترتیب دیا ہے لہٰذا اپنے آپ کو ان اکابر سے زیادہ محقق بنانے اور ثابت کرنے کی کوشش لاحاصل ہے اور ناقابلِ التفات اور نہ ہمارے لیے کسی کا یہ دعویٰ قابلِ التفات ہے کہ میں اگلے محققین سے تحقیق میں سبقت لے گیا ہوں۔

نوٹ : امام نووی روز و شب کے اعمال اور اقوال اور اوراد و وظائف پر مشتمل کتب پر امام نسائی کی کتاب کو فوقیت دیتے ہیں، اور اس پر بھی ابن السنی کی کتاب عمل الیوم واللیلہ کو ترجیح دیتے ہوئے فرماتے ہیں :

واحسن منه وانفس واکثر فوائد کتاب عمل الیوم واللیلة لصاحبه الامام ابی بکر احمد بن محمد بن اسحٰق السنی (الیٰ) لکونه

Marfat.com

اجمع الکتب فی ھٰذا السن ۔

(کتاب الاذکار للنووی رحمہ اللہ صہ ۱۴)

اور امام نسائی کی کتاب "عمل الیوم واللیلۃ" سے بھی زیادہ حسین اور نفیس اور فوائد کے اعتبار سے بہت زائد کتاب عمل الیوم واللیلۃ ہے جو کہ ان کے ساتھی اور مصاحب امام ابُو بکر احمد بن محمد اسحٰق السنی کی ہے (تا) کیونکہ وُہ اس فن میں تمام تر کتب سے زیادہ جامع ہے۔ اور خود امام نووی اور امام شمس الدین جزری جیسے اکابر اور قاضی عیاض جیسے اکابر کا اس سے استفادہ و استفاضہ اور اس پر اعتماد اور بھروسہ اس کی عمدگی اور قابلِ وثوق و اعتماد ہونے کی بین دلیل ہے۔

اور اگر اہلِ علم کا کسی ضعیف حدیث پر عمل اس کی تقویت کی دلیل بن جاتا ہے (جیسے کہ امام ترمذی علیہ الرحمہ کا بیانِ تقویت میں یہی معمول ہے) تو ایسے اکابر کا نہ صرف عمل کرنا بلکہ اہلِ اسلام سے اس پر عمل کرانا اور اس کی ذمہ داری اپنے سر لینا کیونکر تقویت کی دلیل نہیں ہوگا

امرِ اوّل: علامہ صاحب فرماتے ہیں یہ حدیث مرفوع نہیں ہے، موقوف ہے لہٰذا اس سے استدلال درست نہیں ہے لیکن علامہ صاحب نے یہاں بھی کسی اچھی قابلیت کا مظاہرہ نہیں کیا۔ صحابہ کرام علیہم الرضوان کے متعلق کوئی یہ سوچ سکتا ہے کہ وُہ شرکیہ اور کفریہ الفاظ استعمال کریں اور نبیِ اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے استغاثہ اور استمداد اور امداد و اعانت اور فریاد رسی کی التجا و درخواست کریں جو کہ شرک اور کفر ہو،

لہ رحمہم اللہ تعالیٰ۔

Marfat.com

لہٰذا جب صحابہ کرام کا یہ معمول ثابت ہو جائے تو یہ ماننا ضروری ہو جائیگا کہ اس کو کفر و شرک قرار دینا ٹھیک نہیں ہے کیونکہ یہ روافض کا طریقہ تو ہو سکتا ہے سُنّی بلکہ اصلی سُنّی کہلانے والوں کا یہ طریقہ نہیں ہو سکتا اور صرف حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما اس میں منفرد بھی نہیں بلکہ دیگر صحابہ کرام اور اکابرین سے بھی اس طرح کی ندار و پکار ثابت ہے اور ظاہر ہے کہ عملِ صحابہ بیان کرنے کے لیے مرفوع حدیث پیش نہیں کی جاسکتی بلکہ ان پر موقوف حدیث ہی ذکر کی جائے گی اور اگر صحابہ کرام کے عمل پر کوئی شخص مرفوع حدیث کا مطالبہ کرتا ہے تو اس کے لیے کسی ہسپتال کی خدمات حاصل کرنی ضروری ہیں اور عمل صحابہ کو قابلِ تقلید نہیں سمجھتا تو اس کا علاج بھی ضروری ہے۔ سرورِ عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے مروی ہے :

اصحابی کالنجوم بایھم اقتدیتم اھتدیتم

(مشکوٰۃ باب الفضائل)

میرے صحابہ ستاروں کی مانند ہیں پس جس کی بھی اقتدار کرو گے ہدایت پا جاؤ گے۔

نیز ان اکابر کے نزدیک اگر موقوف حدیث حجت نہ ہوتی تو مقامِ استدلال میں اس کو کیوں ذکر کرتے اور جب ایسے اکابرینِ ملت اس کو حجت اور دلیل تسلیم کر لیں تو آجکل کے مولویں کو انکار کی جرأت کیسے ہو سکتی ہے؟ اگر ایسے مولوی حضرات کا کہنا مان لیا جائے تو نیا

Marfat.com

دین تیار کرنا پڑے گا اور دینِ سابق کو خیرباد کہنی پڑے گی اور ایسے لوگ تو اجماعِ صحابہ کے بارے میں غیر مقلدین کی طرح انکارِ حجیت کر دیں گے اور اس کو بھی سند اور حجت ماننے سے انکار کر دیں گے کیوں کہ وہ بھی بہرحال صحابہ پر ہی موقوف ہوگا مرفوع حدیث تو نہیں بن سکے گا حالانکہ اس کی حجیت کتاب وسنت سے ثابت ہے جیسے کہ فرداً فرداً ہر صحابی کی اقتداء واتباع کا جواز بھی احادیث سے ثابت ہے۔

گلدستۂ توحید

جواب دوم

یہ حدیث موقوف اور ضعیف ہونے کے علاوہ فریقِ مخالف کو چنداں مفید بھی نہیں کیونکہ اس میں اذکر کا لفظ ہے ادع کا نہیں ہے اور حرف نداء قریب اور بعید دونوں کے لیے مستعمل ہے (شرح مائۃ عامل وغیرہ) اور اشتیاقاً کسی کو حرف 'یا' سے ذکر کرنا جبکہ اس کو حاضر و ناظر اور عالم الغیب اور متصرف فی الامور نہ سمجھے صحیح ہے اور اکثر حضرات صوفیاءِ کرام اور بزرگانِ دین سے اس معنیٰ میں یا رسول اللہ مروی ہے۔

گلشنِ توحید و رسالت

علامہ صاحب نے دوسرا جواب بھی تین شقوں کے ساتھ ذکر کیا ہے۔ اول یہ کہ اس روایت میں اذکر کا لفظ ہے ادع کا نہیں ہے

Marfat.com

دوم : یا کا لفظ قریب وبعید دونوں کے لیے مستقل ہے
سوم : یہ ندا اشتیاق اور محبت کے اظہار کے لیے ہے اور اس میں اختلاف نہیں ہے ۔

جواب دوم کی شق اوّل اس لیے لغو اور باطل ہے کہ ہمارا استدلال حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کے "یا محمدؐ اہ"[1] کے ساتھ پکارنے پر موقوف ہے نہ کہ اس قائل کے اذکر کہنے پر ۔ کیا اگر آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو کوئی شخص اذکر ۔ ادع وغیرہ نہ کہتا تو پھر اس ندا کو ندا ہی نہ سمجھا جاتا اور اس کلام کو کلام ہی نہ سمجھا جاتا اور اس پر کوئی حکم جواز اور عدم جواز والا مترتب نہ ہوتا ، ہمیں انتہائی افسوس اور دلی دُکھ ہے کہ علامہ صاحب نے یہاں پر اپنی علمیت کا سارا بھرم گنوا دیا ہے ، اور طفلانہ حرکت کا مظاہرہ کیا ہے کیا کوئی شخص بقائیِ ہوش وحواس کہہ سکتا ہے کہ

اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ اَيُّهَا النَّبِی میں اور
اَلصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلَيْكَ يَارَسُوْلَ اللّٰه

میں ندا اور پکار نہیں ہے کیونکہ اللہ تعالیٰ نے صَلُّوا عَلَيْهِ وَسَلِّمُوا فرمایا ہے ۔ ادعوا اور نادوا تو نہیں فرمایا ۔ ؎

بسوخت عقل ز حیرت کہ ایں چہ بوالعجبیست

اور اگر علماءِ دیوبند میں سے محقق ترین علماءِ اعلام کا حال یہ ہے تو دُوسروں کا کیا کہنا ۔ ؎

[1] صلی اللہ علیک یا حبیب اللہ ۔

Marfat.com

قیاس کن زگلستان من بہارِ مرا

شق ثانی اس لیے لغو ہے کہ جب یا کا لفظ دونوں کے لیے مستعمل ہے منادیٰ قریب ہو یا بعید تو دونوں طرح ندا اور پکار کا جواز واضح ہوگیا، ورنہ یہ کہنا پڑے گا کہ دونوں طرح پر ندا و پکار درست نہیں قریب سے اس لیے کہ یا کا لفظ بعید کے لیے بھی آتا ہے اور بعید سے اس لیے کہ یا کا لفظ ندائے قریب کے لیے بھی آتا ہے اور

اِذا جاء الاحتمال بطل الاستدلال

لہٰذا دونوں صورتیں ندا کی ناجائز ہوں گی اور یہ خود علامہ صاحب کے لیے بھی ناقابلِ تسلیم ہے تو پھر لازمی طور پر دونوں طرح کی ندا و پکار کو جائز تسلیم کرنا پڑے گا اور

اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ اَيُّهَا النَّبِيُّ کی بحث میں قریب و بعید سے صیغۂ خطاب اور ندا و پکار کے انداز و اسلوب سے اس فرق کی لغویت واضح ہو چکی اور مکہ مکرمہ سے حضرت عمر بن سالم رضی اللہ عنہ کی ندا و پکار اور استغاثہ سے بھی اور یمامہ میں مسیلمہ کذاب کے خلاف جنگ کے دوران صحابہ کرام کی یا محمداہ[1] کی اجتماعی ندا و پکار سے بھی اس کی لغویت واضح ہو جائے گی جیسے کہ عنقریب ذکر کیا جائے گا اور طرسوس کے علاقہ سے مجاہدینِ اسلام کا یا محمداہ[1] کہہ کر استغاثہ کرنا بھی ذکر کیا جائے گا اور دیگر اکابرین کے دُور دراز سے اس طرح استغاثہ کرنے اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے امداد و اعانت فرمانے سے بھی اس

[1] صلی اللہ علیک یا حبیب اللہ

Marfat.com

تفرقہ کی لغویت واضح ہو جائے گی جیسے کہ امام بوصیری رحمہ اللہ تعالٰی کا استغاثہ اور ان کا فائز المرام ہونا اور بارگاہِ نبوت سے سرفراز کیا جانا اس پر شاہد صادق ہے۔ نیز نص قرآنی میں بھی قریب و بعید کا کوئی فرق نہیں اور نورانی و روحانی شخصیات کے لیے قرب و بُعد کا فرق ہوتا ہی نہیں ہے جیسے کہ مفصلاً عرض کیا جا چکا ہے۔

شق سوم کا بطلان اس سے واضح ہے کہ اشتیاق اور محبت سے پکارنے میں اور نبیِ اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بذاتِ خود سُن لینے اور اپنے شایانِ شان امداد و اعانت فرمانے میں کوئی منافات نہیں ہے آپ کا اعلان ہے :

ارٰی ما لا تـرون واسمع ما لا تسمعون (الحدیث)

میں وہ دیکھتا ہوں جو تم نہیں دیکھتے اور وہ کچھ سنتا ہوں جو تم نہیں سنتے ــــ آسمان سے چرچراہٹ کی آواز آتی ہے اور حق بھی ہے کہ اس سے ایسی آواز آئے کیونکہ اس میں ہر چپہ بھر جگہ پر فرشتے اللہ تعالٰی کے حضور سجدہ ریز ہیں۔

یہ روایت ترمذی شریف، ابن ماجہ اور ابونعیم کے حوالہ سے امام سیوطی نے خصائص کبرٰی صـ۹۵ ج اوّل پر حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ سے نقل فرمائی اور اس مضمون کی دوسری روایت حضرت حکیم ابن حزام سے ابونعیم کے حوالہ سے نقل فرمائی ہے اور اکابرینِ ملت نے اس دور دراز سے دیکھنے اور سُننے کی حکمت بیان کرتے ہوئے فرمایا جیسے کہ شفاء شریف اور اسکی شرح

لے رحمہ اللہ۔

Marfat.com

نسیم الریاض وغیرہ میں ہے :

والحاصل ان بواطنھم وقواھم الروحانیة ملکیة ولذا تری مشارق الارض ومغاربھا وتسمع اطیط السماء وتشم رائحة جبرئیل علیہ السلام اذا ارادالنزول الیھم کما شم یعقوب علیہ السلام رائحة یوسف علیہ السلام ۔ (صفحہ ۵۴۵ ج ۲)

اور حاصل کلام یہ ہے کہ انبیاء علیہم السلام کے باطن اور رُوحانی قوتیں ملکی ہیں اور یہی وجہ ہے کہ وُہ زمین کے مشرقی اور مغربی کناروں تک کو دیکھتے ہیں اور آسمان کی چرچراہٹ کو سُنتے ہیں اور جبرئیل علیہ السلام جب ان پر اترنے کا ارادہ کریں تو اس کی خوشبو کو محسوس کر لیتے ہیں۔ جیسے کہ حضرت یعقوب علیہ السلام نے حضرت یُوسف علیہ السلام کی خوشبو کو سُونگھ لیا۔

علماءِ اُمّت کی سوچ اور علماءِ دیوبند کی سوچ کا فرق

عجیبہ : مقامِ حیرت ہے کہ علماءِ اعلام انبیاء علیہم السلام کو بالعموم اور سید الانبیاء علیہ الصلوٰۃ والسلام کو بالخصوص ملائکہ پر قیاس کرتے ہیں اور علماءِ دیوبند آپ کو ہوا اور پہاڑوں اور احیاء کی منازل اور ٹھکانوں پر قیاس کرتے ہیں۔ علماءِ سابقین ان کو کمالاتِ ملکیہ سے متصف مانتے ہیں بلکہ کمالاتِ الٰہیہ کا مظہر جانتے ہیں اور ان کے لیے دُور دراز

Marfat.com

سے دیکھنے سننے کی قوتیں تسلیم کرتے ہیں اور علماءِ دیوبند ان کو پہاڑوں
اور مکانوں وغیرہ کی طرح بے علم اور بے خبر جانتے ہیں۔ علماءِ اعلام اور
اکابرینِ ملت اُمتیوں کو نبیِ اکرم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے قرب اور شعور
اور علم و آگہی پر نظر رکھنے اور غافل و ذاہل نہ ہونے کی تلقین کرتے ہیں
جبکہ علماءِ دیوبند اس نظریہ وعقیدہ پر شرک کے فتوے صادر کرتے ہیں۔

ع ببیں تفاوت را از کجاست تا بکجا

قبل ازیں علامہ حسین احمد مدنی کی زبانی پانچ صورتوں میں ندائے
یارسول اللہ کا جواز ذکر کیا جا چکا ہے جن میں پانچویں وجہ یہ تھی کہ
پکارنے والے کے لیے بعد مسافت اور کثافتِ جسمانی باقی نہ رہے اور
وہ جہاں کہیں بھی ہو براہِ راست اپنے معروضات بارگاہِ رسالت میں
پیش کر سکتا ہو تو اس کے لیے بھی یارسول اللہ پکارنا جائز ہے۔

اے کاش علماءِ دیوبند سید الانبیاء صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم میں اتنی
صلاحیت اور استعداد ہی تسلیم کر لیتے جتنی کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم
کے اُمتیوں میں تسلیم کر سکتے ہیں! ہمیں معلوم نہیں ہو سکا کہ آخر
افضل الخلائق علی الاطلاق اور خلیفۃ اللہ الاعظم فی السبع الطباق کے
ساتھ اس قدر عداوت اور دشمنی کیوں ہے اور ان کے حق میں ایسے
کمالات تسلیم کرنا ان کے لیے ناگوار کیوں ہے جو آپ صلی اللہ علیہ وسلم
کے اُمتیوں میں تسلیم کرتے ہیں، علاوہ ازیں ابلیس جیسے لعین میں بھی
تسلیم کر لیتے ہیں۔

لہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم۔

Marfat.com

اور تم پر میرے آقا ﷺ کی عنایت نہ سہی
تجدید کلمہ پڑھانے کا بھی احسان گیا

حدیث ۴ : حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما کا پاؤں سوگیا تو انہوں نے کہا "یا محمداہ ﷺ" کتاب الاذکار وغیرہ۔

گلدستہ توحید

اس کی سند میں غیاث بن ابراہیم ہے۔ امام احمد فرماتے ہیں، متروک ہے۔ امام یحییٰ کہتے ہیں ثقہ نہ تھا وغیرہ وغیرہ۔

گلشنِ توحید و رسالت

صحتِ متن کا معاملہ الگ ہوتا ہے اور صحتِ سند کا الگ۔ علاّمہ علی قاری رحمہ اللہ موضوعاتِ کبیر میں علاّمہ ابنِ حجر مکّی کے حوالے سے نقل فرماتے ہیں :

المحققون علی ان الصحة والضعف والحسن انما هی من حیث الظاهر فقط مع احتمال کون الصحیح موضوعا و عکسه کذا افاده الشیخ ابن حجر مکی۔ (صفحہ ۶۸)

محققین اس نظریہ وعقیدہ پر ہیں کہ صحت اور حسن وضعف کا حکم فقط ظاہر کے لحاظ سے ہے ورنہ حقیقت میں عین ممکن ہے کہ صحیح موضوع

لہ صلی اللہ علیک یا حبیب اللہ۔

Marfat.com

ہو اور موضوع صحیح ہو اور امام نووی رحمہ اللہ شرح مسلم میں فرماتے ہیں:

فقد تصح الروایات لمتن ویکون الناقلون لبعض اسانیدہ متھمین ۔ (ص۲ ج۱)

یعنی امام مسلم رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے روایات میں صحیح اور سقیم کا ذکر کرنے کے بعد ناقلین کے ثقہ اور متہم ہونے کا جو ذکر کیا ہے تو اس میں حکمت یہ ہے کہ کبھی روایات متن کے اعتبار سے صحیح ہوتی ہیں اور ان کے بعض اسانیدات کے ناقل متہم ہوتے ہیں اور امام سیوطی رحمہ اللہ اللآلی المصنوعۃ فی الاحادیث الموضوعۃ میں فرمایا کہ بعض اوقات محدثین کرام ایک حدیث کی ایک سند کو سامنے رکھ کر اس پر موضوع ہونے کا حکم لگا دیتے ہیں حالانکہ وہی حدیث دوسری سند کے اعتبار سے صحیح اور معروف ہوتی ہے چنانچہ فرماتے ہیں:

واعلم انہ جرت عادۃ الحفاظ کالحاکم و ابن حبان والعقیلی وغیرھم انھم یحکمون علی حدیث بالبطلان من حیثیۃ سند مخصوص لکون راویہ اختلق ذلک اسند لذلک المتن ویکون ذلک المتن معروفا من وجہ اٰخر الی) وکثیرا ما نجدھم یقولون ھذا الحدیث بھذا الاسناد باطل ای وھو بغیرہ لیس بباطل ۔

(صفحہ نمبر ۱۶۱ جلد ۱)

Marfat.com

اور جان لے کہ حاکم، ابن حبان اور عقیلی اور دیگر حفاظ کی عادت اور طریقِ کار یہ کہ وُہ ایک حدیث پر مخصوص سند کے لحاظ سے باطل ہونے کا حکم لگا دیتے ہیں کیونکہ اس کے راوی نے اس متن کے لیے اس سند کو گھڑ لیا ہوتا ہے اور وُہ متن دُوسری وجہ سے معروف ہوتا ہے (آ) ، اور بسا اوقات دیکھو گے کہ وُہ ایک حدیث کے بارے میں کہیں گے یہ حدیث اس اسناد کے ساتھ باطل ہے تو اس کا مطلب یہی ہوتا ہے کہ وہ حدیث دُوسری سند کے لحاظ سے باطل نہیں ہے۔

الغرض کسی ایک راوی اور کسی ایک سند پر ضعیف اور متروک وغیرہ کے حکم سے جملہ اسنادات اور متنِ حدیث کا ضعیف اور متروک ہونا لازم نہیں آتا اور امام بخاری رحمہ اللہ تعالیٰ کی ذکر کردہ سند سے بھی اور تعدد طرق سے بھی اس حدیث کے مضمون اور متن کی قوّت اور حجیت واضح ہو جاتی ہے لہٰذا یہ بحث علّامہ صاحب کے لیے چنداں مفید نہیں ہے۔

نیز ذکر کیا جا چکا ہے کہ اہلِ مدینہ کا معمول بھی یہی تھا لہٰذا یہ تعامل جو کہ اجماع کے حکم میں ہے اس کے متن اور مضمون کی تائید و تقویّت کر رہا ہے اور حضرت صدیقِ اکبر رضی اللہ عنہ کے مسیلمہ کے خلاف بھیجے ہوئے لشکر اور حضرت خالد بن ولید رضی اللہ عنہ کے زیرِ کمان صحابہ کرام پر مشتمل لشکرِ اسلام کا یا محمداہ[1] پکارنا بھی اس مضمون کا مؤید ہے جیسے کہ ابھی ذکر کیا جا رہا ہے لہٰذا متن اور مضمونِ حدیث پر اعتراض غلط ہے۔

[1] صلی اللہ علیک یا حبیب اللہ۔

Marfat.com

حدیث ۵ :

ثم نادی بشعار المسلمین وکان شعارھم یومئذ یا محمداہ ؐ ۔

(البدایۃ والنہایہ عماد الدین بن کثیر صفحہ ۳۲۶ ج ۶)

پھر حضرت خالد بن الولید رضی اللہ عنہ نے اہلِ اسلام کے شعار کیساتھ ندا فرمائی اور ان کا شعار اور علاقائی نشان اس دن یا محمداہ ؐ تھا اور یہ ندا اس وقت فرمائی جب وقتی طور پر اہلِ اسلام کے پاؤں اکھڑے اور مسیلمہ کے لشکری حضرت خالد رضی اللہ عنہ کے خیمہ تک آ پہنچے لیکن اس کے بعد اہلِ اسلام کو ان پر فوقیت اور برتری حاصل ہونے لگی اور بالآخر فتح و نصرت نے ان کے قدم چومے اور مسیلمہ قتل ہو کر واصلِ جہنم ہوا اور اس کا لشکر بھی تباہ و برباد ہو گیا۔

اور امام سیوطی رحمہ اللہ نے علامہ ابن الجوزی کی عیون الحکایات سے اَبُو علی ضریر طرسوسی تک واصل ابن جوزی کی سند سے نقل کیا کہ تین شامی مجاہد بھائی جو کہ بڑے بہادر اور شہسوار تھے ان کو رومیوں نے قید کر لیا اور شاہِ رُوم نے کہا کہ میں تمہیں اپنے ملک سے حصہ بھی دیتا ہوں اور اپنی بیٹیوں کا رشتہ بھی دیتا ہوں تم دینِ اسلام چھوڑ دو اور نصرانی بن جاؤ تو انہوں نے انکار کر دیا اور پکارنے لگے یا محمداہ ؐ تو بادشاہ نے تین دیگیں تیل سے بھروا کر ان کے نیچے آگ جلا کر تیل کو اُبالنے کا حکم دیا انہیں دینِ اسلام سے برگشتہ ہونے اور نصرانیت قبول کر لینے کا حکم دیا اور تین دن تک ان سے یہی مطالبہ کرتا رہا جب وہ

ؐ صلی اللہ علیک یا حبیب اللہ ۔

Marfat.com

انکار پر مصر رہے تو پہلے بڑے بھائی کو ایک دیگ میں پھینک دیا۔ پھر دوسرے کو بعد ازاں تیسرے کو پھینکنے کے لیے قریب لائے تو ارکانِ سلطنت میں سے ایک نے کہا یہ مجھے بخش دو میں اس کو اسلام سے برگشتہ کرنے کی کوشش کرتا ہوں کیوں کہ میری بچی جیسی کوئی عورت حسین نہیں وہ اس کو اپنے دین سے منحرف کرلے گی لیکن چالیس شب و روز کی کوشش کے باوجود اس جوان کو تو نصرانی نہ بنا سکے البتہ وہ لڑکی مسلمان ہوگئی اور دونو سواریوں پر سوار ہوکر بھاگ نکلے دن کو چھپے رہتے اور راتوں کو سفر کرتے اچانک انہیں محسوس ہوا کہ ہمارے پیچھے سوار گھوڑے دوڑاتے ہوئے آرہے ہیں اور ہمارے لیے ان سے فرار ممکن نہیں مگر قریب آنے پر معلوم ہوا کہ یہ تو وہ تیل میں جلائے جانے والے شہید ہیں جو ان گھوڑوں پر سوار ہیں اور ان کے ہمراہ ملائکہ بھی ہیں تو دریافت کیا تم تو شہید ہوچکے تھے تو یہ حالت کیسی ہے جو ہم دیکھ رہے ہیں تو انہوں نے کہا :

ما كانت الا الغطسة التى رءيت حتّٰى خرجنا فى الفردوس وان الله ارسلنا اليك لنشهد تزويجك بهٰذه الفتاة فزوجوها اياها ورجعوا ۔

(شرح الصدور ص ۸۹ – ۹۰)

بس وہ ایک غوطہ ہی تو تھا جو تو نے دیکھا یہاں تک ہم فردوسِ اعلیٰ میں جا نکلے اور اللہ تعالیٰ نے ہمیں تمہاری طرف بھیجا ہے تاکہ ہم اس دوشیزہ کے ساتھ تیرے عقد تزویج میں حاضر ہوں۔

Marfat.com

چنانچہ انہوں نے ان دونوں کا نکاح کیا اور واپس چلے گئے اور یہ دونوں ملک شام پہنچ گئے اور دونوں کا یہ قصہ شام میں معروف و مشہور ہوگیا اور شعراء نے اس کے متعلق اشعار کہے جن میں سے ایک یہ ہے ۔ ؎

سیعطی الصادقین بفضل صدق
نجاۃ فی الحیات وفی الممات

اللہ تعالیٰ عنقریب سچوں کو اپنی سچائی کی فضیلت کے طفیل دنیوی زندگی میں بھی اور موت کے بعد بھی نجات عطا فرمائے گا ۔

الحاصل ثابت ہوگیا کہ مجاہدینِ اسلام صحابہ کرام علیہم الرضوان اور ان کے متبعین بالاحسان کا یہی معمول اور طریقہ تھا اور اس پر ثابت قدم لوگ مشرک اور کافر نہیں تھے بلکہ کفر و شرک مٹانے والے مجاہدین و غازی اور شہداء کرام تھے اور لعند اللہ مقبول و محبوب اور بعد از وفات و شہادت مدبر و متصرف بھی تھے ۔ لہٰذا یہ ندا برحق ہے اور سراسر صواب فللہ الحمد ۔

حدیث ۶ ـ ۷ ۔ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسولِ معظم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا :

جب تم میں سے کوئی جنگل میں سفر کر رہا ہو اور تمہاری سواری کا جانور ہاتھ سے نکل جائے تو اس کو یہ کہنا چاہیے ۔ اے اللہ کے بندو میری مدد کرو ۔

یاعباد اللہ اعینونی ۔

Marfat.com

اور ایک روایت میں ہے :

یاعباد اللہ احبسوا فان للہ فی الارض حاضرًا و

فی روایۃ (عبادًا) سیحبسہ۔

اے اللہ کے بندو روکو کیونکہ اللہ تعالیٰ کے لیے زمین میں حاضر رہنے والے بندے ہیں ۔

اور ایک روایت میں ہے :

کہ اللہ تعالیٰ کے لیے زمین میں بندے ہیں جو اس کو روک لیتے ہیں۔

(مجمع الزوائد صـــ۱۳۲ ج ۱۰ ۔ ابن السنی صـــ۱۶۲ ۔ حصن حصین صـــ۱۶۳ ،

کتاب الاذکار صـــ۲۰۱)

امام نووی رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ :

مجھے ہمارے شیوخ کبار میں سے بعض نے بتلایا کہ ان کی سواری جو کہ غالباً خچر تھی بھاگ نکلی اور وہ یہ حدیث جانتے تھے تو انہوں نے اس طرح کہا یعنی :

یاعباد اللہ احبسوا ، یاعباد اللہ احبسوا ۔

تو اللہ تعالیٰ نے اس کو فوراً ان پر روک دیا۔ فحبسہا اللہ فی الحال اور فرماتے ہیں ایک مرتبہ میں خود ایک جماعت کے ساتھ تھا تو ان کا ایک جانور بھاگ نکلا اور وہ اس کو پکڑنے سے عاجز آگئے تو میں نے یہ کلمات کہے :

فوقفت فی الحال بغیر سبب سوی ھذا الکلام

Marfat.com

تو وُہ جانور فوری طور پر کھڑا ہوگیا صرف اس کلام کے ساتھ کسی دوسرے سبب کے بغیر۔

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے مروی ہے کہ، آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ کے کچھ فرشتے جنگلات میں رہتے ہیں جب تمہیں کوئی رکاوٹ پیدا ہو تو یہ کہا کرو :

اعینونی عباد اللہ ۔

اے اللہ کے بندو میری مدد کرو

(مجمع الزوائد صـ۱۳۲ جلد ۱۰ ۔ وقال رجالہ ثقات)

دُوسری روایت کے متعلق تو علامہ ہیثمی نے خود تصریح کر دی کہ اس کے راوی ثقہ ہیں اور پہلی روایت دو سندوں کے ساتھ مروی ہے۔ دُوسری سند حضرت عتبہ بن غزوان رضی اللہ تعالیٰ عنہ تک پہنچتی ہے، اور وُہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے روایت کرتے ہیں، اور علامہ ہیثمی فرماتے ہیں :

رجالہ وثقوا علیٰ ضعف فی بعضھم ۔

تو اس کی سند کی بھی فی الجملہ توثیق ثابت ہوگئی ورنہ ضعیف ہونے کی صورت میں توثیقِ رجال کا کیا مطلب ؟ اور علیٰ ضعف کہنے کا کیا مطلب ؟

الغرض اس حدیث شریف سے جو مضمون کے اعتبار سے تین صحابہ رضی اللہ عنہم سے مروی ہے اور اس کے مضمون کی توثیق بھی

Marfat.com

ثابت ہوچکی اور علماءِ اعلام اور مشائخ کبار نے اس کو مجرب بھی قرار دیا تو اس سے عباد اللہ کی ندا و پکار کا جواز اور ان کے شایانِ شان استمداد و استعانت کا جواز واضح ہوگیا۔

نیز علامہ علی قاری "الحرز الثمین شرح حصن حصین میں فرماتے ہیں:

هٰذا حدیث حسن یحتاج الیه المسافرون و انه مجرّب۔

یہ حدیث حسن ہے اور اس کی طرف مسافروں کو محتاجی ہے اور یہ مجرب ہے۔

اور عباد اللہ کے متعلق فرمایا کہ:

المراد بهم الملٰٓئکة او المسلمون من الجن او رجال الغیب المسلمون بالابدال۔ (حرزثمین)

یعنی ان عباد سے مراد فرشتے ہیں یا مسلمان جن یا رجالِ غیب جن کو ابدال کہا جاتا ہے۔

گلدستۂ توحید

یہ روایت ایک سند کے ساتھ حضرت عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے مروی ہے جس کی سند میں معروف بن حسان ہے۔ علامہ ہیثمی لکھتے ہیں کہ ضعیف ہے۔ ابن عدی کہتے ہیں منکر الحدیث ہے اور ابو حاتم کہتے ہیں مجہول ہے۔ دوسری سند حضرت عتبہ بن غزوان تک پہنچتی ہے

Marfat.com

جو کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے روایت کرتے ہیں لیکن اس سند میں حسب تصریح علامہ ہیثمی علی ضعف فی بعضہم بعض راوی ضعیف اور کمزور ہیں۔ اور دُوسری خرابی یہ ہے کہ یزید بن علی راوی کی حضرت عتبہ سے ملاقات ثابت نہیں ہے اور نہ اس نے ان کو دیکھا اور نہ ان کا زمانہ پایا لہٰذا یہ روایت حضرات محدثین کی اصطلاح میں منقطع ہے جو ضعیف ہوتی ہے۔

جواب دوم : اگر ضعیف ہونے کے ساتھ اس حدیث کے الفاظ پر طائرانہ نگاہ بھی ڈالی جائے تو معاملہ صاف ہو جاتا ہے کیونکہ اس حدیث میں یہ لفظ بھی ہیں کہ وہاں اللہ تعالیٰ کے کچھ بندے حاضر ہوتے ہیں (تا) تو اس روایت سے مافوق الاسباب مدد طلب کرنا ثابت نہ ہُوا بلکہ وہاں جو فرشتے موجود ہوتے ہیں ان سے مدد طلب کی گئی ہے۔

گلشن توحید و رسالت

جب یہ روایت تین صحابیوں سے اور متعدد سندوں سے مروی ہے اور ان میں سے بعض اسنادات کے رجال ثقہ ہیں تو نفس مضمون کی توثیق کے بعد چوں وچرا کی گنجائش ختم ہو گئی اور کسی حدیث کی متن کے لحاظ سے صحت و قوت اس کی تمام تر اسنادات اور تمام تر راویوں کی توثیق پر مبنی نہیں ہوتی بلکہ تعدد طرق سے اس کا ضعف دُور ہو جاتا ہے جبکہ ہر سند ضعیف ہی کیوں نہ ہو چہ جائیکہ جب بعض صحیح اور قابلِ وثوق

Marfat.com

ہوں اور اکابرین اس حدیث کے حسن ہونے کی تصریح بھی کریں۔

بددیانتی کا مظاہرہ

علامہ سرفراز صاحب نے علامہ ہیثمی کی عبارت میں قطع و برید کر کے علمی خیانت کا بدترین مظاہرہ کیا ہے انہوں نے کہا:

رجاله وثقوا على ضعف في بعضهم

مگر علامہ صاحب نے اپنے مطلب کے مخالف الفاظ پر قینچی چلا دی، یعنی رجاله وثقوا کو کاٹ دیا اور علی ضعف کا ترجمہ راوی ضعیف اور کمزور ہیں کر دیا اگر یہ ترجمہ صحیح ہے تو توثیق رجال کا مطلب کیا ہوا۔ معلوم ہوا کہ راویوں کا وہ ضعف اس روایت میں ضعف کا موجب نہیں تھا اور نہ ان کو ناقابلِ اعتماد بناتا تھا اس لیے توثیق کر دی اور جب رجال کی توثیق ثابت ہو گئی تو انقطاع مضر نہیں رہے گا اور یہ روایت موقوفِ صحابی ہوتی تو بھی حجت ہوتی چہ جائیکہ اس کو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کیا گیا ہے۔

علامہ علی قاری فرماتے ہیں:

فمن المعلوم ان موقوف الصحابة حجة عندنا وكذا الحديث المنقطع اذا صح سنده۔ (موضوعات ۳۹)۔

یہ بات معلوم و یقینی ہے کہ صحابہ کی موقوف روایت اور حدیث بھی ہمارے نزدیک حجت ہے اور ایسے ہی منقطع حدیث بھی جب کہ

Marfat.com

اس کی سند صحیح ہو۔

نیز راویوں کے متعلق سب ائمہ جرح و تعدیل کا اتفاق تو تقریباً ناممکن سا امر ہے شاید چند ہی خوش نصیب ایسے راوی ہوں کہ ان کو سبھی ائمہ موثوق اور قابلِ اعتماد قرار دیں ورنہ کوئی ایک کو دجال کہتا ہے تو دُوسرا اس کی توثیق کر دیتا ہے اور کسی کو ایک صاحب ضعیف اور ناقابل اعتبار ٹھہراتے ہیں تو دُوسرے اس کو قوی اور معتمد علیہ قرار دیتے ہیں لہٰذا کسی بھی راوی کو ایک دو شخصیات کے قول سے مجروح قرار دے کر اس کی روایت کو ناقابلِ استدلال قرار دے ڈالنا بھی کوئی اچھی سوچ کا مظاہرہ نہیں ہے اور آجکل کے محققین نے کچھ ایسے ہی نئے لطائف بنا ڈالے ہیں ایک روایت اپنے مسلک کے خلاف ہوئی تو اس میں کیڑے نکالنے کے لیے جن حضرات نے کسی راوی کی تضعیف کی اس کا قول نقل کر کے اس روایت کو ناقابلِ اعتبار بنا ڈالا اور جب کوئی روایت اپنے مدعا کے موافق ہوئی تو اسی راوی کے متعلق جن حضرات نے توثیق کی ہوتی ہے وہاں ان کے اقوال نقل کر کے اس روایت اور حدیث کو صحیح اور قوی السند اور حجت ثابت کر دیا جاتا ہے اور خود علامہ سرفراز نے اسی کرتب کا مظاہرہ کئی جگہ کیا ہے کبھی غیر مقلدین کی پیش کردہ روایات میں اور کبھی اپنے حسینی المشرب پیر بھائیوں یعنی نیلوی اور عنایتی گروپ کے پیش کردہ روایات میں جیسے کہ ان کی کتب کے مطالعہ سے ظاہر ہے مثلاً حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے مروی قول

Marfat.com

یا محمدؐ[1] کی تضعیف کے لیے کہا کہ اس کی تیسری سند میں زہیر عن ابی اسحٰق ہے اور محدثین نے تصریح کی ہے کہ زہیر کی ابُو اسحاق سے جو روایت بھی ہو ضعیف ہوگی۔ (گلدستۂ توحید صـ۱۴۱)

لیکن اسی زہیر کی ابُو اسحاق سے روایت کو ازالۃ الریب صـ۲۶۷ پر ذہبی اور حاکم کے حوالے سے صحیح قرار دے دیا۔

لہٰذا بہتر صُورت یہی ہے کہ علماءِ اعلام اور محدثینِ عظام یا مجتہدینِ کرام اور سلف صالحین کے کسی روایت پر اعتماد اور اس سے استدلال و استشہاد کے بعد یا معنوی طور پر کتاب و سنّت سے تائید و تصدیق کے بعد یا تعدد طرق کے ثبوت کے بعد ایسی جرح و قدح سے گریز کیا جائے یا کم از کم کچھ حضرات اپنے اسلاف کی تحقیق سے مطمئن ہیں اور ان پر اعتماد کرتے ہوئے ان روایات کے مطابق عقیدہ و عمل اپنا لیں تو انہیں معذور سمجھنا چاہیے اور اپنی نئی تحقیقات کے ماننے پر ان کو مجبور نہیں کرنا چاہیے اور نہ ان کو اپنے تکفیری فتووں کا نشانہ بنانا چاہیے۔

علامہ سرفراز کا جواب دوم

طائرانہ نظر سے معلوم ہوجاتا ہے کہ جنگلات اور ویرانوں میں خدائے تعالیٰ کے کچھ بندے حاضر ہوتے ہیں اور حضرت عبداللہ بن عباسؓ[2] کی روایت کے مطابق وُہ فرشتے ہوتے ہیں اور رسُول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جب تمہیں کوئی رکاوٹ پیش ہو تو یہ کہا کرو "اللہ کے بندو

[1] صلی اللہ علیک یا حبیب اللہ ۔ [2] رضی اللہ عنہ

Marfat.com

مدد کرو۔ تو اس کا مطلب یہ ہُوا کہ ملائکہ سے مدد طلب کرنا درست ہے اور اللہ تعالیٰ نے ان کو اسی کام پر مامور کیا ہُوا ہوتا ہے ـــــ اور قولِ باری تعالیٰ فالمدبرات امرًا کے تحت متعدد اکابرین کے حوالے سے عرض کیا جا چکا ہے کہ کاملین اولیار کرام بھی اس ملار اعلیٰ میں شامل ہو کر کارکنانِ قضاو قدر بن جاتے ہیں لہٰذا ملائکہ ان میں استمداد و استعانت کے جواز اور عدم جواز کے لحاظ سے فرق کرنا قطعاً درست نہیں ہے جبکہ ملائکہ بھی غیر اللہ ہی ہوتے ہیں جیسے کہ اولیار کرام اور انبیار کرام علیہم السلام ، اور اللہ تعالیٰ بھی حاضر و ناظر اور علیٰ کُلِّ شیٍ قدیر لیکن پھر بھی ملائکہ مدبرین سے استمداد جائز ہے تو ان مقبولانِ بارگاہ سے بھی استمداد جائز اور درست ہو گی۔ وُہ کون سا دین و مذہب ہے جس میں رسل و انبیار علیہم السلام اور اولیار کرام علیہم الرضوان تو غیراللہ ہیں مگر ملائکہ غیر اللہ نہیں ؟

رہا فوق الاسباب اور تحت الاسباب کا فرق تو اس کی لغویت قبل ازیں واضح کی جا چکی ہے جب ظاہری اسباب کے تحت وُہ لوگ اپنے جانور کو قابو کرنے میں ناکام رہیں تو ظاہری اسباب کے بغیر اس کا روک دیا جانا فوق الاسباب العادیہ امداد ہی ہے۔ نیز جنگل اور ویرانہ کے لیے پتہ نہیں علامہ صاحب نے کیا حد بندی کر رکھی ہے کہ اس کے ہر گوشہ اور ہر حصّہ پر اس حادثہ سے دوچار ہونے والے ان رجالِ غیب کے قریب ہی ہوں گے اور بعد مسافت کا شائبہ بھی وہاں

Marfat.com

پر نہیں ہو سکے گا ہر جگہ سے ندا و پکار قریب سے ہی ندا و پکار بھی جائے گی۔ یہ سراسر ضد اور ہٹ دھرمی کا مظاہرہ ہے اور اس کا کوئی علاج نہیں ہو سکتا اور قبل ازیں متعدد بار اور متعدد حوالہ جات سے ثابت کیا جا چکا ہے کہ نُورانی اور رُوحانی شخصیات کے لیے دُوری اور نزدیکی اور قرب و بُعد کا امتیاز مٹ جاتا ہے۔ علامہ ابنِ حجر ہیتمی کی فتاویٰ حدیثیہ میں نبیِ کرم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم کی بیداری میں زیارت کے جواز اور درستی پر بحث کرتے ہوئے فرماتے ہیں:

ثم رءیت ابن العربی صرح بما ذکرنا من انه لا یمتنع رؤیة ذات النبی صلّی اللہ علیه وسلّم بروحه وجسده لانه وسائر الانبیاء احیاء ردت الیهم ارواحهم بعد ما قبضوا و اذن لهم فی الخروج من قبورهم والتصرف فی الملکوت العلوی والسفلی ولا مانع من ان یراه کثیرون فی وقت واحد لانه کالشمس واذا کان القطب یملأ الکون کما قال التاج ابن عطاء اللہ فما بالك بالنبی صلّی اللہ علیه وسلّم

(فتاویٰ حدیثیہ ص۲۵۶)

پھر میں نے ابن العربی کو دیکھا کہ انہوں نے بھی اس کی تصریح کی ہے جو ہم نے ذکر کیا کہ نبی صلّی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم کی ذاتِ اقدس

Marfat.com

کا دیدار رُوح اور جسم سمیت ممتنع نہیں ہے کیونکہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم اور تمام انبیاء کرام علیہم السلام زندہ ہیں ان کی رُوحیں قبض کرنے کے بعد پھر ان کی طرف لوٹا دی گئی ہیں اور انہیں قبروں سے باہر آنے اور عالم بالا اور عالم اسفل میں تصرف کرنے کی اجازت دی گئی ہے اور اس میں کوئی امر مانع نہیں ہے کہ بہت سے لوگ آپ کا ایک ہی وقت میں مشاہدہ کریں کیونکہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سورج کی مانند ہیں اور جب قطب پُورے جہان کو بھر سکتا ہے جیسے کہ تاج ابنِ عطار اللہ نے فرمایا ہے تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا کیا مرتبہ و مقام ہوگا یعنی یقیناً آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا مقام انتہائی ارفع و اعلیٰ ہوگا۔

الغرض تمام جہان کی مسافتیں محبوبانِ خداوند تعالیٰ کے سامنے سمٹ سکڑ جاتی ہیں اور کوئی دُوری اور مسافت ان کو دیکھنے، سُننے اور دستِ تعاون دراز کرنے میں مانع نہیں ہوسکتی اور وُہ ملائکہ کے احکام کے ہی حامل ہوتے ہیں اور انہیں جیسے نُورانی وجود اور نورانی قوائے لطیفہ کے مالک ہوتے ہیں لہٰذا یہ فرق کرنا سراسر دھاندلی اور سینہ زوری ہے نیز ظاہر ہے کہ جتنی ہمجنس کو اپنے ہمجنس سے محبت ہوسکتی ہے اتنی دُوسروں کو نہیں ہوسکتی۔ تو جب اولیاء کرام کا ملاءِ اعلیٰ میں شامل ہونا بھی ثابت ہے اور ان میں زیادہ ہمدردی اور خیر خواہی بھی موجود ہے تو ان کی امداد و اعانت کے انکار کی کوئی وجہ نہیں ہوسکتی۔

Marfat.com

حدیث ۸ : حضرت سیدنا عمر رضی اللہ عنہ کے کمانڈر حضرت ساریہؓ نہاوند کے مقام پر مدینہ منورہ سے تقریباً پندرہ سو میل دور دشمنوں کے گھیرے میں آرہے تھے تو آپ نے دورانِ خطبہ پکار کر کہا :

یاساریة الجبل الجبل ۔

اور انہوں نے اس ندار و پکار کو سن لیا اور پہاڑ کی اوٹ میں ہوگئے اور دشمن کے گھیرے میں آنے سے بچ گئے اور فتح یاب ہوگئے ۔

امام سیوطی فرماتے ہیں :

اخرجه البیهقی فی دلائل النبوة وغیره والف القطب الحلبی جزءً فی صحته. الدرر المنتشرة فی الاحادیث المشتهرة علیٰ حاشیة الفتاوی الحدیثیة ۔ (ص۲۷۳)

امام بیہقی نے اس کو دلائل النبوۃ میں ذکر کیا ہے اور دیگر حضرات نے بھی اور قطبِ حلبی نے اس کی صحت ثابت کرنے کے لیے ایک جز تالیف کیا ہے۔

اور خصائصِ کبریٰ میں نبیِ اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے وصال شریف کے بعد آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی اُمت میں غزوات وغیرہ میں ظاہر ہونے والی آیات اور خوارق عادات کے تحت اس کو ابنِ سعد کے حوالے سے حضرت نافع مولیٰ ابن عمر اور زید بن اسلم رضی اللہ عنہم سے نقل کیا ہے اور علامہ ابن حجر عسقلانی نے الاصابہ میں حضرت ساریہ رضی اللہ عنہ کے احوال میں اس کو ذکر فرمایا اور بتلایا کہ اس واقعہ کو واقدی اور

لہ رضی اللہ عنہ ۔

Marfat.com

سیف بن عمر نے نقل کیا :

واخرجها البیهقی فی الدلائل واللالکائی فی شرح السنة والزین عاقولی فی فوائده وابن الاعرابی فی کرامات الاولیاء من طریق ابن وهب عن یحیٰ بن ایوب عن ابن عجلان عن نافع عن ابن عمر (الٰی) وهو اسناد حسن وروی ابن مردویه من طریق میمون بن مهران عن ابن عمر۔

(ص۲-۳ ج ۲)

یعنی امام بیہقی نے دلائل النبوۃ میں اور لالکائی نے شرح السنۃ میں اور زین عاقولی نے اپنے فوائد میں اور ابن الاعرابی نے کرامات الاولیاء میں ابن وہب، یحییٰ بن ایوب، ابن عجلان نافع کے واسطہ سے حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت کی ہے اور یہ اسناد حسن ہے اور ابن مردویہ نے بھی اس کو میمون بن مہران کے واسطہ سے حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے نقل کیا ہے۔

الغرض حافظ ابن حجر اور قطب حلبی نے اس روایت کی تحسین اور تصحیح فرمائی ہے اور قطب حلبی نے تو اس کی تصحیح کے لیے رسالہ تالیف فرمایا اور دیگر اکابر نے بھی اس کو اپنی سندوں کے ساتھ روایت کیا اور اپنی کتب میں نقل کیا اس کے بعد اس میں شک وشبہ کی گنجائش ختم ہو جاتی ہے اور اس کی تضعیف وغیرہ کی سعی لاحاصل اور بے فائدہ ہو کر

Marfat.com

رہ جاتی ہے۔

علامہ ابن الجوزی الوفار صفحہ ۳۵۲ پر فرماتے ہیں :

لقد فاضت اشعة معجزاته علیٰ اصحابه فکتب عمر الیٰ نیل مصر ونادیٰ ساریة فاسمعه ۔

یعنی آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے آفتابِ معجزات کی شعاعیں آپ کے صحابہ کرام علیہم الرضوان پر منعکس ہوئیں اور وہ بھی اربابِ کرامات بن گئے حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نیل مصر کو خط لکھ کر جاری کر دیا اور ساریہ کو ندا دی اور سُنوا کر کُفار کے نرغہ سے نکال کر فتح سے مشرف فرما دیا۔

نیز علامہ عبدالعزیز پرہاروی علیہ الرحمہ کی تحقیق کے مطابق پانچ سو فرسخ (پندرہ سو میل) سے بھی زائد فاصلہ سے حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے حضرت ساریہ رضی اللہ عنہ اور لشکرِ اسلام کی امداد فرمائی اور جب اتنی طویل مسافت سے کسی کا امداد دینا صحیح ہے تو ان سے امداد لینا بھی درست اور صحیح ہے کیونکہ جو امداد و اعانت اللہ تعالیٰ کے شایانِ شان ہے وُہ اور ہے اور جو مقبولانِ بارگاہ کے لائق ہے وُہ اور ہے اور امداد کے طالب کا اپنے معاون و مددگار کا مشاہدہ کرنا ضروری نہیں بلکہ صرف مغیث اور فریادرس کا مطلع ہونا ضروری ہے اور اولیار کرام اور انبیار کرام اور مقبولانِ بارگاہ کا انوارِ الٰہیہ کے ساتھ منوّر ہونے کے بعد قریب و بعید سے سُن سکنا اور دیکھ سکنا قبل ازیں واضح کیا جا چکا ہے۔

Marfat.com

گلدستۂ توحید

جواب اوّل

یہ روایت بیہقی، ابُونعیم اور خطیب نے اپنی کتابوں میں لکھی ہے
(سیرت المحمدیہ ص۴۷۵)

ابُونعیم اور خطیب کی کتابیں طبقہ رابعہ سے ہیں اور ہم طبقہ رابعہ کے بارے میں حضرات محدثین کا نظریہ پہلے بیان کر چکے ہیں اور امام بیہقی کی کتابیں طبقہ ثالثہ سے ہیں اور اس طبقہ کا حکم یہ ہے :

اکثر آں احادیث معمول بہ نزد فقہا نہ شدہ اند بلکہ اجماع برخلاف آنہا منعقد گشتہ ۔

لہٰذا قرآنِ کریم کی سابقہ آیات کے مقابلہ اور عقیدہ میں اس کو پیش نہیں کیا جا سکتا ۔ اگرچہ یہ حدیث صحیح بھی ہو اور ظن غالب بھی یہی ہے کہ یہ سنداً صحیح ہے مگر بحث بابِ عقائد کی ہے ۔

گلشنِ توحید و رسالت

ا۔ جب اس روایت کا از روئے سند صحیح ہونا تسلیم شدہ امر ہے تو طبقات کا شمار اور ان کے حکم کا بیان بے فائدہ اور طوالت کے سوا کچھ نہیں ہے دار و مدار روایت کے متن کے اعتبار سے صحت اور قوت پر ہوتا ہے یا اس کی سند کی صحت و قوت پر لہٰذا اگر طبقہ اولیٰ

Marfat.com

روایت اس معیار پر پُوری نہ اُترے تو قابلِ استدلال اور لائقِ استعداد
ں اور بعد والے طبقات کی روایت اس معیار پر پُوری اُترے تو وُہ
ی حجت اور سند ہے لہٰذا یہ ابتدائی کلام لاحاصل اور بے فائدہ ہوئی۔
۔ نیز یہ کہنا کہ قرآنِ مجید کی سابقہ آیات کے مقابلہ میں اس کو پیش
یں کیا جا سکتا یہ بھی لغو بات ہے کیونکہ ان آیاتِ کریمہ کو اپنے عمُوم
طلاق پر رکھو تو قریب و بعید اور زندہ و فوت شدہ اور تحت الاسباب
ر فوق الاسباب کا فرق لغو ہو کر رہ جاتا ہے اور اگر اپنے عقل و
اس اور اجتہاد سے ان کو مقید اور مخصوص ٹھہراؤ تو وُہ فرمانِ
سُول صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم :

من قال فی القرآن برایہ فلیتبوا مقعدہ من النّار۔

کے مطابق دوزخی ہونے کا موجب ہے۔ نیز اس صُورت میں وُہ آیات
ؤول ہوگئیں اور مخصوص البعض ٹھہریں لہٰذا ان کی قطعیت ختم ہو گئی،
اور آیات و احادیث اور روایات و آثار تو درکنار قیاس کے ساتھ
بھی ان کی مزید تخصیص و تقیید جائز ہوگئی تو صحیح السند روایات و
احادیث کے ساتھ بلکہ آیات کے ساتھ بطریقِ اولیٰ تخصیص و تقیید جائز
ہوگی لہٰذا یہ دعوٰی بھی نرا دعوٰی ہے اور حقیقت و حقانیت سے اس
کا کوئی تعلّق نہیں ہے۔

۳- علاوہ ازیں عقائد کے باب میں ان کو حجت نہ ماننا بھی غلط ہے
کیونکہ تصریحِ اکابر کے مطابق عقائد قطعی بھی ہیں اور ظنی بھی اور ظنی

Marfat.com

عقائد کو ظنی دلائل سے ہی ثابت کیا جائے گا۔ اگر دلائل قطعی ہوں گے تو مدلول بھی قطعی ہوگا پھر اس کے ظنی ہونے کا تصور کیسے ہو سکتا ہے؟

۴۔ علاوہ ازیں اربابِ علم و دانش پر یہ حقیقت مخفی نہیں ہے کہ کل افرادی اور کل مجموعی کے احکام جُدا جُدا بھی ہوتے ہیں۔ ایک ایک شخص کی خبر موجبِ ظن ہوتی ہے اور تواتر کی صورت میں مجموعی اشخاص کی خبر موجبِ یقین ہو جاتی ہے لہٰذا ان تمام آیات اور احادیث وآثار کو سامنے رکھ کر فیصلہ دینا چاہیے جو اہل السنّت پیش کرتے ہیں نہ کہ ہر ایک کو الگ الگ رکھ کر لہٰذا علم وتحقیق کی دُنیا میں جوابی کارروائی کا یہ طریقہ بھی فریب کاری اور دھوکہ دہی کا بدترین نمونہ ہے ورنہ متواتر معنوی کی حجیّت بلکہ متواتر لفظی کی حجیّت کا بھی انکار کر دینا چاہیے کیونکہ جب ہر واحد واحد کی خبر موجبِ یقین نہیں تو پھر کل مجموعی کی خبر بھی موجبِ یقین نہیں ہونی چاہیے حالانکہ یہ قول اور دعویٰ کسی بھی اہلِ علم اور دیانتدار کے نزدیک درست نہیں ہو سکتا۔

گلدستۂ توحید

جواب دوم

اس سے فریقِ مخالف کا استدلال صحیح نہیں ہے کیونکہ اللہ تعالیٰ نے بطورِ کرامت حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے سامنے نہاوند کا معرکہ پیش کر دیا تھا اور انہوں نے آواز دی تو اللہ تعالیٰ نے وُہ آواز

Marfat.com

وہاں پہنچا دی۔ آج بھی اگر کسی غائب کو کسی کی ناگفتہ بہ حالت کا کشف وغیرہ سے علم ہو جائے اور وہ آواز کرے تو اس کی آواز سن کر اگر کوئی اپنے بچاؤ کا از خود انتظام کرے تو صحیح ہے۔

علاوہ ازیں حضرت عمرؓ بھی زندہ تھے اور حضرت ساریہ بھی۔ اسلئے اس سے زندہ کا غائب مُردہ سے استعانت کرنا قیاس مع الفارق ہے۔ پھر حضرت ساریہ کو آواز سُننے سے قبل یہ وہم بھی نہیں ہُوا ہوگا کہ میں نے حضرت عمرؓ سے استعانت کرنی ہے۔ اور یہ بھی نہ بھُولیے اگر حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو ماکان اور مایکون کا علم ہوتا اور آپ کو اللہ تعالےٰ کی طرف سے اختیارات دیئے گئے ہوتے تو ابو لولوٗ مجوسی سے اپنی جان اور دیگر حضرات صحابہ کرام کی جان بھی کیوں نہ بچا لیتے۔ (۱۴۷)

گلشنِ توحید و رسالت

۱۔ علامہ صاحب نے اس جواب میں اس واقعہ کو کرامت قرار دیا اور ان کے زعم میں کرامات اتفاقی امور ہوتے ہیں لہٰذا ان سے استدلال درست نہیں جبکہ اس کی لغویت قبل ازیں واضح کی جا چکی ہے اور یہ ثابت کیا جا چکا ہے کہ معجزات اور کرامات اختیاری بھی ہوتے ہیں بلکہ معجزہ و کرامت کا دار و مدار رُوح کی تطہیر اور تنویر پر ہوتا ہے اور اس کے بدوہ مقدس ہستیاں ملائکہ کی طرح مدبرات امور میں سے ہو جاتی ہیں

۲۔ علامہ صاحب فرماتے ہیں کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ بھی زندہ

Marfat.com

تھے اور حضرت ساریہ بھی زندہ تھے لہٰذا اس سے زندہ کا غائب مُردہ
استعانت کرنا قیاس مع الفارق ہے حالانکہ کسی آیت اور حدیث سے
یہ فرق ثابت نہیں ؛ کیا زندہ کو خدائی صفات میں شریک ماننا جائز
صرف فوت شدہ کو شریک ماننا جائز نہیں ہے اور زندہ کی عبادت جائز
ہے صرف فوت شدہ کی جائز نہیں ہے

اِیَّاکَ نَعۡبُدُ وَاِیَّاکَ نَسۡتَعِیۡنُ

میں عبادت اور استعانت کا اختصاص اللّٰہ تعالیٰ کے ساتھ کیا گیا ہے
اس میں زندہ و مُردہ اور قریب و بعید اور فوق الاسباب اور تحت الاسباب
کا فرق کرنا اپنے قیاس سے نصِ قرآنی کے عموم و اطلاق کو مقید و مخصوص
ٹھہرانے کے مترادف ہے جو سراسر لغو اور باطل ہے۔

نیز حقیقی معاون و مددگار اور فاعل و متصرف تو اللّٰہ تعالیٰ ہے
ظاہری طور پر بطور سببیت مغیث و معین اور ممد و معاون رُوح و نفس
ہوتا ہے اور رُوح دائم و باقی ہوتا ہے اس پر موت وارد ہی نہیں
ہوتی موت صرف بدن پر طاری ہوتی ہے بلکہ قبل ازیں تصریحات گزر
چکی ہیں کہ زندہ کی رُوح کے لیے بدن کچھ نہ کچھ حجاب اور رکاوٹ
رہتا ہے لیکن فوت ہونے کے بعد وُہ کمل طور پر آزاد ہو جاتا ہے اور
اس کی تمام رکاوٹیں دُور ہو جاتی ہیں لہٰذا وُہ ملاء اعلیٰ میں شامل ہو کر
مدبرات امر اور کارکنان قضاء قدر سے دُور ہو جاتا ہے لہٰذا یہ جواب
سراسر دھوکہ دہی اور فریب کاری پر مبنی ہے اور رُوح اور رُوحا

Marfat.com

شخصیات کے مقام و مرتبہ سے غفلت پر مبنی ہے۔

۴۔ علامہ صاحب فرماتے ہیں کہ ساریہ کو آواز سُننے سے قبل یہ وہم بھی نہیں ہوا ہوگا کہ میں نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے استعانت کرنی ہے لیکن اس سے یہ کب لازم آیا کہ اس کے بعد بھی ان کو یہ وہم بلکہ اعتقاد پیدا نہ ہوا ہو۔ حقیقتِ حال اور واقعی مرتبہ و مقام معلوم نہ ہونے کا حکم جُدا ہے اور مرتبہ و مقام اور حقیقتِ حال اور صورتِ واقعیہ کا علم ہونے کے بعد کا حکم جُدا ہے۔

وہی نوجوان اور نوخیز جو حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی زبان مُبارک سے یاساریۃ الجبل الجبل سُن کر ان پر زبانِ طعن وتشنیع دراز کرنے لگے تھے جب حقیقتِ حال پر مطلع ہوئے تو آپ کی عظمتِ خداداد کے گن گانے لگے اور کہنے لگے:

دعوا هٰذا الرجل فانه مصنوع له۔

(حاشیہ نبراس ص۴۸۱)

انہیں انکے حال پر چھوڑو یہ ایسے ہی کمالات اور امتیازات کے لیے تیار کیے گئے ہیں لہٰذا حضرت ساریہ رضی اللہ عنہ کو پہلے یہ وہم پیدا نہ ہُوا ہو تو مقامِ تعجب اور محلِ حیرت نہیں۔ تعجب اور حیرت تو ان مولویوں پر ہے جو ان حقائق کے جاننے اور ماننے کے بعد بھی انکار پر مُصر ہیں اور دُوسروں پر شرک کے فتوے بھی لگائے جا رہے ہیں اور ان کاملین کو مجبوُر و معذور اور لاچار و بے بس بھی ثابت کیے جا رہے ہیں۔

Marfat.com

۴۔ علامہ صاحب نے آخری حربہ کے طور پر ابولولو کے ہاتھوں حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی شہادت کو آپ کے علم اور اختیارات کی نفی پر بطور دلیل پیش کیا اور اس روایت کے معارضہ میں پیش کر دیا۔ حالانکہ ان سے یہ حقیقت مخفی نہیں ہو سکتی کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے خود اللہ تعالیٰ سے شہادت کا بھی اور شہرِ رسول صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم میں وفات کا بار بار سوال کیا اور حج سے فارغ ہونے پر عرض کیا میرا ملک وسیع ہو گیا ہے اور بدن نحیف و ضعیف ہو گیا ہے لہٰذا مجھے اپنی بارگاہ میں بلا لے بغیر کسی کمزوری اور کوتاہی میں مبتلا کیے۔

چنانچہ آپ کی دعا قبول ہوئی اور اسی سفر سے واپسی پر اسی مہینہ کے آخری ایام میں آپ کو شدید زخمی کر دیا گیا اور آپ کو شہادت نصیب ہو گئی اور آپ کی دلی تمنا اور قلبی آرزو پوری ہو گئی۔

لہٰذا جس چیز کے حضرت عمر رضی اللہ عنہ خود طلبگار تھے اس کو آپ کی لاعلمی اور مجبوری و معذوری کی دلیل بنانا کیونکر صحیح ہو سکتا ہے اور اگر علامہ صاحب کو ہماری یہ گزارش سمجھ نہیں آتی اور اپنے اس زعم باطل پر مُصر ہیں تو ذرا آنکھیں کھول کر اور عقل و خرد اور حواس کو مجتمع کر کے میدانِ بدر میں موجود اہل ایمان کے امدادی ملائکہ کی طرف بھی دیکھیں۔

اِذْ تَسْتَغِيْثُوْنَ رَبَّكُمْ فَاسْتَجَابَ لَكُمْ اَنِّيْ
مُمِدُّكُمْ بِاَلْفٍ مِّنَ الْمَلٰٓئِكَةِ مُرْدِفِيْنَ۝

(سورۃ الانفال آیت ۹)

Marfat.com

اور دوسری آیت کریمہ میں ہے :

اِذْ تَقُوْلُ لِلْمُؤْمِنِیْنَ اَلَنْ یَّکْفِیَکُمْ اَنْ یُّمِدَّکُمْ رَبُّکُمْ بِثَلٰثَةِ اٰلٰفٍ مِّنَ الْمَلٰٓئِکَةِ مُنْزَلِیْنَ○ بَلٰٓی اِنْ تَصْبِرُوْا وَ تَتَّقُوْا وَ یَاْتُوْکُمْ مِّنْ فَوْرِهِمْ هٰذَا یُمْدِدْکُمْ رَبُّکُمْ بِخَمْسَةِ اٰلٰفٍ مِّنَ الْمَلٰٓئِکَةِ مُسَوِّمِیْنَ○

(سورہ آل عمران آیت ۱۲۴)

کہ ایک ہزار پھر تین ہزار پھر پانچ ہزار فرشتے امداد و اعانت کیلئے موجود بلکہ خود اللہ تبارک و تعالیٰ بھی ان کے ساتھ امداد و اعانت کیلئے موجود اور حاضر و ناظر۔

کما قال تعالیٰ :

اِذْ یُوْحِیْ رَبُّکَ اِلَی الْمَلٰٓئِکَةِ اَنِّیْ مَعَکُمْ فَثَبِّتُوا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا (سورہ انفال آیت ۱۲)

یاد کرو اس وقت کو جب اللہ تعالیٰ نے ملائکہ کی طرف وحی فرمائی کہ میں بھی تمہارے ساتھ ہوں لہٰذا اہل ایمان کی ڈھارس بندھاؤ۔

گر بایں ہمہ چودہ صحابی اس جنگ بدر میں بھی جام شہادت نوش کر گئے۔ کیا یہ سب کچھ اللہ تعالیٰ اور ملائکہ کی لاعلمی میں ہوگیا یا انکے دفاع پر ملائکہ اور خود اللہ تعالیٰ قادر نہیں تھے، نعوذ باللہ بلکہ کافر زیادہ زور آور اور قوی و طاقتور تھے؟ اگر وہاں مصلحت اور حکمت کارفرما تھی

Marfat.com

اور یقیناً ایسا ہی تھا تو یہاں پر کیونکر کسی حکمت اور مصلحت کا تصور نہیں کیا جا سکتا؟ ؎

کار پاکاں را قیاس از خود مگیر

گلدستہ توحید

جواب سوم

اس روایت سے مدد دینے والے کا غائبانہ پکارنا ثابت ہوگا نہ کہ مدد طلب کرنے والے کا پکارنا اور دونوں میں بڑا فرق ہے — علاوہ بریں کیا بعید ہے کہ جیسے اللہ تعالیٰ نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے لیے بیت المقدس اور نجاشی کا جنازہ حاضر کر دیا تھا۔ اسی طرح حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے لیے بھی نہاوند کا واقعہ پیش کر دیا ہو اس صورت میں غائب کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا۔

رہا کنت سمعه الذی یسمع به وغیرہ احادیث سے خدا تعالیٰ اور بندوں کے فعل کا اتحاد ثابت کرنا تو راقم نے اپنے رسالہ "دل کا سرور" میں نہایت شرح بسط کے ساتھ اس پر کلام کر دیا ہے۔

(ص ۱۴۷ ص ۱۴۸)

گلشن توحید و رسالت

علامہ سرفراز صاحب نے تیسرے جواب میں بڑے عجیب تجاہل کا

Marfat.com

مظاہرہ کیا ہے۔ روایات میں تصریح موجود ہے کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے نہاوند کے مقام میں اپنے لشکر کو کافروں کے نرغے میں آتے دیکھا تو ان کو بچاؤ کی تدبیر بتلائی اور فتح مندی کا راستہ بتلایا اندریں صورت آپ ان کا مشاہدہ فرما رہے تھے آپ سے تو وُہ غائب نہ تھے پھر آپ کی پکار آپ کے لحاظ سے غائبانہ کیسے ہوگئی اور جن کی مدد کی جائے معاون و مددگار کا ان کے سامنے ہونا ضروری ہی کب ہے؟ کیا صحابہ کرامؓ ملائکہ کو اور اللہ تعالیٰ کو دیکھ رہے تھے؟ بلکہ انہیں صرف نبی کریمؐ کے ذریعے ہی معلوم ہوا۔ چنانچہ حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ نے جب آپ سے "یا ساریۃ الجبل" پکارنے کے متعلق دریافت کیا تو آپ نے فرمایا:

رأیت المشرکین ھزموا اخواننا ویاتونھم
من بین ایدیھم وظھورھم فامرتھم ان
یسندوا ظھورھم الی الجبل حتّٰی یقاتلوا
من وجه۔

(نبراس ص۴۸۱ وازالۃ الخفاء شاہ ولی اللہ ص۱۶۶ ج۲)

میں نے مشرکین کو دیکھا کہ انہوں نے ہمارے بھائیوں کو شکست دے دی ہے اور وُہ ان کے آگے اور پیچھے سے احاطہ کر رہے ہیں تو میں نے اہلِ اسلام اور ان کے کمانڈر کو حکم دیا کہ اپنی پشتوں کو پہاڑ کی طرف کرلیں اور ایک جانب سے جنگ لڑیں۔

له علیهم الرضوان   ٢ه صلی اللہ علیہ وسلم

Marfat.com

الغرض مستغیث اور فریادی کا مغیث اور فریاد رس کا مشاہدہ کرنا ضروری نہیں ہے خواہ قریب ہی کیوں نہ ہو جیسے کہ علامہ صاحب نے خود جنگل میں سواری کے بھاگ جانے پر عباداللہ اعینوف کے ضمن میں تسلیم کیا ہے کہ ملائکہ موجود ہوتے ہیں اور وہ امداد کرتے ہیں حالانکہ وہ لوگوں کو نظر نہیں آتے اور مغیث و فریاد رس کا فریادی کو دیکھنا اور اس کی فریاد کو سننا ضروری ہے اور اس روایت میں حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا ان کو دیکھنا بھی ثابت اور ان تک اپنی آواز پہنچانا بھی ثابت اور ان کو حسن تدبیر سے فتح و نصرت اور کامیابی وکامرانی سے ہمکنار کرنا بھی ثابت ہے جیسے کہ علامہ علی قاری مرقات شرح مشکوٰۃ میں اس حدیث کے تحت فرماتے ہیں:

فيه انواع من الكرامة لعمر كشف المعركة وايصال صوته وسماع كل منهم لصيحته وفتحهم ونصرهم ببركته - (مرقات ص۲۲۲ ج ۵)۔

اس حدیث میں حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے لیے کئی قسم کی کرامات ثابت ہیں میدان کارزار کا آپ پر منکشف ہونا اور اپنی آواز کو وہاں تک پہنچانا اور ان میں سے ہر ایک کا آپ کی آواز کو سننا اور آپ کی برکت سے ان کا فتح و نصرت پانا۔ والحمد للہ علیٰ ذٰلک۔

لہٰذا اس کو مدد دینے والے کی غائبانہ پکار قرار دینا بایں معنیٰ کہ وہ آپ سے غائب تھے قطعاً غلط اور لغو و باطل ہے۔

Marfat.com

۲ - دُوسری شق میں علامہ صاحب نے حضرت عمر بن الخطاب رضی اللہ عنہ کی اس کرامت کو نبیِ اکرم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے ان معجزات پر قیاس کیا ہے کہ بیت المقدس کو آپ کے لیے حاضر کر دیا گیا اور نجاشی رحمہ اللہ تعالیٰ کے جنازہ کو آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم کے حاضر کر دیا گیا اسی طرح کیا بعید کہ اللہ تعالیٰ نے نہاوند کا مقام آپ کے حاضر کر دیا ہو لہٰذا جب وُہ مقام آپ کے سامنے حاضر ہو گیا تو اب غائبانہ امداد کا سوال ہی پیدا نہیں ہوگا تو اس جواب میں بھی کئی وجوہ سے سقم ہے۔

۱ - جب خود حضرت عمر رضی اللہ عنہ بتلائیں کہ میں نے ان کا مشاہدہ کر لیا اور یہ نہ فرمادیں کہ اللہ تعالیٰ نے ان کو میرے قریب کر دیا اور میں نے ان کو قریب سے دیکھا تو بلا دلیل محض اپنے قیاس سے اس کو خلافِ ظاہر پر حمل کرنے کی کوئی وجہ نہیں ہوسکتی۔

۲ - جو حضرات قربِ فرائض اور قربِ نوافل کی بدولت انوارِ الٰہیہ سے منوّر آنکھوں اور کانوں کے مالک ہوتے ہیں اور اسی نور کی بدولت دیکھتے اور سُنتے ہیں ان کے لیے قرب و بعد کا معاملہ یکساں ہوتا ہے جیسے کہ امام رازی رحمہ اللہ نے فرمایا :

اذا صار نورجلال الله سمعاله سمع القریب والبعيد واذا صار ذٰلك النور بصرالہ رای القریب والبعید ۔

یعنی جب اللہ تعالیٰ کا نُورِ جلال بندۂ محبُوب کے کان بن جاتا ہے

Marfat.com

تو وُہ قریب اور دُور سے سُنتا ہے اور جب اللہ تعالیٰ کا نُور اس کی آنکھ بن جاتا ہے تو قریب اور بعید سے دیکھتا ہے اور دیگر اکابر کی تصریحات حدیث قدسی کے تحت گزر چکی ہیں تو یقیناً حضرت عُمر رضی اللہ عنہ ان حضرات کے سرخیل ہیں لہٰذا آپ کے لیے نہاوند کے مقام سے دیکھنا مستبعد نہیں ہو سکتا۔

۳۔ نیز جس طرح اللہ تعالیٰ نے حضرت عُمر رضی اللہ عنہ کیلئے مقامِ نہاوند کو قریب کر دیا دُوسرے حضرات کے لیے بھی اسی طرح فریادی اور اس کے مقام کو قریب کر دے اور ان کی امداد و اعانت کرا دے تو یہ بھی بعید نہیں لہٰذا سبھی کے حق میں ندائے غائبانہ کا سوال ہی پیدا نہیں ہوگا اور تمہارے شرک کے فتوے بیکار اور فضول ہو کر رہ جائیں گے۔ آخر دُوسرے اولیاء کرام کے حق میں یہ طی مکانی یعنی اس مکان کو قریب کرنا اللہ تعالیٰ کی قدرتِ قاہرہ اور قوتِ باہرہ سے بعید کیونکر ہو سکتا ہے؟ جب سبھی مقبولانِ بارگاہ کے حق میں مستغیث اور فریادی کا مکان قریب کر دیا جانا ممکن ہے تو سب کے حق میں ندائِ امداد غائبانہ نہ رہی لہٰذا جائز اور درست ہو گئی۔

۴۔ جو خداوند کریم اپنے مقبولانِ بارگاہ کے لیے زمین کے قطعات اُٹھا کر قریب کر سکتا ہے وُہ ان کی نظروں کو اتنی وسعت نہیں دے سکتا کہ وُہ دُور سے دیکھ لیں کیا زمین اُٹھا کر قریب کرنا بنظرِ ظاہر بعید ہے یا نگاہ کو اتنا قوی کر دینا اور دُور تک دیکھنے کی توفیق دے دینا زیادہ

Marfat.com

بعید اور مشکل ہے۔

۵۔ نیز ملک الموت اور دیگر مدبرات امر کے لیے بھی اللہ تعالیٰ زمین کے قطعات اٹھا کر قریب کرتا ہے یا وہ اپنے قوائے لطیفہ سے دُور دراز سے دیکھ لیتے ہیں اور تدبیر و تصرف کر لیتے ہیں جب وہاں اس احتمال کو ثابت کرنا ضروری نہیں تو یہاں پر ضروری کیوں ہے؟

نوٹ: علامہ صاحب نے نہاوند کو اٹھا کر مدینہ منورہ میں حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے قریب کیے جانے پر یہ امر متفرع کیا ہے کہ اب ندائے غائبانہ کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا حالانکہ نہاوند والوں نے (خواہ مسلمان لشکر تھا یا کفار کا) حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو اب بھی نہیں دیکھا تھا، اور آپ ان کے لیے غائب ہی تھے تو اس سے صاف ظاہر ہے کہ پہلی شق میں علامہ صاحب کا یہ کہنا کہ اس سے امداد دینے والے کا غائبانہ پکارنا ثابت ہوا نہ کہ مدد لینے والے کا۔ اس سے بالکل ظاہر کہ وہ حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کے اہلِ نہاوند کو دیکھنے اور ان کا مشاہدہ کرنے کا انکار کر رہے ہیں اور یہ کس قدر غلط اور باطل سوچ اور فکر ہے اور واضح ترین روایات و آثار کا انکار ہے جو دیانت و امانت کے خلاف ہے اور علماءِ اسلام کے لیے قطعاً زیبا اور شایانِ شان نہیں ہے اور بقول علامہ اقبال رحمہ اللہ (اور قلندر لاہوری بزعم سرفراز صاحب) ؎

زِ تاویلِ شاں در حیرت انداخت
خدا و جبرئیل علیہ السلام و مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم را (چہ جائیکہ مارا)

Marfat.com

ع خود بدلتے نہیں قرآں کو بدل دیتے ہیں

اس قدر ضد اور ہٹ دھرمی عام مومن کو بھی زیب نہیں دیتی چہ جائیکہ علماء کو مگر بخت و سعادت ساتھ نہ دے تو علم غریب کیا کرے

؎ گلیم بخت کسے کہ بافند سیاہ
بآبِ کوثر و تسنیم سفید نتواں کرد

تنبیہ : علامہ صاحب نے حدیث قدسی کنت سمع الذی یسمع بہ کی تاویل و توجیہ کے متعلق اپنے رسالہ "دل کے سرور" کا حوالہ دے دیا ہے اور ہم نے ان کی توجیہ و تاویل کی لغویت اور فساد و بطلان اسی حدیث قدسی کے ضمن میں اسی رسالہ میں واضح کر دیا ہے دوبارہ ملاحظہ فرمادیں۔ اور صداقت و حقانیت کے روزِ روشن میں اس بیہودہ تاویل کی ظلمت کا فور ہوتی دیکھیں اور علامہ صاحب کا اپنے اکابر کا دامن بھی چھوڑ کر بھاگ کھڑا ہونے کا منظر دیکھیں

قُلْ جَآءَ الْحَقُّ وَزَهَقَ الْبَاطِلُ ۚ اِنَّ الْبَاطِلَ كَانَ زَهُوْقًا ۝

اور جن کے دل کا سرور مقبولانِ بارگاہِ خداوند تعالیٰ کے خداداد کمالات کے انکار میں ہو ان کے قلبی غم و غصہ اور رنج والم کا حال کیا ہوگا ؟

گلدستۂ توحید

حافظ ابنِ کثیر لکھتے ہیں کہ اس واقعہ کا علم حضرت عمر رضی اللہ عنہ

Marfat.com

کو خواب کے ذریعے ہُوا تھا اور انہوں نے یہ الفاظ کہتے وقت فرمایا کہ اللہ تعالیٰ کا لشکر موجود رہتا ہے شاید وہ لشکر میری یہ بات ساریہ تک پہنچا دے چنانچہ اس لشکر نے یہ کلمات ان تک پہنچا دیئے۔

(البدایہ والنہایہ صہ۱۳۰ ج ۷)

گلشنِ توحید و رسالت

علامہ صاحب اس روایت کے ذریعے ثابت یہ کرنا چاہتے ہیں کہ حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے بیداری میں سر کی آنکھوں سے بطور کرامت نہاوند میں موجود اپنے لشکر کی حالت و کیفیت کا مشاہدہ نہیں فرمایا تھا بلکہ صرف خواب میں یہ صورتِ حال دیکھی تھی اور خواب میں ہی اس وقت کا اندازہ ہُوا اور اس وقت یہ آواز اس اُمید پر دے دی کہ اللہ تعالیٰ کا لشکر میری اس آواز کو ان تک پہنچا دے گا اور ایسے ہی ہُوا۔ لیکن یہ روایت بھی ناقابلِ استناد ہے اور اس سے یہ استدلال بھی بالکل لغو اور باطل ہے۔

۱۔ اس روایت میں صحیح السند اور اسناد حسن کے ساتھ مروی روایت کے ساتھ تعارض و تخالف ہے اور یہ بذاتِ خود ضعیف ہے لہٰذا معارض بننے کی صلاحیت نہیں رکھتی تو لا محالہ اس کو ترک کرنا اور نظر انداز کرنا لازم اور ضروری ہے چنانچہ دُوسری روایات میں تصریح ہے کہ لوگوں نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی اس پکار کو اور خطبہ جمعہ میں ان الفاظ

Marfat.com

کے اضافے کو آپ کے مجنون ہو جانے سے تعبیر کیا اور ایک دُوسرے کی طرف حیرانی کا اظہار کرتے ہُوئے دیکھا - اصابہ میں ہے کہ :

فالتفت الناس بعضهم الی بعض فقال لهم
علی لیخرجن مما قال فلما فرغ سالوه

کہ لوگوں نے یہ آواز سُن کر ایک دُوسرے کی طرف دیکھا تو حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا انہوں نے جو کچھ کہا ہے (اس کا عذر اور موجب حقیقی بیان کرکے تمہارے اعتراض و استعجاب سے) ضرور بری ہو جائیں گے -

اور ازالۃ الخفاء میں مذکور روایت میں ہے (جو کہ محب طبری کے حوالے سے ہے) :

فقال ناس من اصحاب رسول انه لمجنون (الی)
یا امیرالمؤمنین تجعل الناس علیك مقالا بینما
انت فی خطبتك اذ نادیت یا ساریۃ الجبل ای
شئ هذا - (ص ۱۹۶)

تو اصحاب رسُول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں سے بعض نے کہا کہ وہ مجنون ہیں اور حضرت عبدالرحمن بن عوف رضی اللہ عنہ نے آپ سے کہا اور وُہ آپ کیساتھ بے تکلف تھے کہ اے امیرالمؤمنین تم لوگوں کو اپنی ذات پر اعتراض اور طعن و تشنیع کا موقعہ دیتے ہو تم نے خطبہ دیتے ہُوئے یہ کیوں پکارا یا ساریہ الجبل -

Marfat.com

جب کہ اس روایت میں جو علامہ صاحب نے ذکر کی ہے اس طرح کہا گیا ہے کہ حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے لوگوں کو بلایا۔ اور انہیں خطاب فرمایا اور انہیں اپنے خواب کی کیفیت بیان کی اور پھر کہا اے ساریہ پہاڑ کی اوٹ لے۔ اے ساریہ پہاڑ کا سہارا لے۔

صعد المنبر فخطب الناس واخبرهم بصفة ماراى ثم قال یاساریة الجبل الجبل ۔

(البدایہ ص ۱۴۳ ج ۷)

اور ظاہر ہے جب پہلے خواب کی کیفیت ان پر بیان کر دی تو ان کے حیرت اور تعجب کا اظہار کرنے اور مجنون کہنے کی کوئی وجہ نہیں تھی اور حضرت علی رضی اللہ عنہ کو آپ کی طرف سے عذر بیان کرنے اور آپ کے پکارنے کی خاص حکمت ظاہر ہونے کا وعدہ کرنے کی ضرورت نہیں تھی اور حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ کے آپ سے اس طرح عرض کرنے کی بھی وجہ نہیں ہو سکتی کہ تم نے لوگوں کو تنقید اور طعن و تشنیع کا موقعہ فراہم کر دیا ہے۔ لہٰذا یہ روایت نا قابلِ اعتبار ہے اور نا قابلِ التفات

۲۔ نیز حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ کے جواب میں فرمایا:

واللہ ماملکت ذٰلک حین رءیت ساریة واصحابه یقاتلون ۔ الخ

(ازالۃ الخفاء ص ۱۶۶ ج ۲)

بخدا میں اس وقت اپنے آپ پر قابو نہ پا سکا اور ضبط و تحمل کا مظاہرہ نہ کر سکا جبکہ میں نے ساریہ اور ان کے ساتھیوں کو دیکھا کہ وہ حرب و

Marfat.com

قتال میں مصروف ہیں اور دشمن ان کو ہر طرف سے گھیرے میں لے رہا ہے لہٰذا میں نے پکار کر کہا یا ساریۃ الجبل الجبل تو اس میں خود حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا اپنا بیان ہے کہ میں نے اسی وقت ان کو گھیرے میں آتے دیکھا اور برداشت نہ کر سکا لہٰذا علامہ صاحب کی نقل کردہ روایت کا اس کے مقابلہ میں کیا اعتبار ہو سکتا ہے؟

۴- نیز خواب دیکھنے میں اور بعد ازاں چشم سر سے ملاحظہ کرنے میں منافات ہی کیا ہے کہ خواب والی روایت سے بیداری میں مشاہدہ کرنے والی روایات کو رد کر دیا جائے بلکہ سچے خواب کی تو عملی تعبیر سپیدۂ سحر کی طرح آنکھوں کے سامنے مجسم صورت میں آنی چاہیے۔ جیسے کہ سید عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے متعلق حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ:

اوّل ما بدی بہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم من الوحی الرؤیا الصادقۃ فی النوم فکان لایری رؤیا الاجاءت مثل فلق الصبح۔

(مشکوٰۃ باب البعث و بخاری شریف وغیرہ)

اوّل اوّل وحی کا آغاز سچے خوابوں کے ذریعے ہوا پس آپ جو خواب میں دیکھتے تھے وہ صبح صادق کے سپیدہ کی طرح آپ بیداری میں بھی دیکھ لیتے تھے تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ جو اس خیر امت میں محدث اور ملہم ہونے کا شرف و فضل رکھتے ہیں اور اگلی امتوں کے

Marfat.com

علم اور محدث لوگوں سے افضل اور برتر ہیں اور ظاہری و باطنی لحاظ سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے خلیفہ اور نائب اور مظہر کمالات ہیں تو ان کے حق میں یہی یقین رکھا جائے گا کہ جو کچھ خواب میں دیکھا تھا وہی بیداری میں بھی دیکھا۔

خواب کی عملی تعبیر حالتِ بیداری میں دیکھنا

اس امر کی تائید و تصدیق حضرت مولیٰ مرتضیٰ رضی اللہ عنہ کے ایک خواب اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے اس کے مطابق عمل اور پھر اس عمل کی توضیح سے ہوتی ہے جس کو حضرت شاہ ولی اللہ قدس سرہٗ نے ازالۃ الخفاء میں ذکر فرمایا ہے :

حضور سیدنا علی مرتضیٰ رضی اللہ عنہ نے خواب یہ دیکھا کہ سیدِ عالم نبیِ مکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے صبح کی نماز پڑھائی ہے (جبکہ زمانہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی خلافت کا تھا) اور آپ قبلہ والی دیوار کے ساتھ ادٹ لگا کر منہ مسجد کے دروازہ کی طرف کر کے بیٹھ گئے ہیں۔ دروازہ سے ایک شخص کھجوروں کا ٹوکرہ لایا جو آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں پیش کیا آپ نے اس سے یکے بعد دیگرے دو کھجوریں اٹھائیں اور مجھے کھانے کو دیں۔ میں خواب سے بیدار ہوا تو ان کی مٹھاس ابھی منہ میں باقی تھی۔ مسجد میں پہنچا حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے پیچھے نماز پڑھی اور آپ اسی جگہ اسی حالت میں نماز سے فارغ ہو کر بیٹھے اور اسی دروازہ سے

Marfat.com

کھجوروں کا ٹوکرا ایک شخص لایا جو آپ کے سامنے رکھ دیا تو آپ نے اسی طرح دو کھجوریں اٹھائیں اور مجھے دے دیں اور باقی کو دیگر حضرات میں تقسیم کر دیا حالانکہ میرا جی چاہتا تھا کہ مزید کھجوریں مجھے ملیں تو آپ نے فرمایا :

یا اخی لوزادك رسول الله صلى الله عليه وسلم ليلتك لزدناك فعجبت وقلت قداطلعه الله على ما رءيت البارحة فنظر الي وقال يا علي ان المومن ينظر بنور الدين قلت صدقت يا امير المؤمنين هكذا رءيته وكذا وجدت طعمه ولذته من يدك كما وجدت طعمه ولذته من يد رسول الله صلى الله عليه وسلم - (۱۹۵ ۲۴)-

اے میرے بھائی اگر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم آپ کو گزشتہ رات زیادہ دیتے تو میں بھی آپ کو زیادہ دیدیتا تو میں متعجب اور حیرت زدہ ہو گیا اور کہا کہ اللہ تعالیٰ نے آپ کو اس میرے خواب پر مطلع کر دیا ہے جو میں نے گزشتہ رات دیکھا تھا تو آپ نے میری طرف نظر اٹھا کر دیکھا اور کہا اے علی یقین رکھو مومن دین و ایمان کے نور سے دیکھتا ہے میں نے کہا اے امیر المومنین تم نے سچ فرمایا میں نے ایسے ہی دیکھا اور آپ کے ہاتھ سے ملنے والی کھجوروں کا ویسے ہی ذائقہ اور لذت محسوس کی جیسے کہ رسول کریم علیہ الصلوٰۃ والتسلیم کے دستِ کرم سے وصول

Marfat.com

ہونے والی کھجوروں کی لذت اور مٹھاس محسوس کی۔

(ازالۃ الخفاء بیان مکاشفات عمر فاروق رضی اللہ عنہ ص ۱۶۸)

فوائد : اس روایت سے حضرت فاروقِ اعظم رضی اللہ عنہ کا ظاہر و باطن میں نبیِ اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا نائب و خلیفہ اور مظہرِ کمالات ہونا بھی ظاہر ہے اور خواب اور بیداری کی باہم مطابقت و موافقت بھی واضح ہے اور نیند میں ہونے کے باوجود دوسروں کے خوابوں پر اطلاع بھی ثابت ہے اور اس کی دلیل و برہان بھی کہ مومن کامل دین و ایمان کے نور سے مشاہدہ کرتا ہے جیسے کہ رسولِ گرامی صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان ہے:

اتقوا فراسۃ المومن فانہ ینظر بنور اللہ۔

مومن کی فراست اور نورِ قلب سے ڈرتے رہا کرو کیوں کہ وہ اللہ تعالیٰ کے نور سے دیکھتا ہے۔ لہٰذا اس میں کونسا تعارض و تخالف ہے کہ خواب میں بھی آپ نے وہ منظر دیکھا ہو اور پھر بیداری میں بھی دیکھا ہو اور پہاڑ کی آڑ لینے اور بچاؤ کی تدبیر بتلانے کے لیے پکارا بھی ہو اور امداد بھی بہم پہنچائی ہو۔

نیز خواب آ جائے اور اس پر اعتماد اور وثوق نہ ہو اور اس کی حقانیت اور واقعیت کا علم نہ ہو تو اس کے مطابق عمل کرنا غیر معقول سا امر ہے۔ اگر محض خواب آیا ہوتا اور عملی طور پر اس کی تصدیق نہ ہوئی ہوتی تو یہاں سے پکارنا اور ندا کرنا اور وہ بھی مجمعِ عام میں

Marfat.com

اور دورانِ خطبہ کیونکر متصور ہو سکتا تھا اکیلے گھر میں کھڑے ہو کر یا باہر جا کر بھی کہہ سکتے تھے اور پیشگی بھی اطلاع دے سکتے تھے جس طرح آپ کو بذریعہ خواب پیشگی مطلع کر دیا گیا تھا۔ خاص اس وقت کے انتظار کی کیا حکمت تھی کہ جب خطبہ دیا جارہا ہوگا اسی دوران کہوں گا، پہلے نہیں کہوں گا؟

۴۔ علاوہ ازیں اکابرینِ ملت نے اس واقعہ کو حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے مکاشفات میں اور کرامات میں ذکر کیا ہے اور سچا خواب تو کسی بھی مسلمان کو آسکتا ہے اور وُہ کرامت نہیں کہلاتا۔ چنانچہ شاہ ولی اللہ[1] کے قائم کردہ عنوان سے اور دلائل النبوۃ اور مشکوٰۃ شریف وغیرہ کے ابواب سے اور علی قاری کے بیان کردہ فوائدِ حدیث سے یہ حقیقت دوپہر کے اُجالے کی طرح واضح ہے۔

فيه انواع من الكرامة لعمر كشف المعركة وايصال صوته وسماع كل منهم لصيحته.

(مرقات ص۲۳۳ ج ۱۱)

اس حدیث میں حضرت عُمر رضی اللہ عنہ کی کئی کرامات ثابت ہوتی ہیں۔ میدانِ کارزار کا آپ پر منکشف ہونا اور اپنی آواز کو ان تک پہنچانا اور ان میں سے ہر ایک کا آپ کی آواز و پکار کو سُننا۔

اور اصابہ کی روایت (جو کہ ابنِ مردویہ کے حوالہ سے منقول ہے) اس میں تصریح ہے کہ:

[1] قدس سرہٗ۔

Marfat.com

فجاء البشیر بعد شھر فذکرا نھم سمعوا صوت عمر فی ذٰلک الیوم۔ (ص ج ۲)

خوشخبری اور مژدہ سُنانے والا شخص ایک ماہ بعد آیا اور اس نے بتلایا کہ ہم نے اس دن حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی آواز سُنی جبکہ شکست کھا چکے تھے پھر پہاڑ کی اوٹ میں ہو گئے اور اللہ تعالیٰ نے فتح و نصرت عطا فرمائی۔

لہٰذا یہ تسلیم کیے بغیر چارہ نہیں کہ حضرت عمرؓ فاروق رضی اللہ عنہ نے خود اس لشکر کی حالت و کیفیت دیکھی اور دیکھتے ہی حُسنِ تدبیر سے ان کی شکست کو فتح میں بدلا اور اپنی ندا۔ وپُکار کے ذریعے ان کی رہنمائی فرمائی اور انہیں کامیابی و کامرانی سے ہمکنار کیا۔

۵۔ علامہ صاحب نے "اعینونی عباد اللہ" کی تاویل و توجیہ میں کہا تھا کہ جنگلات میں فرشتے ہوتے ہیں جو لوگوں کی سواریوں کے بھاگ جانے پر ان کی امداد کرتے ہیں لیکن اس روایت کو ذکر کر کے اور اس پہ اعتماد کر کے علامہ صاحب نے مان لیا کہ شہری آبادی میں بھی ملائکہ موجود ہوتے ہیں جو تدبیرِ امور پر مامور ہوتے ہیں، صرف جنگلات میں نہیں ہوتے اور یہ بھی تسلیم کر لیا کہ ان کا کام صرف لوگوں کی خچریں اور گدھیاں اور گھوڑیاں پکڑنا نہیں ہوتا بلکہ دُور دراز تک انسانی آوازیں پہنچانا بھی ان کے دائرۂ کار میں آتا ہے اور وہ اپنے طور پر نہیں آواز دیتے بلکہ آواز دینے والے اور سُننے والوں

Marfat.com

کے درمیان اسی طرح واسطہ بن جاتے ہیں جس طرح ٹیلیفون اور وائرلیس اور برقی آلات واسطہ بنتے ہیں اسی طرح لشکرِ اسلام نے جو آواز سُنی انہوں نے یہی محسوس کیا کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ ہی آواز دے رہے ہیں (اور اسی سے یہ حقیقت بھی واضح ہو جائے گی کہ سیدِ عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہِ اقدس میں ہمارے درود و سلام بھی اسی انداز میں پیش ہوتے ہیں تو بلوغ صلوٰۃ ہیں اور بلوغ صوت میں کوئی منافات نہیں رہے گی بلکہ صلوٰۃ کی صورتِ بلوغ صلوٰۃ بھیجنے والے کی آواز کے پہنچنے کی صورت میں ہی ہوگی لہٰذا ان دونو صُورتوں میں باہم کوئی تخالف و تعارض نہیں رہے گا۔ بلغنی صوتہ ہو یا بلغنی صلواتہ ہو) الغرض اس روایت کا تسلیم کرنا اور کتاب میں ذکر کرنا اور جوابوں کی تعداد میں اس کے ساتھ اضافہ کرنا بھی ان کے لیے مہنگا ہی پڑے گا کوئی سستا سودا نہیں ہوگا۔

۶۔ علامہ صاحب دُوسرے حضرات کے دلائل پر راویوں کے لحاظ سے بڑی جرح و قدح کرتے ہیں اور ان کو اپنے اس طرز سے ناقابلِ اعتبار بنانے کی سعی کرتے ہیں تو اُمید ہے کہ انہوں نے اپنی اس روایت کے متعلق بھی ضرور یہ تسلی کر لی ہوگی کہ اس کے راوی کیسے ہیں؟ اور اگر واقعی معاملہ یونہی ہے جیسے کہ ہمارا گمان ہے تو علامہ صاحب نے بہت بڑی بددیانتی کا مظاہرہ کیا ہے اور اگر ان کے متعلق تحقیق و تدقیق نہیں فرمائی تو یہ بھی سراسر زیادتی اور ناانصافی ہے کیا اسماء رجال کی کتابوں کے ذریعے اور اصحابِ جرح و تعدیل کے اقوال پر صرف مخالفین کے

Marfat.com

دلائل کی چھان پھٹک اور جانچ پڑتال ضروری ہے اپنے نظریہ کے موافق اور موئد روایات کے متعلق اس طرح کی تحقیق و تدقیق اور چھان پھٹک ضروری نہیں ؟ بلکہ علامہ صاحب کا ذاتی نظریہ ضعیف بلکہ موضوع روایات سے اور ضعیف بلکہ زندیق راویوں کے ذریعے بھی ثابت ہو سکتا ہے ؟ یقیناً ایسا نہیں اور نہ ہو سکتا ہے تو جو پیمانہ اور معیار دوسروں کے لیے استعمال کیا جاتا ہے اور بڑی بے رحمی کے ساتھ استعمال کیا جاتا ہے وہ اپنے لیے بھی ملحوظ رکھنا اور استعمال میں لانا ضروری تھا لیکن علامہ صاحب نے اس معاملہ میں بڑی نا انصافی کا مظاہرہ کیا ہے مگر یہ فریضہ ہم ادا کر دیتے ہیں اور علامہ صاحب کو اس آئینہ میں اپنا چہرۂ استدلال دکھا دیتے ہیں اور اس کی ہولناکی اور بدصورتی کا مشاہدہ کرا دیتے ہیں۔

علامہ صاحب کی اس روایت کا دار و مدار سیف بن عمر اور اس کے مشائخ پر ہے اور اس کے بعض مشائخ کا حال بھی قابلِ رشک نہیں لیکن خود اس کی حالت تو بہت ہی خراب ہے۔

امام ابو حاتم فرماتے ہیں :

متروك الحديث يشبه حديثه حديث الواقدی۔

یہ متروک الحدیث ہے اور اس کی حدیث واقدی کی حدیث کے مشابہ ہے۔

امام ابوداؤد فرماتے ہیں :

ليس بشیء یہ کوئی شے نہیں ہے۔

Marfat.com

امام نسائی اور دارقطنی فرماتے ہیں کہ :

ضعیف ہے ۔

ابنِ عدی فرماتے ہیں :

اس کی بعض احادیث مشہور ہیں اور اکثر مناکیر ہیں جن میں اسکی کوئی متابعت اور تائید و تصدیق نہیں کرتا ۔

اور ابن حبان فرماتے ہیں :

یروی الموضوعات عن الاثبات وانہ کان یصنع الاحادیث ۔ اتھم بالزندقۃ ۔

یہ موضوع روایات کو ثقہ حضرات کے نام سے روایت کردیتا تھا۔ اور یہ روایات گھڑتا تھا اور زندیق اور بے دین ہونے کے ساتھ متہم تھا۔

اور امام حاکم فرماتے ہیں :

اتھم بالزندقۃ وھو فی الروایۃ ساقط ۔

وُہ زندیق ہونے کے ساتھ متہم تھا اور روایت کے معاملہ میں ناقابلِ اعتبار ہے ۔

(تہذیب التہذیب از علامہ ابن حجر عسقلانی ص۲۹۶ ج ۲)

اور یہی علامہ عسقلانی تقریب التہذیب میں اس کے متعلق فرماتے ہیں

ضعیف فی الحدیث ۔ عمدۃ فی التاریخ ۔ افحش ابن حبان القول فیہ ۔ (ص۴۰۸ ج ۱)

کہ سیف بن عمر حدیث کی روایت میں ضعیف ہے تاریخ کے بیان

Marfat.com

میں عمدہ ہے اور ابنِ حبان نے اس کے متعلق بہت سخت کلام کیا ہے، اور تغلیظ و تشدید سے کام لیا ہے۔

اور یہ حقیقت محتاجِ بیان نہیں ہے کہ یہاں بحث حدیث میں ہے نہ کہ تاریخی واقعہ میں۔ نیز حافظ عماد الدین ابنِ کثیر جن روایات کے بارے میں اسنادِ حسن کے ساتھ مروی ہونے کی تصریح کر رہے ہیں ان کو چھوڑ کر ایسی روایت پر اعتماد کرنا کسی اچھی ذہنیت کا مظاہرہ نہیں ہے۔

۷۔ پھر اس روایت میں حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا نہاوند کی فتح کی خوشخبری لانے والے کو گھر لے جانا اور اپنی زوجہ محترمہ حضرت ام کلثوم بنت علی رضی اللہ عنہا کو اس کے ساتھ روٹی کھانے کے لیے بلانا اور ان کا مناسب لباس موجود نہ ہونے کا عذر کر کے شامل نہ ہونا بھی ذکر کیا گیا ہے۔ میں حیران ہوں کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ جیسے غیور کے متعلق (جن کی خواہش کے مطابق ازواجِ نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پردے کا حکم نازل ہوا اور جنہوں نے عورتوں کو مساجد میں باجماعت نماز ادا کرنے سے روک دیا اور گھروں پر پڑھنے کا پابند کر دیا) یہ کیسے باور کر لیا گیا کہ وہ اپنی بیوی کو اور رسولِ معظم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی نواسی اور حضرت سیدہ فاطمہ زہرا رضی اللہ عنہا اور مولائے مرتضیٰ علی رضی اللہ عنہ کی لختِ جگر کو غیر محرم کے سامنے آنے اور اس کے ساتھ کھانا کھانے کے لیے بلا سکتے تھے جبکہ ان کے بدن پر کامل ستر کیلئے

Marfat.com

کپڑے بھی نہ ہوں۔ اور اگر سیف بن عمر نے حضرت امام ابن حبان کے قول اور امام حاکم کے قول کے مطابق اس بے دینی اور بے راہروی کا مظاہرہ کیا بھی تھا تو حافظ ابن کثیر کو اس کا ذکر کرنا زیب نہیں دیتا تھا اور اگر انہوں نے بحیثیت مورخ ہونے کے ہر رطب و یابس کو جمع کرنا روا رکھا تھا تو علامہ سرفراز صاحب کو اس کا ذکر کرنا قطعاً زیبا نہیں تھا مگر چونکہ یہ روایت اپنے فاسد نظریہ کا بظاہر سہارا بنتی تھی اسلئے اس کے سارے سقم اور کمزوریاں اور قباحتیں نظر انداز کردی گئیں اور ایسے پورے طنطنہ اور بلند بانگ دعوے کے ساتھ پیش کردیا، اور اصول و قوانین اور قواعد و ضوابط کی مٹی پلید کرکے رکھ دی۔

۸۔ نیز کیا ہم علامہ صاحب سے دریافت کر سکتے ہیں کہ البدایہ والنہایہ تاریخ کی کتاب ہے یا حدیث کی اور حدیث کی فرض کرتے ہیں تو اس کا مرتبہ اور طبقہ کونسا ہے؟ کیا صرف انبیاء و رسل علیہم السلام کے کمالات اور دیگر مقبولانِ خداوند تعالیٰ کے امتیازی اوصاف کی جانچ پرکھ کیلئے ہی کتبِ حدیث کے طبقات ملحوظ رکھنے ضروری ہیں لیکن اگر کہیں کمالات و امتیازات کی نفی کرنی ہو تو پھر رطب و یابس پر مشتمل کتبِ تاریخ بھی صحیح السند اور قابلِ اعتماد احادیث اور مستند محدثین کی کتابوں پر سبقت لے جاتی ہیں؟ اور طبقۂ اولیٰ کی کتابیں قرار پاتی ہیں؟

ع
بسوخت عقل ز حیرت کہ ایں چہ بوالعجبیست

Marfat.com

الغرض علامہ صاحب نے اپنی دیانت و امانت کا بھی خون کیا اور حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کے امتیازی شان اور کرامت کا انکار کیا اور اس کی نفی کی اور اہلِ اسلام کو شک و شبہ میں ڈالنے کی ناکام سعی کی ہے اور اپنے جوابات کی تعداد بڑھانے کے دھن میں عقل و نقل کے تقاضوں کو بھی بالکل نظر انداز کیا ہے جو معمولی علم و دانش والے کے لیے بھی زیبا نہیں چہ جائیکہ بلند بانگ شیخ الحدیث والتفسیر کے لیے۔

۹- نیز یہ مسلّم امر ہے کہ کراماتِ اولیا، اس اُمت کے نبی کے معجزات ہوا کرتی ہیں جن سے اس کی صداقت و حقانیت اُجاگر ہوتی ہے اور ہر صاحبِ بصر و بصیرت یہ فیصلہ بآسانی کر سکتا ہے کہ اگر یہ نبی برحق اور رسُول صادق نہ ہوتے اور کامل و اکمل نہ ہوتے تو ان کے مریدین اور امتی اس قدر باکرامت اور اربابِ کمال کیونکر بن سکتے تھے ان میں جو کمال اور امتیازی شان نظر آ رہی ہے اور جو امور خارقہ للعادت سرزد ہو رہے ہیں یہ سب ان کے نبی و رسُول کا فیضان اور صدقہ ہے۔ جیسے کہ علامہ ابن الجوزی رحمہ اللہ نے الوفا میں فرمایا :

لقد فاضت اشعة معجزاته على اصحابه فكتب عمر الى نيل مصر ونادى سارية فاسمعه۔

(صفحہ ۳۵۲)

نبی مکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے آفتابِ اعجاز کی شعاعیں آپ کے صحابہ کرام علیہم الرضوان پر چمکیں اور انہیں انوار سے فیضیاب کیا،

Marfat.com

چنانچہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ مصر کے دریائے نیل کو اپنے تحریری آرڈر سے جاری فرمادیا اور حضرت ساریہ رضی اللہ عنہ کو ندا دی اور انہیں اپنا پیغام سنوا لیا۔

لہٰذا حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی کرامت کا انکار کرکے دراصل علامہ صاحب نے سید الرسل صلی اللہ علیہ وعلیہم وسلم کے معجزہ کا انکار کیا ہے جو غلامی کے مدعی اُمتی کے لیے قطعاً زیبا اور لائق نہیں ہے۔

ندا و پکار اور استعانت و استمداد کا جواز از روئے اقوالِ فقہاء

۱۔ علامہ ابن عابدین ردمحتار حاشیہ درمختار میں گم شدہ چیز کی واپسی کیلئے یہ طریقہ بتلاتے ہیں :

قرر الزیادی ان الانسان اذا ضاع له شئ و اراد ان یرده الله سبحانه علیه فلیقف علیٰ مکان عال مستقبل القبلة و یقرء الفاتحة ویهدی ثوابها للنبی صلی اللہ علیه وسلم ثم یهدی ثواب ذلك سیدی احمد بن علوان و یقول یا سیدی احمد یا ابن علوان ان لم ترد علیّ ضالتی والا نزعتك من دیوان الاولیاء فان الله تعالیٰ یرد علیٰ من قال ذلك ضالته ببرکته اجهوری مع زیادہ - (کذا فی حاشیۃ شرح منہج للداؤدی ص ۳۵۵ ج ۳ ردمحتار)

Marfat.com

یعنی زیادی نے اس امر کو مقرر اور ثابت کیا ہے کہ اگر کسی انسان کی کوئی شے گم ہو جائے اور اس کا ارادہ ہو کہ اللہ تعالیٰ اس پر وہ چیز لوٹائے تو وہ انسان بلند مکان پر قبلہ رو ہو کر کھڑا ہو جائے اور فاتحہ پڑھ کر اس کا ثواب نبی مکرم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی بارگاہِ اقدس میں بطور ہدیہ پیش کرے۔

پھر اس کا ثواب حضرت سیدی احمد بن علوان کو ہدیہ کرے اور کہے اے میرے آقا احمد اے ابن علوان اگر تو نے مجھ پر میری گم شدہ چیز نہ لوٹائی تو میں تمہارا نام اولیاء کے دفتر سے اور تمہاری ذات کو اولیا کرام کی جماعت سے خارج کر دوں گا۔ تو بیشک اللہ تعالیٰ اس طرح کہنے والے پر اس کی گم شدہ چیز کو ان کی برکت سے لوٹا دے گا۔ اجھوری نے اس کو قدرے زائد عبارت کے ساتھ ذکر کیا ہے اور ایسے ہی داؤدی کی شرح منہج میں ہے۔

گویا علامہ زیادی، علامہ اجھوری، علامہ داؤدی اور صاحب رد محتار اس امر کے قائل اور معترف ہیں اور معتقد و مستیقن ہیں کہ گم شدہ چیز کی بازیابی کے لیے سیدی احمد بن علوان کو پکارنا اور ان سے استغاثہ کرنا جائز اور روا بھی ہے اور بازیابی کا قابلِ وثوق ذریعہ بھی ہے اور پہلے حدیث رسول صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم ذکر ہو چکی کہ اگر کسی کی سواری بھاگ جائے تو وہ پکارے:

اعینونی عباد اللہ۔ یا عباد اللہ احبسوا۔

Marfat.com

(اے اللہ کے بندو میری مدد کرو۔ اے اللہ کے بندو اس کو روکو۔
تو اللہ تعالیٰ کے بندے اس کو بھاگنے نہیں دیتے اور مالک تک
پہنچا دیتے ہیں تو جب یہ حدیث کہ عبداللہ بن عباس اور عبداللہ بن
مسعود رضی اللہ عنہما سے مروی ہے اور اوّل الذکر کی روایت کی صحت
علاّمہ صاحب کے نزدیک بھی مسلّم ہے اور دُوسری کا قابلِ استناد اور
لائق استدلال ہونا بندہ نے واضح کر دیا ہے)۔ اس فقہی روایت کی تائید
و تصدیق کرتی ہے اور یہ فقہی روایت اس حدیث کی توضیح اور بیان
ہے تو حدیث شریف کے مطابق عمل کرنا جس طرح روا اور درست ہے
اسی طرح اس فقہی روایت اور ان اکابر کے بیان فرمودہ طریقہ پر عمل
بھی درست ہے۔ وہاں عباد اللہ کا عام لفظ مذکور ہے اور یہاں پر ان
میں سے ایک شخصیت کی تخصیص و تعیین ہے اگر سب کی ندا و پکار اور
استغاثہ سے بہت سے شرکاء ماننا لازم نہیں آتا تو اس قول کے مطابق
حضرت احمد بن علوان کا خُدا ماننا لازم نہیں آتا اور اولیاء کرام چونکہ
انوارِ الٰہیہ کے ساتھ منوّر ہوتے ہیں للہذا ان کے لیے قرب اور بُعد کا
امتیاز روا رکھنا درست نہیں۔ اسی طرح بعد از وصال ان کی ارواح
مزید قوت اور تصرّف کی مالک بن جاتی ہیں للہذا زندہ اور فوت شدہ
کا فرق کرنا بھی غلط ہے۔ اور علماءِ اعلام اور بالخصوص علامہ سرفراز صاحب
کے ہاں مسلّم ترین شخصیت حکیم الامت شاہ ولی اللہ محدّث دہلوی رحمہ اللہ
کی تصریحات کے مطابق اولیاء کرام ملاءِ اعلیٰ میں شامل ہو کر کارکنانِ قضا

Marfat.com

و قدر اور مدبرات امر ہو جاتے ہیں لہٰذا جنگلات میں موجود ملائکہ کی طرح جو مسافروں کی امداد کرتے ہیں اور اللہ تعالیٰ کے ان لشکروں کی طرح جو آوازوں کو پہنچاتے ہیں (جیسے علامہ صاحب کی مسلّمہ روایت میں مروی و منقول ہے) اور شہری آبادیوں میں بھی لوگوں کی امداد و اعانت فرماتے ہیں اور ان کی امداد و اعانت حاصل کرنا شرک نہیں کیونکہ انہیں اللہ تعالیٰ نے یہ امور سونپ رکھے ہیں تو ان حضرات سے بھی استغاثہ و استعانت میں کوئی پہلو کفر و شرک والا نہیں کیونکہ انہیں اللہ تعالیٰ نے قوّت بھی بخشی ہے اور تدبیر و تصرّف کا اذن بھی دے رکھا ہے اور جس طرح یہ طریقہ بتلانے والے علامہ صاحب اور ان کے ہم مشرب بھائیوں کے فتوائے شرک سے بلند و بالا ہیں، اسی طرح ان کے پیروکار اہل السنت بھی اس فتویٰ سے محفوظ و مصوّن ہیں اور بلند و بالا ہیں۔

ھٰذا ھوالحق فماذا بعد الحق الا الضلال۔

گلدستۂ توحید

الجواب: اس عبارت سے سیّد احمد بن علوان سے استعانت پر استدلال غلط ہے کیونکہ اس کے اوّل میں وارادان یردہٗ اللہ علیہ اور آخر میں فان اللہ یرد ضالتہ ببرکتہ کے الفاظ صراحت کیساتھ موجود ہیں (تا) اس عبارت میں اس کی تصریح موجود ہے کہ لوٹائے گا تو اللہ تعالیٰ ہاں اس میں سیّد احمد کی برکت اور طفیل اور وسیلہ شامل

Marfat.com

ہے وُہ جس طرح ملائکہ اور مومن جنّات کی طرف سے حاصل ہو سکتی ہے اولیاء کرام سے بھی حاصل ہو سکتی ہے۔

۲ - نیز مقبولانِ بارگاہ کی امداد و اعانت دراصل اللّٰہ تعالیٰ کی ہی امداد و اعانت ہوتی ہے اور وُہ اس کی طرف سے ماذون اور مامور ہوتے ہیں اور اس کی عطا کردہ قوّت و طاقت اور توفیق سے اعانت فرماتے ہیں جیسے غازیانِ اسلام اور مجاہدینِ بدر نے اللّٰہ تعالیٰ سے استغاثہ کیا اور اعانت چاہی اور اللّٰہ تعالیٰ نے ملائکہ بھیج کر فریاد رسی اور اعانت فرمائی۔ کما قال تعالیٰ :

اِذْ تَسْتَغِيْثُوْنَ رَبَّكُمْ فَاسْتَجَابَ لَكُمْ
اَنِّيْ مُمِدُّكُمْ بِاَلْفٍ مِّنَ الْمَلٰٓئِكَةِ

(سورہ الانفال آیت ۹)

تو جس طرح اس کو اللّٰہ تعالیٰ کی امداد و اعانت کہنا صحیح اور درست ہے اسی طرح اس کو ملائکہ کی امداد و اعانت کہنا بھی صحیح اور درست ہے۔ اسی طرح انبیاء کرام اور اولیاء کرام کی امداد و اعانت بھی اللّٰہ تعالیٰ کی ہی امداد و اعانت ہے۔ اسی لیے اللّٰہ تعالیٰ نے فرمایا:

قوله وَمَا رَمَيْتَ اِذْ رَمَيْتَ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ رَمٰى

(سورۃ الانفال ۔ آیت ۱۷)

قولہ تعالیٰ :

اِنَّ الَّذِيْنَ يُبَايِعُوْنَكَ اِنَّمَا يُبَايِعُوْنَ اللّٰهَ يَدُ اللّٰهِ

Marfat.com

ہے اور توسل کا مسئلہ ہی الگ ہے۔

مفتی احمد یار خان صاحب نے عربی عبارت

فان لم ترد علی ضالتی

میں جہالت یا خیانت کی وجہ سے مجہول کا صیغہ معروف کا بنا کر اپنا اُلّو سیدھا کرنے کی ناکام کوشش کی ہے کیونکہ جب عبارت کے اوّل آخر حقیقۃً رد کرنے کا فاعل اللہ موجود ہے تو پھر لوٹانے کی نسبت حقیقۃً سیّد احمد بن علوان کی طرف کیسی؟ معنیٰ تو یہ ہے کہ اگر میری گم شدہ چیز مجھے واپس نہ لوٹائی گئی تو میں سمجھوں گا کہ آپ ولی ہی نہیں اور پھر آپ کا توسل اور برکت کس کام کی۔

گلشنِ توحید و رسالت

ا۔ علامہ سرفراز صاحب نے اس فقہی عبارت کو توسل اور تبرّک پر محمول کیا ہے اور اس میں سیّد احمد بن علوان سے استعانت کی نفی اور انکار سے کام لیا ہے حالانکہ حدیثِ رسول صلّی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم میں اور اس فقہی روایت میں مکمّل موافقت و مطابقت موجود ہے اور وہاں جنگلات اور شہری علاقوں میں موجود رجالِ غیب سے استعانت کا انکار نہیں تو یہاں انکار کا موجب اور باعث کیا ہے۔ اللہ تعالیٰ کے ساتھ مختص اعانت و امداد نہ ملائکہ اور رسل کرام میں پائی جاسکتی ہے اور نہ رجالِ غیب اور اولیاء اللہ میں، اور مخلوق کے شایان جو امداد

Marfat.com

فَوْقَ اَيْدِيْهِمْ ج (سورۃ الفتح آیت ۱۰)

اور حدیث قدسی میں بھی اسی حقیقت کو بیان کیا گیا ہے:

بی یسمع و بی یبصر و بی یبطش الحدیث۔

تفصیل بحث گزر چکی ہے لہٰذا حضرت سید احمد بن علوان کی امداد و اعانت کو الگ سمجھنا اور اللہ تعالیٰ کی امداد و اعانت کو الگ سمجھنا سراسر غلط ہے بلکہ خلق و ایجاد کے لحاظ سے ہر فعل اللہ کا فعل ہے خواہ خلافِ معمول ہو یا معمول کے مطابق اور کسب و سببیت کے لحاظ سے بندوں کا فعل ہے خواہ خواص اور اخص الخواص کا فعل ہو یا عوام کا (مفصل بحث گزر چکی ہے)

۴۔ نیز اگر سیدی احمد بن علوان کا گم شدہ چیز کی بازیابی میں کوئی دخل نہیں تو ان کو پکارنے اور ان کو دیوانِ اولیاء سے خارج سمجھنے کی ناز بھرے اندازِ نیاز سے دھمکی دینے کا کیا مطلب؟ اور جب لوٹانے والا صرف اللہ تعالیٰ ہے اور وُہ فعال لما یشاء ہے تو کسی کے توسل اور طفیل و تصدق کو وُہ نہ تسلیم کرے تو پھر اس ولی کا کیا قصور کہ اس کو دیوانِ اولیاء سے خارج سمجھا جاتے؟ یا پھر علامہ صاحب کو ماننا پڑ جائیگا کہ ان کا متوسل جیسا کیسا بھی ہو اللہ تعالیٰ ضرور بر ضرور اس کی مُراد بر لاتا ہے اور اس کا خلاف نہیں کرتا حالانکہ سرفراز صاحب تو سید المحبوبین خاتم النبیین رحمۃ للعالمین صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی اپنی دُعا اور بالخصوص چچا کے حق میں کی جانے والی دُعا کو بھی غیر مقبول اور غیر مستجاب سمجھتے ہیں اور ابن ابی کے حق میں بھی آپ کی ساری سعی کو بیکار محض اور بے اثر

Marfat.com

سمجھتے ہیں تو کسی دُوسرے شخص کا (خواہ وُہ بذاتِ خود ادنیٰ درجہ کا مسلمان ہی کیوں نہ ہو) کسی ولی کے ساتھ توسل اتنا موثر اور نتیجہ خیز کیونکر سمجھ سکتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ اس کا خلاف ہرگز نہ فرماتے اور ہر حال میں اس کا مُدعا پورا فرمائے۔

لہٰذا یہ امر تسلیم کیے بغیر چارہ نہیں کہ حضرت سیّد احمد بن علوان کو پکارنے والا انہیں سے گم شدہ چیز کی بازیابی کا مطالبہ کر رہا ہے اور اللہ تعالےٰ کے ہاں ان کی ولایت کا اور ماذون من اللہ ہونے اور متصرف باذن اللہ ہونے کا معتقد ہونے کی حیثیت سے کہہ رہا ہے کہ اگر تم نے میری التجا کو شرفِ قبولیت نہ بخشا اور انجاح مطلوب میں اعانت و امداد نہ فرمائی تو میں سمجھوں گا کہ مَیں نے آپ کو غلطی سے ولی اور ماذون و متصرف سمجھ رکھا تھا۔ گویا پکارنے والے کی نداء و پکار اور خطاب کے صیغے جو اوّل و آخر میں مذکور ہیں وُہ بھی اس امر کا قرینہ ہیں کہ گم شدہ چیز کو لوٹانا آپ کی طرف منسوب ہونا چاہیے اور دیوانِ اولیاء سے خارج سمجھنے کا جملہ بھی اس امر کا مؤید ہے لہٰذا ان کو سبب بھی تسلیم نہ کرنا سراسر تحکم اور سینہ زوری ہے۔

عجیبہ : اس عبارت میں دیوانِ اولیاء سے خارج کر دینے کا ذکر تھا اور اس کی نسبت متکلم کی طرف کرنے پر علامہ صاحب کو اعتراض نہیں بلکہ تاویل یہ کر لی کہ میں تمہیں دیوانِ اولیاء سے خارج سمجھوں گا تو ہمارے بیان کردہ قرائن کے تحت صیغہ خطاب بنا لیا جائے اور لوٹانے کی نسبت

Marfat.com

حضرت ابنِ علوان کی طرف دُعا اور سببیت کے لحاظ سے کردی جائے تو یہ کیوں جائز نہیں؟ کیا کسی ولی کو عامی آدمی کا دیوانِ اولیاء سے خارج کر دینا آسان کام ہے اور ولی کا گم شدہ چیز کو مالک تک پہنچا دینا مشکل کام ہے اور اوّل الذکر میں نسبت درست ہے اور ثانی الذکر میں درست نہیں ہے؟

۴- کیا بھاگی ہوئی سواری اگر اعینونی عباد اللّٰہ کہنے پر دستیاب ہو جائے تو یہ سمجھنا درست ہوگا کہ اسے اللّٰہ تعالیٰ نے نہیں لوٹایا صرف رجالِ غیب نے لوٹایا ہے۔ یا حضرت عُمر رضی اللّٰہ عنہ کی آواز کو بقول علاّمہ سرفراز صاحب لشکرِ خُداوندی نے حضرت ساریہ ؓ تک پہنچایا، تو یہ کہنا صحیح ہوگا کہ اسے اللّٰہ تعالیٰ نے نہیں پہنچایا۔ طبیب کی دوا سے اگر مرض دُور ہو جائے تو کیا کہیں گے کہ اسے اللّٰہ تعالیٰ نے دور نہیں فرمایا سبھی اسبابِ ظاہرہ اور باطنہ عادت اور معمول کے مطابق مؤثر ہیں اور حقیقی مؤثر اور موجد اللّٰہ تعالیٰ ہی ہے لہٰذا ردِ ضالہ اور گم شدہ کی واپسی کی نسبت اللّٰہ تعالیٰ کی طرف بھی صحیح ہے از روئے ایجاد و تخلیق اور تقویّت و توفیق کے اور سیّد احمد بن علوان کی طرف بھی صحیح ہے بطورِ سبب اور کاسب ہونے کے لہٰذا علاّمہ صاحب نے جن قرآن کو حضرت سیّد احمد بن علوان کی طرف گم شدہ چیز کے واپس کرنے کی نسبت سے مانع سمجھ لیا ہے وُہ قطعاً مانع نہیں ہیں اور ہمارے بیان کردہ قرآن اور بالخصوص گم شدہ سواری کے واپس لانے والی حدیث میں عباد اللّٰہ

ؓ رضی اللّٰہ عنہ

Marfat.com

سے امداد کی اپیل اور اسے روکنے اور پابند کرنے کی درخواست اس نسبت کی مؤید اور مؤکد ہے۔

لہٰذا مفتی احمد یار خان صاحب رحمۃ اللہ علیہ نے کمالِ عرفان کا مظاہرہ کیا اور عبارت کی رُوح اور مغز کو بیان کیا جس میں نہ انکی جہالت کا شائبہ ہے اور نہ بد دیانتی کا البتہ وُہ جن اُلّوؤں کو سیدھا کرنا چاہتے تھے وُہ ان سے سیدھے نہ ہونے تھے نہ ہُوئے۔ ے

گلیم بخت کسے کہ بافند سیاہ
بآبِ کوثر و تسنیم سفید نتواں کرد

ے

تہی دستانِ قسمت راچہ سود از رہبرِ کامل
کہ خضر از آبِ حیواں تشنہ می آرد سکندر را

۵۔ نیز اگر محض توسل اور تبرّک مقصود ہوتا تو اللہ تعالیٰ سے عرض کیا جاتا کہ محبوبِ کریم علیہ السّلام کے طفیل یا سیّد احمد بن علوآن کے طفیل اس گم شدہ چیز کو مجھ پر لوٹا ورنہ میں اس کو تیرے اولیاء اور مقبولین میں سے نہیں سمجھوں گا۔ جو خُداوند رحیم و کریم سب سے قریب تر بھی ہے اور قادرِ مطلق بھی ہے اور سب کی سُنتا بھی ہے اور حاجات بر لانے والا بھی درحقیقت وہی ہے تو نسبت فعل کی بھی اس کی طرف کی جاتی اور اس کو نداء کی جاتی اور خطاب بھی اس سے ہوتا۔ خطاب اور نداء اوّل و آخر میں حضرت سیّد احمد بن علوان کو ہو اور حقیقی لوٹانے والا کون ہے

Marfat.com

اس کا ذکر ہی نہ کیا جاتے۔ بجائے معلوم کے مجہول کا صیغہ بنا دیا جائے یعنی اللہ تعالیٰ کی طرف بھی نسبت گوارا نہ کی جائے آخر اس مجہولیت کا باعث کیا ہے اور معلوم و معروف سے عدول کا محرک کیا ہے؟

لہٰذا راجح اور مختار وہی ہے جو حکیم الامت حضرت مولانا مفتی احمد یار خان صاحب رحمۃ اللہ علیہ نے ذکر فرمایا ہے اور اس سے اولیاء اللہ سے استغاثہ و استعانت اور وُہ بھی دُور دراز سے اور وصال شریف کے بعد ثابت ہے اور اکابر فقہاءِ کرام کے ہاں اس کا مسلّم ہونا واضح ہوگیا لہٰذا اس کا عدم جواز کے لیے دُور دراز کی قید لگانا اور بعد از وفات کی قید لگانا اور فوق الاسباب کی قید لگانا لغو ہو کر رہ گئے اور علاّمہ صاحب کی ساری سعی لا حاصل ثابت ہوئی۔

۲۔ حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلوی رحمہ اللہ کی شخصیت برصغیر پاک و ہند میں ہر صاحبِ علم کے نزدیک معروف اور مسلّم ہے اور بالخصوص ہم پر شرک کے فتوے لگانے والے اپنے ہر غلط فتویٰ اور قول کو انہیں کی طرف منسوب کرنے کی کوشش کرتے ہیں لہٰذا ہم ان کے الفاظ میں استعانت و استمداد کا جواز واضح کرتے ہیں اور اصنام و اوثان اور مقبولانِ بارگاہِ خُداوندی میں فرق اور امتیاز انہیں کے ارشادات سے ثابت کرتے ہیں۔

۱۔ آپ بارگاہِ رسُولِ معظم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم میں عقیدت و نیاز مندی اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم سے استعانت و استمداد

Marfat.com

کرتے ہوئے فرماتے ہیں :

تطلبت هل من ناصر او مساعد

الوذ به من خوف سوء العواقب

میں نے بہت کوشش کر دیکھی کہ آیا کوئی مددگار اور ہاتھ بٹانے والا پاتا ہوں جس کی پناہ حاصل کروں بُرے انجام سے۔

اذا ما اتتنی ازمة مدلهمة

تحیط بنفسی من جمیع جوانب

جب مجھے کوئی سخت تاریک مصیبت پیش آئے جو ہر طرف سے میرا احاطہ کرے۔

فلست اریٰ الا الحبیب محمداً [له]

رسول الله الخلق جم المناقب

تو میں نہیں دیکھتا سوائے حبیبِ کریم محمّد صلی اللہ علیہ وسلّم کے جو خالق خلق کے کثیر المناقب رسُول ہیں۔

معتصم المکروب فی کل غمرة

و من منتجع الغفران من کل تائب

مصیبت زدگان کی ہر مشکل میں پناہ گاہ ہیں اور ہر توبہ کرنیوالے کی بخشش میں مرکزِ امید ہیں۔

وصلّی علیکَ اللهُ یا خیرَ خلقه

ویاخیر مامول یاخیر واهب

[له] صلی اللہ علیک یا حبیب اللہ

Marfat.com

اور صلوٰۃ بھیجے اسے بہترین خلائق آپ پر اللّٰہ تعالیٰ کیونکہ بہترین اُمیدگاہ اور بہترین داتا ہو۔

و یاخیر من یرجیٰ لکشف رزیۃ
ومن جودہ قد فاق جود السحائب

اے وُہ کریم کہ مصائب دُور کرنے میں بہترین امیدگاہ ہو اور جن کا جُود و نوال برستے بادلوں پر فائق ہے۔

فاشھد ان اللّٰہ راحم خلقہ
وانک مفتاح لکنز المواھب

پس میں گواہی دیتا ہُوں کہ اللّٰہ تعالیٰ اپنی مخلوق پر رحم کرنے والا ہے اور تم عطاؤں کے خزانوں کی کنجی ہو۔

وانت مجیری من ھجوم ملمۃ
اذا انشبت فی القلب شر المخالب

اور تم مجھے پناہ دینے والے ہو نازل ہونے والے مصائب کے ہجوم میں جب دل میں وُہ بدترین پنجے گاڑیں۔

فما انا اخشی ازمۃ مد لھمۃ
ولا انا من ریب الزمان براھب

تو میں نازل ہونے والی مصیبت سے خوف نہیں کھاتا، اور نہ حوادثِ زمانہ سے ڈرتا ہُوں۔

Marfat.com

فانی منکم فی قلاع حصینة

وحد حدید من سیوف المحارب

کیونکہ میں تمہاری بدولت محفوظ قلعوں میں ہوں اور جنگجوؤں کی تلواروں سے آہنی دیوار کی اوٹ میں ہوں۔

رسول اللہ یاخیر البرایا

نوالک ابتغی یوم القضاء

اے رسولِ خدا[1] اے بہترینِ خلائق میں روزِ قیامت آپ کے ہی جود و نوال کا طالب ہوں۔

اذا ماحل خطب مدلھم

فانت الحصن من کل البلاء

اجب کوئی تاریک مصیبت نازل ہو تو ہر بلا سے پناہ کا قلعہ آپ ہی ہیں۔

الیک توجھی وبک استنادی

وفیک مطامعی وبک ارتجائی

میری توجہ آپ کی طرف ہے اور آپ ہی میرا سہارا ہیں اور تم ہی سے طمع ہے اور تم ہی سے اُمید ہے۔

اس قصیدہ اطیب النغم میں حضرت حکیم الامت نے رسولِ معظم نورِ مجسم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم سے استعانت و استمداد فرمائی ہے اور آپ کو ہر مشکل کے حل اور ہر حاجت کے بر آنے میں سبب کامل

[1] صلی اللہ علیک وسلم۔

Marfat.com

اور ہر نعمت و مکرمت کے حصول میں مفتاح اور سبب وصول قرار دیا ہے اور ندا۔ و پکار بھی ہے اور دُور و دراز سے بھی ہے اور فوق الاسباب امور میں بھی ہے۔

اور یہی حکیم الاُمت حجۃ اللہ البالغہ میں تصریح فرماتے ہیں کہ بعض نفوسِ انسانیہ ملاء اعلیٰ کا قرب حاصل کر لیتے ہیں اور ان میں شامل ہو کر خلقِ خدا کی مدد کرتے ہیں جیسے کہ ص۱۴ ج ۱ - ص۴۲ ج ۱ - ص۶۳ ج ۱ ص۴۲ ج ۱ - ص۱۱۱ ج ۱ پر یہ تصریح موجود ہے اور عبارات ذکر کی جا چکی ہیں۔

۳- نیز آپ الانتباہ فی سلاسل اولیاء اللہ میں حل مشکلات اور قضائے حاجات کے لیے یہ وظیفہ بتلاتے ہیں اور اکابرینِ ملت سے خود اس کی اجازت حاصل فرمائی اور دُوسرے حضرات کو اجازت دیتے رہے اور اس کا معمول بھی رکھا۔ (بحوالہ سیف چشتیائی والکواکب الشہابیہ)

نَادِ عَلِیًّا مَظْهَرَ الْعَجَائِبِ
تَجِدْهُ عَوْنًا لَّكَ فِی النَّوَائِبِ
کُلُّ هَمٍّ وَّغَمٍّ سَیَنْجَلِی
بِنُبُوَّتِكَ یَا مُحَمَّدُ [1] بِوِلَایَتِكَ یَا عَلِیُّ [2] یَا عَلِیُّ یَا عَلِیُّ [3]

یعنی پکار علی مرتضیٰ رضی اللہ عنہ کو جن کی ذات پاک سے وہ خوارق اور فیوض ظاہر ہوتے ہیں جنہیں دیکھ کر عقلیں دنگ رہ جاتی ہیں جب تو انہیں ندا کرے گا تو انہیں مصائب و آفات میں اپنا مددگار پائے گا۔

[1] صلی اللہ علیک یا حبیب اللہ [2] کرم اللہ وجہہ - [3] یہ کل تو طیبہ دعائے سیفی کا حصہ ہیں (حاشیہ ۳ آگے ملاحظہ ہو)

Marfat.com

ہر رنج والم بھی دُور ہوتا ہے تیری ولایت کے سبب یا علی یا علی یا علی ۔

اس میں حضرت شاہ صاحب اور ان کے اساتذہ اور مشائخ کا حضرت علی رضی اللہ عنہ کو پکارنے کا حکم دینا بھی ثابت اور انکا معاون و مددگار ہونا بھی ثابت اور انکی ولایت کے طفیل ہر رنج والم کا دُور ہونا بھی ثابت اور آپ کی ندار و پکار بھی ثابت ہے۔ نیز حضرت حکیم الاُمّت محدث دہلوی رحمہ اللہ نے الانتباہ کے باب اشتغال میں فرمایا کہ :

یا شیخ عبد القادر جیلانی شیئاً للہ

ایک سو گیارہ مرتبہ پڑھے ۔

اس میں ندا بھی ہے اور آپ سے خداوند تعالیٰ کے نامِ اقدس کے طفیل مطلوب عطا کرنے کا سوال بھی ہے اور قریب و بعید اور حالتِ حیات اور ممات کا فرق بھی نہیں بلکہ آپ کے وصال شریف کے صدیوں بعد یہ انداز طلب اور طریقِ استعانت بتلا رہے ہیں۔ لہٰذا ان سب حضرات کو بھی ہماری طرح شرک کے فتووں سے نوازیئے یا پھر ہمیں بھی معاف رکھیے آخر یہ کونسا اسلام ہے جس میں اپنی پسندیدہ شخصیات کے لیے شرک بھی اسلام بن جائے اور ناپسندیدہ اشخاص کا اسلام بھی شرک بن جائے ۔

۴ - حضرت حکیم الاُمّت کے فرزند ارجمند اور خاتم المفسرین والمحدثین حضرت شاہ عبد العزیز قدس سرہ العزیز حضرت شیخ سیّد زروق رحمۃ اللہ علیہ کے متعلق فرماتے ہیں کہ :

(بقیہ) جس کی اجازت حضرت شاہ ولی اللہ صاحب نے حضرت شیخ محمد سعید علیہ الرحمہ سے حاصل کی فرماتے ہیں۔ ایں فقیر در سفر حج چوں بہ لاہور رسید و دست بوس شیخ محمد سعید لاہوری یافت ایشان اجازت دعائے سیفی دادند۔

Marfat.com

بالجملہ مرد جلیل القدریست کہ مرتبۂ کمال او فوق الذکر است و او آخر محققان صوفیہ است کہ بین الحقیقت والشریعت جامع بودہ اند و بشاگردیٔ او اجلۂ علماء مفتخر و مباہی بودہ اند مثل شہاب الدین قسطلانی و شمس الدین تعانی و خطاب الکبیر و طاہر بن زبان روادی و او را قصیدہ ایست بر طور قصیدۂ جیلانیہ کہ بعض ابیات او ایں است :

انا لمریدی جامع لشتاتہ

اذا ماسطا جور الزمان بنکبۃ

و ان کنت فی ضیق وکرب ووحشۃ

فناد بیا زروق ات بسرعۃ

خلاصۂ کلام یہ ہے، یہ شخصیت بہت جلیل القدر ہے کہ انکا مرتبۂ کمال بیان سے باہر اور بالاتر ہے اور ان محققین صوفیا میں سے آخری ہیں جو کہ حقیقت اور شریعت کے مجمع البحرین ہیں اور ان کی شاگردی پر جلیل القدر علماءِ کرام فخر و مباہات کا اظہار کرتے ہیں مانند شہاب الدین قسطلانی شمس الدین تعانی، خطاب کبیر اور طاہر بن زبان روادی کے اور ان کا ایک قصیدہ ہے حضرت غوثِ اعظم رضی اللّٰہ عنہ کے قصیدہ کے انداز پر کہ اس کے دو بیت یہ ہیں :

میں اپنے مُرید کی پراگندگیوں اور پریشانیوں کو جمعیت و سکون میں بدلنے والا ہُوں۔ جبکہ زمانہ کا جور و ستم بدبختی و ادبار کے ساتھ اس پر حملہ آور ہو اگر تو کسی تنگی اور کربت و سختی اور وحشت و گھبراہٹ میں

(بقیہ) بل اجازت جمیع اعمال جواہر خمسہ دستہ خود بایشاں کردند و ایشان دریں زمانہ یکے از عیان مشائخ طریقۂ حسنیہ و شطاریہ بودہ اند و جز ایشان کسے را اجازت ندادند و بعد حضرت حجت نمی شد۔ اشتباہ مترجم عفی عنہ۔

Marfat.com

مبتلا ہو تو یا زروق کہہ کر پکار میں فوری طور پر تیرے پاس امداد و اعانت کے لیے آموجود ہوں گا۔

حضرت خاتم المحدثین جس ہستی کی مذکورہ بالا الفاظ کے ساتھ مدح وثنا اور تعریف و توصیف فرماویں اور اکابر علماءِ اعلام جنکی شاگردی پر نازاں ہوں اور وہ شریعت و حقیقت کے مجمع البحرین بھی ہوں تو ان کا فرمان ضروری ہے کہ صحیح اور درست ہو اور اس پر عمل کرنے والا کفر و شرک سے بری اور منزّہ ہو۔ حالانکہ اس قصیدہ میں پکارنے کا حکم بھی ہے اور حاضر ہونے اور امداد و اعانت کرنے اور کرب و الم اور اضطراب و وحشت کے دور کرنے کی بشارت بھی موجود ہے اگر یہ نظریہ کفر و شرک ہوتا تو اس کے قائل کو حضرت شاہ صاحب ان اوصافِ کمال سے یاد نہ کرتے اور اس شرکیہ قصیدہ کو ذکر کر کے خود اس میں حصہ دار نہ بنتے لہٰذا واضح ہو گیا کہ ہم اہلسنّت کا نظریہ دراصل جامع الشریعت و الحقیقت بزرگانِ دین اور مقتدایانِ ملّت کا عقیدہ و نظریہ ہے۔

نیز آپ کے فرمان کے مطابق قصیدہ غوثیہ کی نسبت حضرت شاہِ جیلاں غوثِ اعظم رضی اللہ عنہ کی طرف برحق ثابت ہو گئی اور اس میں بھی استمداد و استعانت کرنے اور آپ کی طرف سے امداد و اعانت فرمانے کی ضمانت ہے اور تمام بلاد و عباد پر حکومت اور تصرّف و تسلّط کا اعلان ہے۔

Marfat.com

۵ - حضرت علامہ خیرالدین رملی اپنے فتاوی میں
یاشیخ عبدالقادر جیلانی شیئاً للہ -
کے متعلق فرماتے ہیں :

فھو نداء و لذا اضیف الیہ شئ للہ فھو طلب
الشی اکراماً للہ فما الموجب للحرمۃ -

(صـ ۱۸۲ ج ۲)

کہ یہ حضرت شیخ قدس سرہ العزیز کو پکارنا اور ندا کرنا ہے اور جب اس کے ساتھ شیئاً للہ کا اضافہ کر دیا جاتے تو وہ اللہ تعالے کے نام کی عزت و تکریم کے وسیلہ سے شے کا طلب کرنا ہے لہٰذا اس کے حرام ہونے کی کوئی علتِ موجبہ نہیں ہے۔[1]

۶ - علامہ ابن عابدین نے رد المحتار میں "شیئاً للہ" پر بحث کرتے ہوئے فرمایا :

قیل یکفر لعل وجھہ انہ طلب شیئاً للہ تعالیٰ
واللہ تعالیٰ غنی عن کل شی والکل مفتقر ومحتاج
الیہ و ینبغی ان یرجح عدم التکفیر فانہ یمکن
ان یقول اردت ان اطلب شیئاً اکراما للہ
شرح الوھبانیۃ قلت فینبغی او یجب التباعد
عن ھذہ العبارۃ وقدمر ان مافیہ خلاف یوٴمر
بالتوبۃ والاستغفار و تجدید النکاح لکن

[1] وکذا جوزالامام السیوطی یا سیدی عبدالقادر اکہ کتاب الزجر فی الطلب والحکم صفحہ ۲۷ -

Marfat.com

هٰذا ان کان لا یدری ما یقول اما ان قصد المعنی الصحیح فالظاہر انہ لا باس بہ

(ص ۳۳۶ ج ۳)

کہا گیا ہے کہ شیئاً للہ کفر ہے شاید اس کی وجہ یہ ہے کہ یہ اللہ تعالیٰ کے لیے کوئی شے طلب کرنا ہے حالانکہ وہ ہر شے سے بے نیاز ہے اور سبھی اس کے فقیر اور محتاج ہیں اور مناسب یہی ہے کہ اس کلمہ کے کفر نہ ہونے کو راجح اور مختار قرار دیا جائے کیونکہ ہو سکتا ہے کہ یہ لفظ بولنے والا کہے میں نے ارادہ یہ کیا ہے کہ میں یہ چیز (اپنے لیے) طلب کرتا ہوں اللہ تعالیٰ کی تکریم و تعظیم کے توسل سے شرح الوہبانیہ میں کہتا ہوں پس مناسب اور موزوں یا واجب و لازم امر یہ ہے کہ ایسی عبارتوں سے دور رہا جائے اور یہ تحقیق پہلے گزر چکی ہے کہ جس امر میں اختلاف ہو اس میں توبہ و استغفار اور تجدید نکاح کا حکم دیا جائے۔ لیکن یہ اس صورت میں ہے جب بولنے والا اپنے قول کا مطلب و مفہوم نہ جانے اور بغیر سوجھ بوجھ کے ایسے الفاظ زبان پر لائے لیکن اگر صحیح معنیٰ کا قصد کرے تو یقینی امر یہی ہے کہ اس میں کوئی حرج نہیں ہے۔

اور یہ حقیقت واضح ہے اور بیان و استدلال سے مستغنی ہے کہ کوئی عام انسان چہ جائیکہ مسلمان اللہ کو ضرورت مند نہیں سمجھ سکتا اور نہ ہی اس کے لیے کوئی شے طلب کرنے کا وہم و گمان ہی

Marfat.com

کر سکتا ہے بلکہ ہر سائل اور محتاج و فقیر اللہ تعالیٰ کے نام اقدس کو صرف وسیلہ ہی بناتا ہے اور اس کے اکرام و اعزاز اور توقیر و احترام کو اپنے مدعا کے پورے ہونے اور اکمل و اتم طریق پر اور جلد از جلد پورے ہونے کا وسیلہ بناتا ہے اور انہیں معنی کے تحت خود اللہ تعالیٰ نے لوگوں کا معمول بتلایا اور فرمایا :

وَالذی تسألون به والارحام ۔

وہ ذات والا کہ اس کے طفیل اور ارحام کے توسل سے تم سوال کرتے اور مدعا طلب کرتے ہو۔

لہٰذا جب یہی احتمال متعین ہے اور ہر شخص اس معنیٰ و مفہوم پر مطلع ہوتا ہے اور اسی کو مدِ نظر رکھ کر ہی سوال کرتا ہے تو اس کے مباح اور جائز ہونے میں شک و شبہ کی کوئی وجہ نہیں رہتی ، علامہ خیر الدین رملی فرماتے ہیں :

و ھٰذا لا یختلج فی خاطر احد فان ذکرہ تعالیٰ للتعظیم کمافی قولہ تعالیٰ فان للہ خمسہ و مثلہ کثیر۔ (ص ۱۸۲ ج ۲)

یعنی اللہ تعالیٰ کی محتاجی والا معنیٰ کسی کے دل میں نہیں کھٹکتا کیونکہ اللہ تعالیٰ کا ذکر فقط تعظیم کے لیے ہے جیسے کہ قولِ باری فان للہ خمسہ میں یعنی مالِ غنیمت کا پانچواں حصہ اللہ تعالیٰ کے لیے ہے اور اس طرح اللہ تعالیٰ کا ذکر بہت جگہ واقع ہے تو اس بے بنیاد

Marfat.com

اور موہوم اور غیر ناشی عن دلیل شبہ کی بنا پر مسلمانوں کو کافر قرار دینا قطعاً غلط ہے۔

اذ لا وجه لذٰلك وكيف مع قولهم لا يخرج المؤمن من الايمان الا جحود ما ادخله وقولهم الكفر شيء عظيم فلا يكفر المسلم اذا اختلف فيه ولو برواية ضعيفة ومعاذالله ان يوجد الكفر بذٰلك۔ (ص۱۸۲)

کیونکہ کفر کی کوئی وجہ نہیں اور کیونکر ہو سکتی ہے جبکہ فقہائے کرام فرماتے ہیں کہ مومن کو ایمان سے اسی چیز کا انکار نکال سکتا ہے جس چیز کے اقرار نے اس اہلِ ایمان میں داخل کیا اور فرماتے ہیں کہ تکفیر بہت بڑا اہم معاملہ ہے لہٰذا کسی مسلمان کی تکفیر نہیں کرنی چاہیے جب اس قول کے کفر ہونے میں اختلاف ہو اگرچہ ضعیف روایت کے مطابق بھی اور معاذاللہ کہ اس کلمہ سے کفر متحقق ہو۔

فائدہ : نیز علامہ ابن عابدین رحمہ اللہ کی ان دونوں عبارتوں کو مدِ نظر رکھنے سے یعنی شیئاً للہ کی تحقیق اور گم شدہ کی واپسی کیلئے

یا سیدی احمد یا ابن علوان ان لم ترد علیّ ضالتی۔

پکارنے کی تجویز و تصحیح سے یہ امر بھی واضح ہو جائے گا کہ گم شدہ چیز کے رد کرنے اور لوٹانے کی نسبت حضرت سیّد احمد بن علوان کی طرف بالکل درست ہے اور اس کو مجہول بنانے اور حضرت ابن علوان کو رد اور واپسی

Marfat.com

کا فاعل نہ ماننے کی کوئی وجہ وجیہ نہیں ہوسکتی۔ کیونکہ جب اللہ تعالےٰ کے نام کا واسطہ دے کر کسی ولی اور محبوب خداوندی سے کوئی شے طلب کرنا جائز ہے تو گم شدہ کی واپسی کا آپ سے مطالبہ کیوں کر جائز نہیں ہوگا؟

گلدستۂ توحید

حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلوی لکھتے ہیں:

چنانچہ بعضے وظیفہ یا بہاؤالدین مشکل کشا درنشست و برخاست اشتغال داشتہ خود را از محبان حضرت بہاؤالدین علیہ الرحمہ شمردہ اند و بعضے برائے کشائش رزق، یا نظام الدین اولیاء زری زربخش ورد نمودہ اند و گروہے اختراع کردہ اند کہ از برائے ہرمہم ورد

یا شیخ عبدالقادر جیلانی شیئاً للہ

کفایت می کند۔ خبردار باید شد کہ ایں ہمہ افترا، و بہتان است مثل ایں معنی اصلا از اہل طریقت مستقیمہ روایت نمی کنند و از مردم ثقہ مروی نشدہ۔ (البلاغ المبین ص۹۳) دریں کلام خدا تعالیٰ را شفیع گردانیدہ اند و حضرت شیخ را دہندہ دحقیقت بالعکس می نماید۔

(البلاغ المبین ص۱۲۸)

نیز حضرت شاہ صاحب فرماتے ہیں:

واعلم ان طلب الحوائج من الموتی عالماً بانہ سبب

Marfat.com

لا نجاحها کفر یجب الاحتراز عنه بحرمه
هذه الکلمة والناس الیوم فیها منهمکون۔

(الخیر الکثیر ص۱۰۵)

جاننا چاہیے کہ مُردوں سے یہ جانتے ہوئے حاجتیں طلب کرنا کہ وُہ حاجات پُورا ہونے کا سبب محض ہیں خالص کفر ہے اس سے احتراز کرنا واجب ہے اور اس کو یہ کلمہ (شہادت) حرام قرار دیتا ہے مگر لوگ اس میں (بکثرت) اس زمانہ میں مبتلا ہیں۔

غور کیجیے کہ حضرت شاہ صاحب مُردوں سے حاجات طلب کرنے کو اور وُہ بھی محض ان کو سبب سمجھ کر کُفر قرار دیتے ہیں۔ظاہر بات ہے کہ اگر کوئی غائبانہ مُردوں سے حاجت طلب کرے گا تو وُہ ان کو حاضر و ناظر اور عالم الغیب مانے گا اور پہلے باحوالہ گزر چکا ہے کہ:

من قال ارواح المشائخ حاضرة تعلم یکفر

لہٰذا اگر کوئی شخص یہ سمجھتا ہے کہ بزرگوں کی حاضری ان کے حاجات کے پورا ہونے کا سبب ہے تو اس میں وہی حاضر و ناظر ہونے وغیرہ کا مسئلہ شامل ہو جاتا ہے۔ (ص۱۵۳، ۱۵۴)

گلشنِ توحید و رسالت

۱- علامہ صاحب نے شاہ ولی اللہ محدّث دہلوی رحمہ اللہ کا نام مُبارک استعمال کر کے یہ تاثر دینے کی کوشش کی ہے کہ وُہ اس طرح کے

Marfat.com

وظائف کو ناجائز قرار دیتے ہیں حالانکہ جس کتاب کا حوالہ دیا ہے یہ ان کی کتاب ہی نہیں ہے اور محض افترار اور بہتان کے طور پر ان کی طرف اس کو منسوب کر دیا گیا ہے۔ شاید علامہ صاحب کے نزدیک شاہ ولی اللہ کی طرف منسوب کتاب خواہ بطور افترار ہی کیوں نہ ہو حجت و برہان ہو گی صرف احادیثِ رسول صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم میں نسبت و اسناد معلوم کرنا ضروری ہو اور وہ بھی مخالفین کی پیش کردہ روایات میں لیکن اپنے حق میں موضوع روایات ہوں یا جعلی کتابیں ہوں سبھی حجت اور دلیل ہوں گی اور بیّن برہان اور انہیں بلا جھجک مخالفین کے خلاف مقام استدلال میں پیش کرنا بالکل جائز اور روا ہوگا۔

اور اس معاملہ میں ہم ان کو معذور سمجھتے ہیں کیونکہ یہ عادت اور معمول ان میں بطور وراثت آگیا ہے اور گویا ان کی گھٹی میں شامل ہے۔ ان کے اکابر خلیل احمد صاحب انبیٹھوی اور رشید احمد صاحب گنگوہی علمِ مصطفٰے صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے انکار میں بھی ایسے ہی گل کھلایا کرتے تھے اور گلدستے پیش کیا کرتے تھے۔ چنانچہ براہینِ قاطعہ میں لکھا ہے:

شیخ عبدالحق روایت کرتے ہیں کہ مجھکو دیوار کے پیچھے کا بھی علم نہیں ہے۔ (ص ۵۱)۔

حالانکہ شیخ محقق حضرت شاہ عبدالحق محدث دہلوی فرماتے ہیں:

گفتہ اند کہ صواب آنست کہ چنانکہ قلب شریف آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم

Marfat.com

را احاطہ و وسعتے در درک و علم معقولات داد ند حواس لطیف او را نیز احاطہ در درک محسوسات بخشید ند و جہات ستہ را در حکم یکجہت گردانید ند واللہ اعلم و اینجا اشکال می آرند کہ در بعضے روایات آمدہ است کہ گفت آنحضرت صلّی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم کہ من بندہ ام نمیدانم آنچہ در پس ایں دیوار است جوابش آنست کہ ایں سخن اصلے ندارد و روایت بداں صحیح نشدہ است۔ (مدارج النبوت صک ج ۱)

علماءِ اعلام نے فرمایا ہے کہ صحیح اور صواب یہ ہے کہ جس طرح آنحضرت صلّی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم کے دل مُبارک کو معقولات کے ادراک اور علم میں اللہ تعالیٰ نے احاطہ اور وسعت بخشی ہے آپ کے حواسِ لطیفہ کو بھی محسوسات کے ادراک میں احاطہ بخشا ہے اور چھ جہتوں کو آپ کے لیے ایک جہت کے حکم میں کر دیا ہے اور اس جگہ یہ اشکال اور سوال پیش کرتے ہیں کہ بعض روایات میں وارد ہے کہ آنحضرت صلّی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم نے فرمایا ہے کہ مَیں بندہ ہُوں اور مَیں نہیں جانتا جو اس دیوار کے پیچھے ہے۔ جواب اس کا یہ ہے کہ اس قول کی کوئی اصل اور بنیاد نہیں ہے اور اس کے متعلق روایت صحیح نہیں ہے۔

اور علامہ علی قاری علیہ الرحمہ موضوعات کبیر میں فرماتے ہیں :

قال العسقلانی لا اصل لہ ۔(صنا)

حافظ عسقلانی فرماتے ہیں کہ اس حدیث کی کوئی اصل اور بنیاد نہیں ہے لیکن بایں ہمہ علماءِ دیوبند نے حضرت شیخ محقق کے حوالے سے

Marfat.com

ہی اس کو درج کرکے ان کے علمِ مصطفوی کے متعلق عقیدہ ونظریہ کا بھی مذاق اُڑایا اور اس حدیث کی موضوعیت کے متعلق ان کے قولِ فیصل کا بھی اور خم ٹھونک کر اس کو علمِ مصطفوی کی نفی میں بطورِ دلیل و برہان پیش کر دیا۔

لہٰذا علّامہ سرفراز صاحب اگر اپنے اسلاف کی اقتدار میں اس جا بکدستی کا مظاہرہ کریں، تو محلِ تعجب نہیں بلکہ الولدسر لابیہ کی مُنہ بولتی دلیلِ صدق اور برہانِ عدل ہے۔

لیکن علماءِ کرام کی تنقید اور طعن وتشنیع سے مجبور ہوکر بطورِ حاشیہ اتنا قدر تسلیم کر لیا کہ بعض حضرات نے جن میں حضرت مولانا سید سلیمان ندوی بھی شامل ہیں البلاغ المبین کو حضرت شاہ ولی اللہ صاحب کی تالیف تسلیم نہیں کیا۔ ہمارا کوئی مسئلہ اس پر موقوف نہیں ہے۔

ع عمرت دراز باد ایں ہم غنیمت است

مقامِ تعجب ہے کہ جب کتاب کے متعلق آپ کے اکابر بھی تسلیم کر چکے کہ حضرت شاہ صاحب کی نہیں اور اس سے قطعِ نظر اس میں اختلاف ہی تسلیم کرلیں تو کتاب بذاتِ خود مختلف فیہ ہے اور اس کی نسبت کے متعلق علماءِ اعلام کو کلام ہے تو اس قدر اہم نزاعی مسئلہ میں اس سے استدلال کا کوئی عالم و فاضل کیونکر سوچ سکتا ہے اور ایسی جسارت کیونکر کر سکتا ہے لیکن علّامہ صاحب اور ان کے اسلاف کے نزدیک یہ معمول کی بات ہے۔

Marfat.com

نیز یہ دعوٰی کہ "یا شیخ عبدالقادر جیلانی شیئاً للّٰہ" اور اس مضمون کے دُوسرے اوراد و وظائف افتراء اور بہتان ہیں اور اہلِ طریقت مستقیمہ اور ثقہ لوگ ان کو روایت نہیں کرتے خلاف تحقیق ہے اور فقہاءِ کرام کے قبل ازیں ذکر کردہ اقوال کے سراسر خلاف ہے اور خود شاہ صاحب کے اقوال کے بھی خلاف ہے۔

فتاوٰی خیریہ میں سوال کی عبارت اور جواب میں اس کی تصویب اور تجویز سے اس روایت کا ثقہ ہونا اور اہلِ طریقت مستقیمہ سے مروی ہونا واضح ہو جاتا ہے۔ چنانچہ سوال کی عبارت ملاحظہ ہو۔

سئل من دمشق من الشيخ ابراهيم العمادى فيما اعتاده السادة الصوفية من حلق الذكر والجهر به فى المساجد من جماعة ورثوا ذٰلك عن أباء هم واجداد هم وينشدون القصائد الصوفية الصادرة عن ذوى المعارف الالٰهيه كالقادريه والسعدية والمطاوعية وغيرهم ممن سلمت لهم فقهاء الملة المحمدية و يقولون يا شيخ عبد القادر، يا شيخ احمد يا رفاعى شئ لله عبد القادر ونحو ذٰلك۔ (ص۱۸۱)

دمشق سے شیخ ابراہیم عمادی کی طرف سے سوال کیا گیا سادات صوفیہ کے اس معمول اور رسم و عادت کے متعلق جو انہوں نے اپنا رکھی ہے

Marfat.com

یعنی مساجد میں باجماعت ذکر کی حلقہ بندی اور جہر کے ساتھ ذکر جو کہ ان میں آباء و اجداد سے متوارث اور متواتر طور پر چلا آتا ہے اور وہ ان صوفیانہ قصائد کو بھی پڑھتے ہیں جو معارف الٰہیہ کے واقف اور محرم حضرات سے صادر ہوتے مانند قادریہ، سعدیہ اور مطاوعیہ وغیرہ کے جن کی شانِ والا اور مقامِ بالا کو ملتِ محمدیہ کے فقہاء نے تسلیم کیا ہے، اور وہ کہتے ہیں

یا شیخ عبدالقادر، یا شیخ احمد یا رفاعی، شیئاً للّٰہ عبدالقادر اور اس کی مانند۔

حالانکہ علامہ خیرالدین رملی ۱۰۱۳ھ میں مصر کے جامع ازہر سے فارغ ہو کر وطن مالوف لوٹے اور ۱۰۸۳ھ میں ان کا وصال ہوا اور ان کی خدمت میں جو سوال پیش کیا جا رہا ہے اس میں اس طریقہ کا سادات صوفیہ میں آباء و اجداد سے معمول اور مرسوم و معہود ہونا مذکور ہے تو حضرت شاہ صاحب جیسی علمی شخصیت ایسے معمولات کو اور اتنے عرصے سادات صوفیہ میں رائج امر اور معمول کو افتراء اور بہتان سے کیونکر تعبیر کر سکتی ہے اور آپ اس روایت کی صحت و ثقاہت کا انکار کیونکر کر سکتے ہیں؟ نیز علامہ خیرالدین اس نداء اور سوال کو جائز بھی قرار دے رہے ہیں۔

لہٰذا اس انکار اور رد و قدح کی نسبت آپ کی طرف کرنا بہت بڑا افتراء اور بہتان ہے اور ان کی علمیت اور ثقاہت کو شدید نقصان

Marfat.com

پہنچانے کی مذموم سعی ہے اور اپنے مذموم مقاصد کی تکمیل کے لیے ہر جائز و ناجائز حربہ آزمانے کی بدترین کوشش اور بھونڈی حرکت ہے جو عام اہلِ اسلام کو بھی زیبا نہیں۔

۲۔ دُوسری عبارت میں حضرت شاہ صاحب قدس سرہٗ کی طرف یہ بات منسوب کی گئی ہے کہ یا شیخ عبدالقادر شیئاً للہ میں حضرت شیخ عبدالقادر جیلانی رضی اللہ عنہ کو عطا کرنے والے قرار دیا گیا ہے اور اللہ تعالیٰ کو شفیع قرار دیا گیا حالانکہ حقیقت اس کے برعکس ہے۔ لیکن یہ بات بھی حضرت حکیم الاُمّت جیسی شخصیت سے بعید تر ہے کہ اس عبارت سے اللہ تعالیٰ کی ذات کو حضرت شیخ کی بارگاہ میں شفیع سمجھیں کیونکہ یہاں اللہ تعالیٰ کے نام کو وسیلہ بنایا گیا ہے اور اس نامِ اقدس کا واسطہ اور وسیلہ بنانا محلِ اعتراض نہیں ہو سکتا اور اس لیے فقہاءِ کرام اور علماءِ اعلام نے اس کو جائز رکھا ہے بلکہ اللہ تعالیٰ نے آپ اس کا اہلِ ایمان میں مروج اور معمول ہونا بیان فرمایا چنانچہ فرمانِ باری تعالیٰ ہے:

الَّذِیْ تَسَآءَلُوْنَ بِهٖ وَالْاَرْحَامَ ط (سُورہ نسآء- آیت ۱)

اللہ تعالیٰ وُہ ذات ہے کہ تم اس کے وسیلہ سے سوال کرتے ہو اور مطالبات کرتے ہو اور ارحام کے وسیلہ سے۔

جب اللہ تعالیٰ اس طرح کے سوال کو معمول و مروّج قرار دے اور اس پر اعتراض نہ فرمائے تو کسی دُوسرے شخص کو اعتراض کا کیا حق ہے؟ اور بالخصوص ایسے اکابرین محدثین و مفسرین اس پر اعتراض کیسے کر سکتے ہیں؟

Marfat.com

علاوہ ازیں کوئی مسلمان بھی یہ تصور نہیں کر سکتا کہ حضرت شیخ قدس سرہٗ اپنی طرف سے دیتے ہیں یا دینے پر قادر ہیں ہر مسلمان یہی سمجھتا ہے کہ وہ اللہ تعالیٰ کے عطا کردہ خزائن سے اور اس کے اذن سے ہی دیتے ہیں اور دے سکتے ہیں اور وہ جب خود تسلیم کرتے ہیں کہ مومنین کاملین وصال کے بعد ملاء اعلیٰ کے ساتھ شامل ہو کر مدبرات امر اور کارکنان قضا و قدر سے بن جاتے ہیں تو اللہ تعالیٰ کے خزائن سے عطا کرنے کا اذن انکے حق میں تسلیم کرنے میں ہچکچاہٹ کیوں اور اس پر اس قدر سطحی ذہنیت کا مظاہرہ کرتے ہوئے اعتراض کرنا آپ جیسی شخصیت سے بعید ترین ہے

۴ - تیسری عبارت میں جو کچھ ذکر کیا گیا ہے وہ خود سرفراز صاحب کے بھی خلاف ہے کیونکہ شاہ صاحب نے قریب اور بعید کا کوئی فرق نہیں کیا جبکہ علامہ سرفراز صاحب اسی فرق کا اعتبار ضروری سمجھتے ہیں۔ نیز اس عبارت سے فوت شدگان کے سبب ہونے کی بھی نفی ہو گئی اور یہ عقیدہ کلمہ شہادت کے خلاف ہو گیا حالانکہ علامہ شامی کی عبارت یا سیدی احمد یا ابن علوان کی بحث میں علامہ صاحب تسلیم کر چکے کہ گم شدہ چیز کو لوٹائے گا تو اللہ تعالیٰ گر سیداحمد بن علوان کے وسیلہ طفیل اور ان کی برکت سے اور جن کے وسیلہ طفیل اور برکت سے کوئی شے عطا ہو کیا وہ اس میں سبب نہیں ہوں گے

علاوہ ازیں کیا ہم علامہ صاحب سے دریافت کر سکتے ہیں کہ صرف طلب حاجت حرام ہے یا ان کو سبب سمجھنا حرام ہے۔ اگر سبب سمجھنا حرام ہے تو علامہ صاحب کے اسلاف اور اکابر تسلیم کر چکے کہ سید احمد

Marfat.com

بریلوی کو نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم نے سوتے میں تین چھوہارے کھلا کر کمالاتِ نبوّت کی تکمیل کرادی اور حضرت خواجہ قطب الدّین بختیار کاکی رضی اللہ عنہ نے چشتی سلسلہ کی ولایت عطا فرمائی اور حضور سیّدنا غوثِ اعظم رضی اللہ عنہ نے قادریہ سلسلہ کی اور حضور سیّدنا خواجہ بہاءالدین نقشبند قدس سرّہٗ نے نقشبندیہ سلسلہ کی ولایت عطا کی اور ایک پہر تک پُر زور تاثیر فرما کر دونوں حضرات نے یہ فیض عطا فرمایا۔ تو کیا واقعی ملّت دیوبندیہ یہ تسلیم کرے گی کہ مولوی محمد اسمٰعیل دہلوی صاحب نے یہ امور ذکر کر کے سیّد احمد بریلوی صاحب نے ان کو بتلا کر اور انہیں سبب فیض اور وسیلہ اکتساب مان کر اور دُوسروں کو اس نظریہ وعقیدہ پر کاربند بنا کر حرام در حرام امر کا ارتکاب کیا ہے؟

اور اگر ان کو سبب فیض وعطا سمجھنا حرام نہیں تو پھر ان کو سبب محض سمجھتے ہوئے طلبِ حاجت کیونکر حرام ہے اور سیّد احمد بریلوی صاحب حضرت خواجہ قطب الدین رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے مزار مُبارک پر اس طلب کے لیے ہی تو حاضر ہوئے تھے تو کیا انہوں نے حرام امر کا ارتکاب کیا یا نہیں؟

نیز سیّد احمد بریلوی کے نبیرہ نے حضرت سیّدہ میمونہ رضی اللہ عنہا کے مزار مُبارک پر حاضری دے کر جو عرض کیا کہ اے نانی جان ہم بھوکے ہیں اور تمہارے مہمان ہیں لہٰذا ہماری مہمانی کرو اس میں وُہ حرام امر کے مرتکب ہوئے یا نہیں ہوئے؟

Marfat.com

کتنے افسوس کا مقام ہے کہ اپنے بزرگوں کے لیے ان کمالات کا اظہار کرنا ہو تو پھر اولیاء کرام اور محبوبانِ خداوند تعالیٰ کو سبب ماننا بھی جائز اور ان سے طلب حاجت بھی جائز اور اس وقت حضرت شاہ ولی اللہ دہلوی قدس سرہٗ کے ارشادات بھول جائیں بلکہ خود گھر والوں کو کیونکہ شاہ اسمٰعیل دہلوی صاحب اسی خاندان سے نسبی تعلق رکھتے تھے اور صرف دُوسروں کے لیے فتویٰ بازی مقصود ہو تو مصنوعی اور بہتان و افتراء پر مبنی کتب کے حوالے پیش کر دیتے جائیں۔ حضرت شاہ عبدالعزیز قدس سرہ العزیز کے فتاویٰ کی عبارات گزر چکی ہیں جن میں انہوں نے اولیاء کرام سے بعد از وصال استعانت کو بالکل جائز اور درست تسلیم کیا اور برہمن کا رد فرمایا جس نے بُتوں کو اور اہلِ قبور کو ایک جیسا قرار دیا تھا تو کیا انہیں اپنے والدِ گرامی کے ارشادات کا علم نہیں تھا؟ اور سلسلہ اویسیہ کے استفاضہ اور استفادہ کا طریقہ بھی یہی بیان فرمایا کہ وُہ کمالاتِ باطنی انہیں اہلِ قبور سے حاصل کرتے ہیں۔ اور فرماتے ہیں کہ ارباب حاجات ان سے اپنی حاجات طلب کرتے ہیں اور مشکلات کا حل چاہتے ہیں، اور اپنے مقاصد حاصل کرتے ہیں جیسے کہ فالمدبرات امرا کی بحث میں ذکر کیا جا چکا ہے۔ نیز آپ تحفہ اثنا عشریہ میں فرماتے ہیں:

حضرت امیر و ذریت طاہرہ او را تمام امت برمثال مُریداں و مُرشداں می پرستند و امور تکوینیہ را وابستہ بایشاں می دانند و فاتحہ و درود و صدقات و نذر بنام ایشاں رائج و معمول گردیدہ چنانچہ با جمیع

Marfat.com

اولیاء اللہ ہمیں معاملہ است۔

اگر امورِ تکوینیہ کو بطور سبب بھی کسی ولی سے متعلق ماننا حرام ہے تو تمام اُمّت کو حضرت شاہ عبدالعزیز نے اس میں متفق کیوں مانا اور ایسے لوگوں کو حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم کی اُمّت ہی کیوں تسلیم کیا۔ کیا باپ بیٹے میں نظریاتی تخالف اور تضاد تھا؟

خود حضرت شاہ صاحب قدس سرہٗ کی الانتباہ فی سلاسل اولیاء اللہ میں یا شیخ عبدالقادر جیلانی شیئاً للہ ایک سو گیارہ مرتبہ پڑھنے کی تلقین موجود ہے اور حضرت علی رضی اللہ عنہ کو ندا کرنے اور انہیں معاون و مددگار سمجھنے کی تلقین موجود ہے لہٰذا علامہ صاحب نے سراسر افتراء اور کذب پر مبنی کتب سے یہ عبارات پیش کی ہیں جن سے حضرت حکیم الامّت رحمہ اللہ کی شخصیت مبرّا و منزّہ ہے۔

حضرت العلامہ قبلہ پیر محمّد کرم شاہ صاحب قدس سرہٗ العزیز نے قصیدہ اطیب النغم مؤلفہ حضرت شاہ ولی اللہ قدس سرہٗ العزیز کی شرح کے مقدمہ میں البلاغ المبین کے علاوہ بھی کئی کتب کے نام بصراحت ذکر فرمائے ہیں اور بعض کی طرف اشارہ فرما دیا ہے۔

چنانچہ آپ فرماتے ہیں:

آپ کی تاریخ ساز شخصیت اور حیات آفرین کارناموں کی بدولت آپ کی شہرت مُلک کے گوشہ گوشہ میں پہنچ گئی تھی۔ ہر شخص آپ کو ادب اور احترام کی نظر سے دیکھتا تھا۔ آپ کی خُداداد مقبولیت سے

Marfat.com

ناجائز فائدہ اُٹھاتے ہوئے بعض بدمذہبوں نے خود کتابیں تصنیف کیں جن میں اپنے عقائدِ باطلہ کو بیان کیا اور اہل السُنّت کے عقائد حقہ پر طعن وتشنیع کی حد کردی۔ پھر ان کتابوں کو حضرت شاہ صاحب کی طرف منسوب کردیا تاکہ ان کے نام کی وجہ سے ان کھوٹے سکوں کو بھی لوگ آنکھیں بند کرکے قبول کرلیں۔ ان کتب میں جو تصنیف کرکے آپ کی طرف منسوب کی گئیں درج ذیل خاص طور پر قابلِ ذکر ہیں۔

البلاغ المبین ، تحفة الموحدین ، قرة العینین فی ابطال شھادة الحسین رضی اللہ عنہ ۔ الجنة العالیة فی مناقب المعاویہ رضی اللہ عنہ ۔

علماء محققین نے پوری تحقیق کے بعد یہ ثابت کیا ہے کہ ان کی نسبت حضرت شاہ صاحب کی طرف محض جھوٹ ہے ۔ (ص۱۴، ص۱۵)

گلدستۂ توحید

بیہقیٔ وقت حضرت قاضی ثناء اللہ الحنفی المتوفی ۱۲۲۵ھ لکھتے ہیں:
طلبِ مُراد من غیر اللہ ــ مسئلہ اگر کوئی کہے کہ خُدا و رسُول اس بات پر گواہ ہیں وُہ کافر ہو جاتا ہے ۔ اولیاء معدوم کو موجود کرنے یا موجود کو نابود کرنے پر قادر نہیں ہیں ۔ پس پیدا کرنے ، نابود کرنے رزق پہنچانے ، اولاد دینے ، بلا دُور کرتے ، مرض سے شفاء بخشنے وغیرہ کی نسبت ان سے مدد طلب کرنا کفر ہے ۔

Marfat.com

نیز وُہ لکھتے ہیں جو بعض جاہل لوگ کہتے ہیں، یا شیخ عبدالقادر شیئاً للہ یا یوں کہتے ہیں خواجہ شمس الدین پانی پتی شیئاً للہ یہ جائز نہیں بلکہ کفر اور شرک ہے۔

(ارشاد الطالبین صفحہ ۲۱)

گلشنِ توحید و رسالت

قبل ازیں حضرت قاضی ثناء اللہ صاحب کا نظریہ وعقیدہ تفسیر مظہری کے حوالے سے زیرِ آیت،

وَلَا تَقُوْلُوْا لِمَنْ يُّقْتَلُ فِىْ سَبِيْلِ اللّٰهِ اَمْوَاتٌ

گزر چکا کہ وُہ شہداء کرام کو زندہ تسلیم کرتے ہیں بلکہ فرماتے ہیں:

ان اللہ یعطی لارواحھم قوۃ الاجساد فیذھبون من الارض والسماء والجنۃ حیث یشاءون و ینصرون اولیاء ھم و یدمرون اعداءھم ان شاء اللہ تعالیٰ۔

کہ اللہ تعالیٰ شہداء کی رُوحوں کو اجسام والی قوت عطا فرماتا ہے پس وُہ زمین آسمان اور جنت میں جہاں چاہیں جا سکتے ہیں اور اپنے دوستوں کی امداد کرتے ہیں اور ان کے دشمنوں کو تباہ کرتے ہیں اللہ تعالےٰ کے اذن سے اور فرماتے ہیں کہ انبیاء علیہم السلام میں شہداء سے بھی اکمل حیات موجود ہوتی ہے اور اس کے آثار خارج میں نسبتہً زیادہ ظاہر ہوتے ہیں۔ اسی لیے ازواجِ نبی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم کے ساتھ آپ

Marfat.com

کے وصال شریف کے بعد بھی نکاح جائز نہیں بخلاف شہید کے نیز حضرات صدّیقین بھی شہداء سے درجات میں اعلیٰ ہیں اور صالحون یعنی اولیاء شہداء کے ساتھ ملحق ہیں جیسے کہ آیت کریمہ

من النبیّین والصدیقین والشہداء والصٰلحین

کی ترتیب اس پر دال ہے۔

ولذلك قالت الصوفية العلية اروحنا اجسادنا و اجسادنا ارواحنا وقد تواتر عن كثير من الاولياء انهم ينصرون اولياءهم ويدمرون اعداءهم ويهدون الى الله من يشآء الله تعالىٰ وقد ذكر المجدد رضی اللّٰہ عنه ، ان ارباب كمالات النبوة بالوراثة يعطى لهم من الله وجوداً موهوباً۔

(ص۱۵۲ ، ص۱۵۳ ج ۱)

اور اسی لیے عالی قدر صوفیاء کرام نے فرمایا کہ ہماری رُوحیں ہمارے اجسام کی مانند ہیں اور ہمارے اجسام ارواح کی مانند ہیں اور بے شمار اولیاء کرام سے بطورِ تواتر ثابت ہے کہ وُہ اپنے دوستوں کی امداد کرتے ہیں اور ان کے دشمنوں کو نیست و نابود کرتے ہیں اور جن کے متعلق اللہ تعالیٰ چاہے انہیں ہدایت بھی فرماتے ہیں اور حضرت مجدد الف ثانی حضرت شیخ احمد سرہندی نے فرمایا کہ بطورِ وراثت کمالاتِ نبوّت حاصل کرلینے والوں کو اللہ تعالیٰ کی طرف سے خاص وہبی وجود (جسم) عطا کیا جاتا ہے

Marfat.com

اور حیات و بقا عطا کی جاتی ہے اور بقول قاضی صاحب وُہ صدیقین اور مقربین ہی ہیں ۔

الغرض جب قاضی صاحب اور ان کے سلسلہ کے مورثِ اعلیٰ حضرت مجدّد قدّس سرّہٗ کے نزدیک اولیاء کرام اور کامل وارثینِ مصطفٰے صلی اللہ علیہ وسلم زندہ ہیں اور ان کو مخصوص اجسام اور حیات و بقا عطا کی جاتی ہے اور زمین و آسمان اور جنّت میں آنے جانے اور تصرّف کرنے کی اجازت حاصل ہوتی ہے اور اپنے دوستوں کی امداد و اعانت بھی فرماتے ہیں اور ان کے اعداء کو تباہ و برباد بھی کرتے ہیں اور باذن اللہ ہدایت و رہنمائی بھی فرماتے ہیں[۱] تو پھر ان سے مدد مانگنا اور ان کو حصولِ فتح میں اور دشمنوں کی تباہی میں سبب سمجھنا کیونکر ناجائز ہو سکتا ہے اور ایسا نظریہ رکھنے والوں پر کفر کے فتوے کیونکر لگ سکتے ہیں ؟

نیز قبل ازیں علامہ رشید احمد گنگوہی کے حوالے سے علامہ حسین احمد مدنی کا یہ قول گزر چکا کہ مُرید اپنے شیخ کے جسم سے دُور ہو سکتا ہے مگر اس کی رُوحانیت سے دُور نہیں ہوتا کیونکہ جسم مکان میں مقید ہوتا ہے ، رُوح مقید نہیں ہوتی لہٰذا جہاں کہیں بھی ہو اپنے شیخ سے التجا اور درخواست کر سکتا ہے اور رُوحِ شیخ باذن اللہ اس کے سوال کا جواب اور اس کے اشکال کا حل اس کو القاء کر دے گی ۔ لہٰذا علامہ صاحب کو پہلے اپنے گھر کی خبر لینی چاہیے کہ قاضی صاحب کا فتوٰی درست ہے تو پھر علماءِ دیوبند کے ان اکابر کا کیا بنے گا ؟ نیز حالتِ حیات میں جبکہ

[۱] نیز قاضی صاحب سید بن مسیب کا روایت کو تسلیم کرتے ہیں کہ ہر دن صبح و شام امت کے اعمال پیش ہوتے ہیں اور آپ کو ان چہروں اور شکلوں کے ساتھ پہچانتے ہیں ...

Marfat.com

اور حیات و بقا عطا کی جاتی ہے اور بقول قاضی صاحب وہ صدیقین اور مقربین ہی ہیں۔

الغرض جب قاضی صاحب اور ان کے سلسلہ کے مورث اعلیٰ حضرت مجدد قدس سرہٗ کے نزدیک اولیاء کرام اور کامل وارثین مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم زندہ ہیں اور ان کو مخصوص اجسام اور حیات و بقا عطا کی جاتی ہے اور زمین و آسمان اور جنت میں آنے جانے اور تصرف کرنے کی اجازت حاصل ہوتی ہے اور اپنے دوستوں کی امداد و اعانت بھی فرماتے ہیں اور ان کے اعداء کو تباہ و برباد بھی کرتے ہیں اور باذن اللہ ہدایت و رہنمائی بھی فرماتے ہیںؒ تو پھر ان سے مدد مانگنا اور ان کو حصولِ فتح میں اور دشمنوں کی تباہی میں سبب سمجھنا کیونکر ناجائز ہو سکتا ہے اور ایسا نظریہ رکھنے والوں پر کفر کے فتوے کیونکر لگ سکتے ہیں؟

نیز قبل ازیں علامہ رشید احمد گنگوہی کے حوالے سے علامہ حسین احمد مدنی کا یہ قول گزر چکا کہ مرید اپنے شیخ کے جسم سے دور ہو سکتا ہے مگر اس کی روحانیت سے دور نہیں ہوتا کیونکہ جسم مکان میں مقید ہوتا ہے، روح مقید نہیں ہوتی لہٰذا جہاں کہیں بھی ہو اپنے شیخ سے التجا اور درخواست کر سکتا ہے اور روحِ شیخ باذن اللہ اس کے سوال کا جواب اور اس کے اشکال کا حل اس کو القاء کر دے گی۔ لہٰذا علامہ صاحب کو پہلے اپنے گھر کی خبر لینی چاہیے کہ قاضی صاحب کا فتویٰ درست ہے تو پھر علماءِ دیوبند کے ان اکابر کا کیا بنے گا؟ نیز حالتِ حیات میں جبکہ

ؒ نیز قاضی صاحب سعید بن مسیب ؓ کی روایت کو تسلیم کرتے ہیں کہ ہر دن صبح و شام امت کے اعمال پیش ہوتے ہیں اور آپ کو ان چہروں اور شکلوں کے ساتھ بھی جانتے ہیں۔ اسی لیے قیامت کے دن ان پر گواہ ہوں گے ص۱۱ پ ۵ (الی آگے)

Marfat.com

رُوح کا بدن سے حلولی تعلق ہوتا ہے تو بھی رُوح شیخ جسم کی طرح مکان کی پابند نہیں ہوتی تو بعداز وفات تو اس کا تعلق حلولی نہیں بلکہ مقابلہ والا ہوتا ہے تو کیونکر مُریدین و متعلقین اور متوسلین کے ساتھ نہیں ہوگی اور امداد و اعانت کیوں نہ کرے گی؟

لہٰذا قاضی صاحب کی طرف منسوب اس عبارت کا ہرگز یہ مطلب نہیں کہ اولیاء کرام اور شہداء و صدیقین کسی طرح کی مدد نہیں کر سکتے بلکہ بالاستقلال موجود کو معدوم اور معدوم کو موجود کرنے اور فرزند عطا کرنے وغیرہ کی نسبت ان کی طرف کرنے سے روکنا مقصود ہے اور باذن اللہ مدد کرنے یا دُعا و التجا کر کے اللہ تعالیٰ سے کوئی فرزند لیکر دینے یا بلاؤں کے دُور کرانے کی ہرگز ہرگز نفی اور انکار مقصود نہیں ورنہ ان کا کلام باہم متعارض ہو جائے گا اور اگر اس طرح کی تاویل و توجیہ نہ کی جائے تو پھر حضرت حاجی امداد اللہ مہاجر کی رحمۃ اللہ تعالےٰ بھی اس فتوٰی کی زد میں آجائیں گے جو قربِ نوافل کے مرتبے پر فائز شخص کے متعلق فرماتے ہیں کہ :

اس کے صفات بشری زائل ہو جاتے ہیں اور صفاتِ حق تعالیٰ کا اس پر ظہور ہوتا ہے اور وُہ اس وقت زندہ کو مار سکتا ہے، اور مرے ہُوئے کو زندہ کر سکتا ہے الیٰ آخرہٖ اور اسی طرح مولوی محمد اسمٰعیل دہلوی صاحب اور اس کے پیرو مُرشد بھی اس فتوٰی کی زد میں آجائیں گے جو مقامِ محبوبیت پر فائز حضرات کے حق میں تسلیم کرتے ہیں :

نیز فرماتے ہیں علمک مالم تکن تعلم من الاسرار والغیب (ص ۲۲۳ سورہ نساء) یعنی آپ کو وہ تمام اسرار اور غیب بتلا دیے جو پہلے نہیں جانتے تھے۔ جب ان کے لیے حاضر و ناظر اور عالم غیب دان ہونا مسلّم ہے۔

Marfat.com

اس مقام کے لوازم سے ہے عجیب عجیب خوارق کا ظاہر ہونا اور قوی تاثیروں کا صادر ہونا اور دعاؤں کا مستجاب اور مقبول ہونا اور آفتوں اور بلاؤں کا دور کر دینا اور اس معنی کی تصریح اس حدیث قدسی میں موجود ہے :

لئن سألنی لاعطینہ ولئن استعاذنی لاعیذنہ ۔

اگر وہ بندہ مجھ سے کچھ مانگے تو میں ضرور دوں گا اور اگر مجھ سے پناہ طلب کرے تو ضرور پناہ دوں گا ۔ (صراط مستقیم ص۱۰۱)

اور قبل ازیں امام غزالی رحمہ اللہ کا فرمان حضرت شیخ محقق اور حضرت شاہ عبد العزیز کی زبانی نقل ہو چکا کہ جس ولی اور محبوب خداوند تعالیٰ سے ظاہری زندگی میں مدد طلب کی جا سکتی ہے اس سے وصال اور وفات کے بعد بھی مدد طلب کی جا سکتی ہے ۔ لہٰذا قاضی ثناء اللہ صاحب کی عبارت کا قطعاً وہ مقصد نہیں جو سمجھا گیا ہے ورنہ اتنے اکابر علماء اعلام اور مقتدایان انام بھی اس فتوے کی زد میں آجائیں گے ۔

نیز یا شیخ عبد القادر جیلانی شیئاً للہ کے متعلق اور یا سیدی احمد بن علوان کے متعلق علماء احناف اور مسلم اکابر اور مفتیوں کے فتوے پیش کیے جا چکے ہیں اور ان کلمات کا سادات صوفیہ میں صدیوں سے متوارث و متواتر ہونا اور ان علماء اعلام کا ان کو مباح اور جائز رکھنا ثابت ہو چکا لہٰذا البلاغ المبین کی طرح یہ پوری کتاب جھوٹی اور من گھڑت نہیں تو ایسے کلمات اور ایسی عبارات ضرور الحاقی ہیں اور

Marfat.com

بہتان و افترا پر مبنی ہیں اور قاضی صاحب رحمہ اللہ تعالیٰ کی شہرت اور مقبولیت سے ناجائز فائدہ اٹھانے کی مذموم سعی کی گئی ہے۔

کیا اللہ تعالیٰ اور رسول مقبول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو گواہ بنانا کفر ہے؟

۱۔ علامہ صاحب نے قاضی ثناء اللہ صاحب کے حوالے سے یہ بھی ذکر کر دیا کہ اگر کوئی کہے کہ اللہ تعالیٰ اور رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اس بات پر گواہ ہیں تو وہ کافر ہو جاتا ہے حالانکہ علمائے محققین کے نزدیک یہ قول غلط ہے۔

جامع الفصولین ص۲۲۱ ج ۲ پر تصریح فرمائی ہے:

خدا و رسول را در نکاح خویش گواہ کردم کفر نیست۔

اگر کوئی شخص کہے کہ میں نے اللہ تعالیٰ اور رسولِ کریم علیہ السلام کو اپنے نکاح میں گواہ بنایا تو یہ قول کفر نہیں ہے۔

اور علامہ ابن عابدین شامی اپنی شہرۂ آفاق تصنیف ردالمحتار میں فرماتے ہیں:

قال فی التتارخانیۃ فی الحجہ ذکر فی الملتقط انہ لا یکفر لان الاشیاء تعرض علی روح النبی صلی اللہ علیہ وسلم وان الرسل یعرفون بعض الغیب۔

قال اللہ تعالیٰ:

Marfat.com

عٰلِمُ الْغَيْبِ فَلَا يُظْهِرُ عَلٰى غَيْبِهٖۤ اَحَدًاۙ۝ اِلَّا مَنِ ارْتَضٰى مِنْ رَّسُوْلٍ (سورۃ الجن آیت ۲۶-۲۷)

قلت بل ذكروا فى كتب العقائد ان من جملة كرامات الاولياء الاطلاع على بعض المغيبات و ردوا على المعتزلة المستدلين بهذه الاية على نفيها - (ص۳۰ ج ۲)

تتار خانیہ میں کہا کہ حجت میں یوں مذکور ہے کہ ملتقط میں فرمایا کہ (رسولِ گرامی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو اللہ تعالیٰ کے ساتھ گواہ بنانے والا) کافر نہیں ہوتا کیونکہ اشیاء نبیِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی رُوحِ اقدس پر پیش کی جاتی ہیں اور رسلِ کرام بعض غیب جانتے ہیں۔

اللہ تعالیٰ نے فرمایا :

اللہ تمام غیوب کا جاننے والا ہے پس وُہ اپنے غیب پر غلبہ نہیں دیتا کسی کو مگر جنہیں پسند فرمائے یعنی رسُولوں کو۔

میں کہتا ہُوں کہ علماءِ کلام نے کتب عقائد میں ذکر کیا ہے کہ اولیاء کرام کے کرامات میں سے یہ بھی ہے کہ وُہ بعض غیوب پر مطلع ہوتے ہیں اور علماءِ اہل السنّت نے معتزلہ پر رد کیا ہے جنہوں نے اس آیتِ کریمہ سے اولیاء کرام کے علم غیب والی کرامت کی نفی پر استدلال کیا (بلکہ اولیاء کرام کے لیے بطور کرامت علم غیب کا عطا کیا جانا تسلیم کیا ہے)۔

Marfat.com

لہٰذا جب جامع الفصولین، تتارخانیہ، حجت، ملتقط اور رد المحتار میں یہ تصریح موجود ہے کہ اس طرح کہنے والا کافر نہیں ہوتا اور اس پر آیتِ کریمہ سے استدلال بھی فرمایا گیا اور کتبِ عقائد میں اہل السنت کا مذکور مذہب اولیاء کرام کے علمِ غیب کے بارے میں بھی واضح کر دیا گیا اور ان کے اس امتیازی کمال کا منکر کون ہے اس کی نشاندہی بھی کر دی گئی ہے مگر بایں ہمہ علامہ سرفراز صاحب ایسے اقوال کو مقامِ استدلال میں ذکر فرما رہے ہیں تو دو میں سے ایک صورت لازمی طور پر متحقق ہوگی یا تو یہ عبارات ان کے علم میں نہیں تو جہالت لازم آگئی۔ اور علم میں ہیں لیکن ان کو چھپایا گیا ہے تو بددیانتی لازم آگئی۔ پہلی صورت ان کے دعوائے علم اور بلند بانگ شیخ الحدیث والتفسیر اور فقیہِ اعظم ہونے کی نفی کرتی ہے اور دوسری صورت ایمان کے منافی ہے ولا ایمان لمن لا امانۃ لہ۔

لہٰذا دونوں میں سے کوئی صورت بھی علامہ صاحب کے لیے برداشت کرنا مشکل ہے۔

۲۔ نیز علامہ شامی قدس سرہ السامی کا رسلِ کرام علیہم السلام کے علمی کمال کے ساتھ ہی اولیاء کرام کی اس کرامت کا ذکر کرنا گویا اس امر کی تصریح ہے کہ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور رسلِ عظام کے متعلق یوں کہنا تو بہت دور کی بات ہے اگر کوئی کسی ولی کو بھی اللہ تعالیٰ کے ساتھ گواہ بنا دے تو اس کو بھی کافر نہیں کہہ سکتے کیونکہ اہل السنت

Marfat.com

کے نزدیک وُہ بطورِ کرامت غیبی امور پر مطلع ہوتے ہیں اور حدیث قدسی
کنت سمعہ الذی یسمع بہ و بصرہ الذی یبصر
بہ الحدیث۔

اور فرمانِ رسُول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

اتقوا فراسۃ المؤمن فانہ ینظر بنور اللہ۔

اور ان کے تحت اکابر علماءِ کرام اور مقتدایانِ ملت کی تصریحات ذکر کی جاچکی ہیں جو اس حقیقت کی شاہد صادق ہیں لہٰذا کفر کا دعویٰ سراسر غلط اور بے بُنیاد ہے اور اہل السنت کے مذہب کے خلاف ہے۔

تنبیہ: اولیاء کرام کے اس امتیازی وصف کا انکار کرکے علامہ صاحب معتزلہ کے ساتھ ان کے اس عقیدہ میں شریک ہوگئے اور انبیاء کرام سے بالعموم اور سید الانبیاء علیہ وعلیہم السلام سے اس کمال کی نفی کرکے معتزلہ سے بھی آگے نکل گئے۔ اب یہ فیصلہ کرنا ان کے ہم مشرب اور متبع لوگوں کا کام ہے کہ ان کا مذہب کونسا ہے؟ جبکہ سُنی کہلانا تو انہیں بالکل زیبا نہیں ہے۔

۴- نیز محض کتب حنفیہ میں مذکور کفر کا قول کافی نہیں ہوتا بلکہ آئمہ مجتہدین سے اس کا ثابت کرنا ضروری ہوتا ہے کیونکہ دیگر علماء کی تکفیر کا سرے سے اعتبار ہی نہیں ہوتا۔

علامہ شامی محیط کے حوالے سے تحریر فرماتے ہیں:

یقع فی کلام اهل المذهب تکفیر کثیر ولکن لیس

Marfat.com

من كلام الفقهاء الذين هم المجتهدون بل من غيرهم ولا عبرة بغير الفقهاء۔[1] (ص ۳۲۱ ج ۳)

اہل مذہب کے کلام میں بہت تکفیر واقع ہوتی ہے لیکن وہ ان فقہاء کرام کے کلام سے نہیں ہوتی جو کہ مجتہد ہیں بلکہ دوسروں کی طرف سے ہوتی ہے اور فقہاء کے ماسوا کا تکفیر کے معاملہ میں سرے سے اعتبار ہی نہیں ہے۔ لہٰذا یہ ذمہ داری بھی علاّمہ صاحب کی ہے کہ وہ فقہائے مجتہدین کے حوالے سے اس تکفیر کو ثابت کریں ورنہ ان کی یہ سعی بالکل لاحاصل اور بے سُود ہے کیونکہ مجتہدین کے علاوہ دُوسرے علماء کرام کی تکفیر کا تو اعتبار ہی نہیں ہے۔

۴۔ علاوہ ازیں علماء دیوبند کے نزدیک ملک الموت تو حاضر و ناظر ہے ہی تو کیا اللہ تعالیٰ اور اس کی شہادت سے نکاح منعقد ہو جائیگا؟ اسی طرح کراماً کاتبین علیہما السلام ہر بندے کے ساتھ رہتے ہیں اور بالکل معصوم اور نُوری مخلوق ہیں تو کیا ان کی شہادت سے نکاح منعقد ہو جائے گا؟ اور اس طرح نکاح کرنے کا مدعی کسی فتوے کی زد میں نہیں آئے گا؟ اور جس عورت کے متعلق چاہے ان مقدس گواہوں کے ذریعے اس کے نکاح کا دعویٰ کر دے علاّمہ صاحب اور انکی قوم اسے تسلیم کرلے گی؟

۵۔ بلکہ حقیقت حال یہ ہے کہ اگر ائمہ کرام اور مجتہدین عظام سے تکفیر کا قول ثابت ہو تو اس کی علت وہ نہیں جو علاّمہ صاحب نے ذکر کی

[1] کذا فی فتح القدیر ص ۳۳۳ ج ۵۔

Marfat.com

ہے اور جس کو علامہ شامی نے اکابرین کے حوالے سے رد کر دیا ہے بلکہ علت یہ ہوگی کہ اس نے اللہ تعالیٰ اور اس کے رسولِ مقبول صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں اسارت و بے ادبی کا ارتکاب کیا ہے اور شریعتِ مطہرہ کے اس حکم کا مذاق اڑایا ہے کہ :

لا نکاح الا بشھود ۔

کیونکہ زنا میں اور نکاح میں فرق اور امتیاز تو گواہوں سے ہی ہوتا ہے اور اگر اللہ تعالیٰ اور رسولِ معظم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کو گواہ بنا لیا تو امتیاز کیسے ہوگا ؟ اور جائز و ناجائز میں حدِ فاصل کیا رہے گی؟ بلکہ تمام زناکار مرد اور عورتیں کہہ سکتے ہیں کہ ہم نے اللہ تعالےٰ اور رسولِ معظم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم یا کراماً کاتبین کو گواہ بنا لیا تھا؛ پھر ان کا زناکار ہونا بھی ثابت نہیں ہو سکے گا اور اس برائی کے لیے یہ مقدس نام آڑ بنا لیے جائیں گے ۔

۴۔ علاوہ ازیں گواہوں کے تقرر کا مقصد یہ بھی ہوتا ہے کہ عندالضرورت ان کو اس دعوی کے ثابت کرنے کے لیے عدالت میں پیش کر کے اپنا دعوائے نکاح ثابت کر سکے اور اگر اللہ تعالیٰ اور اس کے رسولِ محتشم صلی اللہ علیہ وسلم کو گواہ بنائے گا تو انہیں کس عدالت میں پیش کرے گا اور علیٰ ہٰذا القیاس ملک الموت اور کراماً کاتبین کو کیسے پیش کرے گا ؟ لہٰذا یہ طریقہ چونکہ شریعتِ مطہرہ کے اس اہم ترین حکم کے ساتھ استہزا ہے اور خدائے بزرگ و برتر اور نبی کرم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی اسارت اور بے ادبی پر مشتمل

Marfat.com

ہے لہٰذا ایسا شخص سخت ترین فتویٰ کا مستحق ہے اور تغلیظ و تشدید کا۔

الغرض علامہ صاحب کا مردود اقوال سے استدلال کرنا کسی اچھی قابلیت کا مظاہرہ نہیں ہے اور جب بڑے فتاویٰ میں مذکور اس قول کو اکابرین نے رد کر دیا ہے اور اسے آیت کریمہ کے خلاف اور مذہب اہلسنت کے خلاف قرار دیا ہے تو ارشاد الطالبین کس شمار میں ہے اور اس کی کیا ضمانت ہے کہ اس میں البلاغ المبین والی چابکدستی نہ دکھلائی گئی ہو جبکہ وُہ قاضی صاحب کی معروف تفسیر قرآن میں مندرج ان کے عقائد و نظریات کے بھی خلاف ہے کما سبق ذکرھا۔

فائدہ : احناف کی کتب فقہ میں مندرج ہر قول اس لیے حجت بھی نہیں کہ صاحبِ کشاف جیسے معتزلی عقائد والے بھی فروع میں حنفی ہیں اور وُہ احکام کے علل اور دلائل بیان کرتے وقت اپنے مذہب اعتزال کے تحت تعلیل و استدلال سے کام لیتے ہیں جیسے سماع اموات وغیرہ والے مسائل میں انہوں نے اپنے مذہب کو دخل دے دیا اور حلف میں حانث ہونے اور تلقینِ میت وغیرہ میں عدم سماع کو بنیاد بنا دیا حالانکہ وُہ سُنّی حنفیوں کا مذہب نہیں تھا اور صحیح احادیث کے بھی خلاف تھا۔

نیز اسی سے اس قول کی حقیقت بھی واضح ہو جائے گی :

من قال ارواح المشائخ حاضرة تعلم یکفر

یعنی جو یہ کہے کہ ارواحِ مشائخ حاضر ہیں اور جانتے ہیں کافر ہو جائے گا۔

Marfat.com

کی حقیقت بھی واضح ہو جائے گی کیونکہ مشائخ کرام اور اولیاءِ عظام کے علم غیب اور مشاہدۂ ملکوت والی کرامت اور امتیازی شان کے منکر اور مخالف صرف معتزلہ ہی ہیں لہٰذا ایسے لوگوں کی طرف سے ہی یہ اقوال کتب فقہ میں داخل ہوئے اور علامہ شامی نے کتبِ عقائد کے حوالے سے اہل السنّت کا مذہب بیان فرما کر اس کو رد فرما دیا۔ لہٰذا علامہ صاحب کو سُنّی ہونے کا دعویٰ ترک کر دینا چاہیے یا پھر اعتزالی نظریات کا پرچار بند کرنا چاہیے یہ دوہری چال مخلص اور خالص اور ظاہراً باطناً سُنّی کی ہرگز نہیں ہو سکتی بلکہ یہ منافقانہ انداز ہے اور منافقین کو ہی زیبا ہے۔ اعاذنا اللّٰہ من ذٰلک۔

ضروری تنبیہ : علامہ شامی قدس سرہ السامی نے رسل کرام اور اولیاء کرام کے لیے بعض علم غیب ثابت کیا ہے تو وہ علامہ سرفراز صاحب اور ان کے اسلاف کے لحاظ سے نہیں کہ ان کے بعض احوال معلوم ہوں، اور بعض معلوم نہ ہوں بلکہ اللّٰہ تعالیٰ کے ازلی و ابدی محیط اور غیر متناہی بالفعل علم کے لحاظ سے ہے اور بعض مفسرین کرام نے بھی بعض کا لفظ ذکر کیا ہے تو اس سے دھوکا نہ کھانا چاہیے کیونکہ ان محبوبانِ خداوند تعالیٰ کا اللّٰہ تعالیٰ کے لحاظ سے جزوی اور بعض علم غیب دیگر مخلوق کے لحاظ سے اتنا کلی ہے۔ کہ انکا مجموعی علم بھی ان میں سے ایک ایک ہستی کے اس بعض کا عشرِ عشیر بھی نہیں ہو سکتا۔

Marfat.com

فتامل حق التامل وقد حققنا ذلك فی کتابنا المستطاب کوثر الخیرات۔

ندا، پکار اور استغاثہ و استمداد اور بزرگانِ دین

اللہ تبارک و تعالیٰ نے ہمیں حکم دیا ہے کہ ہم اس سے ان لوگوں کی راہ پر چلنے کی توفیق طلب کریں جن پر اللہ تعالیٰ کا انعام ہے۔

قال تعالیٰ:

اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ ۙ صِرَاطَ الَّذِيْنَ اَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ ۙ

اور وہ سعادت مند اور مبارک لوگ انبیاء علیہم السلام ہیں، اور صدیقین نیز شہداء اور صالحین۔

کما قال تعالیٰ:

فَاُولٰٓئِكَ مَعَ الَّذِيْنَ اَنْعَمَ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ مِّنَ النَّبِيّٖنَ وَ الصِّدِّيْقِيْنَ وَالشُّهَدَآءِ وَالصّٰلِحِيْنَ ۚ

(سورۃ النساء آیت ۶۹)

لہٰذا قرآن مجید نے ہمیں راہِ راست پر گامزن ہونے اور منزلِ مراد تک واصل ہونے کا جو پُر امن اور بے خوف و خطر اور مستقیم و مستوی راستہ بتلایا ہے وہ انبیاء و مرسلین علیہم السلام کے ساتھ ساتھ صدیقین

Marfat.com

اور شہدار و صالحین کا راستہ ہے لہٰذا راہِ حق پر گامزن ہونے کیلئے اور منزلِ مقصود تک رسائی کے لیے پہلی مقدس جماعت کی طرح باقی تین سعادتمند جماعتوں کی ہمرہی اور متابعت و مطاوعت ضروری ہے تو آیئے اب یہ دیکھیں کہ وُہ کیا فرماتے ہیں۔اگر محبُوبانِ خُداوند تعالےٰ اور شہیدانِ راہِ محبت اور صادق القول والفعل حضرات اور مسلم اولیاءِ کاملین بھی اس ندار وخطاب اور استغاثہ و استعانت کو روا رکھیں تو پھر اس راہ و روش اور طرز و طریق پر اور نظریہ و عقیدہ پر کفر و شرک کے فتوے لگانا سراسر زیادتی اور سینہ زوری ہوگی کیونکہ وہ حضرات شریعت و طریقت کے مجمع البحرین ہوتے ہیں اور حقائق شناس اور رموزِ شریعت اور اسرارِ طریقت سے آگاہ ہوتے ہیں اور ان کے مقابل علماءِ ظاہر کے علم کی کوئی اہمیت اور وقعت نہیں ہوتی۔

کما قال الفاضل اللاہوری فی حاشیۃ علی البیضاوی صلا :

فان ما عرفه علماء الظواهر منها بافكارهم
قليل بالنسبة الى ما عرفه الاولياء وما عرفوه
قليل بالنسبة الى ما عرفه نبينا صلى الله عليه وسلم

آیات کلام مجید سے علماء ظاہر اپنے افکار کے ساتھ جو کچھ جانتے ہیں وُہ بہت کم ہے بنسبت اس کے جو اولیاء کرام جانتے ہیں اور جو کچھ اولیاء کرام کو معلوم ہوتا ہے وُہ بہت قلیل ہے اس کی نسبت جو نبیِ مکرّم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم کو معلوم ہے۔

Marfat.com

استمداد اور ندا، وپکار کے لیے جاننا اور سننا بھی ضروری ہوتا ہے اور قدرت وطاقت اور تدبیر وتصرف کا حاصل ہونا بھی ضروری ہوتا ہے اور قولِ باری تعالیٰ فالمدبرات امراً کی تحقیق اور حدیث قدسی:
کنت سمعه الذی یسمع به و بصره الذی یبصربه الحدیث
کی تحقیق کے دوران اس پر مفصل گفتگو ہو چکی ہے چند حوالہ جات مزید سماعت فرمالیں تاکہ مدار و بنیاد کا حتمی علم ہو جانے کے بعد متفرع اور مترتب امر کا بھی جزم اور اعتقاد حاصل ہو جائے۔

ارشاداتِ غوثِ اعظم رضی اللہ عنہ

۱۔ سلسلۂ قادریہ کے مورثِ اعلیٰ اور غوثِ اعظم محبوب سبحانی حضرت شیخ عبد القادر الجیلانی قدس سرہٗ العزیز فرماتے ہیں:
اگر نبی بود لگام شریعت بر زبان من ہر آئینہ خبر میکردم شمارا بآنچہ میخورید و می نہید در خانہائے خود۔ من می دانم آنچہ ظاہر و باطن شماست و شما در رنگ شیشہا یید در نظر من۔ (اخبار الاخیار ص۱۵)
اگر میری زبان پر شریعت کی لگام نہ ہوتی تو لامحالہ میں تمہیں بتلا دیتا ہر وہ چیز جو تم کھاتے ہو اور جو کچھ گھروں میں رکھتے ہو اور میں جانتا ہوں تمہارے ظاہر کو اور تمہارے باطن کو بھی اور تم میری نظر میں شیشوں کی مانند ہو۔

۲۔ اور آپ کا ہی ارشادِ گرامی ہے۔ ے

Marfat.com

نظرت الی بلاد اللہ جمعا
کخردلۃ علی حکم اتصال

میں نے اللہ تعالیٰ کے تمام بلاد اور آبادیوں کو دیکھا ہے مانند رائی کے دانہ کے ہمیشہ ہمیشہ کے لیے۔

۳- آپ فرماتے ہیں :

من دستگیری می کنم ہر کرا از مُریدان من مرکب بلغزد و از پائے درآید تا روز قیامت۔ (اخبار الاخیار صہ ۱۹)

میرے مُریدوں میں جس کسی کی سواری لغزش کھائے گی اور گرے گی تو میں قیامت تک ان کی دستگیری کرتا رہوں گا۔

۴- بعزت پروردگار کہ دست حمایت من بر مُریدان من مثل آسمان است بر زمین۔ اگر مُرید من جید نیست من خود جیدم بعزت پروردگار وجلال او کہ از پیش او عزوجل نروم تا مرا با صحاب من بہ بہشت نبرد۔ اگر مُرید من در مشرق بود و پردۂ عفت او بر افتد و من در مغرب ہر آئینہ بوشم پردۂ او

(صفحہ نمبر ۱۹)

مجھے اپنے پروردگار کی عزّت کی قسم کہ میری حمایت اور حفاظت کا ہاتھ میرے مُریدوں پر ایسے محیط ہے جیسے کہ آسمان زمین پر احاطہ کیے ہوئے ہے۔ اگر میرا مُرید عُمدہ نہیں ہے تو میں عُمدہ اور کامل ہوں مجھے پروردگار جلّ وعلیٰ کی عزّت وجلالت کی قسم کہ میں اللہ تعالیٰ کی بارگاہ سے ہرگز باہر نہیں نکلوں گا جب تک مجھے مع تمام مُریدوں کے بہشت بریں

Marfat.com

میں نہ لے جائے گا اور اگر میرا مرید مشرق میں ہو اور اس کا ستر کھل جائے اور پردہ عفت گر جائے اور میں مغرب میں ہوں تو ہر حال میں اس کا ستر ڈھانپ دوں گا اور اس کی پردہ داری کروں گا۔

ارشادات خواجہ غریب نواز رضی اللہ عنہ

سلسلہ چشتیہ کے مورثِ اعلیٰ خواجہ خواجگان نائب الرسول فی الہند حضرت خواجہ معین الدین اجمیری قدس سرہٗ العزیز فرماتے ہیں :

۱۔ عارفاں را مرتبہ ایست کہ چوں باں مرتبہ رسند جملگی عالم وآنچہ درعالم است میان دو انگشت خود بہ بینند ۔ (اخبار الاخیار ص۲۳)

عرفاء کے لیے ایک مرتبہ ہوتا ہے جب اس تک رسائی حاصل کرلیں تو تمام جہان کو اور جو کچھ اس میں ہے اپنی دو انگلیوں کے درمیان دیکھتے ہیں۔

۲۔ آپ فرماتے ہیں :

کمترین درجہ دپایہ عارف در محبت آنست کہ صفات حق ورے بود۔ کمال درجہ عارف در محبت آنست کہ اگر کسے بر و بدعوی آید آنرا بقوت کرامت ملزم گرداند ۔ (اخبار الاخیار ص۲۳)

عارف کا محبت میں کمترین پایہ اور درجہ یہ ہے کہ اس میں حق تعالےٰ کی صفات کا ظہور ہو اور محبت میں درجہ کمال عارف کے لیے یہ ہے کہ اگر کوئی اس کے سامنے مدعی بن کر آئے اور مقابلہ کرنا چاہے تو کرامت کی قوت وطاقت سے اس کو لاجواب کر دے اور مغلوب و مقہور کر دے۔

Marfat.com

ارشادِ خواجہ محمّد عثمان نقشبندی رحمہ اللہ تعالیٰ

علماء دیوبند میں مولوی حسین علی صاحب واں بھچراں معروف و مسلّم شخصیت ہیں اور علامہ سرفراز صاحب اور دیگر بہت سے علماء ان کے فیض یافتہ ہیں اور باہم دست وگریباں بھی۔ اہلِ قبور کے سُننے جاننے کا انکار اور نداء و پکار کے معاملہ میں شدید رد و انکار اور کفر و شرک کے فتوے مولوی اسمٰعیل دہلوی کے بعد اسی مُرشد اور مُریدین کی جماعت نے جاری کیے لیکن بظاہر وُہ حضرت خواجہ محمّد عثمان صاحب سکنہ موسیٰ زئی شریف کے مُرید بھی تھے اور ان کے ملفوظات و کرامات پر مشتمل کتاب فوائدِ عثمانیہ پر ان کی تقریظ اور تصدیق بھی ہے اور اسی میں یہ بھی مذکور ہے کہ آپ نے مولوی صاحب موصوف کو ہی مخاطب ٹھہراتے ہوئے فرمایا :

اولیاء اللہ ہمہ می دانند ولیکن مامور بہ اظہار نیستند ۔ (ص ۱۳۴)

اولیاء اللہ تمام اشیاء کو جانتے ہیں لیکن ان کو اظہار کا اذن نہیں ہوتا الغرض جب ان کاملین کے لیے علوم وادراکات اور شعور واحساسات ثابت ہیں اور عند اللہ مقامِ محبوبیت اور مقبولیت پر فائز ہیں تو ان سے توسل کرنا اور ان سے ان کے شایانِ شان مدد طلب کرنا بھی لامحالہ مباح اور روا ہوگا۔ اور وُہ خود بھی اور دیگر اکابر علماءِ اعلام بھی ان سے استمداد اور استعانت اور استغاثہ و فریاد رسی کے متعلق جو کچھ

Marfat.com

فرماتے ہیں بطور مشتے از خروارے ہدیۂ ناظرین ہے۔

ارشادِ غوثِ اعظم متعلق بہ توسّل و استمداد،

سیّدنا غوثِ اعظم رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں:

ہرگاہ از خُداوند تعالیٰ چیزے خواہید بوسیلۂ من خواہید تا خواہش شما باجابت رسد، ہرکہ استعانت کند بمن در کربتے کشف کردہ شود آں کربت ازو۔ ہرکہ مناوی کند بنام من در شدتے کشادہ شود آں شدت ازو۔ ہرکہ توسل کند بمن سُوئے خُدا در حاجتے قضار کردہ شود آں حاجت مراد را۔ وفرمود کسے کہ دو رکعت نماز بگزارد و بخواند در ہر رکعت بعد از فاتحہ سُورہ اخلاص یازدہ بار بعد ازاں دُرود بفرستد بہ پیغمبر صلّی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم بعد از سلام و بخواند آں سرور را صلّی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم۔ بعد ازاں یازدہ گام بجانب عراق برود و نام مرا گیرد و حاجت خود را از درگاہِ خُداوندی بخواہد حق سُبحانہٗ تعالیٰ آں حاجت او قضار گرداند بمنہ وکرمہ۔ (اخبار الاخیار صـ۱۹ـ۲۰)

جس وقت اللہ تعالیٰ سے کوئی چیز طلب کرو تو میرے وسیلہ سے طلب کرو تاکہ تمہاری خواہش پُوری ہو اور حاجت برآئے۔ جو کوئی میرے ساتھ کسی بھی کربت اور شدّت وسختی میں استعانت کرے گا، تو اس کی وُہ کربت و شدّت وسختی اس سے دُور کر دی جائے گی اور جو کوئی میرا نام لے کر پُکارے گا کسی بھی شدّت اور مشکل امر میں تو

Marfat.com

وُہ شدّت اور مشکل اس سے دُور کر دی جائے گی۔ اور جو شخص میرے ساتھ خُداوند تعالیٰ کے حضور توسل کرے گا کسی حاجت میں تو اس کی وُہ حاجت پوری ہو جائے گی۔ اور آپ نے فرمایا کہ جو شخص میرے ساتھ خُداوند تعالیٰ کے حضور توسّل کرے گا کسی حاجت میں تو اس کی وُہ حاجت پوری ہو جائے گی۔ اور آپ نے فرمایا کہ جو شخص دو رکعت نماز نفل ادا کرے اور ہر رکعت میں فاتحہ کے بعد گیارہ مرتبہ سُورۂ اخلاص تلاوت کرے اور سلام کے بعد نبیِ مکرّم صلّی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم کی ذاتِ اقدس پر دُرود بھیجے اور آنحضرت صلّی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم کو پکارے اور اس کے بعد گیارہ قدم عراق کی جانب چلے اور میرا نام لے اور اپنی حاجت اللہ تعالیٰ کی بارگاہ سے طلب کرے تو حق تعالیٰ اپنے فضل و کرم سے اس کی وُہ حاجت بر لائے گا اور مُراد پوری فرمائے گا۔

علّامہ علی قاری رحمہ اللہ نزہۃ الخاطر میں آپ کے ان ارشادات کو بیان کرتے ہوئے فرماتے ہیں۔ (ص۱۶)

من استغاث بی فی کربۃ کشفت عنہ ومن نادانی فی شدۃ فرجت عنہ ومن توسل بی الی اللہ فی حاجۃ قضیت۔

یعنی جو کوئی مجھ سے رنج وغم میں مجھ سے مدد طلب کرے گا، تو اس کا رنج وغم دُور ہو گا اور جو کوئی سختی اور مشکل پیش آنے پر میرا نام لے کر مجھے پکارے گا تو وُہ شدّت اور مشکل دُور ہو جائے گی۔

Marfat.com

اور جو شخص کسی حاجت میں اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں میرا وسیلہ پکڑے گا تو وُہ حاجت بر آئے گی۔

بعد ازاں علی قاری رحمہ اللہ نے نقل فرمایا :

کہ پھر میری بیان کردہ صلوٰۃ غوثیہ پڑھے (جس کا تذکرہ بزبانِ شیخ محقّق ہو چکا) بعد سرورِ عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر درود شریف بھیجے اور آپ کو پکارے اور گیارہ قدم عراق کی جانب چلے، اور غوثِ اعظم رضی اللہ عنہ کا نام لے کر اپنی حاجت عرض کرے، اور بعد ازاں یہ دو شعر پڑھے : ؎

ایدرکنی ضیم وانت ذخیرتی
واظلم فی الدنیا وانت نصیری
وعار علی حامی الحمیٰ وھو منجدی
اذا ضاع فی البیداء عقال بعیری

کیا مجھے ظلم و تعدی احاطہ کرے گی جبکہ تم میرا ساز و سامان ہو اور مجھ پر دُنیا میں ظلم کیا جائے گا جبکہ تم میرے مددگار ہو اور ننگ و عار ہے چراگاہ کے محافظ و نگران پر جبکہ وُہ میرا معاون اور دست و بازو ہو کہ ویرانے میں میرے اُونٹ کا رسہ بھی ضائع ہو جائے۔

علامہ علی قاری رحمہ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں :

وقد جرب ذٰلک مراراً فصح۔

کہ اس صلوٰۃ غوثیہ کے ذریعے حاجت روائی اور مشکل کشائی اور

Marfat.com

حصولِ مُراد کا بار ہا تجربہ کیا گیا اور یہ تجربہ کامیاب رہا اور مفید مطلب اور حصولِ مُدّعا میں کار آمد ثابت ہوا۔

سیّدنا غوثِ اعظم رضی اللہ عنہ استعانت و استغاثہ اور ندا و خطاب کا حکم دیں اور احناف کے اکابرین اس کو نقل کریں اور تجربہ شدہ قرار دیکر لوگوں کو اس کی ترغیب دیں تو کیا یہ مقدس لوگ شرک پھیلاتے رہے اور ان کو قرآن و حدیث کا اتنا علم نہیں تھا جتنا علامہ سرفراز اور اس کی جماعت کو حاصل ہُوا اور انہیں رموزِ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ سے اتنا قدر آگہی نہیں تھی جتنا قدر کہ ان مولوی حضرات کو حاصل ہوگئی ہے لہٰذا ایسی استعانت اور استغاثہ پر کفر و شرک کے فتوے لگانا سراسر غلط اور لغو و باطل ہے۔

نوٹ: علامہ سرفراز صاحب حضور سیدنا غوثِ اعظم رضی اللہ عنہ کے اور حضرت شیخ محقق اور علامہ علی قاری رحمہما اللہ کے حوالے پیش کرتے ہیں اور ان کو حجت و سند مانتے ہیں۔ امید ہے کہ ان حوالہ جات کو بھی قبول کریں گے اور انہیں مغلوب الحال اور مجذوب صوفی کہہ کر نظر انداز کرنے کی ناکام سعی نہیں فرمائیں گے۔

حضرت شاہ کلیمُ اللہ جہان آبادی کے ارشادات

حضور سیّدنا غوثِ اعظم رضی اللہ عنہ کے ساتھ استغاثہ و توسل اور استمداد و استعانت کے متعلق چشتیہ سلسلہ کے عظیم بزرگ اور حضرت

Marfat.com

شاہ ولی اللہ رحمہ اللہ کے معاصر اور ان کے والدِ گرامی کے بڑے بھائی حضرت مولانا شاہ ابُوالرضا الہندی کے تلمیذ رشید حضرت شاہ کلیم اللہ جہان آبادی قدس سرّہٗ العزیز کے ارشاداتِ مُبارکہ بھی سماعت فرماتے چلیں۔

آپ نے شیخ بایزید کے حوالے سے صلوٰۃ الاسرار پڑھنے کی نیت اور طریقہ بیان کیا کہ پنجشنبہ کے دن غسل کرے اور خوشبو لگائے اور مغرب کے بعد دو رکعت صلوٰۃ الاسرار اس نیت کے ساتھ ادا کرے

نویت ان اصلی للہ تعالیٰ رکعتین صلوٰۃ الاسرار توصلا الی اللہ وانقطاعاً عما سویٰ اللہ۔

میں نے نیّت کی اللہ تعالیٰ کے لیے دو رکعت صلوٰۃ الاسرار ادا کرنے کی اللہ تعالیٰ کا وصل حاصل کرنے کے لیے اور ماسوا اللہ سے قطع تعلق کے لیے اور ہر رکعت میں گیارہ بار سُورہ اخلاص پڑھے اور سلام پھیرنے کے بعد گیارہ قدم عراق کی جانب چلے حضور شیخ عبدالقادر جیلانی رضی اللہ عنہ کے روضہ مُبارکہ کی طرف متوجہ ہونے کی نیت سے اور ہر قدم پر آپ کی خدمت میں اس طرح ہدیہ تسلیمات پیش کرے۔

اَلسَّلَامُ عَلَیْكَ یَا سُلْطَانَ الاوتاد۔

اَلسَّلَامُ عَلَیْكَ یَا سُلْطَانَ الابدال۔

اَلسَّلَامُ عَلَیْكَ یَا سُلْطَانَ الاقطاب۔

اَلسَّلَامُ عَلَیْكَ یَا غوث الاعظم۔

Marfat.com

اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا بَازِی الاشہب۔
اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا فَقِیر ۔
اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا مسکین۔
اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا غریب ۔
اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا ولیُّ ۔
اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا شیخ ۔
اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا سیدنا ومولانا
ابامُحمَّد محی الدّین عبد القادر الجیلی

پھر اس طریقہ سے واپس آئے اور بیٹھ جائے اور خوشبو سُلگائے اور جس انداز سے چاہے بیٹھے اور درُود شریف پڑھے اور دس دس مرتبہ سورۂ فاتحہ اور سورہ اخلاص پڑھے بعد ازاں درُود شریف پڑھے پھر یہ رباعی ایک ہزار ایک سو گیارہ مرتبہ پڑھے۔

أیدرکنی ضیم وانت ذخیرتی
أاظلم فی الدنیا وانت نصیری
فعار علیٰ حامی الحمیٰ وھو قادر
اذا ضاع فی البیداء عقال بعیری

کیا ظلم وستم مجھے محیط ہو سکتا ہے جب کہ تم میرے ذخیرۂ حفظ و امان ہو اور میں مظلوم ہو سکتا ہُوں دُنیا میں جبکہ تم میرے مددگار ہو۔ چراگاہ کے محافظ کے لیے ننگ و عار ہے جبکہ وُہ صاحبِ قدرت

Marfat.com

ہے کہ میرے اُونٹ کا رسّہ ویرانہ میں گم ہو جائے۔
در ہر حاجتے کہ خواند قضا شود۔ بلکہ گاہ باشد کہ روح مطہر مقدس حضرت غوث الاعظم رضی اللہ عنہ ظاہر شود و جواب کار گوید۔
جس حاجت میں بھی پڑھے گا وُہ پوری ہوگی بلکہ کبھی اس طرح ہوتا ہے کہ حضرت غوثِ اعظم رضی اللہ عنہ کی رُوح مقدس و مطہر ظاہر ہو کر مقصد کے متعلق جواب سے نوازتی ہے۔

(مرقع کلیمی ست ـ رجم ۳۳)

۲۔ حضرت شیخ کلیم اللہ ہی استخارہ کا طریقہ بیان کرتے ہوئے فرماتے ہیں:
کہ آدھی رات کو بیدار ہو کر کامل وضو کرے اور تحیۃ الوضو پڑھے بعد ازاں گیارہ بار سُورہ فاتحہ، گیارہ بار سُورہ اخلاص پڑھے پھر درود پاک اور کلمہ تمجید پڑھے پھر گیارہ مرتبہ کہے:
یا عبدالقادر جیلانی شیئاً للہ۔ (ص۱۱)

۳۔ طریق ختم غوث الثقلین بیان کرتے ہوئے فرمایا:
پہلے تین روز بُدھ سے جُمعہ تک روزہ رکھے۔ جُمعہ کے دن دُو رکعت نماز نفل ادا کرے ہر رکعت میں آیۃ الکرسی ایک بار، سُورہ اخلاص گیارہ بار پڑھے اور سلام کے بعد قبلہ رو ہو کر بیٹھے اور ختم شروع کرے۔ پہلے دُرود شریف پڑھے ایک سو گیارہ مرتبہ پھر کلمہ تمجید ایک سو گیارہ مرتبہ پڑھے بعد ازاں ایک سو گیارہ مرتبہ پڑھے:
شیئاً للہ یا عبدالقادر الجیلانی۔ (ص۱۱)

Marfat.com

۴- در ہر کربت و بلیت یا شیخ عبد القادر شیئاً للہ پانصد بار اول و آخر درود بخواند از کرب بر آید۔ (ص۹۸)

ہر کربت اور مصیبت میں اوّل و آخر درود شریف پڑھ کر پانچ سو مرتبہ یا شیخ عبد القادر جیلانی شیئاً للہ پڑھے تو اس مصیبت سے خلاصی پائے

۵- رقعہ برائے استعانت۔

اعینونی یا عباد اللہ المسلمین۔

از بعضے شنیدم کہ چوں کارے خواہد کہ کند اوّلا رو بقبلہ استادہ شود و بخواند یکبار و استمداد کند بدل از عبادے کہ دراں سمت اند بعد ازاں جانب یمین بعد ازاں جانب یسار بعد ازاں جانب خلف و اصغا کند آنچہ بر زبان کسے بگذرد بر آں عمل نماید و ایں از علم فال است و در شرع آمدہ۔ (ص۴۱)

میں نے بعض اکابر سے سنا کہ آدمی جب کوئی کام کرنا چاہے تو پہلے پہل قبلہ رو ہو کر کھڑا ہو جائے اور ایک بار کہے:

اعینونی یا عباد اللہ المسلمین۔

اے اللہ تعالیٰ کے مسلمان بندو میری امداد کرو اور دل میں ان سے مدد طلب کرے جو عباد مسلمین اس سمت میں ہیں اسکے بعد دائیں جانب پھر بائیں جانب پھر پیٹھ والی سمت منہ پھیر کر پڑھے پھر کان لگائے کہ کسی کی زبان پر کونسا کلمہ جاری ہوتا ہے لہٰذا اس کے مطابق عمل کرے اور یہ فال سے تعلق رکھنے والا علم ہے اور شریعتِ مطہرہ میں بھی

Marfat.com

معتبر ہے۔ (صلا)

ان کے علاوہ بھی بہت سی جگہوں پر آپ نے استمداد و استعانت اور سفارش و شفاعت کے لیے مقبولانِ بارگاہ کے لیے ندار و پکار اور خطاب کے کلمات پر مشتمل وظائف ذکر فرمائے ہیں اور کاملین اولیاء اللہ کا مدبرات امور میں سے ہونا اور ملاء اعلیٰ میں شامل ہو کر تدبیرِ کائنات فرمانا قبل ازیں بیان ہو چکا اور جنگلات و ویرانوں میں رجالِ غیب کا مخلوقِ خدا کی امداد و اعانت کے لیے مامور و متعین ہونا فرمانِ رسولؐ سے ثابت ہو چکا اور شہروں اور آبادیوں میں اللہ تعالیٰ کے لشکروں کا موجود ہونا اور حاجتمندوں کی حاجات بر لانا اور ان کے پیغامات پہنچانا خود علاّمہ سرفراز نے بھی یا ساریۃ الجبل کی تاویل میں تسلیم کر لیا ہے اور اکابرینِ ملت اور مشائخ عظام اور مسلم اولیاء کرام کی زبانی جب ایسی ندار و پکار اور خطاب و التفات ثابت ہے تو اس پر شرک کے فتوے لگانا اور اس کو جدید شرک سے تعبیر کر کے صرف عامۃ المسلین کو نہیں بلکہ اکابر اولیاء کو بھی مشرک بنا ڈالنا سراسر ظلم و عدوان اور تحکم و سینہ زوری ہے اور سُنّی ہونے کے دعوے کے برعکس سراسر خارجیت کی ترویج و اشاعت ہے اور انہیں کے فاسد و باطل نظریہ و عقیدہ کی اتباع واقتدار ہے۔

اعاذنا اللہ من ذٰلک۔

لہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم۔

Marfat.com

گلدستۂ توحید

رافضیوں نے ایک شعر بنایا تھا اور اس کو بعض سُنّی حضرات بڑے شوق سے پڑھتے ہیں بلکہ مسجدوں اور گھروں کے دروازوں پر بھی لکھا ہوتا ہے : ؎

لی خمسۃ اطفی بہا حرّالوباء الحاطمۃ
المصطفٰی والمرتضٰی وابناھما والفاطمۃ

میرے لیے پانچ ہیں میں ان کی مدد سے توڑ دینے والی وبار کی گرمی بجھاتا ہوں۔ حضرت محمدؐ صلی اللہ علیہ وسلم، حضرت علی المرتضٰے ان کے دو بیٹے حضرت حسن اور حضرت حسین اور حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہم (یعنی بقول شیعہ پنجتن پاک) اگر اس شعر میں کہیں اللہ تعالیٰ کا ذکر ہوتا تو ہم اس کی تاویل کر دیتے کہ ان پانچ حضرات کو بطور توسّل پیش کیا گیا ہے۔ لیکن اس کا ذکر نہیں اور ظاہری الفاظ آپ سمجھتے ہی ہیں کہ کیسے ہیں؟ لہٰذا موحد کو بھی حق ہے کہ کہے : ؎

لی واحد اطفی بہ حرالوباء الحاطمہ
اَللہ ربّ المصطفٰی واصحابہ والفاطمۃ

یعنی میرے لیے صرف ایک ذات ہے جس کی مدد سے میں سخت وبار کی گرمی بجھاتا ہوں، وہ اللہ تعالیٰ کی ذات ہے جو حضرت محمدؐ صلی اللہ علیہ وسلم اور آپ کے صحابہ کرام اور حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہم کا رب ہے۔

Marfat.com

گلشنِ توحید و رسالت

علامہ سرفراز صاحب کی عداوتِ اہلبیت رضی اللہ عنہم

اس حقیقت سے کوئی صاحبِ علم بیخبر نہیں ہو سکتا کہ نبی کرم صلی اللہ علیہ وسلم کی محبت جانِ ایمان اور رُوحِ دین ہے اور اس کے بغیر نہ کوئی شخص مومن ہو سکتا ہے اور نہ ہی جنت میں داخل ہو سکتا ہے اور آپ کی محبت کا تقاضا یہ ہے کہ آپ کے اہلِ بیتِ کرام علیہم الرضوان کیساتھ بھی مودت ومحبت اور عقیدت و اُلفت ہو۔ اسی لیے نبی کرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اللہ تعالیٰ سے جب حسنین کریمین رضی اللہ عنہما کو محبوب بنانے کی التجا کرتے تو اپنے محبُوب ہونے کے حوالے سے ان کی محبوبیت کی دُعا فرماتے ، اَللّٰھُمَّ انی احبھما فاحبھما

اے اللہ میں ان دونوں کو محبُوب رکھتا ہوں لہٰذا تُو بھی ان کو محبُوب بنا (کیونکہ محبوب کا محبُوب بھی محبُوب ہوتا ہے)

اور اُمّت کو بھی اسی انداز سے ان کی محبت کا لازم اور ضروری ہونا باور کرایا۔ چنانچہ ارشادِ مصطفوی ہے۔

۱۔ احبوا اللہ لما یغذوکم من نعمہ واحبونی لحب اللہ واحبوا اھل بیتی لحبی۔ (رواہ الترمذی)۔

اللہ تعالیٰ سے محبت کرو کیونکہ تمہیں اپنی نعمتوں سے پروان چڑھاتا اور پالتا ہے۔ اور مجھے محبُوب رکھو اللہ تعالیٰ کی محبت کی وجہ سے اور

Marfat.com

میرے اہلِ بیت کو محبوب رکھو میری محبت کی وجہ سے لہٰذا ان کی محبت بھی اہم فریضہ ہے اور اس کے بغیر نہ کوئی شخص مومن ہو سکتا ہے اور نہ ہی جنت میں داخل ہو سکتا ہے۔

۲۔ رسولِ معظم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کا فرمان ہے:

من احبنی واحب هذین وابا هما وامهما کان معی فی درجتی یوم القیامة اخرجه احمد والترمذی وقال کان معی فی الجنة وقال حدیث غریب۔

جس نے مجھے محبوب رکھا اور ان دونو کو اور ان کے باپ اور امی جان کو تو وہ میرے ساتھ ہوگا قیامت کے دن میرے درجہ میں رواہ احمد و ترمذی اور ترمذی کی روایت میں ہے کہ میرے ساتھ جنت میں ہوگا۔

لہٰذا ان پانچ مقدس ہستیوں کی محبت اعلیٰ درجہ کی جنت کی ضامن ٹھہری اور آتشِ دوزخ سے حفظ و امان کی بھی کفیل ٹھہری۔

۳۔ نیز سیدِ عالم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے فرمایا جبکہ آپ قصوا اونٹنی پر سوار ہو کر میدانِ عرفات میں خطبہ ارشاد فرما رہے تھے:

یآ ایّھا النّاس انی ترکت فیکم ما ان اخذتم به لن تضلوا کتاب اللّٰه وعترتی اهل بیتی رواه الترمذی

اے لوگو میں نے تمہارے اندر وہ چیزیں چھوڑی ہیں کہ اگر ان

Marfat.com

تھامے رہوگے تو ہرگز گمراہ نہیں ہوگے اللہ کی کتاب اور میری عترت اہلِ بیت۔

اور اسی مضمون کی روایت حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ سے مروی ہے اور اس میں رسولِ کریم علیہ الصلوٰۃ والتسلیم نے اہلِ بیت کرام کو قرآن مجید کے ساتھ ملا کر ہمارے لیے سرچشمۂ ہدایت قرار دیا اور گمراہی و بے دینی سے تحفظ کا وسیلہ اور ذریعہ ٹھہرایا اور ظاہر ہے کہ گمراہی و بے دینی دوزخ کی آگ میں جلنے کی موجب ہے اور ایمان و ایقان اور ہدایت و تقویٰ جنت میں داخل ہونے کے سبب و موجب ہیں اور ضلالت سے تحفظ اور ہدایت کے حصول کا ضامن قرآن مجید ہے اور اہلِ بیت لٰہذا ان کا وبائے حاطمہ کی حرارت سے بچانے میں دخل اور سببیت واضح ہوگئی اور کسی بھی سُنّی مسلمان کو اس سے انکار کی مجال نہیں ہوسکتی۔

۴۔ نبی کرم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے فرمایا :

الا ان مثل اھل بیتی فیکم مثل سفینۃ نوح من رکبھا نجا و من تخلف عنھا ھلک (رواہ احمد)۔

غور سے سُنو میرے اہلِ بیت کی حالت اور کیفیت تم میں نوح علیہ السلام کی کشتی کی مانند ہے جو اس پر سوار ہُوا نجات پا گیا اور جو اس سے الگ رہا تو ہلاک ہوگیا یعنی جو شخص بھی تم میں سے اہلِ بیت کی محبت و عقیدت والی کشتی میں سوار ہُوا تو وُہ آتشِ دوزخ سے نجات پا جائے گا اور جو اس محبت سے محروم رہا وُہ نوح علیہ السلام کے مخالفین کی طرح

Marfat.com

ہلاکت سے دوچار ہوگا اور آتشِ دوزخ کا ایندھن بنے گا۔

الغرض رسولِ معظم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم اور آپ کے اہلِ بیتِ کرام بالعموم اور یہ چار حضرات بالخصوص محبت و مودت کے لحاظ سے بھی اور اتباع و اقتدا۔ اور اطاعت و فرمانبرداری کے لحاظ سے بھی آتشِ دوزخ سے تحفظ کے سبب کامل اور جنت میں بلند تر مقام تک وصول اور رسائی کے کفیل ہیں اور عربی لغت اور محاورات میں با۔ کا لفظ توسل و سببیت کے معنیٰ میں مستعمل ہوتا ہے۔

کما قال تعالیٰ :

وَاسْتَعِينُوْا بِالصَّبْرِ وَالصَّلٰوةِ ط

(سورۃ البقرۃ آیت ۴۵)

فَاَخْرَجَ بِهٖ مِنَ الثَّمَرٰتِ رِزْقًا لَّكُمْ ج

(سورۃ البقرۃ آیت ۲۲)

وَاَحْيَيْنَا بِهٖ بَلْدَةً مَّيْتًا ط

(سورہ قٓ آیت ۱۱)

وغیر ذٰلک من الاٰیات۔

اور ان پانچ حضرات کا وسیلہ اور سبب ہونا ناقابلِ انکار حقیقت ہے لہٰذا اس پر چیں بجبیں ہونے کی ضرورت نہیں تھی لیکن علامہ صاحب میں خارجیت والی رگیں پھڑک اٹھیں اور اسے صرف شیعہ کا نظریہ قرار دے کر مخالفت اور رد و قدح پر کمر باندھ لی حالانکہ ان حضرات

Marfat.com

کی سچی اور خالص محبت و عقیدت ہے تو صرف اہل السنّت میں ہے دُوسرے لوگ تو محض محبت کا دعویٰ کرتے ہیں اور حقیقت میں دشمنوں کو بھی دشمنی میں پیچھے چھوڑ جاتے ہیں۔

کما حققنا ذٰلك فی کتابنا ، التحفه الحسینیه

اسی لیے امام شافعی رضی اللہ عنہ نے فرمایا : ؎

انکان رفضا حب اٰل محمدؐ[1]

فلیشھد الثقلان انی رافض

اگر آلِ محمدؐ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم کی محبت رفض اور تشیع ہے تو جنّ اور انسان سبھی گواہ ہو جائیں کہ میں رافضی اور شیعہ ہوں جبکہ حقیقتِ حال اس کے برعکس ہے۔

اگر اہل السنّت کو اختلاف ہے تو صرف پانچ حضرات کو پاک اور طاہر و مطہر ماننے میں ہے اور دُوسرے اہلِ بیتِ کرام کو طاہر و مطہر منزّہ اور مبرّا نہ ماننے میں ہے نہ کہ ان پانچ حضرات کے پاک ہونے میں بلکہ ان کے نزدیک ازواجِ مطہرات ، بناتِ رسُول ، ابناء رسُول اور دیگر بنو ہاشم اور بنو عبدالمطلب بھی قولِ باری تعالیٰ ؛

انما یرید اللہ لیذھب عنکم الرجس

اھل البیت و یطھرکم تطھیرا

کا مصداق ہیں جنہیں حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم کی غلامی کا شرف حاصل ہُوا گو طہارت اور پاکیزگی کے درجات و مراتب میں فرق کا

[1] صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم۔

Marfat.com

انکار نہیں کیا جا سکتا لہٰذا ان پانچ حضرات کو طہارت و نزہت میں دوسرے حضرات پر فوقیت کی وجہ سے آتشِ دوزخ کے بجھائے جانے میں واسطہ و وسیلہ قرار دیا گیا ہے اگرچہ باقی حضرات بھی طاہر مطہر ہیں اور نورِ مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بدولت نورانی ہیں۔

کما قال الامام احمد رضا قدس سرہ : ؎

تیری نسلِ پاک میں ہے بچہ بچہ نور کا
تو ہے عین نور تیرا سب گھرانہ نور کا

تنبیہ : علامہ صاحب نے سنیوں کو بھی اس شعر کا قائل تسلیم کیا اور ظاہر ہے کہ وہ سنی ہم ہی ہیں کیونکہ علامہ صاحب اور انکی روحانی برادری تو اس شعر کی منکر اور مخالف ہے تو گویا جناب نے ہمیں مشرک ثابت کرتے کرتے آخر میں سنی تسلیم کر لیا تو کیا علامہ صاحب کے نزدیک سنی ہونا اور ابوجہل جیسا مشرک ہونا ایک ہی شئے ہے؟ اور اگر واقعی ایسا ہے تو علامہ صاحب کا مذہب کیا ہے؟ اور تہتر فرقوں میں سے کس فرقہ کے ساتھ تعلق رکھتے ہیں؟ ع

بسوخت عقل ز حیرت کہ ایں چہ بوالعجبیست

عجیبہ : علامہ صاحب نے جوابِ آں غزل کے طور پر شعر کو تبدیل کر کے اپنے موحد ہونے کا حق ادا کیا اور کہا کہ اللہ تعالےٰ کی مدد سے دیار کی حرارت کو میں بجھاتا ہوں حالانکہ بجھانے کی نسبت اپنی طرف کرنا اور اللہ تعالیٰ کو اس میں صرف معاون و مددگار قرار دینا

Marfat.com

بھی شرک ہونا چاہیے تھا۔ لیکن علامہ صاحب اس کو ٹھنڈے پیٹ برداشت کر گئے اور بقول خویش شیعہ کے ساتھ اس جسارت میں شریک ہو گئے۔ لیکن اگر اس کی یہ تاویل اور توجیہ ہو سکتی تھی کہ حقیقۃً بجھانے والا تو اللہ تعالیٰ ہے بندہ ایمان اور عقیدہ کی درستی اور ارشادات خداوند تعالیٰ کی تعمیل و اطاعت کے لحاظ سے سبب بن گیا اس حرارت اور تپش کے بجھنے کا لہٰذا مجازاً نسبت اس کی طرف جائز اور صحیح ہو گئی تو ہم کہہ سکتے ہیں کہ اگر اس مجاز کے پیش نظر غیر اللہ کو آتش دوزخ کے بجھانے کا فاعل قرار دینا صحیح ہے تو رسول کریم علیہ السلام اور عترت طیبہ اور اہل بیت کرام کو صرف سبب اور وسیلہ و ذریعہ قرار دینا کیونکر صحیح نہیں جبکہ رسول معظم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی رسالت پر ایمان اور آپ کی محبت اور اہل بیت کی محبت کے بغیر جنت میں داخل ہونا اور آتش دوزخ سے بچاؤ حاصل کرنا ممکن ہی نہیں ہے۔

امام اہل السنت نے فرمایا: ؎

وہ جہنم میں گیا جو ان سے مستغنی ہوا
ہے خلیل اللہ کو حاجت رسول اللہ کی

علامہ صاحب کو چاہیے کہ شیعہ کی دشمنی میں اتنا آگے نہ بڑھیں کہ اپنے دین و ایمان کو بھی قربان کر بیٹھیں۔ آخر شیعہ بھی لا الٰہ الا اللہ کہنے والے اور محمد رسول اللہ کہنے والے ہیں تو پھر اس کا بھی انکار کر کے شیعہ دشمنی کا حق ادا کرنا پڑے گا اور یہ کوئی اچھی سوچ اور صائب نہیں ہو سکتی ویسے جو ان کی مرضی ہو۔

Marfat.com

تتمۂ مبحث و جواب آں غزل

علامہ سرفراز نے اہل السنت کے خلاف دل کی بھڑاس نکالتے ہوئے اور انہیں قدیم مشرکین جیسا مشرک ثابت کرنے کے لیے چند صوفیانہ اشعار نقل کیے ہیں اور کہا بلکہ معاذ اللہ خدا اور رسول کو، رسول اور پیر کو حتیٰ کہ خدا اور پیر کو گڈمڈ کرنے پر ادھار کھائے بیٹھے ہیں۔ ہم اس جماعت کے ایک سرکردہ بزرگ خواجہ محمد یار (المتوفی ۱۳۶۷ھ) کے دیوانِ محمدی الموسوم بہ انوارِ فرید کے چند اشعار پیش کرتے ہیں۔ (گلدستہ توحید ص۱۷)

چونکہ علامہ موصوف نے صرف یکطرفہ کارروائی پر اکتفار کیا ہے اسلئے ہم جوابی کارروائی پر مجبور ہیں اگر وُہ اپنے اکابر کے بھی چند اقوال اور اشعار اس ضمن میں نقل کر کے ایک جیسا فتویٰ لگا دیتے تو ہم ان کے عدل و انصاف اور مساوات کی داد دیتے مگر افسوس ہے کہ علامہ صاحب نے کہیں بھی عدل و انصاف کے دامن کو نہیں چھوا۔ علماءِ دیوبند حضرت حاجی امداد اللہ مہاجر مکی علیہ الرحمہ کے مُرید ہیں اور وُہ بھی وحدت الوجود کے قائل تھے اور ان میں مولوی شاہ اسمٰعیل صاحب پہلے موحد ہیں جنکو متحدہ ہند و پاک میں ہر جگہ شرک نظر آیا اور انہوں نے بزعم خویش توحید کا پرچم بلند کیا لیکن وُہ بھی وحدۃ الوجود کے قائل تھے۔ چنانچہ حضرت حاجی امداد اللہ صاحب نے فرمایا:

کہ مولوی اسمٰعیل شہید موحد تھے چونکہ محقق تھے چند مسائل میں اختلاف

Marfat.com

کیا اور مسلک پیراں خود شاہ ولی اللہ وغیرہ پر انکار کیا۔ وحدۃ الوجود کے قائل تھے ان کے مرشد حضرت سید صاحب مسلک وحدۃ الشہود کا رکھتے تھے باہم گفتگو ہوئی تو سید صاحب کچھ کبیدہ خاطر ہوئے عرض کیا یہ اور بات ہے کہ دن کو رات اور رات کو دن کہیے۔ وحدۃ الوجود میں آپ (مولانا اسمٰعیل) نے مثنوی بھی تصنیف فرمائی ہے۔

(شمائم امدادیہ صـــــ ۶۲)

وحدۃ الوجود کا بیان

حضرت حاجی صاحب کی زبانی ہی اپنے مسلک کی وضاحت اور ایک سوال کا جواب مختصراً ملاحظہ فرمالیں تاکہ قدرے اس مسئلہ کی تفصیل سمجھ میں آجائے۔

سوال: ضیاء القلوب میں ورزش لاموجود الاّ اللّٰہ و مراقبہ ہمہ اوست کی بہ تصریح تاکید ہے و نیز مراقبہ ہمہ اوست میں ملاحظہ معنی کو لازم کہا ہے پس یہ مراقبہ بلا لحاظ عینیت و اتحاد نہیں ہوسکتا اور دُوسری جگہ ضیاء القلوب میں ہی ہے کہ تا وقتیکہ ظاہر و مظہر میں فرق پیشِ نظرِ سالک ہے بوئے شرک باقی ہے اس مضمون سے معلوم ہوا کہ عابد و معبود میں فرق کرنا شرک ہے۔

جواب: کوئی شک نہیں ہے کہ فقیر نے یہ سب ضیاء القلوب میں لکھا ہے۔ اگر کہیں کہ جو کچھ کہا نہیں جاتا ہے وہ کیوں لکھا گیا تو جواب یہ ہے

Marfat.com

کہ اکابرینِ دین اپنے مکشوفات کو تمثیلات محسوسات سے تعبیر کرتے ہیں تاکہ طالبِ صادق کو سمجھاویں نہ یہ کہ کَانَّہٗ ھُوَ کہتے ہیں۔

اگر ایک نابینا خواب میں سانپ دیکھے تو اس کے بیان سے عاجز ہو کر یہی کہے گا کہ میری کلائی کی طرح تھا اور اگر اس کو اسی حالت میں رسّی دکھا کر پوچھا جائے کہ کیا ایسا تھا تو وہ کہہ دے گا ہاں اس کو تمثیلات کے ذریعے سمجھانا کہتے ہیں۔ (تا)

مختصر یہ کہ بیان صالحین سے معلوم ہوا کہ اصل میں تو یہ مسئلہ حق و بایقین ہے لیکن صدق اس کا اس وقت معلوم ہوتا ہے جب بندہ طالب محنت و مشقت اور استغراق اور ترک خطرات ما سوا کے ذریعے سے اپنی خودی سے دور ہو اور جب خیال خود سے گزرا گویا سب سے گزر گیا کوئی چیز اس کی نظر اور خیال میں باقی نہیں رہتی بلکہ ہستیٔ حق کا معائنہ کرتا ہے اور جس وقت نظرِ سالک تقییدات اور ہستی ما سوا سے اُٹھ گئی سوا خدا کے اور کچھ نظر نہیں آتا بے خبر ہو جاتا ہے بلکہ اس معنیٰ کا شعور بھی جاتا رہتا ہے سب خدا ہی خدا نظر آتا ہے۔ ھو ھو کہنے کا کیا ذکر انا انا کہنے لگتا ہے اس کو مرتبۂ فنا در فنا کہتے ہیں (تا) سلطان الانبیا صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی اس حالت کی خبر دی ہے:

لی مع اللّٰہ وقت لا یسعنی فیہ ملک مقرب و لا نبی مرسل۔

اور آپ کی خاص امت میں سے بایزید بسطامی قدس سرہٗ نے کہا ہے

Marfat.com

سُبحانی ما اعظم شانی۔

اور منصور حلاج نے "انا الحق" یہ سب اسی باب میں ہے۔

لیکن اس کے باوجود غیریت اعتباری جو کہ اصطلاحی ہے درمیان عبد اور رب کے مرتفع نہیں ہوتی ہر چند کہ حالتِ فنا میں شعور نظر سالک میں باقی نہ رہا ہو کیونکہ جب بے شعوری سے پھر طرف شعور کے آیا جانا کہ میں اپنے سے بے خبر ہوگیا تھا مثل اس لوہے کے ٹکڑے کے کہ آگ میں سرخ ہو کر پکار اٹھا کہ میں آگ ہوں اس کے قول کا انکار نہیں ہوسکتا، لیکن فی الواقع آگ نہیں ہوا بلکہ یہ ایک حالت ہے کہ اس لوہے کو عارض ہو گئی ہے ورنہ لوہا لوہا ہے اور آگ آگ یہ ایک شمہ حقیقت وحدۃ الوجود کا ہے اس جگہ تھوڑی کیفیت ،عینیت وغیریت کی جاننا واجب ہے کیونکہ جب اس سے واقفیت نہیں ہوگی کیفیت وحدۃ الوجود کی سمجھ نہیں آئے گی۔ (تا)

لیکن فقیر مختصراً لکھتا ہے اور وہ یہ ہے کہ عبداور رب میں عینیت و غیریت دونوں متحقق ہیں وہ ایک وجہ سے اور یہ ایک وجہ سے۔

نوٹ: مفصل تقریر شمائم امدادیہ میں ملاحظہ فرمادیں اور فارسی رسالہ وحدۃ الوجود میں) بندہ نے صرف اس مقام پر یہ بتلانا تھا کہ ہمہ اوست اور لاموجود الا اللہ اور وحدۃ الوجود کا نظریہ صرف اہل السنت بریلوی حضرات کا نہیں ہے بلکہ حاجی امداد اللہ صاحب مہاجر مکی کا ہے اور مولوی اسمٰعیل دہلوی کا بھی ہے اور بقول حاجی صاحب کے یہی عقیدہ ان کے

Marfat.com

مریدینِ باصفا مولوی محمد قاسم نانوتوی، مولوی رشید احمد گنگوہی وغیرہ کا بھی ہے۔ چنانچہ فرماتے ہیں :

مسئلہ وحدۃ الوجود حق وصحیح ہے۔ اس میں کوئی شک وشبہ نہیں ہے فقیر ومشائخ فقیر اور جن لوگوں نے فقیر سے بیعت کی ہے سب کا اعتقاد یہی ہے۔ مولوی قاسم صاحب مرحوم، مولوی رشید احمد صاحب، مولوی محمد یعقوب صاحب، مولوی احمد حسن صاحب وغیرہم فقیر کے عزیز ہیں فقیر سے تعلق رکھتے ہیں کبھی خلاف اعتقادات فقیر وخلاف مشرب مشائخ طریق خود مسلک اختیار نہ کریں گے۔

(شمائم صـ ۳۲ حصہ اوّل)

اور اسی کو انہوں نے لوہے اور آگ کی تمثیل سے واضح کیا ہے اور حلول واتحاد کا رد کرنے کے ساتھ ساتھ "سبحانی ما اعظم شانی" اور انا الحق کہنے والوں پر کوئی فتویٰ صادر کرنے کی بجائے ان کا مقام فنا در فنا میں ہونا تسلیم فرمایا ہے۔ ایک مقام پر حضرت ابراہیم علیہ السلام کے قول، "ہٰذا ربی" کی تاویل میں فرماتے ہیں : (شمائم امدادیہ صـ ۶۱)

عارف کی نظر پہلے ظاہر پر پڑتی ہے پھر مظاہر پر اسی وجہ سے حضرت ابراہیم علیہ السلام نے سورج چاند کو دیکھ کر کہا "ہٰذا ربی" جس چیز پر نظر کرو اسی کی صفات کے مظہر ہیں۔ (صـ ۶۱)

مبتدی کی نظر اوّل مظاہر پر پڑتی ہے اور منتہی کی نظر اوّل ظاہر (حق) پر پڑتی ہے۔ (صـ ۶۰)

Marfat.com

فرماتے ہیں مجھے اس شعر میں خلجان تھا۔ ؎

علمِ حق در علمِ صوفی گم شود

ایں سخن کے باور مردم شود

حضرت مولانا رُوم علیہ الرحمہ کو عالم معاملہ میں دیکھا۔ فرمایا ملکی اعظم من ملک اللہ قول بایزید کا ہے تم نے نہیں سُنا اس میں غور کرو، فوراً معنیٰ شعر کے سمجھ آگئے ملک بایزید کا خُدا تعالیٰ ہے۔ ملک خدا تمام کائنات ہے اور خُدا اعظم ہے سب سے پس ملکی اعظم من ملک اللہ کے معنیٰ حاصل ہوگئے۔ اور یہی معنیٰ شعر کے ہیں۔ علمِ صوفی خُدا تعالےٰ ہے اور حق علمِ خُدا تمام مخلوقات کہ مظہر اس کے علم کی ہے۔ پس حق کے معاملہ میں مخلوقات کیا چیز ہے۔ (صــ۶۰ــ)

فرمایا انسان کا ظاہر عبد ہے اور باطن حق ہے۔ فرمایا نظرِ عارف اوّل ظاہر پر پڑتی ہے بعدہ مظاہر پر اس لیے اوّل کہتا ہے ہٰذا ربّی پھر کہتا ہے لا احب الافلین۔

فرمایا، من آں وقت کردم خُدا را سجود، کہ ذات وصفاتِ خدا ہم نبود کا معنیٰ یہ ہے کہ جس وقت ظہور عینی ذات وصفات حق تعالیٰ کا نہ ہوا تھا محض مرتبہ اعیان کا تھا اس وقت بھی میں اس مرتبہ میں اسکی عبادت کرتا تھا فرمایا عالمِ قدیم ہے مرتبہ اعیان میں کیونکہ یہ پرتو صفاتِ الٰہیہ کا ہے اور صفات باری تعالیٰ کی قدیم ہیں۔ (صــ۵۳ــ)

فرمایا کلام اللہ حقیقت میں کلام نفسی ہے پھر بھی الفاظ کو کلام اللہ

Marfat.com

کہتے ہیں یہی حال تمامی صفات کا ہے۔ یہی معنی ہیں ہمہ اوست اور وحدۃ الوجود کے اور یہی ہے معنیٰ بی یسمع و بی یبصر و بی یبطش الحدیث کے۔ (صلا)

مقام برزخ البرازخ بیان کرتے ہوئے ضیاء القلوب میں فرمایا:

دریں مرتبہ کہ مرتبہ عبدیت است خلیفۂ حق بودہ بندگان حق را بحق میرساند ظاہر عبد باطن حق بود ایں مقام را برزخ البرازخ میگویند وجوب وامکان درو اعتدال اند یکے بر دیگرے غالب نشود مرج البحرین یلتقیان بینھما برزخ لا یبغیان وایں حفظ مراتب مقام اہل تمکین در تکوین است دریں مرتبہ عارف متصرف عالم گردد۔ (صلا)

اس مرتبہ میں خدا کا خلیفہ ہو کر لوگوں کو اس تک پہنچاتا ہے اور ظاہر میں بندہ اور باطن میں خدا ہو جاتا ہے اس مقام کو برزخ البرازخ کہتے ہیں اور اس میں وجوب و امکان مساوی ہیں کسی کو کسی پر غلبہ نہیں جو دو دریا آپس میں ملتے ہیں ان کو ملا دیا ان کے بیچ میں ایک پردہ اور حد ہے جس سے تجاوز نہیں کر سکتے۔ اس مرتبہ پر پہنچ کر عارف عالم پر متصرف ہو جاتا ہے۔ (انوار الغیوب ترجمہ ضیاء القلوب)

الغرض حضرت حاجی امداد اللہ مہاجر مکی علیہ الرحمہ کے مسلک کو جو تمام علماء دیوبند کا مسلک ہے اور مولوی اسمٰعیل دہلوی کا بھی ہے اور وحدۃ الوجود اور وحدۃ الموجود۔ ہمہ اوست اور ملکی اعظم من ملک اللہ سبحانی ما اعظم شانی، علم حق در علم صوفی گم شود نیز بظاہر بندہ اور باطن

Marfat.com

میں خدا ہو جاتا ہے اور لوہے آگ والی تمثیل وغیرہ وغیرہ کو سامنے رکھنے کے بعد صرف خواجہ یار محمد صاحب اور ان کے دیوانِ محمدی المعروف انوار فرید کو نشانہ بنانے کا کیا جواز تھا؟ اُدھر تاویل ہو سکتی ہے تو اِدھر بھی ہو سکتی ہے اور اگر مولانا یار محمد صاحب کے کلام میں تاویل جائز نہیں تو اپنے ان اکابر کے کلام میں بھی کسی تاویل کو روا نہ رکھیں، اور بلا امتیاز و تفریق ایک ہی فتوٰے صادر کریں۔

علاوہ ازیں دیگر علماءِ دیوبند کے اقوال بھی اس معنیٰ و مفہوم پر دلالت کرتے ہیں حالانکہ وُہ علماءِ ظاہر ہیں اور شریعتِ مطہرہ کے محافظ و نگران لیکن وہاں بھی کوئی رد و قدح اور تنقید و جرح روا نہیں رکھی گئی۔ علامہ محمود الحسن صاحب جو کہ شیخ الہند اور شیخ الحدیث تھے دارالعلوم دیوبند کے علامہ رشید احمد گنگوہی کے مرثیہ میں کہتے ہیں ؎

۱۔ تیری قبرِ انور کو دیکھ کر طُور سے تشبیہ
کہے ہوں بار بار اَرِنی میری دیکھی بھی نادانی

اگر گنگوہی صاحب کی قبر طُور کی مانند ہے اور محمُود الحسن صاحب اَرِنی پکارنے والے کلیم علیہ السلام کی مانند ہُوئے تو کیا رشید احمد صاحب اللہ تعالیٰ کی مانند ہوئے یا نہیں؟ اور یہاں پر موسیٰ کلیم علیہ السلام جیسے عظیم المرتبت نبی کے ساتھ شیخ الہند کا گڈ مڈ ہونا اور اللہ تعالیٰ کیساتھ رشید احمد صاحب کا گڈ مڈ ہونا ثابت ہُوا یا نہیں؟ اور اگر وُہ واقعی نادان تھے تو ان کو شیخ الحدیث کیونکر بنا دیا گیا اور مرثیہ میں ایسے نادانی پر مشتمل اشعار کو شائع

Marfat.com

کیوں کیا گیا۔ محمود الحسن صاحب کی نادانی ظاہر کرنے کے لیے یا ان کی شان کلیمی اور رشید احمد کی شان الوہیت ظاہر کرنے کے لیے؟ کیسے کیا موجب تھا:

حوائج دین و دُنیا کے کہاں لے جائیں ہم یارب
گیا وُہ قبلۂ حاجات رُوحانی و جسمانی
خُدا ان کا مربّی وُہ مربّی تھے خلائق کے
مرے مُرشد مرے ہادی تھے حقّانی سے حقّانی

اگر اہل السُنّت مقبولانِ خُداوند تعالیٰ سے عرض کریں دُعا کرو اللہ تعالیٰ ہماری مشکلیں حل فرما دے اور حاجات بر لادے تو وہ پھر بھی فتوے کی زد میں آجاتے ہیں۔ مگر یہاں پر اللہ تعالیٰ سے دُوسرے حاجت روا بندے کا سوال ہو رہا ہے کیونکہ پہلا حاجت روا دُنیا سے کوچ کر چکا تھا یہاں پر کوئی فتویٰ نہیں لگ سکا اور کسی کے گوشۂ خیال میں بھی یہ بات نہیں آئی کہ رشید احمد صاحب کو قاضی الحاجات محلل المشکلات تسلیم کرکے اور مربّیِ خلائق مان کر کہیں اللہ تعالیٰ والا منصب الوہیت تو ان کو نہیں دے رہے اور اللہ ربّ العزّت کو خلائق میں تدبیر و تصرّف اور حاجت روائی اور مُشکل کشائی کے منصب سے معزول تو نہیں کر رہے اور اسے رشید احمد سے بھی نکو تو نہیں بنا رہے ہیں؟

خواجہ یار محمدؒ نے کہا تھا:

بندگی سے آپکی ہم کو خُداوندی ملی
ہے خُداوند جہاں بندہ رسُول اللہؐ کا

ؐ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلّم۔

Marfat.com

اور یہ کفر و شرک تھا مگر مربی خلائق ہونا عین اسلام رہا اس میں کسی طرح کا نہ غلو نظر آیا اور نہ ہی یہ خود ساختہ عشق معلوم ہوا۔ آخر یہ تو سوچو کہ مولوی صاحب موصوف کو غلامیِ رسول صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے بغیر یہ مقام ملا تھا یا غلامی اور اطاعتِ رسول[1] سے۔ اگر غلامی اور اطاعت سے ہی یہ مقام بلند ملا تھا تو مولانا یار محمد صاحب کا مقصد بھی یہی تھا نہ بندگی سے عبادت مراد تھی اور نہ خداوند جہاں سے اللہ تعالیٰ کا عین ہونا مراد تھا۔ خداخداوند اور خاوند مالک کو کہتے ہیں اور غلامیِ رسول[1] سے یہ مالکی حاصل ہوجاتی ہے۔ ؎

۴۔ مُردوں کو زندہ کیا زندوں کو مرنے نہ دیا
اس مسیحائی کو ذرا دیکھیں ابنِ مریم

کیا یہاں عیسیٰ علیہ السلام کو نیچا نہیں دکھایا جا رہا اور رشید احمد میں ان کی نسبت دوہرا اور دوگنا کمال ثابت نہیں کیا جا رہا ؟

فنا فی الرسول اور بقا بالرسول کے تحت گڈ مڈ تو کفر معلوم ہوگئی مگر پیغمبر کو اور وہ بھی رُوح اللہ اور کلمۃ اللہ جیسے پیغمبر کو چیلنج دینا اور نیچا دکھانا تو کسی فتوے کی زد میں نہیں آسکتا تھا ! ؎

وائے ناکامی متاعِ کارواں جاتا رہا
کارواں کے دل سے احساسِ زیاں جاتا رہا

؎ قبولیت اس کو کہتے ہیں اور مقبول ایسے ہوتے ہیں
عبید سود کا ان کے لقب ہے یُوسف ثانی

[1] صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم۔

Marfat.com

اگر رشید احمد صاحب کے غلام اور وہ بھی کالے کلوٹے یوسف ثانی لقب رکھتے ہیں تو ان کے گورے چٹے غلاموں کی کیا شان والا ہوگی اور پھر انکے غلاموں کی بجائے گورے چٹے دوستوں کا کیا مقام رفعت نشان ہوگا، اور پھر خود ان کا مقام کتنا بلند و بالا ہوگا؟ تو حضرت یوسف علیہ السلام تو اپنے خداداد امتیازی حسن کے باوجود کہیں پیچھے رہ گئے اور ممدوح گنگوہ ان پر کتنے گنا زیادہ سبقت لے گئے تو اگر کسی کو پیغمبر جب کہہ دینا فتویٰ کی زد میں آتا ہے تو پیغمبر کو اپنے پیر و مرشد کے مقابل کہیں پیچھے چھوڑ جانا کیا فتوے کی زد میں نہیں آتا؟ مگر کسی سرفراز صاحب جیسے فتویٰ باز نے فتویٰ صادر کیا؟ یا اس کو غلط ہی سمجھا؟ آخر اس دوسرے اسلام کو کہاں سے حاصل کیا گیا ہے؟ ؎

زباں پر اہلِ اہوا کے ہے کیوں اعل ھبل
شاید اُٹھا دُنیا سے کوئی بانی اسلام کا ثانی

بانیٔ اسلام حقیقت میں تو اللہ تعالیٰ ہے اور بطورِ نیابت رسولِ معظم صلی اللہ علیہ وسلم ہیں۔ اگر شیخ الہند نے رشید احمد صاحب کو اللہ تعالیٰ کا ثانی بالفرض نہیں بنایا تو رسولِ معظم صلی اللہ علیہ وسلم کا ثانی تو یقیناً بناڈالا ہے جنکی شانِ رفیع اور مقامِ منیع سے خلیل و کلیم علیہما السلام کی برابری نہیں ہو سکتی اور نہ سب انبیاء علیہم السلام مل کر ہی ان کے ہم پلہ اور مساوی ہو سکتے ہیں مولوی رشید احمد کو ان کا ثانی ٹھہرانا تو کوئی گستاخی اور بے ادبی نہیں ہے؟ اور ظاہر ہے کہ یہاں پر فنا فی الرسول اور بقا بالرسول بھی مُراد نہیں ہے ورنہ پھر اوّل و ثانی اور اصل و نظیر وغیرہ کے تقابل کا کیا مطلب؟

سلہ مذکورہ جملہ میں فتویٰ کفر کا معاذ اللہ درج نہیں کیا گیا۔

Marfat.com

۷۔ پھرتے تھے کعبہ میں بھی ڈھونڈتے گنگوہ کا رستہ
جو رکھتے اپنے سینوں میں تھے ذوق و شوقِ عرفانی

یہاں پر کعبہ مقدسہ بھی گنگوہ کی گردِ راہ بن کر رہ گیا ہے اور عرفانی ذوق شوق رکھنے والے اس کو خاطر میں لانے کو تیار نظر نہیں آرہے ہیں تشبیہ و تنظیر میں مشبہ مشبہ بہ کے اور نظیر منظرلہ کے مساوی اور ہم پلہ نہیں ہوتے بلکہ مشبہ بہ وجہ تشبیہ میں اقویٰ ہوتا ہے اور ایسے ہی تنظیر میں لیکن یہاں نہ تشبیہ ہے نہ تنظیر بلکہ گنگوہ کو کعبہ پر اس درجہ کی برتری اور فوقیت دے دی گئی ہے کہ سرے سے باہم کوئی تناسب ہی محسوس نہیں ہوتا اور جب اللہ کے گھر کا حال یہ ٹھہرا تو اللہ تعالیٰ کا مقام خود سوچ لو۔

علامہ رشید احمد گنگوہی صاحب کا اپنا جوش

ایک دفعہ حضرت گنگوہی جوش میں تھے اور تصورِ شیخ کا مسئلہ درپیش تھا۔ فرمایا کہ کہہ دوں! عرض کیا گیا فرمایئے پھر فرمایا کہہ دوں! عرض کیا گیا فرمایئے تو فرمایا کہ تین سال کامل حضرت امداد کا چہرہ میرے قلب میں رہا ہے اور میں نے ان سے پوچھے بغیر کوئی کام نہیں کیا

پھر اور جوش آیا فرمایا کہہ دوں؟ عرض کیا گیا حضرت ضرور فرمایئے فرمایا کہ اتنے سال حضرت صلی اللہ علیہ وسلم میرے قلب میں رہے اور میں نے کوئی بات آپ سے پوچھے بغیر نہیں کی۔

یہ کہہ کر اور جوش پیدا ہوا فرمایا کہہ دوں؟ عرض کیا گیا کہ فرمایئے

Marfat.com

مگر خاموش ہوگئے لوگوں نے اصرار کیا تو فرمایا بس رہنے دو۔ اگلے دن بہت سے اصراروں کے بعد فرمایا کہ پھر احسان کا مرتبہ رہا۔

(امدادِ ثلاثہ صلا۳۱)

علامہ سرفراز صاحب کو تصورِ شیخ بھی بُت پرستی معلوم ہوتی ہے اور اس کو بھی شرک قرار دیتے ہیں۔ چنانچہ لکھتے ہیں :

بُتوں سے وُہ کام لیا گیا جو نا اہل لوگوں نے تصورِ شیخ سے یا غالی لوگوں نے فوٹو اور تصویر سے لیا۔ (گلدستہ صلاے۵)

تو دریافت طلب امر یہ ہے کہ جب تین سال پُورے حضرت حاجی امداد اللہ صاحب کا چہرہ علامہ رشید احمد صاحب کے قلب میں رہا تو ان تین سالوں میں وُہ بھی نا اہل بُت پرستوں کی طرح تھے یا ولی کامل اور مرشدِ برحق؟ نیز جب رشید احمد صاحب نے حضرت حاجی صاحب سے پُوچھے بغیر کوئی کام نہیں کیا تو کیا وُہ صورت اور عکس جواب دیتا تھا یا اصلی وجود حاجی صاحب کا جواب دیتا تھا اگر اصلی وجود کے ساتھ رشید احمد صاحب کے اندر موجود ہوگئے تو مزید مفاسد اور خرابیاں لازم آئیں گی اور پیر و مُرید کے گڈ مڈ ہونے کی انتہا ہو جائے گی نیز عرصہ دراز تک رسُولِ معظّم نُورِ مجسّم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلّم کا اپنے قلب میں رہنے کا اقرار تصورِ شیخ سے بھی زیادہ نا اہلی کا موجب ہونا چاہیے کیونکہ ظاہر ہے شیخ کی نسبت رسُولِ معظّم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلّم کی تعظیم و تکریم اور ان سے توسّل کا جذبہ بدرجہ اتم ہوگا تو یہ شرکِ اکبر ہونا چاہیے اور پھر محض صُورت اور عکس خیالی

Marfat.com

تو ارشاد و رہنمائی نہیں کر سکتا تو تسلیم کرنا پڑے گا کہ خود ذات رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ان کے اندر آگئی تو گنگوہی صاحب کو اس دوران منصب رسالت پر فائز ماننا پڑے گا اور اُمتی کا رسولِ گرامی علیہ السلام سے گڈ مڈ ہونا ثابت ہو جائے گا۔ العیاذ باللہ۔ اسی پس منظر میں جب اللہ تعالیٰ کے متعلق سوچا جائے اور تیسری دفعہ کے جوش کا ثمرہ ملاحظہ کیا جائے تو رشید احمد صاحب کے اندر اللہ تعالیٰ کی ذات کو جلوہ گر ماننا پڑے گا اور ہر کام اس کے امر اور اذن کے مطابق سرزد ہونا تسلیم کرنا پڑے گا۔

اگر رشید احمد صاحب اپنے باطن کے لحاظ سے شیخ و مرشد کا عین۔ رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا عین اور اللہ تعالیٰ کا عین ہو کر کسی فتویٰ کی زد میں نہیں آتے تو دوسرے لوگوں پر فتویٰ کیوں؟ اور اگر دوسروں پر فتوے برحق ہیں تو بسم اللہ ذرا یہاں بھی وہ فتوے صادر کر دیجیے، تاکہ علماء دیوبند کے عدل و انصاف کا پرچم ہر طرف ایک جیسا لہراتا دکھائی دے اور مساوی طور پر سایہ فگن نظر آئے مگر ہمیں یقین ہے کہ مرید اور پیر گڈ مڈ ہو جائیں اور رسولِ خدا ﷺ گڈ مڈ ہو جائیں، پیر اور اللہ تعالیٰ گڈ مڈ ہو جائیں یہاں کوئی فتویٰ صادر نہیں ہوگا کیونکہ یہ اپنے گھر کا معاملہ ہے فتوے صرف دوسروں کے لیے ہیں۔ یہاں پر وہ اسلام رائج ہیں اپنے لیے اور ہے دوسروں کے لیے اور اسلام ہے۔ ؎

وائے ناکامی متاعِ کارواں جاتا رہا
کارواں کے دل سے احساسِ زیاں جاتا رہا

؎ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم (العیاذ باللہ)

Marfat.com

الغرض علامہ سرفراز صاحب کو صرف دُوسروں کی آنکھ کے تنکے بھی نظر آتے ہیں مگر اپنی آنکھ کے شہتیر بھی نظر نہیں آتے اور اپنے اکابر کے لیے معیارِ توحید الگ بنا رکھا ہے اور دُوسروں کے لیے الگ۔ اگر دیانتداری کا مظاہرہ فرماتے ہُوئے یکساں فتوے لگائیں تو ہمیں ان سے کوئی گلہ نہیں ہوگا۔ بلکہ ان کی حق گوئی اور انصاف پسندی کو سلام پیش کریں گے ہمیں مدّتوں سے انتظار ہے اور انتظار کرتے رہیں گے کہ کب ان علماءِ دیوبند کی دیانت وامانت والی رگ پھڑکتی ہے اور وُہ دوہرے معیار کو ختم کرتے ہیں اور ایک جیسا اسلام اور دین سب لوگوں پر لاگو کرتے ہیں۔

اللّٰھم ارنا الحق حقاً وارزقنا اتباعہ وارنا الباطل باطلاً وارزقنا اجتنابہ وصلی اللّٰہ تعالٰی علٰی خیر خلقہ ونور عرشہ سیدنا وسید الخلائق محمد عبد اللّٰہ ورسولہ وعلٰی الہ واصحابہ اجمعین

وانا العبد الفقیر الی اللّٰہ الغنی ابوالحسنات محمد اشرف السیالوی
کان اللّٰہ لہ ولوالدیہ ولسائر متعلقیہ۔

Marfat.com

امیر کاروانِ اسلام محقق العصر حضرت علامہ

مفتی محمد خان قادری کی دیگر تصانیف

۱۔ شاہکارِ ربوبیت
۲۔ ایمانِ والدین مصطفیٰ
۳۔ حضور کا سفرِ حج
۴۔ امتیازاتِ مصطفیٰ
۵۔ درِ رسول کی حاضری
۶۔ ذخائرِ محمدیہ
۷۔ محفلِ میلاد پر اعتراضات کا علمی محا
۸۔ فضائل نعلین حضور
۹۔ شرح سلام رضا
۱۰۔ حبیبِ خدا سیدہ آمنہ کی گود میں
۱۱۔ نورِ خدا سیدہ حلیمہ کے گھر
۱۲۔ نماز میں خشوع و خضوع کیسے حاصل کیا جائے؟
۱۳۔ حضور نے متعدد نکاح کیوں فرمائے؟
۱۴۔ اسلام اور تعدد ازدواج
۱۵۔ اسلام میں چھٹی کا تصور
۱۶۔ مسلکِ صدیق اکبر عشقِ رسول
۱۷۔ شبِ قدر اور اسکی فضیلت
۱۸۔ صحابہ اور تصورِ رسول
۱۹۔ مشاہدۂ جمالِ نبی کی کیفیتِ جذب و مستی
۲۰۔ اسلام اور احترامِ والدین

۲۱۔ حضور رمضان کیسے گزارتے؟
۲۲۔ صحابہ کی وصیتیں
۲۳۔ رفعتِ ذکرِ نبوی
۲۴۔ کیا سوال کے لئے اُجرت پر کر لی جائیں؟
۲۵۔ حضور کی رضاعی مائیں
۲۶۔ ترکِ روزہ پر شرعی وعیدیں
۲۷۔ عورت کی امامت کا مسئلہ
۲۸۔ عورت کی کتابت کا مسئلہ
۲۹۔ منہاج النحو
۳۰۔ منہاج المنطق
۳۱۔ معارف الاحکام
۳۲۔ ترجمہ فتاویٰ رضویہ جلد پنجم
۳۳۔ ترجمہ فتاویٰ رضویہ جلد ششم
۳۴۔ ترجمہ فتاویٰ رضویہ جلد ہفتم
۳۵۔ ترجمہ فتاویٰ رضویہ جلد ہشتم
۳۶۔ ترجمہ فتاویٰ رضویہ جلد دہم
۳۷۔ ترجمہ اشعۃ اللمعات جلد ششم
۳۸۔ صحابہ اور محافلِ نعت
۳۹۔ صحابہ کے معمولات
۴۰۔ خواب کی شرعی حیثیت

۴۱۔ مزاحِ نبوی
۴۲۔ تبسمِ نبوی
۴۳۔ گریہ نبوی
۴۴۔ مجلسِ نبوی
۴۵۔ فضائل و برکاتِ حرم
۴۶۔ اللہ اکبر حضور کی باتیں
۴۷۔ جسمِ نبوی کی خوشبو
۴۸۔ کیا سگِ مدینہ کہلانا جائز ہے؟
۴۹۔ ہر مکاں کا اُجالا ہمارا نبی
۵۰۔ مقصدِ اعتکاف
۵۱۔ سب رسولوں سے اعلیٰ ہمارا نبی
۵۲۔ صحابہ اور بوسہ جسمِ نبوی
۵۳۔ رسول ﷺ کے کسی عمل کو ترک فرمانے کی حکمت
۵۴۔ محبت و اطاعتِ نبوی
۵۵۔ آنکھوں میں بس گیا سراپا حضور کا
۵۶۔ نعلِ پاک حضور
۵۷۔ صحابہ اور علمِ نبوی
۵۸۔ روحِ ایمان، محبتِ رسول
۵۹۔ امام احمد رضا اور مسئلہ ختمِ نبوت
۶۰۔ احادیثِ توسل پر اعتراضات کا علمی

حجاز پبلی کیشنز جامعہ اسلامیہ لاہور ۔ 1 ۔ فصیح روڈ اسلامیہ پارک لاہور

Marfat.com